بزرگانِ دین اور علماءِ کرام کی بتائی ہوئی خوابوں کی تعبیروں پر مشتمل کتاب کا اردو ترجمہ

خواب نامہ اردو ترجمہ کامل التعبیر

تعبیر الرؤیا

خواب اور اس کی تعبیر سے متعلق سب سے جامع کتاب

مصنف

علامہ امام ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ

تحقیق و ترتیب

مولانا حافظ محمد عبدالاحد قادری

کتب خانہ امام احمد رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قرآن وسنت کا عظیم ادارہ مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی (Boys & Girls)

جہاں اسلامی وعصری علوم کا عظیم امتزاج

01 April 2021

مختصر تعارف

طلباء وطالبات

- شعبہ حفظ: 150
- شعبہ ناظرہ: 386
- شعبہ درسِ نظامی: 150
- شعبہ تجوید: 14

اور انہی شعبہ جات میں 400 سے زائد طلباء اسکول کی تعلیم انٹر تک حاصل کر رہے ہیں نیز کم وبیش 100 طلباء جامعہ میں رہائش پذیر ہیں جن کے طعام، قیام اور میڈیکل کا مکمل خرچ مدرسہ برداشت کرتا ہے

جامعہ کا اسٹاف

- شعبہ حفظ وناظرہ 19 اساتذہ
- شعبہ عصری علوم یعنی اسکول کالج وکمپیوٹر 17 اساتذہ
- شعبہ درسِ نظامی وتجوید 17 اساتذہ
- باورچی 3 خادم 5 چوکیدار 2

کُل طلباء کم وبیش 650 اور مکمل اسٹاف 60 افراد پر مشتمل ہے

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی (بادامی مسجد) گوگل میٹھادر کراچی پاکستان

Account Detail:

Account Title: Markaz ul alum Islamia(Trust)
Account: 00500025657003 Branch Code: 0050
Bank: Habib Bank Limited Barness Street Branch

ادارے کے زیرِ اہتمام جامعہ کی تین عمارتیں (طلباء وطالبات کے لئے) اور دو مسجدیں چل رہی ہیں

بزرگانِ دین اور علماء کرام کی بتائی ہوئی خوابوں کی تعبیروں پر مشتمل کتاب کا اردو ترجمہ

خواب نامہ اردو ترجمہ کامل التعبیر

تعبیر الرؤیا

خواب اور اس کی تعبیر سے متعلق سب سے جامع کتاب

مصنف

علامہ امام ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ

تحقیق و ترتیب

مولانا حافظ محمد عبدالاحد قادری

کتب خانہ امام احمد رضا دربار مارکیٹ لاہور

0313-8222336
0321-4716086

www.waseemziyai.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب : تعبیر الرؤیا

مصنف : امام ابنِ سیرین رحمۃ اللہ علیہ

ترتیب وتدوین : مولانا محمد عبدالاحد قادری

اشاعت اول : رجب ۱۴۳۴ھ/مئی ۲۰۱۳ء

زیر اہتمام : عبدالشکور رضا

ناشر : کتب خانہ امام احمد رضا، دربار مارکیٹ، لاہور

قیمت : -/700روپے

ملنے کے پتے

قادری رضوی کتب خانہ، گنج بخش روڈ، لاہور	042-37213575
علامہ فضلِ حق پبلی کیشنز، دربار مارکیٹ، لاہور	0300-4798782
مکتبہ خلیلیہ سعیدیہ، دربار مارکیٹ، لاہور	0308-4504383
اسلامک بک کارپوریشن کمیٹی چوک راولپنڈی	051-5536111
مکتبہ قادریہ، میلادِ مصطفیٰ چوک، سرکلر روڈ، گوجرانوالہ	055-4237699
مکتبہ بابا فرید چوک چٹی قبر پاکپتن شریف	0301-7241723
مکتبہ غوثیہ عطاریہ، اوکاڑہ	0321-7083119
مکتبہ برکات المدینہ، کراچی	0213-4910584
مکتبہ غوثیہ، کراچی	0213-4910584
مکتبہ رضویہ آرام باغ کراچی	021-32216464
نورانی ورائٹی ہاؤس، ڈیرہ غازی خان	0321-7387299
مکتبہ المجاہد، بھیرہ شریف	048-6691763
مکتبہ فیضانِ سنت، اندرون بوہڑ گیٹ ملتان	0306-7305026

www.waseemziyai.com

فہرست

پیش لفظ	59
مقدمہ کتاب کامل التعبیر	61
علم تعبیر کی تعریف غرض اور موضوع	61
علم تعبیر کی تعریف	61
علم تعبیر کی غرض	61
علم تعبیر کا موضوع	62
علم تعبیر کا موجد	62
علم تعبیر کے چھ مشہور امام	64
علم تعبیر کی مشہور کتابیں	64
علم تعبیر کے لئے کون سے علم ضروری ہیں	65
قرآن سے علم تعبیر کی فضیلت وتصدیق	65
احادیث نبوی سے علم تعبیر کی فضیلت	67
علم تعبیر کی فضیلت صحابہ کرام اور بزرگان دین کے اقوال	68
کن لوگوں سے خواب کی تعبیر پوچھنا منع ہے؟	69
معبر میں کن آداب وشرائط کا ہونا ضروری ہے	70
خواب دیکھنے والے کو کون سے آداب وشرائط ملحوظ رکھنے چاہئیں	71
شیطان خواب میں کون سی شکل بن کر نہیں آسکتا؟	72
علامہ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کے علم تعبیر کے متعلق بعض اقوال وحکایات	72
حکایت	73
رات کے خواب کی تعبیر کب ظاہر ہوتی ہے!	73
خواب کی اقسام	73
خواب بھول جانے پر معلوم کرنے کا طریقہ	74
نیک لوگوں کو خواب دیکھنا	74
حضرت دانیال علیہ السلام کے اقوال	75
حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کے اقوال	76
حضرت امام ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ کے اقوال	76
حضرت امام جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ کے اقوال	78
حضرت امام اسماعیل بن اشعث رحمۃ اللہ علیہ کے اقوال	79
علم تعبیر کی فضیلت	82
فصل نمبر۱: خوابوں کے مزاج کی شناخت	84
فصل نمبر۲: خواب کی اقسام	85
فصل نمبر۳: نفس اور روح کو یاد کرنے کا بیان	88
فصل نمبر۴: علامتوں کے ساتھ خواب کی درستی کا بیان	89
فصل نمبر۵: سچے اور جھوٹے خواب کی شناخت	90
فصل نمبر۶: خوابوں کے درمیان فرق کا جاننا اور ہر ایک کے خواب کی تفصیل	91
فصل نمبر۷: خوابوں کے درمیان فرق کی معرفت	94
حکایت	94
فصل نمبر۸: تعبیر بیان کرنے کے لئے علم جفر اور فال کا جاننا ضروری ہے	95
فصل نمبر۹: بھولے ہوئے خواب کے بیان میں	96

www.waseemziyai.com

فصل نمبر۱۰: جاہلوں سے خواب کی تعبیر نہ پوچھی جائے	98
فصل نمبر۱۱: خوابوں کے حال اور وقت اور قسم اور صورت سے معرفت	98
فصل نمبر۱۲: خواب والوں کے ساتھ شرائط اور آداب کی معرفت	100
شیطان پیغمبر اور فرشتوں کی صورت اختیار نہیں کر سکتا	102
فصل نمبر۱۳: سائل اور تعبیر دینے کے آداب	102
فصل نمبر۱۴: تعبیر کتنی قسم پر ہوتی ہے؟	103
حکایت	104
عجیب حکایت	104
فصل نمبر۱۵: ان مسائل کا بیان کہ جن کی تعبیر برعکس ہوتی ہے	105
فصل نمبر۱۶: اللہ تعالیٰ اور فرشتوں اور انبیاء کی زیارت کرنا	106
اللہ تعالیٰ کو دیکھنے کی تاویل	106
خواب میں فرشتوں کو دیکھنا	109
حضرت جبرائیل علیہ السلام	109
حضرت میکائیل علیہ السلام	109
حضرت اسرافیل علیہ السلام	109
حضرت عزرائیل علیہ السلام	110
حاملان عرش کو دیکھنا	111
کراماً کاتبین کو دیکھنا	111
انبیاء کرام علیہم السلام کی زیارت کرنا	113
اولوالعزم	113
نبی	113
حضرت آدم علیہ السلام	114
حضرت حوا علیہا السلام	114
حضرت نوح علیہ السلام	114
حضرت ادریس علیہ السلام	114
حضرت ہود علیہ السلام	114
حضرت لوط علیہ السلام	114
حضرت صالح علیہ السلام	115
حضرت ابراہیم علیہ السلام	115
حضرت اسماعیل علیہ السلام	115
حضرت یعقوب علیہ السلام	115
حضرت یوسف علیہ السلام	115
حضرت شعیب علیہ السلام	115
حضرت موسیٰ علیہ السلام	115
حضرت داؤد علیہ السلام	116
حضرت زکریا علیہ السلام	116
حضرت یحییٰ علیہ السلام	116
حضرت خضر علیہ السلام	116
حضرت یونس علیہ السلام	116
حضرت ایوب علیہ السلام	116
حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم	116
خلفائے راشدین کو خواب میں دیکھنا	118
حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ	118
حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ	118
حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ	118

www.waseemziyai.com

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ	118
دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو خواب میں دیکھنا	118
حضرت امام حسن وامام حسین رضی اللہ عنہما	119
حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ	119
حضرت ابو ہریرہ وحضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہما	119
حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ	119
حضرت عبداللہ بن عباس وحضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہم	119
حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ	119
علماء، حکماء اور زاہدوں کو دیکھنا	119
کتاب کامل التعبیر سے حرف الالف	121
آبادی	121
آب یعنی پانی	121
آب بینی۔ناک کا پانی	123
آب تاختن یعنی پانی کا دوڑنا	123
آب خانہ، پانی کا گھر	124
آبدستان (کوزہ)	124
آبستنی (حمل)	125
آبکامہ (ترش پانی)	125
آبگینہ (کانچ۔بلور)	125
آبلہ (ہندی چھالہ)	126
آبنوس	126
آتش (آگ)	126
آتش افروختن (آگ کا روشن کرنا)	129
آتشین روشنائی (آگ کی روشنی)	130
آتش پرستیدن (آگ کا پوجنا)	130
آتشیں شرارہ (آگ کا شرارہ)	131
آتش دان	132
آتش زنہ (چقماق)	132
آتش کدہ	132
آردگون	132
آرد (آٹا)	133
آرد پیز (آٹا چھاننے والا)	133
آروغ (ڈکار لینا)	133
آزاد شدن (آزاد ہونا)	133
آستانہ (دہلیز)	134
آسمان	134
آستانہ (چوکھٹ)	136
آسیاب (پن چکی)	136
آسیابان (چکی والا)	137
آشتی کردن (صلح کرنا)	137
آغوش گرفتن (گود میں لینا)	138
آفتاب (سورج)	138
آفتابہ (کوزہ)	140
آلج (زعرور)	140
آماس (سوجن)	140
آہک (چونا)	141
آہن (لوہا)	141
آہو (ہرن)	142
آواز	142
آویختن (لٹکنا)	143

www.waseemziyai.com

آئینہ (شیشہ دیکھنا)	143
ابر (بادل)	144
ابر (اسفنج)	145
ابروہا (بھویں)	145
ابریشم	146
ابلیس (شیطان)	146
ارزیز (سیسہ، قلعی)	146
ارش (گز)	147
ارہ (آرہ)	147
آزار (تہہ بند)	147
پیغمبری (نبی)	148
اژدھا (اینا کونڈا، سب سے بڑا سانپ)	148
اسپندان (کالا دانہ)	149
اسپ (گھوڑا)	149
استر (خچر)	152
استخوان (ہڈی)	153
استغفار (بخشش چاہنا)	153
اسطرلاب	154
اسفاناخ (پالک)	154
اشتر (اونٹ)	154
شترمرغ	156
اشترغار	156
اشک (آنسو)	156
آلو (سرخ)	157
امامت کردن (امامت کرنا)	157
امرود	158
انار	158
اشنان	159
اصلح (داغ سر)	159
افروشتہ (ایک خوشبودار چیز ہے)	159
افسردہ (مرجھائی ہوئی چیز)	160
افسون (جنتر منتر کرنا)	160
افیون (افیم)	160
اُلو (عقاب جیسا پرندہ)	160
انجیر	161
انجیل (کتاب)	161
انداختن مردم (کسی کو گرانا)	161
اندامہا (جسم کے ٹکڑے)	162
انگبین (شہد)	163
انگشتان (انگلیاں)	163
انگشتری (انگوٹھی)	164
انگور	166
افتادن (گرنا)	167
کتاب کامل التعبیر کا حرف الباء	168
بادام	168
بادشاہ	168
پاتیلہ (پتیلا، دیگچی)	170
باد (ہوا)	171
بادرہا کردن (پادنا)	171
بادروک (ایک سبزی ہے)	172

www.waseemziyai.com

بادریسہ (چرخے کی پھرکی)	172
بادنجاں (بینگن)	172
بارکشیدن (بوجھ اٹھانا)	173
باراں (بارش)	173
بارانی (برساتی کوٹ)	174
باروئی (فصیل کے کنگرے)	174
باز	175
بازو	176
بازوبند	176
پاس داشتن (پہرہ دینا)	176
پاشنہ پائے (ایڑی)	177
باغ دیدن (باغ دیکھنا)	177
بافتن جامہا (کپڑے بننا)	179
باقلا (ایک سبزی ہے)	179
بلارفتن (اوپر جانا)	180
پالان	180
بالش (سرہانا)	180
بام (بالاخانہ)	181
بانگ داشتن جانوراں (جانوروں کی آوازیں سننا)	181
حکایت	183
بانگ نماز (اذان)	183
پابند (پاؤں کا کڑا)	185
پائے (پاؤں)	185
پائے اورنجن (پازیب)	186
بندنہادن (پھندا رکھنا)	186
پائے تابہ (جراب)	187
پاچہ (گوشت کا ٹکڑا)	187
پابندانی کردن (قید کرنا)	187
بَبر (شیر)	188
بت	188
بخشش کردن (بخشنا)	189
بخور کردن (کچھ سلگانا)	189
بَہ	189
پرپہن (خرفہ)	189
بربط (سارنگی)	190
برجستن (کودنا)	190
بردار کردن (سولی چڑھانا)	190
برد (چادر)	191
پردہ	191
پردہ داری	192
پرستو (ابابیل)	192
برف	192
برق (بجلی)	193
برگستوان (پاکھر۔جنگی لباس)	193
برنج (چاول)	193
پرندہ	194
پرنیان (دیبا)	194
برہ (بکری کا بچہ)	194
برہنگی (ننگا ہونا)	195
پروانہ	195

www.waseemziyai.com

بروت (مونچھ)	195
بُرج (بارہ برج)	195
پری	196
پرواز کردن (اڑنا)	197
بریاں (بھنی ہوئی چیز)	197
بزاز (کپڑا فروش)	198
بز (بکری)	198
بزرقطونا (اسپغول)	200
بساط (فرش)	200
بستر	200
پست (ستو)	202
بستان افروز (کوکنی، جٹادھاری)	202
پستان (چوپی)	203
پستان بند (سینہ بند، چھاتی بند)	204
پشت (پیٹھ، کمر)	204
پشتہ (ڈھیر، ٹیلہ)	205
پشم (اُون)	205
پشہ (مچھر)	206
بط (بطخ)	206
بغل (کچھ)	207
بقالی کردن (دکانداری)	207
بلانگینی (غلیل وغیرہ)	208
پلاس (ٹاٹ، موٹا کپڑا)	208
بلبل دیدن (بلبل دیکھنا)	208
بلبلہ (صراحی)	208
حکایت	209
بلغم دیدن (بلغم دیکھنا)	209
برگ (پتا درخت)	209
پلنگ (چیتا)	210
بلور (شیشے کی مانند صاف شفاف پتھر)	210
بلوط	211
پلتہ (فلیتہ)	211
بناگوش (کان کی لو)	211
پنبہ (روئی)	211
پنبہ دانا (بنولہ)	212
بنجشک (چڑیا)	212
حکایت	213
پند دادن (نصیحت دینا)	213
بند نہادن (بیڑی، ہتھکڑی رکھنا)	214
بندہ (غلام)	215
بنفشہ	215
بنیاد نہادن (بنیاد رکھنا)	215
پنیر	216
بہی	217
بہار	217
بہشت	217
پہلو	219
بوتیمار (بگلا)	219
بوریا (چٹائی)	220
بوزینہ (بندر)	220

www.waseemziyai.com

پوست (چمڑا)	221
پوستین	221
بوسہ دادن (بوسہ لینا)	222
بوق زدن (نرسنگا بجانا)	222
پل ساختن (پُل بنانا)	223
بوم (اُلو)	223
بوہائے خوش (خوشبوئیں)	223
پی (پٹھا، عصب)	224
بیابان (جنگل)	224
پیاز	224
پیالہ	225
پیراہن (کرتہ)	225
بیت المعمور	226
پیروزہ (فیروزہ)	226
پیرشدن (بوڑھا ہونا)	227
پیسی (برص کی بیماری، ابلق)	227
پیشانی (ماتھا)	227
پیشی گرفتن (آگے بڑھنا)	228
پیشہ (ہنر)	228
بیشہ (جنگل)	229
بیع (خرید و فروخت)	229
پیکان (تیر کی بھال)	229
پیغمبر	230
پیکر (تصویر)	230
پیل (ہاتھی)	230
پیل گوش (رسوت کا پودہ)	231
پیلہ ور (دوافروش ریشم کے کیڑے پالنے والا)	231
بیل (کدال، پھاوڑا)	232
بیماری	232
پیمانہ (ناپ)	233
بینی (ناک)	233
پیہ خوردن (چربی کھانا)	235
بے ہوشی	235
کتاب کامل التعبیر سے حرف التاء	236
تاب دادن (بٹنا)	236
تابستان (موسم گرما)	236
تاج	236
تاراج (لوٹ، لوٹنا)	237
تاریکی (اندھیرا)	237
تازیانہ (کوڑا)	238
تابہ (توا)	239
تب (تپ، بخار)	239
تبر (کلہاڑی)	240
تبیرہ (طبلہ)	240
تتماج (ہر ایک چیز کی آش)	240
تخت	241
تخم کاشتن (بیج بونا)	241
تخمہ (ہیضہ کی ابتدائی حالت)	242
تخمہار (کئی طرح کے بیج)	242
تذرو (چکور)	242

www.waseemziyai.com

ترازو	243
ترازوگر (ترازو بنانے والا)	243
ترب (مولی)	244
تربد (کٹکی)	244
ترخون (ایک قسم کا پودینہ)	244
ترسائی (عیسائی)	244
ترسیدن (ڈرنا)	245
ترشیہا (کٹھائیاں)	245
ترف (باقلا مصری)	245
ترنج (لیموں، نیبو)	245
ترنگبین (ترنجبین)	246
تروہ دوغ (لسی میں بھاجی)	246
تروہ فروشی (سبزی کا بیچنا)	246
تروہ (سبزی)	246
تریاک (تریاق)	247
تزویج (نکاح کرنا)	247
تسبیح کردن (تسبیح کرنا)	248
طشت (تھال)	248
تشنگی (پیاس)	248
تعویذ	249
تغار (بڑا تھال، تغاری)	249
تفشلہ (پختہ مسور)	249
تکبیر کردن (تکبیر کہنا)	249
تگرگ (ژالہ، اولہ)	250
تل (پشتہ)	250
تمام شدن کار (کاموں کا پورا ہونا)	250
تن مردم (آدمی کا جسم)	250
تندر (کڑک)	251
تندیسہا (تصویریں)	251
تنگی	251
تنور	252
توبرہ	252
توتیا (سرمہ)	252
توت (شہتوت)	253
تورات	253
تیر	253
کتاب کامل التعبیر سے حروف جیم	254
چادر	254
جادو کردن (جادو کرنا)	254
چہار پایہ (چوپایہ)	254
جاروب (جھاڑو)	255
جام (پیالہ)	255
جامہ (کپڑا، لباس)	256
جامۂ خواب (رات کا لباس)	259
جان (روح)	260
حکایت	260
چاہ (کنواں)	260
حکایت	261
جبہ (چوغہ)	262
چتر (چھتری)	262

www.waseemziyai.com

چراغ	263
چراغ پایہ (چوکھٹ جس پر چراغ رکھتے ہیں)	263
چراغ دان	264
چرغ (شکاری جانور)	264
چرک (میل کچیل)	264
جزع (کوڑی)	265
جستن (کودنا)	265
چشم (آنکھ)	265
حکایت	267
چشمہ (پانی کا چشمہ)	267
چغانہ (بجانے کا ساز)	268
چغد (چھوٹا الو)	268
چغندر (چقندر)	268
چک (قبالہ)	269
چکاوک (سرخاب)	269
جگر	269
جماع کرنا	270
جلاب (گلاب)	271
جنازہ	271
جنب بودن (ناپاک ہونا)	272
چنگال (پنجہ)	272
چنگالہ (کانٹا)	273
چنگ زدن (ساز بجانا)	273
جنگ کردن (لڑنا)	273
جہود شدن (یہودی ہونا)	274
جو	274
جوال دوز (بوری سینے کا سوا)	274
جوان شدن (جوان ہونا)	275
چوب (لکڑی)	275
جوراب (جراب)	275
جوشن (لوہے کا کرتہ)	276
چوگان زدن (گیند بلا)	277
جولاہا	277
جوہر (موتی)	277
جوئے آب (پانی کی نہر)	277
کتاب کامل التعبیر سے حرف الحاء	279
حبر (سیاہی)	279
حب خوردن (گولی کھانا)	279
حج گزاردن (حج کرنا)	279
حجر اسود	280
حجامت کردن (سینگی لگانا)	280
حد زدن (سزا دینا)	280
حربہ (نیزہ چھوٹا، بھالا)	281
حرم (کعبہ)	281
حریر (ریشم)	281
حساب کرنا	281
حصار (قلعہ، گھیرا)	282
حصیر (چٹائی)	282
حقنہ	282
حقہ (جواہرات کا ڈبہ)	283

www.waseemziyai.com

حکمت	283
حلاج (دھنیا)	283
حلتیت (ہینگ)	283
حلوا	283
حمال (قلی)	284
حنا (مہندی)	284
حنوط (میت کی خوشبو)	284
حوض	285
حوض کوثر	285
حیض	286
کتاب کامل التعبیر سے حرف الخاء	287
خاج (صلیب، چلیپا)	287
خار (کانٹا)	287
خارپشت (سیہہ)	287
خارش تن (کھجلی)	288
خاشاک (کوڑا کرکٹ)	288
خاک	288
خاکستر (راکھ)	289
خامہ (قلم)	289
خانہ (گھر)	289
خرابی (ویرانی)	290
خائیسک (ہتھوڑا)	290
خایۂ مرغ (انڈا)	291
خایۂ آدمی (عضو تناسل)	291
خایۂ مرغابی (مرغابی کا انڈا)	292
خبہ کردن (خیمہ لگانا)	292
ختنہ کردن (ختنہ کرنا)	292
خربزہ (خربوزہ)	293
خرچنگ (کیکڑا)	293
خر (گدھا)	293
خرگور (جنگلی گدھا)	295
خردل (رائی)	296
خرس (ریچھ)	296
خرگاہ (تنبو)	297
خرگوش	297
خرما (کھجور)	297
حکایت	298
خرمن گرفتن (ڈھیر لگانا)	299
خرنوط (ایک غلہ ہے)	299
خروس (مرغا)	299
خرید وفروخت (لین دین)	300
خز (ریشم)	300
خستہ کردن (زخمی کرنا)	300
خشت (اینٹ)	301
خشم گرفتن (غصہ کرنا)	301
خصومت (جھگڑا)	301
خصی کردن (خصی کرنا)	302
خضاب کردن (خضاب کرنا)	302
خطبہ خواندن (خطبہ پڑھنا)	303
خطمی	303

www.waseemziyai.com

خفتن (سونا)	303
خلال کردن (دانتوں کا خلال کرنا)	304
خلعت (لباس، سروپا)	304
خرقہ (پرانا کپڑا)	304
خلم (سینڈھ)	305
خلیفہ (بادشاہ کا اسلام)	305
خم (مٹکا)	306
خمیر کردن (آٹا گوندھنا)	306
خنبرہ (چھوٹا مٹکا)	306
خنجر (چھوٹی تلوار)	307
خندہ (ہنسی)	307
خوان (خوانچہ)	307
خود (لوہے کی ٹوپی)	308
خوردن (کھانا)	308
خوشہ (بال، گچھا)	308
خوک (سؤر)	309
خون آمدن (خون آنا یا نکلنا)	309
خیار (کھیرا، ککڑی)	310
خیک (مشک)	310
خیمہ (تنبو)	310
خیو (تھوک)	311
کتاب کامل التعبیر سے حرف دال	312
دارو (دوا)	312
دارچینی	312
داغ کردن (داغ کرنا)	312
داس (درانتی)	313
دام (جال)	313
دانہا (دانے)	313
دباغی کردن (چمڑا رنگنا)	314
دبہ (ڈبا)	314
دبیری (منشی گیری)	314
دبیرستان (منشی خانہ)	315
دجال	315
دختر (لڑکی)	315
دخنہ (دھونی)	315
دوگاں (درندے)	315
درّاج (تیتر)	316
دراعہ (زرہ)	316
در (دروازہ)	316
دروازہ	317
دربانی کردن (دربانی کرنا)	317
در برگرفتن (گود میں لینا)	318
درختان (بہت سارے درخت)	318
درخت خرما	318
درخت آبنوس	318
درخت آلو	318
درخت بادام	318
درخت انار	318
درخت پلپل	319
درخت برگد	319

www.waseemziyai.com

درخت ترنج	319
درخت زیتون	319
درخت حنظل	319
درخت زردآلو	319
درخت سرو	319
درخت سنجد	319
درخت سیب	319
درخت شامہ	319
درخت شفتالو	319
درخت عود	320
درخت فستق	320
درخت گل	320
درخت فندق	320
درخت بلوط	320
درخت مورد	320
درخت لیموں	320
درخت جوز	320
درخت جوز ہندی	320
درخت نے (بانس)	320
درد اندامہا (جوڑوں کا درد)	322
درہم	323
درمنہ (ایک دوا ہے)	324
دروغ گفتن (جھوٹ بولنا)	324
درودگری کردن (لکڑی تراشنا)	324
درویشی	324
دریا	325
وژ (قلعہ)	326
دزدی کردن (چوری کرنا)	327
دستار چہ (دستار)	327
دستار حمانی	328
دست آس (چکی)	328
دست (ہاتھ)	328
دست اورنجن (ہاتھ کا کنگن یا کڑا)	330
دست ورو شتن (ہاتھ منہ دھونا)	331
دستانہ، دستینہ (ہاتھ کا غلاف)	331
دشمن	331
دشنام (گالی)	332
دعا کردن (دعا کرنا)	332
دف زدن (دف بجانا)	332
دلالی کردن (دلالی کرنا)	333
دل	333
دنبال (دُم)	334
دنبل (پھوڑا)	334
دنبہ	334
دندان (دانت)	335
دہان (منہ)	336
دہل زدن (ڈھول بجانا)	337
دہلیز	338
دوال (چمڑے کا تسمہ)	338
دوختن جامہ (کپڑا سینا)	338

www.waseemziyai.com

دور (دھواں)	339
دوزخ (نرگ)	339
دوشاب (رس)	340
دوش (کندھا)	340
دوشیزگی (کنوارپن)	340
دوغ (لسی)	341
دکان	341
دوک (تکلا)	341
دولاب (رہٹ)	341
دلو (ڈول)	342
دوات	342
دویدن (دوڑنا)	342
دیبا (ریشم)	343
دیگ	343
دیگدان (چولہا)	343
دینار	344
دیہہ (گاؤں، دیہات)	345
دیوار	345
دیو (شیطان)	345
دیوانگی (پاگل)	346
کتاب کامل التعبیر سے حرف ذال	348
ذکر (عضو تناسل)	348
کتاب کامل التعبیر سے حرف الراء	350
رازیانج (سونف)	350
راسو (نیولا)	350
ران	350
حکایت	351
راہ (راستہ)	351
راہزن (لٹیرا، ڈاکو)	352
ریہا (شیرے)	353
رباب (ایک ساز ہے)	353
رخسار (گال)	353
رز (انگور کی بیل)	353
رستخیز (قیامت)	354
رسن (رسّی)	355
رضوان (جنت کا دربان)	355
رفتن (جانا، چلنا)	356
رفو کردن (رفو کرنا)	356
رقص کردن (ناچنا)	356
رگ کشادن (فصد کرنا)	357
رگ ہا (رگیں)	357
رکاب	358
رنگ ہا (کئی طرح کے رنگ)	358
روباہ (لومڑی)	359
رود (نہر)	359
رود بار (نہروں کی وادی)	360
رودہ (انتریاں)	361
روز ہا (دن)	361
روزہ داشتن (روزہ رکھنا)	361
روستا (گاؤں)	362

www.waseemziyai.com

روشنائی (روشنی)	362
روغن (گھی۔تیل)	363
روناس (ایک رنگدار چیز ہے)	364
روئے (چہرہ)	364
ریحان (نیاربو)	365
ریسمان (رسی، سوت کا ڈورا)	365
ریواس (ریوند)	366
ریش (داڑھی)	366
ریگ (ریت)	367
ریش (زخم)	368
ریم (پیپ)	368
ریوند (ایک دوا ہے)	368
کتاب کامل التعبیر سے حرف الزاء	369
زن (عورت)	369
زاغ (کوّا)	369
زاکہا (پھلکڑیاں)	370
ژالہ (اولہ)	370
زلو (جونک)	370
زانو (گھٹنا)	371
زباد (میدہ مثل عنبر ہے)	371
زبان	371
زبرجد (قیمتی پتھر ہے)	373
زبور شریف	373
زجر (پرندوں کی آواز سے فال لینا)	373
زخم	373
زدن (کوڑے لگنا)	374
زر (سونا)	375
زردآلو (خوبانی)	375
زردیہا (زرد رنگ)	375
زرشک (ایک میوہ)	375
زرنیخ (ہڑتال)	376
زرہ (لوہے کی کرتا)	376
زعفران (کیسر)	376
زغن (چیل)	377
زفت (ایک دوا ہے)	377
زکاۃ (خدائی ٹیکس)	377
زنگار (نیلا تھوتھا)	378
زکام	378
زلابیہ (حلوہ)	378
زلزلہ (بھونچال)	379
زمرد (ایک قیمتی پتھر ہے)	379
زمستان (موسم سرما)	379
زمین	380
زنان (عورتیں)	381
زُنار (جنیئو)	382
فائدہ	382
زنبور (بھڑ شہد کی مکھی)	382
زنبیل (جھولی، ٹوکری)	382
زنجبیل (سونٹھ)	383
زنجیر (کنڈی، کڑی، سنگلی)	383

www.waseemziyai.com

زنخ (ٹھوڑی)	383
زندان (قید خانہ، جیل)	383
زنگلہ (جھانجھ۔ گھنگھرو)	384
زہار (ناف کے نیچے بالوں کی جگہ)	384
زہر	384
زہرہ (پتا)	385
زوبین (نیزہ)	385
زیتون کا روغن	385
زیرہ باج (مصالحہ دار چٹنی)	385
زیلو (قالین)	386
زیرہ	386
زین	386
کتاب کامل التعبیر سے حرف السین	388
سار (ایک پرندہ ہے)	388
ساطور (چھری)	388
ساعد (کلائی)	388
ساق (پنڈلی)	389
سایہ (چھاؤں)	389
سائبان	389
سپر (ڈھال)	390
سپرز (تلی)	390
سبزہ	390
سبل (آنکھوں کی بیماری)	391
سلبو (مٹکا)	391
سلبوس (بھسی)	392
سپید آب (سفید پانی)	392
سپید مہرہ (کوڑی)	392
ستارگاں (ستارے)	392
حکایت	394
ستون	394
سجادہ (جانماز)	394
سجدہ	395
سخنن (تولنا)	395
سخن (بات کرنا)	395
سراب (ریت جو دور سے پانی نظر آتی ہے)	396
سر (سری)	396
سراب کی زمین	399
سراپردہ (قنات)	399
سرا (سرائے)	399
سرب (سیسہ)	400
سرخی جامہ (سرخ کپڑا)	400
سرخچہ (سرخ دانے)	400
سرفہ (کھانسی)	401
سرکہ	401
سرگین (لید)	401
سرگین گرداں (جعل کیڑا)	402
سرما (جاڑا، سردی)	402
سرمہ	402
سرمہ دانی	403
سرنج (ایک دوا ہے)	403

www.waseemziyai.com

سرود (گانا بجانا)	403
سرونہا (سینگ)	403
سریش (جوڑنے کے لیے گوند)	404
سریشم	404
سرین (چوتڑ)	404
سطل (تسلا)	405
سعتر	405
سفر کردن (سفر کرنا)	405
سفوف (پھنکی)	405
سقا (ماشکی)	406
سقفور (ایک مچھلی ہے ریگ ماہی)	406
سقمونیا (ایک دوا ہے)	406
سگ (کتا)	406
سکبا (کھانے کی قسم ہے)	407
سکورہ (آب خورہ)	407
سکنجبین (سکنجی)	4084
سلاح (ہتھیار)	084
سلام کردن (سلام کرنا)	08
سلطان (بادشاہ)	409
سماروغ (ایک گھاس ہے)	410
سماق (ایک دوا ہے)	410
سمانہ (بٹیر)	410
سمور (لومڑی جیسا جانور ہے)	410
سنان (نیزہ)	411
سنب (سُنبہ)	411
سُنبل (ایک گھاس ہے)	411
سنجاب (چوہے سے بڑا جانور ہے)	411
سنجد	412
سندان (اہرن)	412
سنگہا (کئی طرح کے پتھر)	412
سنگ خوارہ (ایک جانور ہے)	413
سواری کردن (سوار ہونا)	413
سورہ ہائے قرآنی (قرآن مجید کی سورتیں خواب میں پڑھنا)	414
سورۃ الفاتحہ	414
سورۃ البقرہ	414
سورۂ آل عمران	414
سورۃ النساء	414
سورۃ المائدہ	414
سورۃ الانعام	415
سورۃ الاعراف	415
سورۃ الانفال	415
سورۃ التوبہ	415
سورۂ یونس	415
سورۂ ہود	416
سورۂ یوسف	416
سورۃ الرعد	416
سورۂ ابراہیم	416
سورۃ الحجر	417
سورۃ النحل	417

www.waseemziyai.com

سورۂ بنی اسرائیل	417
سورۃ الکہف	417
سورۂ مریم	417
سورۂ طٰہٰ	418
سورۃ الانبیاء	418
سورۃ الحج	418
سورۃ المومنون	418
سورۃ الفرقان	418
سورۃ النور	419
سورۃ الشعراء	419
سورۃ النمل	419
سورۂ القصص	419
سورۃ العنکبوت	419
سورۃ الروم	419
سورۃ السجدہ	420
سورۃ الاحزاب	420
سورۃ السباء	420
سورۃ الفاطر	420
سورۂ یٰسین	420
سورۂ الصافات	421
سورۂ ص	421
سورۂ الزمر	421
سورۂ مومن	421
سورۂ حٰم السجدۃ	421
سورۂ حٰم عسق (سورۃ الشوریٰ)	422
سورۃ الزخرف	422
سورۃ الدخان	422
سورۃ الجاثیہ	422
سورۃ الاحقاف	422
سورۂ محمد (ﷺ)	422
سورۃ الفتح	423
سورۃ الحجرات	423
سورۂ الذاریات	423
سورۂ قاف	423
سورۃ الطّور	423
سورۃ النجم	424
سورۃ القمر	424
سورۃ الرحمٰن	424
سورۃ الواقعہ	424
سورۃ الحدید	424
سورۃ المجادلہ	425
سورۃ الحشر	425
سورۃ الممتحنہ	425
سورۃ الصّف	425
سورۃ الجمعہ	425
سورۃ المنافقون	426
سورۃ التغابن	426
سورۃ الطلاق	426
سورۃ التحریم	426
سورۃ الملک	426

www.waseemziyai.com

سورۃ القلم	426
سورۃ الحاقہ	427
سورۃ المعارج	427
سورۂ نوح	427
سورۃ الجن	427
سورۂ مزمل	427
سورۃ مدثر	428
سورۃ القیامتہ	428
سورۃ الانس (الدھر)	428
سورۂ المرسلات	428
سورۃ النبا	428
سورۃ النازعات	428
سورۃ عبس	429
سورۃ التکویر	429
سورۂ الانفطار	429
سورۃ المطففین	429
سورۃ الانشقاق	429
سورۃ البروج	430
سورۃ الطارق	430
سورۃ الاعلیٰ	430
سورۃ الغاشیہ	430
سورۃ الفجر	431
سورۃ البلد	431
سورۃ الشمس	431
سورۃ اللیل	431
سورۃ الضحیٰ	431
سورۃ الم نشرح	431
سورۃ التین	432
سورۃ العلق	432
سورۃ القدر	432
سورۃ البینہ	432
سورۃ الزلزلہ	432
سورۃ العادیات	433
سورۃ القارعہ	433
سورۃ التکاثر	433
سورۃ العصر	433
سورۃ الھمزہ	433
سورۃ الفیل	434
سورۃ القریش	434
سورۃ الماعون	434
سورۃ الکوثر	434
سورۃ الکافرون	434
سورۃ النصر	435
سورۂ اللھب	435
سورۃ الاخلاص	435
سورۃ الفلق	435
سورۃ الناس	435
سوزن (سوئی)	436
سوسمار (گوہ)	436
سوسن (چنبیلی)	436

www.waseemziyai.com

سوگند (قسم کھانا)	436
سوراخ	437
حکایت	437
سوہان (ریتی)	437
سیب	437
سیر (لہسن)	438
سیری (پیٹ بھرا ہوا)	438
سبزہ	438
سیکی (تاڑی)	439
سیل (رو)	439
سیماب (پارہ)	440
فائدہ	440
سیم (چاندی)	440
سیمرغ	440
فائدہ	441
سینہ	441
کتاب کامل التعبیر سے حرف الشین	442
شادی (خوشی دیکھنا)	442
شادرواں (توشک بچھونا)	442
شاخ (ٹہنی)	443
شانہ (کنگھی)	443
شانۂ آدمی (آدمی کا کندھا)	444
شاہ رود (ایک قسم کا باجہ ہے)	444
شاہ اسپرغم (ایک پودا ہے)	445
شاہین (ایک شکاری جانور ہے)	445
شب (رات)	445
شب یمانی (پھلکڑی)	445
شبان (چرواہا)	446
شب بازی کردن (رات کو کھیلنا)	446
شب برگ (ایک پودا ہے)	446
شپش (جوں۔ چھر۔ چلیھڑ)	446
شپشہ (لیہا)	447
شبہ (پود)	447
شتافتن (دوڑنا)	447
شتالنگ (ٹخنہ)	447
شراب (شربت پینا)	447
شرائی (ایک برتن ہے)	448
شرم	448
شتن (دھونا)	448
شش (پھیپھڑا)	449
شطرنج	449
شعر (اشعار کہنا)	449
شغال (گیدڑ)	450
شفتالو (آڑو)	450
شکار کردن (شکار کرنا)	450
شکّر	450
شکر گزاردن (شکر کرنا)	451
شکستن (توڑنا)	451
شکم (پیٹ)	451
شکنبہ (اوجھری)	452

www.waseemziyai.com

شکنجہ	452
شگوفۂ درختاں	452
شل شدن (معطل ہونا، فالج پڑنا)	452
شلغم	452
شلوار (پاجامہ)	453
شلوار بند (ناڑا)	453
شمار کردن (گنتی کرنا)	453
شمشیر (تلوار)	454
شمع	455
شناوری کردن (تیرنا)	456
شنگرف	457
شہادت	457
شاہ بلوط (ایک درخت ہے)	457
شہد	457
شہرستان	458
شہر	458
شہر ہائے مقرر دیدن (ایک ایک شہر مقررہ دیکھنا)	459
شونیز (کلونجی)	461
شوربا	461
عرقِ شیراز	461
شیر (دودھ)	461
شیرہ	462
شیرینیہا (مٹھائیاں)	463
شیر	463
شیرخشت	464
شیشہ (بوتل)	464
شیطرج (ایک دوا ہے)	465
کتاب کامل التعبیر سے حرف الصاد	466
صابن	466
صرافی کردن (صرافی کرنا)	466
صاروج (لپائی کرنا)	466
صاعقہ (بجلی)	467
صبح	467
صبر (ایلوا)	467
صحبت (ہمراہی)	468
صحرا (جنگل)	468
صحف (صحائف)	468
صحیفہ (خط، کاغذ)	468
صدف (سیپ)	469
صدقہ دادن (صدقہ دینا)	469
صراط (پل صراط)	469
صفہ (چبوترہ)	469
صلوٰۃ وسلام (درود شریف)	470
صمغ (گوند)	470
صنج (جھانجھ)	470
صندل (چندن)	470
صندوق	471
صورت (شکل)	471
صوف (پشم، اون)	471
صیقل	472

www.waseemziyai.com

صغی (چینی کا برتن)	472
کتاب کامل التعبیر سے حرف الضاد	473
ضرابی (ٹکسالی)	473
ضعیف (کمزور)	473
ضیاع (جاگیر، زمین)	474
کتاب کامل التعبیر سے حرف الطاء	475
طاس (طشت)	475
طابع (مہر)	475
طاعون (پلیگ)	475
طاؤس (مور)	476
طباخ (باورچی)	476
طباق (رکابی)	476
طبل (طبلہ)	477
طبیب (حکیم، ڈاکٹر)	477
طعام (کھانا)	477
طعن (نیزہ مارنا)	478
طلاق	478
طلع (کھجور کا پھول)	478
طلق (ابرک)	478
طنبور (طنبورہ ستار)	479
طوطی (طوطا)	479
طوق (گردن کا زیور)	479
طیلسان (چادر، شال)	480
کتاب کامل التعبیر سے حرف الظاء	481
ظلم کردن (ظلم کرنا)	481
ظلمات (اندھیرا)	481
کتاب کامل التعبیر سے حرف العین	482
عاج (ہاتھی دانت)	482
عاریت کردن (عاریت کرنا)	482
عاشق	482
عالم ہونا	483
عبادت کرنا	483
عجوزہ (بڑھیا)	483
عدد (شمار)	483
عدس (مسور کی دال)	486
عرادہ (ڈھیر)	486
عرش (تخت، چھت)	486
عرعر (ایک درخت ہے)	487
عرق کردن (پسینہ آنا)	487
عروسی (شادی)	487
عزل (کام سے معطل، معزول ہونا)	488
عس (کوتوال)	488
عصار (نچوڑنے والا، تیلی)	488
عصا (لاٹھی)	488
عصیدہ (ایک قسم کا حلوہ ہے)	489
عطاء (بخشش)	489
عطر	490
عطار (عطر بیچنا)	490
عطسہ (چھینک)	490
عقل	491

www.waseemziyai.com

حکایت	491
عقیق (ایک قیمتی پتھر ہے)	491
علک (کندر)	492
علم (جھنڈا)	492
عمارت بنانا	492
عماری (ہودج)	493
عمود (گرز)	493
عناب	493
عنبر (ایک خوشبو ہے)	493
عنقا (ایک ساز ہے)	494
عنکبوت (مکڑی)	494
عود (ایک خوشبودار لکڑی ہے)	494
عودسوز (عود جلانے کی انگیٹھی)	494
عورت (شرمگاہ)	495
عید	495
عاشورا (یوم عاشورہ کا دن)	495
کتاب کامل التعبیر سے حرف الغین	496
غار (گڑھا)	496
غارت (لوٹ مار)	496
غالیہ (خوشبودار پوڈر)	496
غائب	497
غبار	497
غربال (چھلنی)	497
غرق شدن (ڈوبنا)	498
غزا کردن (جہاد کرنا)	498
غسل کردن (نہانا)	499
غل (گولا)	499
غلاف (تلوار کا میان)	500
غلام	500
غلبہ کردن (غلبہ کرنا)	500
غم	500
غنیمت (لوٹ کا مال)	500
غواص (غوطہ خور)	501
غورہ (کیری)	501
کتاب کامل التعبیر سے حرف الفاء	502
فاختہ	502
فال گرفتن (شگون لینا)	502
فالودہ	502
فام (نقش)	503
فتنہ	503
فراخی (کشادگی)	503
فراش (فرش بچھانے والا)	503
فرج (شرمگاہ)	504
فرجی (ایک قسم کا لباس ہوتا ہے)	505
فرزند (بیٹا)	505
فرعون	506
فرمودن (حکم کرنا)	506
فرود آمدن (نیچے اترنا)	506
فروختن (بیچنا)	507
فزودنی (زیادتی کرنا)	507
فستق (پستہ)	507

www.waseemziyai.com

فقاع خوردن (جو کی شراب پینا)	507
فقیہہ	508
فلاخن (گوپھیا)	508
فلوس (پیسہ)	508
فندق (ایک پھل ہے)	509
فنک (ایک جانور ہے)	509
فواق (ہچکی)	509
فودہ (خشک خمیر)	510
فوطہ (تولیہ)	510
کتاب کامل التعبیر سے حرف القاف	511
قاضی (حاکم شرع)	511
قافلہ	511
قالب (ڈھانچہ)	511
قالین	512
قبا (عبا)	512
قبالہ (تمسک)	513
قبان (چھچہ)	513
قبلہ	513
قبہ (گنبد)	514
قدح (پیالہ)	514
قدید (بھنا ہوا گوشت)	514
قرآن خواندن (قرآن مجید پڑھنا)	514
قربان کردن (قربانی کرنا)	515
قرابہ (مشک)	516
قرنفل (لونگ)	516
قز (ریشم)	516
قسط (ایک دوا)	517
قسمت کردن (بانٹنا)	517
قصاب (قصائی)	517
قصہ گفتن (قصہ بیان کرنا)	517
قضیب (درخت کی شاخ)	518
قطائف (حلوہ)	518
قطران (چیڑ کا تیل)	518
قفا خوردن (گدی پر چانٹا کھانا)	519
قفس (پنجرہ)	519
قفل (تالا)	519
قلعہ	520
قلم	520
قلیہ (شوربہ)	520
قمع (کھوپڑی)	521
قند (کھانڈ چینی)	521
قندیل	521
قنوت (ایک دعا ہے)	521
قنینہ (بوتل)	522
قیامت	522
قیر (کلونس کا لک)	523
قے کردن (قے کرنا)	523
کتاب کامل التعبیر سے حرف الکاف	525
کاجی	525
کارد (چھری)	525
کارزار کرنا (لڑائی لڑنا)	526
گازری کردن (دھوبی کا کام کرنا)	526

www.waseemziyai.com

کار دنیا کردن (دنیا کا کام کرنا)	527
کارواں (قافلہ)	527
کاریز (چھت دار نالی)	527
کاسہ (پیالہ)	528
کاغذ	528
کافور	528
کافور سپر غم	529
کافر	529
کام (تالو)	529
کامہ (ترش پانی، کانجی)	529
کاہ (بھوسہ)	530
کاہو (ایک قسم کا ساگ)	530
گاورس (باجرہ)	530
گاؤ (بیل، گائے)	531
گاؤ دشتی (جنگلی بیل)	532
گاومیش (بھینس)	533
گاوچشم (ایک گھاس کا نام ہے)	533
گاوزبان (ایک دوائی ہے)	533
گوشت پختہ (پکا ہوا گوشت)	533
گبر (ایک پودا ہے)	533
گبر شدن (آتش پرست ہونا)	533
کبک (چکور)	534
کبوتر	534
کتاب خواندن (کتاب پڑھنا)	535
کتان (السی)	536
کتف (کندھا)	536
کتیرا (گوند کتیرا)	537
گچ (چونا)	537
کحالی (سرمہ فروش)	537
گدائی کردن (بھیک مانگنا)	537
کدو	538
گر (گری دانے)	538
گرباسو (نیولا)	538
گربہ (بلی)	538
کرتہ (چھوٹا کپڑا جس کو قرطق کہتے ہیں)	539
گرد	540
گردن	540
گردن بند (گلوبند)	541
گردن زدن (گردن کاٹنا)	541
گردہ	542
گردوں (گاڑی)	542
گرسنگی (بھوک)	542
کرسی	543
کرفس (ایک دوا ہے)	544
کرک (پرندہ ہے)	544
کرگس (گدھ)	544
گرگ (بھیڑیا)	545
گرمابہ (حمام)	546
گرماں (کیڑے)	546
گرافگندن (گرہ پڑنا)	547
گرو کردن (رہن کرنا)	547
کروبہ (ایک کڑوی چیز ہے)	548

www.waseemziyai.com

گریختن (بھاگنا)	548
گریستن (رونا)	548
کری (بہرہ پن)	549
گژ (شہد کا چھتہ دیکھنا)	549
گزاگند (ریشمی کپڑا)	549
کژدم (بچھو)	550
جانور (کزدم خوارہ)	550
گاجر (گزر)	551
کاٹنا (گزیدن)	551
کشتی لڑنا (کشتی گرفتن)	551
دوا کا نام، کاسنی (کاسنی)	552
کسان (کشت ورز)	552
کشت زار (کھیت)	552
کشتن (مارنا)	553
کشتی (ناؤ)	554
کشف (کچھوا)	556
کشکاب (خیساندہ)	556
کشمش	556
کشنیز (دھنیا)	556
کعب (ٹخنہ)	557
کعبہ شریف	557
کفتار (بجو)	558
کفچہ (چمچہ یا ڈوئی)	558
کفچۂ آتش (آگ کا چمچہ)	558
کفش (جوتا)	559
کف (ہتھیلی)	559
کف دریا (سمندر جھاگ)	559
کفن	559
گلاب	560
کلازہ (ایک پرندہ ہے)	560
کلاغ (پہاڑی کوا)	560
کلاہ (ٹوپی)	561
کل شدن (گنجا ہونا)	562
گل (پھول)	562
گل شکر (گلقند)	563
گل خوردن (کیچڑ کھانا)	563
کلبتین (زنبور)	564
کلم (ایک سبزی ہے)	564
گلنار (انار کا پھول)	564
کلنگ (کونج)	564
گلو (گلا)	565
کلیجہ	565
کلید (چابی۔ کنجی)	566
کلیدان (چابی کی جگہ)	566
کلیسا (گرجا)	567
گلیم (گودڑی)	567
کمان	568
کمان حلاجی (دھنیے کی کمان)	569
کمانۂ آسمان (قوس قزح)	569
کمان کروھہ	569
کمر بند	569
گم شدن (گم ہونا)	570

www.waseemziyai.com

کمند	570
کنار (بیر)	571
گناہ	571
گنبد	571
گنج (خزانہ)	571
کنجد (تل)	572
گندہ پیر (بوڑھا یا بڑھیا)	572
کندر (ایک دوا ہے)	572
کندش (نک چھکنی)	572
گندم (گیہوں)	573
گندنا	573
کندوا (شہد کی مکھی)	573
کنشت (مندر)	573
کنکر (ایک غلہ ہے)	574
گنگی (گونگا پن)	574
کنہ (ایک جانور ہے)	574
کنیز (لونڈی)	575
کہربا (ایک قسم کا گوند ہے)	575
گوارش (جوارش)	575
گوال (بوری)	575
گودایہا (شیرے)	576
گور (قبر)	576
گورستان (قبرستان)	577
کوز (ایک پھل ہے)	577
کوز ہندی	578
کوز بویا (جوز بوا)	578
گوئے زمین (گڑھا)	578
کوزہ (لوٹا)	579
گوسالہ (بچھڑا)	579
گوسفند (بکرا۔بکری)	580
گوشت ہا (کئی طرح کے گوشت)	581
گوش (کان)	583
گوشوارہ (جھمکے، کان کا زیور)	584
کوشک (محل)	584
گوگرد (گندھک)	584
کودک (بچہ)	585
کوہ (پہاڑ)	585
گوہر (موتی)	586
کوچہ	587
کیک (پسو)	587
کتاب کامل التعبیر سے حرف لام	588
لباچہ (لبادہ)	588
لباس (پوشاک)	588
لب ہا (لب، ہونٹ)	589
لحاف	589
لرزیدن (کانپنا)	590
لرزیدن چیز ہا (چیزوں کا کانپنا)	590
لشکر	591
لعل	591
لعوق (چٹنی)	591
لفاح الشمامہ (دستنبویہ)	592
لقلق (ایک پرندہ ہے)	592

www.waseemziyai.com

لقمہ (نوالہ)	592
لقوہ (بیماری ہے)	593
لگام	593
لگدن زدن (لات مارنا)	593
لک	594
لوبیا (ایک سبزی ہے)	594
لوح محفوظ	594
لوزینہ (بادام والی چیز)	594
لنگ شدن (لنگڑا ہونا)	595
لوید (تھال)	595
لیموں	596
کتاب کامل التعبیر سے حرف المیم	597
مار (سانپ)	597
مارچوبہ (ہلدی)	598
مارقشیثا (منور)	598
مازو (سرو کا پھل)	598
مازریون	599
ماست (دہی)	599
ماش (ایک غلہ ہے)	599
ماکیاں (مرغی)	599
مامیرا (آنکھ کی دوا ہے)	600
مامیثا	600
ماہ (چاند)	600
ماہی (مچھلی)	602
ماہی خوارہ (بگلا)	603
مبرو (ساہن۔ ریتی)	603
مطہرہ (لوٹا)	603
مثقبہ (سُنبہ، برما، ورما)	603
مجلس علم	6046
مجلس شراب	04
مجمرہ (انگیٹھی)	604
مجرہ (اوڑھنی)	604
محراب	604
مخنث (ہیجڑا)	605
مداد (سیاہی)	605
مذکر (نصیحت دینے والا)	605
مذی	606
مرجان (مونگا)	606
مرد معروف (معلوم شخص)	606
مردارسنگ	607
مردن درخواب (خواب میں مرنا)	607
مردہ زندہ شدن (مردہ کا زندہ ہونا)	608
مردہ چیزے دادن (مردے کا کوئی چیز دینا)	610
مردہ نالیدن (مردے کا رونا)	611
مجامعت کردن بامردہ (مردے سے جماع کرنا)	611
از پس مردہ شدن (مردہ کے پیچھے جانا)	611
مردہ راجامہ ہا (مردوں کا لباس)	612
تاویل کفن مردہ (مردے کے کفن کی تاویل)	613
مرزنگوش (ایک دوا ہے)	614
مرغ (پرندہ)	614
مرغابی	615
مردمان (لوگ دیکھنا)	615

www.waseemziyai.com

مرغزار (سبزہ زار)	615
مرہم	616
مروارید	616
مزدوران (مزدور)	618
مژگان (پلکیں)	618
مزورہا (شوربا بغیر گوشت کے)	619
مس (تانبا)	619
مستی	619
مسجد	619
مسح	621
مسکہ (مکھن)	621
مسواک (دانتن)	621
مشرق ومغرب (پورب، پچھم)	621
مُشرک شدن (مُشرک ہونا)	622
مشک (خوشبو)	622
مشک آب (پانی کی مشک)	622
مصحف (قرآن مجید)	623
مصطگی	623
مطبوخ (جوشاندہ)	623
مطرب (گویا)	623
معجون	624
معدہ	624
معزول شدن (معطل ہونا)	624
معصفر (کُسنبا)	624
معلم (استاد)	624
مغز	624
مبتلا شدن (مبتلا ہونا)	625
مقراض (قینچی)	625
مقعد (پاخانہ کی جگہ)	625
مقنعہ (اوڑھنی)	625
مسلمان شدن (مسلمان ہونا)	626
مسمار (میخ)	626
مگس (مکھی)	626
مگس انگبین (شہد کی مکھی)	627
مکہ مکرمہ	627
ملح (نڈی)	627
منادی (پکارنے والا)	628
منارہ	628
منبر	629
منجم (نجومی)	630
منجنیق (گوپھیا)	630
مندیل (رومال)	630
منشور (فرمان)	631
منقار (چونچ)	631
منی	631
مہد (جھولا)	632
مُہر	632
مُہرہ (منکا)	633
مہمان	633
مورچہ (چیونٹیاں)	633
مورو (ایک درخت ہے)	634
موز (کیلا)	634

www.waseemziyai.com

موزہ	635
موش (چوہا)	636
موم	636
مومیائی	637
موئے (بال)	637
مے پختہ (پختہ شراب)	638
میخ (کھونٹی)	639
میش (بکری۔بکرا)	640
میوہ	640
کتاب کامل التعبیر سے حرف النون	642
نابینا (اندھا)	642
ناخن	642
ناخن پرا (ناخن کٹر، قینچی)	643
ناریا (ایک سبزی کا نام ہے)	643
نارمشک (ایک چھوٹا سا پودا ہے)	644
نارنج (نارنگی)	644
ناطف (جھاگ)	644
ناف	644
ناقوس (نرسنگا)	645
نام گردانیدن (نام بدلنا)	645
نام (خط، چٹھی)	646
نان ہا (روٹیاں)	646
نانخواہ (اجوائن)	647
ناودان (پرنالہ)	648
نائے زدن (بانسری بجانا)	648
نبات (پودا)	648
نبات جلاب (گلاب کا پودا)	649
نباش (کفن چور)	649
نویسندہ (لکھنے والا)	649
نبیذ (شراب)	650
نخاسی (بردہ فروشی)	650
شکار (نخچیر)	651
چنا (نخود)	651
نرد کھیلنا، شطرنج (نرد باختن)	651
سیڑھی (نردبان)	651
نرگس (ایک پھول ہے)	652
نژم (کُہر)	652
نسرین (چنبیلی)	653
نشاستہ	653
نشستن (بیٹھنا)	653
نعل	654
نعلین (جوتا)	654
نعناع (پودینہ)	654
نفث (مٹی کا تیل)	655
نفرین (نفرت کرنا)	655
نقاد (پرکھنے والا)	655
نقرہ (چاندی)	656
نقصان ہونا	656
نگارگری (نقاشی کرنا)	656
نگین انگشتر (انگوٹھی کا نگینہ)	657
نماز پڑھنا	657
نمد (نمدہ)	660

www.waseemziyai.com

نمک	660
نمک سود (نمک ملا ہوا)	660
نہنگ (مگرمچھ)	661
نودیدن (نئی چیز دیکھنا)	661
نوحہ کردن (نوحہ کرنا)	661
نوشادر	662
نیرومند (طاقتور)	662
نیزہ	662
نوشتن (لکھنا)	662
نیشکر (گنا)	663
نیکوکردن (نیکی کرنا)	663
نیل	663
نیلوفر	663
کتاب کامل التعبیر سے حرف الواؤ	664
واشہ (ایک پرندہ ہے) باشہ	664
والی (حاکم)	664
وحوش (جنگلی جانور)	665
ورنج	665
وردنہ (چھاج، چھابہ)	665
وردہ (بردہ)	665
ورسان (کبوتر)	666
وزغ (کچھوا یا گرگٹ)	666
وزیر	667
وسمہ	667
وشہ	667
وضوئے نماز (نماز کا وضو)	668
وکیل	668
واری (جذام کی بیماری)	668
ویرانی	668
کتاب کامل التعبیر سے حرف الہاء	670
ہاون دستہ (اُکھلی)	670
ہباء (ہوائی ذرات)	670
ہُدہُد (مشہور تاج والا پرندہ)	670
ہدیہ (تحفہ)	671
ہریسہ	671
ہزار داستان (بلبل و مینا کی قسم ہے)	671
ہلیلہ (ہرڑ، مشہور چیز ہے)	672
ہمائے (ہما، ایک جانور کا نام مشہور ہے)	672
ہوا (ہوا مشہور ہے)	673
ہوام (کیڑے مکوڑے)	673
ہیزم (جلانے کی لکڑی)	673
کتاب کامل التعبیر سے حرف ی	675
یارہ (کنگن)	675
یاسمین (چنبیلی)	675
یافتن (پانا کسی چیز کا)	675
یافتن کان ہا (پانا مختلف چیزوں کی کانوں کا)	676
یاقوت (ایک جوہر جو مشہور ہے)	677
یبروج (مردم گیاہ، لکھنی بوٹی)	677
یخ (برف جمی ہوئی)	678
یشم یا یشب (سنگ یشم)	678
یل (پہلوان)	679
یوز (چیتا)	679

www.waseemziyai.com

اردو فہرست

آ، ا			
آبادی	121	آب خورہ	407
آگ	126	آڑو	450
آبنوس	126	آتش پرست ہونا	533
آگ کا روشن کرنا	129	آگ کا چمچہ	558
آگ کی روشنی	130	ابر، اسفنج	145
آگ کا پوجنا	130	ابریشم	146
آگ کا شرارہ	131	اژدہا (بڑا سانپ)	148
آتش دان	132	استغفار	153
آتش کدہ	132	اسطرلاب (علم نجوم کا آلہ)	154
آردگون	132	اونٹ	154
آٹا	133	اشتر غار	156
آٹا چھاننے والا	133	امامت کرنا	157
آزاد ہونا	133	امرود	158
آسمان	134	انار	158
آفتابہ	104	اشنان	159
آواز	142	افروشہ	159
آرہ	147	افیم	160
آنسو	156	اُلو	160
آلو	157	انجیر	161
آگے بڑھنا	228	انجیل کتاب	161
آدمی کا جسم	250	انگلیاں	163
آنکھ	265	انگوٹھی	164
آٹا گوندھنا	306	انگور	166
		ایڑی	177

www.waseemziyai.com

اوپر جانا	180	اندھا، نابینا	642
اذان دینا	183	اجوائن	647
ابابیل	192	انگوٹھی کا نگینہ	657
اڑنا	197	**ب**	
اسپغول	200	بلور، کانچ	125
اُون، پشم	205	بادل	144
اُولہ	250	بھویں	145
انڈا مرغ	291	بادام	168
انڈا مرغابی	292	بادشاہ	168
اینٹ	301	بادروک	172
انتریاں	361	بینگن	172
انگور کی بیل	353	بوجھ اٹھانا	173
اولہ، ژالہ	370	بارش	173
آنکھوں کی بیماری	391	برساتی کوٹ	174
اہرن	412	باد، ہوا	171
اشعار کہنا	449	باز	175
اوجھری	452	بازو	176
ایک ایک مقررہ شہر دیکھنا	459	بازوبند	176
ایلوا	467	باغ دیکھنا	177
ابرق	478	باقلا	179
اندھیرا	481	بالاخانہ	181
السی	536	بت	188
انار کا پھل، گلنار	564	بخشنا	189
اوڑھنی	604	برف	192
انگیٹھی	604	بجلی	193
استاد، معلم	624	بکری کا بچہ	194
اورھنی	625	بارہ برج	195

www.waseemziyai.com

بھنی ہوئی چیز	197	241
بکری	198	245
بستر	200	191
بطخ	206	274
بغل	207	392
بلبل دیکھنا	208	410
بلغم دیکھنا	209	442
بلور شیشے جیسا پتھر	210	464
بلوط	211	467
بنولہ	212	476
بنفشہ	215	483
بنیاد رکھنا	215	505
بہی	217	507
بہار	217	514
بہشت، جنت	217	522
بگلا	219	530
بندر	220	530
بوسہ لینا	222	531
بوم، الو	223	533
بیت المعمور	226	537
بوڑھا ہونا	227	538
برص کی بیماری	227	542
بیابان جنگل	224	545
بیماری	232	548
بے ہوشی	235	549
بٹنا	236	550
بخار	239	558
بیج بونا		
باقلا مصری		
برد، چادر		
بوری سینے کا سواء		
بھسی		
بٹیر		
بچھونا		
بوتل شیشہ کی		
بجلی		
باورچی		
بڑھیا		
بیٹا		
بیچنا		
بھنا ہوا گوشت		
بوتل		
بھوسہ		
باجرہ		
بیل		
بھینس		
بھیک مانگنا		
بلی		
بھوک		
بھیڑیا		
بھاگنا		
بہرہ پن		
بچھو		
بجو		

www.waseemziyai.com
مرکز العلوم الاسلامیہ (رجسٹرڈ)

بیر	571	پازیب	186
بورھا بڑھیا	572	پھنڈا	186
بوری	575	پر	189
بچھڑا گوسالہ	579	پردہ	191
بکرا، بکری	580	برد (چادر)	191
بچہ	585	پردہ داری	192
بادام والی چیز کھانا	594	پرندہ	612
بگلا	603	پروانہ	195
بال	637	پری	196
بکری، بکرا	640	پستان	203
بانسری بجانا	648	پیٹھ، کمر	204
برف جمی ہوئی	678	پتا درخت	209
بردہ فروشی	650	پنیر	216
بیٹھنا	653	پہلو	219
پ، پھ		پوستین	221
پانی	121	پل بنانا	223
پانی کا دونا	123	پٹھا، اعصاب	224
پانی کا گھر	124	پیاز	224
پن چکی	136	پیشانی ماتھا	227
پیغمبری	148	پیمانہ	233
پالک	154	پودینہ	244
پتیلا	170	پیاس	248
پادنا	171	پختہ مسور	249
پہرہ دینا	176	پیالہ	225
پالان	180	پنجہ دار ہونا	272
پاؤں کا کڑا	185	پانی کی نہر	277
پاؤں	185	پرانا کپڑا	304

www.waseemziyai.com

پھوڑا 334
پیپ 368
پھٹکریاں 370
پرندوں کی آواز سے فال لینا 373
پتہ 385
پندلی 389
پارہ 440
پھٹکری 445
پھیپھڑا 449
پیٹ 451
پل صراط 469
پسینہ آنا 487
پستہ 507
پیسہ 508
پیالہ 514
پنجرہ 519
پکا ہوا گوشت 533
پرندہ (کرک کبوتر کے قد کا پرندہ) 544
پھول 562
پہاڑ کوہ 585
پسو 587
پوشاک، لباس 588
پلکیں 618
پانی کی مشک 622
پاخانہ کی جگہ 625
پختہ شراب 638
پرنالہ 648
پودینہ 654
پرکھنے والا 655
پہلوان 679

ت

ترش پانی 125
تہبند 147
تیر کی بھال 229
تصویر 230
تاج 236
تاریکی، اندھیرا 237
توا 239
تخت 241
ترازو بنانے والا 243
ترنجبین 246
تریاق 247
تسبیح کرنا 248
تھال 248
تغاری (تانبیا) 248
تعویذ 249
تکبیر کہنا 249
تل 250
تصویریں 251
تنگی 251
تنور 252
توبرہ 252
تورات کتاب 253
تیر 253

www.waseemziyai.com

تنبو شامیانہ	297
تھوک	311
تیتر	316
تسمہ	338
تکلا	341
تلی	390
تولنا	395
بات کرنا	395
تسلا	405
تاڑی نشہ	439
تورنا	451
تلوار	454
تیرنا	456
تیلی	488
تلوار کا میان	500
تولیہ	510
تالا	519
تالو	529
تل	572
تھال	595
تانبا	619

ٹ

ٹیلہ	205
ٹاٹ، موٹا کپڑا	208
ٹھوڑی	383
ٹخنہ	447
ٹکسالی	473
ٹخنہ، کعب	557
ٹڈی	627

ج

جنتر منتر کرنا	160
جسم کے ٹکڑے	162
جانوروں کی آوازیں سننا	181
جراب	187
جنگی لباس	193
جٹادھاری	202
جنگل	229
جادو کرنا	254
جانور (چوپایہ)	254
جھاڑو	255
جام پیالہ	255
جُبّہ	265
جگر	269
جماع کرنا	270
جنازہ	271
جَو	274
جوان ہونا	275
جراب	275
جولاہا	277
جوہر موتی	277
جواہرات کا ڈبہ	283
جھگڑا کرنا	301
جال	313
جوڑوں کا درد	322

www.waseemziyai.com
مرکز العلوم الاسلامیہ (رجسٹرڈ)

جھوٹ بولنا 324
جانا، چلنا 356
جونک 370
جائے نماز 394
جعل کیڑا 402
جَوں 446
جھانج 470
جاگیر 474
جہاد کرنا 498
جَو کی شراب پینا 507
جنگلی بیل 532
جوتا 559
جوارش 575
جوزبوا 578
جھمکے 584
جوشاندہ 623
جھولا 632
جھاگ 644
جلانے کی لکڑی 673
جذام کی بیماری 668
جنگلی جانور 665
جوتا، نعلین 654

چ، چھ

چھالہ، آبلہ 126
چمقاق 132
چوکھٹ 136
چکی والا 137
چونا 141
چرخے کی پھرکی 172
چاول 193
چیتا 210
چڑیا 212
چٹائی 220
چمڑا 221
چربی کھانا 235
چکوڑ 242
چادر 254
چھتری 262
چراغ 263
چراغ پایہ، یعنی چراغ رکھنے کی جگہ 263
چراغ درن 264
چشمہ پانی کا 267
جغانہ، بجانے کا ساز 268
چھوٹا اُلو 268
چقندر 268
چٹائی 282
چھوٹا مٹکا 306
چمڑا رنگنا 314
چوری کرنا 327
چکی 328
چولہا 343
چہرہ 364
چیل 377
چھری 388

www.waseemziyai.com

چنبیلی 436
چاندی 440
چبوترہ 469
چینی کا برتن 472
چھینک 490
چھلنی 497
چمچہ 513
چینی 512
چھری 525
چھت دار نالی 527
چکور 534
چونا 537
چابی 566
چابی رکھنے کی جگہ 566
چیزوں کا کانپنا 590
چاند 600
چونچ 631
چیونٹیاں 633
چوہا 636
چھابہ 665
چاندی، نقرہ 656
چیتا 679
چنے 651

ح

حمل 125
حج کرنا 279
حجر اسود 280
حربہ، چھوٹا نیزہ 281
حساب کرنا 281
حصار، گھیرا 282
حقنہ 282
حکمت کرنا 283
حلوا 283
حوض 285
حوض کوثر 285
حیض 286
حکم کرنا 506
حمام 564

خ

خچر 152
خرفہ 189
خوشبوئیں 223
خرید و فروخت کرنا 229
خار یعنی کانٹا 287
خارش، کھجلی 288
خاک 288
خیمہ لگانا 292
ختنہ کرنا 292
خربوزہ 293
خرگوش 297
خرنوط ایک قسم کا غلہ 299
خز، ریشم 300
خصی کرنا 302
خضاب لگانا 302

www.waseemziyai.com

خطبہ پڑھنا	303	درانتی	313
خطمی	303	دانے	313
خلعت (لباس)	304	دھونی	315
خلیفہ (بادشاہِ اسلام)	305	درندے	315
خنجر	307	دروازہ	316
خوانچہ (خوان)	307	دربانی کرنا	317
خوشہ	308	دروازہ دیکھنا	317
خون نکلنا	309	درخت خرما (کھجور کا درخت)	318
خیمہ	310	درخت مختلف	318
خوبانی	375	درخت آبنوس	318
خوشی دیکھنا	442	درخت آلو	318
خط	468	درخت بادام	318
خشک خمیر	510	درخت انار	318
خزانہ	571	درخت فلفل، یعنی مرچ کا	319
خواب میں مرنا	607	درخت برگد	319
خط	646	درخت ترنج	319
د		درخت زیتون	319
دہلیز	134	درخت حنظل یعنی تمہ	319
داغ سر	159	درخت زردالو	319
دیگچی	170	درخت سرو	319
دیبا	144	درخت سنجد	319
دکان داری کرنا	207	درخت سیب	319
دھنیا	283	درخت شمامہ	319
دانتوں کا خلال کرنا	304	درخت شفتالو	319
دوا	312	درخت عود	320
دارچینی	312	درخت فستق (یعنی پستہ)	320
داغ کرنا	312	درخت گل (یعنی پھول کا درخت)	320

www.waseemziyai.com

درخت فندق 320
درخت بلوط 320
درخت لیموں 320
درخت جوز ہندی (یعنی اخروٹ) 320
درخت جوز 320
درخت بانس 320
درہم 323
درمنہ (ایک دوا) 324
درویشی 324
دریا 325
دستار 327
دستانہ 331
دشمن 331
دعا کرنا 332
دف بجانا 332
دلالی کرنا 333
دل 333
دُم 334
دُنبہ 334
دانت 335
دہلیز 338
دھواں 339
دوزخ 339
دکان 341
دوات 342
دوڑنا 342
دیبا، ریشم 343
دیگ 343
دینار 344
دیہات، گاؤں 345
دیوار 345
دیو، شیطان 345
دیوانگی، پاگل 346
دن 361
داڑھی 366
دورنا 447
دھونا 448
درخت کی شاخ 518
دعائے قنوت 521
دھوبی کا کام کرنا 526
دنیا کا کام کرنا 527
دھنیا 556
دھنیے کی کمان 569
دہی 599

ڈ

ڈکار لینا 133
ڈرنا 245
ڈھیر لگانا 299
ڈبہ 314
ڈھول بجانا 337
ڈول 342
ڈاکو 352
ڈھال 390
ڈھیر 486

www.waseemziyai.com

ڈوبنا 498
ڈوئی 558

ذ

ذکر، عضو تناسل 348

ر

روئی 211
ریشم کے کیڑے پالنا 231
رات کا لباس 259
روح، جان 260
ریشم 281
راکھ 289
رائی 296
ریچھ 296
رس 340
رہٹ 341
ران 350
راستہ 351
رباب، ساز 353
رخسار (گال) 353
رسی 355
رضوان جنت 355
رفو کرنا 356
رقص کرنا (ناچنا) 356
رگیں جسم کی 357
رکاب 358
رنگ کئی قسم کے 358
روزہ رکھنا 361
روشنی 361
ریواس (ریوند) 366
ریت 367
ریوند ایک دوا ہے 368
ریتی 437
رات 445
رات کو کھیلنا 446
رہن رکھنا 547
رونا 547
ریشمی کپڑا 549
رومال 630
روٹیاں 646

ز

زعرور 104
زخمی کرنا 300
زرہ 316
زخم 368
زباد، میدہ مثل عنبر کے 371
زبان 371
زبرجد 373
زبور کتاب 373
زخم 373
زر، سونا 375
زرد رنگ 375
زرشک (ایک میوہ) 375
زِرہ 376
زعفران 376

www.waseemziyai.com
مرکز العلوم الاسلامیہ (رجسٹرڈ)

زفت، ایک دوا ہے 377
زکوٰۃ 377
زکام 378
زلابیہ، حلوہ 378
زلزلہ آنا 379
زمرد 379
زمین 380
زُنّار 382
زنبیل، ٹوکری 382
زنجیر 383
زیرناف بال 384
زہر 384
زیتون کا تیل 385
زیرہ باج، چنی 385
زیرہ 386
زین 386
زیادتی کرنا 507
زنبور 564

س

سورج 138
سوجن 140
سرہانہ 181
سارنگی 190
سولی چڑھنا 190
ستو 202
سینہ بند 204
سبزی بیچنا 246
سبزی 246
سرمہ 252
سرخاب 269
ساز بجانا 273
سلاخی 279
سینگھی لگانا 279
سزا دینا 280
سیمہ 280
سونا 287
سینڈھ، (ناک سے نکلنے والا پانی) 303
سؤر (خنزیر) 305
سونف 309
سوت کا ڈورا 350
سار، ایک پرندہ 365
سایہ 388
سائبان 389
سبزہ 389
سبل (آنکھوں کی بیماری) 390
سفید پانی 391
ستارے 392
ستون 392
سجدہ 394
سراب، ریت جو دور سے پانی نظر آئے 395
سری یعنی سر کا دیکھنا 396
سراب کی زمین 396
سرائے 399
سیسہ 399
400

www.waseemziyai.com

سرخ کپڑا	400	سنجد	412
سرخ دانے	400	سنگ خورہ	413
سرکہ	401	سوار ہونا	413
سردی	402	سورۃ فاتحہ	414
سرمہ	402	سورۃ البقرہ	414
سرمہ دانی	403	سورۃ آل عمران	414
سرنج ایک دوا	403	سورۃ النساء	414
سینگ	403	سورۃ المائدہ	414
سریش (گوند)	404	سورۃ الانعام	415
سریشم	404	سورۃ الاعراف	415
سرین	404	سورۃ الانفال	415
ستر	405	سورۃ توبہ	415
سفر کرنا	405	سورۃ یونس	415
سفوف پھکی	405	سورۃ ہود	416
سقفور ایک مچھلی (ریگ ماہی)	406	سورۃ الرعد	416
سقمونیا (ایک دوا ہے)	406	سورۃ ابراہیم	416
سکبار	407	سورۃ الحجر	417
سکنجبین	408	سورۃ النحل	417
سلام کرنا	408	سورۃ الاسرا (بنی اسرائیل)	417
سلطان بادشاہ	409	سورۃ الکہف	417
سماروغ (ایک گھاس ہے)	410	سورۃ مریم	417
سماق (ایک دوا ہے)	410	سورۃ طٰہٰ	418
سمور لومڑی جیسا جانور	410	سورۃ الانبیاء	418
سنان، نیزہ	411	سورۃ الحج	418
سنبہ	411	سورۃ المؤمنون	418
سنبل	411	سورۃ النور	419
سنجاب (چوہے سے بڑا جانور)	411	سورۃ الفرقان	418

www.waseemziyai.com

سورۃ الشعراء	419	سورۃ الواقعہ	424
سورۃ النمل	419	سورۃ حدید	424
سورۃ القصص	419	سورۃ مجادلہ	425
سورۃ العنکبوت	419	سورۃ الحشر	425
سورۃ الروم	419	سورۃ الممتحنہ	425
سورۃ السجدہ	420	سورۃ الصّف	425
سورۃ الاحزاب	420	سورۃ الجمعہ	425
سورۃ سبا	420	سورۃ المنافقون	426
سورۃ فاطر	420	سورۃ التغابن	426
سورۃ یٰسین	420	سورۃ الطلاق	426
سورۃ الصافات	421	سورۃ التحریم	426
سورۃ ص	421	سورۃ الملک	426
سورۃ الزمر	421	سورۃ القلم	426
سورۃ الشوریٰ	422	سورۃ الحاقہ	427
سورۃ الزخرف	422	سورۃ المعارج	427
سورۃ الدخان	422	سورۃ نوح	427
سورۃ الجاثیہ	422	سورۃ الجن	427
سورۃ الاحقاف	422	سورۃ المزمل	427
سورۃ محمد	422	سورۃ المدثر	428
سورۃ الفتح	423	سورۃ القیامہ	428
سورۃ الحجرات	423	سورۃ دہر	428
سورۃ ق	423	سورۃ المرسلات	428
سورۃ الذاریات	423	سورۃ النباء	428
سورۃ الطّور	423	سورۃ النازعات	428
سورۃ النجم	424	سورۃ عبس	429
سورۃ القمر	424	سورۃ التکویر	429
سورۃ الرحمٰن	424	سورۃ الانفطار	429

www.waseemziyai.com

سورۃ المطففین 429
سورۃ الانشقاق 429
سورۃ البروج 430
سورۃ الطارق 430
سورۃ الاعلیٰ 430
سورۃ الغاشیہ 430
سورۃ الفجر 431
سورۃ البلد 431
سورۃ الشمس 431
سورۃ اللیل 431
سورۃ الضحیٰ 431
سورۃ نشرح 431
سورۃ التین 432
سورۃ العلق 432
سورۃ القدر 432
سورۃ البینہ 432
سورۃ الزلزال 432
سورۃ العادیات 433
سورۃ القارعہ 433
سورۃ التکاثر 433
سورۃ العصر 433
سورۃ الہمزہ 433
سورۃ الفیل 434
سورۃ القریش 434
سورۃ الماعون 434
سورۃ الکوثر 434
سورۃ الکافرون 434
سورۃ النصر 435
سورۃ لہب 435
سورۃ الاخلاص 435
سورۃ الفلق 435
سورۃ الناس 435
سوئی 436
سوراخ 437
سیب 437
سیری پیٹ بھرا ہوا 438
سبزہ 438
سیل 439
سیمرغ 440
سینہ 441
سرمہ فروش 537
سمندر جھاگ 559
سانپ 597
سرو کا پھل 598
ساہن، ریتی 603
سیاہی 605
سبزہ زار 615
سنگ ریشم 678
سیڑھی 651

ش

شکل وصورت 471
شیشہ دیکھنا 143
شیطان 146
شتر مرغ 156

www.waseemziyai.com
مرکز العلوم الاسلامیہ (رجسٹرڈ)

شہد	163	شاہ بلوط	457
شیر	188	شہد	457
شہوت	253	شہرستان	458
شکاری جانور	264	شہر	458
شیرے، میٹھے	352	شوربا	461
شہد کی مکھی	382	شیراز عرق	461
شاخ ٹہنی	443	شیر (دودھ)	461
شاہ رود، باجہ	444	شیر خست	464
شاہ اسپرغم	445	شیرہ انگور	463
شاہین	445	شیر	463
شب برگ	446	شیطرج ایک دوا ہے	465
شپشہ، ایک کیڑا	447	شال چادر	480
شبہ باریک منکے	447	شادی	487
شربت پینا	447	شکل صورت	471
شرم	448	شرم گاہ	495
شرائی	448	شگون، فال	502
شطرنج	449	شوربہ گوشت	520
شکار کرنا	450	شہد کا چھتہ دیکھنا	549
شکّر	450	شہد کی مکھی	573
شکر کرنا	451	شوربا بغیر گوشت کے	619
شکنجہ	452	شہد کی مکھی	627
شگوفہ درخت	452	شیرے گودے	576
شلغم	452	شراب، نبیذ	650
شلوار	453	شکار	651
شمع	455	شطرنج کھیلنا	651
شنگرف	457		
شہادت	457		

ص

صلح کرنا	137

www.waseemziyai.com

صراحی دیکھنا 208
صلیب 287
صابن 466
صرافی کرنا 466
صحبت 468
صحراء جنگل 468
صبح 467
صحائف 468
صدف 469
صدقہ کرنا 469
صلاۃ وسلام پڑھنا 470
صمغ، ایک گوند ہے 470
صندل 470
صندوق 471
صوف (اون، پشم) 471
صیقل 472

ض

ضعیف (کمزور) 473

ط

طبلہ 240
طشت 475
طاعون 475
طبقاق 476
طبیب، حکیم 477
طعام کھانا 477
طبل 477
طلاق دینا 478
طنبورا 479
طوطا 479
طوق 479
طاقتور 662

ظ

ظلم کرنا 481

ع

عیسائی 244
عضو تناسل 291
عورت 369
عورتیں 481
عاریت کرنا 482
عالم ہونا 483
عاشق 482
عبادت کرنا 483
عدد 483
عرش 486
عرعر، ایک درخت 487
عصیدہ، ایک قسم کا حلوہ 489
عطا کرنا 489
عطر 490
عطر بیچنا 490
عصاء 488
عقل 491
عقیق 491
عمارت بنانا 492
علم، جھنڈا 492

www.waseemziyai.com

عناب 493
عنبر 493
عنقا، ساز 494
عود 494
عود جلانے کی انگیٹھی 494
عاشورا 495
عید 495

غ

غلیل 208
غلام 215
غصہ کرنا 301
غار گڑھا 496
غالیہ، ایک خوشبو 496
غائب ہونا 497
غبار 497
غسل کرنا 499
غلام 500
غلبہ کرنا 500
غم 500
غوطہ خوار 500

ف

فصیل کے کنگرے 174
فرش 200
فلیتہ 211
فیروزہ 226
قصد کرنا 357
فالج پڑنا 452
فاختہ 493
فالودہ 502
فتنہ 503
فراخی 503
فرج، شرمگاہ 504
فرش بچھانیوالا 503
فرجی، ایک لباس 505
فرعون 506
فقیہہ 508
فنک، ایک جانور 509
فندق، ایک پھل ہے 509

ق

قلعی 146
قید کرنا 187
قبالہ 269
قلی 284
قلم 289
قلعہ 326
قیامت 354
قیدخانہ 383
قالین 386
قنات 399
قسم کھانا 436
قاضی، جج شرعی 511
قافلہ 511
قالب، ڈھانچہ 511
قالین 512

www.waseemziyai.com
مرکز العلوم الاسلامیہ (رجسٹرڈ)

قبا، عبا	512	کچھ سلگانا	189
قبالہ	513	کودنا	190
قبلہ	513	کپڑا فروش	198
قرآن مجید پڑھنا	514	کان کی لو	211
قز ریشم	516	کرتہ	225
قسط، ایک دوا	517	کدال پھاوڑا	232
قربانی کرنا	515	کوڑا	238
قصائی	517	کلہاڑی	240
قصہ بیان کرنا	517	کئی طرح کے بیج	242
قطائف، حلوہ	518	کٹکی، ایک قسم کی دوا	244
قطران	518	کٹھائیاں	245
قلعہ	520	کاموں کا پورا ہونا	250
قلم	520	کڑک، بجلی	251
قندیل	512	کنواں	260
قے کرنا	523	کوڑی	265
قیامت	522	کودنا	265
قافلہ	527	کانٹا	273
قوس قزح	569	کعبہ (حرم شریف)	281
قبر	576	کوڑا کرکٹ	288
قبرستان	577	کیکڑا	293
قرآن مجید	623	کھجور	297
قینچی	626	کھانا	308
ک		کھیڑا	310
کوزہ	124	کپڑا سینا	338
کالا دانہ	149	کندھا	340
کسی کو گرانا	161	کنواری	340
کپڑے بننا	179	کوّا	369

www.waseemziyai.com

کوڑے لگنا	374	کرتہ	543
کلائی	388	کرسی	543
کوڑھی (کوڑھ)	392	کرفس، ایک دوا	544
کھانسی	401	کیڑے	546
کتا	406	کروبہ، ایک دوائی	548
کئی طرح کے پتھر	412	کزدم خواہ	550
کنگھی	444	کھیت	552
کندھا	444	کاٹنا	551
کلونجی	461	کشتی کرنا	551
کھجور کا پھول	478	کاسنی	552
کوتوال	488	کسان	552
کیری	501	کشتی، ناؤ	554
کھونڈی	521	کچھوا	556
کالک	523	کشکاب فنسانده	556
کاجی	525	کشمش	556
کاسہ	528	کعبہ شریف	557
کاغذ	528	کفن	559
کافور	528	کلازہ، ایک پرندہ	560
کافور سپرغم	529	کوا پہاڑی	560
کافر	529	کُلاہ	561
کانجی (ترش پانی)	529	کیچڑ کھانا	563
کاہو	530	کلم، ایک سبزی	564
کبر، ایک پودا	533	کونج، راج ہنس	564
کبوتر	534	کلیجہ	565
کتاب پڑھنا	535	کمان	568
کندھا	536	کمان کروھہ	569
کدو	533	کمر بند	569

www.waseemziyai.com

کمند	570	گوشت کا ٹکڑا	187
کندر	492	گلاب	271
کنکر، ایک غلہ	574	گیند بلا	277
کنہ، ایک جانور	574	گولی کھانا	279
کنیز لونڈی	575	گھر	289
کہربا (ایک قسم کا گوند)	575	گدھا	293
کوز، ایک پھل ہے	577	گدھا جنگلی	295
کوز ہندی	578	گالی دینا	332
کان	583	گاؤں	362
کندر (ایک دوا ہے)	572	گھی (روغن)	363
کوچہ	587	گھٹنا، زانو	371
کانپنا	590	گھنگھرو	384
کسنبا	624	گانا بجانا	403
کیلا	634	گوہ	436
کھونٹی (میخ)	639	گیدڑ	450
کنگن	675	گنتی کرنا	453
کسی چیز کا پانا	675	گرز	493
کیڑے مکوڑے	673	گولا	499
کبوتر	666	گوپھیا	508
کُبہر	652	گنبد	514
کفن چور	649	گدی پر چانٹا مارنا	519
کچھوا	666	گائے، بیل	531
گ		گاؤ چشم ایک گھاس	533
گود میں لینا	138	گاؤ زبان	533
گز، ناپنے کا آلہ	147	گوند کتیرا	537
گھوڑا	149	گرمی دانے	538
گرنا	167	گرد	540

www.waseemziyai.com

گردن	540	ل	
گلوبند	541	لوہا	141
گردن کاٹنا	541	لٹکنا	143
گردہ	542	لوٹنا	237
گاڑی	542	لیموں	245
گدھ	544	لسی	246
گرہ پڑنا، لگنا	547	لباس	256
گاجر	551	لڑنا	273
گلاب	560	لکڑی	275
گنجا ہونا	562	لوہے کا کرتہ	276
گلقند	563	لین دین کرنا، خرید و فروخت کرنا	300
گرجا	567	لوہے کی ٹوپی	308
گلّا	565	لڑکی	315
گوڈری	567	لکڑی تراشنا	324
گم ہونا	570	لسی	341
گنبد	571	لومڑی	359
گناہ	571	لید	401
گندم	573	لہسن	438
گندنا	573	لپائی کرنا	466
گونگا پن	574	لوٹ مار کرنا	496
گوشت ہر قسم کا	581	لونگ	516
گندھک	584	لڑائی لڑنا	526
گویا	623	لوٹا	579
گلاب کا پودا	649	لبادہ	588
گرگٹ	666	لحاف	589
گنا	663	لشکر	591
گڑھا زمین	578	لعل	591

www.waseemziyai.com

لعوق، چٹنی	591	منشی گیری	314
لفاح الشمامہ	592	منشی خانہ	315
لقلق ایک پرندہ	592	منہ	336
لقمہ	592	موسم گرما	379
لقوا	593	مٹکا	391
لگام	593	مٹھائیاں	463
لک	594	مُہر	475
لوبیا	594	مور	476
لوح محفوظ	594	مسور کی دال	486
لنگڑا ہونا	595	معطل ہونا	488
لیموں	596	مکڑی	495
لوٹا، مطہرہ	603	مَشک	516
لوگ دیکھنا	615	مارنا	553
لکھنا	649	مندر	573
لات مارنا	593	محل	584
م		موتی گوہر	586
مرجھائی ہوئی چیز	160	مارقشیشا	598
مونچھ	195	مازیون	599
مچھر	206	ماش	599
موسم گرما	236	مرغی	599
مولی	244	مامیرا	600
میل کچیل	264	ماپشا	600
مہندی	284	مچھلی	602
میت کی خوشبو (حنوط)	284	مجلس علم	604
مرغا	299	مجلس شراب	604
مٹکا	306	محراب	604
مشک	310	مذی	604

www.waseemziyai.com

مرجان 606
معلوم شخص 606
مرنا یعنی خواب میں 607
مردار سنگ 607
مردہ کا زندہ ہونا 608
مردے کا کوئی چیز دینا 610
مردے کا رونا 611
مردے سے جماع کرنا 611
مردہ کے پیچھے جانا 611
مردوں کا لباس 612
مردے کے کفن کی تاویل 613
مرزنگوش، ایک دوا ہے 614
مرغابی 615
مرہم 616
مروازید 616
مزدور 618
مستی 619
مسجد 619
مسح 621
مکھن 621
مسواک 621
مشرق ومغرب 621
مشرک ہونا 622
مشک خوشبو 622
مصطگی 623
معدہ 624
معزول ہونا 624
معجون 624
مغز 624
مبتلا ہونا 625
مسلمان ہونا 626
میخ 626
مکھی 626
مکہ مکرمہ 627
منادی کرنا 628
منارہ 628
منبر 629
منجنیق گوپھیا 630
منشور 631
منی 631
مہر 632
مہرہ 633
مہمان 633
مورو ایک درخت 634
موزہ 635
موم 636
مومیائی 637
میوہ 640
مختلف چیزوں کا پانا یا کانوں کا 676
مگرمچھ 661
مٹی کا تیل 655

ن

ناک کا پانی 123
ننگا ہونا 195

www.waseemziyai.com

نصیحت کرنا 213
نرسنگا بجانا 222
ناک 233
نکاح کرنا 247
ناپاک ہونا 272
نیولا 350
نہر 359
نہروں کی وادی 360
نیاز بو 365
نیلا تھوتھا 378
نیزہ 385
ناڑا 453
نیزہ مارنا 478
نقش 503
نیچے اترنا 506
نیولا 538
نک چھکنی 572
نصیحت کرنے والا 605
نجومی 630
ناخن 642
ناخن کٹر 643
ناریا، ایک سبزی 643
نارمشک، ایک چھوٹا پودہ 644
نارنگی 644
ناف 644
ناقوس 645
نام بدلنا 645
نبات، پودا 648
نرگس کا پھول 652
نیکی کرنا 663
نماز کا وضو کرنا 668
نیل 663
نیلوفر 663
نوحہ کرنا 661
نئی چیز دیکھنا 661
نوشادر 662
نمدہ 660
نمک 660
نمک ملا ہوا 660
نیزہ 662
نوشتن (لکھنا) 662
نماز پڑھنا 657
نفرت کرنا 655
نقصان ہونا 656
نقاشی کرنا 656
نسرین، چنبیلی 653
نشاستہ 653
نعل 654

و

ویرانہ، ویرانی 290
ورما 503
وسمہ 667
وشہ 667
وکیل 668

www.waseemziyai.com

ویرانی 668
واشہ، ایک شکاری پرندہ 664
والی، حاکم 664
وردہ 665
وزیر 667

ہ

ہرن 142
ہڈی 153
ہوا 171
ہتھکڑی 214
ہنر، پیشہ 228
ہاتھی 230
ہر ایک چیز کی آش یعنی شوبہ 240
ہیضہ کی بیماری 242
ہینگ 233
ہتھوڑا 290
ہنسی 307
ہاتھ 328
ہاتھ کا کنگن 330
ہاتھ منہ دھونا 331
ہرتال 376
ہاتھی کا دانت 482
ہودج 493
ہچکی 509
ہتھیلی 559
ہونٹ 589
ہلدی 598
ہجرا 605
ہرڑ 672
ہما، ایک جانور ہے 672
ہاون دستہ 670
ہوائی ذرات 670
ہُدہُد 670
ہدیہ، تحفہ 671
ہریسہ 671
ہوا 673
ہزار داستان 671

ی

یہودی کرنا 274
یاقوت 677
بیروج مردم گیاہ لکھنی بوٹی 677
یاسمین (چنبیلی) 675

www.waseemziyai.com

پیش لفظ

الحمد لله و کفی و الصلوٰۃ و السلام علیٰ من لا نبی بعدہ۔ اما بعد

خواب اوراس کی تعبیر کے موضوع پر بہت کچھ سامنے آچکا ہے، چاہے وہ عربی زبان میں ہو، اردو میں ہو یا کسی اورزبان میں۔ اردو میں بے شمار ایسے رسائل و کتابیں منظر عام پر ہیں کہ جو نہ صرف یہ کہ اصل حقائق سے بہت دور ہیں بلکہ تعبیر کے نام پر خود ساختہ توجیہات ہیں۔

خواب اوراس کی تعبیر ایک ایسا علم ہے جس سے ہمارے اکثر لوگ ناواقف ہی نہیں بلکہ اپنی من مرضی سے جو چاہتے ہیں تعبیر دے کر لوگوں کو توہمات کا شکار کر دیتے ہیں۔ سادہ لوح لوگ ان کے بتائے ہوئے حالات وواقعات کو اپنے دل میں بٹھا لیتے اوراسی کے گرد گھومتے رہتے ہیں۔ بعض معبر ایسے بھی ہیں جو علم تعبیر سے واقف نہیں جو کچھ ان کے دل میں آتا ہے وہی تعبیر کر دیتے ہیں۔

تعبیر وہی بتا سکتے ہیں جو شریعت کے پابند ہوں اور خواب دیکھنے والے کے حالات سے واقف ہوں اور اچھی طرح سمجھتے ہوں کہ خواب کیا ہے اور خواب کی تعبیر کس طرح کرنا ہے۔ اگر تعبیر کرنے والے کو علم ہو کہ خواب کی تعبیر صحیح نہیں ہے تو اس کو چاہیے کہ تعبیر روک لے یعنی بیان نہ کرے۔ یہ بھی دھیان میں رکھنا ہوتا ہے کہ خواب کا وقت کونسا ہے یعنی کس وقت خواب دیکھا گیا اس کی تعبیر بنتی بھی ہے یا یہ کہ پریشان خواب ہے۔

ہمارے ہاں اس بات کو ملحوظ نہیں رکھا جاتا اور جو کچھ خواب سننے والے سے ہوسکتا ہے سب کا سب خواب دیکھنے والے کے سامنے رکھ دیتا ہے۔ چاہے وہ تعبیر نہ بھی بتانی ہو۔

معبرین میں امام ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کا مقام بہت بلند ہے۔ ان کے علاوہ اور بھی بے شمار معبرین ہیں مگر اکثر کتابیں نایاب ہونے کی وجہ سے ہماری دسترس سے باہر ہیں۔

امام ابن سیرینؒ، حضرت دانیال علیہ السلام، حضرت سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ، حضرت جابر مغربی، حضرت ابراہیم کرمانی اور حضرت اسمٰعیل بن اشعث اور چند دیگر معبرین کی بتائی ہوئی خواب کی تعبیروں پر مشتمل یہ کتاب (کامل التعبیر) المعروف ''تعبیر الرؤیا'' آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اس کا مطالعہ فرمائیں اور غور کریں مگر یہ خیال رکھیں کہ بلاوجہ معبر بننے کی کوشش نہ کریں۔

کہیں ایسا نہ ہو کہ آپ کسی کو تعبیر بتائیں اور وہ تعبیر نہ بنتی ہو۔ مگر اس طرح وہ اس پر واجب ہو جائے گی۔

اگر معبر بننا ہے تو اپنے اندر محنت کر کے ایسے اوصاف پیدا کریں۔ آپ ہی کے استفادہ کے لیے کتاب

www.waseemziyai.com

تعبیر الرؤیا پیش کی جارہی ہے۔

مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے یہ کتاب تعبیر الرؤیا ابنِ سیرین کے نام سے مشہور ہے جو کہ غلط ہے۔ اصل میں یہ کتاب ''کامل التعبیر'' ہے اس کتاب کے مصنف علامہ شیخ ابوالفضل حسین بن ابراہیم محمد تقلیسی ہیں انہوں نے یہ کتاب عہد ال سلجوق میں اکیس (۲۱) کتابوں سے انتخاب کر کے تالیف کی۔ اور مؤلف نے دیباچہ کتاب میں بیان کیا ہے کہ میں نے یہ کتاب کامل التعبیر، مدون کر کے سلطان قزل ارسلان (ثانی) بن سلطان مسعود ناصر سلجوقی والی روم و شام کے حضور پیش کی۔ کتب تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ سلطان قزل ارسلان ثانی ۵۵۵ھ میں تخت سلطنت پر متمکن ہوئے تھے۔ تو یوں اس کتاب کی تالیف آج سے نو سو سال قبل ہوئی۔

اس کتاب کو فارسی زبان میں جمع کیا اور حروف تہجی کی ترتیب پر مشرح کیا۔ اردو زبان میں ترجمہ ہونے پر سب ناشرین حروف تہجی کو فارسی الفاظ اور لفظ کے معنی کے ساتھ شائع کرتے رہے مگر بہت سارے لوگ اکثر خواب کی تعبیر کو تلاش کرنے میں پریشان رہتے ہیں۔ اس لیے ضرورت یہ تھی کہ کتاب کی ایک نئی فہرست اردو الفاظ میں حروفِ تہجی کے مطابق ترتیب دی جائے۔ مثلاً فارسی میں لفظ الف میں آب لکھا جس کا معنی پانی ہے لہٰذا ہم اس کو حرفِ 'پ' کی فہرست میں شامل کیا ہے جس سے عام آدمی کو خواب کی تعبیر تلاش کرنے میں آسانی ہوگی۔ اور اس طرح ترتیب دینے کا مشورہ مجھے میرے دیرینہ اور مخلص دوست جناب محمد رضوان ظفر صاحب (پرنسپل العزیز ماڈل سکول ساندہ خورد لاہور) نے دیا جو کہ میں نے ان کے حکم کی تعمیل کی۔ اللہ تعالیٰ میری اس کاوش کو قبول فرمائے۔ میرے اور میرے والدین کی بخشش کا ذریعہ بنائے اور اللہ تعالیٰ بطفیل حضور نبی کریم ﷺ میرے بیٹے محمد حامد، محمد ساجد، محمد نعمان کو ہر قسم کے مصائب و آلام سے محفوظ رکھے اور دین و دنیا میں شاد رکھے۔ آمین بجاہ النبی الکریم الامین ﷺ۔

دعاؤں کا طالب

محمد عبدالاحد قادری

خطیب جامع مسجد نقشبندیہ مجددیہ، ساندہ خورد لاہور

۲۶ محرم الحرام ۱۴۳۴ھ/ ۱۰ دسمبر ۲۰۱۲ء

www.waseemziyai.com

مقدمہ کتاب کامل التعبیر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علٰی رسولہ الکریم وعلٰی جمیع اولیاء اللہ العلی العظیم۔

علم تعبیر کی تعریف غرض اور موضوع

جاننا چاہیے کہ علم شروع کرنے سے پہلے تین باتوں کا جاننا نہایت ضروری ہے:

(1) اس علم کی تعریف: کیونکہ تعریف سے اس علم کی حقیقت منکشف ہو جاتی ہے جس کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ انسان اس علم کو بابصریت (سمجھدار) ہو کر حاصل کرتا ہے۔

(2) اس علم کی غرض و غایت: جب تک کسی چیز کی غرض و غایت معلوم نہ ہو اس وقت تک اس چیز کی تحصیل میں کوشش کرنا محض عبث اور بے فائدہ کام ہوتا ہے اور اندھا دھند کسی چیز کے پیچھے پڑنے کے مترادف ہوتا ہے۔

(3) اس علم کا موضوع: (ہر علم کا موضوع وہ ہوتا ہے، جس کے حالات اس علم میں مذکور ہیں۔ جیسے علم انسانی علم طب کا موضوع ہے۔ کیونکہ علم طب میں جسم انسانی کے حالات صحت و مرض مذکور ہوتے ہیں) جب تک کسی علم کا موضوع معلوم نہ ہو۔ اس وقت تک اس علم کا دیگر علوم سے امتیاز مشکل ہوتا ہے۔ مثلاً جب کسی شخص کو یہ معلوم ہو جائے کہ علم طب کا موضوع جسم انسانی ہے، تو اگر اس کے سامنے علم صرف یا نحو یا طب کے سوا کسی اور علم کا مسئلہ بیان کیا جائے اور اس سے یہ کہا جائے کہ یہ مسئلہ علم طب کا ہے تو یہ فوراً یہ کہہ دے گا کہ یہ مسئلہ علم طب کا ہرگز نہیں کیونکہ علم طب میں جسم انسانی کے حالات مذکور ہوتے ہیں۔ نہ کہ اسم، فعل حرف یا مبنی، معرب کے حالات۔ پس معلوم ہوا کہ علوم کے باہمی امتیاز اور فرق کے لئے ان علوم کے موضوعوں کا جاننا اشد ضروری ہے۔

علم تعبیر کی تعریف:

علم تعبیر وہ علم ہے جس میں خوابوں کی تعبیر کے اصول و قواعد بیان کئے جاتے ہیں۔

علم تعبیر کی غرض:

علم تعبیر حاصل کرنے سے غرض یہ ہے کہ خواب کی تعبیر صحیح صحیح دی جا سکے۔ غلط تعبیر دینے سے انسان

www.waseemziyai.com

محفوظ رہے۔

علم تعبیر کا موضوع:

علم تعبیر کا موضوع خواب سے ہے۔ کیونکہ اس علم میں خواب کے متعلق حالات بیان کئے جاتے ہیں۔

علم تعبیر کا موجد

اگر چہ چیز کا موجد درحقیقت اللہ تعالیٰ ہے لیکن عرف عام میں ہر علم کا موجد اس شخص کو کہتے ہیں جس نے سب سے پہلے اس علم کو دنیا میں رواج دیا ہو۔ جیسے علم منطق کا موجد ارسطو اور علم عروض کا موجد خلیل نحوی ہے۔ پس علم تعبیر کے موجد اور واضع حضرت یوسف علیہ السلام ہیں۔ جن کو سب سے پہلے یہ علم اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا ہوا۔ انہوں نے اس کو دنیا میں مروج کیا۔

چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

و کذالك یَجْتَبِیْكَ ربك و یعلمك من تاویل الاحادیث۔ (سورۃ یوسف)

ترجمہ: ''اے یوسف! اسی طرح تیرا رب تجھے برگزیدہ بنالے گا اور تجھے علم تعبیر خواب عطا فرمائے گا۔''

اس آیت میں یوسف علیہ السلام سے علم تعبیر خواب عطا فرمانے کا وعدہ کیا گیا ہے۔ پھر یہ وعدہ پورا بھی کر دیا گیا۔ یعنی حضرت یوسف علیہ السلام اس بات کا خود اقرار کرتے ہیں کہ

رب قد آتیتنی من الملك وعلمتنی من تاویل الادیث۔

ترجمہ: ''اے میرے پروردگار! تو نے مجھے سلطنت بھی عطا فرمائی اور علم تعبیر خواب بھی عطا فرمایا ہے۔''

حضرت یوسف علیہ السلام سے علم تعبیر دنیا میں اس طرح مشہور و مروج ہوا کہ جن دنوں آپ زلیخا کی خواہش نفسانی پوری نہ کرنے کے باعث مصر کے جیل خانے میں قید کر دیئے گئے تھے، ان دنوں آپ کے ہمراہ دو قیدی اور گرفتار ہو کر اسی جیل خانے میں گئے تھے۔ دونوں کو جیل میں خواب دکھائی دیئے۔

چنانچہ اس آیت میں ان دونوں کے خواب کا تذکرہ ہے:

قال احدھما انه ارانی اعصر خمراوقال الا خرانی ارانی احمل فوق رأسی خبزا تأکل الطیر منه نبئنا بتا ویله انا نراك من المحسنین۔

ترجمہ: ''یوسف علیہ السلام کے ہر دو یاران جیل میں سے ایک نے کہا کہ میں نے خواب میں اپنے آپ کو دیکھا ہے کہ میں شراب نچوڑ (بنا) رہا ہوں اور دوسرے نے کہا کہ مجھے خواب میں یہ دکھائی دیا ہے ہ میں اپنے سر پر روٹیاں اٹھائے۔ ان روٹیوں کو پرندے کھاتے جاتے ہیں۔ اے یوسف! آپ ہمیں ان خوابوں کی تعبیر بتا دیجئے۔ کیونکہ آپ ہمیں نیکوکار معلوم ہوتے ہیں۔''

چنانچہ حضرت یوسف علیہ السلام نے ان دونوں رفیقوں کے خواب کی تعبیر یوں بیان فرمائی کہ:

www.waseemziyai.com

یصاحبی السجن اما احد کما فیسقی ربه خمراً واما الا خر فیصلب فتاکل الطیر من راسِہٖ۔

ترجمہ: ''اے میرے جیل کے دونوں رفیقو! تمہیں سے ایک تو اپنے آقا (عزیز مصر) کا ساقی شراب ہوگا اور دوسرے کو سولی پر چڑھایا جائے گا اور پرندے اس کے سر کو (نوچ نوچ کر) کھا جائیں گے۔''

چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ ایک جیل خانہ سے رہا ہو کر عزیز مصر کا ساقی بن گیا اور دوسرے کو کسی جرم میں پھانسی ہوگئی۔

جس کی بابت حضرت یوسف علیہ السلام نے یہ کہا تھا کہ تو عزیز مصر کا ساقی بن جائے گا اس کو رہا ہوتے وقت آپ نے ارشاد فرمایا تھا کہ بھئی موقع پا کر عزیز مصر کے سامنے کبھی میرا بھی ذکر خیر کر دینا۔ اس نے وعدہ کیا لیکن رہائی کے بعد اس کو یہ وعدہ بھول گیا۔

اتفاقاً ایک دفعہ عزیز مصر کو خواب دکھائی دیا۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

و قال الملك انی ارای سبع بقرات سمان یا کلهن سبع عجاف وسبع سنبلات خضرو اخر یٰبِسٰت ط یآایها الملاء افتونی فی رویای ان کنتم للرٔویا تعبرون۔

ترجمہ: ''اور شاہ مصر نے کہا مجھے خواب میں نظر آیا کہ سات موٹی گایوں کو سات دبلی گائیں کھا رہی ہیں اور سات سبز اور باقی خشک بالیں دکھائی دیتی ہیں۔ اے سردارو! اگر تم خواب کی تعبیر دے سکتے ہو تو میرے اس خواب کی تعبیر بتاؤ۔''

اس پر ساقی کو حضرت یوسف علیہ السلام کا وعدہ یاد آیا اور شاہ مصر کے روبرو آپ کا ذکر خیر کر کے عرض کیا اگر حکم ہو تو میں جیل خانہ میں جا کر حضرت یوسف علیہ السلام کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر اس خواب کی تعبیر دریافت کر آؤں۔ چنانچہ شاہ مصر کے حکم سے وہ ساقی حضرت یوسف علیہ السلام کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور شاہ مصر کا خواب بالتفصیل آپ کے سامنے بیان کر کے اس کی تعبیر آپ سے دریافت فرمائی۔

آپ نے اس خواب کی تعبیر یوں بیان فرمائی:

قال تزرعون سبع سنین داباً فما حصدتم فذروه فی سنبله الا قلیلا مما تاکلون ط ثم یاء تی من بعد ذالك سبع شداد یا کلن ما قدمتم لهن الا قلیلا مما تُحْصِنُون ثُمَّ یاء تی من بعد ذلك عام فیه یغاث الناس و فیه یعصرون۔

''حضرت یوسف علیہ السلام نے (شاہ مصر کے خواب کی تعبیر کے متعلق یوں) فرمایا کہ تم سات سال اپنی عادت کے مطابق کھیتی بوؤ گے اور جس قدر کھیتی تم کاٹو گے اس کو بالوں میں ہی (بطور ذخیرہ) رہنے دو گے۔ لیکن تھوڑی سی اپنے کھانے کے لئے (استعمال میں لے آؤ گے) پھر اس کے بعد سات سال سخت (قحط سالی کے) آئیں گے۔ جن میں گزشتہ سات برس کا جمع کیا ہوا اناج سب کا سب ختم ہو جائے گا، جس کو تم بڑی

www.waseemziyai.com

حفاظت سے رکھ لو گے۔ پھر اس کے بعد ایسا (خوش حالی کا) سال آئے گا کہ جس میں خوب بارش ہو گی اور لوگ شراب انگور بنانے لگیں گے۔

علم تعبیر کے چھ مشہور امام

علم تعبیر میں اکثر اولیاء کرام وعلمائے ربانی کو کافی دسترس ہوتی ہے لیکن مندرجہ ذیل چھ بزرگ اس علم میں خاص طور پر ماہر مشہور اور یکتائے زمانہ ہو گزرے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس علم میں عموماً ان ہی چھ اماموں کے اقوال بطور سند پیش کیے جاتے ہیں۔ وہ یہ ہیں:

(1) حضرت دانیال علیہ السلام (2) حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ (3) حضرت امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ (4) حضرت امام جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ (5) حضرت امام ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ (6) حضرت امام اسماعیل بن اشعث رحمۃ اللہ علیہ۔

فائدہ: اگرچہ یہ چھوں امام علم تعبیر میں بجائے خود یگانۂ روزگار تھے لیکن حضرت امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کا نام نامی اس علم میں خاص طور پر زبان زد خلائق ہے۔ گویا یوں کہنا زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابن سیرین بلحاظ شہرت علم تعبیر کے آسمان کے آفتاب ہیں۔

علم تعبیر کی مشہور کتابیں

علم تعبیر کی ہر زبان میں بے شمار کتابیں ہیں۔ مگر مندرجہ ذیل کتابیں اس فن میں زیادہ مشہور، مقبول، اور مستند ہیں۔ کیونکہ ان کتابوں کے مصنفین اس علم میں ماہر و کامل ہو گزرے ہیں۔ وہ کتب یہ ہیں:

(1) کتاب الوصول مصنف حضرت دانیال علیہ السلام۔
(2) کتاب التقسیم مصنف حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ۔
(3) کتاب جامع مصنف حضرت امام بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ۔
(4) کتاب دستور مصنف حضرت امام ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ۔
(5) کتاب الارشاد مصنفہ امام جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ۔
(6) کتاب التعبیر مصنف حضرت امام اسماعیل بن اشعث رحمۃ اللہ علیہ۔
(7) کتاب کنز الرؤیا مصنف امام مامونی رحمۃ اللہ علیہ۔
(8) کتاب بیان التعبیر مصنف حافظ ابن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ۔
(9) کتاب التعبیر مصنف حافظ ابن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ۔
(10) کتاب حمل الدلائل والمنامات۔

www.waseemziyai.com

(11) کتاب مبادی التعبیر۔
(12) کتاب ایضاح التعبیر مصنف امام فخری رحمۃ اللہ علیہ۔
(13) کتاب کافی الرؤیا۔
(14) کتاب التعبیر مصنف بطاؤس۔
(15) کتاب مفرح الرؤیا۔
(16) کتاب تحفۃ الملوک۔
(17) کتاب منہاج التعبیر مصنف امام خالد اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ۔
(18) کتاب مقدمۃ التعبیر۔
(19) کتاب حقائق الرؤیا۔
(20) کتاب وجیز مصنف امام محمد بن شاہوید رحمۃ اللہ علیہ۔

علم تعبیر کے لئے کون سے علم ضروری ہیں

علم تعبیر میں ماہر و کامل ہونے کے لئے مندرجہ ذیل علوم کا جاننا نہایت ضروری ہے۔
(1) علم تفسیر (2) علم حدیث (3) علم ضرب الامثال (4) اشعار عرب (5) نوادر (6) علم اشتقاق (علم صرف کا ایک حصہ (7) علم لغات (8) علم الفاظ متداولہ۔

قرآن سے علم تعبیر کی فضیلت و تصدیق

علم تعبیر ایک نہایت افضل علم ہے۔ اس کی فضیلت مندرجہ ذیل دلائل قرآن مجید سے ثابت ہے۔
(1) جس چیز کو اللہ تعالیٰ اپنے خاص انعامات میں شمار کرے اس کے افضل ہونے میں کوئی کلام نہیں۔ چنانچہ علم تعبیر کو اللہ تعالیٰ نے انعامات یوسفی میں شمار کیا ہے۔
ارشاد باری تعالیٰ ہے:
''وکذلك مكنا ليوسف فى الارض ولنعلمه من تاويل الاحاديث۔''
اسی طرح ہم نے یوسف کو اس کے ملک (مصر) میں سلطنت عطا فرمائی اور اس کو علم تعبیر خواب سکھایا۔ اگر یہ علم اچھا اور افضل نہ ہوتا تو اللہ تعالیٰ اس کو اپنے انعامات میں کیوں ذکر کرتا۔ انعامات الٰہی میں اس کا مذکور ہونا اس بات کی روشن دلیل ہے کہ علم تعبیر خواب ایک نہایت افضل اور اعلیٰ علم ہے۔
(2) جناب سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے معراج شریف کے بعد ایک خواب دیکھا جس کی اللہ تعالیٰ خود تصدیق فرماتا ہے۔ چنانچہ ارشاد خداوندی ہے:

www.waseemziyai.com

لقد صدق الله رسوله الرؤیا بالحق۔

''اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول ﷺ کا خواب سچ کر دکھایا۔''

جب اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد ﷺ کے خواب کی تصدیق فرمائی تو ثابت ہوا کہ خواب ایک نہایت پر اسرار چیز ہے۔ جبھی تو سید الانبیاء ﷺ کو بھی خواب دکھایا گیا ہے اور اللہ تعالیٰ نے آپ کے اس خواب کی تصدیق فرمائی۔ یہ ظاہر بات ہے کہ جو چیز پیغمبروں کو بطور انعام نصیب ہو اور اس کو اللہ تعالیٰ صحیح اور درست بھی فرمادے۔ اس کے افضل ہونے میں کس کو کلام ہوسکتا ہے؟

جب ثابت ہوا کہ خواب ایک پر اسرار نعمت ہے تو ساتھ ہی اس سے یہ بات بھی لازمی طور پر ثابت ہوگئی کہ خواب کی تعبیر کا علم بھی ایک نہایت اعلیٰ اور افضل چیز ہے۔ کیونکہ یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ علم کی شرافت اس کے موضوع کی شرافت سے ہوتی ہے۔ یعنی جس علم کا موضوع (جس کے حالات اس علم میں مذکور ہیں) اچھا ہو۔ وہ علم بھی اچھا ہوتا ہے اور جس علم کا موضوع خراب ہو وہ علم خراب ہی ہوتا ہے، جیسے علم سحر اور آیت مذکورہ بالا سے خواب کا افضل و اعلیٰ ہونا ثابت ہو چکا ہے۔ پس ثابت ہوا کہ جس علم میں خواب کے حالات مذکور ہیں وہ علم (علم تعبیر خواب) بھی افضل و اعلیٰ ہوتا ہے۔

(3) کسی انسان کو بے گناہ جان بوجھ کر ذبح کر دینا ایک بدترین کبیرہ گناہ ہے جس کی سزا قرآن مجید کی رو سے ہمیشہ ہمیشہ دوزخ میں رہنا ہے اور یہ بات تمام اہل اسلام کے نزدیک مسلم ہے کہ انبیاء گناہوں بالخصوص کبیرہ گناہوں سے بالکل معصوم اور پاک ہوتے ہیں لیکن باایں ہمہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جب یہ خواب آیا کہ انی اری فی المنام انی اذبحك۔ ''اے اسماعیل! میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ تجھے (راہ خدا میں) ذبح کر رہا ہوں۔'' تو حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت اسماعیل علیہ السلام کی مرضی سے ان کو ذبح کرنے کے لئے تیار ہوگئے۔

چنانچہ ارشاد باری ہے:

وتله للجبين و ناديناه ان يا ابراهيم ط قد صدقت الرؤيا انا كذالك نجزى المحسنين۔

ترجمہ: ''اور ابراہیم! بے شک تو نے خواب کو سچ کر دکھایا ہے۔ ہم نیک لوگوں کو اسی طرح اجر دیا کرتے ہیں۔''

پس اگر خواب کوئی اعلیٰ اور افضل چیز نہ ہوتی تو حضرت ابراہیم علیہ السلام محض خواب کی بنا پر اپنے لخت جگر کو ذبح کرنے کے لئے تیار نہ ہوتے اور اللہ تعالیٰ آپ کو امتحان میں پاس ہونے کا یہ بہترین اور زریں سرٹیفکیٹ عطا نہ فرماتا کہ یا ابراهيم قد صدقت الرؤيا۔ بے شک تو نے خواب سچ کر دکھایا۔ پس آیت سے بھی خواب کی فضیلت روز روشن کی طرح ثابت ہوگئی اور ساتھ ہی لازمی طور پر یہ بھی ثابت ہوگیا کہ جس چیز میں

www.waseemziyai.com

اس اعلیٰ وافضل چیز کا تذکرہ ہو وہ علم (علم تعبیر خواب) بھی اعلیٰ وافضل ہوتا ہے۔

احادیث نبوی سے علم تعبیر کی فضیلت

(1) حدیث شریف میں آیا ہے کہ علم تعبیر خواب حضرت یوسف علیہ السلام کا ایک علمی معجزہ تھا اور یہ ایک بدیہی (ظاہر) بات ہے کہ جو چیز پیغمبر کا معجزہ ہو وہ یقیناً افضل واعلیٰ ہوا کرتی ہے۔

(2) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ، الرؤیا جزؤ من ستة واربعین جزء من النبوة (یعنی مومن کا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہوتا ہے) تمام انسانی کمالات میں نبوت سب سے اعلیٰ وافضل کمال ہے، جس کی وجہ سے انسان فرشتوں سے بھی افضل ہو جاتا ہے، تو جو چیز اعلیٰ وافضل چیز کا جز (حصہ) ہو وہ بھی افضل واعلیٰ ہی ہوا کرتی ہے۔ یہ بھی ثابت ہے کہ خواب ایک اعلیٰ وافضل چیز ہے اور یہ بھی ثابت ہو چکا ہے کہ جس علم میں اعلیٰ چیز کا تذکرہ ہو وہ علم بھی اعلیٰ ہی ہوا کرتا ہے۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ علم تعبیر ایک اعلیٰ وافضل چیز ہے۔ کیونکہ اس میں خواب جیسی اعلیٰ وافضل چیز کے حالات مذکور ہوتے ہیں۔

(3) حدیث شریف میں آیا ہے کہ حضرت عبداللہ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ خواب بھی ایک قسم کی وحی ہے جس کے ذریعے خدا تعالیٰ خواب دیکھنے والے کو اس بھلائی اور بُرائی سے مطلع کر دیتا ہے جو اس کو پہنچنے والی ہوتی ہے۔ تاکہ وہ شخص دنیا میں مغرور نہ ہو جائے اور رب ذوالجلال کے حکم سے غافل نہ رہے۔ اس حدیث سے ثابت ہوا کہ خواب ایسی اعلیٰ چیز ہے کہ گویا وہ وحی ہے۔

(4) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیمار ہوئے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم غمگین ہو کر حاضر خدمت ہوئے اور عرض کیا کہ آپ ہم کو کار خیر سے مطلع فرمایا کرتے تھے۔ اگر اب خدانخواستہ آپ کا وصال ہو گیا تو ہم کو کون مطلع کیا کرے گا؟ اور دینی و دنیاوی امور کی خیر و بھلائی ہمیں کس طرح معلوم ہوا کرے گی؟ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جواب میں ارشاد فرمایا کہ

بعد وفاتی ینقطع الوحی ولا ینقطع المبشرات۔

ترجمہ: ''میری وفات کے بعد تو وحی ختم ہو جائے گی۔ لیکن مبشرات بند نہ ہوں گے۔''

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ مبشرات کیا چیز ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ

الرؤیا الصالحة التی یراها المرأ الصالح۔

ترجمہ: ''مبشرات وہ اچھے خواب ہیں جو نیک بندوں کو دکھائی دیتے ہیں۔''

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ اچھے خواب نبوت کے قائم مقام ہیں۔ یہ ظاہر ہے کہ جو چیز کسی اعلیٰ وافضل چیز کے قائم مقام ہو وہ بھی اعلیٰ وافضل ہی ہوا کرتی ہے۔ تو ثابت ہوا کہ خواب ایک اعلیٰ وافضل چیز ہے۔ یہ بھی

www.waseemziyai.com

بارہا ثابت ہو چکا ہے کہ جس علم کا موضوع اعلیٰ وافضل ہو وہ علم بھی اعلیٰ وافضل ہی ہوا کرتا ہے۔ پس ثابت ہوا کہ علم تعبیر خواب ایک اعلیٰ وافضل علم ہے۔

(5) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ ایک دن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے یہ فرما رہے تھے کہ جب تم میں سے کوئی شخص کوئی اچھے خواب دیکھے تو اس کو چاہئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے اور اس خواب کو اپنے مومن دوستوں اور بھائیوں کے سامنے بیان کرے اور اگر بُرا خواب دیکھے اور دیکھنے والا نیک بندہ ہو تو چند بار یہ کہے: **اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔** ''میں راندے ہوئے شیطان سے خدا کی پناہ مانگتا ہوں۔'' اور اس خواب بد کو کسی سے بیان نہ کرے۔ تاکہ اس کو کسی قسم کا نقصان اور صدمہ نہ پہنچے۔ اس حدیث سے بھی خواب کی عظمت شان ثابت ہوتی ہے۔ جب ہی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو خواب کے بیان کرنے یا نہ کرنے کی تاکید فرماتے ہیں۔ اگر غیر ضروری یا ادنیٰ چیز ہوتی تو اس قدر تاکید نہ فرماتے۔

علم تعبیر کی فضیلت صحابہ کرام اور بزرگان دین کے اقوال

(1) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ سب سے پہلی نعمت جو اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عطا فرمائی وہ یہ تھی کہ آپ نے خواب میں ایک مقرب فرشتے کو دیکھا جو آپ سے اس طرح ہم کلام ہوا کہ اے محمد! صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کو خوشخبری ہو کہ آپ کو اللہ تعالیٰ نے اپنے انبیاء کے گروہ میں ممتاز فرمایا ہے اور آپ کو خاتم الانبیاء (آخری نبی) بنایا ہے اور آپ کے حق میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

ولکن رسول اللہ و خاتم النبین۔

یعنی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہارے مردوں میں سے کسی مرد کے باپ نہیں ہیں۔ بلکہ اللہ کے رسول اور آخری نبی ہیں۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیدار ہوئے تو آپ نے اس کی تعبیر خواب نبوت سے فرمائی۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے اس قول سے ثابت ہوا کہ خواب ایک ایسی اعلیٰ وافضل نعمت ہے جس کی بدولت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پیغمبری کی بشارت ملی اور جس کے ذریعے آپ کو مقرب فرشتے (حضرت جبریل علیہ السلام) کی زیارت حاصل ہوئی تو جس علم میں ایسی افضل چیز کا ذکر ہو، لامحالہ وہ بھی افضل ہی ثابت ہوئی۔ پس اس قول صحابی سے بھی علم تعبیر کی افضلیت بخوبی ثابت ہوگئی۔

(2) حضرت ہشام بن عروہ رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں (حضرت عروہ رضی اللہ عنہ) نے فرمایا کہ قرآن مجید میں جو یہ مذکور ہے کہ ''**لھم البشری فی الحیوۃ الدنیا**'' یعنی ان نیک بندوں کے لئے اس دنیا کی زندگی میں بھی بشارت (خوشخبری) ہوتی رہتی ہے۔ اس آیت میں بشارت سے مراد نیک بندوں کا خواب ہی ہے۔ خواہ نیک بندہ خود کوئی نیک خواب دیکھے یا کوئی اور شخص اس کو خواب میں دیکھے۔ اس

www.waseemziyai.com

قول صحابی سے بھی یہ امر بخوبی ثابت ہو گیا کہ خواب ایک ایسی اعلیٰ و افضل چیز ہے جس کو قرآن میں بشریٰ (خوش خبری) سے تعبیر کیا گیا ہے۔ خواب کی افضلیت سے علم تعبیر خواب کی افضلیت بھی بطریق سابق ثابت ہوگئی۔

(3) حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ علم تعبیر اور دیگر علوم میں یہ فرق ہے کہ علم کا طالب اس علم کے اصول کے خلاف نہیں کر سکتا اور اس کا قیاس قابل تعبیر نہیں ہوتا اور اس کو تعبیر کا طریقہ معلوم نہیں ہو سکتا۔ مگر یہ علم ایسا نازک ہے کہ اس کے اصول ایک حالت پر قائم نہیں رہتے۔ کیونکہ لوگوں کے حالات بدلتے رہتے ہیں۔ بموجب ان کی شکل و شباہت اور صفت و دیانیت اور ہمت و اعتقاد کے۔

اوقات کے اختلاف سے بھی اس علم میں تبدیلی واقع ہو جاتی ہے۔ کیونکہ کسی وقت تو تعبیر مثل اور اصل کے ساتھ کرنی پڑتی ہے اور کسی وقت اس کی ضد اور نقیض کے ساتھ کی جاتی ہے۔ کبھی خواب درست ہوتا ہے اور کبھی نادرست۔

اس قول سے بھی یہ بات بخوبی ثابت ہو چکی کہ یہ علم بڑا ہی لطیف اور نازک ہے اور یہ اظہر من الشمس ہے کہ نازک چیز اعلیٰ و افضل ہوا کرتی ہے۔

کن لوگوں سے خواب کی تعبیر پوچھنا منع ہے؟

حضرت امام جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ چار قسم کے لوگوں سے تعبیر خواب پوچھنا ناجائز ہے۔

(1) بے دین لوگوں سے جو شریعت کے پابند نہ ہوں۔ (کیونکہ تعبیر خواب نیک اور بابرکت لوگوں سے پوچھنی چاہئے اور بے دین لوگ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے باعث راندہ درگاہ الٰہی ہوتے ہیں۔ ان میں خیر و برکت کہاں؟ (مؤلف)

(2) عورتوں سے۔ (کیونکہ تعبیر خواب میں بڑی عقل اور سمجھ درکار ہے۔ اور یہ ظاہر ہے کہ عورتیں ناقص العقل ہوتی ہیں، اس لیے شریعت محمدی میں دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کی گواہی کے قائم مقام رکھی گئی ہے۔ (مؤلف)

(3) جاہلوں سے۔ (جو علم دینی سے بخوبی واقف نہ ہوں۔ دنیاوی علوم میں خواہ وہ ولایت پاس ہی کیوں نہ ہوں۔ کیونکہ پہلے مذکور ہو چکا ہے کہ معبر (تعبیر بتانے والے) کو علم تفسیر و حدیث وغیرہ کا عالم ہونا ضروری ہے۔ (مؤلف)

(4) دشمنوں سے۔ کیونکہ دشمن بھی خیر و برکت سے خالی ہوتے ہیں۔ نیز ان سے یہ بھی اندیشہ ہے کہ وہ خواب کی تعبیر بُری بتا دیں اور یہ ظاہر ہے کہ خواب کی تعبیر جیسی بتائی جائے گی۔ ویسی ہی واقع ہو جاتی ہے۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

www.waseemziyai.com

قضی الامر الذی فیه تستفتیان۔

(حضرت یوسف علیہ السلام جیل میں فرماتے ہیں کہ اے میرے جیل کے دونوں رفیقو!) جس جس بات کی تم نے مجھ سے تعبیر پوچھی ہے۔ وہ میری تعبیر کے مطابق ہی حکم خداوندی واقع ہو جائے گی۔

معبر میں کن آداب وشرائط کا ہونا ضروری ہے

معبر یعنی تعبیر بتانے والے میں مندرجہ ذیل آداب وشرائط کا پایا جانا ضروری ہے:

حضرت امام ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ معبر کو علاوہ عالم دین ہونے کے ان باتوں کا بھی پابند ہونا ضروری ہے کہ لوگوں کے طور اطوار وخصائل وعادات اور احوال کو خوب پہچانے اور اللہ تعالیٰ سے ہمیشہ یہی توفیق مانگتا رہے کہ خدا تعالیٰ اس کی زبان پر اچھی اور ثواب کی بات ہی جاری کرے اور گناہوں سے بچتا رہے اور لقمہ حرام کھانے اور بیہودہ باتیں کہنے اور سننے سے دور رہے تاکہ وہ 'العلماء ورثة الانبياء' کا مصداق بن جائے۔

حضرت امام ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ معبر کو ان آداب کا ملحوظ رکھنا نہایت ضروری ہے کہ وہ خواب کو نہایت ہوشیاری اور خاص توجہ سے سنے اور خواب پوچھنے والے کے دین، مذہب اور خیالات سے واقفیت حاصل کرے، تاکہ اس کو یہ معلوم ہو جائے کہ سائل سچ کہہ رہا ہے یا جھوٹ۔ کیونکہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "اصدقكم رؤيا اصدقكم حديثا۔" یعنی جو نسا تم میں زیادہ سچا ہوتا ہے وہی شخص خواب بیان کرنے میں تم سب سے زیادہ راست گو اور سچا ہوتا ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ معبر کے لئے یہ ضروری ہے کہ جب وہ خواب کو سنے تو باوضو ہو۔ اگر سائل معبر کا دشمن ہو تو محض دشمنی کی وجہ سے اس کے برخلاف تعبیر نہ دے۔ اگر خواب کی تعبیر سائل کے لئے نقصان دہ ہو تو اس تعبیر کو لوگوں سے بیان نہ کرے۔

حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں کہ معبر کو چاہئے کہ وہ دانا اور پارسا ہو اور خاموش رہنے والا اور صاحب علم بھی ہو اور گناہوں سے پرہیز رکھے اور جس وقت اس سے تعبیر پوچھی جائے تو وہ ہوشیار اور متوجہ ہو اور سائل سے سوال بکمال احتیاط سے سنے اور یہ بھی معلوم کرے کہ سائل کوئی بادشاہ ہے یا ادنیٰ رعیت۔ سردار قوم ہے یا کوئی حقیر اور جاہل۔ غریب ہے یا امیر؟ عورت فارغ البالی ہے یا مشغول اور خواب سائل نے موسم گرما میں پوچھا ہے یا موسم سرما میں۔ جب وہ ان تمام امور کو معلوم کرے تو ہر ایک بات کی تعبیر اس علم کے استادوں کے اصول وقواعد کے مطابق سمجھ کر بتائے۔ یوں ہی بلا سوچے سمجھے اپنی طرف سے ہرگز ہرگز نہ بتاوے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ باوجود یکہ علم تعبیر کے یکتا امام تھے۔ لیکن جس خواب کی تعبیر ان کی سمجھ میں نہیں آتی تھی اس کی تعبیر ہرگز بیان نہیں کرتے تھے۔

ابو حاتم اصمعی اور حضرت ابو المقدم سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت امام ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

www.waseemziyai.com

کہ وہ پہلے سائل کی بات کو خوب اچھی طرح سے سن لے اور اس کی تعبیر کو خوب سمجھے اور اس میں غور و تاویل کرے۔ اگر کوئی بات سخت ہو لیکن اس کے معنی صحیح ہوں تو جیسا کچھ اور جس طرح سے اس کی تعبیر کا احتمال ہو اسی کے مطابق اس وقت تعبیر کر دے اور اگر بات کے درمیان کوئی زائد اور فضول مضمون ہو تو اس زائد مضمون کو الگ کر دے اور اصل بات کی تعبیر کرے۔ اگر تمام خواب بے جوڑ اور مختلف ہو اور اس کا کوئی مضمون باہم ایک دوسرے سے ملتا نہ ہو تو ایسے خواب کو پریشان خواب سمجھے اور اس کی تعبیر نہ کرے۔ اگر سائل خواب کو کچھ نہ کر سکے اور معبر کو اس کی تعبیر معلوم نہ ہو سکے تو ایسی حالت میں سائل کے نام سے تعبیر کر دے۔ یا اس کی طبیعت، بیان، گفتگو، خوب صورتی اور بدصورتی، سچ اور جھوٹ وغیرہ کو ملحوظ رکھ کر تعبیر معلوم کر لے۔ اگر اس کے خواب کی تعبیر بری آتی ہو تو سائل سے بیان نہ کرے اور اس سے پوشیدہ رکھے۔

حضرت امام ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ معبر قبرستان میں خواب کی تعبیر نہ کرے۔

حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں کہ معبر کو چاہئے کہ سائل یا سائل کے باپ کے نام کو ملحوظ رکھے۔ اگر سائل یا سائل کے باپ کا نام پیغمبروں کے ناموں سے ہو تو از روئے حساب جذر و فال اس کی تعبیر خیر اور بشارت اور خوشی کے ساتھ کرے اور اس کا نام کوئی برا ہو تو اس کی تعبیر شر و فساد کے ساتھ کرے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ معبر کو چاہئے کہ سب سے پہلے سائل کا نام اور مرتبہ۔ مذہب اور سیرت۔ خصلت اور عقل و فہم معلوم کرے۔ پھر یہ دیکھے کہ خواب دن کے وقت دیکھا ہے یا رات کے وقت اور یہ نگاہ رکھے کہ سائل سوال کے وقت کیا حرکت کرتا ہے اور خواب کو کس طریق پر بیان کرتا ہے اور پھر فصل فارسی مہینے کی اور دن عربی مہینے کا معلوم کرے، تب کہیں جا کر اس خواب کی تعبیر کو سوچ سمجھ کر بتائے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ معبر کو تعبیر خواب میں ایسا تجربہ کار ہونا چاہئے۔ جیسے طبیب بیماریوں کے علاج میں تجربہ کار ہوتا ہے۔

خواب دیکھنے والے کو کون سے آداب و شرائط ملحوظ رکھنے چاہئیں

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ خواب دیکھنے والے کو چاہئے کہ اس نے جس طرح خواب دیکھا ہو بعینہٖ اسی طرح معبر کے سامنے بیان کر دے۔ اس میں کمی بیشی ہرگز نہ کرے اور نہ ہی اس میں جھوٹ بولے اور نہ ہی جھوٹ موٹ خواب بنا کر پیش کرے۔ کیونکہ جیل خانہ میں حضرت یوسف علیہ السلام نے وہاں کے دو قیدی سائلوں کو ان کے بیان کردہ خوابوں کی تعبیر بتا کر صاف صاف کہہ دیا تھا کہ "قضی الامر الذی فیه تستفتیان۔" یعنی جس جس بات کی تم دونوں نے مجھ سے تعبیر دریافت کی ہے وہ میری تعبیر کے مطابق ہی بحکم خداوندی واقع ہو جائے گی۔

خواب دیکھنے والے کو چاہئے کہ وہ راست گو اور دیانت دار ہو۔

www.waseemziyai.com

اگر خواب دیکھنے والا کوئی ہولناک خواب دیکھے جس سے وہ خوف زدہ ہو جائے تو اس کو چاہئے کہ تین دفعہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور یہ کلام پڑھے:

اعوذ برب موسی و ابراهیم من شر الرؤیا التی رایتها من صنامی ان یضرنی فی دینی و دنیاوی و معیشتی عز جاهك و جل ثنائوك ولا اله غیرك۔

ترجمہ: ''میں حضرت موسیٰ اور حضرت ابراہیم علیہما السلام کی رب کی پناہ مانگتا ہوں۔ اس خواب کی برائی سے جو میں نے اپنے سونے کی حالت میں دیکھا ہے۔ بوجہ اس کے کہ مبادا یہ مجھ کو کچھ ضرر اور نقصان پہنچائے۔ میرے دینی اور دنیاوی امور اور میرے روزگار میں۔ الٰہی! تیرا مرتبہ سب سے بڑھ کر ہے اور تیری تعریف جلیل الشان ہے اور تیرے سوا اور کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے۔''

اس کے بعد دو رکعت نماز نفل پڑھے اور صدقہ دیوے تو اس خواب کے شر اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔

شیطان خواب میں کون سی شکل بن کر نہیں آ سکتا؟

حضرت امام جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ شیطان تمام خوابوں میں خواہ مخواہ دخل دیا کرتا ہے اور اپنے آپ کو سب چیزوں کی مانند بنا کر پیش ہوتا ہے۔ لیکن خدا تعالیٰ، پیغمبروں، فرشتوں، آسمان، سورج، چاند اور ستاروں کی مانند کوئی صورت اور شکل اختیار نہیں کر سکتا۔ کیونکہ اگر اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ طاقت حاصل ہوتی کہ وہ اپنے آپ کو ان چیزوں کی مانند بنا کر ظاہر کر سکتا تو تمام مخلوقات کے درمیان فتنہ اور گمراہی پھیلا دیتا۔ کیونکہ اس طرح کبھی تو وہ اپنے آپ کو پیغمبروں کی صورت میں ظاہر کرتا اور صاحب خواب کو یہ کہتا کہ میں تجھ سے بہت خوش ہوں تو جو کچھ چاہے کیا کر اور کسی دوسرے کو یہ کہتا کہ میں تیرا پیدا کرنے والا ہوں۔ میں نے تیرے سب گناہ معاف کر دیئے ہیں اور تجھ کو میں نے بخش دیا ہے اور یوں ہی کئی ایک ایسی باتیں کہا کرتا کہ جن سے اللہ تعالیٰ کے بندوں کو گمراہ کر دیتا۔

علامہ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کے علم تعبیر کے متعلق بعض اقوال و حکایات

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ خواب میں ایک عجیب بات یہ دیکھی گئی ہے کہ بعض اوقات انسان خواب میں کوئی خیر و بھلائی یا شر و آفت کی بات دیکھتا ہے۔ جب وہ بیدار ہوتا ہے تو بعینہٖ اسی طرح اس کو خیر و راحت یا شر و آفت پہنچ جاتی ہے۔

ایک اس سے بھی زیادہ عجیب بات دیکھی گئی ہے وہ یہ کہ بہت سے آدمی ایسے کند ذہن اور کند زبان ہوتے ہیں جو کہ حالت بیداری میں ایک معمولی سا شعر بھی ٹھیک طور سے نہیں پڑھ سکتے اور نہ یاد کر سکتے ہیں۔ لیکن خواب میں وہی کند ذہن اور کند زبان بخوبی پڑھتے اور یاد کر لیتے ہیں اور پھر بیداری کی حالت میں

www.waseemziyai.com

بھی درست طور سے پڑھ کر سنا دیتے ہیں۔ علیٰ ہذا القیاس۔ بہت سے جاہل اور ان پڑھ آدمی خواب میں ایسی ایسی حکمت آمیز باتیں اور اچھے اچھے لفظ کہنے لگتے ہیں کہ اس طرح کوئی حکیم اور عالم بھی نہیں کہہ سکتے اور جب وہ بیدار ہوتے ہیں تو پھر بھی وہ ان خواب کی باتوں کو دوہرا کر کہہ دیتے ہیں۔

حکایت:

کہتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میں نے نماز کی اذان کہی۔ علامہ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ تو اسلامی حج پورا کرے گا۔ اسی وقت ایک اور شخص آیا۔ اس نے بھی یہی سوال کیا کہ میں نے اپنے آپ کو اذان نماز کہتا ہوا دیکھا ہے۔ اس کو حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے یہ تعبیر بتائی کہ تجھے لوگ چوری کی تہمت لگائیں گے۔ اس پر حضرت کے شاگرد بولے کہ یہ دونوں خواب بظاہر ایک ہی صورت کے ہیں لیکن تعبیر آپ دونوں کی ایک دوسرے سے برخلاف کر رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ پہلے شخص کی شکل وصورت مجھے نیک اور صلاحیت والی نظر آئی۔ اس لیے میں نے یہ کہہ دیا کہ تو حج کرے گا۔ بموجب اس آیت کے ''واذن فی الناس بالحج یاتوك رجالا'' یعنی اے پیغمبر! تم لوگوں کو حج کا علان دے دو۔ اور دوسرے شخص کی شکل وصورت مجھے شریری نظر آئی اس لئے اس کو میں نے یہ تعبیر بتائی کہ تو چوری کے جرم میں گرفتار ہوگا۔ بموجب اس آیت کے فاذن مؤذن ایتها العیر انکم لسارقون۔ یعنی ایک منادی نے یہ منادی کی کہ اے قافلہ والو! تم ضرور چور ہو۔''

رات کے خواب کی تعبیر کب ظاہر ہوتی ہے!

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ جو خواب رات کے پہلے حصہ میں دکھائی دے اس کی تعبیر پانچ سال میں ظاہر ہوتی ہے اور جو آدھی رات میں دکھائی دے تو اس کی تعبیر پانچ مہینوں تک ظہور میں آتی ہے اور اگر بہت سویرے صبح کے وقت دکھائی دے تو اس کی تعبیر دس روز تک ظاہر ہو جاتی ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ جس قدر رات کا وقت دن کے وقت سے زیادہ نزدیک ہو اور خواب درست ہوتا ہے اور نتیجہ جلد ظہور پذیر ہوتا ہے۔

خواب کی اقسام

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ خواب کی دو قسمیں ہیں۔

اول: خواب حکم جو کہ درست ہوتا ہے۔ دوم: اضغاث واحلام۔ اور وہ خواب پریشان اور پراکندہ ہوتے ہیں اور اضغاث گھاس کے کھلے مٹھوں کو کہتے ہیں۔ یعنی جس طرح گھاس کے تنکے باغوں میں متفرق اور پریشان ہوتے ہیں۔ اسی طرح اضغاث واحلام بھی پراگندہ ہی ہوا کرتے ہیں۔

پھر اضغاث و احلام (پراگندہ خواب) تین طرح کے ہوتے ہیں۔ (1) بعض غلبۂ طبیعت و ہو اسے۔ (2) بعض نمائش شیطانی سے۔ (3) بعض نفسانی باتوں سے۔ یہ تینوں قسمیں ردی اور غیر صحیح ہوتی ہیں۔

www.waseemziyai.com

خواب بھول جانے پر معلوم کرنے کا طریقہ

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب خواب دیکھنے والے کو خواب بھول گیا ہو اور معبر اس خواب کو معلوم کرنا چاہے تو اس کو چاہئے کہ خواب دیکھنے والے سے کہے کہ تم اپنا ہاتھ اپنے اعضاء میں سے کسی عضو پر رکھو۔ اگر وہ سر پر ہاتھ رکھے تو اس نے خواب میں گوہ دیکھا ہوگا اور اگر ناک پر رکھے تو اس نے کسی دامن کوہ کو دیکھا ہوگا اور اگر رخسارے پر رکھے تو اس نے کوئی سرسبز کھیت یا سرسبز جنگل دیکھا ہوگا اور اگر منہ پر رکھے تو اس نے کوئی چشمہ عمدہ پانی کا دیکھا ہوگا اور اگر آنکھ پر رکھے تو اس نے کڑوے پانی کا کوئی چشمہ دیکھا ہوگا اور اگر کان پر رکھے تو اس نے کوئی شگاف اور غاریں دیکھی ہوگی اور اگر داڑھی پر رکھے تو اس نے گھاس دیکھی ہوگی اور اگر پیٹ پر رکھے تو اس نے خواب میں کوئی دریا دیکھا ہوگا اور اگر شرمگاہ پر رکھے تو اس نے خواب میں بے آباد زمین دیکھی ہوگی۔ اگر کندھے پر ہاتھ رکھے تو اس نے کوئی چوبارہ یا کوئی اور منظر دیکھا ہوگا اور اگر بازو پر ہاتھ رکھے تو اس نے کوئی میوہ دار درخت دیکھا ہوگا اور اگر انگلیوں پر ہاتھ رکھے تو اس نے کسی درخت کی چھوٹی چھوٹی ٹہنیاں دیکھی ہوں گی اور اگر مقعد (چوتڑوں) پر رکھے تو اس نے سنڈاس دیکھا ہوگا اور اگر گھٹنے پر رکھے تو اس نے زمین کا کوئی ٹیلہ دیکھا ہوگا اور اگر پنڈلی پر رکھے تو اس نے کوئی بے پھل درخت دیکھا ہوگا۔

نیک لوگوں کو خواب دیکھنا

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جس خواب میں آدمی اللہ تعالیٰ کو بے مثل و بے مثال دیکھے اس خواب سے بڑھ کر بابرکت خواب اور کوئی نہیں ہوتا۔

حضرت جبریل علیہ السلام کو خواب میں خوش طبع اور خندہ پیشانی دیکھنا، دشمن پر فتح یاب ہونے کی علامت ہے اگر اس کے برخلاف ہو تو رنج و غم کی نشانی ہے۔

خواب میں حضرت عزرائیل علیہ السلام (ملک الموت) کو آسمان پر اور اپنے آپ کو زمین پر دیکھنا اس بات کی علامت ہے کہ خواب دیکھنے والا اپنے مرتبے سے معزول ہو جائے گا۔

فرشتوں کو آپس میں لڑتے ہوئے دیکھنا اس بات کی نشانی ہے کہ خواب والا گناہوں اور عذاب الٰہی میں گرفتار ہو جائے گا۔ خواب میں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو دیکھنا خوشی اور راحت کی علامت ہے۔

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو خواب میں دیکھنا اس بات کی علامت ہے کہ خواب والا عابد، زاہد اور پرہیزگار ہوگا۔ اور کسی شہر میں آپ کو خندہ پیشانی اور خوش و خرم دیکھنا اس بات کی نشانی ہے کہ اس شہر کے لوگ قرآن مجید و دیگر علوم دینی کو تحصیل کرنے کے مشتاق ہو جائیں گے۔

حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا خواب میں خوش و خرم دکھائی دینا صاحب خواب کے بہادر اور سردار ہونے کی نشانی ہے اور کسی شہر میں آپ کا خوش و خرم دکھائی دینا اس بات کی علامت ہے کہ وہاں کے لوگ عدل و انصاف

www.waseemziyai.com

والے ہوں گے۔لیکن کبھی کبھی ان میں جھگڑے اور فسادات رونما ہوا کریں گے۔

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو خواب میں دیکھنا اس بات کی علامت ہے کہ خواب والا دین واسلام کے راستہ پر مضبوط رہے گا اور مسلمانوں میں راست گو مشہور ہو جائے گا اور دیانتداری میں بھی معروف ہو جائے گا۔

حضرت امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہما کو خواب میں دیکھنا اس امر کی علامت ہے کہ خواب والا خیر اور راحت دیکھے گا اور آخر کار شہید ہو (کر مرے) گا۔

خواب میں جو کا آٹا دیکھنا، دین کی درستی کی علامت ہے اور گیہوں کا آٹا دیکھنا، نفع بخش مال تجارت حاصل ہونے کی نشانی ہے اور باجرے کا آٹا دیکھنا تھوڑا سا مال حاصل ہونے کی علامت ہے۔

حضرت دانیال علیہ السلام کے اقوال

حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں کہ خواب اصل میں دو باتوں پر مبنی ہے:

اول: وہ خواب جو حالات کی حقیقت سے آگاہ کرے۔

دوسرا: وہ خواب جو ہر ایک کام کے انجام کی خبر دینے والا ہو۔ پھر دونوں قسموں میں سے چار قسمیں نکلتی ہیں۔

(1) خواب امر (حکم فرمانے والا خواب)۔ (2) خواب زاجر (روکنے والا خواب)۔ (3) خواب منذر (ڈرانے والا خواب)۔ (4) خواب مبشر (خوشخبری دینے والا خواب)۔

حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں کہ خواب دیکھ کر اس کا یاد نہ رہنا چار وجوہات میں سے کسی ایک وجہ کی بنا پر ہوتا ہے۔ (1) کثرت گناہ کے باعث خواب یاد نہیں رہتا۔ (2) مختلف اعمال کی وجہ سے خواب فراموش ہو جاتا ہے۔ (3) نیت اور اعتقاد کی کمزوری کی وجہ سے خواب بھول جاتا ہے۔ (4) اختلاف طبع کے باعث یعنی جبکہ وہ اپنے حالات سے بدل جائے۔ واقعی ان حالات میں صاحب خواب اپنے خواب کو بھول جاتا ہے۔

حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص صبح سے لے کر دوپہر تک خواب کی تعبیر پوچھے۔ اس کی تعبیر اقبال اور بہتری سے دی جائے گی اور اگر زوال کے بعد پوچھے تو اس کی تعبیر شر و فساد سے کی جائے گی۔ نیز آپ نے فرمایا ہے کہ ابر اور بارش والے دن اور سورج کے طلوع اور غروب کے وقت تعبیر پوچھنی ناجائز ہے۔

حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو مومن بندہ اللہ تعالیٰ کو خواب میں بے مثل اور بے مثال دیکھے۔ جیسا کہ آیات قرآنی و احادیث نبوی میں مذکور ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس خواب والے کو اپنا دیدار عطا فرمائے گا اور اس کی حاجتوں کو بھی پورا کرے گا۔

اگر اس طرح خواب دیکھے کہ وہ خواب والا کھڑا ہوا تھا اور اللہ تعالیٰ اس کو دیکھ رہا تھا تو اس میں دلیل اس کی صلاحیت و درستی کار اور سلامتی نفس پر ہوگی اور وہ مغفرت کے لئے مخصوص ہوگا او. اگر وہ گنہگار ہے تو وہ توبہ کرے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کے اقوال

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آٹا چھاننے کی چھلنی کی تعبیر ان چار چیزوں سے کی جاتی ہے۔(1) نیک مرد۔(2) واہیات عورت۔(3) برا نوکر یا خادم۔(4) کچھ تھوڑا سا نفع۔

بقول امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ خواب میں چولھے یا انگیٹھی کو دیکھنا۔خادمہ عورت یا لونڈی کی تعبیر کو ظاہر کرتا ہے۔

سورج کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر آٹھ وجہوں پر ہوتی ہے۔(1) خلیفہ۔(2) برا بادشاہ۔(3) رئیس۔ (4) بزرگ عامل۔(5) عادل بادشاہ۔(6) رعیت کا فائدہ۔(7) مرد کے لئے عورت اور عورت کے لئے مرد۔ (8) کوئی روشن اور نیک کام کرے۔

نیز آپ کا یہ بھی قول ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں اپنے آپ کو دیکھے کہ وہ سورج کو سجدہ کر رہا تھا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ بادشاہ اس کو کوئی عزت بخشے گا اور اپنا مقرب بنالے گا اور اس کا کاروبار بڑھ چڑھ کر رہے گا۔

آئینہ کا خواب میں دکھائی دینا چھ وجہوں پر ہوتا ہے۔ اول، عورت۔دوم، لڑکی۔سوم، جاہ و فرمان۔ چہارم، یار دوست۔پنجم، شریک۔ششم، اچھا کاروبار۔

نیز آپ کا قول ہے کہ اگر کرئی غریب آدمی خواب میں آئینہ دیکھے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ وہ کسی عورت سے شادی کرے گا اور بزرگی پائے گا اور اگر کوئی لڑکی آئینہ کو دیکھے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کو ایسا اچھا خاوند ملے گا جس کے پاس وہ عزت و آبرو سے زندگی بسر کرے گی۔

خواب میں لکڑی چیرنے کا آرہ دیکھنا تین وجہوں پر مبنی ہوتا ہے۔اول، فرزند۔دوم، بہن یا بھائی۔سوم، شریک اور ہمسفر۔

قلعی کا خواب میں دیکھنا۔تین وجہوں پر مبنی ہوتا ہے۔اول، نفع۔دوم، خدمت گار۔سوم، گھر کا اسباب۔

خواب میں امرود کا کھانا پانچ وجہوں پر مبنی ہوتا ہے۔اول، مال حلال۔دوم، تونگری۔سوم، عورت۔ چہارم، مراد کا پانا۔پنجم، نفع حاصل ہونا۔

حضرت امام ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ کے اقوال

حضرت امام کرمانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو یہ خواب آئے کہ کوئی شخص اس کے گھر سے سرہانہ لے کر دوسرے گھر میں گیا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ کوئی شخص اس کی لونڈی کو اغواء کرنا چاہتا ہے اور وہ ان کے در پے ہے۔پتھر یا چونے کی سیڑھی پر چلنا اس بات کی نشانی ہے کہ خواب والا قدومنزلت اور شرف و بزرگی حاصل کرے گا۔اور اگر خواب والے نے اپنے آپ کو دیکھا ہے کہ وہ آسمان پر چلا گیا ہے اور پھر واپس نہیں آیا تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ اس کی اجل (موت) قریب آگئی ہے اور اگر واپس آگیا ہے تو یہ سمجھنا چاہئے کہ

www.waseemziyai.com

صاحب خواب سخت بیماری میں مبتلا ہوگا لیکن آخر کار شفایاب ہو جائے گا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ خواب میں باغ سے مراد مالدار اور صاحب جمال آدمی ہوتا ہے۔

اگر کوئی یہ خواب دیکھے کہ موسم بہار یا گرمی کے دنوں میں خوش وخرم پھر رہا تھا اور اس باغ میں طرح طرح کے میوے لگے ہوئے تھے اور رنگا رنگ کے پھول اور سبزے کھل رہے تھے اور پانی جاری تھا اور وہ اس باغ میں بیٹھا ہوا تھا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ خواب والا شہادت کی موت مرے گا۔ کیونکہ یہ تمام صفتیں جنت کی ہیں۔

اگر کوئی شخص حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی شہر یا کسی جگہ میں دیکھے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس شہر یا جگہ میں نعمت فراخ ہو جائے گی اور وہاں کے لوگوں کے لئے تسلی خاطر حاصل ہو جائے گی۔

اگر کوئی شخص حضرت اسرافیل علیہ السلام کو غمناک دیکھے اور غمنا کی کی حالت میں صور پھونکتے ہوئے دیکھے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ اس ملک میں موت بہت ہوگی اور ظالم ہلاک ہو جائیں گے۔

اگر کوئی شخص خواب میں یہ دیکھے کہ وہ کسی مال کو مال والے کی رضا مندی سے راہ خدا میں خرچ کر رہا تھا تو اس کے خیر وشر کی تعبیر صاحب مال کی طرف پلٹ جائے گی۔

اگر کوئی شخص خواب میں یہ دیکھے کہ کسی مرد کا پستان چوس رہا تھا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ خواب والا بیمار ہو جائے گا اور اگر اس کی عورت حاملہ ہو تو اس کے لڑکا پیدا ہوگا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی خواب میں یہ دیکھے کہ اس کا دل درد کر رہا ہے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ اس کا مال زیادہ ہو جائے گا اور اگر دیکھے کہ اس کے دل کی آنکھیں کھلی ہوئی تھیں تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ خواب والا دین ودنیا کے کاموں کا حریص ہے اور اگر اس کے دل سے خون نکل رہا تھا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ بُرے کاموں سے توبہ کرے گا اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع ہو جائے گا۔

اگر دیکھے کہ اس کے دل سے موتی گر رہے تھے اور وہ موتی اس نے منہ سے پھینک ڈالے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب کافر ہو جائے گا (معاذ اللہ)۔ اور اگر دیکھے کہ موتی اس نے زمین پر سے اُٹھا کر کھالئے ہیں تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ مسلمان ہو جائے گا۔

اگر کسی خواب میں گھڑا یا ٹھلیا نظر آئے تو لونڈی یا خادم سے اس کی تعبیر کرنی چاہئے اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی گھڑا خریدا یا بنایا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ کوئی لونڈی یا غلام خریدے گا یا اس کو کوئی نوکر ملے گا۔

(1) بیر کا خواب میں نظر آنا، مال اور روزی کی علامت ہے۔ (2) خواب میں گدھے کا سم نظر آنا مال کی نشانی ہے۔

www.waseemziyai.com

حضرت امام جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ کے اقوال

حضرت امام جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو خواب میں یہ دکھائی دے کہ وہ ایک سالہ اونٹ پر بیٹھا ہوا تھا۔ تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ غمگین ہوگا اور اگر یہ دیکھے کہ اس کے اونٹ کے کسی اعضاء سے خون بہہ رہا تھا تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ وہ بقدر خون کے سعادت اور نعمت دنیاوی حاصل کرے گا اور اگر دیکھے کہ وہ اونٹ کی مہار کو کھینچ رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ کسی فرمانبردار مرد سے جھگڑے گا۔

خواب میں بادام کا دکھائی دینا، مال کی علامت ہے لیکن اگر بادام چھلکے سمیت دیکھے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ مال کسی قدر رنج اور سختی کے ساتھ ہاتھ آئے گا اور جب بادام بغیر چھلکے کے دیکھے تو یہ علامت اس بات کی ہے کہ مال آسانی سے حاصل ہوگا۔

اگر کوئی دیکھے کہ وہ خواب میں بکری کا گوشت کھا رہا تھا تو اس کی علامت یہ ہے کہ وہ بیمار ہوئے گا اور شفا یاب ہو جائے گا۔

خواب میں پرانا پردہ دکھائی دینا بادشاہ اور رعیت دونوں کے لئے بُرا ہوتا ہے نیا پردہ بادشاہ کے لئے اچھا ہوتا ہے اور رعیت کے لئے بُرا ہوتا ہے۔

اگر کسی کو خواب میں یہ نظر آئے کہ اس کا منہ غبار سے آلودہ تھا تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ اس کو کوئی رنج پہنچے گا۔ بموجب اس آیت کے ''وجوہ یومئذ علیھا غبرۃ ترھقھا قترۃ۔'' (سورۃ عبس) ترجمہ: ''کئی چہرے اس روز (بروز قیامت) ایسے ہوں گے کہ جن پر گرد پڑی ہوگی اور چڑھی آتی ہوگی ان پر سیاہی۔''

اگر کوئی خواب میں یہ دیکھے کہ اس کا گمشدہ یا غائب آدمی سفر سے واپس آ گیا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کا بند کام کشادہ ہو گیا ہے اور اگر دیکھے کہ اس کا غائب اور گمشدہ آدمی متفکر اور غمناک سا تھا تو سمجھے کہ اس کو تکلیف پہنچے گی اور اگر یہ دیکھے کہ اس کا غائب یا گمشدہ آدمی سوار ہو کر سفر سے واپس آیا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ غائب اور گمشدہ آدمی جلدی مال و نعمت لے کر سفر سے واپس آئے گا اور اگر غائب کو پیادہ اور عاجز اور برہنہ (ننگا) دیکھے تو اس بات کی علامت ہے کہ راستے میں اس غائب آدمی کو ڈاکو اور لٹیرے لوٹ لیں گے اور وہ مفلس ہو کر واپس آئے گا۔

اگر کسی کو خواب میں دکھائی دے کہ وہ عناب کے درخت جمع کر رہا تھا، تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ وہ مال تکلیف سے حاصل کرے گا۔ اگر کوئی یہ خواب دیکھے کہ وہ کسی مشہور و معروف اور سرسبز و شاداب جگہ میں ٹھہر گیا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب اس جگہ سے بہت سا نفع اور خیر حاصل کرے گا۔ عقل اور جان کو خواب میں دیکھنا اس امر کی علامت ہے کہ اس کو ماں باپ کا دیدار ہو۔

www.waseemziyai.com

حضرت امام اسماعیل بن اشعث رحمۃ اللہ علیہ کے اقوال

حضرت امام اسماعیل بن اشعث رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ وہ اپنے گھر میں کسی مناسب جگہ پر پیشاب کر رہا تھا تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ وہ اپنے مال کو اپنے اہل وعیال کے کھانے پینے کے لیے خرچ کرے گا لیکن اس کا بدلہ اس کو مل جائے گا۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وما انفقتم من شی ء فھو یخلفه وھو خیر الرازقین۔ (سورۃ سبا)

ترجمہ: ''تم لوگ جو کچھ بھی (بجا طور پر) خرچ کرتے ہو، اللہ تعالیٰ اجر دے دیتا ہے۔''

خواب میں آسمان سے بارش کی طرح آگ کا برسنا اس امر کی علامت ہے کہ اس ملک کے بادشاہ پر کوئی آسمانی بلاء اور مصیبت نازل ہوگی اور اس کے ملک میں بہت سی خون ریزی ہوگی۔

اگر کوئی یہ خواب دیکھے کہ آسمان سے آگ برسی اور اس کی جو چیزیں کھانے پینے کی تھیں۔ وہ اس نے جلا ڈالیں تو اس امر کی نشانی ہے کہ اس کے طاعت کے کام بارگاہ میں قبول ہوں گے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''**بقربان تاکله النار**'' یعنی ایک نیاز جس کو کھا جائے گی آگ۔ اور اگر یہ دیکھے کہ آسمان سے آگ گر رہی تھی۔ لیکن اس نے جلایا کسی کو نہیں۔ تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب کو عذاب الٰہی پہنچے گا یا بادشاہ کی طرف سے اس کو کچھ خوف وخطرہ لاحق ہوگا۔

اگر کوئی خواب دیکھے کہ وہ آگ کی پوجا کر رہا تھا تو یہ سمجھے کہ وہ بادشاہ کا دربان یا سپاہی بنے گا اور اگر اس نے وہ آگ انگارے کی صورت میں دیکھی ہو تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ مال حرام بہت سا جمع کرے گا۔

اگر کوئی دیکھے کہ آسمان سے پتھروں کی بارش ہوئی تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس جگہ کے لوگوں پر کوئی سخت بلا اور عذاب الٰہی نازل ہوگا، بموجب اس آیت کے: ''**و امطرنا علیھم حجارة من سجیل**'' یعنی ہم نے ان پر پتھر سنگریزے۔

اگر کوئی دیکھے کہ آسمان سے گیہوں اور جو برس رہے تھے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ اس ملک میں طرح طرح کی نعمتیں بے شمار اور بے قیاس ہوں گی اور مخلوق کو امن وامان اور فراخ روزی حاصل ہوگی۔

www.waseemziyai.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جو واحد بے نیاز قادر ہے۔ مالک صاحب جلال اور زندہ اور خالق ہے۔ مخلوق کا رزاق اور دلوں کا عالم ہے۔ آسمان اور روشن ستاروں کا خالق ہے۔ غیب کا عالم اور راز کو جاننے والا ہے۔ ظاہر اور باطن ہے اول اور آخر ہے۔

درود اور سلام حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر نازل ہو کہ تمام انبیاء علیہم السلام پر کہ سردار اور سند اور فخر کرنے والے ہیں۔

ابوالفضل حسین بن براہیم محمد تقلیسی اس طرح بیان کرتا ہے کہ جب میں کتاب صنعۃ الابدان کی تصانیف سے فارغ ہوا تو میں نے اصل تعبیر کی کتابوں کو دیکھا اور پڑھا، جو لوگوں نے تالیف کی تھیں۔ مجھے کوئی کتاب جامع اور واضح نہیں ملی کہ جس میں اس علم کے استادوں کے اقوال سے ہر ایک خواب کی تاویل دلیل اور سند کے ساتھ بیان ہو اور ایک خواب کے نکالنے کا طریقہ حروف تہجی کی ترتیب پر واضح ہو۔ جب اس طرز کی کوئی مفید کتاب نہ ملی تو میں نے اس بارے میں کوشش کر کے اور تکلیف اٹھا کر یہ کتاب مرتب کی۔

اور یہ کتاب سلطان المعظم کی نظر اقدس میں گزارنی، جو شاہنشاہ اعظم، عرب اور عجم کے بادشاہوں کا سلطان ہے، سب گروہوں کی گردنوں کا مالک ہے۔ دنیا کی عزت، غازیوں کا فریادرس، مشرکوں کا قاتل، روم، دمشق اور شام اور فرنگستان کا سلطان ہے۔ ابوالفتح قزل ارسلان بن مسعود ناصر امیر المؤمنین، اللہ تعالیٰ اس کی عمر دراز کرے۔

میں نے سب طرح کی خوابوں کو حروف معجم کی طرز پر سلیس فارسی میں جمع کر دیا اور انہی کتابوں میں سے لکھا جو اس نفیس علم میں نہایت مشہور اور معروف ہیں۔ جن کے نام یہ ہیں:

(1) کتاب وصول، حضرت دانیال علیہ السلام۔ (2) کتاب تقسیم، امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ۔ (3) کتاب جامع، علامہ محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ۔ (4) کتاب دستور، ابراہیم کرمانی۔ (5) کتاب ارشاد، حضرت جابر مغربی۔ (6) کتاب تعبیر، حضرت اسماعیل بن اشعث۔ (7) کتاب کنز الرؤیا مامونی۔ (8) کتاب بیان التعبیر، عبدالروس۔ (9) کتاب تعبیر، حافظ بن اسحاق۔ (10) کتاب حمل الدلائل والمنات۔ (11) کتاب مبادی مبادی التعبیر۔ (12) کتاب ایضاح التعبیر فخری۔ (13) کتاب کافی الرؤیا۔ (14) کتاب تعبیر بطاؤس۔ (15) کتاب مفرح الرؤیا۔ (16) کتاب تحفۃ الملوک۔ (17) کتاب منہاج التعبیر خالد اصفہانی۔ (18) کتاب مقدمہ التعبیر۔ (19) کتاب حقائق الرؤیا۔ (20) کتاب وجین محمد بن شاہوید۔

www.waseemziyai.com

(21) کتاب متفرق از کیمات۔ اور کتابیں جو لوگوں نے اس علم میں تصنیف کی ہیں۔

مذکورہ بالا جماعت کے کلام کو اختیار کر کے پہلے ہر ایک خواب کی ترتیب حرف اول اور دوم اور سوم کی طرز پر، اس کتاب میں مفصل طور پر بیان کی ہے۔ اور میں نے اس کتاب کا نام "کامل التعبیر" رکھا ہے۔ کیونکہ اس علم میں اس کتاب سے عمدہ اور کوئی کتاب اب تک تصنیف نہیں ہوئی ہے اور انصاف یہ ہے کہ اس کتاب کی ہر ایک شخص کو ضرورت ہے اور جو شخص اس تعبیر نامہ کو نگاہ میں رکھے گا وہ تمام تعبیروں سے بے پرواہ ہوگا۔

اور اس عاجز نے استادوں کے فرامین میں سے چھ شخصوں کے فرمان زبانی یاد کیے ہیں، جو ہر ایک اپنے اپنے زمانہ میں یگانہ روزگار اور حکیم وقت گزرا ہے اور زمانے میں نجیب النسب ہے۔

(1) حضرت دانیال علیہ السلام (2) حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ (3) حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ (4) حضرت امام جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ (5) حضرت امام ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ (6) حضرت امام اسماعیل بن اشعث رحمۃ اللہ علیہ۔

سب سے پہلے جن چیزوں کی تعبیر بیان کرنے والوں کو سخت ضرورت ہے، سولہ (16) فصلوں میں بیان کی ہیں اور ہر ایک بات کو برمحل بیان کیا ہے تاکہ پڑھنے اور سیکھنے والے پر آسانی ہو اور کوئی دقیقہ اس پر پوشیدہ نہ رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اور اللہ ہی بہتری کو خوب جانتا ہے۔

فصل پہلی: خواب کا مزاج پہچاننا۔ فصل دوسری: خواب کی قسموں کا جاننا۔ فصل تیسری: یاد نفس اور روح کے بیان میں۔ فصل چوتھی: خوابوں کی درستی کی معرفت میں۔ فصل پانچویں: سچے اور جھوٹے خواب کی شناخت میں۔ فصل چھٹی: خوابوں کے فرق کے جاننے کے بیان میں۔ فصل ساتویں: متفرق خوابوں کی معرفت میں۔ فصل آٹھویں: علم جعفر اور فال کے جاننے میں۔ فصل ناویں: بھولے ہوئے خواب کی معرفت میں۔ فصل دسویں: جاہلوں کے قول کے مطابق خواب کے چھوڑنے کے بیان میں۔ فصل گیارہویں: حالت خواب کی شناخت میں۔ فصل بارہویں: شرط اور ادب تاویل کی معرفت میں۔ فصل تیرہویں: سائل اور تعبیر بیان کرنے والے کی اقسام میں۔ فصل چودہویں: تعبیر کے طریقوں کی معرفت میں۔ فصل پندرہویں: ان مسائل کے جاننے کے بارے میں کہ جن کی تعبیر برعکس ہوتی ہے۔ فصل سولہویں: اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے دیدار کی تاویل میں اور فرشتوں اور انبیاء کرام کی زیارت کے بیان میں۔ اور ان سب کو ترتیب وار بیان کیا ہے۔

خوابوں کی تعبیر کے علم کے طرز طریقے کو ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔ یعنی اگر خواب کے پہلے الف اور یا ہو تو اس کے حروف الف اور یا میں تلاش کرو۔ اور اگر حرف اول الف اور تا ہو تو حرف الف اور تا میں ڈھونڈو۔ اور اگر پہلا حرف الف اور یا، یا الف اور میم ہے تو اس ترتیب کو دوسرے حروف کے شروع میں نگاہ رکھو تاکہ خوابوں کا نکالنا آسان ہو جائے اور کسی دانا پر بھی یہ طریقہ پوشیدہ نہ رہے گا۔

اس کتاب میں تاویل کے ساتھ نگاہ کرنی چاہئے اور ہم اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے اس کتاب کے ختم کرنے کی

www.waseemziyai.com

توفیق چاہتے ہیں اور رب الارباب سے دونوں جہان کے ثواب کی امید رکھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہی خوب جانتا ہے۔

علم تعبیر کی فضیلت

تم اس بات کو یاد رکھو کہ علم تعبیر نہایت بزرگ اور شریف ہے اور اللہ تعالیٰ نے یہ علم حضرت یوسف صدیق علیہ الصلوٰۃ والسلام کو عطا فرمایا تھا۔ چنانچہ قرآن مجید میں ارشاد ہے:

و کذلك مکنا لیوسف فی الارض ولنعلمه من تاویل الاحادیث۔ (سورۃ یوسف)

ترجمہ: ''اور ہم نے اسی طرح زمین پر یوسف کو عزت دی اور خوابوں کی تعبیر سکھائی۔''

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا ہے کہ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے جو کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا فرمایا تھا کہ آپ نے ایک مقرب فرشتہ کو خواب میں یہ کہتے ہوئے دیکھا ''اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کو بشارت ہو کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو انبیاء علیہم السلام کی جماعت میں شامل کیا اور آپ کو برگزیدہ کر کے خاتم الانبیاء علیہم السلام کی جماعت میں شامل کیا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خواب سے بیدار ہوئے تو اس کو خواب نبوت اور خیر و اقبال فرمایا۔

اور پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معراج شریف کے بعد دوسرا خواب دیکھا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

لقد صدق الله رسوله الرؤیا بالحق لتدخلن المسجد الحرام انشاء الله امنین محلقین رؤسکم ومقصرین لاتخافون ط فعلم مالم تعلموا فجعل من دون ذلك فتحا قریبا۔

ترجمہ: ''بے شک اللہ تعالیٰ نے سچ کر دیا اپنے رسول کا سچا خواب۔ بے شک تم ضرور مسجد حرام میں داخل ہو گے اگر اللہ چاہے امن و امان سے اپنے سروں کے بال منڈواتے ترشواتے بے خوف۔ تو اس نے جانا جو تمہیں معلوم نہیں۔ تو اس سے پہلے ایک نزدیک آنے والی فتح رکھی''۔

اور حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قصہ میں ارشاد فرمایا ہے:

انی اری فی المنام انی اذبحك فانظر ماذا تری ط قال یآبت افعل ماتومر ستجدنی ان شاء الله من الصابرین۔ فلما اسلما وتله للجبین۔ و نادینه ان یآبراهیم قد صدقت الرؤیا ج انا کذلك نجزی المحسنین۔

ترجمہ: ''اسماعیل! میں نے تجھے خواب میں دیکھا ہے کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں۔ تو اپنی رائے بتا۔ جواب دیا۔ اے میرے باپ! جو آپ کو حکم ہوا ہے بجا لائیں، آپ مجھے انشاء اللہ صابروں میں پائیں گے۔ جب دونوں اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطیع ہوئے اور حضرت ابراہیم نے حضرت اسماعیل کو ماتھے کے بل پچھاڑا تو اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کو پکارا اور کہا کہ اے ابراہیم! تو نے خواب

www.waseemziyai.com

سچ کر دکھلایا۔ تحقیق ہم محسنین کو اسی طرح جزا دیتے ہیں۔''

اور حدیث شریف میں اس طرح آیا ہے کہ یہ علم حضرت یوسف علیہ السلام کا معجزہ تھا اور جو علم نبوت کا معجزہ ہو وہ یقیناً بزرگ اور شریف علم ہوتا ہے اور بعض انبیاء علیہم السلام جو نبی مرسل نہ تھے، ان کو خواب کرامت ہوتی تھی۔

حضرت ہشام بن عروہ رضی اللہ عنہ اپنے باپ حضرت عروہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے اس آیت کی تعبیر میں ارشاد فرمایا ہے: **لهم البشرى فى الحيوة الدنيا** (ان کے لئے دنیا کی زندگی میں خوشخبری ہے)

اس بشارت سے مراد اللہ تعالیٰ کی مراد نیک لوگوں کا خواب ہے کہ نیک مرد خود خواب دیکھتا ہے یا کوئی اس کے لئے خواب دیکھتا ہے۔ خواب کی تصدیق میں بہت سی آیات اور احادیث موجود ہیں اگر سب کو ذکر کیا جائے تو کتاب بہت بڑی ہو جائے گی۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ **الرؤيا جزء من ستة واربعين جزءا من النبوة**۔ (سچا خواب دیکھنا نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے)

یہ حدیث شریف اس لئے ارشاد فرمائی ہے کہ آپ چالیس سال کے تھے کہ جب آپ پر وحی ربانی آئی۔ اور تریسٹھ سال کے تھے کہ جب دنیا سے سفر کیا۔ وحی اور دنیا سے سفر کے درمیان تئیس سال کا عرصہ ہے اور جو کچھ چاہتے تھے خواب میں چھ ماہ کے عرصے میں دیکھتے تھے۔ چھ ماہ کو تئیس سال کے سال وہی نسبت ہے جو ایک پہر کو چھیالیسویں پہر کے ساتھ نسبت ہے۔ اس لئے آپ نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ سچا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔

دوسرے انبیاء کرام کا بھی یہی حال تھا کہ جو کچھ وہ چاہتے تھے اللہ تعالیٰ ان کو خواب میں دکھاتا تھا اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ سچا خواب وحی ہے تاکہ دیکھنے والا نیک و بد سے مطلع ہو جائے تاکہ دُنیا میں مغرور نہ ہو اور امر حق سے غافل نہ رہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہوئے آپ کے سامنے آپ کے اصحاب غمناک آئے اور عرض کی کہ آپ ہم کو بہتری کی خبر دیتے تھے۔ اگر خدانخواستہ آپ فوت ہو گئے تو ہم کو کار دین کے اختیار کرنے کی کون ترغیب دے گا؟ اور اس کی تدبیر کی خبر کیسے جانیں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''**بعد وفاتى ينقطع الوحى ولا ينقطع المبشرات**'' (میری وفات کے بعد وحی منقطع ہو جائے گی۔ لیکن سچی خوابیں منقطع نہ ہوں گی)۔ صحابہ کرام نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مبشرات کیا چیز ہے؟ آپ نے فرمایا: ''**الرؤيا التى براها له المرء الصالح او يرى له**۔'' (نیک خواب جس کو نیک مرد خود دیکھے۔ یا اس کے لئے کوئی اور دیکھے)۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ صحابہ کرام کو فرما رہے تھے کہ اگر کوئی تم سے اچھا اور نیک خواب دیکھے تو اللہ تعالیٰ کا شکر بجالائے اور وہ خواب

www.waseemziyai.com

اپنے بھائیوں اور دوستوں کو بھی بتائے اور اگر نیک آدمی برا خواب دیکھے تو "اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔" (میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ راندۂ درگاہ شیطان سے پناہ مانگتا ہوں) پڑھے اور شیطان کی شرارت سے اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آجائے اور وہ خواب کسی کو نہ سنائے تاکہ اس کو نقصان اور تکلیف نہ پہنچے۔

امیر المومنین حضرت علی بن ابو طالب کرم اللہ وجہہ، سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ جب مومن کوئی خواب دیکھے یا اس کو خواب میں دیکھیں تو اس خواب کی تعبیر جاننی واجب ہے۔ تاکہ نیک خواب سے خوشی کا حصہ پائے۔ اور بُرے خواب سے بچے۔ یعنی دعا اور عبادت اور صدقات میں مشغول ہو جائے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے کہ جو کوئی شخص علم کو طلب کرتا ہے۔ اس کی اصل سے نہیں پھرتا اور اس کا قیاس تعبیر کو نہیں چاہتا ہے اور اس طریق کو معلوم کرتا ہے۔ لیکن یہ علم اصل سے لوگوں کے احوال کے ساتھ صورت اور صفت، قدر اور دیانت، ہمت اور ارادت اور اوقات کے اختلاف سے بدل جاتا ہے۔ کیونکہ گاہے تعبیر مثل اور اصل سے ہوتی ہے اور گاہے ضد کے ساتھ ہوتی ہے۔ گاہے واقفیت ہوتی ہے، اور پریشان خواب بے اصل ہوتے ہیں۔

اور یاد رکھو کہ ہر علم کا عالم دوسرے علم سے بے پرواہ ہوتا ہے۔ لیکن تعبیر بیان کرنے والے کے لئے علم تفسیر قرآن اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کا علم اور امثال عرب و عجم اور نوادر، اور اشتقاق لغت اور الفاظ متداولہ جو کہ دوسرے سے نکلتے ہیں ان سب کا جاننا ضروری ہے اور تعبیر بیان کرنے والے کے لیے بزرگ اور لطیف اور ادیب ہونا بھی ضروری ہے اور تعبیر بیان کرنے والے کے حالات اور خصائل اچھی طرح جانتا ہو۔ اور ہر وقت حقانی توفیق کا طالب رہے تاکہ اللہ تعالیٰ اپنے کرم کے ساتھ اس کی راہنمائی کرے اور اس کی زبان صالح اور نیک ہو اور یہ باتیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایسے آدمی کو عنایت ہوتی ہیں کہ اس کی طبیعت سب باتوں سے پاک ہو اور لقمۂ حرام کھانے اور بیہودہ باتوں سے بچنے والا ہو اور گناہوں سے بچتا ہو تاکہ جماعت علماء اور انبیاء علیہم السلام کے وارثوں میں شمار کیا جائے۔ لہٰذا عقلمندوں پر علم تعبیر کا جاننا اور اس کے قواعد کا پہچاننا واجب ہے۔ کیونکہ اس علم کی طرف ہر ایک شخص عام اور خاص، جاہل اور عالم کو محتاجی ہے۔ لیکن وہ لوگ کہ جن کی شان میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

اولٰئک کالا نعام ط بل ھم اضل اولٰئک ھم الغافلون۔

ترجمہ "کہ وہ لوگ چوپاؤں جیسے ہیں۔ بلکہ ان سے بھی زیادہ گمراہ ہیں، وہی لوگ غافل ہیں۔"

ایسے لوگوں کو ضرورت نہیں ہے۔ اور اللہ تعالیٰ بہتری کو خوب جانتا ہے۔

فصل نمبر ۱..... خوابوں کے مزاج کی شناخت

ہم اس فصل میں بیان کریں گے کہ خواب کی حد اور مزاج کیا ہے؟ یہ بات جان لو کہ حکماء نے بیان کیا

www.waseemziyai.com

ہے کہ نیند کا سبب تر بخارات کا وجود ہے جو جسم سے دماغ کی طرف چڑھتے ہیں، جس کے باعث تمام حواس اور قوتیں آرام پاتی ہیں اور غذا ہضم ہوتی ہے اور جسم کی اخلاط پختہ ہوتی ہے۔ طبیب اس خواب کو طبیعی کہتے ہیں اور بعض کے نزدیک خواب دماغ کے افعال میں سے ایک فعل کلام ہے اور وہ طبعی فعل ہے۔ کیونکہ اس سے قوتوں کو آرام پہنچتا ہے۔ خاص کر قوت تخیل اور قوت فکر کو زیادہ آرام پہنچتا ہے اور یہ قوتیں جن کا ذکر ہوا ہے روح نفسانی کی حرکات ہیں اور ان کی جگہ دماغ ہے اور خواب سے آرام ہے۔ تاکہ روح نفسانی تسکین پائے۔

اس پر دلیل یہ ہے کہ جو شخص تحصیل علم میں مشغول ہوتا ہے اور رات کو گرمی اور خشکی اس کے مزاج پر غالب آجاتی ہے تو روح نفسانی کثرت حرکت سے سست اور کمزور ہو جاتی ہے اور یہیں سے دکھ اور بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ ان کا علاج سرد اور تر چیزیں ہیں۔ جیسے روغن بنفشہ اور روغن نیلوفر اور جو چیزیں ان کے مناسب ہیں۔

حکماء بیان کرتے ہیں کہ خواب دو قسم پر ہے۔ ایک طبعی، دوسری غیر طبعی، لیکن طبعی حرارت عزیزی کو قائم رکھتی ہے۔ یعنی اصلی گرمی کو اندر میں دبائے رکھتی ہے۔ لیکن چند قوائے نفسانی سست ہو جاتی ہیں۔ کیونکہ ان پر تری غالب ہو جاتی ہے لیکن رنج دور کرنا چاہئے اور جو فضلات جسم میں جمع ہو گئے ہیں، ان کو پسینہ کے ذریعے رفع کرنا چاہئے۔

غیر طبعی خواب تین قسم کی ہے۔ ایک جسم کے فساد مزاج سے۔ دوسری بعض اخلاط یعنی خون اور صفرا اور سودا کے زیادہ ہونے سے۔ تیسری غلیظ غذاؤں کے کھانے سے ہے یا سرد اور تر دماغ کے افکار ہیں۔ ان کا سرمایہ دماغ کی سردی اور تری سے زیادہ ہوتا ہے۔ اسی لیے گرم و خشک دماغ والے کو نیند بہت ہی کم آتی ہے اور گرم و تر دماغ کو بہت نیند آتی ہے۔

اگر کوئی شخص اعتراض کرے اور کہے کہ تم نے جانا ہے کہ خواب ایک فعل افعال سرد تر اور راحت و قوت متخیلہ و متفکر ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ ہم کو عقل کے ذریعے معلوم ہوتا ہے کہ بیٹھنا کھڑے ہونے سے راحت ہے۔ راحت کی وجہ سے بیداری اور دماغی قوتوں کی آسائش ہے۔ لہٰذا یقیناً خواب دماغ کے افعال میں سے ایک فعل ہے اور خواب طبعی اور غیر طبعی، ضعف قوت تخیل۔ وقوت ذکر و قوت فکر کی شرح۔ قول حکمائے قدیم سے سند اور دلیل کے ساتھ ہم نے اپنی کتاب کفایت الطب میں مفصل طور پر بیان کر دیا ہے۔

فصل نمبر ۲..... خواب کی اقسام

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب اصل میں دو چیزیں ہیں۔ ایک حقیقت حال پر آگاہ کرنے والی ہے۔ دوسری سرانجام کار سے اطلاع دینے والی ہے اور ان دو کی چار قسمیں ہیں۔ ایک خواب امر کرنے والی ہے اور دوسری خواب منع کرنے والی ہے۔ تیسری خواب ڈرانے والی ہے۔ چوتھی خواب خوشخبری دینے

www.waseemziyai.com

والی ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: الرؤیا ثلثة اقسام من الله تعالی و بشری للمومنین فی حیاتهم۔ یعنی خواب تین قسم کے ہیں، اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو ایمان والوں کے لئے بشارت ہے۔ دوسری قسم میں "من الشیطان الذین امنوا۔" ایمان والوں کے لئے شیطان کی طرف سے۔ تیسری قسم اضغاث واحلام پریشان کن خیالات ہیں۔

یعنی خواب کی تین قسمیں ہیں۔ ایک اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو اہل ایمان کے لئے دنیا کی زندگی میں بشارت ہیں۔ دوسری قسم کے خواب وہ ہیں جو لوگوں کو غم میں ڈالتے ہیں۔ تیسری قسم کے خواب پریشان کُن ہیں۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا ہے کہ اصل خواب تین قسم پر ہیں۔ ایک کو حکم، دوسرے کو متشابہ تیسرے کو اضغاث واحلام کہتے ہیں اور اضغاث واحلام یعنی پریشان خواب چار گروہ دیکھتے ہیں۔ اول گروہ کہ جس کی طبیعت فساد کی طرف مائل ہے۔ دوسرا گروہ جو شراب خور ہے۔ سوم گروہ وہ جو خلط سودا پیدا کرنے والی غذا کھاتا ہے۔ جیسے بینگن، مسور، نمک ملا ہوا گوشت اور جو چیزیں ان کے مشابہ ہیں۔ چہارم گروہ، نابالغ بچے ایسے خواب دیکھتے ہیں۔

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے کہ خواب دو قسم پر ہیں۔ ایک خواب حکم، یعنی فیصلہ کن جو درست ہوتا ہے۔ دوسرے اضغاث واحلام جو پریشان اور پراگندہ خواب ہوتے ہیں۔ اضغاث گھاس کے جنگلوں کو کہتے ہیں۔ یعنی گھاس کی طرح سبزہ زاروں میں تفریق ہیں اور خواب پریشان بھی تین قسم پر ہیں۔ بعض طبیعت اور خواہش کے غلبے سے اور بعض شیطان کی نمائش سے اور بعض نفس کی اپنی باتوں سے اور یہ تینوں قسمیں درست نہیں ہوتی ہیں۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب تین قسم پر ہیں۔ ایک قسم اللہ تعالیٰ کی طرف سے بشارت ہے۔ دوسری قسم شیطان کا وسوسہ ہے۔ تیسری وہ بات ہے جو خیال میں جم جاتی ہے اور شوق کی وجہ سے اسی کو خواب میں دیکھتا ہے۔ سچی خواب فرشتے کی صورت ہوتی ہے کہ کرنے کی چیز کی لوح محفوظ سے بشارت دیتا ہے۔ یا باخدا شخص کو آتی ہے کہ قبل از وقت اس کی شرارت سے محفوظ رہے لہٰذا جو شخص خواب دیکھ کر بھول جائے۔ تعبیر بیان کرنے والا اس سے توبہ کرائے اور خواب کو بھلانا گناہ ہے۔ کیونکہ خواب کا نمائندہ ممکن ہے کہ لوح محفوظ سے کوئی فرشتہ ہو۔

حضرت مغربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ خواب دو قسم پر ہیں۔ ایک سچا، دوسرا جھوٹا۔ اور سچا خواب تین قسم پر ہے۔ ایک بشارت، دوسرے تنبیہ اور تیسرے الہام۔ بشارت کی قسم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتہ لوح محفوظ پر مقرر کیا ہوا ہے۔ تاکہ جو کچھ نیکی اور بدی فرزند آدم کے سر پر آنے والی ہے اس کو اس کی اطلاع کرے۔ اور اس پر خواب میں ظاہر کرے۔ اس فرشتے کا نام ملک الرؤیا ہے۔

www.waseemziyai.com

کسی کو بشارت پہنچانی ہوتی ہے تو خواب کا فرشتہ خواب میں ظاہر کر دیتا ہے اور خواب تنبیہ یہ ہے کہ فرشتہ اس کو ڈراتا ہے اور آنے والی چیز کی اطلاع دیتا ہے تا کہ خواب دیکھنے والا اطاعت کرے اور گناہ سے بچے۔ اور اس کے باعث عبادت اور فرماں برداری کرے اور آنے والی بدی سے امن میں رہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

و توبو الی اللہ ایھا المؤمنون لعلکم تفلحون۔ (سورۃ نور)

ترجمہ: ''ایمان والو! اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرو، تا کہ تم نجات پاؤ۔''

خواب الہام یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ فرشتے کو حکم دیتا ہے کہ وہ بندے کو خواب میں الہام کرے تا کہ وہ صدقہ دے اور جہاد کرے اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے اور گناہ سے بچے اور مخلوق کے ساتھ احسان کرے۔

جھوٹے خواب کی بھی تین قسمیں ہیں۔ ایک خواب ہمت، دوسرا خواب علت، تیسرا خواب شیطانی یعنی پریشان و پراگندہ۔ خواب ہمت یہ ہے کہ جو کچھ بیداری میں سوچ رہا تھا۔ وہی کچھ خواب میں دیکھے۔ اس خواب کی اصل نہیں ہے اور نہ اس کی تاویل ہے۔

اور خواب علت یہ ہے کہ دکھیا آدمی جسمانی درد سے روتا ہے اور نیند میں وہی درد غلبہ کرتا ہے۔ بُری اور خوفناک چیزیں خواب میں دیکھتا ہے اور اس خواب کا باعث درد ہوتا ہے۔ اس خواب کی بھی اصلیت نہیں ہوتی۔

اور خواب شیطانی یہ ہے کہ جسم ٹوٹتا ہے یا ناممکن چیز کو دیکھتا ہے۔ اس کی بھی تعبیر اور تاویل نہیں ہوتی۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا فرمان بطور نقل ہے۔

وما نحن بتاویل الاحلام بعالمین۔

ترجمہ: ''ہم پریشان خوابوں کی تاویل کے عالم نہیں ہیں۔''

امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ارشاد فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے عجائبات خلق میں سے ایک خواب بھی ہے اور نیز جو کچھ خواب میں اللہ تعالیٰ کے حکم سے نیکی اور بدی پہنچتی ہے۔

علامہ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب کے عجائبات میں سے ایک یہ ہے کہ آدمی خواب میں خیر اور منفعت راحت دیکھتا ہے یا شر اور آفت دیکھتا ہے اور وہی خیر اور راحت یا شر اور آفت بالکل بیداری میں دیکھتا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ بہت سے لوگ کند ذہن اور کند زبان ہوتے ہیں۔ جو بیداری میں لمبی بیت یا شعر یاد نہیں کر سکتے خواب میں پڑھ کر یاد کر لیتے ہیں اور بیداری میں درست پڑھتے ہیں اور بہت سے جاہل لوگ ہوتے ہیں کہ حکمت کی باتیں اور اچھے الفاظ بیان کرتے ہیں جو انہوں نے خواب میں یاد کئے ہیں جن کو کوئی حکیم اور عالم بھی بیان نہیں کر سکتا ہے اور بیداری میں بھی ان کو درست بیان کر دیتے ہیں۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عجائبات میں سے ایک یہ ہے کہ خواب میں ایک

www.waseemziyai.com

جھوٹ چیز نظر آتی ہے اور اس کی تاویل اس کے فرزند یا برادر پر واقع ہوتی ہے۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے خواب میں دیکھا کہ ابوجہل مسلمان ہوگیا ہے۔ حالانکہ اس کے بعد حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ ابوجہل کے بیٹے اسلام لائے۔

ایک شخص نے خواب میں دیکھا کہ اسد امیر اسلام لایا ہے۔ حالانکہ اس کے بعد حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے بیٹے اسلام لائے۔

یہ بھی ہوتا ہے کہ بچے کے خواب کی تاویل ماں پر پڑتی ہے اور غلام کے خواب کی تاویل آقا پر پڑتی ہے۔ ایسے عجائبات خواب میں بہت ہوتے ہیں۔ اگر سب کو بیان کیا جائے تو کتاب طویل ہو جائے گی۔

فصل نمبر ۳..... نفس اور روح کو یاد کرنے کا بیان

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

الله يتوفى الانفس حين موتها والتى لم تمت فى منا مها فيمسك التى قضى عليها الموت ويرسل الاخرى الى اجل مسمى۔ (سورۃ الزمر)

ترجمہ: ''اللہ تعالیٰ موت کے وقت جانوں کو بھرپور کر دیتا ہے اور اس کو جو اپنی نیند میں نہیں مرا ہے جس پر موت کا حکم ہے اس کو روک لیتا ہے اور دوسرے کو وقت مقرر تک چھوڑ دیتا ہے۔''

علماء اور حکماء کے درمیان نفس اور روح کے بارے میں اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ دونوں ایک ہی چیز ہیں۔ نفس اور روح کے معنے جان ہیں۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ کلام عرب میں نفس کے آٹھ معنے ہیں۔ جان، خون، آب، منی، براز، ہمت، جسم، ہاتھ اور روح کے بارہ معنے ہیں۔ جان، باد، کلام، روح القدس، باران، وحی، افسون، مسیح، مریم، زندگانی، فرشتہ، رحمت اللہ تعالیٰ۔

حکماء کی دوسری جماعت کہتی ہے کہ خواب دیکھنے والے کی جان جسم سے نکلتی ہے اور آسمان پر جاتی ہے اور دیکھے سنے کو یاد رکھتی ہے اور بیداری کے وقت پھر جان جسم میں آتی ہے۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے جو شخص طہارت سے سوتا ہے اور ذکر حق زبان پر جاری رکھتا ہے۔ اس کی جان کو آسمان پر لے جاتے ہیں۔

بعض تعبیر بیان کرنے والے کہتے ہیں کہ یہ حدیث حضور اکرم ﷺ کا فرمان نہیں ہے۔ اگر سوئے ہوئے آدمی کی جان جسم سے جاتی ہے تو سانس لینے کی حرکات باقی نہ رہتیں۔ چونکہ سونے والا سانس لیتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ جان جسم میں رہتی ہے۔

بعض لوگ جان اور روان میں فرق کرتے ہیں کہ سوتے وقت روان جسم سے نکلتی ہے اور جہان کے گرد گھوم کر پھر جسم میں آجاتی ہے اور دیکھی ہوئی چیز کی جان کو خبر دیتی ہے۔

اس کی یہ دلیل بیان کرتے ہیں کہ جان قرص آفتاب کے مشابہ ہے کہ روان آفتاب کی روشنی کے مشابہ

www.waseemziyai.com

ہے۔ جیسے آفتاب کا قرص چوتھے آسمان پر ہے اور اس کی روشنی سارے جہان میں ہے۔

حکماء کی ایک اور جماعت کہتی ہے کہ جان اور روان ایک ہی چیز ہے۔ دونوں میں فرق نہیں ہے۔ کیونکہ ان کی صفت قیاس عقلی کے مطابق ایسی ہے جیسے برف پانی سے اور پانی برف سے ہے۔

اور حکیم ارسطاطالیس کے نزدیک نفس مبداء اول ہے اور روح سے زیادہ شریف اور بزرگ ہے۔ لیکن نفس اور روح کی حقیقت ہم نے اپنی کتاب سماز المسائل میں بیان کر دی ہے اور حکماء کے اقوال اس میں درج کر دیئے ہیں۔

اہل سنت و جماعت کے نزدیک روح امر رب ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ویسئلونك عن الروح قل الروح من امر ربی۔

ترجمہ: ''جو لوگ آپ سے روح کی بابت سوال کرتے ہیں، ان سے کہہ دو کہ روح میرے رب کا امر ہے۔''

ہمارا اعتماد اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کے فرمان پر ہے اور حکماء کے اقوال بیان کرنے کا یہ منشاء ہے کہ یہ کتاب ان کے ذکر سے بھی خالی نہ رہے۔ اللہ تعالیٰ ہم کو دین الٰہی اور سنت نبوی ﷺ پر قائم رکھے اور توفیق و کرامت عطا فرمائے۔

فصل نمبر ۴..... علامتوں کے ساتھ خواب کی درستی کا بیان

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جو شخص اپنی خواب کو علامت اور دلیل کے ساتھ اچھی طرح جاننا چاہتا ہے، حتی المقدور طہارت کے ساتھ دائیں پہلو پر جائے۔ خدا تعالیٰ کو یاد کرے اور بہت کھانا نہ کھائے۔ کیونکہ بسیار خور اللہ تعالیٰ کو یاد نہیں کرتا ہے۔ اس کا معدہ پر رہتا ہے اور کھانے کے بخارات دماغ کو پہنچتے ہیں اور طبیعت ان سے متخیل ہو جاتی ہے۔ اس لئے بہت سے مختلف اور پریشان خواب دیکھتا ہے اور بہت تھوڑا کھانا بھی نہ کھائے۔ کیونکہ خالی معدہ بھی سو کر پریشان خواب دیکھے گا اور نیند کے وقت نہ بہت بھوکے اور نہ بہت سیر ہی ہونا چاہئے۔ تاکہ جو خواب دیکھے راست اور درست رہے اور خواب کو بھلانا بھی نہیں چاہئے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور عرض کرنے لگا کہ یا رسول اللہ! کل میں نے ایک ایسا خواب دیکھا، اور ایک پریشان خواب بیان کرنے لگا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تو نے کیا کھایا تھا؟ اس نے عرض کیا کہ میں نے بہت سی کھجور کھائی تھی۔ آپ نے فرمایا کہ اس خواب کی تعبیر درست نہ آئے گی۔

اسی لئے تعبیر بیان کرنے والا بہت سے خوابوں کی تعبیر بیان کرتے ہیں اور درست نہیں نکلتی ہے۔ تعبیر بیان کرنے والا ان باتوں سے غافل نہ رہے اور سائل سے پوچھ لے۔ پھر تعبیر بیان کرے۔ تاکہ بیان کی ہوئی بات سچی اور درست رہے اور خواب کی درستی کی علامتیں یہی ہیں جو بیان ہو چکی ہیں۔

www.waseemziyai.com

علامہ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ انسان بہت سے خواب دیکھتا ہے چونکہ وہ ان کے لائق نہیں ہوتا ہے۔ لہٰذا ان کی تاویل اس کے رشتہ داروں بھائی یا باپ یا فرزند پر لوٹ آتی ہے اور بسا اوقات خواب کی تاویل اس کی موت پر تاثیر کرتی ہے اور ہم اس بارے میں حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ ابوجہل کی بابت تقریر کر چکے ہیں کہ باپ پر خواب دیکھا اور اس کی تاویل بیٹے پر ظاہر ہوئی۔ جیسے نابالغ بچے کی خواب کی تاویل اس کے باپ پر واقع ہوتی ہے۔ جب اس اصول پر غور کیا جائے گا تو تعبیر بیان کرنے والے کو کوئی مشکل پیش نہ آئے گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ گاہے خواب دیکھنے والے کو رنج اور آفت نظر آتی ہے۔ لیکن تاویل اس کے خلاف ہوتی ہے۔ جیسا کہ غم اور خوف کی تاویل شادی اور خوشی ہے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: ''**ولیبد لنهم من بعد خوفهم امنا** ۔ ہم ان کے خوف کو ضرور امن کے ساتھ بدل دیں گے۔''

اور بادشاہ اور دشمن کے خوف سے بھاگنا اور جو اس کے مشابہ ہے اس امر کی دلیل ہے کہ خواب والا خدا تعالیٰ کی پناہ اور امان میں رہے گا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: **ففر وا الی الله انی لکم منه نذیر مبین**۔ اللہ تعالیٰ کی طرف بھاگو۔ میں تم کو اس سے کھلم کھلا ڈراتا ہوں۔ ہم ان سب کو انشاء اللہ تعالیٰ ان کے محل پر بیان کریں گے۔

فصل نمبر ۵..... سچے اور جھوٹے خواب کی شناخت

حضرت دانیال علیہ السلام نے ارشاد فرمایا ہے کہ لوگ شکل اور صورت، طبیعت اور قدر، بات اور خواب میں مختلف ہیں۔ اختلاف شہر اور ہوا کی وجہ سے ایک کا خواب دوسرے کے مطابق نہیں ہوتا ہے۔ جب کسی کی طبیعت پر گوشت اور حلوا اور شراب وغیرہ چیزوں کے استعمال سے خون غالب ہوگا تو خواب میں فصد اور سینگی اور لبوں کی حرکت اور خوشی اور آواز راگ و رنگ کی اور جو کچھ اس کے مشابہ ہے سنے گا تو تعبیر بیان کرنے والا اس کے چہرے اور رنگ اور جسم کی فربہی اور خوشی و خرمی کو دیکھے کہ یہ خواب خون کے غلبہ سے ہے اور اس کی کچھ بھی اصلیت و تعبیر نہیں ہے۔

اور جب کسی کی طبیعت پر گرم اور خشک چیزوں کے کھانے سے جیسے پنیر، پیاز، فلفل وغیرہ سے خلط صفراء کا غلبہ ہو جائے تو وہ شخص خواب میں آگ، چراغ، شمع، قندیل اور گرما وغیرہ بہت دیکھے گا۔ جب تعبیر بیان کرنے والا اس کے چہرے کی زردی اور جسم کی لاغری اور تیزی حرکت اور بسیار گوئی دیکھے گا تو جان لے گا کہ اس شخص پر خلط صفراء کا غلبہ ہے اور اس کے خواب کی کچھ اصلیت و تعبیر نہیں ہے۔

اگر کسی شخص کی طبیعت پر بلغم بڑھانے والی چیزوں کے استعمال جیسے چھاچھ، دہی، دودھ وغیرہ سے بلغم کا غلبہ ہو جائے گا تو وہ شخص خواب میں برف اور بارش اور جو چیزیں ان کے مشابہ ہیں دیکھے گا۔ جب تعبیر بیان کرنے والا صاحب خواب کا رنگ سفید اور جسم فربہ اور بات میں گرانی دیکھے گا تو جان لے گا کہ اس کے مزاج

www.waseemziyai.com

پر خلط بلغم غالب ہے اور ایسے شخص کی خواب کی کوئی اصلیت نہیں ہے۔

اگر کسی شخص کی طبیعت پر سوداء انگیز چیزوں کے کھانے سے جیسے نمک پکا ہوا گوشت اور ترش چیزیں اور بینگن وغیرہ سے خلط سودا کا غلبہ ہو جائے گا۔ تو ایسا شخص خوف ناک خوابیں سانپ، بچھو، تاریکی اور سیاہی وغیرہ بہت دیکھے گا۔ جب تعبیر بیان کرنے والا اس کا رنگ اور چہرہ سیاہ دیکھے گا اور اس کی صورت اندیش ناک اور متفکر نظر آئے گی اور بے وجہ اپنے چہرے پر ہاتھ پھیرتا ہوں گا تو جان لے گا کہ اس شخص پر خلط سودا کا غلبہ ہے۔ اور اس کا خواب بے اصل ہے۔

لہٰذا تعبیر بیان کرنے والے پر لازم ہے کہ ان سب باتوں پر غور کرے اور ہر ایک کے خواب کو اچھی طرح پوچھے اور اس پر واقفیت حاصل کر کے تعبیر بیان کرے تا کہ صحیح آئے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جو لوگ اصحاب ہمت ہیں۔ جیسے عاشق معشوق کو خواب میں دیکھے یا حرفہ والا اپنے خواب میں اپنا پیشہ دیکھے جیسے جولاہا کپڑے کو اور آہن گر لوہے کو۔ تعبیر بیان کرنے والے پر لازم ہے کہ خواب کو دوبارہ پوچھے کہ کل کیا کھایا تھا اور کس خیال میں سوتا تھا، پھر تعبیر بیان کرے۔

یا کوئی آدمی خواب کے اندر برف اور باراں، یخ اور سرما میں گرفتار ہے۔ جب بیدار ہوگا تو نیند کے کپڑے اس سے علیحدہ ہوں گے۔ یہ برہنگی اور بے سروسامانی اس کے خواب کا باعث ہوگی۔ لہٰذا یہ خواب بے حقیقت ہے۔

اگر خواب میں دیکھے کہ حمام میں تھا یا دھوپ اور گرمی میں تھا اور جب جاگے گا تو اپنے آپ کو بہت سے کپڑوں میں لپٹا ہوا پائے گا۔ خواب میں ایسی گرمی محسوس کرنا کثرت پارچات کے باعث ہے۔ یہ خواب بھی بے حقیقت ہے۔

اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ بیماری اور جسمانی درد سے رو رہا ہے اور بیمار پڑا ہوا ہے اور درحقیقت بیمار بھی تھا تو یہ خواب بھی بے اصل ہے۔

اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ بول کرتا ہے اور جاگا تو کپڑے میں بول کیا ہوا دیکھا یا معلوم کیا کہ بول زور سے آرہا ہے۔ ایسے خواب بے حقیقت ہیں اور ان کی تعبیر نہیں ہے۔

فصل نمبر ۶..... خوابوں کے درمیان فرق کا جاننا اور ہر ایک کے خواب کی تفصیل

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب دیکھنے والا دو حال سے باہر نہیں ہے، مومن ہوگا یا کافر۔ اس اصل کی چودہ اقسام ہیں۔

(1) بادشاہوں کا خواب (2) قاضیوں کا خواب (3) مفتیوں کا خواب (4) علماء کا خواب (5) آزاد لوگوں کا خواب (6) غلاموں کا خواب (7) مردوں کا خواب (8) عورتوں کا خواب (9) نیک لوگوں کا خواب

www.waseemziyai.com

(10) بدکار لوگوں کا خواب (11) مالداروں کا خواب (12) درویشوں کا خواب (13) بالغوں کا خواب (14) نابالغوں کا خواب۔

ان سب میں سے بادشاہوں کا خواب زیادہ سچا اور درست ہے اور بیان کرتے ہیں کہ بادشاہوں کے خواب کو دوسروں کے خواب پر اسی قدر فضیلت ہے کہ جس قدر بادشاہوں کو رعایا پر فضیلت ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے بادشاہوں کو برگزیدہ کیا اور سرداری عطا کی ہے اور مخلوق کو اطاعت کا حکم دیا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

یا آیھا الذین امنوا اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الا مر منکم۔

ترجمہ: ''اے ایمان والو! تم اللہ تعالیٰ کی تابعداری کرو اور رسول کی اور صاحب امر کی تابعداری کرو۔''

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

من اطاع الامیر فقد اطاع اللہ و رسولہ۔

ترجمہ: ''جس شخص نے امیر کی اطاعت کی، اس نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کی۔''

لہٰذا جو خواب بادشاہ عادل مصلح دیکھے گا۔ وہ خواب بادشاہ کی قربت والے کے نزدیک ہوگا اور بادشاہ کا خواب نزدیک تر اور درست تر ہے۔

قاضی کے خواب کو دوسروں کے خواب پر فضیلت ہے۔ کیونکہ عدل وانصاف اور خاص وعام کے کاروبار کا بندوکشاد قاضیوں کے متعلق ہے اور فقہاء کے خواب کو عام لوگوں کے خواب پر فضیلت ہے۔ کیونکہ وہ اصول فقہ اور حدود مسلمانی فرض، سنت اور حلال وحرام کے جاننے والے ہیں۔

آزاد لوگوں کے خواب کو غلاموں کے خواب پر فضیلت ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آزاد لوگوں کو غلاموں پر شرف نسبت عطا کیا ہے۔

علماء کا خواب اس وجہ سے افضل ہے کہ خدا تعالیٰ نے ان کو شرافت اور توفیق عطا کی ہے تاکہ راہ راست پر لائیں اور خیرات اور اطاعات کی لوگوں کو رغبت دیں۔

غلام کے خواب سے آقا کو فائدہ ہوتا ہے۔ کیونکہ غلام کو اس سے حصہ ملتا ہے اور مردوں کے خواب کو عورتوں کے خواب پر فضیلت ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مردوں کو عورتوں پر چند چیزوں کی زیادتی سے ترجیح دی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے: **الرجال قوامون علی النساء**۔ مرد عورتوں پر غالب ہیں۔ اور خدا تعالیٰ نے مرد ہی پیغمبر بنا کر بھیجے ہیں اور دوسری جگہ فرمایا ہے۔ **فرجل وامر اتان ممن ترضون من الشھداء**۔ پس ایک مرد اور دو عورتیں ان لوگوں میں سے جو شہادت کے لئے راضی ہوں۔

عقل کے نزدیک مردوں کا صبر اور بخشش، رائے اور شجاعت، سخاوت اور امارت اور خدم وحشم وغیرہ ظاہر ہے اور عورتوں کی نسبت مرد فطرت میں زیادہ ہیں اور عورتوں کا خواب غلاموں کے خواب کے قریب ہے اور

www.waseemziyai.com

نیک لوگوں کے خواب کو بدکار لوگوں کے خواب پر فضیلت ہے۔ کیونکہ نیک لوگوں کا خواب اطاعت کی طرف مائل ہوتا ہے اور گناہ سے دور ہوتا ہے اور بدکار لوگوں کا خواب ان پر قیامت کے دن کافروں کے خواب کی طرح حجت ہوگا۔ کیونکہ بدکار آدمی گناہوں پر دلیری کرتا ہے۔ اور مالدار کا خواب درویش کے خواب پر فضیلت رکھتا ہے۔ کیونکہ مالدار زکوٰۃ اور صدقات دیتا ہے۔ حج اور جہاد کرتا ہے اور رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: **یدالعلیا خیر من ید السفلی** ۔(اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے۔ یعنی بخشنے والا لینے والے سے افضل ہے)۔

ایک گروہ تعبیر بیان کرنے والوں کا کہتا ہے کہ درویشوں کے خواب کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔ کیونکہ ان کے دل ہمیشہ کمائی کے غم اور عیال کی طرف سے پریشان رہتے ہیں۔ درویش اگر کوئی اچھا خواب دیکھتا ہے تو اس کا اثر دیر کے بعد ظاہر ہوتا ہے اور اگر بُرا خواب دیکھتا ہے تو اس کا اثر جلدی ظاہر ہوتا ہے اور دولت والوں کا خواب درویشوں کے خواب کے برعکس ہوتا ہے۔

بالغ کا خواب معتبر ہوتا ہے کیونکہ اس پر شہوت غالب ہوتی ہے اور نابالغ لڑکا ادب اور عقل سے بے بہرہ ہوتا ہے۔

بعض تعبیر بیان کرنے والے کہتے ہیں کہ اگر نابالغ لڑکے کا خواب نیک ہو تو اس کے ماں باپ کو نیکی پہنچتی ہے اور اگر خواب بُرا ہو تو ان پر اُس کی بُرائی کا اثر پہنچتا ہے۔ نابالغ بچے کے خواب کی بابت دو قول ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ اس کا خواب سچا اور درست ہوتا ہے اور اس کا حکم ظاہر ہوتا ہے۔ کیونکہ بچے کا دل گناہ سے پاک اور بُرائی اور شغل دنیا سے بالکل فارغ ہوتا ہے۔

دوسرا قول یہ ہے کہ بچوں کا خواب صحیح اور درست نہیں ہے۔ کیونکہ ان کو عقل اور تمیز نہیں ہوتی ہے۔ مست اور جنبی اور حائضہ عورت کا خواب درست ہوتا ہے۔

چنانچہ حضرت صفیہ ہندہ کی بیٹی نے خواب میں دیکھا کہ آسمان سے چاند اور سورج اس کی گود میں آ گرے ہیں۔ جب بیدار ہوئی تو امیر خیبر کو اس خواب سے آگاہ کیا۔ امیر خیبر نے اس کے منہ پر طمانچہ مارا اور کہا کہ اگر تو یہ خواب سچ بیان کرتی ہے تو حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ خیبر فتح کریں گے اور تجھے اپنی بیوی بنائیں گے۔

دوسرے روز رسول اللہ ﷺ نے خیبر فتح کیا اور اسلامی لشکر صفیہ کو رسول اللہ ﷺ کے پاس لے گیا۔ رسول اللہ ﷺ نے دریافت کیا صفیہ سے کہ یہ نیل تمہارے چہرے پر کیسا ہے؟ صفیہ رضی اللہ عنہا نے وہی خواب کی صورت پھر بیان کی۔ جو کچھ دیکھا تھا، پورا ہو گیا اور آپ کے خواب کی تاویل صحیح ہوئی۔ اللہ تعالیٰ بہتری کو خوب جانتا ہے۔

www.waseemziyai.com

فصل نمبر ۷.....خوابوں کے درمیان فرق کی معرفت

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مسلمانوں کا خواب کافروں کے خواب سے زیادہ سچا ہوتا ہے اور دانا کا خواب نادان کے خواب سے اور صالح آدمی کا خواب فاسق کے خواب سے بہتر ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

ام حسب الذین اجترحوا السیاٰت ان نجعلھم کالذین امنو وعملوا الصلحات سواء ھم ومما تھم سآء ما یحکمون۔ (سورۃ جاثیہ)

ترجمہ: ''کیا ان لوگوں کا خیال ہے کہ ہم ان کو ان لوگوں جیسا کر دیں گے کہ جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ہیں، جن کی زندگی اور موت برابر ہے، بُرا ہے جو فیصلہ کرتے ہیں۔''

اور بوڑھے لوگوں کا خواب بچوں کے خواب سے زیادہ سچا ہوتا ہے اور آزاد عورت کا خواب باندی کے خواب سے بہتر ہوتا ہے۔

تعبیر بیان کرنے والے کو ہر ایک شخص کے خواب میں نیک مراتب کا خیال رکھنا چاہئے اور صاحب خواب سے سوال کرے اور پراگندہ الفاظ کو سنے تو سب کو عقل کے قیاس سے درست کرے۔ الفاظ کی تقدیم اور تاخیر کو درست کرے اور پھر تعبیر بیان کرے اور قوی تر الفاظ کو سنے تو سب کو عقل کے قیاس سے درست کرے۔ الفاظ کی تقدیم اور تاخیر کو درست کرے اور پھر تعبیر بیان کرے اور قوی تر الفاظ کو اصول تعبیر میں نگاہ کرے۔ اگر میزان کلام کو نگاہ میں رکھے گا تو پھر غلطی نہ ہوگی اور جو کچھ بیان کرے۔ سچ بیان کرے۔ کیونکہ مقتدمین اہل علم اسی طرح قیاس کرتے تھے اور تعبیر راست اور درست آتی تھی۔

حکایت:

بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور سوال کیا کہ میں نے ایک خواب دیکھا ہے کہ میں نماز کے لئے اذان کہتا ہوں۔ آپ نے جواب دیا کہ تم اسلامی حج کرو گے۔ پھر اسی وقت ایک دوسرا شخص آیا۔ اس نے سوال کیا کہ میں نے خواب میں اپنے آپ کو نماز کے لئے اذان کہتے دیکھا ہے۔ آپ نے تعبیر بیان کی کہ تم پر چوری کی تہمت لگائی جائے گی۔

شاگردوں نے حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا کہ دونوں کے خواب کی ایک ہی صورت ہے کہ دونوں شخص اپنے خواب میں اذان نماز دیتے ہیں۔ دونوں کی تعبیر میں اختلاف کیوں ہے؟ آپ نے جواب دیا کہ پہلے شخص کے چہرے سے نیک بختی کے نشان ظاہر ہوتے تھے۔ میں نے کہا کہ تم حج کرو گے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ واذن فی الناس بالحج یاتوک رجالا۔ (اور لوگوں میں حج کا اعلان کرو۔ تمہاری طرف دوڑتے ہوئے آئیں گے) اور میں نے دوسرے شخص میں فساد اور مخالفت کے نشانات دیکھے تھے۔ میں

www.waseemziyai.com

نے تعبیر بیان کی کہ تم کو چوری میں پکڑیں گے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: فاذن مؤذن ایتھا العیر انکم لسارقون۔ ''منادی نے پکارا، قافلے والو! تم ضرور چور ہو۔''

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بعض اوقات رات کو خواب دیکھا جاتا ہے اور اس کی تعبیر اسی دن نکل آتی ہے اور بعض وقت خواب دیکھا جاتا ہے اور اس کی تاویل سال کے بعد پوری ہوتی ہے اور بعض کی چھ ماہ کے بعد۔ اور بعض کی بیس اور چالیس سال کے بعد تاویل ظاہر ہوتی ہے۔ جیسے حضرت امیر المؤمنین امام حسین رضی اللہ عنہ کے شہید کیے جانے کا خواب۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح دیکھا کہ ایک کتا آپ کا خون پیتا ہے۔ پھر چالیس سال کے بعد اس خواب کی تاویل ظاہر ہوئی کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ شہید کیے گئے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ رات کے خواب کی تاویل دن کے خواب سے قوی ہوتی ہے اور پہلی رات کا خواب درست نہیں ہوتا۔ اکثر اندیشہ اور کثرت اشغال سے آتا ہے اور نیم شب کا خواب بھی محض پریشان کن ہوتا ہے۔ سب سے درست خواب صبح کے وقت کا ہوتا ہے۔ کیونکہ صبح کے خواب کو مقرب فرشتہ لوگوں کو لوح محفوظ سے سکھاتا ہے۔ اس وجہ سے اس کی تاویل درست اور سچ ظاہر ہوتی ہے۔

فصل نمبر ۸..... تعبیر بیان کرنے کے لئے علم جفر اور فال کا جاننا ضروری ہے

حضرت دانیال علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ خواب کی تعبیر بیان کرنے والے کے لئے علم جفر اور فال کا جاننا جو قدیم اساتذہ سے منقول ہے نہایت ضروری ہے۔ اگر کوئی خواب کی تعبیر پوچھے تو تعبیر بیان کرنے والا سائل کا نام پوچھے۔ اگر اس کا نام اچھا ہے۔ جیسے محمد، احمد، حسین، فضل، بشیر، حبیب، محبوب وغیرہ۔ تو ایسے ناموں کی دلالت صاحب خواب کے لئے بہتری اور خوشی کی ہوتی ہے اور اگر نام اچھا نہیں ہے تو دلیل غم اور بُرائی کی ہوتی ہے۔

جب سائل خواب کی تعبیر دریافت کرے اور تعبیر بیان کرنے والے کے سامنے اس وقت گھوڑا یا استر یا گدھا ہے، تو اس کا خواب نیک اور پسندیدہ ہوگا اور صاحب خواب سفر کرے گا۔ خاص کر اگر سامنے گھوڑا یا استر گزریں اور لگام کے ساتھ موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

والخیل والبغال والحمیر التر کبوھا و زینۃ۔

ترجمہ: ''گھوڑے اور خچر اور گدھے تمہاری سواری اور زینت کے لئے ہیں۔''

اگر سائل کے تعبیر دریافت کرتے وقت کوا تین بار بولے۔ تو خیر اور نیکی کی دلیل ہے اور اگر کوا دو بار بولے تو بُرائی کی دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ایک شخص حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے اپنے خواب کی تعبیر پوچھ رہا تھا۔ اسی وقت ایک کوا آیا اور گھر کی دیوار پر بیٹھا اور دو بار بولا۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا

www.waseemziyai.com

کہ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ تجھے کوئی برائی پہنچے گی۔ اسی وقت چور نے اس کے گھر نقب لگایا اور سب کچھ چرا کر لے گیا۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے دوستوں کو کہا کہ اگر کوئی شخص خواب کی تعبیر دریافت کرے اور لوادو آوازیں دے تو دلیل بدی اور نقصان کی ہے۔ اگر چار آوازیں دے تو دلیل نیکی اور بہتری کی ہے۔ اگر پانچ آوازیں دے تو برائی کی دلیل ہے اور اگر چھ بار بولے تو صاحب خواب کے لئے بہتری کی دلیل ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کوے کی تاک آواز نیکی کی دلیل ہے اور جفت آواز برائی کی دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس نیت سے سوئے کہ کوئی خواب آئے اور اس خواب سے نیک اور بد احوال جاننا چاہے تو اگر خواب میں بکری کا بچہ یا گائے یا گھوڑا ان کی مانند ایسا جانور دیکھے کہ جس کا گوشت کھایا جاتا ہے تو صاحب خواب کے کام کی تباہی کی دلیل ہے اور اگر صاحب خواب بند دروازہ دیکھے اور پھر اس کے لئے کھولا جائے، یا میٹھا کھانا پائے اور کھائے۔ یہ باتیں صاحب خواب کے لئے بہتری اور نیکی کی دلیل ہے۔

فصل نمبر ۹..... بھولے ہوئے خواب کے بیان میں

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب دیکھ کر بھول جائے اور تعبیر بیان کرنے والا خواب کو جاننا چاہے تو اس کا طریقہ ہے کہ صاحب خواب کا نام پوچھے اور اس کے نام کے حروف شمار کرے اور ابجد کے حساب پر ان میں سے 9-9 کو منفی کرے اور دیکھے کہ کتنے باقی رہتے ہیں۔ اگر ۹ باقی رہیں تو یہ خواب سے فساد کی دلیل ہے کہ اس نے برا خواب دیکھا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے

و کان فی المدینۃ تسعۃ رھط یفسدون فی الارض ولا یصلحون۔ (سورۃ نمل)

ترجمہ ''شہر میں نو گروہ تھے جو فساد کرتے تھے اور اصلاح نہ کرتے تھے۔''

اگر آٹھ باقی رہیں تو صاحب خواب سفر کرے گا یا اس کا نکاح ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے

ثمانی حجج فان اتممت عشرا فمن عندک۔ (سورۃ قصص)

ترجمہ ''آٹھ سال ہیں۔ اگر تم دس پورے کرو تو یہ تمہاری مرضی ہے۔''

اگر سات باقی رہیں تو صاحب خواب درندوں یا کتوں کو دیکھے گا۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان الٰہی ہے

و یقولون سبعۃ وثامنھم کلبھم۔ (سورۃ کہف)

ترجمہ ''اور کہتے ہیں کہ سات اور آٹھواں ان کا کتا ہے۔''

www.waseemziyai.com

اگر چھ باقی رہیں تو صاحب خواب نیک شخص ہے تو یہ اس امر کی دلیل ہے کہ اس نے خواب میں فرشتوں اور اہل اصلاح کو دیکھا ہے۔ اس کی تاویل یہ ہے کہ اس کے سب اشغال نیک ہوں گے اور اگر صاحب خواب مفسد ہے تو یہ اس امر کی دلیل ہے کہ اس نے خواب میں شیاطین اور اہل فساد کو دیکھا ہے۔ اس کی تاویل اس شخص کی تباہی ہے۔ خدا تعالیٰ کا فرمان ہے:

خلق السموت بغیر عمدترونها ثم استوی علی العرش۔

ترجمہ: ''تم دیکھتے ہو کہ آسمانوں کو بغیر ستون کے پیدا کیا ہے۔ پھر عرش پر استوی کیا ہے۔''

اگر پانچ باقی رہیں تو اس نے خواب میں گھوڑے اور ہتھیار دیکھے ہیں اور اگر چار باقی رہیں تو اس نے خواب میں آسمان اور ستارے دیکھے ہیں: **فی اربعة ایام سوآء للسآئلین** ۔ (چار دنوں میں سوال کرنے والوں کے لئے برابر ہیں)۔

اگر تین باقی رہیں تو صاحب خواب نے کسی کو کوئی کام کہا ہوگا۔ **مایکون من نجوی ثلثة الا هو رابعهم** ۔ (تین آدمیوں کی سرگوشی چوتھا خدا ہے اور دوسری جگہ ارشاد ہے **ثلثة ایام الا** (تین دن مگر)۔

اگر دو یا ایک باقی رہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ دین اور دنیا میں نفع ہوگا۔

ثانی اثنین اذهما فی الغار اذیقول لصاحبه لاتحزن۔

ترجمہ: ''دو میں کا دوسرا جب وہ دونوں غار میں تھے۔ جب اپنے دوست کو کہتا تھا کہ غم نہ کر۔''

اس کی تاویل یہ ہے کہ خوف سے امن میں رہے گا اور سب طرح سے محفوظ ہوگا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب دیکھ کر بھول جائے۔ تعبیر کرنے والا سائل کو کہے کہ اپنے اعضاء میں کسی ایک عضو پر ہاتھ رکھو۔ اگر سر پر ہاتھ رکھے تو پہاڑ دیکھے گا۔ اگر آنکھ پر رکھے تو آب شور کا چشمہ دیکھا ہے۔ اگر ناک پر رکھے تو دامن کوہ دیکھا ہے۔ اگر رخسار پر رکھے تو مرغزار دیکھا ہے۔ اگر منہ پر رکھے تو آب شیریں کا چشمہ دیکھا ہے۔ اگر کان پر رکھے تو شگاف اور غار دیکھے ہیں۔ اگر ریش پر رکھے تو گھاس دیکھے ہیں۔ اگر ہاتھ پیٹ پر رکھے تو خواب میں نہر دیکھی ہے۔ اگر شرمگاہ پر رکھے تو خرابات دیکھے ہیں۔ اگر کندھے پر رکھے تو محل دیکھے ہیں۔ اگر بازو پر رکھے تو تو میوے دار درخت دیکھے ہیں اور اگر انگلیوں پر ہاتھ رکھے تو اس نے خیر و کی شاخیں اور درخت دیکھا ہے۔ اور اگر پاخانے کی جگہ پر ہاتھ رکھے تو اس نے خواب میں کوڑا کرکٹ دیکھا ہے اور اگر زانو پر رکھے تو اس نے ٹیلے دیکھے ہیں اور اگر خواب دیکھنے والا پنڈلی پر ہاتھ رکھے تو اس نے خواب میں پھل دار درخت دیکھا ہے۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب دیکھ کر بھول جائے، چار حال سے خالی نہیں ہے۔ ایک بہت گناہوں کے باعث۔ دوسرے مختلف کاموں کے باعث۔ تیسرے ضعف نیت کے باعث۔ چوتھے طبیعت کا اختلاف جب حالت سے پھرے تو ضرور خوابوں کو بھول جائے گا۔

www.waseemziyai.com

فصل نمبر ۱۰.....جاہلوں سے خواب کی تعبیر نہ پوچھی جائے

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ دانا لوگ کہتے ہیں کہ جاہل کے پاس خواب نہ بیان کرنا چاہئے اور جاہل سے تعبیر بھی نہ پوچھی جائے اور لوگوں کا کہنا بالکل غلط ہے کہ اگر جاہل سے تعبیر پوچھی جائے تو جو کچھ وہ کہہ دے گا، اسی طرح ہو جائے گا۔ کیونکہ خواب کا نمائندہ فرشتہ ہے وہ ہرگز خطا نہیں کرتا ہے اور جو کچھ کہتا ہے حق ہوتا ہے۔ نادان کے غلط تعبیر دینے سے حق باطل نہیں ہوسکتا ہے۔ عالم اور جاہل میں بہت فرق ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: **قل هل يستوى الذين يعلمون والذين لايعلمون**۔ (ان سے کہہ دو کہ عالم اور جاہل برابر نہیں ہوسکتے) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: **لايستوى العالم و الجاهل**۔ (علم والا اور بے علم برابر نہیں ہے) اور چونکہ خواب کو ظاہر کرنے والا فرشتہ ہے جو لوح محفوظ سے بتاتا ہے، خیر پہنچے گی یا شر پہنچے گی۔ اگر عالم یا جاہل اس کو پھیرنا چاہیں تو ہونے والی چیز ضرور ہو کر رہے گی۔ کسی سے سوائے قضائے معلق کے جو صدقات اور دعا سے ٹل جاتی ہے، ہرگز پھر نہ سکے گی۔

جب ملک ریان (شاہ مصر) نے وہ خواب دیکھا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

قالوا اضغاث احلام ومانحن بتاويل الاحلام بعالمين۔

ترجمہ: ''انہوں نے جواب دیا کہ یہ پریشان خواب ہے اور ہم پریشان خوابوں کی تاویل نہیں جانتے ہیں۔''

بادشاہ نے اپنی قوم کو بلایا اور اپنے خواب کا حال پوچھا:

ايها الملؤ افتونى فى رؤياى ان كنتم للرؤيا تعبرون۔

ترجمہ: ''سردارو! میرے خواب بابت فتویٰ دو۔ اگر تم خواب کی تعبیر بیان کر سکتے ہو۔''

پھر حضرت یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تعبیر بیان کی اور سات سالہ قحط کا بیان دیا۔ یہاں سے معلوم ہوا کہ جاہلوں کی تعبیر سے خواب کا حق باطل نہیں ہوسکتا۔

فصل نمبر ۱۱.....خوابوں کے حال اور وقت اور قسم اور صورت سے معرفت

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب وقت کے لحاظ سے بدلتا ہے۔ اگر کوئی شخص خواب میں رات کو دیکھے کہ پل یا رستے پر بیٹھا ہے۔ اس کو اس کے کام میں تھوڑا نفع ہوگا اور اگر یہی خواب دن کو دیکھے تو وہ اپنی عورت کو طلاق دے گا۔

اگر رات کو خواب میں دیکھا ہے کہ مرغ نے کتے کو پکڑا ہے تو اس بات کی دلیل ہے کہ اس کو کسی نادان سے واسطہ پڑے گا اور اگر یہی خواب دن کو دیکھے تو بیمار ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب اصل سے دین صنعت و حرفت اور کسب کے لحاظ

www.waseemziyai.com

سے نہیں پھرتا ہے۔ایک ہی خواب کی مختلف تاویل عذاب ہے۔اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:غلت ایدیم ولعنوا بما قالوا ۔(ان کے ہاتھ جکڑے گئے اور ان کی باتوں کی وجہ سے لعنت پڑی)۔جب یہ خواب نیک آدمی دیکھتا ہے تو دلیل ہے کہ گناہوں اور بُرے کاموں سے دستبردار ہوگا۔

محمد بن عبدالعزیز صحیح سند کے ساتھ حضرت عبدالرحمٰن اسلمی سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے بیان کیا اور اس خواب کا سبب ان سے دور ہوا۔حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ قیامت تک تمہارے سر سے ہاتھ کوتاہ ہوا۔حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے اس خواب کی حضور ﷺ کو خبر دی۔آپ نے بھی وہی تاویل بیان کی جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بیان کی تھی۔

ابومسلم رضی اللہ عنہ عطا بن جناب سے روایت کرتے ہیں کہ محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جو شخص خواب میں منبر پر ہے۔اس کی تاویل یہ ہے کہ اگر وہ شخص نیک ہے تو شرف اور بزرگی پائے گا اور اگر وہ برا ہے تو پھانسی پر لٹکایا جائے گا۔

حدیدالحدیث میں ہے کہ احمد بن سعد حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک عورت نے رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میرے گھر کی چھت کا ستون مجھ پر ٹوٹا ہوا ہے۔آپ نے فرمایا کہ تیرا شوہر سفر سے آئے گا۔دوسری نے بھی یہی خواب دیکھا اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے تعبیر پوچھی۔آپ نے فرمایا کہ تیرا شوہر مرے گا۔دونوں عورتوں کا خواب واحد تھا۔لیکن وقت کے تعبیر سے تعبیر مختلف ہوئی۔

حضرت ابوحاتم اصمعی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں کہ اشعری نے پوچھا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ گیہوں کو جو کے بدلے بیچتا ہوں۔آپ نے جواب دیا کہ تم قرآن مجید کو شعر سے بدلتے ہو۔آدمی کی حالت کی تبدیلی سے گیہوں اور جو اپنی اصلیت سے بدل گئے۔اگر کوئی یہی خواب دیکھے تو اصمعی کے ساتھی کی بات یاد رکھے۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جو شخص فصل بہار میں خواب دیکھے، نیک ہے۔لیکن اس کی تاویل دیر کے بعد ظاہر ہوگی اور گرمی کے موسم میں خواب کی تاویل بہت جلدی ظاہر ہوتی ہے اور جو شخص خزاں کی فصل میں خواب دیکھے۔اس کی تاویل درست نہ ہوگی۔اس بات کی دلیل یہ ہے کہ ایک شخص نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ مجھے خواب میں ایک درخت کے ستر پتے شمار کر کے دیئے گئے ہیں۔آپ نے جواب دیا کہ تجھ سے ستر لکڑیاں پڑیں گی۔اور اسی ہفتے میں اس پر ستر چھڑیاں ماردی گئیں۔پھر اس شخص نے دوسرے سال میں وہی خواب ستر پتوں والا دیکھا اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے تعبیر دریافت کی۔آپ نے فرمایا کہ تجھے ستر ہزار درہم ملیں گے۔اس شخص نے عرض کی۔یا امیرالمومنین گزشتہ سال میں نے یہی خواب دیکھا تھا اور اس سال کی تاویل ستر چوب تھی اور میں نے اس سال بھی یہی خواب دیکھا ہے اور اس کی تاویل

www.waseemziyai.com

ستر ہزار درہم ہے۔ آپ مجھ کو اس تاویل کے فرق کا پتہ دیں۔ آپ نے فرمایا کہ گزشتہ سال تو نے خواب فصل خزاں میں دیکھا تھا۔ اس وقت سب درخت خشک تھے اور پتے گراتے تھے۔ اس کی تاویل وہی تھی اور اس سال موسم بہار ہے اور درختوں کا رخ ترقی کی طرف ہے۔ اس کی تاویل یہی ہے۔ پھر اس خواب دیکھنے والے نے ستر ہزار درہم پائے۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو شخص صبح سے نیم روز تک خواب کی تعبیر دریافت کرے، اس کی تاویل اقبال اور نیکی پر ہے اور زوال کے بعد رات تک شر اور فساد کی دلیل ہے اور خواب کی تعبیر روز ابر، برف باراں اور آفتاب کے طلوع اور غروب کے وقت دریافت نہ کرنے چاہئے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ سب خوابوں میں سے سچا خواب وہ ہے جو وقت سحر سے آفتاب کے نکلنے تک آئے۔ یا آفتاب کی برابری پر خواب نیک اور سچا اور درست آتا ہے اور تاویل خواب، درختوں کا کھلنا۔ میووں کا پکنا، بڑے اچھے خواب ہیں اور ان کی تاویل درست ہوتی ہے اور جو خواب سردی کے دنوں میں دیکھا جائے اس کی تاویل کا حکم کمزور ہوتا ہے۔ جاڑے میں بادو باراں ہوتا ہے اور بہار میں جہان خوش و خرم ہوتا ہے۔ بہر حال ہر خواب کی تعبیر بمطابق حال وصورت ووقت علیحدہ علیحدہ ہوتی ہے۔

فصل نمبر ۱۲.....خواب والوں کے ساتھ شرائط اور آداب کی معرفت

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ تعبیر بیان کرنے والا دانا اور پارسا ہونا چاہئے۔ عالم خاموشی پسند اور نیک ہونا چاہئے۔ تعبیر دیتے وقت حاضر اور ہوشیار ہو اور سائل کا خواب احتیاط سے سنے اور معلوم کرے کہ سائل بادشاہ ہے یا رعایا میں سے ہے۔ بزرگ عالم ہے یا جاہل آزاد ہے۔ غریب غلام ہے یا شہری مالدار ہے۔ درویش مرد ہے یا عورت فارغ دل ہے یا مشغول ہے۔ موسم گرما میں خواب دیکھا ہے یا سرما میں دیکھا ہے۔ جب ہر ایک بات کو قیاس عقل سے معلوم کرے تو جیسا اس علم کے استاد بیان کرتے ہیں تاویل بیان کرے اور اپنی طرف سے کچھ نہ کہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ باوجود یکہ اس علم کے امام اور یگانہ روزگار تھے، باوجود اتنی فضیلت کے جن خوابوں کی تعبیر نہ جانتے تھے کچھ نہ کہتے تھے۔

ابو حاتم! اصمعی سے روایت کرتے ہیں اور وہ ابوالمقدم سے کہ علامہ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ تیس سے چالیس سال تک جو کچھ لوگ پوچھتے ایک جواب کہتے اور باقی کی تعبیر نہیں کہتے تھے۔ لہٰذا تعبیر بیان کرنے والے کو چاہئے کہ پہلے صاحب خواب کی بات کو اچھی طرح سنے اور اس کی تعبیر میں اچھی طرح غور کرے اور اگر بات درست ہے اور اس کے معنی صحیح ہیں اور تاویل کی برداشت کرتے ہیں۔ اس وقت تعبیر بیان کرے۔ اگر اصل خواب میں فضول بات ہو تو اس فضول کو جدا کرے اور اصل کی تعبیر بیان کرے۔

www.waseemziyai.com

اگر ساری بات مختلف ہے اور آپس میں جوڑ نہیں کھاتی ہے تو خواب پریشان ہے اس کی تعبیر نہ کہے اور اگر تعبیر چھپائے تو سائل سے پوچھے کہ تنگ دل ہے یا خوش دل ہے اور جو کچھ اس سے سنے اس پر تاویل خواب کی بنا رکھے اور اگر وہ نہ کہہ سکے اور تعبیر بیان کرنے والا نام سے جان نہ سکے۔ تو طبیعت عبارت اور گفتار اور روشنی اور نیکوئی اور دروغ اور راست سے تاویل کرے اور اگر اس کے خواب کی تاویل کسی بد چیز پر ہو تو نہ کہے اور اس پر پوشیدہ رکھے۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اصل خواب تین چیز پر ہے۔ ایک جنس، دوسری صفت، تیسری طبع۔ جنس جیسے درختوں اور پرندوں کی ہوتی ہے۔ یہ سب مردوں کی تاویل ہوتی ہے اور صفت یہ ہے کہ تعبیر بیان کرنے والا جانے کہ درخت کون سا ہے اور مرغ کس جنس سے ہے اور کس صفت کا ہے اور اگر اخروٹ کا درخت ہے تو معلوم کرے کی عجمی مرد ہے۔ کیونکہ عرب میں اخروٹ کا درخت نہیں ہوتا ہے اور اگر پرندہ مور ہے تو عجمی ہے، اگر شتر مرغ ہے تو مرد عربی ہے اور طبیعت یہ ہے کہ معلوم کرے کہ اس کی طبیعت کس قسم کی ہے۔ لہٰذا اس کی درخت کی نوع پر تاویل بیان کرے۔

اگر اخروٹ کا درخت ہے تو مرد مالدار ہے۔ لیکن بدمعاملہ، بخیل اور بُرا ہے۔ کیونکہ اگر تم اخروٹ کو ہلاؤ تو آواز کرتا ہے اور جب تک نہ توڑو، گری نہیں نکلتی ہے اور اگر کھجور کا درخت ہے تو جو کام اختیار کرے گا، آسان ہوگا۔ **کشجرة طیبة اصلها ثابت و فرعها فی السمآء** ۔ (جیسے پاک درخت اس کی جڑ ثابت ہے اور شاخ آسمان میں ہے) وہاں پر شجرہ طیبہ درخت خرما ہے۔

اگر کوئی پرندہ اُڑتا ہے تو تعبیر دینے والا جانے کہ یہ صاحب خواب سفر کرے گا۔ لہٰذا پرندے کی طبیعت کو بھی جاننا چاہئے۔ اگر کوا ہے تو وہ شخص ضرور شریر اور بدعہد ہے۔

خواب دیکھنے والا راست گو اور بادیانت ہونا چاہئے اور دیکھی ہوئی بات میں کمی اور زیادتی نہ کرے۔ کیونکہ اس سے خواب میں نقصان ہوتا ہے اور جو شخص خواب دیکھے اور اس سے ڈرے اسے تین بار آیۃ الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنا چاہئے اور یہ دُعا پڑھے:

اعوذ برب موسی و ابراهیم من شرر ؤیا التی راتیها من منامی ان یضربی فی دینی و دنیاوی و معیشتی عزجارك وجل ثنائوك ولآ اله غیرك ۔

ترجمہ: ''میں رب موسیٰ علیہ السلام اور براہیم علیہ السلام کے ساتھ پناہ مانگتا ہوں، اس خواب کی برائی سے جو میں نے اپنی نیند میں دیکھی ہے کہ میرے دین اور دنیا اور معاش میں نقصان پہنچائے۔ تیرا پڑوسی زبردستی ہے اور تیری ثنا بڑی ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔''

اس کے بعد دو رکعت نماز پڑھے اور صدقہ دے تو اس خواب کی برائی پھرے گی۔

www.waseemziyai.com

شیطان پیغمبر اور فرشتوں کی صورت اختیار نہیں کر سکتا

حضرت مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ابلیس ملعون تمام خوابوں میں دست درازی کرتا ہے اور سب چیزوں کی مانند ہو جاتا ہے۔ لیکن خدا تعالیٰ اور فرشتوں اور پیغمبروں اور آسمان اور آفتاب اور ماہتاب اور ستاروں کی مانند اپنے آپ کو تشبیہ نہیں کر سکتا ہے اور اگر اس کو یہ طاقت ہوتی کہ اپنے آپ کو ان چیزوں کی مانند کر لیتا تو مخلوق کے درمیان فتنہ ڈالتا کہ گا ہے اپنے آپ کو پیغمبروں کی مانند ظاہر کرتا اور کہتا کہ میں تم سے خوش ہوں جو کچھ چاہو کرو۔ اور دوسرے شخص کو کہتا کہ میں تمہارا خالق ہوں۔ تمہارے گناہ معاف کر دیئے ہیں اور تمہیں بخش دیا ہے اور ایسی چیزیں کہتا کہ اللہ تعالیٰ کے بندوں کو گمراہ کرتا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ جب ابلیس ملعون اپنے آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت بنانا چاہتا ہے تو آسمان سے آگ اترتی ہے اور اس کو جلاتی ہے اور سب کاموں میں سے مشکل کام ابلیس ملعون پر یہ ہوتا ہے کہ مومن کا دل روشن ہو جائے اور اللہ تعالیٰ کو جانے اور اس کا خواب راست آئے۔

فصل نمبر ۱۳.....سائل اور تعبیر دینے کے آداب

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ تعبیر بیان کرنے والے میں یہ صفت ہونی چاہئے کہ اس کے ہر ایک کام میں ہوشیاری اور آہستگی ہو کہ سائل کے سوال کے وقت اس کے خواب کو اچھی طرح سنے اور اس کے دین اور مذہب اور اعتقاد پر واقفیت حاصل کرے اور اس کے سچ اور جھوٹ کو جانے۔ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اصدقکم رؤیا اصدقکم حدیثا۔ (جو شخص خواب کے بارے میں راست گو ہے، وہ شخص بات میں بھی راست گو ہے)۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ مرد عاقل پر واجب ہے کہ طہارت کے ساتھ سو جائے اور سوتے وقت خدا تعالیٰ کو یاد کرے اور یہ دعا پڑھے:

اللھم سلمت نفسی الیك ووجھت وجھی الیك وفوضت امری الیك والحادث ظھری الیك لاملجاء منك الا الیك تبارکت ربنا وتعالیت انت الغنی و نحن الفقرآء استغفرك واتوب الیك اللھم ارنا الرئویاصادقة عاریة صالحة غیر فاسدة غیر تغریة رافعة غیر راضیة۔

ترجمہ: ''اے اللہ! میں اپنی جان تیرے سپرد کرتا ہوں اور اپنا چہرہ تیری طرف متوجہ کرتا ہوں اور اپنا امر تیرے سپرد کرتا ہوں اور اپنی کمر تیری طرف جھکاتا ہوں۔ تجھ سے پناہ تیرے ہی ساتھ ہے۔ اے ہمارے رب! تو بابرکت اور بلند ہے، تو غنی ہے اور ہم فقیر ہیں۔ میں تجھ سے معافی مانگتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں۔ اے اللہ! ہم کو سچا خواب صاف نیک اور عمدہ بغیر کسی قسم کی خرابی اور چشم

www.waseemziyai.com

زخم کے رفعت اور عزت والا دکھا۔''

دائیں کروٹ پر سو جائے اور جب جاگے تو اسی طرح خدا تعالیٰ کو یاد کرے، اگر نیک خواب دیکھا ہے تو شکر کرے اور صدقہ دے اور اگر بُرا خواب دیکھا ہے تو ''اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔'' (میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ شیطان مردود سے پناہ مانگتا ہوں) پڑھے اور قل ھو اللہ (یعنی سورۃ اخلاص) سارا پڑھے اور پھر بائیں طرف پھونک مارے اور کہے۔ اے خدا! تو جانتا ہے اور میں نہیں جانتا ہوں۔ اگر خیر ہے تو اس خواب کی خیر مجھ کو پہنچا اور اگر بُرا ہے تو اس خواب کی بُرائی مجھ سے اور تمام مسلمانوں سے دور کر۔

یا مجیب دعوۃ المضطرین یا الہ العالمین ویا ارحم الراحمین۔

ترجمہ: ''اے بے قراروں کی دعا قبول کرنے والے! سب جہانوں کے معبود، سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے۔''

سونے اور جاگنے کے وقت اور ہر ایک کام کے شروع میں یہ دعا پڑھے:

بسم اللہ لا یضر باسمہ شی ء فی الارض ولا فی السمآء وھو السمیع العلیم۔

ترجمہ: ''اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع۔ اس کے نام کے ساتھ کوئی چیز زمین اور آسمان میں نقصان نہیں پہنچاتی، وہ سب کچھ سننے اور جاننے والا ہے۔''

جب نماز سے فارغ ہو تو اپنا وظیفہ قرآن مجید اور دعائیں پڑھے۔ پھر اٹھتے اور تعبیر بیان کرنے والے کے پاس جائے اور اچھا وقت ہونا چاہئے اور خواب بیان کرتے وقت کمی بیشی نہ کرے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے تعبیر بیان کرنے والے کے لئے یہ شرط ہے کہ باطہارت ہو اور اگر اس کا کوئی دشمن ہے تو دشمنی کی وجہ سے ناجائز تعبیر نہ بیان کرے اور جس شخص کی بدی جانے دوسروں کو نہ بتائے۔

حضرت مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب دیکھنے والا خواب میں کمی بیشی نہ کرے اور جھوٹ سے بچے۔ کیونکہ حدیث شریف میں ہے کہ سچا خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی ہے اور جو شخص وحی ربانی میں کمی بیشی کرتا ہے، وہ خدا تعالیٰ پر جھوٹ بولتا ہے۔ اور خواب اللہ تعالیٰ اور بندے کے درمیان امانت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو کوئی مجھ پر کہ میں رسول ہوں، جھوٹ بولتا ہے، وہ اپنے اوپر تباہی اور بربادی کی گواہی دیتا ہے۔ لہٰذا جو شخص جھوٹا خواب گھڑتا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے بموجب گناہ گار ہے اور یہ بات خواب کی عظمت اور بزرگی پر دلیل ہے اور سائل اور تعبیر بیان کرنے والے پر ادب کی نگاہ رکھنا شرط ہے۔

فصل نمبر ۱۴..... تعبیر کتنی قسم پر ہوتی ہے؟

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ تعبیر بیان کرنے والے کو چاہئے کہ پہلے سائل کا نام اور قدر اور

www.waseemziyai.com

مرتبہ اور مذہب اور خصلت اور عقل اور فہم معلوم کرے اور معلوم کرے کہ خواب رات کو دیکھا ہے یا دن کو دیکھا ہے اور نگاہ کرے کہ سائل سوال کے وقت کیا حرکت کرتا ہے اور خواب کو کس طرز پر بیان کرتا ہے۔ فصل اور پارسی مہینہ اور عربی مہینہ معلوم کرے پھر اس وقت جو بات قرین قیاس ہو، بیان کر کے تاویل دے۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی سائل خواب پوچھے۔ اگر اس کا نام یا اس کے باپ کا نام پیغمبروں کے ناموں سے ہو تو جذر اور فال کے طریقے سے اس کی خیر اور بشارت اور خوشی پر دلیل حاصل کرے اور اگر اس کا نام بد ہے تو اس کے شر اور فساد پر دلیل حاصل کرے۔

اتوار کے دن خواب نیک ہوتا ہے۔ آفتاب سے تعلق رکھتا ہے۔ پیر کے دن کا خواب بھی نیک ہے۔ ماہتاب سے تعلق رکھتا ہے۔ منگل کے دن کا خواب مریخ سے تعلق رکھتا ہے، اس کو نہ پوچھنا چاہئے۔ بدھ کے دن کا خواب عطارد سے تعلق رکھتا ہے۔ جس دن قوم ہود علیہ السلام اور اصحاب الرس ہلاک ہوئے تھے، یہ بھی نہ پوچھنا چاہئے۔ جمعرات کا دن مشتری کا ہے۔ اول روز کا خواب سعادت اور خوشی کی دلیل ہے اور جمعہ کا روز اول زہرہ کا ہے۔ خوشی اور نشاط اور عیش اور جمعیت خاطر کی دلیل ہے۔

حضرت مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے خواب کے بارے میں تعبیر کرنے والے کے لئے بہت سا تجربہ ہونا چاہئے جیسے طبیب کو بیمار اور اس کے علاج کا تجربہ ہونا چاہئے۔

حکایت:

امیر المؤمنین عباسی نے ایک رات خواب دیکھا کہ اس کا چہرہ سیاہ ہو گیا ہے۔ بیدار ہوا تو ڈرا اور تعبیر بیان کرنے والوں کو حاضر ہونے کا حکم دیا اور اپنا خواب بیان کیا۔ سب لوگ اس خواب کو سن کر تاویل بیان کرنے میں عاجز ہو گئے۔ پھر حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ کو جو تعبیر بیان کرنے والوں کے استاد تھے، بلا کر لائے۔ آپ نے خلیفہ کا خواب سن کر فرمایا کہ آپ کے ہاں لڑکی پیدا ہوگی۔ لوگوں نے سوال کیا کہ اس تعبیر پر کیا دلیل ہے؟ آپ نے یہ آیت پڑھی:

و اذا بشر احدھم بالانثی ظل و جھه مسودا وھو کظیم۔

ترجمہ: ''اور جب کسی کو لڑکی کی بشارت دی جاتی ہے تو اس کا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے اس حال میں کہ وہ غضب ناک ہوتا ہے۔''

امیر المؤمنین موصوف نے حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ کو ایک ہزار درہم انعام دیا اور اسی دن لڑکی پیدا ہوئی، پھر دس ہزار درہم بطور انعام دیا۔

عجیب حکایت:

ایک شخص نے خواب میں دیکھا کہ اس کو خصی کر دیا ہے۔ تعبیر بیان کرنے والوں کے پاس آیا اور اپنا

www.waseemziyai.com

خواب بیان کیا۔ایک شخص نے کہا کہ یہ شخص بہت جلد مر جائے گا۔دوسرے نے کہا کہ اپنے بچوں سے جدا ہو گا۔تیسرے نے کہا کہ اس کے خصیوں کو نقصان پہنچے گا۔چوتھے نے کہا کہ اس کی نسل کٹ جائے گی۔پانچویں نے کہا کہ یہ شخص اپنی عورت کو طلاق دے گا۔ابھی کچھ عرصہ نہ گزرا تھا کہ اس نے اپنی عورت کو طلاق دے دی اور بچوں کو ساتھ لے کر سفر کیا اور دریا میں کشتی پر بیٹھا، ہوا مخالف چلی اور کشتی غرق ہو گئی۔دریا کے کنارے ایک مچھلی نے اس کا عضو تناسل اور خصے کھا لئے۔اس کا مال اور فرزند سب ہلاک ہو گئے اور خواب کی تعبیر اسی طرح پوری ہوئی جس طرح کہ تعبیر بیان کرنے والوں نے کہا تھا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ تعبیر بیان کرنے والا قبرستان میں تعبیر نہ بیان کرے اور سائل کو سچ سچ بیان کرے کہ قید خانے میں حضرت یوسف علیہ السلام نے بیان فرمایا تھا:

قضی الامر الذی فیه تستفتیان۔

ترجمہ:''جس امر میں تم دونوں نے فتویٰ طلب کیا تھا اس پر حکم لگا چکا ہے۔''

دونوں کے فال جو دریافت کئے تھے، پورے ہو گئے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ چار جماعت سے تعبیر خواب دریافت نہ کی جائے۔(1) بے دینوں سے۔(2) عورتوں سے۔(3) جاہلوں سے۔(4) دشمنوں سے۔

فصل نمبر ۱۵.....ان مسائل کا بیان کہ جن کی تعبیر برعکس ہوتی ہے

بہت سے سوال ہیں کہ جن کی تعبیر الٹی ہے۔چنانچہ ہم بعض کو اس فصل میں بیان کرتے ہیں تا کہ سیکھنے والے پر پوشیدہ نہ رہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ طاعون خواب میں دیکھنا بیداری میں لڑائی ہے اور خواب میں رونا بیداری میں خوشی ہے اور خواب میں اپنے آپ کو قبر میں دیکھنا قید خانے میں جانے کی دلیل ہے۔خواب میں خانہ خراب دیکھنا لڑکیاں پیدا ہونے کی دلیل ہے اور خواب میں لڑکیاں پیدا ہوتے دیکھنا کاشت کاری کی دلیل ہے۔اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

نسآئو کم حرث لکم فاتوا حرثکم انی شئتم۔

ترجمہ:''تمہاری عورتیں تمہاری کھیتی ہیں جدھر سے چاہو آؤ۔''

خواب میں نیکی کپڑا اتنا ہے اور خواب میں کپڑا اتنا نیکی کرنی ہے۔خواب میں انجیر کھانا بُرا اور پشیمانی ہے۔اور سیل کا جگہ پر آنا دشمنی کا آنا ہے۔نئی چیزوں کا خواب میں آنا نیک ہے۔بری چیزوں کا خواب میں آنا بُرا ہے۔خواب میں نیا موزہ بغیر ہتھیار کے پہننا بُرا ہے۔اندوہ غم لاتا ہے اور خواب میں پرانا موزہ ہتھیار کے ساتھ پہننا بیداری میں شادی اور خوشی لانا ہے۔اگر کوئی شخص خواب میں غلام خریدے تو بُرا ہے اور اگر غلام بیچے

www.waseemziyai.com

تو اچھا ہے۔ اگر گولی خریدی ہے تو خواب اچھا ہے اور اگر گولی کو بیچا ہے تو خواب بُرا ہے۔ اس قسم کے اُلٹے خواب بہت ہیں۔ اگر سب کا ذکر کیا جائے تو کتاب درز اہوگی۔ لیکن ہر ایک کی شرح اس کی جگہ پر ہوگی۔

فصل نمبر ۱۶..... اللہ تعالیٰ اور فرشتوں اور انبیاء کی زیارت کرنا

اس کتاب کا مصنف کہتا ہے کہ اس عاجز کے استاد نے خداوند تعالیٰ اور فرشتوں اور انبیاء کرام علیہم السلام کے دیکھنے کی تاویل اپنی کتاب کے شروع میں مقدمہ کے طور پر بیان کی ہے۔ میں نے بھی اسی طرح مناسب جانا کہ اس کو پہلے بیان کروں اور باقی چیزوں کی تاویل حسب وعدۂ دیباچۂ کتاب حروف معجم کی ترتیب پر پھر بیان کروں تا کہ ان خوابوں کی تاویل کا نکالنا پڑھنے اور سیکھنے والے پر آسان ہو جائے۔

اللہ تعالیٰ کو دیکھنے کی تاویل:

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو بندہ مومن خدا تعالیٰ کو خواب میں بیچون اور بے چگون دیکھتا ہے (جیسا کہ احادیث میں آیا ہے) اس امر کی دلیل ہے کہ اس کو دیدار الٰہی ہوگا اور اس کی حاجتیں پوری ہوں گی اور اگر بندہ کھڑا ہے اور خدا تعالیٰ اس کو دیکھتا ہے۔ صلاح کار اور سلامتی نفس کی دلیل ہے اور مغفرت کے ساتھ مخصوص ہوگا اگر گناہ درکار ہے تو توبہ کرے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اللہ تعالیٰ اس سے راز کی بات کرتا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہ شخص اللہ تعالیٰ کے نزدیک بزرگ ہے۔ فرمان خدا ہے: **وقربناہ نجیا۔** ہ (اور ہم نے اس کو شرگوشی سے قریب کیا)۔

اگر کوئی خواب دیکھے کہ خدا تعالیٰ اس کے ساتھ حجاب کے پیچھے بات کرتا ہے۔ یہ اس کے دین کے خلل یا خطاء کی دلیل ہے۔ فرمان خدا تعالیٰ ہے:

ما کان لبشر ان یکلمه الله الاوحیا او من ورآء حجاب۔

ترجمہ: ''کسی بشر کے لئے نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے کلام کرے۔ مگر بطور وحی یا حجاب کے پیچھے۔''

اگر خواب میں دیکھے کہ خدا تعالیٰ نے اس کو مقرب اور عزیز اور حساب کر کے بزرگ بنالیا ہے، تو یہ اس کی بخشش کی دلیل ہے اور دنیا میں مصیبت دیکھے گا۔

اگر خواب میں دیکھے کہ اللہ تعالیٰ اس کو نصیحت کر رہا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ خدا تعالیٰ کی رضا اس میں نہیں ہے۔ فرمان خدا تعالیٰ ہے:

یعظکم لعلکم تذکرون۔

ترجمہ: ''تمہیں نصیحت کرتا ہے تا کہ تم نصیحت قبول کرو۔''

اگر خواب میں دیکھے کہ خدا تعالیٰ اس کو خوشخبری دیتا ہے تو یہ اس کی رضا کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ اس کو

www.waseemziyai.com

خدا تعالیٰ ڈراتا ہے تو یہ اس کے غضب کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ وہ خدا تعالیٰ کے آگے سر جھکائے کھڑا ہے تو یہ غم اور اندوہ کی دلیل ہے۔

فرمانِ باری تعالیٰ ہے:

لو تری اذالمجر مون نا کسوا رؤوسھم عند ربھم۔ (سورۃ سجدہ)

ترجمہ: ''اور جب تو گناہوں کو دیکھے گا کہ انہوں نے اپنے رب کے آگے سر جھکائے ہوئے ہیں۔''

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ خدا تعالیٰ نے اس کو کوئی چیز دی ہے تو یہ دنیا میں بلا اور مصیبت کی دلیل ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اللہ تعالیٰ اس کو نظرِ لطف سے دیکھتا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ خدا تعالیٰ اس کو جنت اور اپنا دیدار عطا کرے گا اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو دنیا کے سامان میں سے کچھ دیا ہے۔ یہ سخت بیماری کی دلیل ہے۔ لیکن اس کا اجر اور ثواب پائے گا۔ بعض تعبیر بیان کرنے والوں نے یہ بھی کہا ہے کہ عذاب پائے گا۔

اگر اللہ تعالیٰ کو دیکھے اور کوئی دوسرا کہے کہ یہ خدا ہے۔ یہ بادشاہی کی دلیل ہے اور اگر خواب میں دیکھے کہ خدا تعالیٰ زمین پر یا کسی جگہ پر آیا ہے۔ یہ دلیل ہے کہ اس جگہ والے مظلوم ہیں اور خدا تعالیٰ ان لوگوں کی مدد کرے گا اور وہاں قحط اور تنگی ہے تو فراخی ہوگی اور اگر وہاں کے باشندے گناہگار ہیں تو توبہ کریں گے۔ اور اگر دیکھے کہ خداوند تعالیٰ اس کے گھر میں آیا ہے اور مہربانی سے اس کر سر پر ہاتھ پھیرا ہے یا خلعت پہنائی ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کے کرم کی دلیل ہے۔ لیکن یہ شخص دنیا میں رنج اور بیماری اٹھائے گا۔ اور اگر خدا تعالیٰ کو نورانی شکل پر خواب میں دیکھے، جس کا کہ بیان نہ ہو سکے تو یہ غم اور اندوہ کی دلیل ہے۔

اگر خواب میں دیکھے کہ خدا تعالیٰ نے اس کا کوئی دوسرا نام رکھا ہے تو یہ شرف اور بزرگی کی دلیل ہے۔ اور اگر اس پر اللہ تعالیٰ نے غلبہ کیا ہے تو یہ زہد اور پارسائی کی دلیل ہے۔

اگر خواب میں دیکھے کہ خدا تعالیٰ نے اس کو اپنے نزدیک بلایا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس شخص کی موت قریب آ گئی ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں اللہ تعالیٰ کو کسی شہر یا گاؤں میں دیکھے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس جگہ کے نیک لوگ عزت، شرف اور مرتبہ پائیں گے اور جگہ سے ظلم کا ہاتھ اٹھ جائے گا۔

فرمانِ باری تعالیٰ ہے:

اللہ یحکم بینکم فیما کنتم فیہ تختلفون۔

ترجمہ: ''اللہ تعالیٰ تمہارے درمیان اختلاف کی بابت فیصلہ کرے گا۔''

اگر خواب میں دیکھے کہ اللہ تعالیٰ اس موضع پر خفا ہے تو یہ اس امر کی دلیل ہے کہ اس شہر کا قاضی بے

www.waseemziyai.com

انصاف ہے۔ یا اس شہر کا امیر رعایا پر ظلم کرتا ہے۔ اس شہر کے عام لوگ بے دین ہیں اور اگر یہی خواب چور دیکھے تو اس کے ہاتھ پاؤں کاٹ دیئے جائیں گے اور اس شہر میں فتنہ اور بلا اور قتل واقع ہوگا۔ فرمانِ باری تعالیٰ ہے:

وھوا القاھر فوق عبادہ و یرسل علیکم حفظة حتی اذا جآء احد کم الموت توفتہ رسلنا وھم لایفرطون۔ (سورۃ الانعام)

ترجمہ: ''وہ اپنے بندوں پر غالب ہے اور تم پر محافظوں کو بھیجتا ہے۔ یہاں تک کہ جب کسی کی موت آتی ہے تو اس کو ہمارے قاصد مار ڈالتے ہیں اور وہ کمی نہیں کرتے۔''

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خدا تعالیٰ بے چون و بے چگون خواب میں دیکھے، وہ ڈر اور خوف سے امن میں رہے گا اور اگر مسلمان ہے تو آخرت میں دیدار الٰہی پائے گا۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

للذین احسنوا الحسنی و زیادة۔

ترجمہ: ''جنہوں نے احسان کیا ہے ان کے لئے نیکی اور زیادتی ہے۔''

تعبیر کی تفسیر کرنے والے خدا تعالیٰ کی زیارت کے بارے میں کہتے ہیں۔ اگر خدا تعالیٰ کو اس صورت پر دیکھے کہ وہ صورت کبھی نہیں دیکھی ہے۔ یہ اس کے فضل و کرم کی دلیل ہے اور اگر کسی شخص کی صورت پر دیکھے تو وہ شخص غالب اور نامدار ہوگا اور اگر خدا تعالیٰ کو نماز اور تسبیح میں دیکھے تو یہ اس کی رحمت اور بخشش کی دلیل ہے اور اگر خدا تعالیٰ کو غازی لوگ جہاد میں دیکھیں تو یہ اس کی بخشش کی دلیل ہے۔ اگر خدا تعالیٰ کو تخت پر بیٹھا ہوا یا سویا ہوا دیکھے تو یہ نالائق صفات ہیں اور یہ اس امر کی دلیل ہے کہ وہ شخص بد دین اور گناہ گار ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خدا تعالیٰ کو خواب میں دیکھنے کی تاویل سات وجہ پر ہے۔ اول: معافی اور بخشش۔ دوم: بلا اور مصیبت سے امن۔ سوم: نور اور ہدایت اور دین میں قوت۔ چہارم: ظالموں پر فتح مندی۔ پنجم: بلا اور آخرت کے عذاب سے امن۔ ششم: اس ملک میں آبادی اور بادشاہ عادل ہوگا۔ ہفتم: عزت اور شرف اور دنیا و آخرت میں بلند پایہ ہوگا۔ یہ وجوہات نظر رحمت کی صورت میں ہیں۔ اگر خدانخواستہ نظر قہر ہے تو اس کے برخلاف ہوگا۔ اگر قاضی خواب میں دیکھے کہ خدا تعالیٰ اس کو غصہ کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ شرع سے تجاوز کرتا ہے۔ اور مظلوم کی دادرسی نہیں کرتا ہے اگر بادشاہ دیکھے تو اس کی بے عدلی کی دلیل ہے اور اگر عالم دیکھے تو اس کے دین اور اعتقاد میں خلل ہے۔ حاصل یہ ہے کہ نظر رحمت سے دیکھے تو بخشش ہے اور نظر قہر سے دیکھے تو زحمت اور عذاب ہے۔ ہماری دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ موجود ہے۔ اس کا دیکھنا عقل کی راہ ہے۔ لہٰذا خواب میں دیدار الٰہی کا منکر نہ ہونا چاہئے۔

ابو حاتم نے حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ سے سنا۔ آپ نے فرمایا ہے کہ سب خوابوں میں سے درست یہ

www.waseemziyai.com

ہے کہ اللہ تعالیٰ کو خواب میں بے چون اور بے چگون دیکھے۔

خواب میں فرشتوں کو دیکھنا

فرشتوں کو دیکھنے کی تاویل۔ بادشاہ کا 3 مگا 2 بادین و دیانت پر دلیل ہے۔ یا عالم پرہیز گار کی دلیل ہے اور تمام فرشتوں میں سے چار فرشتے (1) حضرت جبرائیل علیہ السلام (2) حضرت میکائیل علیہ السلام (3) حضرت اسرافیل علیہ السلام (4) حضرت عزرائیل علیہ السلام بزرگ ترین ہیں۔

حضرت جبرائیل علیہ السلام

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص حضرت جبرائیل علیہ السلام کو خوش طبع اور کشادہ رو دیکھے تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا اور اپنی مراد کو پہنچے گا اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو اندوہ اور غم پر دلیل ہے۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے خوش خبری دی ہے، یا نیک وعدہ کیا ہے، یا کسی کام سے روکا ہے۔ عزت اور دولت اور جمعیت خاطر کی دلیل ہے اور اگر اس کو کوئی چیز دی ہے تو بادشاہ سے مرتبہ ملے گا اور بعض تعبیر بیان کرنے والے کہتے ہیں کہ اگر خواب میں حضرت جبرائیل علیہ السلام نے اس کو کچھ دیا ہے تو یہ خوف اور بڑی دہشت کی دلیل ہے اگر لوگ اس کو خواب میں کہیں کہ حضرت جبرائیل ہے تو یہ دلیل ہے کہ سخن دان فصیح ہوگا اور مراد پائے گا اور با امانت اور با دیانت مشہور ہوگا۔

حضرت میکائیل علیہ السلام

اگر کوئی شخص خواب میں حضرت میکائیل علیہ السلام کو دیکھے، جیسے کہ ان کی صورت ہے۔ دلیل خیر اور بشارت کی ہے۔ کیونکہ حضرت جبرائیل علیہ السلام عذاب لانے والے اور حضرت میکائیل علیہ السلام بشارت اور نعمت وغیرہ کے لانے والے ہیں۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ حضرت میکائیل علیہ السلام نے اس کو عطا کیا ہے۔ یہ خیر اور بزرگی کی دلیل ہے اور اگر خواب میں دیکھے کہ لوگ اس کو میکائیل کہتے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس سے لوگوں کو خیر اور بشارت پہنچے گی اور نہایت قدر و منزلت پائے گا۔

حضرت اسرافیل علیہ السلام

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص حضرت اسرافیل علیہ السلام کو ان کی صورت پر دیکھے تو یہ قوت اور بزرگی اور جاہ و جلال اور علم و دانش کی دلیل ہے اور جس ملک میں دیکھے اس کی آبادی اور امن کی دلیل ہے۔ اور صور پھونکتے دیکھے تو یہ بلا اور فتنے کی دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

فرمان اللہ تعالیٰ ہے:

و نفخ فی الصور فصعق من فی السموات و من فی الارض۔

ترجمہ: ''صور پھونکا جائے گا اور جو شخص آسمانوں اور زمین میں ہے، بچھڑ جائے گا۔''

اور اگر دیکھا کہ آپ کے ہاتھ میں صور ہے اور پھونکتے نہیں ہیں۔ دلیل ہے کہ شہر میں بلا اور فتنہ اور نہایت خوف پڑے گا اور اگر دیکھے کہ حضرت اسرافیل علیہ السلام اس کے گھر میں آئے اور وہ سوتا ہوا جاگ پڑا ہے، دلیل ہے کہ اس شہر کا بادشاہ اس پر خفا ہوگا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر حضرت اسرافیل علیہ السلام کو کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اندوہ گین صور پھونکتے ہیں اور اس نے بطور برکت صور کی آواز سنی ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک میں مرگ پڑے گی اور ظالم لوگ ہلاک ہوں گے اور اگر دیکھے کہ حضرت اسرافیل علیہ السلام تازہ روی اور خوشی کے ساتھ اس کی طرف دیکھتے ہیں تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے امن اور خیر پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ حضرت اسرافیل علیہ السلام نے چھٹی پر مہر لگا کر اس کو دی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی موت قریب ہے اور اگر دیکھے کہ حضرت اسرافیل علیہ السلام نے اس پر آواز کسا اور غائب ہو گئے۔ دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ کی طرف سے نقصان پہنچے گا۔

حضرت عزرائیل علیہ السلام

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی ملک الموت کو آسمان پر اور اپنے آپ کو زمین پر دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ شخص اپنے کام سے معزول ہوگا اور اگر اپنے پاس دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی موت قریب ہے اور اگر ملک الموت کو خوش دیکھے تو شہادت کی دلیل ہے اور اگر ملک الموت سے کشتی کی اور گر پڑا تو دلیل ہے کہ دنیا سے جلدی رخصت ہوگا اور اگر ملک الموت کو گرا لیا تو بعض تعبیر دان بیان کرتے ہیں کہ بیمار ہوگا لیکن شفاء پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جو کوئی ملک الموت کو خواب میں خرم و شاداں دیکھے، تو دلیل ہے کہ اس کی زندگی دراز ہوگی اور اگر سلام کرتا ہوا دیکھے تو شخص جلدی شہادت پائے گا اور اگر شیرینی دیتا دیکھے تو جان آسانی سے نکلے گی اور اگر غصہ میں دیکھے تو اس کی موت خطرناک ہوگی اور اگر کوئی تلخ چیز دیتا ہوا دیکھے تو اس کی جان مشکل سے نکلے گی اور اگر خواب میں لوگ اس کو خبر دیں کہ ملک الموت فلاں جگہ ہے اور وہ دور سے دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے کام پڑے گا اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے ملک الموت کو مار ڈالا ہے تو دلیل ہے کہ یہ شخص دشمن خلق ہوگا۔

www.waseemziyai.com

حاملان عرش کو دیکھنا

حاملان عرش وہ فرشتے ہیں کہ جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے امر سے عرش الٰہی کو اٹھایا ہوا ہے۔ اگر ان کو کوئی خواب میں دیکھے تو مراد پائے اور بادشاہ بنے اور اگر ان سے ملاقات کی ہے تو کسی بزرگ یا بادشاہ سے کام پڑے گا اور خیر و منفعت دیکھے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں حاملان عرش کو دیکھنے والا دین داروں سے ملے گا اور حج کرے گا۔

فرمان باری تعالیٰ ہے:

و ترى الملئكة حافين من حول العرش يسبحون بحمد ربهم۔

ترجمہ: ''اور تو فرشتوں کو عرش کے گرد صف باندھے دیکھے گا کہ وہ اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں۔''

اور اگر فرشتے اس پر مہربانی کریں اور عبادت میں اپنے ساتھ شریک کریں تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس کی موت آ گئی ہے۔

کراماً کاتبین کو دیکھنا

کراماً کاتبین وہ فرشتے ہیں کہ سب لوگوں کے کردار اور گفتار، نیک اور بد کو لکھتے ہیں۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ان کو خواب میں دیکھے۔ اگر نیک ہے تو دونوں جہان میں خیر اور صلاح پائے گا اور اگر مفلس ہے تو غم اور اندوہ اٹھائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے:

يعلمون ما تفعلون۔

ترجمہ: ''وہ تمہارے فعلوں کو جانتے ہیں۔''

اگر ان فرشتوں کو آپس میں لڑتے دیکھے تو یہ دلیل ہے کہ یہ شخص گنہگار اور نافرمان ہے اور عذاب خدا کا مستحق ہے۔ فرمان باری تعالیٰ ہے:

انا نبشرك بغلام ن اسمه يحيى۔

ترجمہ: ''ہم تجھے ایک لڑکے کی بشارت دیتے ہیں جس کا نام یحییٰ ہے۔''

اور اگر فرشتوں کو دیکھے کہ کسی چیز کے لینے کے منتظر ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے مال اور نعمت میں زوال آئے گا۔ اور اگر فرشتوں کو کسی جگہ کھڑا دیکھے تو وہاں امن ہوگا اور اگر لڑائی میں دیکھے تو دشمن پر کامیاب ہوگا اور اگر رکوع و سجود میں دیکھے تو یہ دلیل ہے کہ اس کے دنیا اور دین کے احکام احوال مستقیم پر ہیں اور اگر فرشتوں کو عورتوں کی شکل میں دیکھے تو یہ دلیل ہے کہ خواب دیکھنے والا خدا تعالیٰ پر جھوٹ لگاتا ہے۔ فرمان حق تعالیٰ ہے:

www.waseemziyai.com

افا صفکم ربکم بالبنین واتخذ من الملٰئکۃ اناثا ان کسم لتقولون قولا عظیما۔

ترجمہ: ''کیا خدا تعالیٰ نے تمہیں بیٹے دیئے اور خود بیٹیاں لیں، تم ایک بہت بڑی بات کہتے ہو۔''

اگر خواب میں دیکھے کہ پَر رکھتا ہے اور فرشتوں کے ساتھ اُڑتا ہے تو اس کی موت قریب ہے اور دنیا سے توبہ کر کے مرے گا اور اگر دور سے فرشتوں کو دیکھے اور ان کے قریب نہیں جا سکتا ہے تو اس پر مصیبت پڑنے کی دلیل ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

یرون الملٰئکۃ لابشری یومئذ للمجرمین۔

ترجمہ: ''فرشتوں کو دیکھیں گے، اس دن گنہگاروں کے لئے خوشی نہیں ہے۔''

اور اگر دیکھے کہ فرشتے اس کو اپنی اطاعت کا امر فرماتے ہیں۔ اگر نیک ہے تو شادی اور خوشی دیکھے گا اور اگر برا ہے تو رنج و غم دیکھے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے:

اقراء کتابک کفی بنفسک الیوم علیک حسیبا۔

ترجمہ: ''اپنی کتاب پڑھ۔ آج کے دن تیرا نفس ہی تجھ پر حساب لینے کے لئے کافی ہے۔''

اور اگر خواب میں دیکھے کہ فرشتے اس کو عزت کے ساتھ سلام کرتے ہیں تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا اور انجام بخیر ہوگا۔ اور اگر ان کو ایک جگہ اترے ہوئے دیکھے تو دلیل ہے کہ وہاں کے لوگ غم اور اندوہ سے نجات پائیں گے۔ کیونکہ فرشتے ہمیشہ انبیاء کرام علیہم السلام کی مدد کے لئے آئے ہیں۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں صاحب خواب کا فرشتوں کو دیکھنا پند اور نصیحت ہے اور اگر فرشتے کو وصیت کرتے دیکھے تو یہ شخص شہید ہوگا اور اگر مقرب فرشتوں کو کسی جگہ میں دیکھے کہ اس جگہ اہل اسلام کافروں کے ساتھ جنگ کرتے ہیں، تو اہل اسلام کی فتح ہوگی اور اگر اس جگہ رنج، قحط اور سختی ہوگی تو اللہ تعالیٰ اس جگہ والوں کو اس سے نجات دے گا۔ اور اگر دیکھے کہ فرشتہ بن کر آسمان کو چلا گیا ہے تو دلیل ہے کہ یہ شخص دنیا میں زہد اختیار کرے گا اور دنیا سے دستبردار ہو کر راہ آخرت تلاش کرے گا اور اگر دیکھے کہ فرشتوں کے ساتھ آسمان پر چلا گیا ہے اور واپس نہیں آیا ہے تو جلدی سے سفر کرے گا اور اپنا نیک نام چھوڑے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ مقرب فرشتہ عزت کے ساتھ اس کی طرف دیکھتا ہے تو وہ شخص بیماری سے جلد شفاء پائے گا اور اس کے بعد حج اور جہاد کرے گا اور بہت سے نیک کام کرے گا اور اگر اپنے آپ کو فرشتے کی صورت دیکھے تو دلیل ہے کہ غم اور قرض سے نجات پائے گا اور اگر مالدار ہے تو مال زیادہ ہوگا اور اگر درویش ہے تو غنی ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ فرشتہ اس کو کسی کام کی بشارت دیتا ہے تو یہ دلیل ہے کہ کوئی بزرگ آدمی اس کام پر لگائے گا اور اگر دیکھے گا کہ فرشتہ اس کو عطا دیتا ہے تو وہ شخص عطاء اور بزرگی پائے گا اور اگر فرشتہ کروبی کو استقبال کرتا دیکھے گا تو دونوں جہان کی دولت پائے گا اور اگر دیکھے

www.waseemziyai.com

کہ فرشتے اس کی زیارت کو آئے ہیں اور شمع اور چراغ ان کے پاس ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے یہاں دانا اور عالم فرزند آئے گا اور اگر دیکھے کہ فرشتے اس کو سفید یا سبز کپڑے دیتے ہیں تو دلیل ہے کہ وہ خود مرے گا یا اس کے عزیزوں میں سے کوئی مرے گا اور اگر دیکھے کہ اس کی طرف خوشی دے دیکھتے ہیں تو اس کا انجام بخیر ہوگا اور اگر خواب میں فرشتہ جامع قرآن دے یا خط لکھا ہو دے تو دلیل ہے کہ کوئی شخص اس پر حکومت کرے گا اور اس پر غالب آئے گا۔

انبیاء کرام علیہم السلام کی زیارت کرنا

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام تین قسم پر ہیں۔

اول: اولوالزم۔ دوم: مرسل۔ سوم: نبی۔ پیغمبر اولوالعزم چھ ہیں:

(1) آدم علیہ السلام۔ (2) نوح علیہ السلام۔ (3) حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام۔ (4) حضرت موسیٰ علیہ السلام۔ (5) حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔ (6) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

مرسل انبیاء وہ ہیں کہ جن پر حضرت جبرائیل علیہ السلام وحی لائے ہیں۔ ان کی تعداد تین سو تیرہ ہے اور صرف نبی وہ ہیں کہ جن پر حضرت جبرائیل علیہ السلام نازل نہیں ہوئے۔

اولوالعزم:

جو شخص اولوالعزم پیغمبر کو خواب میں دیکھے۔ عزت اور جلال کی دلیل ہے اور اگر مرسل کو دیکھے دشمنوں پر فتح پائے۔ اور اگر اس موضع والے غم اور اندوہ اور سختی میں ہیں تو خیر اور صلاح اور دین و دنیا کے کاروبار کی آبادی دیکھیں گے اور اگر پیغمبروں کو نقل مکانی کرتے دیکھے اور اس موضع پر بددعا کرتے ہیں تو دلیل ہے کہ اس موضع پر بلائے عظیم اللہ تعالیٰ نازل کرے گا۔ اس کا علاج توبہ اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا ہے۔

نبی:

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر بندہ مومن خواب میں کسی پیغمبر کو تازہ رو اور خوش دیکھے، تو عزت اور جاہ اور نصرت پائے گا اور اگر غصہ میں دیکھے تو بدحالی اور رنج اور سختی کی دلیل ہے اور اگر خواب میں انبیاء کرام علیہم السلام سے کچھ سنے تو ان کے علم سے حصہ پانے اور خوشی کی دلیل ہے اور دیکھے کہ اس نے کسی پیغمبر کو مارا ہے تو یہ خیانت کی دلیل ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: **فبما نقضهم ميثاقهم و كفرهم بايات الله و قتلهم الانبيآء بغير حق**۔ (ان کی عہد شکنی اور آیات الٰہی کے ساتھ کفر اور ناحق نبیوں کو قتل کرنے کی وجہ سے)۔

www.waseemziyai.com

حضرت آدم علیہ السلام:

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ کوئی شخص اگر حضرت آدم علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو بزرگی اور ولایت ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے:

وعصی ادم ربه فغوٰی ثم اجتبه ربه فتاب علیه و هدی۔

ترجمہ: ''آدم علیہ السلام نے نافرمانی کی اور بہکا۔ پھر اس کے رب نے اس کو برگزیدہ کیا اور توبہ قبول کی اور ہدایت عطا فرمائی۔''

اور اگر خواب میں حضرت آدم علیہ السلام کو اپنے ساتھ بات کرتے دیکھے تو یہ علم آموزی کی دلیل ہے۔ فرمان باری تعالیٰ ہے:

وعلم ادم الاسماء کلها۔

ترجمہ: ''اور آدم کو سب نام سکھائے۔''

اگر خواب میں دیکھے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے اطاعت نہیں کی ہے تو یہ اس شخص کی نافرمانی اور بدبختی کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے اس کا ہاتھ پکڑا ہے تو یہ بزرگی اور سلطنت کی دلیل ہے۔

حضرت حوا علیہا السلام:

اگر کوئی شخص حضرت حوا علیہا السلام کو خواب میں دیکھے تو دولت اور اقبال پائے۔ عیش اور خوشی اور وافر نعمت اور دراز عمر پائے۔

حضرت نوح علیہ السلام:

اگر کوئی شخص حضرت نوح علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو عمر دراز پائے۔ لیکن دشمن سے رنج اور سختی دیکھے اور انجام کار مراد کو پہنچے۔

حضرت ادریس علیہ السلام:

اگر کوئی شخص حضرت ادریس علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو اس کا کام نیک ہو اور عاقبت محمود ہو۔

حضرت ہود علیہ السلام:

اگر کوئی شخص حضرت ہود علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو دشمن اس پر افسوس کرے اور آخر کار فتح پائے۔

حضرت لوط علیہ السلام:

اگر کوئی شخص حضرت لوط علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو کام درست ہو اور دل کی مراد پائے۔

www.waseemziyai.com

حضرت صالح علیہ السلام:

اگر کوئی شخص حضرت صالح علیہ السلام کو خواب میں دیکھے اور جگہ بہ جگہ تاویل کرے اور اس پر خیر کا دروازہ کھولا جائے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام:

اگر کوئی شخص حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو حج اسلام گزارے۔ بعض تعبیر بیان کرنے والے کہتے ہیں کہ بادشاہ ظالم اس پر ظلم کرے اور وہ شخص ماں باپ کے ساتھ بدخوئی سے پیش آئے گا۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام:

اگر کوئی شخص حضرت اسمائیل علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو بشارت فتح اور غنیمت کی پائے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے:

و بشرناہ باسحق نبیا من الصلحین۔

ترجمہ: ''ہم نے اس کو اسحاق نبی کی نیکیوں میں بشارت دی۔

حضرت یعقوب علیہ السلام:

اگر کوئی شخص حضرت یعقوب علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو فرزندوں کا غم واندوہ کھائے اور آخر کار غم خوشی سے بدل جائے۔

حضرت یوسف علیہ السلام:

اگر کوئی شخص حضرت یوسف علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو لوگ اس کے اوپر بہتان لگائیں اور انجام کار بزرگی ہے۔

حضرت شعیب علیہ السلام:

اگر کوئی شخص حضرت شعیب علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو دشمن اس پر غلبہ پائے اور پھر وہ خود فتح پائے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام:

اگر کوئی شخص حضرت موسیٰ علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو اہل وعیال میں گرفتار ہو اور پھر خوشحال ہو جائے اور دشمن پر فتح پائے۔ فرمانِ باری تعالیٰ ہے:

و وھبنا لہ من رحمتنا اخاہ ھارون نبیاہ۔

ترجمہ: ''اور ہم نے اس کو اپنی رحمت سے اس کا بھائی ہارون نبی عنایت کیا۔''

اور بعض تعبیر دان کہتے ہیں کہ آپ کو خواب میں دیکھنا اس ملک کے بادشاہ کے ہلاک ہونے کی دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

حضرت داؤد علیہ السلام:

حضرت داؤد علیہ السلام کو خواب میں دیکھنا بزرگی اور بادشاہی نعمت اور مال مرتبے کی زیادتی کی دلیل ہے۔

حضرت زکریا علیہ السلام:

حضرت زکریا علیہ السلام کو خواب میں دیکھنا توفیق طاعت کی دلیل ہے۔

حضرت یحییٰ علیہ السلام:

اگر کوئی شخص حضرت یحییٰ علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو اللہ تعالیٰ اس کو کار خیر کی توفیق عطا کرے گا۔

حضرت خضر علیہ السلام:

حضرت خضر علیہ السلام کو خواب میں دیکھنا، درازی سفر، امن، رزق اور درازیٔ عمر کی دلیل ہے۔

حضرت یونس علیہ السلام:

اگر کوئی شخص حضرت یونس علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو غموں سے نجات پائے اور تاریکی سے انشاء اللہ تعالیٰ روشنی میں آئے۔

حضرت ایوب علیہ السلام:

اگر کوئی شخص حضرت ایوب علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو ناامیدی امید میں بدل جائے اور توفیق طاعت و خیرات ہو۔

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اگر کوئی شخص حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھے تو سب غموں سے راحت پائے گا۔ قرض سے سرخرو ہو جائے گا۔ قیدی ہو تو نجات پائے گا۔ خوف زدہ ہو تو امن پائے گا۔ قحط و تنگی دور ہوگی۔ بعض کہتے ہیں کہ اگر مالدار ہوگا تو درویش ہو جائے گا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے جس نے مجھے خواب میں دیکھا ہے اس نے درست دیکھا ہے:

من رانی فقد رأی الحق فان الشیطان لا یتمثل بی۔

ترجمہ: ''جس نے مجھے دیکھا اس نے حق دیکھا۔ کیونکہ شیطان میری صورت نہیں بن سکتا ہے۔''

اور جو کوئی مجھے خواب میں دیکھے گا، غم واندوہ نہ دیکھے گا۔ تعجب نہ کرو، میری زیارت کی تاویل زیادہ تر سعادت آخرت ہے۔

www.waseemziyai.com

اگر آپ کے خواب میں ترش رو دیکھا جائے تو یہ سستی دین اور اس ملک میں بدعت کے ظاہر ہونے کی دلیل ہے اور اگر آپ کو ایسی جگہ دیکھے کہ لوگ پکارتے ہیں تو یہ اس امر کی دلیل ہے کہ وہ اجڑا ہوا ملک پھر آباد ہو جائے گا اور اگر آپ کو کچھ کھاتے ہوئے دیکھے تو صدقہ اور زکوٰۃ دینے کی دلیل ہے۔ اور اگر آپ کو ایسی جگہ دیکھے جہاں کسی طرح کی بلا اور محنت نہیں ہے تو اس موضع میں اور زیادہ نعمت ہوگی۔ خاص کر اگر مسجد میں دیکھے تو اگر آپ کو غمناک یا بیمار دیکھے تو یہ اس شخص کے دین کی کمزوری کی دلیل ہے۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی جگہ یا شہر میں دیکھے تو یہ دلیل ہے کہ اس جگہ نعمت فراخ ہوگی اور لوگوں کی جمعیت خاطر ہوگی اور اس جگہ والے دشمن پر فتح حاصل کریں گے۔

اور اگر آپ کے اعضاء میں سے کسی عضو کو کم ہوا دیکھے تو یہ دلیل ہے کہ اس جگہ کے لوگ شریعت میں سست ہیں۔ کیونکہ آپ کے جسم کا نقصان اس شخص کے دین کا نقصان ہے۔ اور اگر دیکھے کہ آپ نے اس کو تر یا خشک میوے دیئے ہیں تو اس کو دین میں پارسائی حاصل ہوگی۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھے تو نیک لوگ دیکھتے ہیں اور آپ ان کو ان چیزوں کی بشارت دیتے ہیں جو ان کو پہنچیں گی اور بُرے آدمیوں کو گناہ کرنے سے بچاتے ہیں تا کہ عذاب سے نجات پائیں۔ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مومنوں کے لئے بشیر (خوشخبری دینے والا) اور کافروں کے لئے نذیر (ڈرانے والا) ہیں۔ اگر آپ کو کوئی خواب میں غضب ناک دیکھے تو یہ دلیل اچھی نہیں ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جنازہ خواب میں دیکھے تو اس ملک میں رنج اور مصیبت بہت آئے گی اور اگر جنازے کے پیچھے آپ کو جاتے دیکھا تو یہ خواہش اور بدعت کی دلیل ہے اور اگر آپ کو دیکھ کر صرف زیارت کی تو یہ مال اور نعمت اور ولایت پانے کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس پر افسوس کرتے ہیں تو یہ اس کے کافر ہونے کی دلیل ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

قل أ باللہ وایاتہ و رسولہ کنتم تستھزء ون۔ لا تعذروا قد کفر تم بعد ایمانکم۔

ترجمہ: ''کہہ دو، کیا اللہ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول پر تمسخر کرتے ہو۔ عذر نہ کرو۔ تم نے اپنے ایمان کے بعد کفر کیا ہے۔''

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں انبیاء کرام علیہم السلام کی زیارت دس وجہ پر ہے: (1) رحمت (2) نعمت (3) عزت (4) بزرگی (5) دولت (6) ظفر (7) سعادت (8) جمعیت (9) قوت (10) دونوں جہان کی خیر۔ اور موضع کے لوگوں کی بہتری کہ جس جگہ یہ خواب دیکھا گیا ہے۔

www.waseemziyai.com

خلفائے راشدین کو خواب میں دیکھنا

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ:

اول خلیفہ رسول حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔ حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو خواب میں دیکھے تو یہ دلیل خوشی اور کرامت کی ہے۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر آپ کو کوئی کسی شہر میں زندہ دیکھے تو یہ اس امر کی دلیل ہے کہ اس ملک اور شہر کے لوگ بکثرت زکوٰۃ اور صدقہ دیتے ہیں اور یہ امر تب ہے کہ جب آپ کو کشادہ اور خوش دیکھیں اور اگر ترش رو دیکھیں تو پھر پہلے کے خلاف ہے۔

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ:

دوسرے خلیفہ امیر المؤمنین حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ ہیں۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص آپ کو خواب میں دیکھے تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہ شخص عادل اور منصف ہے۔ اور اگر آپ کو کسی شہر میں کشادہ رو اور خوش طبیعت دیکھیں تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس شہر میں عدل اور انصاف ظاہر ہوگا۔

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ:

تیسرے خلیفہ امیر المؤمنین حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ ہیں۔ علامہ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص آپ کو خواب میں خوش طبیعت اور ہنستا ہوا دیکھے تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہ کرامت اور شجاعت کو کسی شہر میں خوش طبع اور کشادہ رو دیکھیں تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس شہر کے لوگ قرآن مجید اور علم سیکھنے میں رغبت کریں گے۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

چوتھے خلیفہ امیر المؤمنین حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ہیں۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص آپ کو خواب میں خوش طبیعت اور ہنستے ہوئے دیکھے تو اس امر کی دلیل ہے کہ کرامت اور شجاعت اور سرداری پائے گا اور جس شہر میں دیکھے گا وہ شہر عدل اور انصاف سے متصف ہوگا۔ لیکن گاہے گاہے ان کے درمیان نزاع۔ جدل اور جھگڑا ہوتا رہے گا۔

دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو خواب میں دیکھنا

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص صحابہ رضی اللہ عنہم کو خواب میں دیکھے تو دلیل ہے کہ راہِ دین

www.waseemziyai.com

اسلام میں یگانہ ہوگا اور مسلمانوں میں قول کا سچا اور بادیانت مشہور ہوگا۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

اصحابی کالنجوم بایھم اقتدیتم اھتدیتم۔

ترجمہ: ''میرے صحابہ ستاروں کی مانند ہیں جس کی بھی تابعداری کرو گے ہدایت پاؤ گے۔''

حضرت امام حسن وامام حسین رضی اللہ عنہما:

امیر المؤمنین حضرت امام حسن وامام حسین رضی اللہ عنہما کو جو شخص خواب میں دیکھے گا خیر اور راحت پائے گا اور آخر کار شہداء کا درجہ پائے گا۔

حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ:

اگر کوئی شخص حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کو خواب میں دیکھے تو وہ حج اور جہاد کرے گا۔

حضرت ابو ہریرہ وحضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہما:

اگر کوئی شخص حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ یا حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو خواب میں دیکھے تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہ سنتوں کی طرف راغب ہوگا اور علم اور شریعت کو پسند کرے گا۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ:

اگر کوئی شخص خواب میں حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کو دیکھے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو علم اور قرآن عنایت فرمائے گا اور عاقبت محمود ہوگی۔

حضرت عبداللہ بن عباس وحضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہم:

اگر کوئی شخص حضرت عبداللہ بن عباس یا حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہم کو خواب میں دیکھے تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہ کار دین میں مجتہد ہوگا۔

حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ:

اگر کوئی شخص حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو خواب میں دیکھے تو اس امر کی دلیل ہے کہ مشہور ہوگا اور مؤذنوں کا ثواب پائے گا اور اہل سنت و جماعت کی راہ پر چلے گا۔ حاصل یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کرام کو خواب میں دیکھنا خیر اور منفعت کی دلیل ہے۔

علماء، حکماء اور زاہدوں کو دیکھنا

اگر کوئی علماء، حکماء، یا زاہدوں کو خواب میں دیکھے تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہ خیر و طاعت کے کاموں پر توفیق

www.waseemziyai.com

پائے گا اور علم حاصل کرے گا۔ کیونکہ علماء رسول اللہ ﷺ کے وارث اور مسلمانوں کے رہنما ہیں۔

اگر کوئی شخص خواب میں کسی شہر یا محلے میں علماء وحکماء کے گروہ کو جمع ہوتے دیکھے گا تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس شہر کے لوگ جاہلوں پر گفتار اور کردار اور امر و نہی سے نصرت پائیں گے۔ اب باقی چیزوں کی تعبیر کو حروف معجم کے طور پر بیان کیا جاتا ہے۔



www.waseemziyai.com
مرکز العلوم الاسلامیہ (رجسٹرڈ)

کتاب کامل التعبیر سے حرف الالف

آبادی:

علامہ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ ویران جگہ کو آباد کرتا ہے۔ جیسے مسجد، مدرسہ، خانقاہ اور جوان کے مشابہ ہے تو یہ دین اور عقل کی صلاح اور آخرت کے ثواب کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ ویران زمین کو خود آباد کرتا ہے۔ جیسے سرائے یا دکان وغیرہ بناتا ہے تو اس جہان کے فائدے اور خیر کی دلیل ہے اور اگر آباد جگہ کو ویران دیکھے تو دلیل ہے کہ اس جگہ بلا اور مصیبت پہنچے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں اپنے آپ کو آباد جگہ میں مقیم دیکھے تو دلیل ہے کہ اندازے پر خیر اور نفع پائے گا اور اگر اس کے خلاف دیکھا ہے تو شر اور فساد اور نقصان پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ آبادی کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: اس جہان کے کاموں کی صلاح پر۔ دوم: خیر اور منفعت۔ سوم: مراد و کامرانی۔ چہارم: بستہ کاموں کی کشائش۔

آب یعنی پانی:

تمام چیزوں کی زندگی پانی سے ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے:

وجعلنا کل شی ء من المآء حیی۔ (سورۃ الانبیاء)

ترجمہ: ''ہم نے ہر ایک چیز کو پانی سے بنائی ہے۔''

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب دیکھے کہ وہ سطح آب پر پانی کی طرح چلتا ہے جیسے دریا اور نہر کا پانی۔ یہ اس کے پاک اعتقاد اور قوت ایمانی کی دلیل ہے اور اگر صاف اور خوش گوار پانی بہت پیا ہے تو یہ دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز اور خوش عیش ہوگا اور اگر گندلا یا شور پانی پیا ہے تو اس کی تعبیر پہلے کے خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ دریا سے صاف اور اچھا پانی پیتا ہے تو دلیل ہے کہ تمام جہان کا بادشاہ ہوگا اور بعض کہتے ہیں کہ اس آب دریا کے پینے کے قدر پر بزرگی اور مال و نعمت حاصل کرے گا اگر پانی مصفا اور صاف ہے اور اگر گندلا ہے تو اس کو رنج اور سختی اور خوف اور دہشت پہنچے گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ پانی گرم پیتا ہے تو بیماری اور رنج کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ اس پر پانی گرم گرایا گیا ہے اور اس کو خبر نہیں ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا یا اس کو سخت غم پہنچے گا اور اگر دیکھے کہ پانی میں گرا ہے تو دلیل ہے کہ رنج اور غم میں گرفتار ہوگا اور اگر پانی پیالے میں اٹھائے تو دلیل ہے کہ

www.waseemziyai.com

مال اور زندگی پر فریفتہ ہوگا اور اگر کانچ کے پیالے میں اپنی عورت کو پانی دیا (اور کانچ کے پیالے کو عورتوں کے جوہر کے ساتھ نسبت دیتے ہیں اور پانی جو کانچ کے پیالے میں ہے اس کو فرزند کے ساتھ نسبت دیتے ہیں جو ماں کے پیٹ میں ہے) اگر پیالہ ٹوٹا ہوا ہے۔ تو بیوی مرے گی اور بچہ رہے گا۔ اگر پانی گرا اور پیالہ خالی رہا تو دلیل ہے کہ بچہ مرے گا اور عورت بچ رہے گی۔ اور اگر دیکھا کہ بے وجہ لوگوں کو پانی دیتا ہے تو دلیل ہے کہ دنیا اور آخرت میں لوگوں کو اس سے فائدہ پہنچے گا اور ویران جگہ کو آباد کرے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ جس گھر میں پانی گرایا ہوا تھا اس کے اندر داخل ہوا ہے تو دلیل ہے کہ غمگین اور متفکر ہوگا اور اگر دیکھے کہ پیالے کے صاف پانی کو کتے کی طرح پیا ہے تو دلیل ہے کہ عیش اور عشرت سے زندگی گزارے گا۔ لیکن ایسا کام کرے گا کہ بلا اور فتنہ میں پڑے گا اور مال کو تھوڑا تھوڑا کر کے لوگوں کو بخشے گا اور خیرات میں خرچ کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر پانی کو وقت پر زیادہ ہوتے دیکھے تو دلیل ہے کہ اس سال میں نعمت کی فراخی ہوگی اور اگر پانی دیکھے اور زمین میں جذب ہو جائے تو دلیل ہے کہ عام لوگوں کو سلامتی کی عافیت حاصل ہوگی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے:

و قیل یا ارض ابلعی مآءک ویا سماء اقلعی و غیض المآء۔

ترجمہ: ''اور کہا گیا کہ اے زمین! اپنے پانی کو نگل جا اور اے آسمان! بس کر اور پانی گہرائی میں چلا گیا۔''

اور دیکھے کہ پانی لوگوں کے سروں پر چڑھا جاتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس سال اس ملک میں نعمت اور فراخی ہوگی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: انا صَبَبْنَا المآء صبا۔ (ہم نے پانی کو خوب اچھی طرح گرایا)۔

اگر دیکھے کہ اس گھر میں صاف پانی ہے تو دلیل ہے کہ نعمت اور خوش عیشی پائے گا اور اگر دیکھے کہ گھر میں گدلے پانی پر کھڑا ہے تو پھر اس کی تاویل پہلے کے خلاف ہے۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ باغ اور زراعت کو دریاؤں اور نہروں سے پانی دینا غم اور اندوہ سے خلاصی اور مال کی دلیل ہے اور لوگوں کو پانی دینا دین اور دیانت اور نیک کاموں کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ پانی میں جاتا ہے اور اس وقت اس کا جسم مضبوط ہے کہ حاکم کی طرف سے کسی سخت کام میں مشغول ہوگا اور اس کا قول اس کام میں اور دوسرے کاموں میں مقبول ہوگا اور اگر صاف پانی میں جائے اور اس کا جسم چھپ جائے تو قوت دین اور توکل برخدا اور استقامت کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ پانی باغ میں جاتا ہے، عورت یا گولی ملنے کی دلیل ہے اور اگر اپنے اوپر صاف پانی کو گرتا دیکھے تو دلیل ہے کہ اس سے خیر و منفعت پہنچے گی اور اگر دیکھے کہ اس پر گدلا پانی گرایا ہے تو اس سے نقصان پانے کی دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب کے اندر پانی میں جانے کی تعبیر پانچ وجہ پر بتاتے ہیں۔ اول: یقین۔ دوم: قوت۔ سوم: مشکل کام۔ چہارم: مصاحبت۔ پنجم: رئیس شہر کی طرف سے کوئی کام۔

www.waseemziyai.com

فائدہ:

یاد رکھو کہ تعبیر باراں حرف ب میں بیان کریں گے اور آب چشمہ۔ آب چاہ اور آب جوئے حرف ج میں بیان کریں گے اور آب دریا حرف د میں اور آب رود حرف ر میں اور آب کاریز حرف ک میں۔ اسی ترتیب پر دوسرے خوابوں کو ہر ایک چیز کی ترتیب پر اس کی جگہ پر ذکر کریں گے۔

آب بینی۔ ناک کا پانی:

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ناک سے پانی کا خواب میں نکلتے دیکھنا فرزند کی دلیل ہے اور صرف آب بینی کا دیکھنا بھی فرزند کی دلیل ہے اور اگر ناک سے سرکہ نکلتے دیکھے تو بھی فرزند کی دلیل ہے۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر ناک سے پانی نکلتا دیکھے تو قرض کے اُترنے اور رنج وغم سے نجات پانے کی دلیل ہے اور اگر بیماری ہے تو شفا پائے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آب بینی فرزند کی دلیل ہے۔ اگر جسم پر پڑے تو لڑکا ہوگا اور اگر زمین پر پڑے تو لڑکی ہوگی اور اگر عورت پر پڑے تو حاملہ ہوگی لیکن فرزند ضائع ہوگا اور اگر دیکھے کہ عورت نے اس پر آب بینی گرایا ہے تو لڑکا ہوگا اور اگر دیکھے کہ آب بینی ہمسایہ کے گھر گرایا ہے تو ہمسایہ کی عورت خیانت کرے گی اور اگر دیکھے کہ اپنا آب بینی کسی مرد کے بستر پر ڈالا ہے تو بھی یہی تاویل خیانت ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں اپنے آپ کو اپنا آب بینی کھاتا دیکھے تو دلیل ہے کہ اپنا مال اپنے عیال پر خرچ کرے گا۔ اگر اپنی عورت کے آب بینی کو کھاتا دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہوگا اور اگر دیکھے کہ آب بینی سیاہ اور میلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے فرزند کو اندوہ اور مصیبت پہنچے گی۔ اور اگر زرد دیکھے تو فرزند بیمار ہوگا۔

آب تاختن یعنی پانی کا دوڑنا:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی پانی کو غیر محل پر دوڑتا دیکھے تو اس امر کی دلیل ہے کہ صاحب خواب غمگین اور قرض دار ہوگا اور اگر اپنی جگہ پر دیکھے تو قرض سے نجات اور غم سے خوشی دیکھے گا۔ اور اگر دیکھنے والا مالدار ہے تو مال کا نقصان ہوگا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے اگر نامعلوم جگہ پر پانی دوڑتا دیکھے تو اس امر کی دلیل ہے کہ صاحب خواب اس موضع کے اہل سے عورت پائے گا یا باندی خریدے گا۔

اور اگر پانی کی جگہ خواب میں خون دوڑتا ہوا دیکھے تو یہ اس کے نقصان کی دلیل ہے اور اگر پانی کی پیپ دوڑتے ہوئے دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے یہاں بیمار بچہ ہوگا۔ بعض اہل تعبیر بیان کرتے ہیں کہ پانی کا دوڑنا حرام مال کی دلیل ہے اور اگر دوڑتے ہوئے پانی کو پیئے تو دلیل ہے کہ حرام مال کھائے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کنوئیں میں پانی دوڑتا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ کسی سے مال حلال پائے گا اور اگر پانی دوڑتا دیکھے تو دلیل ہے کہ فرزند حافظ قرآن اور عالم اور دانا آئے گا اور اگر دیکھے کہ تھوڑا پانی گر گیا ہے اور تھوڑا پاس ہے تو دلیل ہے کہ تھوڑا مال جائے گا اور کچھ اندوہ اور غم اس سے جدا ہوگا اور اگر دیکھیں کہ اس پانی سے لوگ مسح کرتے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند عالم اور دانا آئے گا اور لوگ اس کے تابعدار ہوں گے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر مسجد میں پانی دوڑتا دیکھے تو دلیل ہے کہ اپنے مال کو خزانہ کرے گا لیکن اپنے لئے نہیں۔ اور اگر دیکھے کہ پانی کی دوڑ سے اس کا کپڑا تر ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اپنا مال اپنے فرزند کے لئے جمع کرے گا۔ کیونکہ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اپنی جگہ میں پانی دوڑتا ہوا دیکھنا مالداری کی دلیل ہے۔ ان کے لئے جو درویش ہیں غلام آزاد ہوگا۔ بیمار شفاء پائے گا۔ قیدی نجات پائے گا۔ مسافر وطن کو آئے گا۔ حاکم معزول ہوگا۔ خلیفہ مرے گا۔ قاضی معزول ہوگا اور سوداگر نقصان اٹھائیں گے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ اگر خواب میں اپنے گھر میں پانی کو دوڑتا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ اپنا مال اپنی اولاد کے لئے خزانہ کرے گا۔ لیکن اس کے عوض اور پائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **وما انفقتم من شی ء فھو یخلفه وھو خیر الرازقین** ۔ (اور وہ سب سے بڑھ کر رزق دینے والا ہے)۔

آبِ خانہ، پانی کا گھر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب کے اندر پانی کا گھر بنائے تو دلیل ہے کہ دنیا کے مال پر حریص اور راغب ہوگا اور مال سے کچھ خرچ نہ کرنا چاہے گا۔ اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کو جادو گر عورت ملے گی اور عورت حرام خور اور بد دیانت ہوگی۔

اگر آب خانہ میں اپنے آپ کو بول و پاخانہ کرتا دیکھے تو دلیل ہے کہ مال کو جمع کرے گا اور اگر دیکھے کہ آب خانے میں یا آب خانے کے گڑھے میں گرا ہے تو دلیل ہے کہ مال جمع کرنے میں غرق ہوگا اور اگر دیکھے کہ وہ خود آب خانے کے کنوئیں میں گرا ہے تو دلیل ہے کہ کسی کا مال چھینے گا اور اگر دیکھے کہ گرتے ہی ہاتھ اور پاؤں ٹوٹ گئے ہیں تو دلیل ہے کہ سخت بلا میں گرفتار ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آب خانہ کا دیکھنا پانچ قسم پر ہے۔ اول: مال حرام۔ دوم: عیش دنیا۔ سوم: خزانہ۔ چہارم: حرام میں شروع۔ پنجم: خدمت گار اور حرام خور عورت۔

آبدستان (کوزہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آبدست دیکھنے والا خزانہ دار صاحب تدبیر ہوگا۔ کہ آمدنی اور خرچ اس کے ہاتھ میں ہوگا اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو کوزہ دیا ہے تو دلیل ہے کہ خزانچی اور

www.waseemziyai.com

بادشاہ کا مشیر ہوگا اور اگر کسی کو دے تو بھی یہی قیاس ہے۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کوزہ بردار خادم ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **یطوف علیھم والدان مخلدون باکواب واباریق** ۔ (بہشت میں ان پر خادم کوزوں اور بدھنوں کے ساتھ طواف کریں گے)۔

اگر دیکھے کہ اس کا کوزہ ٹوٹ گیا یا ضائع ہوگیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت جدا ہو جائے گی۔ یا مر جائے گی۔

اگر کوزے سے اپنے آپ کو پانی پیتے دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا۔ خصوصاً جب پانی کو صاف اور خوش ذائقہ دیکھے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کوزے کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: خادم۔ دوم: خزانچی۔ سوم: وزارت۔ چہارم: فرزند۔ پنجم: ایسی جگہ سے تھوڑی روزی کہ جہاں سے امید نہیں رکھتا ہے۔

آبستنی (حمل):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں اپنا پیٹ حاملہ عورت کی طرح بڑا دیکھے تو دلیل ہے کہ پیٹ کی بڑائی کے اندازے پر دنیا کا مال اور نعمت حاصل ہوگی۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر نابالغ بچہ اپنے آپ کو حمل والا خواب میں دیکھے۔ اگر لڑکا ہے تو اس کے باپ کو نعمت اور مال حاصل ہوگا۔ اور اگر لڑکی ہے تو اس کی ماں کو مال و نعمت ملے گی۔

آبکامہ (ترش پانی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ آبکامہ کا خواب میں دیکھنا رنج اور بیماری کی دلیل ہے اور اس کا پینا بیماری کی دلیل ہے۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ آبکامہ کو اگر گرتا ہوا دیکھے یا اس میں سے کچھ نہ پیا ہو تو دلیل ہے کہ غم اور اندوہ سے نجات پائے گا اور اگر بیمار ہے تو شفا پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا ہے کہ آبکامہ کا پینا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: بیماری۔ دوم: غم۔ سوم: جھگڑا۔ چہارم: حاجت۔ پنجم: عیال کے ساتھ لڑائی۔

آبگینہ (کانچ۔ بلور):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں آبگینہ (شیشہ) دیکھنا عورت ہے اگر دیکھے کہ آبگینہ میں پانی پیا ہے تو دلیل ہے کہ عورت اور مال پائے گا اور اگر دیکھے کہ آبگینہ (شیشہ) میں کسی کو شربت دیا ہے۔ تو

www.waseemziyai.com

دلیل ہے کہ کسی سے عورت ملے گی۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس آبگینہ تھا جو گر کر ٹوٹ گیا ہے اگر عورت رکھتا ہے طلاق دے گا۔ ورنہ اس کے عزیزوں میں سے کوئی عورت مرے گی اور آبگینہ بنانے والا بمنزلہ (بطور) خداوند گار کا ہوتا ہے اور بعض تعبیر بیان کرنے والے کہتے ہیں کہ خواب میں آبگینہ بنانے والا عورتوں کا کام کرتا ہے اور ہمیشہ عورتوں کی صحبت میں رہتا ہے۔

آبلہ (ہندی چھالہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس آبلہ (چھالہ وغیرہ) تھا۔ دولت کی زیادتی کی دلیل ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے جسم پر آبلہ ہے تو دلیل ہے کہ اس کے اندازے پر اس کو مال ملے گا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جسم پر آبلہ خواب میں دیکھے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کو حرام ملے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ جسم پر آبلہ کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: زیادتی مال۔ دوم: عورت ملے گی۔ سوم: بچہ پیدا ہوگا۔ چہارم: مراد پوری ہوگی۔ پنجم: اگر آبلہ سفید ہے تو خوف سے امن پائے گا۔

آبنوس:

ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آبنوس کو دیکھنے والا اپنے کام میں سخت مضبوط ہوگا۔ اس سے کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ آبنوس کا خواب میں دیکھنا اسی صفت کی عورت ہوتی ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آبنوس کا دیکھنا گذشتہ تعبیر رکھتا ہے۔

آتش (آگ):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں آگ بغیر دھوئیں کے دیکھے تو دلیل ہے کہ بادشاہی کے قریب ہوگا۔ اور بستہ (رکے ہوئے) کام پورے ہوں گے اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے آگ میں گرا کر جلا دیا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ اس پر ظلم کرے گا۔ لیکن جلدی خلاصی پائے گا اور بشارت اور نیکی پائے گا۔ چنانچہ فرمان اللہ تعالیٰ ہے:

قلنا یا نار کونی بردا و سلاما علی ابراھیم۔

ترجمہ: ''ہم نے حکم دیا کہ اے آگ سرد ہو جا اور ابراہیم علیہ السلام پر سلامتی ہو جا۔''

اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو بلایا نہیں ہے تو دلیل ہے کہ کراہت (تکلیف) کے ساتھ سفر کرے گا اور

www.waseemziyai.com

اگر آگ کو بھڑکتا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ تپ سے بیمار ہوگا اور اگر دیکھے کہ آگ نے اس کا جسم جلا دیا ہے، دلیل ہے کہ جلن کے مطابق اس کو رنج ونقصان پہنچے گا اور اگر کوئی دیکھے کہ اس کے گھر میں آگ پڑی ہے اور اس کے سارے جسم کو جلا دیا ہے اور بھڑکتی ہے اور اس کے دل میں خوف اور دہشت (ڈر، خوف) نہیں آئی ہے تو دلیل ہے کہ اس نے محنت اور مصیبت کے سبب بیماری اور ضعف آئے گا۔ جیسے سردی، طاعون، آبلہ اور سرخہ وغیرہ۔ اور اگر دیکھے کہ آگ کو پکڑ لیا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر بادشاہ سے مال حرام ملے گا۔ اگر دیکھے کہ آگ دھوئیں دار ہے تو دلیل ہے کہ اس کو مال حرام محنت اور رنج سے ملے گا اور بہت سا جھگڑا دیکھے گا۔ اگر دیکھے کہ اس کو آگ سے گرمی اور تپش پہنچی ہے تو دلیل ہے کہ کوئی شخص اس کی غیبت کرتا ہے۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ آگ کے شعلے لوگوں پر ڈالتا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں میں عداوت اور دشمنی ڈالے گا اور اگر سوداگر خواب میں دیکھے کہ اس کی دکان اور سامان کو آگ لگی ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کا سامان برباد ہوگا یا درہم کی چیزیں تین درہم میں فروخت کرے گا اور کسی پر شفقت (مہربانی) نہ کرے گا۔

اگر دیکھے کہ کسی کے گھر میں آگ لگی ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہ آدمی جنگ اور فتنہ اور بادشاہ کے ظلم میں گرفتار ہوگا اور اگر دیکھے کہ آگ نے اس کا کپڑا جلا دیا ہے تو دلیل ہے کہ اپنوں کے ساتھ لڑے گا اور مال کے سبب سے غمناک ہوگا۔ اگر کوئی بڑی آگ زمین پر دیکھے تو دلیل ہے کہ اس موضع پر جنگ اور فتنہ ہوگا اور اگر کوئی جلی ہوئی چیز دیکھے تو دلیل ہے کہ عورتوں کی وجہ سے کسی کے ساتھ لڑے گا۔ اگر دیکھے کہ کسی شہر یا محل یا سرائے میں آگ لگی ہے اور سب کچھ جلا دیا ہے اور آگ شعلہ مارتی ہے اور آواز خوفناک دیتی ہے تو دلیل ہے کہ اس جگہ میں کارزار (جنگ، لڑائی) یا سخت بیماری پڑے گی۔

اگر دیکھے کہ آگ نے کچھ چیزیں جلا دی ہیں اور کچھ چھوڑ دی ہیں اور خوف ناک آواز نہیں دیتی ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس موضع میں لڑائی ہوگی اور اگر شعلے روشن نہیں ہیں تو سخت بیماری پڑے گی اور اگر آگ کو دھوئیں کے ساتھ دیکھے تو دلیل ہے کہ اپنے کاموں میں ڈر اور دہشت دیکھے گا اور اگر دیکھے کہ آگ آسمان سے گری اور اس نے شہر یا محلّہ یا سرائے کو جلا دیا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس شہر یا جگہ پر بلا اور فتنہ پڑے گا اور اگر دیکھے کہ خوف ناک آواز تھی اور آگ شعلہ مارتی تھی۔ لیکن جس جگہ پڑی ہے شعلے نہیں مارے ہیں تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس جگہ زبانی جھگڑا اور فساد ہوگا۔

اگر دیکھے کہ زمین کے نیچے سے خوف ناک آگ نکلی ہے اور آسمان کی طرف گئی ہے تو دلیل ہے کہ اس جگہ کے لوگ خدا تعالیٰ کے پیاروں کے ساتھ اس آگ کی طاقت کے مطابق جھوٹ اور بہتان کے ساتھ لڑائی لڑیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ آگ بے تحاشا جگہ بہ جگہ جاتی ہے اور آگ کچھ تکلیف نہیں دیتی تو دلیل ہے کہ صاحب خواب فائدہ حاصل کرے گا اور اگر درویش ہے تو مالدار ہوگا۔

www.waseemziyai.com

حضرت اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ آگ آسمان سے بارش کی طرح برستی ہے تو دلیل ہے کہ اس جگہ پر بادشاہوں کی طرف سے خونریزی اور بلا آئے گی اور اگر دیکھے کہ آسمان سے آگ آئی اور اس نے کھانے کی چیزوں کو جلا دیا تو دلیل ہے کہ اس کی عبادت اللہ تعالیٰ کے نزدیک قبول ہوئی ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: بقربان تاکله النار۔ (قربانی کہ اس کو آگ کھائے گی)۔

اگر دیکھے کہ آسمان سے آگ آرہی ہے اور کسی چیز کو نہیں جلاتی ہے تو یہ دلیل اللہ تعالیٰ کے خوف کی ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے۔ عذاب النار التی کنتم بها تکذبون۔ (آگ کا عذاب جس کو تم جھٹلاتے تھے) اور اس کو بادشاہ سے خوف ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ بڑی آگ پر ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ ایک بزرگ بادشاہ کے نزدیک ہوگا اور اگر دیکھے کہ کوئی چیز آگ پر لگاتا ہے کہ دین اور دنیا کا شغل تمام ہوگا۔

اگر دیکھے کہ آگ زمین پر اتری اور زمین کی سبزی کو جلاتی ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک میں خدانخواستہ ناگہانی موت بہت آئے گی اور اگر دیکھے کہ ایک بڑی آگ نے قبہ یا منارہ کو جلا دیا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس جگہ کا بادشاہ مرے گا۔ بعض تعبیر بیان کرنے والے کہتے ہیں کہ اگر کوئی دیکھے کہ آگ زمین سے نکل کر روشن ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس جگہ خزانہ ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ آگ کے ٹکڑے کھاتا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ یتیموں کا مال کھاتا ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: الذین یاکلون اموال الیتمی ظلما انما یاکلون فی بطو نهم نارا و سیصلون سعیرا۔ (جو لوگ یتیموں کا مال ظلم سے کھاتے ہیں وہ اپنے پیٹوں میں آگ کھاتے ہیں اور وہ جلدی دوزخ میں جائیں گے)۔

اگر دیکھے کہ اس کے منہ سے آگ نکلتی ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ جھوٹی بات اور بہتان لگاتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ ہر جگہ آگ جلتی ہے تو دلیل ہے کہ رعیت اور بادشاہی لوگوں میں ایلچی کا کام کرے گا اور اگر دیکھے کہ اس کے پہلو میں آگ روشن ہے اور کوئی نقصان نہیں کرتی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو نیکی پہنچے گی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: افراء یتم النار التی تورون۔ (کیا تم نے اس آگ کو دیکھا ہے کہ جس کو تم روشن کرتے ہو)۔

اگر دیکھے کہ بڑی آگ لکڑیوں کو جلاتی ہے تو فتنہ اور جنگ پر دلیل ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: کلما اوقد و نارا للحرب۔ (جب وہ لڑائی کے لئے آگ بھڑکاتے ہیں)۔

اگر خواب میں دیکھے کہ آگ لوگوں کو جلاتی ہے تو دلیل ہے کہ دشمنوں پر فتح ہوگی اور اگر دیکھے کہ آگ نے اس کو جلا دیا اور اس میں روشنی نہ تھی تو دلیل ہے کہ مرض سرسام سے بیمار ہوگا اور اگر اس آگ میں نور دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے عزیزوں اور فرزندوں میں سے کسی کے یہاں بچہ آئے گا کہ لوگ اس کی تعریف کریں گے اور اس نور آتش کے برابر بزرگی اور مال پائے گا۔ اور اگر رزمگاہ (میدانِ جنگ) میں آگ دیکھے تو یہ سخت بیماریوں کی دلیل ہے۔ جیسے آبلہ، طاعون، سرسام، مرگ ناگہانی وغیرہ۔ خدانخواستہ۔

www.waseemziyai.com

اگر آگ کو دھوئیں کے ساتھ دیکھے تو اس امر کی دلیل ہے کہ بادشاہ سے ڈر اور خوف ہوگا۔ اور اگر آگ کو بازار میں دیکھے تو یہ بازار والوں کی بے دینی کی دلیل ہے کہ بازار والے تجارت میں انصاف نہیں کرتے ہیں اور خریدی ہوئی چیزوں میں جھوٹ بولتے ہیں اور اگر کسی ملک میں آگ لگی ہوئی دیکھے تو دلیل ہے کہ وہاں کے لوگ بادشاہ کے ساتھ لڑتے ہیں اس سے رعایا پر ظلم ہوتا ہے۔

اگر نامعلوم مہینے میں آگ دیکھے تو بے دینی کی دلیل ہے اور اگر کسی کے کپڑوں کو آگ لگی ہوئی دیکھے تو دلیل ہے کہ اس پر مصیبت اور دہشت اور خوف پڑے گا اور اگر اپنے آپ کو آگ پر کھڑا ہوا دیکھے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کو رنج پہنچے گا۔

آتش افروختن (آگ کا روشن کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آگ کا روشن کرنا بادشاہ کی قوت ہے اور بغیر دھوئیں کے آگ اور زیادہ قوت ہے۔ اور دھوئیں والی آگ بادشاہ کے ظلم اور غم واندوہ اور نقصان پر دلیل ہے۔

اگر گرم ہونے کے لئے آگ روشن کی یا کوئی اور گرم ہو تو دلیل ہے کہ کوئی چیز طلب کرے گا اور نفع پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بے فائدہ آگ روشن کی ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ بے وجہ لڑائی اور جھگڑا کرے گا۔

اگر کوئی چیز بریان (کسی چیز کو بھوننے) کے لئے آگ روشن کی ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کی غیبت کے لئے کوئی کام کرے گا۔ تاکہ کسی کا حال معلوم ہو اور اس بھنی ہوئی چیز کو کھائے تو دلیل ہے کہ اس قدر روزی اس کو غم واندوہ کے ساتھ ملے گی اور اگر دیکھے کہ دیگ کے نیچے آگ کو روشن کرتا ہے اور اس میں گوشت یا کوئی اور چیز ہے تو دلیل ہے کہ کوئی کام کرے گا کہ جس سے صاحب خانہ کو فائدہ پہنچے گا اور اگر اس دیگ میں کوئی کھانے کی چیز نہیں ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کام سے اندوہ اور غم ہوگا۔ اگر روشنی کے لئے آگ جلائی ہے تو دلیل ہے کہ کام کو حجت اور دلیل سے کرے گا اور اگر حلوہ بنانے کے لئے آگ کو روشن کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو نیک بات کہیں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ کسی جگہ کو جلانے کے لئے آگ کو روشن کیا ہے تو دلیل ہے کہ اہل موضع (گاؤں) کی بدی اور غیبت کرے گا اور اگر آگ کو بغیر کھانے پکانے کے تنور یا آتشدان (چولہا) میں روشن کرے تو دلیل ہے کہ وہ اپنے عزیزوں اور اہل بیت کے ساتھ لڑے گا اور اگر دیکھے کہ اپنے فائدہ کے لئے آگ روشن کرنا چاہتا ہے تو آگ روشن نہیں ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اپنے علم سے فائدہ اٹھائے گا اور اگر بادشاہ ہے تو عزت اور مرتبہ اور دولت زیادہ ہوگی۔ اگر دیکھے کہ آگ روشن کی ہے اور بجھ گئی ہے تو یہ اس کے ہلاک ہونے کی دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ جنگل میں آگ روشن کی ہے تاکہ لوگ اس کی روشنی سے اپنی جگہ پر چلے جائیں۔ تو دلیل ہے کہ لوگ اس کے علم اور حکمت سے فائدہ اٹھائیں گے اور

www.waseemziyai.com

صحیح راہ پر آئیں گے۔

اگر دیکھے کہ آگ کمزور ہو رہی ہے اور اس کا نور کم ہو رہا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کے احوال متغیر ہوں گے اور دنیا سے رحلت کرے گا۔

اگر خواب میں دیکھے کہ جنگل میں آگ روشن کی ہے اور راہِ راست پر روشن نہیں ہے تو دلیل ہے کہ لوگ اس کے علم سے گمراہ ہوں گے۔ اور اگر سوداگر خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی موضع (گاؤں) کو جلانے کے لئے آگ روشن کی ہے اور آگ نے اس کو نہیں جلایا ہے تو دلیل ہے کہ بددیانتی سے خرید و فروخت کرے گا اور اس کا مال حرام ہوگا اور اگر دیکھے کہ ہمسایہ کے گھر سے آگ لیتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو مال حرام پہنچے گا۔

آتشین روشنائی (آگ کی روشنی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں آگ کی روشنائی کو دیکھے کہ اس کے ذریعے راستے پر چل سکے تو اس امر کی دلیل ہے کہ دولت زہد پائے گا اور اگر روشنی کو کھڑا دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی دولت کی جگہ وہی ہوگی اور اگر روشنی کو کھڑا دیکھے تو دلیل ہے کہ اس ملک میں سلطان (بادشاہ) کی سواری ظاہر ہوگی۔

اگر اپنے گھر میں انگار دیکھے کہ اس کا نور گھر کو روشن کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام ترقی پر ہوگا اور دولت زیادہ ہوگی۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس انگارے کو بجھا دیا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کے خاندان میں لڑائی اور جھگڑا ہوگا۔

آتش پرستیدن (آگ کا پوجنا):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ آگ کو سجدہ کرتا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ ظالم بادشاہ کو سجدہ کرے گا اور اس کی خدمت میں مشغول ہوگا اور اس کو راضی نہ کر سکے گا اور اگر دیکھے کہ تنور یا آگ یا چراغ کو سجدہ کرتا ہے تو دلیل ہے کہ عورتوں کی خدمت میں مشغول ہوگا اور اگر دیکھے کہ آگ کو پوجتا اور بوسہ دیتا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کا مخبر ہوگا۔

اگر دیکھے کہ آگ میں خوار ہو رہا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کی سوداگری کی رغبت کرے گا۔ لیکن نتیجہ اچھا نہ ہوگا۔ خاص کر اگر آگ سے جسم پر تکلیف پہنچے۔ اور اگر آگ سے جسم کو تکلیف نہ پہنچے تو دلیل ہے کہ سلامتی اور جمعیت خاطر (دل کی تسلی) بادشاہ وقت سے دیکھے گا اور اگر خواب میں آگ کے اندر چلا جائے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے اسی قدر فائدہ اٹھائے گا۔

اگر خواب میں دیکھے کہ آگ اس کے چہرے یا کپڑے یا ہاتھ سے روشنی دیتی ہے۔ چنانچہ لوگ اس کے نور سے حیران ہو جائیں تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح اور دونوں جہان کی مراد پائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے:

www.waseemziyai.com

وادخل یدك فی جیبك تخرج بیضآء من غیر سوء. (اپنا ہاتھ گریبان میں ڈالو، سفید بے عیب نکلے گا) اور یہ معجزہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا فرعون کے مقابلے میں تھا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ آگ کو پوجتا ہے تو دلیل ہے کہ شاہی بازداری (شاہی ملازمت) کرے گا اور اگر انکاری کی شکل پر ہے تو اس کی غرض دین سے مال جمع کرنا ہوگا اور مال حرام بہت سا حاصل کرے گا۔

آتشیں شرارہ (آگ کا شرارہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شرارۂ آتش دیکھنا بُری بات ہے جو اسے پہنچے گی۔ اگر آگ کے شرارے اس پر بے قیاس پڑیں تو دلیل ہے کہ محنت اور بلائے سخت میں گرفتار ہوگا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ شہر یا کوچہ میں آگ کے شرارے گرتے ہیں تو دلیل ہے اس جگہ جنگ اور فتنہ اٹھے گا اور اگر آگ کے شرارے بہت بڑے بڑے دیکھے تو دلیل ہے کہ عذاب خدا تعالیٰ اس کو یا اس موضع (گاؤں) کو پہنچے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: انها ترمی بشرر کا لقصر کانه جملت صفر۔ (گویا آگ کے شرارے پھینکتی ہے، محل کے برابر، گویا کہ وہ زرد اونٹ ہیں)۔

اگر دیکھے کہ آگ کے شرارے لوگوں میں گرتے ہیں تو دلیل ہے کہ اس جگہ جنگ اور جھگڑا ہوگا۔ آگ ڈالنا اور آگ سے پھسلنا بہت گالیاں دینا ہوتا ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ ہاتھ میں آگ کا ٹکڑا ہو تو دلیل ہے کہ بادشاہی کام میں مشغول ہوگا اور اگر آگ کے ساتھ دھواں دیکھے تو کام میں خوف کی دلیل ہے۔

اگر خواب میں دیکھے کہ آگ اس کے ہاتھ میں سرد ہوگئی ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کی خدمت میں مال حرام حاصل کرے گا اور اگر دیکھے کہ اس آگ میں سے ایک ٹکڑا اور لوگوں کو دیتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے فعل سے لوگوں کو رنج اور نقصان ہوگا اور لوگ اس کے دشمن ہو جائیں گے اور آگ پر کھانے کی چیزیں پکائے اور کھائے تو دلیل ہے کہ لوگوں سے اچھی اچھی باتیں سنے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آگ کا دیکھنا پچیس وجہ پر ہے: (1) فتنہ (2) جنگ (3) فساد (4) خوف (5) خصومت (6) بری باتیں (7) کام سے منع (8) بادشاہ کا غصہ (9) عذاب (10) نفاق (11) بے راہی (12) علم اور حکمت (13) ہدایت کا راستہ (14) مصیبت (15) ترس (16) جلنا (17) خدمت بادشاہ (18) طاعون (19) سرسام (20) آبلہ (21) کشائش کار (22) فضیلت (23) مال حرام (24) روزی (25) نفع۔

www.waseemziyai.com

آتش دان:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آتش دان عورت ہے کہ گھر کی خدمت کرتی ہے۔ اگر آتش دان (چولہا) لوہے کا ہے تو دلیل ہے کہ وہ عورت اہل خانہ کے عزیزوں میں سے ہے اور اگر لکڑی کا ہے تو دلیل ہے کہ وہ عورت منافق ہے اور اگر آتش دان مٹی کا ہے تو دلیل ہے کہ وہ عورت متکبروں اور مشرکوں سے ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آتش دان کو دیکھنا دو وجہ پر ہے۔ اول: زن خادمہ۔ دوم: کنیزک۔

آتش زنہ (چقماق):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ آتش زنہ اور اور سنگ آتشدان دونوں شریک ہیں۔ ایک ان میں سے قوی اور دلیر ہے اور دوسرا سخت دل ہے۔ یہ دونوں لوگوں کو ترقی اور بڑے کاموں پر لاتے ہیں۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ آتش زنہ سے آگ نکالی اور اس سے چراغ روشن کیا۔ اگر خواب کو دیکھنے والا بادشاہ ہے تو دلیل ہے کہ رعایا اس کے عدل اور انصاف سے آرام پائے گی اور اگر خواب دیکھنے والا عالم ہے تو دلیل ہے کہ لوگ اس کے علم اور عقل سے بہرہ یاب ہوں گے اور اگر سوداگر ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کو اس سے خیر اور بخشش اور احسان پہنچے گا اور اگر درویش ہے تو لوگ اس کی خصلت اور کردار سے فائدہ اٹھائیں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ آتش زنہ سے آگ نکلی ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کے لئے مال حرام جمع کرے گا یا اس کے کام میں رشوت لے گا اور اگر پتھر چقماق میں سے آگ روشن نہ کر سکے تو دلیل ہے کہ مال کو طلب کرے گا اور نہ پائے گا۔

آتش کدہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آتش کدہ بری جگہ ہے۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ آتش کدہ احمق لوگ اور خالی جگہ ہے اور اگر خواب میں دیکھے کہ آتش کدہ میں گیا اور وہاں سے کچھ پایا تو دلیل ہے کہ اسی قدر ذلت اور خواری اُٹھائے گا۔ لیکن بدی سے رہائی پائے گا اور انجام کار اسے پشیمانی ہوگی۔

آردگون:

آردگون ایک شگوفہ ہے اور اس کا خواب میں دیکھنا رنج اور بیماری کی دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

آرد (آٹا):

آرد یعنی آٹا خواب میں دیکھنا مال اور نعمت حلال کی دلیل ہے جو بغیر رنج کے حاصل ہوگا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ آٹا برف کی مانند ہوا سے آتا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اسی قدر خواب دیکھنے والے کو مال اور نعمت حلال حاصل ہوگی، جہاں سے کہ امید نہیں ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ آرد جو کی تعبیر دین ہے اور آرد تعبیر کی تعبیر مال و دولت ہے۔ جو تجارت سے حاصل ہوگی اور بہت فائدہ ہوگا۔ اور باجرے کا آٹا تھوڑے مال کی دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اپنے آپ کو آٹا بیچتے ہوئے دیکھنا اپنے دین کو دنیا کے بدلے فروخت کرنے کی دلیل ہے۔

آرد پیز (آٹا چھاننے والا):

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ آٹا چھاننے والا ایسا مرد ہے کہ اپنے دوستوں اور عزیزوں میں پھرتا ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ آٹا چھاننے والی ایک عورت ہے جو فضولی اور خامی کرتی ہے۔ اگر آٹا چھاننے والے نے بہت سا آٹا لیا، یا اس کو کسی نے دیا تو دلیل ہے کہ کوئی عورت یا خادم جیسا کہ ہم نے بیان کیا ہے۔ اس کا دوست ہوگا۔

بعض تعبیر بیان کرنے والے کہتے ہیں کہ نیک آدمی ہے جو اس کی خدمت میں مقیم ہوگا اور دوست ہو جائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ آٹا چھاننے والا چار قسم پر ہے۔ اول: نیک آدمی۔ دوم: فضول عورت۔ سوم: خادم۔ چہارم: تھوڑا نفع۔

آروغ (ڈکار لینا):

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں ڈکار آتا دیکھے تو دلیل ہے کہ ایسی بات کرے گا کہ جس سے اس کو حرمت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ ڈکار کے ساتھ اس کے گلے سے کھانا نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی موت قریب ہے۔

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ ڈکار ترش آیا اور برا آیا تو دلیل ہے کہ ایسی بات کرے گا کہ جس سے نقصان اور خطرہ دیکھے گا اور اگر ڈکار دھوئیں جیسا دیکھے تو دلیل ہے کہ بے وقت بات کہے گا کہ جس سے لوگ اس کو ملامت کریں گے اور اس عیب کا انجام پشیمانی ہوگی۔

آزاد شدن (آزاد ہونا):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ آزاد ہوا یا اس کو کسی نے آزاد کیا۔ تو دلیل

www.waseemziyai.com

ہے کہ اگر بیمار ہے تو شفاء پائے گا۔ اگر قرض دار ہے تو قرض سے سرخرو ہوگا اور اگر حج نہیں کیا تو حج کرے گا اور اگر غلام ہے تو آزاد ہوگا اور اگر گناہ گار ہے تو توبہ کرے گا اور اگر غمگین ہے تو خوش ہوگا اور غم سے رہائی پائے گا۔ اگر قید میں ہے تو خلاصی پائے گا۔ حاصل یہ ہے کہ خواب میں آزادی کا دیکھنا نہایت بہتر ہے۔

آستانہ (دہلیز):

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اوپر کی دہلیز صاحب خانہ ہے اور نیچے کی دہلیز گھر کی صاحبہ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اوپر کی دہلیز گری اور خراب ہوئی تو دلیل ہے کہ گھر کا مالک مرے گا اور اگر گھر والا دیکھے کہ نیچے کی دہلیز گری یا جل گئی ہے تو دلیل ہے کہ گھر والی مرے گی۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر گھر والا خواب میں دیکھے کہ نیچے یا اوپر کی نئی بدلی ہے تو دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے کر دوسری عورت بدلے گا اور اگر اوپر کی دہلیز کو اکھیڑا تو دلیل ہے کہ اپنے آپ کو ہلاک کرے گا اور اگر دیکھے کہ اوپر کی اور نیچے کی دونوں دہلیزیں اکھیڑی ہیں تو دلیل ہے کہ گھر والا اور گھر والی دونوں مریں گے۔

آسمان:

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی شخص خواب میں اپنے آپ کو آسمان میں دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی موت نزدیک آئی ہے اور اگر دوسرے آسمان میں دیکھے تو دلیل ہے کہ علم و دانش حاصل کرے گا۔ اور اگر تیسرے آسمان میں دیکھے تو دلیل ہے کہ دنیا میں عزت اور اقبال پائے گا۔ اور اگر چوتھے آسمان میں اپنے آپ کو دیکھے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کا دوست اور مقرب ہوگا۔ اور اگر اپنے آپ کو پانچویں آسمان پر دیکھے تو دلیل ہے کہ ہیبت اور ترس (ڈر) اور خوف پائے گا۔ اگر اپنے آپ کو چھٹے آسمان پر دیکھے تو دلیل ہے کہ بخت اور دولت اور نیکی پائے گا۔ اور اگر اپنے آپ کو پہلے آسمان پر دیکھے اور دروازہ بند پائے تو دلیل ہے کہ اس کے کام کسی بزرگ مرد کی وجہ سے رُک جائیں گے اور اگر دیکھے کہ آسمان پر نگاہ نہیں کر سکتا ہے اور سر نیچے ڈالا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ بزرگ مرد کے دیدار سے علیحدہ ہوگا۔ اگر دیکھے کہ فرشتے آسمان سے اتر کر اس کے پاس سے گزرتے ہیں تو دلیل ہے کہ اس پر علم و حکمت کے دروازے کھل جائیں گے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی اپنے آپ کو آسمان پر دیکھے تو دلیل ہے کہ سفر کرے گا اور اس میں دنیا کی عزت حاصل ہوگی اور اگر دیکھے کہ آسمان کی فضاء میں اُڑتا ہے تو دلیل ہے کہ نعمت اور برکت کے ساتھ سفر کرے گا اور اگر دیکھے کہ سیدھا اُڑتا جاتا ہے تا کہ آسمان پر پہنچے تو دلیل ہے کہ نقصان اور رنج دیکھے گا اگر دیکھے آسمان پر اس نیت سے گیا ہے کہ پھر زمین پر نہ آئے گا دلیل ہے کہ بزرگی اور بادشاہی پائے گا اور بڑا کام کرے گا اگر دیکھے آسمان سے آذان اور آواز سنتا ہے تو خیر اور سلامتی کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ آسمان

www.waseemziyai.com

سے کوئی پرندہ اس کے ساتھ بات کرتا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہ خوش وخرم رہے گا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ وہ آسمان پر عمارت بناتا ہے۔ جیسے زمین پر بناتے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کی موت قریب ہے۔ اور اگر دیکھے کہ دنیا کی بنیاد کی طرح اینٹ اور مٹی اور گچ اور اینٹوں سے آسمان پر عمارت بناتا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب دنیا میں مغرور ہوگا اور اگر دیکھے کہ آسمان سے بارش کی طرح شہد برستا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کو خیر ونعمت اور غنیمت حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ آسمان سے ریت یا خاک برستی ہے۔ اگر تھوڑی برسی ہے تو نیکی ہے۔ اگر بہت برسی ہے تو بُری ہے۔

اگر دیکھے کہ آسمان سے بچھو یا سانپ یا پتھر برستے ہیں تو یہ اس امر کی دلیل ہے کہ اس ملک میں عذاب خدا نازل ہوگا اور اگر دیکھے کہ اپنے آپ کو آسمان پر لٹکا دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مرتبہ بلند ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ ساتویں آسمان پر گیا ہے۔ ایسی جگہ جہاں وہم بھی نہیں جا سکتا اور نیچے نہیں آیا تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کی موت قریب ہے اور انجام اچھا ہے اور اگر خواب دیکھنے والا نیک اور صالح ہے اور دیکھے کہ نیچے اُتر آیا ہے تو دلیل ہے کہ راہِ دین میں زاہد اور پرہیز گار ہوگا اور اگر صاحب خواب نیک اور پرہیز گار نہیں ہے تو دلیل ہے کہ گناہوں سے توبہ کرے گا یا ہلاک ہوگا۔

اگر دیکھے کہ آسمان سے زمین پر آیا ہے تو دلیل ہے کہ رنج اور بیماری سے ہلاکت تک پہنچے گا اور پھر صحت و شفا پائے گا۔

اگر دیکھے کہ آسمان اور زمین کے درمیان بنیاد قبے یا محل جیسی ہے اور پتھر یا اینٹ نہیں ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ صاحب خواب علم وعمل میں مغرور ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ آسمان کے دروازے کھلے ہیں کہ اس سال دعا قبول ہوگی اور بارش بہت ہوگی اور پانی وافر ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **ففتحنا ابواب السماء بماء منهمر وفجر نا الارض عيونا فالتقى الماء على امر قد قدر**۔ (ہم نے آسمان کے دروازے موسلا دھار پانی سے کھولے اور زمین کے چشمے پھوٹے۔ امر اندازہ کئے ہوئے کے مطابق پانی جمع کیا ہوگا) اگر دیکھے کہ آسمان کی طرف سے سب لوگوں کی طرف چہرہ کھلے ہوئے ہیں تو لوگوں کی خیر اور نعمت پر دلیل ہے خاص کر اس کے دوستوں میں زیادہ اثر خیر ظاہر ہوگا اور اگر خواب میں دیکھے کہ آسمان پر سے گرا ہے تو یہ اللہ تعالیٰ کے غصہ کی دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں آسمان کو سبز دیکھے تو دلیل ہے کہ اس ملک میں خیر وصلاح اور امن ہوگا اور سفید دیکھے تو دلیل ہے کہ اس جگہ رنج اور بیماری ہوگی۔ اور اگر آسمان کو سرخ دیکھے تو دلیل ہے کہ اس ملک میں جنگ اور خون ریزی ہوگی اور اگر دیکھے کہ آسمان سیاہ ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس ملک میں فتنۂ عظیم برپا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ آسمان معمول سے زیادہ روشن ہے تو دلیل ہے کہ دین میں روشنی حاصل ہوگی۔

www.waseemziyai.com

اگر دیکھے کہ اس کے برابر آسمان کا دروازہ کھلا ہے تو دلیل ہے کہ خیر اور روزی کا دروازہ اس پر کھلے گا اور عالم اور حکیم ہوگا اور اس سے بہت لوگوں کو روزی پہنچے گی۔ اور اگر آسمان میں سرخ نشان ستونوں جیسے دیکھے تو دلیل ہے کہ اس جگہ کے نیک لوگوں کو نصرت حاصل ہوگی اور اگر دیکھے کہ آسمان کی پرستش کرتا ہے تو دلیل ہے کہ بے دین اور گمراہ ہوگا۔

حضرت اسماعیل شعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ آسمان سے پتھر بارش کی طرح آتے ہیں تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس موضع (گاؤں) میں سخت عذاب پڑے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **وامطرنا علیھم حجارۃ من سجیل**۔ (اور ہم نے ان پر پکی ہوئی مٹی کے پتھر برسائے)۔ (سورۃ ہود)

اور اگر دیکھے کہ آسمان سے گیہوں اور جو برستے ہیں تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس ملک میں رنگا رنگ کی بے قیاس نعمت اور امن اور کسب معاش لوگوں کو حاصل ہوگا۔

آستانہ (چوکھٹ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے گھر کا آستانہ بلند ہوا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اسی قدر مال و نعمت اور مرتبے کی بزرگی پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا گھر آستانہ گر گیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اپنے مرتبہ سے گرے گا اور لوگوں میں ذلیل ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر کا آستانہ بارش کی طرح صاف پانی گراتا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور نعمت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر کے آستانہ سے سانپ اور بچھو گرتے ہیں تو دلیل ہے کہ بادشاہ یا حاکم سے اس کو رنج پہنچے گا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ گھر کا آستانہ اس پر گرا ہے اور وہ خود اس کے نیچے پھنس گیا ہے تو اس کی ہلاکت کے خوف سے دلیل ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **فخر علیھم السقف من فوقھم**۔ (ان پر ان کے اوپر سے چھت گر پڑی) اور اگر دیکھے کہ اس کا گھر کا آستانہ کئی طرح کے رنگوں سے منقش ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ زینت اور آرائش کے ساتھ دنیا میں اپنی زندگی بسر کرے گا۔

آسیاب (پن چکی):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ پن چکی پر غلہ پسواتا ہے تو اس کی دلیل ہے کہ پن چکی کے مالک سے اس کو بہت سا فائدہ پہنچے گا اور اگر خواب میں دیکھے کہ پن چکی کا پتھر ٹوٹ کر بیکار ہو گیا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ پن چکی کا مالک مرے گا اور اگر دیکھے کہ پن چکی کے پتھر کو شگاف آ گیا ہے اور اس میں خلل ظاہر ہوا ہے، تو اس امر کی دلیل ہے کہ پن چکی کے مالک کی عیش میں خلل واقع ہوگا اور اگر دیکھے کہ پن چکی کے پتھر کو کسی نے چرا لیا ہے تو دلیل ہے کہ پن چکی والے کو نقصان ہوگا۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ پن چکی کا خواب میں دیکھنا جنگ اور خصومت (لڑائی جھگڑا) پر دلیل ہے اور اگر اپنے آپ کو پن چکی کے اندر دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا کسی کے ساتھ جھگڑا ہوگا اور اگر جانے کہ چکی اس کی ملک ہے تو کام سہل ہوگا۔ اور اگر پن چکی میں غلہ نہیں ہے اور دیکھتا ہے کہ کس طرح پھرتی ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا اور اگر دیکھے کہ پن چکی کا پاٹ تانبے یا پیتل یا لوہے کا ہے۔ یہ سب جنگ اور کارزار کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ پاٹ کانچ کا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو عورتوں کے ساتھ جھگڑنا پڑے گا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ پن چکی بجائے غلہ کے پتھر یا لوہے کو پیستی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ساتھ کسی کی جنگ اور جھگڑا ہوگا۔ لیکن اگر دیکھے کہ پن چکی اپنے ہاتھ سے پھیرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا شریک سخت دل ہوگا اور اس کی وجہ سے کام میں انتظام نہ ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ پن چکی کا خواب میں دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: بادشاہ۔ دوم: رئیس۔ سوم: مالداری۔ چہارم: جلدی یا دیر سے مرے گا۔ پنجم: بادشاہ کا خوان سالار (مہتمم باورچی خانہ) ہوگا۔

اور چکی کی جگہ دیکھنا، جگہ کا رئیس و بزرگ ہوتا ہے۔ اور اگر چکی کو خراب پھرتے دیکھے تو دلیل ہے کہ جو چیز چکی میں ہے خراب ہوگی۔

آسیابان (چکی والا):

چکی والا خواب میں وہ آدمی ہوتا ہے کہ جس کے ذریعے اہل خانہ کو روزی ملتی ہے اور روزی کماتا ہے۔ تا کہ اہل خانہ اس پر گزر کریں۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ چکی والے کا خواب میں دیکھنا ایسے مرد کا دیکھنا ہے جس کے ہاتھ میں روزی ہوتی ہے۔ اگر آسیابان جوان ہے تو تعبیر نیک ہے اور اگر خواب میں دیکھے کہ چکی کو گدھا یا اونٹ جتا ہوا ہے اور اچھی طرح آٹا گرتا ہے تو دلیل ہے کہ آسیابان کو دولت اور اقبال حاصل ہے اور اگر چکی کے پھرنے کے وقت چکی کے پتھر کی آواز سنتا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کے کام میں قوت ہوگی۔

آشتی کردن (صلح کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ کوئی صلح کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی اور اگر دیکھے کہ صلح میں کسی کو فساد دین کی دعوت دیتا ہے، تو دلیل ہے کہ اس کو راہِ دین اور صلاح و خیر کی دعوت دیتا ہے اور اگر دیکھے کہ کسی کو غصہ کے ساتھ دین کی صلاح دیتا ہے کہ اس کو فساد اور شر کی صلاح دیتا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں صلح کرنی تین وجہ پر ہے۔ اول: درازی عمر۔ دوم: قوت کی دلیل ہے۔ سوم: پسندیدہ اعتقاد اور عمدہ خصلت ہے۔

www.waseemziyai.com

آغوش گرفتن (گود میں لینا):

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی مشہور آدمی کو گود میں لیا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہ شخص نیک اور صالح ہوگا اور دین کی خیر پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بچے کو گود میں لیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ محبوب فرزند کا خواستگار ہے۔ اور اگر دیکھے کہ شیر برادر کو آغوش میں لیا ہے، تو دلیل ہے کہ دشمن سے صلح کرے گا۔

آفتاب (سورج):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں آفتاب بادشاہ یا خلیفہ بزرگوار ہوتا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے آفتاب کو آسمان سے پکڑا ہے یا اپنی ملک میں لیا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہی یا بزرگی پائے گا۔ یا بادشاہ کا دوست اور مقرب ہوگا اور اگر دیکھے کہ خود آفتاب ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ آفتاب کے اندازے پر بادشاہ ہوگا۔ اگر بادشاہی کے اہل سے نہ ہوگا، تو اپنی ہمت کے برابر بزرگی اور حشمت (دبدبہ اور مرتبہ) پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ آفتاب سے جنگ کرتا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کے ساتھ جنگ اور خصومت (لڑائی) کرے گا اور سلطنت برقرار رہے گی۔ اور اگر دیکھے کہ آفتاب سے نور لیتا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے ملک لے گا۔ اور اگر دیکھے کہ آفتاب کو پکڑا ہے، لیکن آسمان سے نہیں اور اس کی شعاع اور نور بھی نہیں ہے اور تاریک و تیرہ ہے تو غم سے نجات پائے گا اور اگر دیکھے کہ آفتاب تاریک اور سیاہ ہے اور اپنی جگہ پر نہیں ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ اپنے کاموں میں محتاج ہوگا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آفتاب بزرگوار بادشاہ ہوتا ہے اور چاند وزیر اور زہرہ عورت اور عطارد بادشاہ کا منشی اور مریخ شاہی پہلوان اور باقی ستارے بادشاہی لشکر ہوتے ہیں۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آفتاب باپ اور چاند ماں اور باقی ستارے بھائی ہوتے ہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام میں حضرت یوسف علیہ السلام کے قصے میں بیان فرمایا ہے: انی رایت احد عشر کوکبار والشمس والقمر رایتھم لی ساجدین ۔ (میں نے خواب میں گیارہ ستارے دیکھے اور آفتاب اور چاند کو دیکھا ہے کہ مجھ کو سجدہ کرتے ہیں)۔

اور جو زیادتی اور کمی آفتاب اور مہتاب اور ستاروں میں دیکھے تو ماں باپ اور بھائیوں پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ آفتاب روشن اور پاکیزہ نکلا ہے اور اس کے گھر میں چمکا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے عزیزوں میں سے عورت چاہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ابر وغیرہ آفتاب کے نور کو ڈھانپتا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کا حال خطرناک ہو گا اور اس کے احوال خاص کر جب آفتاب کو کھلتا دیکھے بدل جائیں گے اور اگر دیکھے کہ آفتاب سیاہی سے روشنی میں آیا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ بیمار ہو کر جلدی شفاء پائے گا۔

www.waseemziyai.com

اگر دیکھے کہ آفتاب کے جسم پر رسی یا دھاگہ لٹکا ہوا ہے اور اس نے اس پر ہاتھ ڈالا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے مدد اور قوت حاصل ہوگی اور اگر دیکھے کہ وہ رسی ٹوٹ گئی ہے اور وہ گر پڑا ہے تو دلیل ہے کہ بزرگی اور مرتبے سے گر جائے گا۔

اگر دیکھے کہ اس نے خواب میں آفتاب یا مہتاب کو سجدہ کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس سے گناہ یا خطا ظاہر ہو گی اور اگر دیکھے کہ آفتاب یا ماہتاب یا تمام ستارے ایک جگہ جمع ہیں اور ان کے نور کو لیتا ہے تو دلیل ہے کہ جہان کی بادشاہی حاصل کرے گا اور جہان کے سب بادشاہ اس کے تابع ہوں گے۔

اور اگر دیکھے کہ سورج، چاند اور ستارے پکڑے ہیں اور سب سیاہ اور تاریک ہیں تو اس امر کی دلیل ہے کہ خواب دیکھنے والا ہلاک ہو جائے گا۔ خاص کر اگر ظالم اور ستمگر بھی ہے۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ آفتاب کے درمیان سیاہی کا نقطہ ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کا دل ملک میں مشغول ہوگا اور اگر دیکھے کہ دو آفتاب آپس میں لڑتے ہیں تو دلیل ہے کہ دو بادشاہ آپس میں جنگ کریں گے اور اگر آفتاب کو زمین پر اُترا ہوا بے نور دیکھے کہ دلیل ہے کہ اس ملک کا بادشاہ سلطنت سے معزول ہوگا اور ملک سے بے بہرہ ہوگا۔

اور اگر آفتاب کو اپنے ہاتھ میں سیاہ دیکھے تو دلیل ہے کہ بادشاہ اور خواب میں دیکھنے والا دونوں غموں میں مبتلا ہوں گے اور اگر دیکھے کہ آفتاب کسی سوراخ میں گم ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ مرے گا اور عام مخلوق کو رنج و غم ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ آفتاب اور ستاروں کو کسی چیز نے چھپا لیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ بادشاہ لشکر سمیت دشمن سے شکست پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ آفتاب کی پرستش کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بڑے بادشاہ کا مقرب ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کا چہرہ آفتاب کی طرف ہے۔ پھر آفتاب سے چہرہ پھیر لیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ پہلے کافر تھا۔ پھر مسلمان ہوا اور انجام کار پھر کافر ہو جائے گا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ آفتاب کو پھر دیکھا ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک کا بادشاہ کسی ناامید چیز سے رنج پائے گا۔ اور اگر آفتاب کو اپنے ساتھ باتیں کرتے ہوئے دیکھے۔ تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے مرتبہ اور حشمت (مرتبہ) اور بزرگی پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ آفتاب کو دیکھنے کی تعبیر آٹھ وجہ پر ہے۔ اول: خلیفہ۔ دوم: سلطان بزرگ۔ سوم: رئیس۔ چہارم: حاکم بزرگ۔ پنجم: عدل بادشاہ۔ ششم: رعیت کا فائدہ۔ ہفتم: مرد کے لئے عورت اور عورت کے لئے مرد۔ ہشتم: نیک اور روشن کام۔

اور یہ بھی آپ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ وہ آفتاب کو سجدہ کرتا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ اس پر مہربانی کر کے اپنا مصاحب بنائے گا۔ مرتبہ بڑا ہوگا۔ ملک کے رئیس اور امیر عدل کریں گے اور صرف آفتاب

www.waseemziyai.com

کی شعاع کو دیکھنا اس کے برعکس حکم رکھتا ہے۔

آفتابہ (کوزہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کوزہ زن خادمہ یا کنیزک (لونڈی) ہے کہ جس کے سپرد چراغ روشن کرنے کا کام ہوتا ہے۔

بعض تعبیر بیان کرنے والے کہتے ہیں کہ کوزہ قوی خادم ہے کہ قوم اس کی اطاعت کرتی ہے اور گناہ سے پرہیز کرتی ہے اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس نیا کوزہ ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو خادمہ یا کنیزک (لونڈی) حاصل ہوگی۔ اسی صفت کی کہ جس کا بیان ہو چکا ہے اور اگر دیکھے کہ کوزہ ٹوٹ گیا ہے تو دلیل ہے کہ خادمہ یا کنیزک بیمار ہوگی، یا مر جائے گی۔ اور اگر دیکھے کہ کوزہ ضائع ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ خادمہ یا کنیزک بھاگ جائے گی۔ یا اس سے جدا ہو جائے گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کوزے کا دیکھنا نو وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: خادم۔ سوم: کنیزک۔ چہارم: قوام۔ پنجم: جسم۔ ششم: عمر دراز۔ ہفتم: مال و نعمت۔ ہشتم: خیر و برکت۔ نہم: عورتوں کی طرف سے راحت۔

آلج (زعرور):

آلج کو عربی میں زعرور کہتے ہیں۔ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ آلج کھاتا ہے تو رنج اور بیماری کی دلیل ہے۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کے پاس آلج ہے یا کسی کو دی ہے یا اس کے گھر کے باہر ڈالا اور نہ کھائی تو دلیل ہے کہ رنج اور بیماری سے امن ہوگا۔ حاصل یہ ہے کہ خواب مین الج کا کھانا خیر اور فائدہ نہیں دیتا ہے۔ (آلج ایک قسم کا پھل ہے اور بعض کہتے ہیں کہ کنار یہی ہے)

آماس (سوجن):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آماس مال ہے اور اگر دیکھے کہ اس کے جسم پر آماس ظاہر ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال ملے گا۔ خاص کر اگر اس آماس میں بہت پیپ بھی دیکھے۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کے جسم پر آماس (ورم، سوجن) ہے۔ اور تکلیف ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر حلال مال پائے گا اور اگر آماس سے اس کو تکلیف نہیں ہے تو دلیل ہے کہ حرام مال پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جسم پر آماس دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: مال زیادہ ہو۔ دوم: عورت فائدہ مند۔ سوم: لڑکا ہوگا۔ چہارم: مراد پوری ہوگی۔ پنجم: غموں سے امن میں ہوگا اور اگر تمام بدن سوجا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو یہ پانچ چیزیں حاصل ہوں گی۔

www.waseemziyai.com

آہک (چونا):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ چونہ کے ساتھ جسم سے بال مونڈے ہیں۔ اگر مال دار نہیں ہے تو اسی قدر مال دار ہوگا اور اگر غمگین ہے تو غم سے نجات پائے گا اور اگر قرض دار ہے تو قرض ادا کرے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چونے سے بال اڑانا، اگر مال دار ہے تو مال اور بھی زیادہ ہوگا اور اگر درویش ہے تو قرض سے سرخرو ہوگا اور کافروں کے لئے اسلام کا نشان ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چونا تین وجہ پر ہے۔ اول: خیر ہے۔ دوم: بری ناخوش باتیں ہیں۔ سوم: مشکل کام۔ اور چونے کی عمارت وغیرہ بنانا بری تعبیر رکھتا ہے۔

آہن (لوہا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ معمولی آہن کا خواب میں دیکھنا خادم ہے۔ ورنہ بقدر آہن دنیا کا مال ملے گا اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے خواب میں لوہا دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس لوہے کی قدر پر کوئی اس کو دنیاوی مال دیگا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لوہے کا دیکھنا صلاحیت اور بادشاہت سے نسبت رکھتا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے: **وانزلنا الحدید فیہ باس شدید و منافع للناس** ۔ ہم نے آہن کو اتارا۔ اس میں سخت خوف اور لوگوں کے لئے فائدے ہیں۔

اگر دیکھے کہ لوہے کو پتھر سے نکالا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو سختی پیش آئے گی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **قل کونوا حجارۃ او حدیدا او خلقا مما یکبر فی صدورکم** ۔ (کہہ دو کہ تم پتھر یا لوہا ہو جاؤ۔ یا اس سے بڑھ کر جو تمہارے خیال میں آئے)۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ آہنگری (لوہار کا کام) کرتا ہے۔ حالانکہ وہ آہنگروں میں سے نہیں ہے۔ تو اس امر کی دلیل ہے کہ کسی کے ساتھ جھگڑا ہوگا۔ اور اگر یہ خود آہنگر ہے تو یہ خواب خیر و منفعت کی دلیل ہے اور بعض تعبیر بیان کرنے والے کہتے ہیں کہ تاویل بادشاہ اور بزرگ ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر آہنگر خواب میں معروف کو دیکھے تو بادشاہی کی دلیل ہے اور اگر معروف کو نہ دیکھے تو جو کچھ دیکھا ہوگا، اس کی نیک اور بد تعبیر آہنگر کی طرف رجوع کرے گی اور اگر خواب میں دیکھے کہ لوہے یا پیتل کو گلاتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ شخص لوگوں کی غیبت کرتا ہے اور برا کہتا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ جو چیز خواب میں لوہے کی خواہ سوزن (سوئی) دیکھے۔

www.waseemziyai.com

دلیل نفع اور قوت اور ولایت اور توانائی اور دشمن پر فتح پانے کی ہے۔

آہو (ہرن):

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ ہرن کو پکڑا ہے تو کہ دلیل ہے کہ خوب صورت کنیز حاصل کرے گا۔

اگر اس نے دیکھا ہے کہ اس نے ہرن کے گلے کو کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ دوشیزہ دختر حاصل ہوگی اور اگر دیکھے کہ ہرن کا پیچھے سے گلا کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ کنیز کے ساتھ خلاف شریعت جماع کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ہرن کا چمڑہ اتارا ہے تو دلیل ہے کہ غریب عورت کے ساتھ زنا کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ہرن کا چمڑہ کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو خوب صورت عورت ملے گی اور اگر دیکھے کہ ہرن کا چمڑہ یا گوشت یا چربی کھاتا ہے یا اس کی طرف واپس آئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو مالدار عورت ملے گی اور اگر دیکھے کہ اس نے ہرن کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کی طرف سے غم ناک ہوگا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ ہرن کے پیچھے گیا اور اس کو گرایا ہے تو دلیل ہے کہ دوشیزہ عورت یا کنیز حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ہرن کو شکار کے وقت گرالیا ہے تو دلیل ہے کہ مال غنیمت پائے گا اور اگر دیکھے کہ ہرن گھر میں مرگیا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کی طرف سے اس کو غم واندوہ پہنچے گا اور اگر دیکھے کہ ہرن کو پتھر یا تیر سے مارا ہے تو دلیل ہے کہ نالائق بات کہے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ ہاتھ سے ہرن کو پکڑا ہے۔ یا اس کو کسی نے دیا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کو کنیز سے فرزند حاصل ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ہرن کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: کنیز۔ سوم: فرزند۔ چہارم: عورتوں سے فائدہ حاصل کرنا۔

آواز:

حضرت ابن سیرن رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر مرد کی آواز خواب میں بلند ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں میں بزرگی پائے گا اور اگر دیکھے کہ اس کی آواز بلند ہوگئی تھی تو یہ اس کی بلندیٔ قدر کی دلیل ہے کہ اس کا نام اور آواز بلند ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی آواز کمزور ہوگئی تھی تو دلیل ہے کہ اس کا نام اور آواز ضعیف ہوگی۔ چنانچہ کوئی اس کو یاد نہ کرے گا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آواز کی بلندی مردوں کے لئے بزرگی اور بلندی کا نام دلیل ہے اور عوتوں کے لئے خواب میں آواز بلند کا دیکھنا بُرا ہے۔

www.waseemziyai.com

آویختن (لٹکنا):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو لٹکانے کا حکم دیا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے حشمت اور مرتبہ اور بزرگی پائے گا۔ پھر آخر کار خلل پڑے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو لٹکے ہوئے لوگ دیکھتے ہیں تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس قوم پر حکومت اور سرداری پائے گا اور دیکھے کہ لوگ جمع ہیں اور اس کو لٹکا دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس قوم کا سردار اور فرماں روا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نامعلوم بوڑھے نے اس کو لٹکا دیا ہے اور لوگ اس کے نظارے میں ہیں۔ تو دلیل ہے کہ مخلوق پر حاکم ہوگا۔ خاص کر اپنوں کو بھی نظارے میں بھی شامل دیکھے اور اگر دیکھے کہ اپنے آپ کو لٹکا دیا ہے اور کسی نے اس کا نظارہ نہیں کیا ہے بلکہ اپنے آپ کو خود ہی لٹکا ہوا دیکھا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اپنوں پر حکومت کرنا چاہتا ہے لیکن اس کا کوئی شخص مطیع نہ ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو لوگوں نے لٹکایا ہے اور رسی کٹ گئی ہے اور وہ گر پڑا ہے تو بزرگی اور عزت اور مرتبے سے گرنے کی دلیل ہے۔

آئینہ (شیشہ دیکھنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آئینہ دیکھنا ولایت اور مرتبہ ہے اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس آئینہ ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ آئینہ کی بڑائی کے اندازے پر قدر اور مرتبہ ولایت اور نعمت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کسی کو آئینہ دیا ہے تو یہ دلیل ہے کہ اپنا مال ومتاع کسی کے سامنے پیش کرے گا اور اگر دیکھے کہ چاندی کے شیشے میں نگاہ کرتا ہے تو یہ دلیل ہے کہ اپنے مرتبے اور عزت کو نفرت کی نگاہ سے دیکھے گا۔ کیونکہ تعبیر بیان کرنے والے چاندی کے شیشے کو بُرا خیال کرتے ہیں۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں لوہے کے شیشے کو دیکھے تو دلیل ہے کہ اگر اس کی عورت حاملہ ہے تو لڑکا پیدا ہوگا سب باتوں میں باپ کی مشابہ ہوگا اور اگر یہی خواب عورت حاملہ دیکھے تو لڑکی پیدا ہوگی جو سب طرح سے اپنی ماں جیسی ہوگی۔ اور اگر عورت حاملہ نہیں ہے تو اس کا شوہر اس کو طلاق دے کر دوسری عورت کرے گا اور وہ عورت دوسرا شوہر کرے گی۔ اور اگر لڑکا خواب میں شیشہ دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا اور بھائی پیدا ہوگا۔ اگر لڑکی نے شیشہ دیکھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی اور ہمشیرہ آئے گی۔ اور اگر بادشاہ شیشہ دیکھے گا تو معزول ہوگا اور حکومت اس کے ہاتھ سے نکل کر کسی اور کو ملے گی اور جو اس کا جائے نشین ہو جائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آئینہ دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: پسر۔

www.waseemziyai.com

سوم: جاہ وفرمان۔ چہارم: یارودوست۔ پنجم: شریک۔ ششم: کاروشن۔

اور یہ بھی آپ نے فرمایا ہے کہ اگر غریب آدمی خواب میں آئینہ دیکھے تو اس امر کی دلیل ہے کہ عورت اور بزرگی پائے گا۔ اگر لڑکی دیکھے تو اس کی شادی ہوگی اور شوہر کے نزدیک عزیز اور گرامی ہوگی۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو کسی مجہول آدمی نے شیشہ دیا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ غائب دوست کو دیکھ کر خوش ہوگا۔

ابر (بادل):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ بادل خواب میں دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: ابر سفید۔ دوم: ابر سیاہ۔ سوم: ابر زرد۔ چہارم: ابر سرخ۔ پنجم: ابر برسنے والا۔ ششم: ابر نہ برسنے والا۔ اور ہر ایک کی تعبیر خاص ہے۔

اگر کوئی خواب میں اپنے آپ کو ابر سفید برسنے والے کے نیچے دیکھے۔ تو دلیل ہے کہ خدا تعالیٰ اس کو علم و حکمت عطا فرمائے گا اور لوگوں کو اس کے علم وحکمت سے فائدہ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ ابر زرد کے نیچے ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا اور بعض تعبیر بیان کرنے والے کہتے ہیں کہ عورت پائے گا جس سے رنج وغم اٹھائے گا۔

اور اگر اپنے آپ کو سرخ بادل کے نیچے دیکھے تو محنت اور بلا اور گرفتاری کی دلیل ہے۔ کیونکہ خدا تعالیٰ نے جس قوم پر عذاب بھیجا ہے پہلے اس پر سرخ ابر ظاہر ہوا ہے۔

اور اگر دیکھے کہ بادل سیدھا اس کے سر کھڑا ہو گیا ہے۔ تو اس امر کی دلیل ہے کہ حکومت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ابر اس کے سر پر سے گزر گیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کی صحبت کسی نیک شخص اور اہل مرتبہ سے ہوگی اور اس کی مراد اس سے حاصل ہوگی۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ بادل کو ہوا میں چلاتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ علماء اور حاکموں کی صحبت میں رہے گا اور یہ خواب بادشاہ دیکھے تو دلیل ہے کہ اپنی ولایت میں قاصدان باخبر کو بھیجے گا اور اگر خواب میں دیکھے کہ بادل کو ہوا میں سے پکڑ کر زمین پر لے آیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ نیکی اور بزرگی اور علم حاصل کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بادل اس کے سر پر سایہ کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس سال خیر اور نعمت پائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **وظللنا علیکم الغمام و انزلنا علیکم المن و السلوی کلوا من طیبات مارزقنکم۔** (اور ہم نے تم پر بادل کا سایہ کیا اور تم پر من اور سلویٰ اتارا۔ ہم نے جو پاک چیزیں تم کو عنایت کی ہیں۔ کھاؤ)۔

اور اگر دیکھے کہ بادل میں کپڑا سیاہ ہوا ہے اور اس نے پہنا تو دلیل ہے کہ اتنا علم اسے حاصل ہوگا جو کسی کو نہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ ابر نے تمام جہان کو ڈھانپا ہے اور برسا نہیں ہے تو یہ بُری دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ بادل کو جمع کیا یا اٹھایا یا دکھایا تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہ حکماء میں عقل و دانش سے ممتاز ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ ابر کو کھا رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی زندگی حکمت سے پُر ہوگی اور اگر دیکھے کہ ابر سیاہ ایک جگہ پر گھرا ہوا ہے تو یہ اس ملک پر اللہ تعالیٰ کے عذاب کی دلیل ہے۔ جس کو ابر کے نزدیک دیکھے گا، وہ عذاب حق کے نزدیک ہوگا اور اگر ابر کے ساتھ بارش کو دیکھے تو دلیل رحمت اور خیرات کی ہے۔

اور اگر دیکھے کہ بادل سے بارش کو پیتا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر رحمت اور نیکی دیکھے گا اور اگر بادل کے ساتھ بارش اور سخت کڑک ہے تو یہ ماں باپ اور مسلمانوں کی دعا سے ڈرنے کی دلیل ہے اور اگر کڑک کے ساتھ بجلی دیکھے تو یہ سخت قوی عذابوں کی دلیل ہے۔ اور اگر اپنے گھر اور جگہ پر ابر چھایا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے فرزند اور اہل بیت کو بادل کی تنگی اور تاریکی کے اندازے پر دانش اور حکمت حاصل ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ بادل خواب میں دیکھنا نو وجہ پر ہے۔ اول: حکمت۔ دوم: ریاست۔ سوم: بادشاہی۔ چہارم: رحمت۔ پنجم: پرہیزگاری۔ ششم: عذاب۔ ہفتم: قحط۔ ہشتم: بلا۔ نہم: فتنہ۔

ابر (اسفنج):

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ابر سیاہ، ڈر اور خوف اور سختی کی دلیل ہے۔ اور برسنے والا ابر خیر و برکت اور فراخی کی دلیل ہے۔ اور غم واندوہ بھی ہوتا ہے۔

لیکن وہ ابر کہ جس کو دریا کے کنارے سے لاتے ہیں اور جس کو عربی زبان میں اسفنج کہتے ہیں۔ اس کو خواب میں دیکھنا اس امر کی دلیل ہے کہ جس اندازے پر دیکھا ہے۔ اسی اندازے پر مال غنیمت حاصل ہوگا۔

ابرو ہا (بھویں):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ابرو کا خواب میں دیکھنا دین ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے ابرو پورے بے نقصان ہیں تو دلیل ہے کہ اس کی زینت پوری اور کامل ہے اور اگر دیکھے کہ اس کے ابرو گر گئے ہیں تو اس کی تاویل پہلے کے خلاف ہے۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ ابرو نہیں ہیں یا ان کے بال گر گئے ہیں تو اس امر کی دلیل ہے کہ ایک چیز کا ارادہ کرے گا جس سے اس کے دین میں بدنامی اور فساد ہوگا اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ کسی چیز کا قصد کرے گا جس سے نیک نامی اور دین کی اصلاح ہوگی۔ اگر دیکھے کہ اس کے ابرو سفید ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا علم اور تحمل زیادہ ہوگا۔ لیکن مال کا نقصان ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر ایک ابرو کو گرا ہوا دیکھا اور دوسری کو کھڑا ہوا دیکھا تو دلیل

www.waseemziyai.com

ہے کہ اس کے مال اور مرتبے میں نقصان پڑے گا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ دین کی زینت کے نقصان پر ابرو کا گرنا اور اکھڑنا دلیل ہے۔

ابریشم:

ابریشم کو خواب میں دیکھنے کی تاویل قز یعنی ریشم کے دیکھنے کے مساوی ہے۔ جس کا ذکر حرف قاف میں آئے گا۔

ابلیس (شیطان):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں ابلیس کا دیکھنا دشمنی، بد دینی، جھوٹ، فریب، بے شرمی، نیکی سے ناامیدی اور لوگوں کو بدی سکھانے اور شر و فساد کی دلیل ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ ابلیس کو لڑائی اور جنگ میں مغلوب کر لیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا میلان صلاح اور خیر کی طرف ہے اور اگر دیکھے کہ ابلیس اس پر غالب آ گیا ہے تو دلیل ہے کہ شر اور فساد کی راہ کی طرف مائل ہوگا۔ اگر خواب میں دیکھے کہ شیطان اس سے باتیں کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو راستہ سے پھیرے گا اور اطاعت سے روکے گا۔

اگر دیکھے کہ ابلیس اس کو نصیحت کرتا ہے اور اس کو بھلی معلوم ہوتی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے مال اور جسم کو نقصان پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ابلیس نے اس کا ہاتھ پکڑا اور اس کو اس جگہ لے گیا اور اس نے "**لاحول ولا قوّة الّا باللّٰه العلیّ العظیم**۔" (نہیں ہے پھرنا گناہ سے اور نہ طاقت نیکی کی، مگر اللہ بلند بزرگ کے ساتھ ہے) پڑھا تو دلیل ہے کہ کسی بڑے گناہ میں پڑے گا اور پھر کسی کی نصیحت سے اس گناہ سے رکے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے ابلیس کی گردن میں طوق ڈالا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اہل دین و صلاح کو خوشی پہنچے گی اور اگر دیکھے کہ ابلیس ضعیف اور عاجز ہے تو دلیل ہے کہ مصلح عالموں اور نیک لوگوں کی طاقت ہوگی۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ ابلیس کا مطیع ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ خواہش نفسانی میں مبتلا ہوگا اور اگر دیکھے کہ ابلیس نے اس کو کچھ دیا ہے تو اگر وہ اچھی چیز ہے تو مال حرام پائے گا۔ اور اگر وہ بُری چیز ہے تو دلیل ہے کہ اس کے دین میں فساد ہوگا۔

اور اگر کوئی شخص دیکھے کہ ابلیس شاد و خرم ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کے کام میں قوی فساد ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ ابلیس کو تلوار مار کر ہلاک کرنا چاہتا ہے اور وہ بھاگ گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو ایک ملک ملے گا اور وہ عدل و انصاف کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ابلیس کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے نفس کو مغلوب کرے گا اور نیک راستے پر چلے گا۔

ارزیز (سیسہ، قلعی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس بہت سا سیسہ

www.waseemziyai.com

ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر دنیا کا سامان حاصل کرے گا اور جو برتنوں کے نیچے ہوتا ہے۔ جیسے پیالہ اور تھال وغیرہ۔ اور جانتا ہے کہ اس کی ملک ہے تو دلیل ہے کہ اس قدر نوکر چاکر پائے گا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ سیسے کو گلاتا ہے تو دلیل ہے کہ لوگ اس کی بدی کریں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سیسہ دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: نفع۔ دوم: خدمت گار۔ سوم: گھر کا اسباب۔

ارش (گز):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہا گر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ گز یا اور کوئی چیز اس کے سامان کو ناپتی ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اسے نفع اور فائدہ ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر رسی یا ریشم کا کپڑا ناپتا ہوا اپنے آپ کو خواب میں دیکھے تو اس امر کی دلیل ہے کہ سفر میں اسی قدر حرام مال پائے گا۔

ارّہ (آرہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ آرے سے درخت کو کاٹتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس مرد کی صحبت سے کہ جس کا اس درخت سے تعلق ہے، مفارقت (جدائی) کرے گا اور اس کو ستائے گا (اور ہر ایک درخت کی تاویل حرف دال میں آئے گی۔)

اور اگر دیکھے کہ اپنے لڑکے یا بھائی یا بہن کو آرے سے چیر کر دو ٹکڑے کر دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس جیسا اس کے اور فرزند یا بھائی یا بہن ہوگی۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اسے آرہ ملا یا خود خریدا یا کسی نے اس کو دیا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اگر اس کے ہاں بیٹا ہے تو اور بیٹا ہوگا اور اگر لڑکی رکھتا ہے تو اور لڑکی ہوگی۔ اور اگر فرزند نہیں رکھتا ہے، بلکہ چوپائے (مویشی وغیرہ) رکھتا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ ان کی مثل اور چوپائے آئیں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آرہ دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: فرزند۔ دوم: بھائی یا بہن۔ سوم: کوئی شریک۔

آزار (تہہ بند):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آزار عورت ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ تہہ بند باندھا ہے تو دلیل ہے کہ عورت چاہے گا یا کنیز خریدے گا۔ اور اگر دیکھے کہ آزار یعنی تہہ بند ضائع ہو گیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ عورت جدا ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ آزار پھٹ گیا ہے تو عورت کے نقصان اور عیب کی دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ آزار آگ میں جل گیا ہے تو آفت اور عورت کی بیماری کی دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس کا تہبند سوتی یا پشمینہ کا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت لڑاکی اور دین دار ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا آزار پرانا اور میلا ہے تو اس کی تاویل پہلے کے خلاف ہے اور اگر دیکھے کہ اس کا آزار ریشم یا ابریشم کا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت معاشر (عیاش) اور متکبر ہوگی۔

پیغمبری (نبی):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ وہ نبیوں میں سے نبی ہوا ہے اور لوگوں کو خدا تعالیٰ اور اس کی توحید کی طرف بلاتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ پہلے بلا اور محنت میں گرفتار ہوگا اور پھر دشمنوں پر فتح پائے گا اور اگر زاہد اور مصلح اپنے آپ کو دیکھے تو بھی یہی دلیل ہے۔ لیکن اس کی محنت اور بلا دنیا میں کم ہوگی اور اگر دیکھے کہ وہ محتشم (دبدبہ والا) اور توانگر ہوگیا ہے تو دلیل ہے کہ دنیا کی نعمت پر فراخ ہوگی۔ لیکن اس کا دین تباہ ہوگا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ اس کا نام بدل گیا ہے۔ چنانچہ اس کو نیک نام محمد، محمود، سعد، سعید، صالح اور علی وغیرہ ناموں سے پکارتے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو ذکر خیر اور نیکی سے یاد کریں گے اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو اس کو بدی سے یاد کریں گے۔

اور اگر دیکھے کہ وہ بادشاہ، امیر یا قاضی ہوگیا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے کاروبار میں عدل اور انصاف ۔ہے۔ تو یہ بدبختی اور بے نصیبی کی دلیل ہے اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو یہ دین و دنیا کی سعادت اور اقبال کی دلیل ہے۔

اژدھا (اینا کونڈا، سب سے بڑا سانپ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اژدھا کا خواب میں دیکھنا بڑے بھاری دشمن کا دیکھنا ہے جو دشمنی قوی رکھتا ہے۔

اگر دیکھے کہ وہ اژدھا رکھتا ہے تو دلیل ہے کہ بزرگوں سے ملے گا اور اگر دیکھے کہ اژدھا جنگ کر کے اس پر غالب آ گیا ہے تو دلیل ہے کہ دشمنوں سے لڑے گا اور آخر کار دشمن کو زیر کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سانپ کو مارا اور اس کا گوشت کھایا تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہ دشمن پر فتح پائے گا اور اس کا مال لے گا اور اس مال کو خزانہ کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر سانپ نے اس کو کھایا تو دلیل ہے کہ دشمن سے خوف ہوگا اور دشمن اس کو ہلاک کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اژدھا کی پشت پر بیٹھا ہے اور اژدھا اس کے تابع فرمان ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ بہت بڑا دشمن اس کا تابعدار ہوگا اور اس کے تمام کام احسن انداز سے ہوں گے۔

www.waseemziyai.com

اسپندان (کالادانہ):

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اسپندان کا خواب میں دیکھنا غم کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو اسپندان دیا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اسی قدر اس کو رنج اور غم ہوگا اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو اسپندان دیا ہے تو دلیل ہے کہ دینے والے کی طرف سے اس کے دل پر غم بیٹھے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو اسپندان دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس سے اس کو غم حاصل ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ اسپندان رکھتا ہے اور کھایا نہیں ہے یا کسی کو دے دیا ہے۔ یا گھر سے باہر ڈالا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو غم واندوہ تھوڑا ہوگا۔

اسپ (گھوڑا):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ عربی گھوڑے کو خواب میں دیکھنا دلیل بزرگی اور عزت اور جاہ کی ہے۔

اور اگر دیکھے کہ عربی گھوڑے پر بیٹھا ہے اور گھوڑا مطیع وفرمانبردار ہے تو عزت اور بزرگی کی دلیل ہے۔ مگر اسی کے اندازے کے مطابق جس قدر گھوڑا عمدہ ہے۔

اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ گھوڑا لیا ہے۔ لیکن عربی گھوڑا نہیں ہے۔ یا کسی نے اس کو دیا ہے اور اس پر بیٹھا ہے تو شرف اور بزرگی عربی گھوڑے کی نسبت کم پائے گا اور اگر دیکھے کہ گھوڑے کے سامان میں کمی ہے۔ مثلاً زین یا نمد یا لگام نہیں ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر بزرگی میں نقصان ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ دم موٹی ہے اور لمبی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر اس کے نوکر وچاکر ہوں گے اور اگر دم کٹی ہوئی دیکھے تو دلیل ہے کہ اسی قدر عزت وشرافت میں نقصان ہوگا اور اگر دیکھے کہ گھوڑے کی ساتھ جنگ کی ہے اور گھوڑا غالب آیا ہے اور فرمانبردار نہیں ہوا ہے تو یہ گناہ اور نافرمانی کی دلیل ہے۔

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ برہنہ گھوڑے پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی مصیبت اور گناہ زیادہ ہوگا۔ اور اگر وہ گھوڑا کسی دوسرے کا ہے تو گھوڑے والے کا یہی حال ہے جو ہم نے بیان کیا ہے۔

اور اگر دیکھے کہ گھوڑا برہنہ ہے تو مطیع ہے تو شرف اور بزرگی کی دلیل ہے۔

اور اگر دیکھا کہ گھوڑے پر سوار ہے اور گھوڑا چھت یا دیوار پر کھڑا ہے تو دلیل ہے کہ گناہ اور معصیت بہت کرے گا۔

اگر گھوڑے پر بیٹھ کر ہوا میں اڑے یا دیکھے کہ گھوڑے کے پر پرندے جیسے ہیں اور اڑتا ہے تو سفر کرے گا اور دین ودنیا میں شرافت اور بزرگی پانے کی دلیل ہے۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر اپنے آپ کو ابلق گھوڑے پر بیٹھا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ ایسا

www.waseemziyai.com

کام کرے گا جس پر لوگ گواہی دیں گے اور اگر دیکھے کہ سیاہ گھوڑے پر بیٹھا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا جس سے مال اور سرداری پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کمیت (وہ گھوڑا جس کے جسم کی رنگت سرخی مائل سیاہی ہو) گھوڑے پر بیٹھا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے قوت اور بزرگی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اشقر گھوڑے پر سوار ہے تو درستی دین کی دلیل ہے اور بادشاہ سے عزت دیکھے گا۔

اگر دیکھے کہ زرد گھوڑے پر بیٹھا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ تھوڑی بیماری دیکھے گا اور اسپ سمندر کی بھی یہی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اسپ جرمہ پر سوار ہے تو خیر وصلاح کی دلیل ہے اور اسپ سلیس پر سوار ہے تو دلیل ہے کہ عورت ملے گی۔

اور اگر دیکھے کہ گھوڑے سے اترا ہے تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبے سے گرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ برہنہ گھوڑے سے اترا ہے تو دلیل ہے کہ گناہ اور معصیت سے بچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ہتھیار لگا کر گھوڑے پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ شرافت اور مرتبہ بلا رکاوٹ پائے گا اور دشمن پر فتح مند ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ جنگ کے لئے گھوڑے دوڑاتا ہے تو دلیل ہے کہ اس سے گناہ ہوگا اور گھوڑا دوڑانے کی قدر پر دہشت اور خوف دیکھے گا۔ اور گھوڑے پر بیٹھ کر مسجد کی طرف گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس میں کسی طرح کی خیر نہیں ہے۔ لیکن اگر گھوڑا وہاں سے باہر لائے تو خیر ہے۔

اور اگر دیکھے کہ گھوڑا کلیلیں بھرتا ہے تو دلیل ہے کہ مال و دولت پائے گا اور اگر گھوڑے کو اپنے ساتھ باتیں کرتا دیکھے تو دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس سے لوگ حیران ہوں گے۔ اور اگر دیکھے کہ بیگانہ گھوڑا اس کے گھر یا کوچہ میں آیا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی شریف آدمی اس کے گھر یا کوچہ میں آیا ہے اور گھوڑے کی قدر و قیمت کے مطابق مقام کرے گا اور اگر دیکھے کہ گھوڑا اس کے کوچہ سے باہر گیا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی مرد شریف اور نامدار اس کوچہ میں سے غائب ہوگا یا مرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے اسپ مادیاں لی ہیں یا اس کو کسی نے دی ہیں تو دلیل ہے کہ برکت والی عورت ملے گی اور اگر سیاہ گھوڑی دیکھی ہے تو دلیل ہے کہ وہ عورت شریف اور نامدار نہ ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ ابلق گھوڑی ہے تو دلیل ہے کہ عورت کے ماں باپ ایک نسل سے نہ ہوں گے اور اگر وہ گھوڑی جرمہ ہے تو دلیل ہے کہ وہ عورت خوب صورت اور باجمال ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ گھوڑی سبز رنگ کی ہے تو دلیل ہے کہ وہ عورت دیندار اور پرہیز گار ہوگی۔ اور اگر اشقر گھوڑی ہے تو دلیل ہے کہ وہ عورت عزیز اور صاحب مرتبہ ہوگی۔ اور اگر کمیت ہے تو وہ عورت معاشر اور طرب دوست ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ وہ گھوڑی بچہ والی ہے تو دلیل ہے کہ اس عورت کے ہاں فرزند بھی ہوگا اور اگر گھوڑی کے ساتھ بچھیری ہے تو وہ عورت لڑکی والی ہوگی۔

www.waseemziyai.com

اور اگر خواب میں دیکھے کہ گھوڑے کا گوشت کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ اس کا خواستگار ہوگا اور اپنا مصاحب بنائے گا اور اگر دیکھے کہ کسی کے پیچھے گھوڑے پر بیٹھا ہوا ہے یا اس کے پیچھے کوئی بیٹھا ہے تو پیچھے بیٹھنے والا آگے بیٹھنے والے کے تابع فرمان ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ بہت سے گھوڑے اس کے گھر یا کوچہ کے گرد جمع ہیں تو دلیل ہے کہ اس جگہ میں بارش کثرت سے ہوگی اور سیلاب آئے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ اسپ راہوار پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ ایک عورت کی صلاح سے مال دار عورت ملے گی اور اگر اہل نہیں ہے تو ایسی عورت کی مصاحبت کرے گا اور پھر درست ہو جائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے گھوڑے کا کان کٹا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ سرداروں کا پیغام اس سے کٹ جائے گا اور اگر دیکھے کہ گھوڑا سر کے بل گرا اور پھر اٹھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے کام میں پہلے خلل پڑے گا اور پھر درست ہو جائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ دُم کٹا گھوڑا خریدا ہے اور اس پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ بے اصل عورت کا شوہر بنے گا۔

اور اگر دیکھے گھوڑے پر ہوا میں گیا ہے اور پھر ہوا میں سے اترا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کے ہاتھ سے ہلاک ہوگا۔ اگر دیکھے کہ گھوڑے نے اس کو دولتی ماری ہے تو دلیل ہے اس کے عیال فضولیات میں مشغول ہیں۔

اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کے گھوڑے کو چرایا ہے۔ خوف ہے کہ اس کا خاندان ہلاک ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کا گھوڑا گم ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا۔

اور اگر دیکھا کہ اپنے گھوڑے کو فروخت کر دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عزت و مرتبہ کم ہوگا یا اس سے عیال جدا ہوگا اور اگر دیکھے کہ گھوڑے پر الٹا بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام خراب ہوگا اور اس کو ضرر اور ملامت حاصل ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گھوڑا اپنے نفس کی خواہش کو دیکھنا ہے اور اگر اپنے گھوڑے کو دیکھے کہ سرکش ہے تو دلیل ہے کہ اس کی خواہش نفس سرکش ہوگی اور اگر دیکھے کہ اس کا گھوڑا مطیع و فرمانبردار ہے تو دلیل ہے کہ اس کی خواہش نفس نہایت سخت ہے۔

اور گھوڑے کے جسم پر ہر ایک عضو کے اوپر بادشاہی کا نشان ہوتا ہے اور اگر بادشاہ کے خون کو گھوڑے پر دیکھے تو عزت اور رفعت کی دلیل ہے۔ امور عام لوگوں کا خواب میں دیکھنا عزت اور بخت کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ نامعلوم گھوڑا محلے سے نکلا ہے تو دلیل ہے کہ محلے کے بزرگوں سے کوئی شخص دنیا سے کوچ کرے گا۔

حضرت خالد اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پالان والا گھوڑا مرد کا نصیب ہے۔ جس قدر پالانی گھوڑا مطیع و فرمانبردار ہوگا، اسی قدر نصیب مطیع اور فرمانبردار ہوگا۔ اور دیکھے کہ پالان شہر یا گاؤں یا

www.waseemziyai.com

سرائے میں گیا ہے تو دلیل ہے کہ مرد مسافر عجمی اس جگہ آئے گا۔
اور اگر دیکھے کہ دراز دم گھوڑے پر بیٹھا۔ تو دلیل ہے کہ اسپ کی دم اور سم کی درازی کے برابر اس کے تابعدار ہوں گے۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا حال بد ہوگا اور عیش اس پر تنگ ہوگا۔
حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گھوڑے کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: عزت۔ دوم: مرتبہ۔ سوم: حکومت۔ چہارم: بزرگی۔ پنجم: خیر و برکت۔
چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:
الخیر معقود فی نواصی الخیل والبرکۃ الی یوم القیامۃ والذل فی ادبار البقر۔
ترجمہ: ''قیامت تک گھوڑوں کی پیشانی میں خیر و برکت بستہ ہے اور ذلت گائے کی پچھاڑی میں ہے۔''
اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے گھوڑے پر بندر بیٹھا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ یہودی اس کی عورت کے ساتھ فساد کرتا ہے اور اگر دیکھے کہ کتا اس کے گھوڑے پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی آتش پرست اس کی عورت کے ساتھ فساد کرتا ہے۔

استر (خچر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں استر (خچر) کو دیکھے، اگر مطیع ہے تو نیک ہے ورنہ بد ہے۔ اور اگر دیکھے کہ استر بے زین پر بیٹھا ہے اور معلوم نہیں ہے کہ استر کسی کا ملک ہے تو دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا اگر دیکھے کہ اپنے استر پر بیٹھا ہے اگر سفر کرے گا تو فائدہ اور نفع پائے گا اور اگر دیکھے کہ استر پر پالان یا عماری رکھی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت بانجھ ہوگی خاص کر اگر استر اس کی ملک ہے یا اس نے کسی کو بخشا ہے۔
حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ استر مادہ سیاہ پر بیٹھا ہے اور اونچا ہے تو دلیل ہے کہ وہ عورت چاہے گا کہ صاحب عزت ہوگی اور اگر استر سفید دیکھے تو عورت صاحب جمال اور خوب صورت ملے گی۔ اور اگر استر سبز دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ عورت پرہیز گار اور دیندار ہوگی۔ اگر استر سرخ ہے تو دلیل ہے کہ وہ عورت مطرب اور عیش دوست ہوگی۔ اور اگر استر زرد یا اشقر دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ عورت بیمار گوں اور زرد ہوگی اور اگر استر کو برہنہ اور تابعدار دیکھے تو دلیل ہے کہ مرد ضعیف ہوگا۔
حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں استر مادہ آقازادہ ہے۔ اگر استر نر ہے تو سفر کرے گا۔ اور اس علم کے بعض استادوں نے فرمایا ہے کہ استر نر مرد ہے اور استر مادہ عورت ہے۔
اگر دیکھے کہ کسی سے استر مادہ کو خرید کیا ہے تو دلیل ہے کہ کنیز خریدے گا اور اگر دیکھے کہ استر مادہ کو فروخت کیا ہے تو وہ کوئی بانجھ عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ استر پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہو گی اور مراد حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ استر اس کے پیچھے دوڑتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو غم پہنچے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کوئی شخص دیکھے کہ استر روتا ہے تو عورتوں کی طرف سے زیادتی مال کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ استر اس سے باتیں کرتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ عجیب کام کرے گا کہ جس سے لوگ زیادہ حیران ہوں گے۔ اور اگر دیکھے کہ استر کو مار ڈالا ہے تو دلیل ہے کہ مال پائے گا اور اگر دیکھے کہ استر مر گیا ہے یا ضائع ہو گیا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ عورت مرے گی یا اس سے کنیز جدا ہو جائے گی۔ اور اگر استر نر ہے تو کسی مرد کی صحبت سے جدا ہو گا۔

یاد رکھو کہ خواب میں استر کا گوشت اور پوست مال و دولت ہے اور بعض تعبیر بیان کرنے والے کہتے ہیں کہ استر کا گوشت بیماری ہے اور اگر خواب میں دیکھے کہ استر کا دودھ پیتا ہے تو شیر کے اندازے کے مطابق خوف اور ڈر اور دشواری کی دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں استر کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول سفر۔ دوم درازیٔ عمر۔ سوم دشمن پر فتح بندی۔ چہارم جمال و آرائش۔ پنجم مرد احمق۔ مادہ استر با نجھ عورت ہے اور استر کا بچہ منفعت اور مراد کا پانا ہے۔

استخوان (ہڈی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ہڈی مال و دولت ہے۔ جس سے لوگ گزر کرتے ہیں۔ اگر خواب میں دیکھے کہ ہڈی ملی ہے اور اس پر گوشت بھی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے گوشت کے مطابق خیر اور مال پائے گا اور اگر دیکھے کہ ہڈی بغیر گوشت کے ہے تو دلیل ہے کہ اس کو تھوڑی بھلائی پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو ہڈی دی ہے تو دلیل ہے کہ اس سے کسی کا بھلا ہو گا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی کی ٹوٹی ہوئی ہڈی باندھی ہے تو دلیل ہے کہ بزرگی اور طرح طرح کی صنعتیں حاصل کرے گا اور نیک کام کرے گا۔ بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کی تنگی اور محتاجی دور ہو گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ہڈی کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ اول امید مال۔ دوم اقرباء۔ سوم فرزندان۔ چہارم قیام کا گھر۔ پنجم مال۔ ششم برادران۔ ہفتم دوست اور شریک۔

استغفار (بخشش چاہنا):

استغفار کے لفظی معنی ہیں، گناہوں کی معافی مانگنا۔ استغفر اللہ کہنا۔ اللہ تعالیٰ سے بخشش طلب کرنا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی شخص خواب میں استغفار کرے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو مال اور فرزند عطا کرے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **واستغفرو اربکم انه کان غفار ایرسل السماء علیکم مدرارا یمدد کم باموال وبنین** ۔ (اللہ تعالیٰ سے بخشش مانگو کیونکہ وہ بخشنے والا ہے۔ تم

www.waseemziyai.com

پر موسلا دھار بارش کرے گا اور مال واولاد سے مدد دے گا)

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں استغفار کرنا چار وجہ پر ہے۔ اول: مال۔ دوم: فرزند۔ سوم: اللہ تعالیٰ سے بخشش۔ چہارم: گناہوں سے توبہ کرنا۔

اسطرلاب:

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اسطرلاب کی تاویل بادشاہ کے مصاحب اور سردار ہیں۔ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس اسطرلاب ہے یا خریدا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ سلطانی مصاحبوں میں ہوگا اور قوم کا سردار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اسطرلاب گم ہوگیا ہے یا ٹوٹ گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے جاہ اور مرتبے میں نقصان ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اسطرلاب سے آفتاب کو دیکھتا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کے کام یا اس کے سرداروں کے کام میں مشغول ہوگا اور ان سے خیر ومنفعت پائے گا اور بعض اہل تعبیر بیان کرتے ہیں کہ خواب میں اسطرلاب ایسا مرد ہوتا ہے کہ جس کو ثبات نہیں ہوتا۔ اور پائیدار کام پر نہیں ہوتا ہے۔ (اسطرلاب یعنی علم نجوم کا وہ آلہ جس سے آفتاب اور ستاروں کی بلندی معلوم کی جاتی ہے)

اسفاناخ (پالک):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پالک کا دیکھنا اندیشہ اور غم کی دلیل ہے اور اس کا کھانا ضرر اور مال کا نقصان ہے۔ اور اگر گوشت میں پکا ہوا دیکھے اور کھائے اور روغن (گھی) بھی اس میں ہے تو جس قدر کھائے گا خیر اور نفع کی دلیل ہے۔

اشتر (اونٹ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی شخص خواب میں اپنے آپ کو نامعلوم اونٹ پر دیکھے کہ وہ دوڑ رہا ہے تو دلیل سفر ہے اور اگر دیکھے کہ اونٹ گھوم رہا ہے، غم اور فکر کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ اونٹ پر بیٹھا ہے، رستہ گم کیا ہے اور نہیں جانتا ہے کہ راہ راست کہاں ہے؟ تو دلیل ہے کہ اپنے راہ میں عاجز ہوگا اور کوئی تدبیر نہ کر سکے گا اور اگر اونٹنی پائے تو عورت پائے گا اور اگر اونٹنی بچہ والی ہے تو عورت فرزند والی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اونٹ اس کے پیچھے دوڑ رہا ہے تو دلیل غم ہے اور اگر دیکھے کہ اونٹ نے اس پر سر پھیرا ہے اور مطیع نہیں ہوتا ہے تو دلیل ہے کہ غمناک ہوگا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اونٹ مست غضب ناک پر بیٹھا ہے، تو دلیل ہے کہ اس پر کوئی بڑا آدمی قبضہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اونٹ کے ساتھ جنگ اور لڑائی کرتا ہے تو دلیل ہے کہ کسی مرد عجمی کے ساتھ دشمنی ہوگی اور اس کے ساتھ جھگڑا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اُونٹوں کے گلے کو

www.waseemziyai.com

چراتا ہے اور جانتا ہے کہ اس کے اپنے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو ملک ملے گا اور وہ اہل ملک پر حکومت کرے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اونٹنی کا دودھ دوہتا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے اسی قدر مال و دولت پائے گا اور اگر دیکھے کہ دودھ کی بجائے اونٹنی کے پستانوں سے خون نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو حرام مال ملے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ کسی نے اس کو اونٹنی بخشی ہے یا اس نے خود خریدی ہے تو دلیل ہے کہ عورت کرے گا یا کنیز خریدے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کی اونٹنی بھاگ گئی ہے یا چوری ہوگئی ہے تو دلیل ہے کہ عورت سے جدا ہوگا یا ان کے درمیان جھگڑا پڑے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی اونٹنی مرگئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت مرے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اونٹنی کا بچہ ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے فرزند ہوگا اور مال بڑھے گا اور اگر خواب میں اونٹنی کو دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری ہوگی اور اگر خواب میں دیکھے کہ اونٹ کا گوشت کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اسے کسی نے بہت سا اونٹ کا گوشت دیا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال پائے گا اور اگر دیکھے کہ اونٹ اس کے ساتھ باتیں کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو خیر اور نیکی پہنچے گی۔

اور اگر دیکھے کہ دو اونٹ پائے ہیں تو دلیل ہے کہ مال ملے گا اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو اونٹ دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی قدر و قیمت پر کسی سے نفع پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کسی قوم نے اونٹ ذبح کیا اور اس کا گوشت بانٹا ہے تو دلیل ہے کہ اس جگہ کا سردار مرے گا اور اس کا مال تقسیم کریں گے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے اونٹ ہیں اور سب اس کی ملک ہیں۔ اگر اونٹ عربی ہیں تو عرب میں بادشاہ ہوگا اور اگر اونٹ عجمی ہیں تو ملک عجم میں بادشاہ ہوگا۔ اور اگر عورت خواب دیکھے کہ اس نے اونٹ کھایا ہے تو دلیل ہے کہ مال و نعمت پائے گی اور اونٹ کے چمڑے کی بھی یہی دلیل ہے۔

بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس عورت کو وراثت ملے گی اور اگر دیکھے کہ اونٹ اس کے ساتھ باتیں کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو خیر اور نیکی پہنچے گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اونٹ کا دیکھنا دس وجہ پر ہے۔ اول: عجمی بادشاہ۔ دوم: امیر شخص۔ سوم: مرد مومن۔ چہارم: سیل۔ پنجم: فتنہ۔ ششم: آبادی۔ ہفتم: عورت۔ ہشتم: حج۔ نہم: نعمت۔ دہم: مال۔ اور عربی اونٹ پر اور عجمی اونٹ مرد عربی پر دلیل ہے۔ اور شتر بانی کی دلیل صاحب تدبر اور ولایت اور کاموں کو درست کرنے والے اور سنوارنے والے کی دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

شتر مرغ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ شتر مرغ خواب میں جنگلی مرد ہے اور شتر مادہ جنگلی عورت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے شتر مرغ مادہ پکڑی یا اس کو کسی نے دی ہے تو دلیل ہے کہ اسی صفت کی عورت کرے گا یا کنیز خریدے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شتر مرغ پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ جنگل کا سفر کرے گا بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ کسی جنگلی آدمی پر غالب آئے گا اور مراد کو پہنچے گا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ شتر مرغ کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ جنگلی آدمی پر غالب آئے گا اور اس کو مقہور کرے گا اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس شتر مرغ کے انڈے یا پر یا ہڈی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو جنگلی آدمی سے مال ملے گا اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس شتر مرغ کا بچہ ہے تو دلیل ہے کہ مرد بیابانی کا اس کو فرزند ملے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ شتر مرغ بیٹھا ہے اور وہ اس کا مطیع ہے اور اس کو ہوا میں لے گیا ہے اور پھر اسے زمین پر لے آیا ہے کہ مرد بیابانی کے ساتھ سفر کر کے واپس آئے گا اور بہت سا نفع پائے گا اور اگر اس کے خلاف ہے تو پھر اس کی تاویل بری ہے۔

اشتر غار:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اشتر غار دیکھنا غم واندوہ کی دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے خواب میں اشتر غار لیا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے اور اس نے کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر غم واندوہ اٹھائے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو دیا ہے یا بیچا ہے تو دلیل ہے کہ غم واندوہ سے نجات پائے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے اشتر غار رکھا اور اونٹ کو دیا ہے کہ وہ شخص اونٹ کے لئے غمناک ہوگا۔

اشک (آنسو):

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کی آنکھ سے سرد آنسو بہتے ہیں تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہ شخص شادی اور خوشی دیکھے گا اور اگر آنسو بہتے دیکھے تو دلیل ہے کہ غمگین اور دردمند ہو گا۔ اور اگر دیکھے کہ بغیر رونے کے اس کے چہرے پر آنسو ہیں تو دلیل ہے کہ اس پر باتوں سے لوگ طعنہ ماریں گے اور اگر دیکھے کہ اس کی آنکھ بجائے اشک کے گرد اور خاک جمع ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حلال بغیر رنج کے ملے گا اور اگر دیکھے کہ اس کی آنکھ میں بجائے اتر آئے ہیں تو دلیل ہے کہ اپنے مال سے پرہیز کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آنکھوں سے آنسوؤں کا دیکھنا تین وجہ پر ہے:

اول: شادی اور خوشی۔ دوم: غم واندوہ۔ سوم: نعمت۔

www.waseemziyai.com

آلو (سرخ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں آلو سرخ یا سیاہ اپنے وقت پر دیکھے تو دلیل مال اور مراد کی ہے۔ اور آلو زرد بیماری کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ آلو زرد یا سرخ یا سیاہ ہیں اور ان کا مزہ شیریں ہے، خود لے یا کوئی اس کو دے اور کھائے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور مراد پائے گا اور اگر خواب میں آلو زرد بے موسم کھائے تو غم واندوہ، مصیبت اور خصومت کی دلیل ہے اور اگر ترش ہیں تو اچھے ہیں۔

امامت کردن (امامت کرنا):

اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ کسی قوم کا اپنا بنا ہے، حالانکہ امام نہ تھا تو دلیل ہے کہ اس قوم کا سردار ہوگا اور سب اس کے تابع ہوں گے۔ جیسے مقتدی نماز میں امام کے تابع ہوتے ہیں۔ اور اگر دیکھے کہ ایک گروہ جماعت کے لئے تیار ہے اور اس کو کہا کہ ہمارا امام بن اور بادشاہ نے اس کو امام بننے کا حکم دیا اور وہ آگے بڑھ کر امام بنا تو دلیل ہے کہ اس ملک کا حاکم اور امیر ہوگا اور ان کے ساتھ اسی قدر عدل اور انصاف کرے گا۔ جس قدر کہ قبلہ کی راستی اور نماز میں رکوع اور سجود کی باقاعدگی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ نماز سے کسی چیز کا نقصان کیا ہے تو دلیل ہے کہ بقدر نقصان اور نماز ان پر جور وظلم وغیرہ کرے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ بیٹھ کر امامت کرتا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا اور اگر پہلو پر بیٹھا ہے اور نماز میں کوئی چیز پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ جلدی مرے گا اور لوگ اس کی نماز جنازہ پڑھیں گے۔ اور اگر امام کو خواب میں دیکھے تو دلیل ہے کہ امام کے قدر اور مرتبے کے برابر عزت وشرف پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ امام کو ولایت دی ہے یا امام کے ساتھ گھر میں گیا یا امام نے اس کو کچھ بخشا ہے یا امام کے ساتھ کھانا کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر اس کو غم واندوہ پہنچے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ امام کے ساتھ جہاد میں تھا تو دلیل ہے کہ دولت اور ولایت میں اس کے ساتھ شریک ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جس چیز کو امام سے اپنے اندر زیادہ دیکھے گا، ولایت اور بزرگی میں زیادہ ہوگا اور جو کچھ اپنے امام میں کمی دیکھے، اسی قدر مال اور نعمت میں نقصان ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں امامت کرنی چھ وجہ پر ہے۔ اول: حکومت۔ دوم: عدل اور انصاف کے ساتھ بادشاہی۔ سوم: علم۔ چہارم: نیک کام کا ارادہ۔ پنجم: منفعت۔ ششم: دشمن سے امن۔

اور جو شخص خواب میں عورتوں کی امامت کرتا ہوا اپنے آپ کو دیکھے۔ دلیل ہے کہ ضعیف لوگوں پر حاکم ہو گا اور اگر دیکھے کہ امام آسمان سے اترا ہے اور وہ جماعت کا امام بنا ہے تو دلیل ہے کہ اس زمین پر خدا تعالیٰ کی

www.waseemziyai.com

رحمت نازل ہوئی ہے۔اور اگر مردے کی نماز پڑھائے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے حکومت پائے۔

امرود:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ امرود کا اپنے وقت پر کھانا کہ سبز اور شیریں ہے تو دلیل ہے کہ مال حلال پا۔ ئے گا۔اور اگر امرود زرد ہے تو بیمار ہوگا۔اگر موسمی نہیں ہے اور اگر امرود زرد یا سرخ ہے اور مزہ شیریں ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ مال حلال پائے گا۔اور اگر ترش اور بے مزہ ہے تو غم کی دلیل ہے۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ امرود سبز اور شیریں موسم میں دیکھنا اپنی مراد کو پانا ہے اور اگر کھائے تو بھی نفع کی دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں امرود کا کھانا پانچ وجہ پر ہے۔اول: مال حلال۔ دوم: تونگری۔سوم: عورت۔ چہارم: مراد کا پانا۔پنجم: نفع۔اور اگر دیکھے کہ بادشاہ امرود کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ جس قدر کھایا ہے اس کے مطابق کسی بزرگ مرد سے نفع پائے گا۔

انار:

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ انار کی اصل خواب میں مال ہے۔لیکن مرد کی ہمت پر ہے۔خاص کر کہ جب وقت پر کھایا ہو یا نہ وقت پر کھایا ہو۔اور اگر دیکھے کہ انار درخت سے اتارا اور کھایا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ باجمال عورت سے نفع پائے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں انار شیریں مال کا جمع کرنا ہے اور بعض اہل تعبیر نے فرمایا ہے کہ خواب میں ایک انار شیریں کھانا ایک ہزار درہم ہے جو پائے گا۔اور نار ترش غم واندوہ ہے اور جس انار کا ترش یا شیریں ہونا نہیں جانتا ہے اس کی تعبیر انار شیریں جیسی ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ انار شیریں اس کے موسم پر کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ ہزار درہم پائے گا یا کم سے کم پچاس درہم پائے گا۔یا ممکن ہے کہ درہم کی جگہ دینار پائے۔تعبیر بیان کرنے والے کو چاہئے کہ صاحب خواب کی ہمت اور قدر کے مطابق تعبیر بیان کرے۔

اور اگر دیکھے کہ انار جاڑے میں کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ ہر ایک دانہ کے عوض میں اس کے لکڑیاں لگیں گی اور ہر حال میں انار ترش کھانا وقت پر ہو یا نہ ہو برا ہے اور انار شیریں کا حکم درمیانے درجہ پر ہے۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ انار شیریں اس کے موسم میں کھاتا ہے، اگر وہ مسافر ہے تو اس کا سامان اور اسباب فروخت ہوگا اور سوداگر ہے تو سفر مبارک اور باسود ومنفعت ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ انار شیریں کے دانے پائے یا اس کو کسی نے دیئے ہیں تو دلیل ہے کہ اسی قدر اس کو رنج پہنچے گا۔خواہ وقت انار ہو یا نہ ہو۔اور اگر انار شیریں یا اس کا پوست اور مغز کھائے تو دلیل ہے کہ سب چیزوں سے

www.waseemziyai.com

برخورداری پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شیریں انار کا کھانا تین وجہ پر ہے۔ اول: مال جمع کرے گا۔ دوم: نیک عورت۔ سوم: شہر آباد ہوگا۔ لیکن انار ترش کا کھانا موجب غم ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر بادشاہ دیکھے کہ اس کے پاس انار ہے تو دلیل ہے کہ شہر یا ولایت پائے گا۔ یہی حال رئیس کا ہے اور تاجر کو دس ہزار درہم اور بازاری کو ایک ہزار درہم اور درویش کو دس درہم یا ایک درہم ملے گا۔

اشنان:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اشنان کا دیکھنا غم اور اندوہ کی دلیل ہے اور اس کا کھانا بیماری کی دلیل ہے۔ (اشنان یعنی ایک قسم کی شور گھاس ہے جو شوریدہ زمین میں اُگتی ہے جب اس سے کپڑے دھوئے جاتے ہیں تو صابن کی طرح سفید ہو جاتے ہیں)

اصلع (داغ سر):

اصلع فارسی زبان میں سر کے داغ اور گنجے کو کہتے ہیں۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص سر کے داغوں والا خواب میں دیکھے کہ اس کے سر کے بال اُگ آئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو تھوڑا مال حاصل ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کے سر پر داغ ہے تو دلیل ہے کہ غم و اندوہ سے نجات پائے گا۔ لیکن اگر عورت دیکھے کہ اس کے سر پر داغ ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی زینت اور آرائش میں نقصان پڑے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سر پر داغ دیکھنا سوداگر کے لئے فائدہ مند ہے اور پیشہ کار کے لئے کسب اور صناعت ہے اور بادشاہ کے لئے فکر ہے اور عورت کے لئے زینت کے نقصان کا باعث ہے۔

افروشتہ (ایک خوشبودار چیز ہے):

حضرت محمد ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ افروشتہ وہ بہتر ہوتا ہے کہ جس میں زعفران نہ ہو۔ اگر تھوڑا دیکھے تو خوب اور لطیف اور خوش سخن ہے اور اگر بہت دیکھے تو مال ہے، جو رنج اور سختی سے ملے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو تھوڑا سا افروشتہ دیا ہے اور اس نے کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس سے پاکیزہ بات کو سنے گا جو موافق طبع ہو گی اور دیکھے کہ اس کے پاس بہت سا افروشتہ ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال سختی اور رنج سے حاصل ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں افروشتہ کا کھانا تین وجہ پر ہے۔ اول: سخن لطیف۔ دوم: مال۔ سوم: دل کی مراد پانا۔

www.waseemziyai.com

افسردہ (مرجھائی ہوئی چیز):

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں افسردہ (مرجھائی ہوئی چیز) کھانا غم اور اندوہ ہے۔ اگر دیکھے کہ افسردہ چیز کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر اس کو غم اور اندوہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے افسردہ چیز دی ہے اور اس نے کھالی ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کے ساتھ جنگ اور خصومت (جھگڑا) پڑے گا اور اگر نہیں کھائی ہے تو غم نہ ہونے کی دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں افسردہ کا کھانا دلیل ہے کہ وہ جنگ اور خصومت میں پڑے گا۔ حاصل یہ ہے کہ افسردہ چیز کے کھانے میں کچھ فائدہ نہیں ہے۔

افسون (جنتر منتر کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں افسون کرنا لوگوں کو فریفتہ کرنا ہے لیکن خدا تعالیٰ کے اسماء اور آیات قرآن کے ساتھ ہو۔ اگر افسون گر خواب میں دیکھے کہ اس سے اس کو یا کسی دوسرے کو شفاء اور راحت ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ غم سے راحت پا کر دلی مراد کو پہنچے گا اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو غم اور اندوہ کی دلیل ہے۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر افسون میں اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ کرے تو خواب میں افسون کرنا باطل ہے۔ اور اگر افسون قرآن مجید اور اسماء الٰہی سے کرے تو دلیل ہے کہ اس نے حق اور راستی کا کام کیا ہے اور اس سے اس کو دونوں جہان کی خیر وصلاح حاصل ہوگی۔

افیون (افیم):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ افیون کا خواب میں دیکھنا غم اور اندیشہ کی دلیل ہے اور افیون کا خواب میں کھانا غم واندوہ اور مصیبت اور رنج کی دلیل ہے۔

اُلو (عقاب جیسا پرندہ):

الو ایک عقاب جیسا شکاری پرندہ ہے۔ حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ الو خواب میں بادشاہ قوی یا ہیبت اور ستمگر ہے کہ ہر ایک اس سے ڈرتا ہے اور اگر دیکھے کہ اس نے خواب میں الو کو پکڑا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے اور فرمانبردار اور مطیع ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کا خاص مقرب ہوگا اور اگر دیکھے کہ الو نے اس کو پکڑا اور ہوا میں لے گیا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کے حکم سے سفر کرے گا اور بزرگی اور نام پائے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ الو کسی کوچہ میں اترا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ اس کے کوچہ میں آئے گا اور اگر دیکھے کہ لوگوں نے الو کو مار ڈالا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ مرے گا اور بادشاہ معزول ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو الو نے پکڑا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کی پناہ میں ہوگا اور اگر دیکھے کہ

www.waseemziyai.com

الو نے منہ سے کوئی چیز نکال کر اس کو دی ہے کہ اسی قدر بادشاہ سے عطا اور بخشش پائے گا اور اگر دیکھے کہ الو اس کے ہاتھ سے اڑا۔ دھاگہ یا کوئی اور چیز اس کے ہاتھ میں رہ گئی ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ اس پر غصہ ہوگا اور اپنے سے اس کو دور کرے گا اور اس کا کچھ مال لے گا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ الو سے شکار پکڑتا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کا مال اور خزانہ اس کے تصرف میں آئے گا اور اگر دیکھے کہ الو نے اس کو چونچ یا پنجے سے مارا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے زحمت اور بلا پہنچے گی اور اس کا مال ضبط ہوگا اور اگر دیکھے کہ الو سے جنگ و پیکار کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے جنگ و خصومت ہوگی اور اگر دیکھے کہ الو کو کھایا ہے یا اس کے پر نوچے ہیں تو دلیل ہے کہ اسی قدر بادشاہ سے مال و نعمت پائے گا اور اگر دیکھے کہ الو اس کے سر پر یا چہرے پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکا ہوگا اور بادشاہ ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ الو خواب میں دیکھنا دو وجہ پر ہے۔ اول: بادشاہ ظالم، ستمگر اور خونخوار۔ دوم: عالم بد دیانت اور مکار۔ بعض نے کہا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ الو اس کے پاس ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی۔

انجیر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں انجیر کا کھانا موسم میں ہو یا بغیر موسم کے ہو برا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ انجیر کھائی ہے یا جمع کی ہے یا اس کو کسی نے دی ہے تو دلیل ہے کہ غم و اندوہ پائے گا اور ممکن ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس سے پشیمانی (ندامت) اٹھائے گا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں انجیر زرد دیکھنا اور کھانا بیماری کی دلیل ہے اور انجیر سیاہ غم اور اندوہ ہے اور انجیر سبز وقت پر کھانا جس کا مزہ شیریں ہو، نقصان دیتا ہے۔

انجیل (کتاب):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ انجیل پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ خود رائے اور حق سے باطل پر فریفتہ ہوگا۔ اور اگر کسی کو انجیل پڑھتا دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ عیسائی مذہب پر ہے۔ تھوڑی خیر دیکھے گا اور اگر زبانی پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ حق سے باطل کی طرف پھرے گا اور عیسائیوں کا دوست ہوگا۔ (انجیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی آسمانی کتاب)

انداختن مردم (کسی کو گرانا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی کو گرایا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن اس سے حیران ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی پر پتھر پھینکا ہے تو دلیل ہے کہ کسی کو سخت بات کہے

www.waseemziyai.com

گا۔ بعض اہل تعبیر نے بیان فرمایا ہے کہ اس کی دلیل یہ ہے کہ اس کو زنا یا گناہ کی تہمت لوگ لگائیں گے اور اگر کوئی دیکھے کہ ٹھیکری ڈالی ہے تو اس سے بھی یہی دلیل ہے کہ کسی کو سخت بات کہے گا۔

اور اہل تعبیر فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس پر کسی نے شکر، بادام یا قند کو ڈالا ہے۔ اگر ڈالنے والا معلوم ہے تو اس سے اسی قدر عطا پائے گا اور اگر نامعلوم ہے تو اسی قدر کسی سے فائدہ اٹھائے گا اور اگر اس نے بھی کھانے کی چیزیں جو پاؤں کی طرف ڈالی ہیں تو اس سے یہ دلیل ہے کہ اپنا مال جاہلوں کو دے گا۔

اندامہا (جسم کے ٹکڑے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ قوم کے اجسام زیادہ ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے اپنے اور اہل بیت زیادہ ہوں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے اعضاء کٹ گئے ہیں یا جسم سے گر پڑے ہیں تو دلیل ہے کہ سفر کرے گا۔ اس کے اپنے پراگندہ ہوں گے اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنا جسم کاٹا ہے یا پراگندہ ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے اہل بیت اور عزیزوں کو شہروں میں پراگندہ کرے گا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس کے جسم سے گوشت کا ٹکڑا کٹ گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو خیر اور نفع پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا عضو جسم سے جدا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے مال سے کوئی آدمی زور سے کچھ لے گا اور اگر دیکھے کہ اپنے جسم میں سے گوشت کاٹ کر کسی مرغ کے آگے ڈالتا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے مال میں سے کسی کو کچھ بخشے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ اس کے جسم کا کوئی حصہ اس سے باتیں کرتا ہے تو دلیل ہے کہ مخلوق میں رسوا ہو گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **قالوا انطقنا الذی انطق کل شیء**۔ (وہ کہیں گے کہ ہمیں اس نے گویائی دی ہے جس نے ہر ایک چیز کو گویائی عنایت کی ہے)۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے جسم کا کوئی حصہ کسی رستے پر جا رہا ہے تو دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس پر بھروسہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے جسم میں سے کچھ جدا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے عزیزوں میں سے کوئی شخص سفر کو جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے اعضاء درد کرتے ہیں تو دلیل ہے کہ بیمار ہو گا۔ اور اگر دیکھے کہ پرندہ اس کے جسم سے گوشت کا ٹکڑا لے گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مال زور سے لیں گے اور اگر دیکھے کہ اپنے گوشت کا ٹکڑا پرندے کے آگے ڈالا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے مال میں سے کچھ کسی کو دے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے اعضاء میں سے کوئی عضو تباہ ہو گیا ہے تو اس سے دلیل ہے کہ وہ راہ راستی پر نہیں رہا ہے۔

حضرت ام فضل رضی اللہ عنہا نے فرمایا ہے کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا۔ یا رسول اللہ! صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں نے ایک بہت بُرا خواب دیکھا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ کیا دیکھا ہے؟ میں نے عرض کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ لوگوں نے آپ کے جسم سے ایک ٹکڑا کاٹا اور میری گود میں رکھ دیا ہے۔ آپ نے فرمایا۔

www.waseemziyai.com

حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوگا جو تمہاری گود میں بڑھے گا۔ پھر بچہ پیدا ہوا۔ یعنی حسین رضی اللہ عنہ، حضرت ام فضل رضی اللہ عنہا کی پرورش میں بڑے ہوئے۔ (حضرت ام فضل رضی اللہ عنہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چچی تھیں)

انگبین (شہد):

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شہد مالوں میں سے غنیمت اور کاموں میں سے نیکی ہے۔ کیونکہ اس میں دردوں کے لئے شفاء ہے اور شہد بڑا رزق ہے۔

فرمان اللہ تعالیٰ ہے: فیه شفآء للناس۔ (اس میں لوگوں کے لئے شفا ہے)۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شہد کا کھانا تین وجہ پر ہے۔ اول: روزی حلال۔ دوم: منفعت۔ سوم: دل کی مراد پانا۔

اور شہد ایسا رزق ہے کہ بے منت پہنچتا ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: وانزلنا علیکم المن والسلوٰی۔ (اور ہم نے تم پر من اور سلویٰ اتارا ہے)

انگشتان (انگلیاں):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ دائیں ہاتھ کی پانچ انگشت پانچ نمازیں ہیں اور بائیں ہاتھ کی پانچ انگشت فرزند اور برادر (بھائی) ہیں۔

بعض اہل تعبیر نے بیان کی ہے کہ انگوٹھا صبح کی نماز کی دلیل ہے اور انگشت شہادت نماز ظہر اور انگشت درمیانی نماز عصر اور اس کے ساتھ کی انگلی نماز مغرب اور سب سے چھوٹی انگشت نماز عشاء کی دلیل ہے۔

اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ دائیں ہاتھ کی انگشت نہیں رکھتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند یا برادر مرے گا اور بعض کہتے ہیں کہ اس کے بھتیجے پر کوئی سخت مصیبت پڑے گی۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ ہاتھ کی انگشت آپس میں ملی ہوئی نہیں ہیں تو تنگ دستی کی دلیل ہے اور اگر آپس میں ملی ہوئی ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے بھائیوں اور فرزندوں کا کام درست ہوگا۔ اور اگر انگلیوں کو دیوانوں کی طرح بند کیا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے اور اس کے اہل بیت کا کار بستہ ہو جائیں گے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ اس کا انگوٹھا کٹا ہوا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کو مال کی قوت ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ انگشت شہادت بریدہ یعنی کٹی ہوئی ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ فرض نمازوں مین تقصیر کرتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ درمیان والی انگلی کٹی ہوئی ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کے شہر کا بادشاہ یا رئیس مرے گا۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ درمیان والی انگلی کے ساتھ والی انگلی کٹی ہوئی ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کے مال میں نقصان ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی چھنگلیا کٹی ہوئی ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کا فرزند زادہ مرے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ پاؤں کی انگلیوں کو خواب میں دیکھنا زینت اور آرائش کی دلیل ہے۔ اور اگر پاؤں کی انگلیوں کو سخت اور قوی دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی شادی ہوگی اور اس کے خلاف دیکھے تو اس کا کام بھی نہ ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کے انگشت پا کو آفت پہنچی ہے کہ چل نہیں سکتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو مال جانے کی وجہ سے سخت رنج پہنچے گا اور اگر ہاتھ پاؤں کی انگلیوں کو ٹوٹا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا کام خراب ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں انگلیوں کا دیکھنا چھ وجہ سے پر ہے۔ اول: فرزند۔ دوم: بھتیجے۔ سوم: نوکر۔ چہارم: دوست۔ پنجم: قوت۔ ششم: پنج نماز۔

اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کی انگلیاں گر گئی ہیں یا کٹ گئی ہیں تو دلیل ہے کہ عزیزوں اور اہل بیت (گھر والوں) سے جدائی ہوگی اور وہ خود بھی پریشان ہوں گے اور اگر دیکھے کہ اس کی انگلی ٹوٹی ہوئی ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کے اہل خانہ میں سے کوئی مرے گا۔

حضرت خالد اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں کوئی شخص دیکھے کہ اس کے انگوٹھے سے دودھ نکلتا ہے یا اس کی انگشت شہادت سے دودھ نکلتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ شخص اپنی ساس سے جھگڑا کرے گا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کی انگشت سے آواز آتی ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کے خویشوں میں گفتگو ہوگی۔

انگشتری (انگوٹھی):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں انگوٹھی کی صفت اور نقش دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو اس کے آقا سے خیر اور نیکی پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے انگوٹھی مہر کرنے کے لئے دی ہے تو دلیل ہے کہ جو کچھ اس کے لائق ہے، بہت پائے گا۔ یعنی انگوٹھی کی قدر و قیمت کے مطابق اگر بادشاہی کے لائق ہے تو بادشاہ ہوگا۔ نہ مال و دولت پائے گا اور اگر دیکھے کہ مسجد میں یا نماز میں یا جہاد میں کسی نے اس کو انگوٹھی دی ہے تو دلیل ہے کہ وہ شخص عابد اور زاہد ہوگا۔ اگر سوداگر ہے تو تجارت میں نفع پائے گا۔ **وعلی هذا القیاس۔**

اور اگر دیکھے کہ اس کو بادشاہ نے انگوٹھی دی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو ملک میں سے بادشاہ کچھ دے گا یا بادشاہ کے ملک میں اس کو یا اس کے عزیزوں کو برائی پہنچے گی۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کی انگوٹھی ضائع ہوئی یا کوئی چیز چرا کر لے گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے کاموں میں آفت یا دشواری ظاہر ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ انگوٹھی ٹوٹی اور اس کا نگینہ رہا تو دلیل ہے کہ اس کی بزرگی بہتر ہوگی اور اس کی آبرو اور وقار قائم رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنی انگوٹھی کسی کو بخشی ہے تو دلیل ہے کہ اپنی ملک میں سے جو کچھ مال و دولت رکھتا ہے۔ اس میں سے کچھ

www.waseemziyai.com

کسی کو بخشے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنی انگوٹھی فروخت کی اور اس کی قیمت لی ہے تو دلیل ہے کہ جو کچھ اس کے پاس ہے فروخت کرے گا اور اگر قیمت نہیں لی ہے تو کچھ حصہ جائیداد کا فروخت کرے گا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھا ہے کہ اس کی انگوٹھی کی ساخت ناپسندیدہ ہے (یعنی اچھی نہیں بنی) تو دلیل ہے کہ اس کے مال کو کچھ ہوگا اور بادشاہ اس پر غصہ کرے گا اور اگر چاندی کی انگوٹھی دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا مال حلال کا ہے۔ اور اگر سونے کی انگوٹھی دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا مال مکروہ اور حرام ہے۔ اور اگر لوہے کی انگوٹھی دیکھے تو جو کچھ اس کے پاس ہے تھوڑا اور ذلیل ہے۔ اور اگر انگوٹھی سات دھات یا سفید قلعی کی دیکھی تو مال کے تھوڑا ہونے کی دلیل ہے۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کی انگوٹھی دیو لے گیا ہے تو اس خواب کی تعبیر سب سے بُری ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کی انگوٹھی لوہے کی ہے تو دلیل ہے کہ قوت اور توانائی پائے گا۔ اور اگر تانبے یا رانگ کی ہے تو دلیل ہے کہ بے اصل لوگوں سے فائدہ اٹھائے گا۔ اور اگر بلور کی انگوٹھی دیکھے تو دلیل ہے کہ عام لوگوں سے اس کو کچھ ملے گا اور اگر چاندی کی انگوٹھی دیکھے تو اس کو کہیں سے کچھ ملے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنی انگوٹھی کسی کے پاس امانت رکھی ہے یا بخش دی ہے اور اس نے بھی اس کو انگوٹھی واپس دی ہے تو دلیل ہے کہ نکاح کے لئے عورت چاہے گا اور قبول نہ کرے گا اور نہ ہی اس کو دیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنی انگوٹھی توڑی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے عیال میں جدائی پڑے گی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی انگوٹھی کے دو نگینے ہیں جو اس کو کسی نے دی ہے اور دونوں ایک دوسرے کے مطابق ہیں تو امر کی دلیل ہے کہ صاحب خواب غلام زادہ ہے۔

اور اگر دیکھے کہ ان دونوں رنگوں میں سے ایک گر گیا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ دو گناہوں میں سے ایک کی توبہ کی ہے۔

اور اگر دیکھے کہ لکھے ہوئے خط پر اپنی انگوٹھی سے مہر لگائی ہے تو اس کی دلیل ہے کہ کوئی پوشیدہ چیز اس کو ملے گی۔ اور اگر دیکھے کہ کھلے خط پر مہر لگائی ہے تو دلیل ہے کہ کوئی ظاہری چیز اس کو ملے گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چاندی کی انگوٹھی کو دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: سلطنت۔ دوم: عورت۔ سوم: فرزند۔ چہارم: مال و دولت۔ اور سونے کی انگشتری نیک ہے۔ اور عورت دیکھے کہ انگوٹھی نگ سمیت ضائع ہوگئی ہے۔ تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کا مرتبہ اور عزت گرے گی یا اس کا بچہ مرے گا یا مال ضائع ہوگا اور اگر حاکم ہے تو معزول ہوگا۔ اگر عورت ایسا خواب دیکھے تو اس کا خاوند یا فرزند مرے گا۔

www.waseemziyai.com

انگور:

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ موسم پر خواب میں انگور سیاہ کھانا غم واندوہ کی دلیل ہے اور بے وقت خوف اور ترس ہے۔

اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ سیاہ انگور کے ہر ایک دانے کھائے ہوئے کے شمار پر اس کو بید یا لکڑیاں ماریں گے۔ اور انگور سفید کا وقت پر کھانا امید سے بڑھ کر دنیا کی خیر اور نعمت ہے اور بے موسم کھانا یہ دلیل ہے کہ صاحب خواب کے منہ سے کوئی چیز نکلے گی۔ اس کی دلیل مال خرچ کرنا ہے اور انگور سرخ کھانے کی بھی یہی دلیل ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں انگور سفید موسم میں کھانا مال و دولت کی دلیل ہے مگر محنت سے ملے گا۔ اور انگور سرخ موسم میں کھانا تھوڑے نفع کی دلیل ہے۔ جس انگور کا چھلکا سخت ہے۔ اس کا خواب میں کھانا مال کی دلیل ہے جو مشکل سے ملے گا۔ اور ہلکے چھلکے والا انگور مال حلال کی دلیل ہے۔ اور جس انگور کا پانی سیاہ ہے، مال حرام کی دلیل ہے اور جو انگور دیکھنے میں سرخ ہے، عزت اور مرتبے کی دلیل ہے۔ اور جو انگور دیکھنے میں سیاہ ہے، غم واندوہ کی دلیل ہے اور جو انگور شیعیں تر اور پاکیزہ تر ہے۔ مال و جاہ اور زیادتی عزت کی دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ انگور لکڑی کے اوزار سے نچوڑتا ہے تو دلیل ہے کہ ظالم بادشاہ کی حکومت کرے گا۔ اور اگر اینٹ یا مٹی سے نچوڑتا ہے تو دلیل ہے کہ بادیانت بادشاہ کی خدمت کرے گا اور اگر پکی اینٹ یا گچ اور پتھر اور چونے سے نچوڑتا ہے تو دلیل ہے کہ باسیاست اور باہیبت بادشاہ کی خدمت کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ انگور طشت میں نچوڑتا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ کسی امیر عورت کی خدمت کرے گا اور اگر دیکھے کہ انگور پیالے میں نچوڑتا ہے تو دلیل ہے کہ کسی کمینے شخص کی خدمت کرے گا۔

اور اگر شیرہ نچوڑ کر مٹکوں میں جمع کرتا ہے تو دلیل ہے کہ ذریعے سے اپنے لئے بہت سا مال جمع کرے گا۔ اور اگر انگور اہل وعیال سمیت نچوڑتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اور اس کے عیال کو بادشاہ کی خدمت سے فائدہ ہوگا۔ اور اگر خواب میں دیکھنے والا بادشاہ کی خدمت کا لائق نہیں ہے تو پھر اس کو کسی اور امیر یا حاکم سے فائدہ حاصل ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ انگور سیاہ اور سفید وقت پر اور بے وقت پر خواب میں دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: فرزند نیک۔ دوم: علم فرائض۔ سوم: مال حلال۔

نیز آپ نے فرمایا ہے کہ انگور کا نچوڑنا بھی تین وجہ پر ہے۔ اول: مال یا خیر و برکت۔ دوم: فراخی نعمت۔ سوم: قحط سے امان پانا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: عام فیه یغاث الناس وفیه یعصرون۔ (سال ہے کہ اس

www.waseemziyai.com

میں لوگ فریاد کو پہنچائے جائیں گے اور اس میں نچوڑیں گے)۔

افتادن (گرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ منہ کے بل گرا ہے، تو پریشانی کی دلیل ہے۔ خاص کر اگر وہ جنگ اور خصومت میں ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی جگہ سے نیچے گرا ہے۔ مثلاً پہاڑ یا خانہ یا دیوار سے۔ تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کی آرزو اور مراد پوری نہ ہوگی۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ کسی جگہ سے نیچے گرا ہے تو دلیل ہے کہ امید پوری نہ ہوگی اور اگر پہاڑ سے نیچے گرے تو دلیل ہے کہ گرنے کے مطابق حال ہوگا اور اس کے جسم کو دکھ پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو سخت زخم پہنچا ہے اور کسی عضو سے خون نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے زخم کے مطابق نقصان پہنچے گا۔

اور اگر دیکھے کہ پاؤں پھسلا ہے اور گر گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو رنج اور تکلیف پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ گرا ہے اور اس کو تکلیف نہیں ہوئی ہے تو یہ آسانی اور سہولت کی دلیل ہے۔

اگر کوئی صاحب خواب دیکھے کہ اس کے گھر کے آستانے سے سانپ۔ بچھو اور دوسرے کاٹنے والے جانور گرے ہیں تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے یا کسی حاکم سے غم واندوہ پہنچے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بالا خانہ یا دیوار اس پر گری ہے تو دلیل ہے کہ اس کو مال ایسی جگہ سے ملے گا کہ جہاں سے امید نہ تھی۔ اور اس وجہ سے بڑا خرم وشاداں ہوگا اور اس کا کام کشادہ ہوگا۔ اور اللہ تعالیٰ ہی بہتری کو خوب جانتا ہے۔



www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر کا حرف الباء

بادام:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بادام دیکھنا نعمت روزی ہے۔ لیکن جھگڑے سے حاصل ہوگا۔ اگر خواب میں بادام پایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر نعمت اور روزی محنت سے ملے گی۔

اور اہل تعبیر بیان کرتے ہیں کہ خواب میں بادام کی تاویل علم ہے اور بیماری سے شفاء ہے اور مغز یا بادام کا دیکھنا بہتر ہے۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی شخص دیکھے کہ بادام پوست سمیت اس کے پاس ہے۔ یا کسی نے اس کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ بخیل آدمی سے کوئی چیز سختی کے ساتھ پائے گا اور اگر دیکھے کہ مغز بادام سے تلخ روغن نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو کسی کنجوس آدمی سے اس روغن کے اندازے کے مطابق فائدہ پہنچے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بادام کا دیکھنا مال اور نعمت ہے۔ لیکن اگر بادام کو پوست کے ساتھ دیکھے تو دلیل ہے کہ مال سختی اور رنج کے ساتھ ملے گا۔ اور اگر بادام کو بغیر پوست کے دیکھے تو دلیل ہے کہ مال وزر آسانی کے ساتھ ملے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بادام کا دیکھنا دو وجہ پر ہے۔ اول: پوشیدہ مال حاصل ہوگا۔ دوم: بیماری سے شفاء پائے گا۔

بادشاہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بارہ چیزوں میں سے ایک کا دیکھنا بادشاہی کی دلیل ہے۔ اول: دیکھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو امام کیا ہے۔ دوم: دیکھے کہ علم شریعت کو قبول کرتا ہے۔ سوم: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا گوش مبارک اپنے پاس دیکھے کہ اقامت اور نماز کے منتظر ہیں۔ چہارم: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر پر خطبہ پڑھا ہے۔ پنجم: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا جامہ مبارک خواب میں پہنا ہے۔ ششم: انگشتری دیکھے کہ ہاتھ میں رکھتا ہے۔ ہفتم: دیکھے کہ آفتاب یا مہتاب ہوگیا ہے۔ ہشتم: دیکھے کہ اس کا جسم دریا ہوگیا ہے۔ نہم: دیکھے کہ اس کی آنکھ شہر کی دیوار ہوگئی ہے۔ دہم: دیکھے کہ اس کی آنکھ جامع مسجد کا محراب ہوگئی ہے۔ یازدہم: کوئی مردہ بادشاہ اس کو انگوٹھی دے۔ دوازدہم: خواب میں دیکھے کہ اس کی آنکھ بیل جیسی ہوگئی ہے۔ ان بارہ چیزوں کا خواب میں دیکھنا بادشاہی اور سلطنت کی دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر کسی بادشاہ نے اس کو جامہ اور کلاہ دی ہے تو دلیل ہے کہ اپنے لوگوں پر حاکم اور رئیس ہوگا۔ اور دیکھے کہ بادشاہ کے سر پر پاکیزہ تاج ہے تو اس کے شرف اور اقبال اور درازیٔ عمر کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ کے سر پر میلا اور پھٹا ہوا تاج ہے تو یہ بادشاہ کے برے حال کی دلیل ہے۔

اور اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ سر پر دستار ہے۔ جیسے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے سر پر ہوتی تھی تو دلیل ہے کہ بادشاہ عادل، اور منصف ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے ہوا کو پکڑا ہے اور ہوا اس کے تابع فرمان ہوگئی ہے تو اس سے دلیل ہے کہ ملک جہاں کو فتح کرے گا اور قرار پائے گا۔

اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ بادشاہ ہوگیا ہے تو اس کی دلیل یہ ہے کہ تونگر ہوگا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ بادشاہ کوچہ یا سرائے میں آیا ہے اور اس کا آنا زاری اور انکار سے ہے تو دلیل ہے کہ اہل موضع (گاؤں) کو بادشاہ کی طرف سے غم اور اندوہ پہنچے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **ان الملوك اذا دخلوا قرية افسدوها وجعلوا اعزة اهلها اذلة**۔ (جب بادشاہ کسی بستی میں داخل ہوتے ہیں تو اس کو خراب کرتے ہیں اور وہاں کے عزیزوں کو ذلیل کرتے ہیں)۔

اور اگر دیکھے کہ بادشاہ کے آنے سے کوئی بری بات نہیں ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ کسی طرح کا نقصان اس موضع والوں کو نہ ہوگا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ بادشاہ مرا اور اس کو دفن نہ کیا اور نہ اس پر کوئی رویا اور نہ اس کا کفن و جنازہ کیا تو دلیل ہے کہ اس کا کوئی مکان خراب ہوگا اور فکرمند دل اور بیمار ہوگا۔

اور اگر بادشاہ خواب میں دیکھے کہ کعبہ اس کا گھر ہے یا اس کا گھر کعبہ ہے تو دلیل ہے کہ اس کی سلطنت کو زوال نہ ہوگا اور دشمن سے امن میں رہے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو سلام کیا ہے یا اس کو کسی نے سلام کیا ہے۔ تو غم واندوہ سے امن کی دلیل ہے اور مراد ہمیشہ قائم رہے گی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **سلام عليكم طبتم فادخلوها خالدين**۔ (تم پر سلام ہے اور اس میں داخل ہوکر ہمیشہ کے لئے خوش رہو)۔

اور اگر بادشاہ دیکھے کہ رسی اس کے ہاتھ میں ہے یا رسی اس کے ہاتھ میں بندھی ہے تو اس پہ دلیل ہے کہ راہ راست پر چلے گا اور عدل اور انصاف کے طریقہ پر قائم ہوگا۔ فرمان حق تعالیٰ ہے: **واعتصموا بحبل الله جميعاً**۔ (تم سب اللہ تعالیٰ کی رسی کو تھام لو)۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں بادشاہ کے نزدیک اپنے آپ کو بزرگ دیکھے تو دلیل ہے کہ مقرب بادشاہ ہوگا۔ اور اگر بادشاہ کو اچھے لباس میں ایسے مکان یا کوچہ میں دیکھے کہ جو اس کی طرف منسوب ہے۔ یہ بادشاہ کی زیارت اور بزرگی اور ولایت وعزت اور جاہ وحشم اور کثرت خدام و مال وخزائن کی دلیل ہے۔ اور اگر بادشاہ کا نقصان دیکھے تو اس کی تعبیر پہلے کے خلاف ہے۔

www.waseemziyai.com

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ بادشاہ منہ کے بل سویا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی بادشاہی نہ رہے گی۔ اور اگر بادشاہ دیکھے کہ زمین میں گھس گیا ہے تو دلیل ہے کہ کسی مرد سے بادشاہ کی عزت اور حرمت بڑھے گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی بادشاہ کو کشادہ رو اور خوش دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا کام کشادہ ہوگا۔ اور اگر کوئی بادشاہ کے وزیر کو خواب میں دیکھے تو دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا جو جلدی درست ہوگا اور اگر شاہی دربان کو دیکھے تو دلیل ہے کہ کاموں سے رکے گا اور آخر کار مراد کو پہنچے گا۔ اور اگر بادشاہ کے مصاحب کو دیکھے تو دلیل ہے کہ کسی سے اس کو ملامت پہنچے گی۔ اور اگر شاہی ملازموں کو دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا شغل اور عمل درست ہوگا۔ اور اگر بادشاہ کے مددگاروں اور مصاحبوں کو دیکھے تو دلیل ہے کہ کوئی اس کو ملامت کرے گا اور اس کی ضائع شدہ چیز پھر ملے گی اور اگر وکیل کے نوکروں کو دیکھے تو دلیل ہے کہ کوئی اس کو ملامت کرے گا کہ کمینے شغل سے عاجز ہوگا۔

اور اگر بادشاہ کے پردہ دار کو دیکھے تو دلیل ہے کہ کار بستہ کشادہ ہوگا۔ اور اگر بادشاہ کی عورت کا برقعہ دیکھے تو دلیل ہے کہ کوئی اس کو جھوٹا وعدہ دے گا اور اگر بادشاہ کے قیدیوں کو دیکھے تو دلیل ہے کہ غمگین اور حاجت مند ہوگا۔ اور اگر شاہی جلاد کو دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی مراد جلدی حاصل ہوگی اور اگر بادشاہ کے منشی کو دیکھے تو دلیل ہے کہ جس چیز کی جستجو کرتا ہے پائے گا۔ اور اگر بادشاہ کے اسلحہ کو دیکھے تو دلیل ہے کہ کسی عورت سے نفع پائے گا اور اگر شاہی رکاب دار کو دیکھے تو دلیل ہے کہ سخت جھوٹ اور بے حاصل بات سنے گا اور اگر شاہی غاشیہ دار کو دیکھے تو دلیل ہے کہ غم واندوہ پہنچے گا۔

اور اگر شاہی جامہ دار کو دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا کام بخوبی ہوگا۔ اور اگر شاہی دوات دار کو دیکھے تو دلیل ہے کہ اس شخص کو عورتوں سے کچھ حاصل ہوگا اور اگر شاہی خان سالار کو دیکھے تو دلیل ہے کہ خوش ہوگا اور مال حاصل کرے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ بادشاہ کسی شہر میں آیا ہے اور بادشاہ نے شہر پر غلبہ کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس شہر میں آفت پڑے گی۔

اور اگر خواب میں بادشاہ کو اپنے گھر میں سویا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کو اس کی ضرورت ہوگی۔ اور اس کو کسی کام پر لگائے گا۔

پاتیلہ (پتیلا، دیگچی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پاتیلہ دیکھنا گھر کی عورت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ پاتیلہ نیا خریدا یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ گھر والی کو آفت پہنچے گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ پاتیلہ میں کوئی چیز کھانے کی ہے تو دلیل

www.waseemziyai.com

ہے کہ اس کو گھر کی بیگم سے خیر و منفعت حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ پاتیلہ میں کوئی کھانے کی چیز ہے جو کہ بری ہے تو دلیل ہے کہ اس کو گھر والی سے کوئی ضرر پہنچے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پاتیلہ دیکھنا کوئی قابل توجہ چیز نہیں ہے۔

باد (ہوا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ ہوا سخت چلتی ہے تو دلیل ہے کہ ملک والوں کو خوف اور ڈر ہوگا۔ اور اگر ہوا کو اس قدر دیکھے کہ درختوں کو اکھیڑتی ہے اور خراب کرتی ہے کہ اس ملک والوں کو مرض طاعون اور سرخہ سے بلا اور مصیبت پڑے گی۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گرم ہوا سرد بیماریوں کی دلیل ہے اور معتدل اور سرد ہوا خواب میں دیکھنا اس ملک میں شوریدہ بیماریوں کے آنے کی دلیل ہے اور معتدل ہوا اس ملک کی صحت اور تندرستی اور نیکی کسب پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو ہوا ایک جگہ سے دوسری جگہ پر لے جاتی ہے تو دلیل ہے کہ دور کا سفر کرے گا اور اس سفر میں ہوا کے ادھر اُدھر لے جانے کے مطابق مرتبہ اور بزرگی پائے گا اور اگر دیکھے کہ ہوا گرد اور تاریکی کے ساتھ ہے تو اس قوم پر ترس اور خوف آنے کا اندیشہ ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس کو سخت ہوا آسمان کی طرف لے گئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی موت قریب ہے اور اگر دیکھے کہ اس کو ہوا آسمان سے زمین پر لائی ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہو گا اور آخر کار شفا اور صحت پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ ہوا کا خواب میں دیکھنا نو وجہ پر ہے۔ اول: بشارت۔ دوم: حکومت۔ سوم: مال و دولت۔ چہارم: موت۔ پنجم: عذاب۔ ششم: مارنا۔ ہفتم: بیماری۔ ہشتم: شفاء۔ نہم: راحت۔

اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ ہوا پر بیٹھا ہے تو یہ اس امر کی دلیل ہے کہ بزرگی اور حکومت پائے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ مغرب کی ہوا نرم نرم چلتی ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک کے لوگوں کو مال اور نعمت زیادہ ملے گی اور اگر باد شمال نرم چلتی ہے تو اس ملک کی شفاء اور راحت کی دلیل ہے اور اس کے خلاف بہتری کی دلیل ہے اور اگر خواب میں دیکھے کہ ہوا کی آواز سنتا ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک میں بادشاہ اور سردار کی خبر ظاہر ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ ہوا اس ملک میں لوگوں کو اٹھا کر اوپر لے گئی ہے تو دلیل ہے کہ وہ لوگ شرف اور بزرگی پائیں گے۔

بادرہا کردن (یاد نا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے لوگوں کے مجمع کے

www.waseemziyai.com

درمیان ہوا چھوڑی ہے اور لوگوں نے آواز سنی ہے تو دلیل ہے کہ کوئی بری بات کہے گا لوگ اس پر افسوس کریں گے اور اس وجہ سے لوگوں میں رسوا ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ نرم ہوا چھوڑی ہے کہ لوگوں نے آواز نہیں سنی ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے اور اگر یہی خواب ہندو دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو خوشی حاصل ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے پھسو کی ماری ہے اور اس کی بلند آواز ناخوش بُو ہے تو دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ لوگ اس کو ملامت کریں گے اور بُرا بھلا کہیں گے اور اگر دیکھے کہ آواز تو ہے لیکن بدبو نہیں ہے تو دلیل ہے کہ وہ بے فائدہ کام کرے گا۔ لیکن اس میں اس کی بھلائی ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ ارادے کے ساتھ ہوا نکلی ہے اور لوگ اس پر ہنسے ہیں اور وہ شرمندہ ہوا ہے تو دلیل ہے کہ بے کار کام سے اس کی معیشت بنائی جائے گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پھسو کی مارنی چار وجہ پر ہے۔ اول: بری بات۔ دوم: طعن تشنیع۔ سوم: ملامت کا کام۔ چہارم: رسوائی۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے ہوا کو پیٹ سے ارادے کے ساتھ چھوڑا ہے تو دلیل ہے کہ وہ شخص بے دین اور بد مذہب ہے۔

بادروک (ایک سبزی ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ بادروک کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام پورا ہوگا اور مراد بر آئے گی۔ کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: **ماطیبك وما اطیب ریحتك**۔ (تو کیا ہی پاکیزہ ہے اور تمہاری خوشبو کیا ہی اچھی ہے)۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ بادروک کا خواب میں کھانا تین وجہ پر ہے۔ اول: حاجت روائی۔ دوم: مراد پانا۔ سوم: غائب کی زیارت کرنا۔

بادریسہ (چرخے کی پھرکی):

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس نے پھرکی پائی ہے یا کسی نے اس کو دی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو کنیز یا خادمہ ملے گی۔ عورت دیکھے کہ اس کے چرخہ کے تکلے سے پھرکی گر گئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی محبت اس کے شوہر سے کٹ جائے گی۔

بادنجاں (بینگن):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بینگن کھانا موسم میں ہو یا بے موسم۔ پکا ہوا کھائے یا خام کھائے۔ تر ہو یا خشک۔ جس قدر کھائے گا اسی قدر غم اور اندوہ اٹھائے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے بیگن ہیں۔لیکن سب کو بیچا ہے۔یا کسی کو بخش دیا ہے یا اپنے گھر سے باہر ڈال دیا ہے اور ان کو کھایا نہیں ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ غم اور اندوہ سے نجات حاصل کرے گا۔

بارکشیدن (بوجھ اٹھانا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کی کمر پر ہلکا بوجھ ہے تو دلیل ہے کہ اس کے مطابق اس کو فائدہ ہوگا اور اگر دیکھے کہ پشت پر بھاری بوجھ ہے تو دلیل ہے کہ اس کے گناہ اور معاصی بہت ہیں۔فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **لیحملوا اوزارھم کاملة یوم القیامة**۔(وہ اپنے گناہوں کا بوجھ پورے طور پر قیامت کے دن اٹھائیں گے)۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ بہت سا بوجھ رکھتا ہے اور جانتا ہے کہ اس کی ملک ہے تو دلیل ہے کہ بوجھ کی جنس کے موافق اس کو فائدہ یا نقصان یا برائی پہنچے گی اور اگر دیکھے کہ وہ بوجھ کا خود مالک نہیں ہے تو بھی اس کی نیکی اور برائی صاحب خواب کی طرف رجوع کرے گی۔

باراں (بارش):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ بارش میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندوں پر رحمت اور برکت ہے۔ جب عام بارش ہو اور سب جگہ پہنچے۔فرمان اللہ تعالیٰ ہے:

وھوالذی ینزل الغیث من بعد ماقنطوا وینشر رحمته۔(اس کی ذات پاک ہے جو ناامیدی کے بعد بارش برساتا ہے اور اپنی رحمت کو پھیلاتا ہے)۔

اور بارش کا وقت پر دیکھنا بہت اچھا ہے خاص کر جب لوگ بارش کو چاہیں تو نہایت نیک ہے۔لیکن اگر خاص سخت بارش صرف اپنے کوچہ میں دیکھے کہ اس کے سوا اور کہیں نہیں برسی ہے تو اہل موضع (گاؤں) پر رنج اور بیماری کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ بارش آہستہ آہستہ ہو رہی ہے تو اہل موضع پر خیر اور برکت کی دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اول سال یا اول ماہ بارش برسی ہے تو دلیل ہے کہ اس سال اور اس ماہ میں فراخی نعمت زیادہ ہوگی اور اگر دیکھے کہ بارش سخت اور سیاہ ہے تو دلیل بیماری پر ہے کہ اس میں ہلاک ہوگا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں سخت بارش دیکھے کہ اپنے وقت پر برسی ہے تو دلیل ہے کہ ان دنوں میں رنج و بلا کا لشکر آئے گا۔

اور اگر دیکھے کہ آب باراں سے مسح کرتا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ خوف و غم سے امن میں رہے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ بارش اس کے سر برستی ہے تو دلیل ہے کہ وہ سفر کو جائے گا اور خیر و نفع کے ساتھ واپس آئے گا۔

www.waseemziyai.com

اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ بارش لوگوں کے سروں پر طوفان کی طرح برستی ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس ملک میں خدانخواستہ ناگہانی موت آئے گی اور اگر دیکھے کہ بارش کے ہر ایک قطرے سے آواز آتی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے مرتبے اور عزت کی آواز زیادہ ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ بارش کے پانی کے ساتھ مسح کرتا ہے تو دلیل ہے کہ خوف اور دہشت سے امن میں ہوگا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ بہت بڑی بارش ہو رہی ہے اور تمام نہریں جاری ہوگئی ہیں اور اس کو نقصان نہیں پہنچا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سختی کرے گا اور صاحب خواب اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ان نہروں سے گزر نہیں ہوسکتا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کی شرارت کو اپنے آپ سے دور کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ پانی ہوا سے بارش کی طرح آتی ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کا عذاب اور بیماری اس جگہ ظاہر ہوگی۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر بارش کی جگہ شہد کو برستا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ نعمت اور غنیمت اس ملک میں بہت ہوگی اور جو چیز کہ آسمان سے برستی ہوئی دیکھے تو اس کی تاویل اس چیز کی جنس سے ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بارش کا پانی پیتا ہے تو اور وہ پانی صاف اور روشن ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر خیر اور راحت پہنچے گی اور اگر دیکھے کہ بارش کا پانی سیاہ اور بے مزہ ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر بیماری اور رنج اٹھائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بارش کا دیکھنا بارہ وجہ پر ہے۔ اول: رحمت۔ دوم: برکت۔ سوم: فریاد چاہنا۔ چہارم: رنج و بیماری۔ پنجم: بلا۔ ششم: لڑائی۔ ہفتم: خون بہانا۔ ہشتم: فتنہ۔ نہم: قحط۔ دہم: امان پانا۔ یازدہم: کفر۔ دوازدہم: جھوٹ۔

بارانی (برساتی کوٹ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے جسم پر بارانی ہے۔ اور وہ بادشاہ کی خدمت میں ہے تو دلیل ہے کہ اس کی نیک نامی اور مدح وثنا لوگوں میں ظاہر ہوگی۔ اور اگر بارانی بطور کپڑا اس پر ہے تو دلیل ہے کہ اس کو دین اور دنیا میں فائدہ حاصل ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ بارانی پشم یا السی یا روئی کی ہے اور سبز رنگ ہے تو بہتری کی دلیل ہے۔ لیکن بارانی زرد رنج اور بیماری کی دلیل ہے۔ اور اگر بارانی نیلگوں ہے یعنی آسمانی رنگ کی ہے تو پھر گناہ اور نافرمانی کی دلیل ہے اور اگر سفید رنگ کی ہے تو اس کو کسی جگہ سے خیر اور منفعت پہنچے گی۔

باروئی (فصیل کے کنگرے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ شہر اور قلعہ اور گاؤں کی فصیل کے کنگرے۔ بادشاہ یا والی پر

www.waseemziyai.com

دلیل ہے۔

اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ شہر کے کنگرے بادشاہ پر اور گاؤں کے کنگرے گاؤں کے مالک پر دلیل ہیں۔ اگر شہر کے کنگرے قوی اور بلند دیکھے تو بادشاہ کے حال کی قوت اور نیکی پر دلیل ہیں۔ اور اگر دیکھے کہ شہر کے کنگرے گر کر خراب ہو گئے ہیں۔ اگر سب گرے ہیں تو بادشاہ کی ہلاکت کی دلیل ہے اور اگر تھوڑے گرے ہیں تو حاکم شہر مرے گا اور اگر نئے بنتے دیکھے تو دلیل ہے کہ نیا بادشاہ شہر میں مقیم ہوگا۔ اور اگر بعض بنے ہیں تو نیا حاکم شہر میں مقیم ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جو کنگرے شہر کے دروازے کے قریب ہیں، ان کا دیکھنا عیش اور امن کی دلیل ہے اور جو شہر کی پچھلی طرف ہیں ان کو جیسا بھی دیکھے گا ان کا نیک اور بد اثر دیکھنے والے پر پڑے گا۔

باز:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ باز پکڑا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے اور وہ باز مطیع ہے۔ یعنی ہاتھ پر بیٹھا ہے تو عزت اور مرتبے اور قدر کی زیادتی کی دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ سفید باز اس کے ہاتھ پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے عزت اور مرتبہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ باز اس کے ہاتھ سے گرا اور مر گیا ہے تو دلیل ہے کہ مرتبے سے گر کر تنگ دست ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں سفید باز پایا ہے، اگر بادشاہی ملازمین میں سے ہے تو بادشاہ سے ولایت اور عزت پائے گا۔ اور اگر رعیت میں سے ہے تو بہت سا مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے باز بخشا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے فرزند صاحب مرتبہ اور حسین و جمیل آئے گا۔ اور اگر دیکھے کہ باز چھت پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو نئے بادشاہ سے صحبت ہوگی اور خیر و منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ باز بھاگا ہے اور گھر میں گیا ہے اور عورت کے دامن کے نیچے چھپ گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت کے ہاں خوبصورت لڑکا پیدا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ باز کے پاؤں میں سونے یا چاندی کی جھانجر ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت کے ہاں لڑکی پیدا ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے باز پایا ہے اور مار ڈالا ہے تو دلیل ہے کہ اگر یہ شخص بادشاہی لوگوں میں سے ہے تو اپنے کام سے معزول ہوگا۔ اور اگر ان میں سے نہیں ہے تو اہل خانہ کی طرف سے رنج و غم پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ باز اس کے ہاتھ سے اڑا اور واپس نہیں آیا ہے۔ اگر یہ خواب بادشاہ دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاتھ سے سلطنت نکل جائے گی اور اگر باز واپس آیا اور اس کے ہاتھ پر بیٹھا تو دلیل ہے کہ ملک اور قدرت پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ باز اس کا مطیع ہے تو اس کی تاویل

www.waseemziyai.com

پانچ وجہ پر ہے۔اول: تابعداری۔دوم: خوشی۔سوم: بشارت۔چہارم: فرمان۔پنجم: مراد کا پانا۔اور مال بقدر و قیمت باز پانا۔خاص کر سفید اور مطیع ہے تو دو ہزار درہم ملیں گے۔اور اگر مطیع نہیں ہے تو اس کی تاویل چار وجہ پر ہے۔اول: بادشاہ۔دوم: حاکم جو بدی کی طرف مائل ہو۔سوم: خیانت کرنے والا فقیہ۔چہارم: فرزند جو ماں باپ کا نافرمان ہوگا۔

بازو:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بازو بھائی یا فرزند یا اعتبار والا دوست شریک ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ بازو قوی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو ان سے قوت اور فائدہ پہنچے گا اور اگر اس کے خلاف ہے تو اس کو ان سے کسی طرح فائدہ نہ ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کا بازو گر پڑا ہے یا کسی نے کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا بھائی یا دوست یا شریک دنیا سے رحلت کرے گا یا اس سے جدائی تلاش کریں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بازو کو دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔اول: برادر۔دوم: فرزند۔سوم: شریک۔چہارم: دوست۔پنجم: چچازاد بھائی۔ششم: ہمسایہ۔

بازو بند:

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کے بازو میں سنہری بازو بند ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بھائیوں یا کسی اور سے نفرت اور غم پہنچے گا اور اگر بازو بند چاندی کا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی لڑکی یا بھانجی کی شادی ہوگی۔

اور اگر یہ خواب عورت دیکھے تو مال و نعمت اور آرائش کی دلیل ہے۔اور اگر دیکھے کہ بازو بند چاندی یا لوہے کا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بھائی سے قوت اور مدد ملے گی۔اور اگر دیکھے کہ بازو بند ٹوٹا یا ضائع ہوا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

پاس داشتن (پہرہ دینا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پہرہ دینا دو وجہ پر ہے۔

اگر دیکھے کہ اہل اصلاح کا پہرا ہے تو دونوں جہان کی خیر اور منفعت پر دلیل ہے۔اور اگر دیکھے کہ شاہی محل کی پاسبانی کرتا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے خیر اور فائدہ پہنچے گا اور اگر یہی خواب سوداگر دیکھے تو تجارت میں اس کو بہت فائدہ ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ اہل اصلاح اور پرہیزگاروں کی حفاظت کرتا ہے تو دلیل ہے کہ ان سے دنیا کا نفع اور خیر دیکھے گا۔

اور خواب میں پاسبان کو دیکھنا صاحب قدر اور مرتبہ اور ولایت ہونا ہے اور کاموں کو درست کرے گا۔ اور لوگ اس کے انتظام میں ہوں گے۔

www.waseemziyai.com

پاشنہ پائے (ایڑی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پاؤں کی ایڑی کاروبار کے انتظام اور آدمی کی کمائی پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی ایڑی ٹوٹ گئی ہے تو دلیل ہے کہ ایسے کام میں مشغول ہوگا کہ جس سے پشیمانی (ندامت) اٹھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاؤں کی ایڑی چر گئی ہے یا زخمی ہوگئی ہے، اس کی بھی وہی تاویل ہے۔ لیکن پہلے کی نسبت ندامت کم ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے پاؤں کی ایڑی کاٹی۔ اور کھائی ہے اور درندوں کو دی ہے تو دلیل ہے کہ جو کچھ کمائے گا کھائے گا اور دشمنوں کو دے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی ایڑی گری ہے تو دلیل ہے کہ بے کار اور درویش ہوگا۔

باغ دیدن (باغ دیکھنا):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں باغ دیکھنا عورت ہے اور اگر دیکھے کہ باغ کو پانی دیتا ہے تو دلیل ہے کہ اپنی عورت سے جماع کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ باغ کو پانی دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت طالب جماع ہے۔

اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ باغ میں گل وریحان بوتا ہے تو دلیل ہے کہ فرزند صالح پیدا ہوگا اور اگر دیکھے کہ باغ میں شفتالو بوتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکا ہوگا۔ جو جلدی علم وادب سیکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ باغ میں ریحان کا دستہ ہے اور اٹھا کر اس کو سونگھتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا لڑکا دلیر، دانا اور عقل مند ہو گا اور بوئے ریحان فرزند کی دلیل ہے۔

اور اگر کوئی شخص اپنے باغ کو سبز اور آباد پانی جاری والا اور محل والا دیکھے اور اس میں سے میوے کھائے اور اس کے پاس بھی ہیں اور اپنی عورت کے ساتھ نظارہ کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اہل جنت سے ہیں۔

اور اگر کوئی شخص دیکھے کہ باغ میں آباد ہے اور درختوں کے میوے کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ مالدار عورت ملے گی اور اس سے مال ونعمت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ موسم خزاں میں نامعلوم باغ میں گیا ہے اور درختوں کی پت جھڑی ہو رہی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو غم واندوہ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ باغ میں محل اور سبزہ اور آب رواں (پانی جاری) ہے اور عورت صاحب جمال اس کو بلاتی ہے تو دلیل ہے کہ آخرت میں جنت اور حور العین پائے گا اور دلیل ہے کہ شہادت کا درجہ حاصل کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا باغ ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے اور اس باغ کے میوے کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اسے مالدار عورت ملے گی اور اس کا مال کھائے گا اور اگر دیکھے کہ باغ میں ہے اور بلند درختوں کے میوے ن

www.waseemziyai.com

پر گرتے ہیں تو دلیل ہے کہ شریف آدمی سے لڑے گا اور اس پر غالب آئے گا۔ اور اگر دیکھے کہ باغ میں کسی درخت کی چوٹی پر سویا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی نسل اور فرزند بہت ہوں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں باغ بزرگوار مالدار وصاحب جمال مرد ہے۔ اگر دیکھے کہ وقت بہار یا گرما میں ایک عمدہ باغ لگایا ہے اور اس میں میوے لگے ہوئے ہیں اور گل وریاحین کھلے ہوئے ہیں اور پانی جاری ہے اور وہ اس میں بیٹھا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی موت شہادت پر ہوگی۔ کیونکہ یہ سب جنت کی صفات ہیں۔

اور اگر ایام گرما میں باغ معلوم یا نامعلوم دیکھے اور اس کے میوے شیریں ہوں اور درختوں کے پتے گرے ہوئے ہوں تو دلیل ہے کہ وہ بادشاہ کا مصاحب ہوگا۔ اس حال میں کہ بادشاہ اپنے خدم وحشم سے بچھڑا ہوگا۔

اور اگر سبز باغ کو تابستان (موسم گرما) میں سرسبز اور میووں سے پر اور اس میں پانی جاری دیکھے اور اس نے باغ کو جڑ سے اکھاڑ کر خراب کر دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک کے بادشاہ کو ہلاکت کا خوف ہوگا اور کوئی بڑا بادشاہ حملہ کرے گا اور یا وہ معزول ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ آگ آئی اور اس نے باغ کے درختوں کو جلا دیا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کو ناگہانی موت آئے گی اور اگر خواب میں باغ کے اندر اونٹوں کو دیکھے تو دلیل ہے کہ اس ملک کا بادشاہ دشمنوں پر فتح پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ باغ سے میوے جمع کر کے لے گیا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر خیر ومنفعت پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اصلیت یہ ہے کہ باغ کو خواب میں دیکھنا لوگوں کا بقدر ہمت کاروبار کا شغل ہے۔ اگر باغ میں سبزہ دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا شغل نیک ہوگا اور کام آراستہ ہوگا۔ اور اگر باگ کو سبزے اور میووں سے خالی دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا کام نیک ہوگا۔ اور اگر باغ کو عمدہ اور آراستہ دیکھے اور اس کو کوئی کہے کہ یہ باغ فلاں کی ملکیت ہے اور اگر اس نے باغ سے میوے کھائے ہیں تو دلیل ہے کہ اسی قدر صاحب باغ سے فائدہ اُٹھائے گا۔ اور اگر بہار اور گرمیوں کے دنوں میں باغ کو اجڑا ہوا دیکھے۔ چنانچہ اس میں سبزہ اور کوئی درخت نہ دیکھا تو دلیل ہے کہ بادشاہ رعیت پر ظلم وستم کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اپنے ہاتھ سے باغ لگایا ہے اور درخت لگائے اور میوہ لگایا تو دلیل ہے کہ مالدار عورت سے نکاح کرے گا۔ مال اور فرزند حاصل ہوں گے۔ اور اگر اس باغ میں موسمی انگور دیکھے تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہ اپنی ہمت کے مطابق مال اور مرتبہ پائے گا۔

حکایت:

بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس آیا اور اس نے عرض کیا اے پیغمبر خدا! میں نے ایک باغ آراستہ دیکھا ہے کہ اس میں بہت سے میوے ہیں اور میں نے دیکھا ہے کہ اس باغ میں ایک بہت بڑا خنزیر بیٹھا ہے اور مجھ سے لوگوں نے کہا کہ یہ باغ خنزیر کی ملک ہے۔ میں اس بات سے حیران ہوں

www.waseemziyai.com

اور باغ میں بہت سے خنزیروں کو میوے کھاتے ہوئے دیکھا اور لوگوں نے کہا کہ یہ تمام خنزیر اس بڑے خنزیر کے حکم سے میوے کھاتے ہیں۔

حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ وہ بڑا خنزیر ظالم اور جابر بادشاہ ہے اور دوسرے خنزیر دانش مند حرام خور ہیں۔ جو ظالم بادشاہ کے مطیع اور تابع فرمان ہیں اور دین کو دنیا کے بدلے بیچتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے عذاب سے نہیں ڈرتے ہیں۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں باغ کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ اول: خوب صورت عورت۔ دوم: فرزند اور نیک عورت۔ سوم: عیش خوش۔ چہارم: مال۔ پنجم: بلندی۔ ششم: شادی۔ ہفتم: کنیزک (لونڈی)۔ اور باغ کو خواب میں دیکھنے والا عورت کو قائم کرنے والا ہے۔

اور اگر دیکھے کہ باغبانی کرتا ہے تو دلیل ہے کہ مالدار عورت کرے گا اور اس کے شغل میں مشغول ہوگا اور سب طرح کی موافقت کرے گا۔

اور بعض اہل تعبیر بیان کرتے ہیں کہ باغ کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: گھر کا مالک۔ دوم: عورت پر مختار۔ سوم: فرزند جس سے آنکھ کی ٹھنڈک ہو۔

بافتن جامہا (کپڑے بننا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کپڑے بننا سفر ہے اور بننے والا مسافر ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کپڑا یا کوئی اور چیز بنتا ہے تو دلیل سفر ہے۔

بیان کرتے ہیں کہ خواب میں کپڑوں کا بننا لڑائی ہے اور اگر دیکھے کہ کپڑا بن کر کاٹ ڈالا ہے تو دلیل ہے کہ وہ کام جھگڑوں سے برطرف ہوگا اور اس کا کاٹنا بھی سفر کا باعث ہے اور اگر رسی یا رسوں کو بٹ دے رہا ہے تو دلیل ہے کہ سفر کرے گا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ ابریشم کی بجائے رسی یا السی کو بٹ دے رہا ہے تو دلیل ہے کہ بد ہے، کیونکہ خیانت کا نشان ہے۔ اور اگر دیکھے کہ سارا کپڑا بنا اور کاٹ ڈالا تو دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا اور پورا کام کرے گا اور اگر دیکھے کہ سارا کپڑا نہیں بنا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام ادھورا رہے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ جولاہے کا کام کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا لوگوں سے جھگڑا ہوگا اور اس کا حال نیک ہوگا۔ لیکن لوگ اس کو ملامت کریں گے۔

باقلا (ایک سبزی ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں باقلا کا دیکھنا وقت پر ہو یا بے وقت ہو، پکا ہوا کھائے یا کچا کھائے، غم کی دلیل ہے اور تر و خشک میں تاویل کا حکم برابر ہے۔ اور اگر دیکھے کہ باقلا کھایا نہیں

www.waseemziyai.com

ہے تو بھی غم واندوہ تھوڑا ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس کو کسی نے باقلا دیا ہے اور کھایا نہیں ہے، دلیل ہے کہ غمناک ہوگا اور ممکن ہے کہ وہ آدمی جھگڑا بھی کرے۔

اور بعض اہل تعبیر بیان کرتے ہیں کہ اگر کوئی دیکھے کہ باقلا اس کے پاس ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے یا گھر سے باہر ڈالا ہے اور اس میں سے کچھ بھی نہیں کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا نقصان نہ ہوگا۔ خاص کر جب باقلا کو اس کے موسم میں دیکھا ہو۔

بلا رفتن (اوپر جانا):

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ پہاڑ کی چوٹی پر بیٹھا ہے یا بالا خانہ ٹیلہ یا محل یا مانند اس کی کسی چیز پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ جس چیز کی تلاش میں ہے پائے گا اور اس کی مراد پوری ہوگی۔

اور بعض اہل تعبیر بیان کرتے ہیں کہ اگر دیکھے کہ مشکل سے اوپر گیا ہے تو دلیل ہے کہ جس چیز کی تلاش میں گیا ہے اس کو رنج اور مشکل سے پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سیڑھی کے اوپر چڑھ گیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ دین میں عزت اور مرتبہ پائے گا خاص کر اگر سیڑھی مٹی کی ہے اور اگر دیکھے کہ سیڑھی چونے اور پتھر کی ہے، اس پر سے اوپر کو جانا دلیل ہے کہ اس جہان میں شرف اور عزت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سیڑھی کچی اینٹوں اور مٹی کی بنی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ آخرت میں قدر و قیمت و منزلت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ آسمان پر گیا اور واپس آ گیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ سخت بیمار ہوگا اور آخر کار شفاء پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اوپر جانا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: حاجت کا پورا ہونا۔ دوم: عورت چاہنا۔ سوم: قرب اور بزرگی۔ چہارم: مراد پانا۔ پنجم: کام کا بالا جانا۔

پالان:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پالان کو دیکھنا عورت ہے۔ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس پالان ہے یا کسی سے خریدا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کرے گا یا کنیز خریدے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پالان اس کی پشت پر ہے تو دلیل ہے کہ عورت کا فرمانبردار ہوگا اور وہ اس پر غالب ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ پالان اس سے ضائع ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ عورت اس سے جدا ہو جائے گی یا وہ اس کو طلاق دے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ وہ اپنا پالان پاکیزہ اور نیا رکھتا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کو خوبصورت اور نیک سیرت عورت ملے گی اور اس سے خیر اور منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پالان سخت اور میلا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہ لڑاکی اور جھگڑالو اور ناموافق عورت کرے گا اور اس سے نقصان اور تکلیف پائے گا۔

www.waseemziyai.com

بالش (سرہانا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دیکھنے والے کے لئے سرہانہ خادم ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس نیا اور سبز سرہانہ ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو خادم مصلح یعنی نیک اور پارسا پرہیز گار ملے گا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کا سرہانہ پرانا اور میلا ہے یا زرد یا سیاہ ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کا سرہانہ پھٹ گیا ہے یا جل گیا ہے یا کھو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے خدمت گار ضائع ہوں گے یا بھاگیں گے۔ یا خواب کو دیکھنے والا رنج و بلا میں مبتلا ہوگا، جس کی وجہ سے اس کے سب نوکر چاکر اس سے جدا ہو جائیں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ کسی نے اس کے گھر سے سرہانہ چرایا ہے تو اس سے دلیل ہے کہ کوئی اس کی عورت کے پیچھے لگا ہے۔ یا اس کی کنیز کے پیچھے لگا ہے۔ تا کہ اس کو فریب اور دھوکہ دے۔

اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ سرہانے کا گھر میں دیکھنا اس امر کی دلیل ہے کہ کوئی شخص اس کے گھر سے مرے گا۔ اور اگر کوئی مرد دیکھے کہ اس نے بہت سے سرہانے پائے ہیں۔ تو دلیل ہے کہ اسی قدر اس کو خادم اور کنیزیں ملیں گی۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ آگ پڑی ہے اور اس کا سرہانہ جلا دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے خادم اور کنیز مریں گی یا بھاگ جائیں گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سرہانے کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے اول: خادم۔ دوم: کنیزک (لونڈی)۔ سوم: ریاست۔ چہارم: نیک دین۔ پنجم: پرہیز گاری اور عدل وانصاف۔

بام (بالاخانہ):

اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ کسی نامعلوم بالاخانے پر ہے تو دلیل ہے کہ اس کی رفعت اور بلندی کے مطابق عزت و مرتبے والی عورت پائے گا۔ اور اگر معلوم گھر کے بالاخانے پر بادشاہ ہے تو دلیل ہے کہ شرف اور بزرگی پائے گا اور اس کا کاروبار انتظام کے ساتھ ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ بالاخانے پر بادشاہ ہے تو دلیل ہے کہ بزرگی اور مرتبہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ خود بالاخانہ سے گرا ہے تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبہ سے گرے گا اور اس کو غم واندوہ پہنچے گا۔

بانگ داشتن جانوراں (جانوروں کی آوازیں سننا):

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ لوگوں اور جانوروں کا خواب میں آواز دینا اس موضع

www.waseemziyai.com

(گاؤں) کے لئے غم اور مصیبت کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی دور کی جگہ سے آواز دیتے ہیں۔ اگر اس نے جواب دیا تو دلیل ہے کہ جلدی مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ جواب نہیں دیا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ رونے کی آواز آتی ہے تو دلیل ہے کہ خوش ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس نے نالہ سنا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی ناخوش بات سنے گا۔ اور اگر دیکھے کہ زاری کی آواز سنی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری ہوگی اور دشمن پر فتح پائے گا۔ اور اگر گالی کی آواز سنے تو اس کو مکروہ بات پہنچے گی اور جلدی زائل ہو جائے گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں گھوڑے کی آواز سنے تو دلیل ہے کہ وہ خوشخبری سنے گا۔

اور بعض اہل تعبیر بیان کرتے ہیں کہ ضرور اس کو کوئی مکروہ بات (تکلیف) پیش آئے گی۔ کیونکہ چوپائے جھوٹ نہیں بولتے ہیں اور اگر گدھے کو آواز کرتے ہوئے سنے تو دلیل ہے کہ کسی دشمن اور جاہل سے فریاد اور شناعت سنے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: انّ انکر الاصوات لصوت الحمیر۔ (سب آوازوں سے بری آواز گدھے کی ہے)۔

اور اگر دیکھے کہ اونٹ آواز دیتا ہے تو دلیل ہے کہ حج کو جائے گا یا تجارت سود اور نفع کے ساتھ کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بکری بولتی ہے تو دلیل ہے کہ کسی بزرگ سے اس کو خیر اور منفعت پہنچے گی اور اگر بکری کے بچے کی آواز سنے تو خوشی، شادی اور نعمت کی دلیل ہے۔

اور اگر خواب میں سنے کہ شیر دھاڑتا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے خوف اور ترس کھائے گا اور اگر چیتے کی آواز سنے تو دلیل ہے کہ اس کو جنگ اور خصومت (جھگڑے) کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چیتا آواز کستا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی اس پر غصہ اور غرور کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بھیڑیا آواز دیتا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا اور اگر دیکھے کہ گیدڑ آواز کرتا ہے تو عورتوں کی طرف سے غم واندیشہ پہنچے گا۔

اور اگر لومڑی کو آواز دیتے سنے تو دلیل ہے کہ کوئی جھوٹا آدمی اس کے ساتھ مکر وحیلہ کرے گا۔

اور اگر بلی کی آواز سنے تو دلیل ہے کہ اس کو چور سے خوف ہوگا اور اگر شتر مرغ کی آواز سنے تو دلیل ہے کہ کسی پوشیدہ آدمی کی خبر سنے گا۔ اور اگر مرغ کی آواز سنے تو دلیل ہے کہ جواں مرد کی خبر سنے گا اور اگر چغد (ایک چھوٹی قسم کا پرندہ) کی خبر سنے تو دلیل ہے کہ اندوہ اور مصیبت کی خبر سنے گا۔ اور اگر الو کو آواز دیتا سنے تو بھی یہی دلیل ہے۔ اور اگر فاختہ کی آواز سنے تو دلیل ہے کہ جھوٹی خبر سنے گا۔ اور اگر چکور کی آواز سنے تو دلیل ہے کہ باجمال عورت کی خبر سنے گا۔ اور اگر طاؤس (مور) کی آواز سنے تو دلیل ہے کہ عجمی بادشاہ کی خبر سنے گا۔

اور اگر کلنگ کی آواز سنے تو دلیل ہے کہ درویش مرد کی خبر سنے گا اور اگر لک لک کی آواز سنے تو دلیل ہے کہ دیہاتی مرد کی خبر سنے گا اور اس سے خوش ہوگا۔ اور اگر پہاڑی چکوڑ کی آواز سنے تو دلیل ہے کہ نیک عورت

www.waseemziyai.com

کی آواز سنے گا اور اگر بہت سے چکوڑوں کی آواز سنے تو پردہ نشین عورت کی خبر سنے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کوّے کی آواز سنتا ہے تو دلیل ہے کہ حرام خور مرد کی خبر سنے گا اور اگر چڑیا کی آواز سنے تو خوشخبری سنے گا اور اگر بلبل کے نغمے سنے تو مطرب یا نوحہ گر کی خبر سنے گا۔

اور اگر ساز کی آواز سنے تو بھی مطرب یا نوحہ گر کی آواز سنے گا۔ اگر مرغابی کی آواز سنے تو دلیل ہے کہ اس کو غم واندوہ پہنچے گا۔ اگر بطخ کی آواز سنے تو اس کے اہل میں سے کسی پر مصیبت آئے گی۔ اور اگر مرغ کے بچوں کی آواز سنے تو ماتم اور مصیبت پہنچے گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ سب مرغوں کی آواز خواب میں سننا نیک ہے۔ مگر وہ مرغ کہ جس کی آواز فال میں لاتے ہیں۔ کیونکہ اس کی آواز اندوہ اور مصیبت ہے۔

اور سانپ کی آواز دشمن سے ترس اور خوف ہے۔ لیکن زنبور اور مٹڈی کی آواز ڈر اور خوف پر ہے اور چھپکلی کی آواز دلیل ہے کہ کسی جگہ پر اترے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ آسمان سے یا زمین سے یا ہوا سے خوفناک آواز آتی ہے تو بادشاہ پر غم واندوہ اور مصیبت کی دلیل ہے اور ہر چند خیر اور شر کی تعبیر دینے والی ہے۔

حکایت:

بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کے پاس آیا اور اس نے کہا کہ میں نے خواب دیکھا ہے کہ ایک چوپایہ حرکت کرتا ہوا مجھ سے باتیں کرتا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ تمہاری موت قریب آ گئی ہے۔ کیونکہ فرمان اللہ تعالیٰ ہے:

واذا وقع القول علیهم اخر جنا لهم دآبة من الارض تکلمهم ۔(اور جب ان پر فرمان واقع ہوگا تو ہم ان کے لئے زمین سے چوپایہ نکالیں گے جو ان سے باتیں کرے گا)۔ اور جب ایک ہفتہ پورا ہوا تو وہ شخص دنیا سے رحلت کر گیا۔

بانگ نماز (اذان):

بانگ نماز یعنی اذان۔ حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر بندہ مصلح مومن پارسا خواب میں دیکھے کہ کسی معروف جگہ سے اذان کی آواز سنتا ہے یا خود نماز کے لئے اذان دیتا ہے تو دلیل ہے کہ بیت اللہ شریف کا حج کرے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **واذن فی الناس بالحج یاتوك رجالاً** ۔(اور لوگوں میں حج کا اعلان کرو تمہاری طرف پاپیادہ آئیں گے)۔

اور اگر غیر معروف جگہ پر اذان دیتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو مکروہ اور ناپسند بات پہنچے گی۔ اور اگر یہ بات کوئی فاسق شخص دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو چوری میں گرفتار کریں گے۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ نماز کے لئے اذان کسی مسجد یا مینار سے دیتا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کو خدا تعالیٰ کی طرف بلائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بستر پر سویا ہوا اذان دیتا ہے تو دلیل ہے کہ اپنی عورت سے پیار و محبت رکھتا ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اپنے گھر میں اذان دیتا ہے تو دلیل ہے کہ مفلس اور درویش ہوگا اور بیان کرتے ہیں کہ اس کے اہل بیت (گھر والوں) میں سے کوئی مرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کوچہ میں اذان دیتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ جاسوسی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کنوئیں یا سردابہ میں اذان دیتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ آدمی زندیق یا منافق ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ اپنی عورت کے ساتھ اذان دیتا ہے تو دلیل ہے کہ دنیا سے جلدی رحلت کرے گا۔ اور اگر اذان میں کلمات کے اندر زیادتی کو دیکھے تو دلیل ہے کہ لوگوں پر ستم اور ظلم کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کوئی بچہ اذان دیتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ماں باپ جھوٹ بولتیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اذان حمام میں دیتا ہے تو یہ دین اور دنیا میں اس کی بدحالی کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اذان قافلہ یا لشکر گاہ میں دیتا ہے تو اس کی تاویل بد ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کوئی مجوسی قید خانہ میں بانگ نماز دیتا ہے اور تکبیر کہی ہے تو دلیل ہے کہ قید خانہ سے رہائی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اذان لہو و بازی میں دیتا ہے تو یہ ہلاک ہونے کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ پہاڑ کی چوٹی پر اذان دیتا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سچی بات کہے گا اور اس کو خدا تعالیٰ اپنی طرف بلائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ مینار پر اذان دیتا ہے تو دلیل ہے کہ بزرگی اور حکومت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ گھر کے گوشے میں اذان دیتا ہے تو دلیل ہے کہ کار حق میں خیانت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سردابہ میں اذان دیتا ہے تو دلیل ہے کہ سفر کو جلدی کرے گا اور اس میں رنج و بلا اٹھائے گا اور دیر تک رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پہاڑ پر اذان دیتا ہے تو دلیل ہے کہ ظالم قوم میں گرفتار ہوگا اور اس کے ساتھ خیانت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ کسی تخت پر بطور کھیل اذان دیتا ہے تو دلیل ہے کہ دیوانہ ہوگا۔ اور اگر دوسرے کی اذان سنے تو دلیل ہے کہ عبادت اور طاعت کے کام میں سست ہوگا۔ اور کوئی اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف بلائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ تکبیر کی آواز سنتا ہے تو دلیل ہے کہ حق کے کاموں میں توفیق پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اذان بارہ وجہ پر ہے۔ اول: حج۔ دوم: سخن۔ سوم: حکومت۔ چہارم: بزرگی۔ پنجم: ریاست۔ ششم: سفر۔ ہفتم: موت۔ ہشتم: افلاس۔ نہم: خیانت۔ دہم: جاسوسی۔ یزدہم: نفاق اور بے دینی۔ دوازدہم: ہاتھ کٹنا۔

www.waseemziyai.com

پابند (پاؤں کا کڑا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ پابند خواب میں دیکھنا خوش سخن یا فرزند وعیال پر بھروسہ ہے۔ اور اگر بہت سے پابند دیکھے تو اسی قدر نعمت اور حلال کی روزی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی بڑھیا عورت نے پابند بخشے ہیں تو دلیل ہے کہ اسی قدر انتظام کے ساتھ دنیا کی نعمت اور مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے پابند ہیں اور سب بخش دیئے ہیں یا ضائع ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ اگر نعمت رکھتا ہے تو سب خرچ دے گا یا ضائع ہو جائے گا۔

پائے (پاؤں):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ایک پاؤں کٹا ہوا یا ٹوٹا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا نصف مال ضائع ہو گا۔ اگر دونوں پاؤں کٹے ہوئے یا ٹوٹے ہوئے دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا سب مال جائے گا۔ یا خود مرے گا۔ اور بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ اگر کوئی دونوں پاؤں شکستہ یا کٹے ہوئے دیکھے تو دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاؤں لوہے یا تانبے کے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہو گی اور اس کا مال باقی رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاؤں کانچ کے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کی عمر جلد ختم ہو جائے گی اور مال نہ رہے گا۔ کیونکہ کانچ کو بقاء اور طاقت نہیں ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاؤں شل ہیں تو یہ اس کے حال کے ضعف اور سستی کی دلیل ہے۔ ہر ایک حال میں خواہ خیر ہو یا شر ہو۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی نیک آدمی خواب میں دیکھے کہ اس کا پاؤں شل ہو گیا ہے۔ تو یہ دین کی زیادتی کی دلیل ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے:

ولا علی الاعرج حرج۔ (اور لنگڑے پر کوئی حرج نہیں ہے)۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاؤں پر رسی بندھی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو کسی سے فائدہ پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے اس کے پاؤں نہیں ہیں اور لکڑی کے سہارے پر چلتا ہے تو دلیل ہے کہ کسی پر بھروسہ کرے گا اور اس سے وفاداری نہ دیکھے گا۔

اور اگر کوئی شاہی حاکم دیکھے کہ اس کے دونوں پاؤں کٹے ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ کام سے معزول ہو گا اور اس کا مال ضائع ہو گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا پاؤں لوہے کا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مال زیادہ ہو گا اور اگر دیکھے کہ اس کا پاؤں چاندی کا ہے اور ایڑی سنہری ہے تو بھی یہی تاویل گذشتہ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا پاؤں درد کرتا ہے تو دلیل ہے کہ نقصان اٹھائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا پاؤں ستون سے بندھا ہے۔ اس کی تاویل بہتر ہے۔ کیونکہ درخت مرد کی طرح ہے اور ستون مردے کی طرح ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا پاؤں جال میں ہے یا زمین میں دھنس گیا ہے۔ تو

www.waseemziyai.com

دلیل ہے کہ جس قدر پاؤں گھسا ہے۔ اسی قدر مکر اور حیلے میں گرفتار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ پاؤں کسی جگہ یا قبر میں پھسلا ہے تو دلیل ہے کہ دین و دنیا کے کام سے رکے گا۔ یا کوئی اس بات کو کہے گا کہ اس سے بیمار ہوگا اور اگر دیکھے کہ بیل پر پاؤں ہلا رہا ہے تو دلیل ہے کہ کام کی سخت جستجو کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کا پاؤں اونٹ یا بیل کے گھر جیسا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی قوت وافر اور مال زیادہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس اس کا پاؤں گھوڑے یا گدھے جیسا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی قوت اور مرتبہ زیادہ ہوگا۔

اور اگر اپنا پاؤں درندے کے پنجے جیسا دیکھے تو دلیل ہے کہ مال حرام کرے گا اور اگر اپنا پاؤں مرغوں کے پنجوں جیسا دیکھے تو اس کے کسب و معیشت کی قوت کی دلیل ہے اور دشمن پر فتح پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ پاؤں کا خواب میں دیکھنا سات وجہ پر ہے۔

اول عیش، دوم عمر، سوم کوشش کرنا، چہارم طلب مال، پنجم قوت، ششم سفر، ہفتم عورت اور خواب میں پاؤں کا نچانا یعنی کوفتہ کرنا مصیبت اور رنج ہے۔

پائے اور نجن (پازیب):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر مرد خواب میں دیکھے کہ اس کے پاؤں میں پازیب ہے تو اس کے رنج کی دلیل ہے اور اگر چاندی کی دیکھے تو سختی کم تر ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ پازیب کا عورت کے لئے دیکھنا شوہر ہے اور دیکھنا اچھا ہے اور سونے کا دیکھنا عورتوں کے لئے ملک ہے اور مردوں کے لئے حرام ہے۔

اور اگر دیکھے کہ پازیب پاؤں سے نکالی ہے۔ یا کھولی گئی ہے تو دلیل ہے کہ وہ مرد دل کے رنج سے نجات پائے گا۔

بند نہادن (پھندا رکھنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اپنے پاؤں میں پھندا دیکھے تو خوف اور دہشت کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ اس کے پاؤں میں دو پھندے ہیں اور وہ مسجد میں ہے تو دلیل ہے کہ وہ شخص دین میں یا نماز میں جہاد میں یا جس کام کو کہ اصلاح دین میں کرتا ہے، ثابت قدم رہے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں کوئی شخص دیکھے کہ پھندا اس کے پاؤں میں لگا ہوا ہے اور اس کا سفر کا ارادہ ہے تو دلیل ہے کہ اس سفر میں مقیم ہوگا اور دیر تک رہے گا اور جس قدر کہ بند کو پاؤں کو قوی تر اور محکم (مضبوط) دیکھے گا۔ اسی قدر سفر میں زیادہ رہے گا۔ اور تنگ بند کی نسبت فراخ بند کا دیکھنا بہتر ہے۔ اور اگر تانبے کا بند ہے تو بھی یہی دلیل ہے اور اگر لوہے کا بند ہے تو بھی گزشتہ تاویل ہے۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ بندر سی کا ہے تو اس کی اقامت دین کے لئے ہوگی اور اگر بند لکڑی جیسا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی اقامت فساد دین کے لئے ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر بیمار دیکھے کہ اس کے پاؤں میں بند ہے تو دلیل ہے کہ اس زحمت سے خلاصی پائے گا۔ اور اگر بادشاہ دیکھے کہ اس کے پاؤں میں بند ہے تو دلیل ہے کہ اس کی بادشاہی پائیدار رہے گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ پائے بند کا خواب میں دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: دین میں ثابت قدمی۔ دوم: نکاح کرنا۔ سوم: سفر سے واپس آنا۔

حاصل یہ ہے کہ جو شخص ایسا خواب دیکھے۔ اگر نیک ہے تو نیکی میں اور اگر بد ہے تو بدی میں پائیدار رہے گا۔

پائے تابہ (جراب):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جراب اگر رکھی ہوئی دیکھے تو مال ہے اور پہنی ہوئی دیکھے تو سفر ہے۔

اور اگر خواب میں جراب پہنے ہوئے دیکھے جیسے کہ مسافر بیابان کا ارادہ کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ہی کوئی رفیق اور توشہ نہیں ہے تو دلیل ہے کہ دنیا سے بہت جلدی رحلت کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اپنی جرابیں فروخت کیں یا کسی کو بخش دیں تو اس سے دلیل ہے کہ اس کا مال ضائع ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ جراب خواب میں دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول مال و دولت، دوم سفر، سوم موت اس کے لئے جو تنہا سفر کا ارادہ کر کے جنگل کو جائے۔

پاچہ (گوشت کا ٹکڑا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ بکری کے گوشت کا ٹکڑا کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ جس قدر کھایا ہے اسی قدر نعمت ملے گی اور اگر دیکھے کہ گائے کے گوشت کا ٹکڑا کھایا ہے تو دلیل ہے کہ کھانے کے مطابق اس کے لئے اس سال میں نعمت کی فراخی ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ گوشت کا ٹکڑا خواب میں کھانا جس قدر کہ کھایا ہے خاص کر کچا کھانے کی صورت میں یتیموں کے مال کو کھانے کی دلیل ہے۔

پابندانی کردن (قید کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ کسی کو پابند کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کام میں پائیداری ہوگی اور اس سے جدا نہ ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پابند کرنا تین وجہ پر ہے۔

www.waseemziyai.com

اول جس شخص کو پابند کیا ہے، اس کا مقیم ہونا، دوم اس پر عنایت کرنا، سوم اسے خیر و منفعت پہنچے گی۔
اور اگر دیکھے کہ قیدیوں میں سے کوئی باہر آیا ہے۔ یعنی اس نے قید سے رہائی پائی ہے تو اس کی تاویل اس کے خلاف ہے۔

ببّر (شیر):

ببّر ایک قسم کا شیر ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ببر ایک درندہ جانور شیر کا دشمن ہے اور اس کو خواب میں دیکھنا قوی اور دلیر دشمن ہے۔ لیکن کریم اور مہربان ہے۔ اور اگر دیکھے کہ ببر کے ساتھ لڑائی کر کے اس کو مغلوب کر لیا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن پر غالب آئے گا۔ اور اگر اس سے مغلوب ہو گیا تو دشمن اس پر فتح پائے گا اور اگر دیکھے کہ ببر اس سے ڈر کر بھاگ گیا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن سے امن میں رہے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ببر کی ہڈیاں اور بال اور چمڑا خواب میں دیکھنا مال اور منفعت ہے جو دیکھے کہ اسی قدر کے مطابق اس کو دشمن سے حاصل ہو گا۔ اور اگر دیکھے کہ ببر پر بیٹھا ہے اور وہ اس کا مطیع ہے تو دلیل ہے کہ دشمن اس کا تابعدار ہو گا۔

بت:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ بت پرستی کرتا ہے تو دلیل ہے کہ خدا تعالیٰ پر جھوٹ بولے گا اور باطل راستہ پر جائے گا۔ اور اگر لکڑی کے بت کو پوجتا ہے تو دین میں نفاق پیدا کرنے کی دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ وہ چاندی کا بت ہے تو کسی خواہش مند عورت کے ساتھ خواہش نفسانی سے تقرب کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سونے کا بت ہے تو دلیل ہے کہ اس کا میلان مکروہ کام اور مال جمع کرنے کی طرف ہو گا۔

اور اگر دیکھے کہ وہ بت لوہے یا تانبے یا رانگ کا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی غرض دین سے دنیا کی صلاح اور دنیا طلبی ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں جواہرات کا بت دیکھے تو دلیل ہے کہ دین سے اس کی غرض بادشاہی اور خدم و حشم ہے۔ (یعنی اس کی غرض حکومت کرنے اور نوکروں چاکروں اور دبدبہ حاصل کرنے کی ہے)

اگر خواب میں دیکھے کہ وہ جواہر کا بت دور ہو گیا ہے کہ اس کی غرض دین سے مال حرام جمع کرنے کی ہے اور اگر دیکھے کہ بت گھر میں ہے تو اپنی عقل اور دانش سے عاجز اور حیران ہو گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بت کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول بے ہودہ جھوٹ، دوم مکار منافق، سوم فریب دینے والی مفسد عورت۔

www.waseemziyai.com

بخشش کردن (بخشنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ اپنا مال کار خیر (نیک کام) میں بخشش کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے فرزند کے لئے عورت چاہے گا یا اپنے عزیزوں میں سے کسی کی شادی کرے گا اور اپنا مال ان پر تقسیم کرے گا۔ اور اگر دیکھا کہ اپنا مال ناجائز طرز پر بخشتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ حرام اور فساد کی طرف مائل ہوگا اور اگر دیکھے کہ اپنا مال بیگانوں کو بخشتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا حال موت اور زندگی سے پراگندہ ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ کسی کا مال اس کی رضامندی سے بخش رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی نیکی اور بدی کا اثر صاحب مال کی طرف عائد ہوگا۔

بخور کردن (کچھ سلگانا):

بخور کردن۔ دھونی دینا۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بخور کرنا کسی بزرگ آدمی سے مال لینا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ خوشبودار چیزوں کو سلگا رہا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر وہ شخص کسی مرد سے مال حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جس بخور کی خوشبو تر ہے، دیکھنے والے کے لئے بہت زیادہ خیر و منفعت، اور اگر بخور خوشبودار ہے تو صاحب خواب کے لئے اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بخور کرنے کی تاویل تین وجہ پر ہے۔ اول بہت سا مال، دوم عیش خوش، سوم نیک نام۔

پَر:

حضرت امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ پروں کے ساتھ اڑتا ہے یعنی پرندے جیسے اس کے پر ہیں۔ تو دلیل ہے کہ پروں کے اندازے پر اس کو بزرگی اور سرداری ملے گی اور بعض اہل تعبیر نے فرمایا ہے کہ خواب میں پر دیکھنے قوت اور پناہ ہیں۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ پروں کے ساتھ اڑتا ہے تو دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا اور اس کا کام نیک ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس پرندے کے پر ہیں تو دلیل ہے کہ اسی قدر اس کو خیر و منفعت حاصل ہوگی اور اگر دیکھے کہ اس کے پر گر گئے ہیں تو دلیل ہے کہ بزرگی اور مرتبے سے گرے گا اور مال کا نقصان ہوگا۔

پرہن (خرقہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پرہن دیکھنا اندیشہ اور غم کی دلیل ہے اور اس کا

www.waseemziyai.com

کھانا نقصان دہ ہے۔

بربط (سارنگی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بربط دنیا کا لہو باطل اور سخت دروغ (جھوٹ) اور محال (ناممکن) ہے۔ اگر خواب میں اپنے آپ کو بربط بجاتا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ بے ہودہ اور جھوٹی بات کہے گا، اور کسی کی جھوٹی مدح اور تعریف کرے گا اور اگر دیکھے کہ کوئی اس کے سامنے بربط بجاتا ہے تو دلیل ہے کہ جھوٹ اور بے ہودہ بات سنے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بربط کے ساتھ چنگ و چغانہ (گانے بجانے کا سامان) اور بانسری بجاتا ہے تو اس موضع پر یہ سب غم اور مصیبت کی دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا بربط ٹوٹ گیا ہے تو دلیل ہے کہ جھوٹ اور بے ہودگی سے توبہ کرے گا اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ بیمار ہے اور بربط بجاتا ہے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ بربط استادوں کی طرح بجاتا ہے۔ حالانکہ وہ بربط بجانا نہیں جانتا، اگر خواب دیکھنے والا عالم ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کو علم اور بیان اچھی طرح سے دے گا اور ان تینوں علموں کو تفسیر، فقہ اور قصص کو جانتا ہوگا۔

اور اگر کوئی جاہل آدمی دیکھے تو ایسا کام کرے گا کہ لوگ اس کے شغل پر سرزنش اور ملامت کریں گے۔

اور اگر دیکھے کہ بربط کی آواز سنتا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بڑی عورت کی خبر سنے گا اور اس عورت کے ساتھ محبت ہو گی۔

برجستن (کودنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ جگہ بہ جگہ کودتا پھرتا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کا حال پھرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ دور کی جگہ پر کودا ہے تو دلیل ہے کہ دور کے سفر کو جائے گا اور اگر دیکھے کہ کودتے وقت ہاتھ میں لاٹھی ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کا اعتماد کسی قوی شخص پر ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ جگہ سے باہر کودا ہے تو دلیل ہے کہ وہ بدحال سے نیک حال ہوگا اور اگر دیکھے کہ جس جگہ چاہتا ہے کودتا ہے تو یہ اس کی قوت اور دانائی پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ پاکیزہ جگہ سے کودا ہے تو دلیل ہے کہ خراب حال سے صلاح حال ہوگا، اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو اچھے حال سے بدحال ہوگا۔

بردار کردن (سولی چڑھانا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ایک دن کوئی شخص میرے پاس آیا اور اس نے کہا کہ میں نے

www.waseemziyai.com

خواب میں دیکھا ہے کہ ایک آدمی کے دونوں ہاتھ کاٹے گئے اور دوسرے کو سولی چڑھایا۔ میں نے کہا کہ اگر تم یہ بات راست (صحیح) کہتے ہو، تو آج ہی امیر شہر معزول ہوگا اور اس کی جگہ دوسرا امیر بیٹھے گا۔ پھر اسی دن یہی ہوا اور دوسرے امیر کو بٹھا دیا گیا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ کسی کو سولی پر چڑھایا گیا ہے اور لوگ نظارہ کرتے ہیں تو دلیل ہے کہ اتنے لوگوں پر سردار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کوئی اس کا نظارہ نہیں کرتا ہے تو دلیل ہے کہ شرف اور بزرگی پائے گا لیکن راہ دین میں بے نصیب اور فاسق ہوگا۔

اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ سولی چڑھے ہوئے آدمی کا گوشت کھاتا ہے تو اس سے دلیل ہے کہ کسی گرفتار مصیبت کا مال کھائے گا، خاص کر اگر اس کا اثر بھی دیکھے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو سولی پر چڑھایا ہے اور اس کا خون جاری ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کی غیبت کرے گا اور اس سے بہت گناہ سرزد ہوں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سولی پر چڑھانا چار وجہ پر ہے۔ اول سرداری و حکومت، دوم مال و دولت، سوم بزرگواری، چہارم لوگوں کی غیبت۔

برد (چادر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ سب کپڑوں سے بہتر چادر ہے۔ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ چادر سوتی ہے اور سبز و سفید ہے یا نیا کپڑا پہنا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ جامے کی عمدگی کے مطابق فراخی نعمت پائے گا اور اگر دیکھے کہ جامہ تنگ ہے۔ سیاہ اور نیلا ہے تو اس کی تاویل پہلے کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ چادر فروش ایسا آدمی ہوتا ہے کہ دین کو دنیا کے بدلے اختیار کرتا ہے۔ خاص کر اگر سوتی چادر ہے۔ اور اگر چادر میں ابریشم دیکھے کہ تو دلیل ہے کہ دین اور دنیا دونوں کا ہی طالب ہے۔

پردہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جو کوئی شخص خواب میں پردہ دیکھے کہ اس کے دروازے پر لٹکا ہوا ہے۔ اگر تنگ ہو اور سطبر (موٹا) ہو تو غم و اندوہ کی دلیل ہے اور ترس و بیم (خوف و ڈر) ہے اور آخر کار امن ہے۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ سرائے کے دروازے یا مسجد کے دروازے پر یا بازار میں پردہ پڑا ہوا ہے تو غم و اندوہ اور نہایت بڑے خطرے کی دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ پردہ ضائع ہوا۔ تو صاحب خواب غم و اندوہ سے خوشی پائے گا اور ترس و بیم (خوف و ڈر) سے امن میں ہوگا۔

اور اگر پردہ دیکھے اور غیر معروف ہو تو نہایت سخت غم و اندوہ ہوگا اور اگر وہ معروف ہے، تو زیادہ آسان ہوگا۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ نیا پردہ دیکھنا بادشاہ کے لئے اچھا ہے اور رعیت کے لئے بُرا ہے اور پُرانا پردہ دیکھنا کسی حال میں بھی اچھا نہیں ہے۔

پردہ داری:

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر شخص خواب میں دیکھے کہ پردہ داری کرتا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری ہوگی اور عزت اور مرتبہ بڑھے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ بادشاہ مصلح اور عادل کی پردہ داری کرتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ صلاح اور خیر کی طرف مائل ہوگا اور مال حلال پائے گا۔

اور اگر بادشاہ مفسد (فساد کرنے والا) اور ظالم کی پردہ داری کرتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ فساد کی طرف مائل ہوگا اور مال حرام پائے گا۔

پرستو (ابابیل):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس ابابیل ہے یا کسی نے اس کو دی ہے تو دلیل ہے کہ جس سے جدا تھا پھر انس حاصل کرے گا اور اس کے مقام میں قرار پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ابابیل کو مارا یا ہاتھ سے گرایا ہے تو دلیل ہے کہ جس سے محبت رکھتا ہے اس سے جدائی ڈھونڈے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ابابیل کا خواب میں دیکھنا مالدار اور (عقل مند) شخص ہے۔ اور اگر ابابیل مادہ کو دیکھے تو عورت خردمند (عقل مند) و تونگر ہے۔ اور اگر دیکھے کہ ابابیل اس سے اُڑ گیا ہے تو دلیل ہے کہ مرد سے دولت جدا ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ ابابیل اس کے ہاتھ میں مر گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا دوست مرے گا اور اندوہ و غم دیکھے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے ابابیل کو پکڑا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہ غموں سے نجات پائے گا اور خوف اور دہشت سے امن میں ہوگا۔

برف:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں برف کا دیکھنا غم واندوہ اور عذاب ہے۔ اگر تھوڑی دیکھی جائے تو خیر ہے۔ اگر جاڑے (سردی) میں برف کو دیکھے یا ایسی جگہ میں دیکھے کہ جہاں ہمیشہ ہوتی ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس جگہ والوں کو غم اندوہ پہنچے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں برف کا دیکھنا لشکر کو ہزیمت (شکست) ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں برف کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول روزی، دوم

www.waseemziyai.com

زندگانی، سوم مال بسیار، چہارم لشکر بسیار، پنجم بیماری، ششم غم واندوہ۔

اور اگر دیکھے کہ ایام گرما میں برف کو جمع کرتا ہے تو دلیل ہے کہ مال حلال جمع کرتا ہے۔ اور خوش عیش (مزے کی) زندگی گزارے گا اور بہت منفعت پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ سرد سیر میں برف کا خواب میں دیکھنا خیر اور نیکی کی دلیل ہے اور گرم سیر میں دیکھنا قحط اور غم واندوہ کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ برف کو موسم میں کھاتا ہے تو بے وقت سے بہتر ہے۔

برق (بجلی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بجلی کا دیکھنا بادشاہ کا خزانچی ہونا ہے۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان فرمایا ہے کہ بجلی بادشاہ کا بدی کے لئے لالچی آدمی کو لالچ کی وجہ سے وعدہ بنا دینا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بجلی کو ہوا سے یا ابر سے پکڑا ہے تو دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا جس میں بہت حیران ہوگا۔

اور اگر بجلی کو چمکتے ہوئے دیکھے تو دلیل ہے کہ اس سال نعمت بہت فراخ ہوگی۔ خاص کر اگر بجلی کے ساتھ نرم ہوا بھی ہو۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بجلی کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول بادشاہ کا خزانچی، دوم وعدہ بد، سوم عتاب، چہارم رحمت، پنجم راہ راست۔

برگستوان (پاکھر۔ جنگی لباس):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ برگستون (جنگی لباس) خواب میں استواری اور مضبوطی ہے اور اگر دیکھے کہ گھوڑے پر جنگی لباس سے بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام درست ہوگا اور دشمن پر فتح پائے گا اور اس کو مغلوب کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر اپنے آپ کو گھوڑے پر جنگی لباس کے ساتھ میدان جنگ میں دیکھے تو دلیل ہے کہ کام مراد کے ساتھ ہوگا اور بخت و دولت مساعدت کریں گے اور اگر دیکھے کہ جنگی لباس گھوڑے سے گرا ہے یا کھو گیا ہے تو دلیل ہے کہ نامرادی ہے اور دشمن کے ہاتھوں اسیر (قید) ہوگا۔

برنج (چاول):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چاول دیکھنا مال ہے جو بقدر چاول دیکھنے کے حاصل ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ پکے ہوئے چاول کھاتا ہے

www.waseemziyai.com

تو دلیل ہے کہ مراد پوری ہوگی اور خیر و نیکی پہنچے گی اور اگر دیکھے کہ پلاؤ کھایا ہے تو زیادہ بہتری اور نیکی کی دلیل ہے اور دودھ چاول کا کھانا نہایت ہی بہتر ہے۔ اور دیکھے کہ دہی چاول کھاتا ہے تو اس سے غم واندوہ کی دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چاولوں کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول مال و دولت، دوم مراد کا حاصل ہونا، سوم خیر و منفعت ہے جو اس کو پہنچے گی۔

پرندہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ پرندہ اس کے ہاتھ سے اُڑ گیا ہے اور پھر اس کے ہاتھ میں آیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ سے پرندہ اُڑ گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے مال کا کچھ نقصان ہوگا۔

پرنیان (دیبا):

دیبا ایک قسم کا کپڑا ہے۔ خواب میں پرنیان دیکھنے کی تاویل دیبا کی مانند ہے۔ (اس کی شرح حرف دال میں بیان کی جائے گی۔)

برہ (بکری کا بچہ):

برہ۔ بکری کا بچہ یعنی لیلا، حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بکری کا بچہ دیکھنا خواہ نر ہو خواہ مادہ ہو اس کی تاویل فرزند ہے۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے بکری کا بچہ پکڑا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہوگا اور اس پر ہوگا یعنی باپ کی طرح ہوگا اور اگر دیکھے کہ بکری کے بچہ کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بکری کے بچے کا گوشت کھایا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کو فرزند کی طرف سے غم واندوہ پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بکری کا بچہ خواب میں دیکھنا خیر و منفعت ہے اور اس کی بڑھائی اور چھوٹائی کے مطابق نیکی اور مال حلال بھی ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بکری کا بچہ ہے تو اسی قدر مال اور غنیمت پہنچنے کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ بکری کا بچہ مارا اور اس کو کھایا ہے لیکن گوشت کے لئے ذبح نہیں کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو فرزند کی طرف سے مصیبت پہنچے گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ بکری کے بچہ کا خواب میں دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول فرزند، دوم مال حلال، سوم معیشت، چہارم غم واندوہ۔

www.waseemziyai.com

برہنگی (ننگا ہونا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اپنے آپ کو ننگا دیکھے اور طالب دنیا ہے تو غم و اندوہ کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے تہ بند باندھا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اطاعت اور عبادت میں کوشش کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں برہنگی محنت اور رسوائی کی دلیل ہے۔ اور اگر خواب میں عورت کے کپڑے پہنے ہوئے دیکھے تو نیک مرد کے لئے نیک ہے اور بدکار کے لئے بد ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں برہنہ ہونا صالح مرد کے لئے خیر اور نیکی ہے اور مفسد کے لئے بدی اور رسوائی اور بے حرمتی ہے۔

پروانہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پروانہ کا دیکھنا مرد ضعیف اور نادان ہے کہ اپنے آپ کو نادانی سے ہلاکت میں ڈالتا ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ پروانہ اس کے پیچھے سے اڑا اور اس نے اس کو پکڑ لیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی دوشیزہ کنیز سے اس کا فرزند پیدا ہوگا۔ اور اگر خواب میں دیکھا کہ پروانہ کو مارا یا اس کے ہاتھ میں ہلاک ہوا تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند ہلاک ہوگا۔

بروت (مونچھ):

مونچھ خواب میں دیکھنا ہیبت مرد کی دلیل ہے اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کی مونچھ کسی نے قینچی سے درست کی ہے تو اس کی تاویل نیک ہے، اس کو نقصان نہ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی مونچھ آراستہ کرتے وقت جسم سے گر گئی ہے تو مرد کے نقصان ہیبت کی دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کی مونچھیں دراز ہوگئی ہیں تو یہ طاقت کی دلیل ہے۔

اور اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ کسی نے اس کی مونچھ اکھیڑ دی ہے تو دلیل ہے کہ کسی سے جھگڑا کرے گا اور اگر خواب میں دیکھا ہے کہ مونچھ سفید ہوگئی ہے تو دلیل ہے کہ ناکردنی کار سے رکے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی مونچھیں ہیں اگر لمبی ہیں تو دلیل غم واندوہ ہے اور اگر چھوٹی ہیں تو عزت وجاہ اور حصول مراد کی دلیل ہے۔

بُرج (بارہ برج):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ حمل اور اسد قوس کا دیکھنا بادشاہ کا لشکر ہے۔ اور ثور اور سنبلہ اور جدی کا دیکھنا شہزادہ ہے۔ اور جوزا اور میزان اور دلو کا دیکھنا قاضی اور بادشاہی وزراء ہیں۔ اور سرطان اور عقرب اور حوت کا دیکھنا صاحب شرط اور بادشاہ کے شراب دار کا دیدار ہے۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں برج حمل کو دیکھے تو اس کا کام باحشمت شخص سے پڑے گا اور مراد پوری ہوگی۔ اور اگر برج ثور کو دیکھے تو اس کا کام جاہل اور نادان شخص سے پڑے گا اور پورا ہوگا۔ اور اگر برج جوزا کو دیکھے تو اس کا کام رطب اللسان اور فصیح آدمی سے پڑے گا۔ اور مراد پوری ہوگی اور اگر برج سرطان کو دیکھے تو اس کا کام بے اصل شخص سے پڑے گا اور حاجت پوری ہوگی اور بزرگی اور مرتبہ پائے گا اور اگر برج سنبلہ کو دیکھے تو اس کا کام مرد کسان بے وفا سے پڑے گا اور مراد پوری نہ ہو گی۔ اور اگر برج میزان کو دیکھے تو اس کا کام قاضی سے پڑے گا اور جو وعدہ کرے گا اس کو پورا کرے گا۔ اور اگر برج عقرب کو دیکھے تو مفسد شخص یا بدکار عورت سے پالا پڑے گا۔ اور اس کو زحمت اور غم پہنچے گا۔ اور اگر برج قوس کو دیکھے تو اس کا کام سردار اور بزرگ شخص کے ساتھ پڑے گا اور اس کی ضرورت پوری ہوگی اور لوگ اس سے محبت کریں گے اور اگر برج حوت کو دیکھے تو اس کا کام مرد غریب، سادہ دل، نیک رائے، مہربان اور کم سخن سے پڑے گا اور اس کی مراد پوری ہوگی۔

پری:

تعبیر میں اختلاف ہے بعض اس کو دشمن کہتے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ بخت اور فکروں میں کارروائی ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ خواب میں پری کا دیدار دولت اور بزرگی ہے اور اس کے ہاتھ میں ہاتھ دینا اور اس سے باتیں کرنا خوشی کی دلیل ہے۔

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ پری کا خواب میں دیکھنا کہ خوش خو اور خوش اور خوبرو ہے دلیل ہے کہ عزت اور دولت پائے گا۔ اور اگر پری کو بدصورت اور غمگین دیکھے تو اس کا کام شوریدہ ہوگا۔ اور اگر پری کے ساتھ جنگ کرے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کا کام آشفتہ ہوگا۔

حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بعض پریاں مسلمان ہیں۔ خواب میں ان کا دیکھنا دوست اور بخت و دولت کا دیدار ہے۔ اور وہ جو کافر ہیں ان کا خواب میں دیکھنا دشمن اور بدبختی اور غم کا دیدار ہے۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ پریوں کے درمیان ہے تو دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا اور وہ سفر مبارک ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ پری نے اس کی گردن پکڑی ہے اور لے گئی ہے تو عزت اور مرتبہ اور بزرگی کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ پری نے اس کو گردن کے بل گرایا ہے تو اس کی دلیل ہے کہ مرتبہ اور بزرگی سے گر جائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ پریاں مہربانی سے باتیں کرتی ہیں تو اس سے یہ دلیل ہے کہ اس کا کام نیک ہوگا۔ اور اگر پری کو اچھے اور عمدہ لباس میں دیکھے تو حال نیک ہوگا اور اگر برے لباس میں دیکھے تو بدحال ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ پری نے اس کو سونے یا چاندی وغیرہ کی چیز دی ہے تو دلیل ہے کہ دولت اور اقبال زیادہ ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر پری کو بیمار یا مردہ دیکھے تو بدحالی کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے

www.waseemziyai.com

کہ پریوں کے بادشاہ نے اس پر مہربانی کی ہے تو دلیل ہے کہ دولت پائے گا اور مقرب بادشاہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ پری نے اس کو اپنا مکان بتایا ہے کبھی ظاہر ہوتی ہے اور کبھی چھپتی ہے تو دلیل ہے کہ عورت اس کے ساتھ خیانت اور مکر کرے گی۔ اور اگر دیکھے کہ پریوں کے گھر میں گیا ہے اور ان کو پہچانا ہے تو دلیل ہے کہ سفر کرے گا اور کئی شہر دیکھے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ پری کا خواب میں دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول عزیز دوست، دوم بخت و دولت، سوم مراد کا پورا ہونا، چہارم بزرگی و حشمت، پنجم جھوٹی خبر اور بے ہودہ کام۔

پرواز کردن (اڑنا):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ پرندے کی طرح جگہ بہ جگہ اڑتا ہے تو دلیل ہے کہ بلندی کے مطابق سفر کو جائے اور زمین سے اڑنا مرتبہ اور شرف کا پانا ہے۔

اور اگر دیکھے کہ سیدھا آسمان کو جاتا ہے تو یہ نقصان کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ ہوا میں اس قدر اڑتا ہے کہ آسمان پر جا پہنچتا ہے اور اس میں گم ہو گیا ہے۔ اور پھر زمین پر نہیں آیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ دنیا سے بہت جلدی رحلت کرے گا یعنی مرے گا۔

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ قبلہ کی جانب سے اڑا ہے اور پھر اپنی جگہ پر آیا ہے تو دلیل ہے کہ سفر سے جلدی واپس آئے گا اور بہت سا نفع اٹھائے گا خاص کر اگر پَر بھی رکھتا ہے اور اگر بغیر پَر کے اُڑتا ہے تو دلیل ہے کہ اپنی حالت سے پھرے گا اور اگر دیکھے کہ اپنے بالا خانے سے دوسرے بالا خانے پر اُڑا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے کر دوسری عورت کرے گا یا کنیز کو خریدے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ لگام کے ساتھ آسمان پر اُڑا ہے۔ تو حج کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ اپنے گھر سے کسی نامعلوم گھر کی طرف اُڑا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی موت قریب آئی ہے۔ اس کو چاہئے کہ گناہوں سے توبہ کرے۔ اور اگر دیکھے کہ پَر رکھتا ہے لیکن پرندوں کے پروں کے برخلاف ہیں۔ تو دلیل ہے کہ بیمار ہو کر قریب بہ ہلاکت ہوگا اور آخر کار شفاء پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ایک جگہ سے دوسری جگہ اُڑتا ہے تو دلیل ہے کہ عنقریب سفر کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اُڑنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول سفر، دوم حج، سوم بزرگی، چہارم تغیر حال، پنجم مرض الموت پناہ بخدا۔

بریاں (بھنی ہوئی چیز):

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بھنی ہوئی چیز کو دیکھنا اس امر کی دلیل ہے کہ صاحب خواب کشادہ روزی کی طلب میں ہے۔ اور پکا ہوا گوشت تاویل میں کچے گوشت سے بہتر ہے۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس نے بکری کا گوشت بھنا ہوا کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور رنج اور سختی سے حاصل ہوگا اور اگر گائے کا گوشت بھنا ہوا کھایا ہے تو دلیل ہے کہ خوف اور دہشت سے امن میں ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ بکری کا بچہ بھنا ہوا کھاتا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کو کچھ مال ملے گا۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان فرمایا ہے کہ خواب میں بکری کا بچہ بھنا ہوا کھانا لڑکے کے آنے یعنی فرزند پیدا ہونے کی دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ بھنی ہوئی سری کو کھاتا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کو کسی بزرگ سے فائدہ ملے گا اور اگر دیکھے کہ مرغ بریاں کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کی طرف سے مکر و حیلہ سے مال حاصل کرے گا اور اگر ماہی (مچھلی) بریاں کو کھائے تو دلیل ہے کہ طلب علم میں سفر کرے گا۔ اور کسی بزرگ کو ملے گا۔ اگر صاحب خواب نیک ہے۔ ورنہ رنج و غم اور اندوہ و دشمن کی دلیل ہے۔ اور ماہی بریاں تازہ شور سے بہتر ہے اور بڑی چھوٹی سے بہتر ہے اور خواب میں بریاں فروشی یعنی بھنی ہوئی چیزوں کے بیچنے والے کو دیکھنا ایسا مرد ہے کہ اس کے ذریعہ سے دوسرے لوگوں کی روزی فراخ ہوتی ہے۔

بزاز (کپڑا فروش):

خواب میں پارچہ (کپڑا) فروش کا دیکھنا بڑے خطرناک مرد کا دیکھنا ہے۔ کیونکہ کپڑے کی قیمت درہم و دینار ہے کہ لیتے اور دیتے ہیں اور درہم و دینار کی تاویل مکروہ اور خطرناک ہے، جس میں خیر نہیں ہے۔ اور اگر کپڑے کی قیمت میں سوائے درہم و دینار کے کوئی اور چیز لیں۔ تو اس چیز پر اس کی نیکی اور بدی کی تاویل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ بزازی کرتا ہے اور کپڑے کی قیمت روپیہ پیسا نہیں لیتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کو غم اور نقصان پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سامان کے عوض سامان لیتا ہے تو دلیل ہے کہ مراد حاصل ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بزاز کو دیکھنا دنیا کی زینت ہے۔

بز (بکری):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بکرا مرد ہے۔ اور بکری عورت ہے۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ نامعلوم بکرے کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بکرے کا چمڑا اُتارا ہے تو دلیل ہے کہ بہت مال ملے گا اور اس کو جمع کرے گا اور اگر دیکھے کہ اس کا گوشت کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ مال کھائے گا اور اگر دیکھے کہ اس پر بیٹھا ہے اور اس کو چلاتا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی سے مکرو

www.waseemziyai.com

حیلہ کرے گا اور جدھر چاہے گا پھرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بکرے نے اس کو پشت سے گرا دیا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب جاہ حشمت سے گرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے بکرے کے دونوں سرین توڑ ڈالے ہیں تو دلیل ہے کہ اس مرد کو عمل سے روکے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بکرے کے سرین دراز اور مضبوط ہو گئے ہیں یا شمار میں زیادہ ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ اپنے عمل اور سردار کے عمل میں قوی ہوگا اور کاموں پر کامیاب ہوگا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ بکرے کے بال زیادہ ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا مال زیادہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی پشم لی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر اپنے فرزند کا مال لے گا اور اگر خواب میں دیکھے کہ بکری پائی ہے یا کسی نے اس کو بخشی ہے تو دلیل ہے کہ عورت کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ بکری کا دودھ نکال کر پیا ہے تو دلیل ہے کہ عورت سے مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بکری کو ذبح کیا ہے اور اس کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت سے اس کی ضرورت پوری ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ بکری کو گوشت کے لئے ذبح نہیں کیا ہے تو دلیل ہے کہ عورت سے نکاح کرے گا اور اس سے فائدہ نہ دیکھے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بکری کو گھر سے باہر نکال دیا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا اور اگر دیکھے کہ بکریوں کا ریوڑ گھر میں رکھتا ہے یا کسی اور جگہ ہے اور جانتا ہے کہ اس کی ملک ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر اس کو مال اور نعمت اور غنیمت حاصل ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ بکریوں کا ریوڑ جنگل میں چراتا ہے اور جہاں چاہتا ہے لے جاتا ہے تو دلیل ہے کہ عرب یا عجم کی ولایت پر حاکم ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ بکری کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا اور جلدی شفاء پائے گا بکری کا چمڑا اور پشم اور دودھ خواب میں دیکھنا خیر اور برکت ہے اور مال ہے جو اس کو ملے گا اور اگر دیکھے کہ بکری کا بچہ اس کو کسی نے دیا ہے یا پایا ہے یا خود خریدا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے یہاں مبارک لڑکا پیدا ہوگا۔ اور اگر بکری کے بچہ کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند ہلاک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ بکری کے بچہ کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ فرزند کے مال سے کچھ کھائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ نر بکرا خواب میں لشکر کا مقدمہ ہے اور اگر بکرا پایا اور اس پر بیٹھا تو دلیل ہے کہ یہ شخص لشکر کا سردار ہوگا اور اگر صاحب خواب عام لوگوں میں سے ہے تو دلیل ہے کہ اس کی سردار لشکر سے صحبت ہوگی اور مالدار ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ میں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے سنا ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جو کوئی خواب میں دیکھے کہ وہ بکرا خرید کر گھر کو لے گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی تنگی اور درویشی دور ہوگی اور بکری فروش

www.waseemziyai.com

کوخواب میں دیکھنا ایسے شخص کا خواب میں دیکھنا ہے کہ جو مردوں اور عورتوں کو جمع کرتا ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بکری کا دیکھنا اور کھانا اگر مزے دار اور درست ہے تو خیر اور فائدہ کی دلیل ہے اور اگر بے مزہ ہے تو غم واندوہ کی دلیل ہے۔

بزرقطونا (اسپغول):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بزرقطونا (اسپغول) دیکھنا غم واندوہ کی دلیل ہے اور اس کا کھانا کھائے ہوئے کے مطابق مال کے نقصان اور رنج کی دلیل ہے۔

بساط (فرش):

فرش کو خواب میں دیکھنا خوشی اور راجت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ فرش بچھایا اور اس پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ روزی فراخ ہوگی اور عمر دراز ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ فرش پاکیزہ اور نیا اور بڑا اور فراخ ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کی نعمت اور دولت بہت ہوگی۔ خاص کر اگر بچھا ہوا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اپنا فرش بیچا ہے یا کسی کو بخشا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے مال میں نقصان ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کا فرش جل گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس پر روزی تنگ ہوگی اور اس کا حال بد ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ فرش کا خواب میں دیکھنا اگر بڑا اور نیا ہے تو چھ وجہ پر ہے۔ اول عزت اور مرتبہ، دوم بزرگی اور رفعت، سوم عہدہ، چہارم مال، پنجم عمر دراز، ششم بزرگی کے مطابق تعریف اور اگر فرش کی قیمت لے تو تاویل اس کے خلاف ہے۔

بستر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بستر خواب میں دیکھنا عورت ہے اور اس کی نیکی اور بدن کا تعلق عورت سے ہے اور اگر خواب میں دیکھے کہ بستر کو بستر سے بدلا ہے۔ یا ایک بستر سے دوسرے بستر پر گیا ہے تو دلیل ہے کہ دوسری عورت کرے گا اور پہلی کو طلاق دے گا اور اگر دیکھے کہ بستر کی حالت بدل گئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت کی حالت بدلے گی اور اگر دیکھے کہ اس کا بستر دوسرے کا بستر ہوگیا ہے اور دوسرے کا اس کا ہوگیا ہے اس سے بہتر یا خراب دلیل ہے کہ عورت کرے گا اور پہلی کو طلاق دے گا اور اگر دیکھے کہ اپنا بستر بیچا یا لپیٹ لیا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا یا غائب ہوگی یا ان دو میں سے ایک مرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی اپنے آپ کو نامعلوم بستر پر دیکھے تو دلیل ہے کہ اسی قدر و قیمت پر اس کو نقصان پہنچے گا اور اگر دیکھے کہ اس کا بستر نامعلوم چارپائی پر بچھا ہے اور وہ اس پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ بزرگی اور نفع پائے گا اور دشمن کو مغلوب کرے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بستر خواب میں ولایت اور تن آسانی ہے، فرمان اللہ تعالیٰ ہے: متکئین علی فرش بطآ ئنها من استبرق ۔(فرشوں پر تکیہ لگانے والے جن کے اندر ریشم ہے)۔اور اگر خواب میں دیکھے کہ بستر کو گھر سے باہر ڈالا ہے اور پھر گھر میں لایا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اپنی عورت کو طلاق رجعی دے گا۔اور اگر اپنے آپ کو تین بستر یا چار بستر پر لیٹا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ بستروں کے شمار پر عورتیں کرے گا یا کنیزیں خریدے گا۔

اور اگر اپنے بستر کو گھر میں دیکھے یا گڑھے میں دیکھے کہ جہاں سے اسے باہر نہیں نکال سکتا۔اس سے دلیل ہے کہ اس کی عورت بیمار ہوگی اور اس کے رنج سے خلاصی نہ پائے گا۔

اور اگر اپنے آپ کو نرم بستر پر سویا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ سال اس پر مبارک ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ اس کا بستر پشم سے بھرا ہوا ہے کہ تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہ کوئی مالدار عورت کرے گا

اور اگر دیکھے کہ اس کا بستر پھٹ گیا ہے یا جل گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی موت اب قریب آ گئی ہے اور اس کے عیال کو دین و دیانت اور شرم نہ ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا ریشم کا بستر سوتی بستر سے بدل گیا ہے تو دلیل ہے کہ بدکار عورت کو دور کر کے نیک عورت کرے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے بستر میں چوہے نے سوراخ کر دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت کا کسی کے ساتھ نالائق معاملہ پڑے گا اور وہ خرابی پر راضی ہو جائے گی۔

اور اگر اس کا بستر ہوا میں معلق ہے تو دلیل ہے کہ اس کا بستر بلند جگہ پر بچھایا جائے گا اور اس کا شغل بالا ہو گا اور دولت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا بستر ہوا سے زمین پر گرا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت بیمار ہوگی اور آخر کار شفاء پائے گی۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر اپنا بستر سبز دیکھے تو دلیل ہے کہ دیندار اور پارسا عورت کرے گا۔

اور اگر اپنا بستر خواب میں سرخ دیکھے تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کی عورت بدخو اور ناموافق ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا بستر پرانا تھا اور نیا ہو گیا تو دلیل ہے کہ اس کی عورت بدخلق نیک خلق ہوگی۔اور اگر دیکھے کہ نیا بستر پرانا ہو گیا ہے تو اس سے دلیل یہ ہے کہ اس کی عورت نیک خلق سے بدخلق ہو جائے گی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا بستر سبز سے سرخ ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت اصلاح سے فساد کی طرف مائل ہوگی اور اگر اس کے خلاف ہے تو فساد سے اصلاح کی طرف آئے گی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا بستر سرخ سے سفید یا زرد ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت گناہ سے توبہ کرے گی اور بیمار ہوگی۔چنانچہ موت کا خوف ہوگا۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ اپنا بستر بچھا کر سرہانہ رکھا ہوا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہ عورت کرے گا یا خادم اور کنیزیں خریدے گا۔ اور اگر اپنے بستر پر سرہانے لگے ہوئے دیکھے تو خادموں پر دلیل ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **ونمارق مصفوفة** ۔ (اور قالین قطار در قطار لگائے ہوئے۔

اور اگر نامعلوم جگہ پر بستر دیکھے تو دلیل ہے کہ زمین خریدے گا اور ہل چلائے گا۔ اور اہل تعبیر بیان کرتے ہیں کہ وراثت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بستر پر سویا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ راحت اور سہولت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ہوا پر بستر بچھا کر سویا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کی وجہ سے مرتبہ اور بزرگی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا بستر پھٹا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت نابکار ہوگی۔ اہل تعبیر بیان کرتے ہیں کہ اس کی عورت مرے گی۔

اور اگر دیکھے کہ بستر کو آگ لگ گئی ہے اور وہ جل گیا ہے تو اس سے یہ دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا یا مرے گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بستر کو دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول عورت۔ دوم کنیز لونڈی۔ سوم ولایت۔ چہارم معیشت اور تن آسانی۔

پست (ستو):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ ستو کھاتا ہے، تو دلیل ہے کہ اسی قدر غم واندوہ اٹھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ستو کسی کو دیئے ہیں یا بیچے ہیں تو دلیل ہے کہ اس سے غم واندوہ دور ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس ستو ہیں اور انہیں گھر سے باہر ڈال دیا ہے یا کسی کو بخش دیئے ہیں اور ان میں سے کھائے نہیں تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہ غم سے نجات اور خلاصی پائے گا۔

بستان افروز (کوکنی، جٹادھاری):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بستان افروز کو دیکھنا شادی ہے۔ لیکن دین میں ہو گی۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ بستان افروز لی ہے۔ یا کسی نے اس کو دی ہے تو اس سے دلیل خوشی اور شادی کی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے بستان افروز کسی کو دی ہے تو اس سے دلیل ہے کہ اس کو خوش کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بستان افروز اگر کوئی شخص خواب کے اندر موسم میں دیکھے تو سرداری ہے۔

اور بعض اہل تعبیر نے کہا ہے کہ بستان افروز۔ سوداگر عورت خوش طبع۔ مالدار اور باجمال ہے۔

اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ بستان افروز کو کسی جگہ میں لگاتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی مصاحبت

www.waseemziyai.com

کسی تاجر دوست کے ساتھ ہوگی۔

اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ بستان افروز کو کسی جگہ سے اکھیڑ رہا ہے تو اس سے یہ دلیل ہے کہ صاحب خواب کسی مرد کی صحبت سے جدا ہوگا۔

پستان (چوپی):

پستان خواب میں لڑکی ہے اور جو کچھ پستان میں کمی بیشی اور صلاح اور فساد دیکھے وہ سب لڑکیوں پر وارد ہوتا ہے اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پستان سے دودھ جاری ہے تو دلیل ہے کہ اس کی لڑکی پر نعمت اور روزی فراخ ہوگی اور مال حلال پائے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ شیر (دودھ) کے عوض خون جاری ہے تو دلیل ہے کہ مال حرام پائے گی۔ اور اگر دیکھے کہ پستان اندازے سے زیادہ لٹکے ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ لڑکی آئے گی۔ اور اگر مرد دیکھے کہ اس کے پستان میں دودھ جمع ہو گیا ہے۔ اگر عورت نہیں ہے تو نکاح کرے گا اور اگر عورت رکھتا ہے تو مالدار ہو جائے گا۔ اگر یہ خواب بڑھیا دیکھے تو اس کی تنگ دستی کی دلیل ہے۔ اور اگر یہ خواب جوان عورت دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی۔ اور اگر لڑکی دیکھے تو دلیل ہے کہ بچپن میں مرے گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی مرد خواب میں دیکھے کہ کسی مرد کا پستان چوستا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ اور اگر اس کی عورت حاملہ ہے تو لڑکا جنے گی اور اگر عورت یہ خواب دیکھے کہ پستان سے دودھ پیتی ہے تو دلیل ہے کہ دنیا کا کام اس پر بستہ ہو جائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مرد کا پستان اس کی عورت ہے اور عورت کا پستان اس کی لڑکی ہے۔

اور اگر عورت دیکھے کہ اس کا پستان کٹا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی لڑکی مرے گی۔ اور اگر مرد دیکھے کہ اس کا پستان کٹا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت مرے گی۔

اور اگر عورت دیکھے کہ اس کے پستان کے نیچے ایک اور پستان نکلا ہے تو دلیل ہے کہ لڑکی جنے گی۔ اور اگر مرد دیکھے کہ اس کے دونوں پستان بڑے ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے فرزندوں کا حال بہتر ہوگا۔ یا لڑکی کی شادی کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ دونوں پستانوں سے دودھ پیتی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو غم اور ملامت حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پستان سے شیر شکم کو جاتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو نقصان ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا ایک پستان آگ میں جل گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی لڑکی کو بادشاہی کا شغل پڑے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے تمام جسم پر پستان ہی پستان ہیں تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس کے اہل اور فرزند

www.waseemziyai.com

بہت ہوں گے۔اور اگر فرزند نہیں ہے تو مال زیادہ ہوگا لیکن لوگوں سے ملامت پائے گا۔

اور اگر عورت خواب میں دیکھے کہ اس کو پستانوں سے لٹکایا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس سے حرام کا لڑکا پیدا ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پستانوں کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: فرزندان خورد۔دوم: دختران۔سوم: خادمان،نوکر۔چہارم: دوستان۔پنجم: برادران۔

پستان بند (سینہ بند، چھاتی بند):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ عورت کا خواب میں پستان دیکھنا عزت، مرتبہ اور کامرانی ہے۔اور مردوں کے لئے زخم تازیانہ (چابک کا زخم) اور غم واندیشہ ہے۔اور اگر عورت دیکھے کہ چھاتی بند نیا اور تازہ رکھتی ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ عزت مرتبہ اور مراد پائے گی۔

اور اگر عورت دیکھے کہ چھاتی بند رکھتی ہے تو دلیل ہے کہ مال ونعمت پائے گی اور خوش رہے گی۔اور اگر مرد دیکھے کہ چھاتی بند رکھتا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ برابر والوں سے رسوائی اور نامرادی دیکھے گا۔

پشت (پیٹھ، کمر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پشت دیکھنی مردانگی اور قوت اور پناہ اور مدد طلب کرنی ہے۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کی کمر ٹوٹ گئی ہے تو دلیل ہے کہ جو شخص اس کا پشت پناہ تھا، دنیا سے رحلت کرے گا۔اور اگر دیکھے کہ اس کی پشت پر زخم پہنچا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے معاون اور مددگار کو رنج اور آفت پہنچے گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ پشت کے مہرے قوت اور فرزند ہیں اور جو صلاح اور فساد کمر کے مہروں میں ہے۔اس کی تاویل خواب دیکھنے والے کے فرزند ہیں۔اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کی پشت سخت اور قوی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند جسم کا قوی اور عاقل ودانا ہوگا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ کوئی چیز پشت پر لی ہے تو دلیل ہے کہ مردے کے لوگوں سے اس کو محنت ملے گی اور اگر دیکھے کہ اس کی پشت مڑ گئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا حال بد ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دشمن کی پشت دیکھنا دشمن کے شر سے امن ہے اور عورت کی پشت دیکھنا دنیا کے پھرنے کی دلیل ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پشت کو دیکھنا برادر ہے۔اگر دیکھے کہ پشت ٹوٹ گئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا بھائی مرے گا۔اور اگر دیکھے کہ اس کی پشت درد کرتی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بھائی یا بزرگ کی طرف سے غم واندوہ پہنچے گا۔

www.waseemziyai.com

اور اگر خواب میں دیکھے کہ کسی وجہ سے اس کی پشت پر داغ لگا ہے تو یہ دین اور دنیا کی صلاح کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ پشت دیوار کی طرف لگائی ہے تو دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا اور مال و دولت حاصل کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پشت کا دیکھنا بارہ وجہ پر ہے:

اول: قوت۔ دوم: برادری۔ سوم: دوست۔ چہارم: بادشاہ۔ پنجم: وزیر۔ ششم: حجت۔ ہفتم: باپ۔ ہشتم: بھائی۔ نہم: لڑکا۔ دہم: مال و دولت۔ یازدہم: مدد دینا۔ دوازدہم: دادا۔

اور اہلِ تعبیر بیان کرتے ہیں کہ کافروں کے لیے پشت کا دیکھنا ایمان ہے اور بدکاروں کے لیے توبہ ہے اور منافق کے لیے اخلاص ہے۔

پشتہ (ڈھیر، ٹیلہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ وہ جنگل کے پشتہ یا پہاڑ پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ ایسے بزرگ مرد سے شرف اور مرتبہ پائے گا جس کا شرف اور مرتبہ بقدر اس زمین کے ہے کہ جو اس پہاڑ کے آس پاس ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس پشتہ پر کھڑا ہے تو دلیل ہے کہ ایسے مرد کے نزدیک جائے گا جس سے مال اور عزت پائے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ وہ پشتہ (ٹیلہ) اس کی ملک اور جگہ ہے تو دلیل ہے کہ کوئی بڑا آدمی اس کو مغلوب کرے گا اور اس کا مال اور نعمت لے کر اس کی جگہ مقیم ہو جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس پشتہ کا کچھ حصہ اس کی ملک ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر نعمت اور بزرگی پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ پشتہ سے نیچے گرا ہے یا اس کو کسی نے گرا دیا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بزرگ مرد سے بے عزت ہوگا۔ اور نقصان دیکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس پشتے (ٹیلہ) پر مشکل اور تکلیف سے گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو غم واندوہ پہنچے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پشتہ (ٹیلہ) دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: بلندی۔ دوم: مال۔ سوم: قوت۔ چہارم: تنومندی۔

پشم (اُون):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پشم کا دیکھنا سب وجہ سے مال حلال اور روزی ہے۔ اور جو پشم بٹی ہوئی نہیں ہے، بہتر اور عمدہ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ پشم اس کے پاس ہے یا کسی نے اس کو دی ہے یا خریدی ہے۔ یا اپنی جگہ پر لے گیا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر اس کو مال ملے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: ومن اصوافها و اوبارها و اشعارها اثاثاً وّمتاعًا الٰی حین ۔ (ان کے صوف اور اون اور بالوں سے سامان ہے اور ایک وقت تک فائدہ ہے)۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ اپنے سے پشم کو دور ڈالتا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے مال کو ضائع کرے گا اور اگر دیکھے کہ پشم کو جلاتا ہے تو دلیل ہے کہ اپنا مال تباہ کرے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے جسم پر پشم کا جامہ ہے تو دلیل ہے کہ اس کو عورتوں سے مال ملے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پشم کو جلاتا ہے کپڑا خریدا ہے یا اس کے پاس پشم کا بستر ہے تو دلیل ہے کہ مالدار عورت کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اونٹ کی پشم مال ہے کہ بادشاہ کی طرف سے ملے گا اور اہل تعبیر کہتے ہیں کہ وراثت کا مال ہے۔

پشہ (مچھر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مچھر کا خواب میں دیکھنا ایک ذلیل اور خوار اور نکما آدمی ہے کہ تھوڑا اور ذلیل کام کرتا ہے۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ مچھر سے جنگ کرتا ہے تو دلیل ہے کہ کمزور آدمی سے جھگڑا اور تنازعہ کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ مچھر کو نگل گیا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ ذلیل آدمی کے ساتھ ذلیل کام میں مشغول ہو گا اور اس سے اس کو تھوڑی چیز ملے گی۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ بہت سے مچھر اس کے جسم پر جمع ہو کر اس کو کاٹتے ہیں تو دلیل ہے کہ عام لوگوں کی زبان پر چڑھے گا اور ان سے نقصان ہو گا۔ بلکہ اس کو ضرر اور سخت نقصان پہنچے گا۔ کیونکہ مچھر آدمی کا خون چوستا ہے۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ مچھر اس کے کان یا ناک میں گھس گیا ہے اور اس سے اس نے تکلیف پائی ہے تو اس سے یہ دلیل ہے کہ اس کو کسی کمزور آدمی سے رنج اور دکھ ضرور پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ بہت سے مچھر اس کے گھر میں آئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو غم واندوہ حاصل ہو گا۔ اور دیکھے کہ مچھروں نے غلبہ کیا ہے اور اس کے گھر میں جمع ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ کسی کمزور دشمن پر فتح پائے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ مچھر اس کی ناک میں گھس گیا ہے اور باہر نہیں نکلا ہے تو دلیل ہے کہ محنت اور بلا میں گرفتار ہو گا۔

بط (بطخ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بطخ دیکھنا مال اور نعمت کی دلیل ہے۔ خاص کر اگر اپنے گھر اور اپنی ملک کو دیکھے تو اسی قدر پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بہت سی بطخیں اس کے یا کوچہ میں جمع ہوئی ہیں اور بولتی ہیں۔ تو دلیل ہے کہ اس موضع (گاؤں) میں مصیبت و آفت پڑے گی۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ بطخیں اس سے باتیں کرتی ہیں تو دلیل ہے کہ مالدار عورت کے باعث سفر کرے گا اور اس میں عزت اور فائدہ پائے گا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بطخ دیکھنا اہل بیت میں سے ایک بزرگ مرد مال اور حشمت والا ہوتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس سے کچھ پایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی صفت کے آدمی سے کچھ پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سفید بطخ دیکھنا مال ہوتا ہے یا مالدار عورت ہوتی ہے۔ اور سیاہ بطخ خواب میں دیکھنا کنیز ہے۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ بطخ کو مارا اور اس کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کا مال وراثت میں پائے گا اور ضائع کرے گا۔

بغل (کچھ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بغل کا دیکھنا ملامت اور بدی ہے جو اس کو پہنچے گی۔ اور بغل کے بالوں کو خواب میں دیکھنا مراد کے پانے اور دشمن پر غالب ہونے کی دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کی بغل سے بدبو آتی ہے تو اس سے مراد اس امر کی دلیل ہے کہ صاحب خواب مال حرام پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کی بغل سے نہایت خوشبو آتی ہے تو دلیل ہے کہ مال حرام پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بغل کے نیچے ہاتھوں کو رکھتا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن کو مغلوب کرے گا اور مال حاصل کرے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: واضمم يدك الى جناحك تخرج بيضآء۔ (اپنا ہاتھ پہلو کے ساتھ ملا۔ سفید نکلے گا)۔

اور بعض اہل تعبیر بیان کرتے ہیں کہ مروت اور جوان مردی کے اٹھانے کی دلیل ہے اور اگر کوئی دیکھے کہ اس کی بغل میں کوئی نقصان نہیں ہے تو دلیل نامرادی اور دشمن پر غلبہ کی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی بغل سے بدبو آتی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو مشکل سے مال ملے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بغل کے نیچے پسینہ جاری ہے تو دلیل ہے کہ اس پسینہ کے اندازے پر مال کو نقصان ہوگا۔

بقالی کردن (دکانداری):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دکان کرنی کاموں میں کوشش اور معیشت کے لئے چیزوں کا حاصل کرنا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ دکان کرتا ہے تو دلیل ہے کہ کاروبار اور کسب میں مشغول ہوگا۔ اور جو کچھ کہ رکھتا ہے اسی قدر متاع دنیا حاصل کرے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ دکان کے سامان کو روپیہ پیسہ سے بیچتا ہے تو غم و اندوہ کی دلیل ہے کیونکہ روپیہ پیسہ کی تاویل غم واندوہ ہوتی ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دکان کرنی تین وجہ پر ہے۔ اول: کسب کرنا۔ دوم: نفع پانا۔ سوم: غم واندوہ اگر دیکھے کہ سامان کو روپیہ پیسہ کے عوض فروخت کرتا ہے۔

بلانگینی (غلیل وغیرہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بلانگینی ہاتھ میں رکھنا دلیل ہے کہ اس کو کسی سے مدد اور قوت نہ ہوگی۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ بلانگینی نرم چوب سے ڈھونڈی ہے تو اس کی تاویل اوپر بیان کئے گئے کے خلاف ہے۔

پلاس (ٹاٹ، موٹا کپڑا):

خواب میں پلاس کا دیکھنا مصلح، درویش، پارسا جس کے قول وفعل دینداری کے ہوں با امانت مرد ہے۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے پلاس پہنا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو پارسا مرد سے صحبت کا اتفاق ہوگا اور اس آخرت کی خیر ومنفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سا پلاس ہے تو اس کو اسی قدر مال اور نعمت حاصل ہوگی۔

اور اہل تعبیر بیان کرتے ہیں کہ پلاس مال حلال ہے اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس نیا پلاس ہے تو دلیل ہے کہ پارسا اور مالدار عورت کرے گا اس سے خیر ومنفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نیا پلاس خریدا ہے تو دلیل ہے کہ پارسا کنیز خریدے گا اور اس سے خیر ومنفعت حاصل کرے گا۔

بلبل دیدن (بلبل دیکھنا):

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بلبل کا دیکھنا فرزند خرد اور غلام ہے اور خواب میں اس کی آواز کلام خوش کن سخن لطیف ہے۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ بلبل اڑ گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند یا غلام ضائع ہوگا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ بلبل اس کے ہاتھ میں مر گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند یا غلام مرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے بلبل ہیں تو دلیل ہے کہ اسی قدر غلام خریدے گا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ بلبلیں ماریں ہیں اور ان کا گوشت خریدا ہے تو دلیل ہے کہ وراثت میں اس کو بہت سے غلام ملیں گے۔

بلبلہ (صراحی):

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بلبلہ دیکھنا کنیز ہے۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بلبلہ اس کی عورت ہے۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ بلبلا خریدا یا کسی نے اس کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ کنیز خریدے گا یا عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بلبلہ میں سے پانی پیتا ہے تو دلیل ہے کہ عورت سے جماع کرے گا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ بلبلہ ٹوٹ گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت یا کنیز مرے گی۔

حکایت:

حضرت ابوخلدہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے، انہوں نے فرمایا کہ میں حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر تھا کہ ان کے پاس ایک شخص آیا اور بیان کرنے لگا کہ میں نے ایک خواب دیکھا ہے کہ میں بلبلہ سے پانی پیتا ہوں اور اس کے دو دروازے ہیں ایک سے شیریں پانی پیتا ہوں اور دوسرے سے کڑوا پانی پیتا ہوں۔ آپ نے اس کی تعبیر میں ارشاد فرمایا کہ تیرے پاس عورت اس کی بہن دونوں ہیں اور تو دونوں سے جماع کرتا ہے۔ توبہ کر اور خدا سے ڈر۔ اس شخص نے عرض کیا کہ آپکا فرمان بجا ہے۔ میں نے توبہ کی اور خدا تعالیٰ کی طرف رجوع کیا۔

بلغم دیدن (بلغم دیکھنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بلغم کو خواب میں دیکھنا مال ہے کہ اس کی درستی میں مال کو خرچ کرتا ہے۔ اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ بلغم کو جگہ بہ جگہ ڈالتا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ گلے سے بلغم پاکیزہ جگہ پر ڈالی ہے تو دلیل ہے کہ درست جگہ پر مال خرچ کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر بیمار دیکھے کہ اس نے بلغم ڈالی ہے تو دلیل ہے کہ بیماری سے شفاء پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سیاہ بلغم ڈالی ہے تو غم واندوہ کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بلغم خون آلود ہے تو دلیل ہے کہ اس کے مال کا کچھ نقصان ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ بلغم اپنے گھر کے اندر ڈالی ہے تو دلیل ہے کہ بیگانوں پر مال خرچ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بلغم مسجد میں ڈالی ہے تو دلیل ہے کہ مال فساد کے طور پر بیگانوں پر خرچ کرے گا۔

برگ (پتا درخت):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں درخت کے پتوں کا دیکھنا درخت کے مطابق اس کے اخلاق پر دلیل ہے۔ خاص کر اگر موسم میں دیکھے۔ اور اگر دیکھے کہ درخت کے سبز پتوں کی مٹھی لی ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب خوش خلق اور نیک ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ درخت سے تازے پتے لئے ہیں تو دلیل ہے کہ اسی قدر اس کو درہم ملیں گے۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ان درختوں کے پتوں کا دیکھنا جن کا میوہ شیریں ہے نیک خلق ہونے کی دلیل ہے اور ترش میوہ والے درختوں کے پتوں کو خواب میں دیکھنا بُرے خلق ہونے کی دلیل ہے اور ان درختوں کے پتے کہ جن کو پھل نہیں لگتا ہے۔ درم و دینار پر دلیل ہیں۔

اور اہل تعبیر بیان کرتے ہیں کہ میوہ دار درختوں کے پتے خواب میں دیکھنے درہم و دینار ملنے پر دلیل ہے۔

پلنگ (چیتا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چیتا قوی اور مضبوط دشمن ہوتا ہے اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ چیتے کے ساتھ جنگ کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے دشمن کے ساتھ جھگڑا کرے گا اور دشمن کو غلبہ اور فتح ہوگی۔ یعنی اگر چیتا اس پر غالب رہا تو دشمن غالب ہوگا اور اگر وہ چیتے پر غالب آیا تو وہ دشمن پر فتح یاب ہوگا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ چیتے کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ جنگ اور جھگڑوں میں پڑے گا۔ لیکن آخر کار فتح یاب ہوگا اور شرف و بزرگی حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ چیتے پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبہ پائے گا اور دشمن کو مغلوب کرے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ چیتے کے ساتھ جنگ کرتا ہے اور ایک دوسرے پر کوئی بھی غالب نہیں آیا تو اس امر کی دلیل ہے کہ بادشاہ سے اس کو بڑا خوف پہنچے گا یا سخت بیماری پائے گا اور اس کے بعد شفاء ہوگی۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ شیر چیتے کو کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو دشمن سے خوف پہنچے گا اور نتیجہ امن ہوگا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ چیتے کا چمڑا یا ہڈی یا بال اس نے لئے ہیں۔ یا کسی نے اس کو دیئے ہیں تو دلیل ہے کہ اسی قدر دشمن کا مال پائے گا۔ اور اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ چیتے کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ اسلام سے منہ پھیرے گا اور اس کو کچھ خیر نہ ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چیتے کو دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: قوی دشمن۔ دوم: دشمن سے مال پانا۔ سوم: بادشاہ کا خوف۔

بلور (شیشے کی مانند صاف شفاف پتھر):

بلور خواب میں بے اصل عورت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بلور ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ بے اصل عورت کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بلور ہے یا ضائع ہوگیا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا یا اس سے اس کی عورت خود غائب ہو جائے گی۔

اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس بہت سا بلور ہے تو دلیل ہے کہ اس کو عورتوں کی وجہ سے

www.waseemziyai.com

مال حاصل ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ بلور بیچتا ہے، بعض میں سوراخ ہیں اور بعض میں سوراخ نہیں ہیں۔ تو اس امر کی دلیل ہے کہ بیوہ عورتوں اور بے اصل کنواری لڑکیوں کی دلالی کرے گا۔

بلوط:

بلوط ایک پہاڑی درخت ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بلوط دیکھنا حلال کی روزی ہے، جس قدر کہ کھایا جائے۔ اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے گھر میں بلوط کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس سال میں بہت سا مال اور نعمت حاصل کرے گا اگر جانے کہ وہ بلوط اس کی ملک ہے اور اگر بلوط اوروں کے گھر میں ہے تو دلیل ہے کہ لوگ اس کے پاس اپنے مال بطور امانت رکھیں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بلوط کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: روزیٔ حلال۔ دوم: منفعت۔ سوم: نیک معاش۔

پلتہ (فلیتہ):

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پلتہ روشن کیا ہوا حاکم ہے کہ لوگ اس کے گرداگرد ہوں گے اور اس کی خدمت کریں گے۔ اور اگر پلتہ روشن نہیں ہے تو اس کی تاویل پہلے کے خلاف ہے۔

بنا گوش (کان کی لو):

بنا گوش یعنی کان کی لو کو خواب میں دیکھنا خوش رو یعنی خوب صورت اور مبارک لڑکا ہے اور دو بنا گوش کو دیکھنا دو لڑکے ہیں۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کان کی لو کو دیکھنا قدر اور مرتبے کی دلیل ہے اور بنا گوش کے دیکھنے میں کمی اور زیادتی صاحب خواب کے قدر اور مرتبے کی دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کان کی لو کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: پسر خوب رو یعنی خوبصورت لڑکا۔ دوم: قدر اور مرتبہ۔ سوم: درستی دین۔ چہارم: فرزند کے باعث منفعت۔

پنبہ (روئی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جس قدر کہ روئی کسی نے دیکھی ہے۔ اسی قدر مال حلال ہے۔ اور خواب میں بنولے دیکھنے بھی مال و دولت پر دلیل ہے کہ جو صاحب کو آسانی کے ساتھ بغیر رنج اور محنت کے حاصل ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں روئی کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: مال حلال۔

www.waseemziyai.com

دوم: منفعت یعنی فائدہ۔ سوم: ستر کا ہونا یعنی پردہ کا ہونا۔

پنبہ دانا (بنولہ):

حضرت سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بنولہ جھگڑالو اور بے ہودہ شخص ہوتا ہے۔

بخشک (چڑیا):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں چڑیا کو دیکھنا باقدر و مرتبہ مرد ہے۔ اگرچہ پارسا ہو یا نہ ہو۔ اگر دیکھے کہ اس کو دام اور حیلے سے پکڑا ہے تو دلیل ہے کہ بے قدر آدمی کے ساتھ مکر و حیلہ کرے گا۔ اور اس کو مغلوب کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ چڑیا کو پکڑا ہے تو دلیل ہے کہ باقدر عورت اس پر کامیاب ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس مرد کا مال گوشت کھائے ہوئے اندازے پر اس کو ملے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چڑیا کو اس کے گھونسلے سے نکالا تو دلیل ہے کہ اس کو رنج اور ملامت حاصل ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس نے چڑیا کے بچے شکار کئے ہیں اور ان کی گردنیں توڑ کر جھول میں رکھے ہیں تو دلیل ہے کہ بچوں کا معلم بنے گا اور ان کے جسموں میں چھڑیاں سزا کے لئے لگایا کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ سرخ چڑیا کا شکار کیا ہے تو دلیل ہے کہ خوبصورت عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ زرد چڑیا پکڑی ہے تو اس سے یہ دلیل ہے کہ بیمار سی زرد عورت کرے گا۔

اور اہل تعبیر بیان کرتے ہیں کہ خواب میں چڑیا پانا فرزند یا غلام ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس اندھی چڑیا ہے تو دلیل ہے کہ بدآدمی حریص کے ساتھ محبت کرے گا۔

اور کہتے ہیں کہ خواب میں چڑیا کا پانا درویش آدمی کے لئے چھ درہم ہیں اور تونگر شخص کے لئے چھ ہزار درہم ہیں، جو پائیں گے۔

اور خواب میں چڑیا کا گھونسلا دیکھنا خیر و خرمی اور امن کی دلیل ہے۔ اور اگر یہ دیکھے کہ چڑیا کے بچوں کو گھر سے باہر نکالا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے حلال اور حرام کے فرزند ہوں گے۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ چڑیا آواز کرتی ہے اور اس کی آواز کو سنا ہے تو دلیل ہے کہ تعجب انگیز باتیں سنے گا۔

اور اہل تعبیر بیان کرتے ہیں کہ خواب میں چڑیوں کی آواز تسبیح ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو بہت سی چڑیاں حاصل ہوئی ہیں تو اس امر کی دلیل ہے کہ کسی قوم کی سرداری کرے گا اور بہت سا مال پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اگر کوئی شخص ایک چڑیا دیکھے تو فرزند ہے۔ اور اگر

www.waseemziyai.com

دیکھے کہ بہت سی چڑیاں بولتی ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو شور کرنے والے لوگوں سے کام پڑے گا۔

اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ چڑیا کو منہ میں رکھ کر نگل گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہوگا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو کسی نے بہت سی چڑیاں بخشی ہیں تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ چڑیا کو مارا یا اس کے ہاتھ میں مرگئی۔ تو دلیل ہے کہ اس کو نقصان پہنچے گا اور فرزند مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چڑیا کا گھونسلا لیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند جنگل میں پیدا ہوگا اور بزرگ جسم کا ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ چڑیا کا خواب میں دیکھنا نو وجہ پر ہے۔

اول: بادشاہ۔ دوم: مال۔ سوم: مرد بزرگ۔ چہارم: خوبصورت غلام۔ پنجم: قاضی۔ ششم: سوداگر۔ ہفتم: ڈاکو آدمی۔ ہشتم: جھگڑالو آدمی۔ نہم: جماع کے لئے حریص شخص۔

حکایت:

حضرت ابوخلدہ رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کہ میں ایک دفعہ حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر تھا کہ ایک شخص آ گیا اور اس نے اپنا خواب بیان کیا کہ میں نے دیکھا ہے کہ میری آستین میں بہت سی چڑیاں ہیں اور میں ان میں سے ایک ایک کو نکال کر ذبح کرتا ہوں اور کلمۂ شہادت پڑھتا ہوں اور ان کو کنویں میں ڈالتا جاتا ہوں اس خواب کی تعبیر کیا ہے؟

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے دریافت کیا کہ تمہارا گھر کہاں ہے؟ اس نے جواب میں کہا کہ فلاں محلّہ اور فلاں کوچہ میں ہے۔ آپ نے فرمایا کہ ایک گھنٹہ بیٹھ۔ یہاں تک کہ میں واپس آؤں۔ پھر آپ اٹھے اور بادشاہ وقت کے پاس گئے اور اس کو سب حال بتایا۔ کہ ایک شخص لوگوں کو ایذا کے درپے ہے۔ پھر آپ بادشاہ کے سپاہیوں کو اس کے گھر میں لائے اور اس کے گھر کی تلاشی لی۔ دیکھا کہ پچاس آدمیوں کو مار کر کنوئیں میں ڈالے ہوئے ہیں۔ معلوم ہوا کہ وہ شخص لوگوں کو حیلہ کے ساتھ گھر لے جاتا ہے اور ان کا مال لے کر ان کو مار کر گھر میں کنوئیں کے اندر ڈال دیتا ہے۔ بادشاہ نے فرمایا کہ اس شخص کو قصاص میں مارا جائے۔ اور لوگ اس خواب کی تعبیر سے نہایت متعجب ہوئے۔

خواب میں چڑیا کی تعبیر چھوٹا بچہ ہے۔ اس کی نیک اور بد تاویل چھوٹے بچے پر واقع ہوتی ہے۔

پند دادن (نصیحت دینا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ کسی نیک آدمی کو نصیحت کرتا ہے جس میں کہ دین اور اس کی آخرت کی نجات ہے تو بشارت پر دلیل ہے کہ اس میں دین اور دنیا کی خیر ہے اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دین اور دنیا کی فساد و تباہی کی دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کسی کو نصیحت کرنا کہ جس میں اس کے دین کی اصلاح ہے، نیک ہے اور نصیحت دینے والا فرشتہ مقرب ہے کہ صاحب خواب کو خیرات کی بشارت دیتا ہے جو اس کو حاصل ہوگی تا کہ وہ شکریہ ادا کرے۔

اور ایسی نصیحت کہ جس سے دین کا فساد ہے ایسا ناصح شیطان رجیم ہوتا ہے اور وہ اس کو فساد اور تباہی کی خبر دیتا ہے۔ ایسے موقع پر توبہ اور خدا تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا چاہئے تا کہ اس کے شر اور فساد سے خدا تعالیٰ حفاظت کرے اور عذاب اللہ تعالیٰ سے نجات ہو۔

بند نہادن (بیڑی، ہتھکڑی رکھنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب کے اندر پاؤں میں بیڑی دیکھنا دلیل ہے کہ اس کے دین میں خلل ہے اور وہ اسلام کا جھوٹا مدعی ہے اور بخیل ہے کہ کسی سے اس کو کچھ مفاد نہیں ہے۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اگر نیک آدمی اپنے ہاتھ میں ہتھکڑی دیکھے تو دلیل ہے کہ برے اور ناسازگار افعال سے ہاتھ روکے گا۔ اور اگر بند و بست لکڑی کا دیکھے تو جو کچھ بیان کیا ہے کمتر اور آسان ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی گردن میں لکڑی کی بند دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے ذمے امانت ہے جس کو ادا نہیں کیا ہے۔ اور اگر لکڑی کا بند اپنے پاؤں میں دیکھے تو دلیل ہے کہ طاعت حق سے رکے گا اور اگر سفر میں ہے تو سلامتی سے واپس آئے گا۔

اور اگر گردن میں چاندی کا بند دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت کے باعث رنج اور زحمت ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اسکا بند سونے کا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو رنج و زحمت مال کے باعث ہوگی۔

اور اگر تانبے کا بند دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے رنج کا باعث کسب اور معیشت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے بند کو توڑ دیا ہے تو اس کے دین میں خلل کا باعث ہے۔ خاص کر اگر ہاتھ کا بند توڑا ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاؤں سے کسی نے بیڑی نکالی ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کی نوکری سے خلاصی پائے گا۔

اور اگر اپنے پاؤں میں بیڑی دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی صحبت کسی منافق آدمی سے ہوگی اور اگر اپنے پاؤں کو رسی سے بندھا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو کسی سے فائدہ ہوگا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی امیر دیکھے کہ اس کے پاؤں میں بیڑی پڑی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اپنی ولایت سے سفر کو جائے گا اور اسی میں رہے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے دونوں پاؤں میں بیڑیاں پڑی ہوئی ہیں تو دلیل ہے کہ ولایت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ پاؤں میں چار بند ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے چار لڑکے ہوں گے اور اگر دیکھے کہ اس کے پاؤں سے بیڑی نکالی ہے تو دلیل ہے کہ غموں سے نجات پائے گا۔ اور اگر امیر دیکھے کہ اس کا پاؤں بند اور

www.waseemziyai.com

زنجیر میں ہے تو دلیل ہے کہ اس کو عیسائیوں سے نفع ہوگا۔

اور بعض اہلِ تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کا کام آسان ہوگا اور اگر دیکھے اس کا بند چاندی کا ہے تو دلیل ہے کہ عورت سے نکاح کرے گا یا کسی عورت پر عاشق ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کا بند سونے کا ہے تو دلیل ہے سفر کو جائے گا اور بیمار ہوگا اور اگر لوہے کا بند دیکھے تو دلیل ہے کہ دور کا سفر کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بند دین کی ثابتی ہے۔ کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:

احب القید فی النوم ولا احب الغل لان القید ثبات فی الدین ۔(میں خواب میں پاؤں کے بند کو پسند کرتا ہوں اور گردن کے بند کو پسند نہیں کرتا ہوں۔ کیونکہ پاؤں کا بند دین میں ثابت قدمی ہے)۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بند کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: کفر دوم: نفاق۔ سوم: بخل۔ چہارم: ہاتھ کے گناہ سے رکنا۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب کے اندر ہاتھ میں بند دیکھنا اس امر کی دلیل ہے کہ ظالم بادشاہ کا ہاتھ ظلم سے رکے گا۔

بندہ (غلام):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جو کوئی نابالغ غلام کو دیکھے کہ وہ بالغ ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ آزاد ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے غلام کو آزاد کر دیا ہے تو دلیل ہے کہ جلدی دنیا سے جائے گا۔

اور اگر غلام دیکھے کہ آقا کو اس نے فروخت کیا ہے تو دلیل ہے کہ محتاج اور غمناک ہوگا۔ اور اگر آقا دیکھے کہ غلام کو بیچا ہے تو دلیل ہے کہ خوش ہوگا۔

بنفشہ:

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں موسم پر بنفشہ کا دیکھنا دلیل ہے کہ عورت یا کنیز سے اس کو کچھ ملے گا یا لڑکا ہوگا۔ اور اگر اس کو اپنے درخت سے جدا دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ شخص غم واندوہ اٹھائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر عورت دیکھے کہ بنفشہ اکھاڑا ہے اور اپنے شوہر کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ شوہر اسے طلاق دے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے بنفشہ کا دستہ دیا ہے تو دلیل ہے کہ ان میں جدائی پڑے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بنفشہ کا درخت بدخو اور ناسازگار کنیز ہے۔

بنیاد نہادن (بنیاد رکھنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے نئی بنیاد رکھی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر خاص وعام فائدہ دیکھے گا۔ اور اگر نامعلوم جگہ پر رکھی ہوئی بنیاد پر بنیاد رکھی ہے اور معلوم نہیں ہے کہ کس

www.waseemziyai.com

کی ملک ہے تو دلیل ہے کہ دین و دنیا کا کام بے فائدہ رہے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بنیاد کو زمین پر اور اپنی ملک میں رکھا ہے تو دلیل ہے کہ حلال روزی کا فائدہ اٹھائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ بنیاد پکی اینٹ اور چونے کی رکھی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو مال حرام ملے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کچی اینٹ کی بنیاد رکھی ہے تو دلیل ہے کہ دین کے کام میں اس کا مرتبہ بلند ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ پختہ اینٹ کی بنیاد رکھی ہے اور نکالی ہے تو دلیل ہے کہ دنیا کے کاموں میں مصروف ہوگا۔

اور اگر صاحب خواب بنیاد رکھتا ہے اور مزدوری لیتا ہے تو دلیل ہے کہ نفع پائے گا اور اگر دیکھے کہ پختہ اینٹ کی بنیاد رکھی ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے فائدہ حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بنیاد پکی اینٹ اور گارے سے بنا کر اونچا کیا ہے تو دلیل ہے کہ عام لوگوں سے فائدہ حاصل کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس نے شہر بنایا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کی جماعت کو اپنی پناہ گاہ میں لے گا۔ اور اگر دیکھے کہ قلعہ بنایا ہے تو دلیل ہے کہ دشمنوں کی شرارت سے امن میں رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ محل بنایا ہے تو دلیل ہے کہ دنیا کے کام میں مشغول ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ مکان بنایا ہے اور اس میں بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ فائدہ کی چیز دیکھے گا۔

اور اگر دیکھے کہ مسجد بنائی ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کو اصلاح کے کام میں لائے گا اور اگر دیکھے کہ منیارے کی بنیاد رکھی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا نام خیرات میں ظاہر ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ نقش دار چیز بنائی ہے تو دلیل ہے کہ عورت کرے گا اور اگر دیکھے کہ حمام بنایا ہے تو دلیل ہے کہ رنج و غم میں پڑے گا۔

اور اگر دیکھے کہ باغ بنایا ہے تو دلیل ہے کہ پارسا اور دولت مند عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ گورستان بنایا ہے کہ آخرت کے کام میں مشغول ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ قبہ بنایا ہے کہ قدر و منزلت کی تلاش کرے گا اور اگر دیکھے کہ تیار کر لی ہے تو دلیل ہے کہ دنیا اور دین کا کام پورا کرے گا اور اگر اسے نا تمام چھوڑے تو اس کے کام نا تمام رہیں گے۔

پنیر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ پنیر خواب میں اگر خشک ہے تو تھوڑا مال ہے جو سفر سے حاصل ہوگا۔ پنیر تر بہت سا مال ہوتا ہے جو کہ سفر میں ہاتھ لگے۔ حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ پنیر تر مال اور نعمت ہے، جو آسانی سے حاصل ہوگا اور خشک پنیر تھوڑا مال ہے جو سفر سے حاصل ہوگا۔ اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ پنیر روٹی سے کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو سفر میں تھوڑا مال غم اور اندوہ سے حاصل ہوگا۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کو تکلیف پہنچے گی۔ جس سے بہت جلدی خلاصی پائے گا۔

www.waseemziyai.com

بہی:

بہی پھل ہے جس کا تخم بہیدانہ ہے۔خواب کے اندر بہی کی تاویل میں استادان فن کا اختلاف ہے۔بعض نے فرمایا ہے کہ بزرگ اور سردار ملے گا جس سے خیر ومنفعت پائے گا اور نیک تعریف سنے گا۔اور بعض نے فرمایا ہے کہ بہی کا دیکھنا فرزند ہے۔اور بعض نے فرمایا ہے کہ بیماری ہے۔اور جنہوں نے اس کی تاویل بیماری بتائی ہے اس طرح کہتے ہیں کہ اس کا زرد رنگ بیماری کی دلیل ہے اور جو کہتے ہیں کہ سفر دراز جسمانی رنج کے ساتھ ہوگا۔ان کی دلیل یہ ہے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے حضرت آدم علیہ السلام کو بہشت سے نکلنے کے وقت بہی دی تھی۔لہٰذا سفر دراز اور رنج واندوہ وغم کا حکم رکھتی ہے۔کیونکہ آدم علیہ السلام کا بہشت سے دنیا کی طرف طرح طرح کے غم واندوہ کے ساتھ تھا جوان کو حاصل ہوا۔

اور جنہوں نے بہی کی تاویل فرزند سے کی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام دنیا میں آئے تو بہی کے کھانے سے آپ کی منی زیادہ ہوئی۔لہٰذا اس قدر اولاد وجود میں آئی۔

اور جن لوگوں نے کہا ہے کہ بزرگ سردار سے نیک تعریف اور خیر ومنفعت پائے گا۔ان کی دلیل یہ ہے کہ بہی دینے والے حضرت جبرائیل علیہ السلام تھے اور اس کے لینے والے حضرت آدم علیہ السلام تھے۔لہٰذا تعریف نیک اور نفع بھی پایا اور استادوں نے ہر ایک خواب کی تعبیر یونہی سرسری نہیں بیان کی ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں موسم پر سبز بہی کا دیکھنا تاویل میں فرزند ہے اور اگر بے وقت اور زرد دیکھے تو بیماری ہے۔

بہار:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بہار کی تاویل وقت بہار میں بادشاہ ہے۔اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ فصل بہار ہے اور ہوا غیر معتدل ہے کہ سرد ہے یا گرم ہے اور لوگوں کو ضرور نقصان پہنچ رہا ہے۔تو دلیل ہے کہ ملک والوں کو بادشاہ سے رنج اور ضرر پہنچے گا اور وہ بھی دیکھے گا۔اور اگر خواب میں دیکھے کہ ہوا معتدل ہے اور گل وشگوفہ کھلے ہیں اور لوگوں کو کسی طرح کی تکلیف نہیں ہے۔تو دلیل ہے کہ ملک والوں کو بادشاہ سے خیر ومنفعت پہنچے گی اور اگر بہار کو اس کے وقت پر اعتدال سے دیکھے تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبہ پائے گا اور عام لوگوں کو بادشاہ سے قوت اور مدد ہوگی اور بادشاہ عادل باانصاف ہوگا۔فصل بہار کی یہی تاویل ہے۔

بہشت:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جنت کا دیکھنا اللہ تعالیٰ کی طرف سے خوشی اور خوشخبری ہے۔فرمان اللہ تعالیٰ ہے: ادخلو ھا بسلام امنین۔(اس میں سلامتی اور امن کے ساتھ داخل ہو جاؤ)۔

اور اگر دیکھے کہ بہشت کے میوے لئے یا کسی نے دیئے اور کھائے تو دلیل ہے کہ جس قدر میوے کھائے

www.waseemziyai.com

ہیں اسی قدر علم و دانش اور دین کی خصلت سیکھے گا۔ لیکن فائدہ نہ اٹھائے گا۔

اور اگر کوئی شخص خواب میں چوروں کو بھی دیکھے تو دلیل ہے کہ نزع کا وقت اس پر آسان ہوگا اور اگر دیکھے کہ بہشت میں مقیم ہے لیکن ویران ہے تو دلیل ہے کہ فساد اور گناہ کی طرف مائل ہوگا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ بہشت اس پر بند کر دیا گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ماں باپ اس سے ناراض ہیں۔ اور اگر دیکھے کہ بہشت کے پاس جا کر واپس ہوا ہے تو دلیل ہے کہ موت کی بیماری میں گرفتار ہو گا۔ لیکن شفاء پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ فرشتے ہاتھ پکڑ کر اس کو بہشت میں لے گئے ہیں اور وہ وقت پر طوبیٰ کے سائے میں بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ دونوں جہان کی مراد پائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے۔ **طوبی لھم و حسن ماب**۔ (ان کے لئے خوشخبری اور اچھا ٹھکانہ ہے)۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو شراب اور شیر کے پینے سے منع کیا ہے تو یہ اس کے دین کی تباہی کی دلیل ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **ومن یشرك باللّٰہ فقد حرم اللّٰہ علیه الجنة**۔ (اور جو شخص اللہ کے ساتھ شرک کرے گا تو اللہ نے اس پر بہشت کو حرام کر دیا ہے)۔

اور اگر دیکھے کہ بہشت کے میوے اس کو کسی نے دیئے ہیں۔ تو دلیل ہے کہ اس کو اس کے علم سے فائدہ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ بہشت میں آگ ڈالی ہے تو دلیل ہے کہ کسی کے باغ سے حرام کی چیز کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ حوض کوثر سے پانی پیا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو بہشت کا محل ملا ہے تو دلیل ہے کہ معشوقہ دل آرام یا کنیز اس کو ملے گی اور نکاح کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ رضوان داروغۂ بہشت اس کے برابر خوش و خرم ہے تو دلیل ہے کہ کسی سے خرم و شادماں ہوگا اور نعمت پائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **سلام علیکم طبتم فادخلوھا خالدین**۔ (تم پر سلام ہو، خوش رہو، اس میں ہمیشہ کے لئے داخل رہو)۔

اور اگر دیکھے کہ اچھی جگہ بلند پر ہے کہ بہشت کی صورت ہے اور وہ جانتا ہے کہ بہشت ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ عادل کے ساتھ یا امیر کے ساتھ یا بزرگ عالم کے ساتھ مصاحب کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بہشت کی طرف جاتا ہے تو دلیل ہے کہ راہِ حق پر رہے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بہشت کا دیکھنا نو وجہ پر ہے۔ اول: علم۔ دوم: زہد۔ سوم: احسان۔ چہارم: خوشی۔ پنجم: بشارت۔ ششم: امن۔ ہفتم: خیر و برکت۔ ہشتم: نعمت۔ نہم: سعادت۔

اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ بہشت میں ہے تو دلیل ہے کہ دو جہان کی مرادیں پائے گا اور اس کے ہاتھ سے بہت سی خیرات ہوگی۔ اگر مصلح دیکھے تو دلیل ہے کہ بیماری یا بلا میں مبتلا ہوگا۔ چنانچہ اہل بہشت کا ثواب پائے گا اور عالم ہوگا اور لوگ اس کے علم سے نفع پائیں گے۔

www.waseemziyai.com

پہلو:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پہلو عورت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا بایاں پہلو سوجا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت اور کنیز دونوں حاملہ ہوں گی۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ پہلو سرخ ہے اور ایک گوشت کا ٹکڑا خون آلود اس کے پہلو سے گرا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت کا حمل ساقط ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ دونوں ہاتھ پہلو پر رکھے ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو سخت غم پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے پہلو کی ہڈی ٹوٹی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو باپ یا ماں یا عیال سے غم واندوہ پہنچے گا۔

اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے پہلو کا چمڑا جدا ہوا ہے اور گر پڑا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مال اور عیال دونوں تلف ہوں گے۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے دونوں پہلو زرد ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا عیال بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پہلو میں سوراخ ہو گیا ہے اور اس سے جواہرات گرتے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں پارسا اور عالم فرزند پیدا ہوگا۔

اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے دونوں پہلو جمع ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو غم واندوہ پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا پہلو قوی اور بزرگ ہو گیا ہے تو یہ دین کی درستی اور قوت عیال کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا پہلو چھوٹا اور کمزور ہے۔ اس کی تاویل پہلے خواب کے برعکس ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پہلو عورتوں پر دلیل ہے کیونکہ عورتیں مردوں کے پہلو سے پیدا ہوتی ہیں۔ لہٰذا جو کچھ خیر وشر پہلو میں دیکھے گا اس کی تاویل عورتوں پر لوٹتی ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے بہت سے پہلو ہیں تو دلیل ہے کہ اسی قدر عورتیں اور کنیزیں حاصل ہوں گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پہلو سے سانپ نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پہلو کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: لڑکی۔ سوم: کنیز۔ چہارم: خادم۔ پنجم: بڑھیا عورت جو گھر میں ہوتی ہے۔

بو تیمار (بگلا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بگلا روزی اور مال حلال ہوتا ہے جو عورت کی طرف سے ملتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بگلا پکڑا ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر عورت کی طرف سے مال پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ بگلا مارا اور اس کا گوشت کھایا تو

www.waseemziyai.com

دلیل ہے کہ اسی قدر عورت کا مال کھائے گا۔ اور بگلے کا خواب میں دیکھنا بزرگی پر دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ بگلے کو پکڑ کر گھر میں لایا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہ اپنوں میں سے عورت کرے گا اور مال اور منفعت حاصل کرے گا۔

بوریا (چٹائی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بوریا ایک سفلہ اور خسیس (کمینہ) مرد ہے۔ اور بے اصل اور ضعیف حال عورت ہے اور دیکھنے والا لوگوں سے ملائے پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بوریا بنا ہے اور فارغ ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اپنا کام ختم کرے گا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ گھر کے لئے بوریا بنتا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کرنے میں مشغول ہو گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس بوریا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کی طرف سے بوریئے کی بڑائی اور چھٹائی کے مطابق فائدہ پہنچے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بوریا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: منفعت۔ دوم: نکاح کرنا۔ سوم: اپنی خانی آبادی کے کام میں مشغول ہونا۔

بوزینہ (بندر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بندر خواب میں ایک فریبی اور ملعون دشمن پر دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ بندر کے پاس بیٹھا ہے اور وہ اس کا مطیع ہے۔ تو دلیل ہے کہ وہ دشمن پر غالب آئے گا اور اس کو مطیع کرے گا اور اگر خواب میں دیکھے کہ بندر کے ساتھ لڑا ہے اور اس سے ڈر گیا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہو گا اور شفاء پائے گا۔ یا اس کے جسم پر عیب ہو گا اور اس سے خلاصی نہ پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ بندر کو مار ڈالا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن کو مغلوب کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ رنج اور عیب میں گرفتار ہو گا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ کسی نے اس کو بندر بخشا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی اس کے ساتھ دشمنی ظاہر کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے بندر کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ وہ بیمار ہو گا اور جلدی شفاء پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بندر گھوڑے پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ یہودی اس کی عورت سے فساد کرے گا اور بندر یا خواب میں فسادی عورت جادوگر ہوتی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بندر اس کے گھر میں آیا ہے تو دلیل ہے کہ اس گھر میں عورت جادو کرے گی اور اگر دیکھے کہ بندر اس کے ساتھ باتیں کرتا ہے تو دلیل ہے کہ عورت اس کا نقصان کرے گی۔

www.waseemziyai.com

اور اگر شخص خواب میں دیکھے کہ بندر نے اس کو کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ وہ بیمار ہوگا یا اپنے عیال سے گالی گلوچ سنے گا۔

اور اگر خواب میں کوئی دیکھے کہ بندر نے اس کو کوئی چیز دی ہے یا اس نے اس سے لے کر کھائی ہے تو دلیل ہے کہ اپنا مال برباد کرے گا۔

پوست (چمڑا):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ آدمی کے جسم کا چمڑا خواب میں آرائش اور لوگوں کی خانہ آبادی ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ آدمی کا چمڑا ستر اور مال اور برکت ہے۔ اگر کوئی شخص اپنا چمڑا اٹھا ہوا اور گرا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا ستر اور راز کشادہ ہوگا اور اس کا مال ضائع ہوگا۔ اور اگر اپنے چمڑے کو سیاہ یا نیلا دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو غم واندوہ پہنچے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاؤں کا چمڑا روشن ہے تو دلیل ہے کہ اس شخص کی مراد پوری ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ تمام چار پایوں کا چمڑا خواب میں دیکھنا مال ہے اور اونٹ کا چمڑا بڑے آدمی کی وراثت ہے اور بکری کا چمڑا صاحب خواب کے لئے روزی ہے اور اگر سبز درخت کا پوست دیکھے تو اس کا صاحب روزہ دار ہے۔ اور اگر دیکھے کہ جانور کا چمڑا اتارا ہے تو دلیل ہے کہ جس آدمی کے ساتھ نسبت ہے اس سے مال پائے گا اور اگر دیکھے کہ چمڑا اتارنے کے لئے مکان بنایا ہے۔ اگر قصاب ہے تو اس کے گھر کی دیوار بنائیں گے اور اگر معلم ہے تو لڑکوں پر ظلم کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ پرانا پوست اتارتا ہے تو دلیل ہے کہ پرانی چیزوں کی اصلاح میں وقت لگائے گا اور بادشاہ کا ایلچی بنے گا۔ جب امیر اور شاہی لشکر کے سردار بہت سے کاموں میں بادشاہ کا خلاف کریں گے۔

پوستین:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ جاڑے (سردی) کے موسم میں پوستن پہنا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی معیشت کی کوئی چیز اس کو ملے گی اور اگر گرمی کا موسم ہے تو بھی تعبیر ہے لیکن اس کا نتیجہ آخر کار غم ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ بکری یا بھیڑ کے بچے کا پوستین رکھتا ہے تو دلیل ہے کہ دولت مند عورت کرے گا اور اس سے مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سمور کی پوستین پہنچی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ تونگر اور مالدار عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ لومڑی کی نئی پوستین پہنی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ تونگر اور پارسا عورت کرے گا۔ لیکن حیلہ باز اور مکار ہوگی۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ خرگوش کی آستین پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ زن نابکار بدفعل کرے گا اور اس سے زحمت دیکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سنجاب کی پوستین پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ ناموافق عورت سے شادی کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بلی کی پوستین پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ بدخو عورت سے شادی کرے گا جو چور اور بددیانت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ وشق کی پوستین پہنی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اصیل اور دین دار عورت سے شادی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چوہے کی پوستین پہنی ہے تو دلیل ہے کہ ناپاک عورت سے بیاہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پوستین پھٹی ہوئی ہے یا جلی ہوئی ہے یا ضائع ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ مال کا نقصان ہوگا اور غم واندوہ پائے گا۔

بوسہ دادن (بوسہ لینا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی کا بوسہ لیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا دوست اور چاہنے والا ہوگا۔ اور اگر وہ شخص نامعلوم ہے تو دلیل ہے کہ ناامید جگہ سے فائدہ اٹھائے گا۔ اور اگر معلوم شخص کا بوسہ لیا تو دلیل ہے کہ اس سے خیر ومنفعت پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ کسی مردے کا شہوت سے بوسہ لیا ہے تو دلیل ہے کہ مردے کے لئے خیر کرے گا یا اس کو دعائے خیر سے یاد کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مردے نے اس کا بوسہ لیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا دوست اور طالب ہوگا اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ مراد اور مقصود نہ پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بوسے لینے کی دلیل چار وجہ پر ہے: اول: خیر و منفعت۔ دوم: حاجت روائی۔ سوم: دشمن پر فتح پانا۔ چہارم: اچھی بات سننا۔

بوق زدن (نرسنگا بجانا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ نرسنگا بجاتا ہے اور بجانا نہیں جانتا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں میں اپنا رزا ظاہر کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نرسنگا بجاتا ہے تو دلیل ہے کہ سرداروں میں جھوٹ بولے گا اور اس کی تاکید قسم سے کرے گا اور آخر کار وہ جھوٹ ظاہر ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ نرسنگا بجانے کی تاویل مردوں کے لئے مصیبت اور عورتوں کے لئے رسوائی ہے اور ان کے بھیدوں کا ظاہر ہونا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نرسنگا بجانے کی تاویل چار وجہ پر ہے۔ اول: جھوٹی خبر۔ دوم: بُری بات۔ سوم: راز کا ظاہر ہونا۔ چہارم: گناہ۔

www.waseemziyai.com

پل ساختن (پُل بنانا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ پل خواب میں بادشاہ یا کوئی بڑا آدمی ہے کہ جس کی وجہ سے لوگ مراد کو پہنچتے ہیں۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ پل کی تاویل خواب میں نیک ہے۔ اگر دیکھے کہ خواب میں پل سے گزرا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے عزت اور مرتبہ حاصل ہوگا اور اس سے منفعت دیکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بنیاد پل پر رکھی ہے اور عمارت بنائی ہے تو دلیل ہے کہ ولایت اور بادشاہی پائے گا۔ اور اس کے پاس بہت سا مال جمع ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **والقنا طیر المقنطرة من الذهب**۔ (اور سونے کے پل باندھے ہوئے)۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پل چار وجہ پر ہے۔ اول: مرد ہے کہ سب کے کام آتا ہے اور سب کی حاجتیں پوری کرتا ہے۔ دوم: بادشاہ۔ سوم: نیکی اور مطلب پانا۔ چہارم: بہت سا مال حاصل کرنا۔ اور اگر دیکھے کہ پل خراب ہوا اور گرا تو بادشاہ کی حالت اور اس کے ملک کے تباہ و برباد ہونے کی دلیل ہے۔

بوم (الّو):

الّو خواب میں دیکھنا چور نابکار مفسد اور حاسد ہے۔ اگر دیکھے کہ الو سے لڑائی کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا جھگڑا اور خصومت (لڑائی) کسی آدمی سے ہوگی اور دوسرے سب حالات میں الو کا دیکھنا مفید ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس الو ہے۔ یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ چور کو مغلوب کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ الو کا گوشت کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر چور آدمی کا مال کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ الو کا گوشت کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ چور کار خوردسال غلام یا اس کا شاگرد اس کو ملے گا۔

بوہائے خوش (خوشبوئیں):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خوشبو اور بدبو تاویل میں نیکی اور مدح اور بُرائی اور نالائق بات ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ خوشبو سونگھی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی تعریف کریں گے۔ اور اگر خواب میں بہت سی خوشبو سونگھے تو موت کی دلیل ہے۔ کیونکہ مردے کے لئے خوشبو اور حنوط ضروری ہے۔ (حنوط مختلف قسم کی خوشبوئیں ملی ہوئی جو کہ مردے کے لیے تیار کرتے ہیں اسے حنوط کہتے ہیں)

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کو خوشبودار کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی تعریف اور ثنا کریں گے۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی لوگوں میں بُرائی اور

www.waseemziyai.com

مذمت کریں گے اور اس کی بدنامی پھیلے گی۔

پٹھا (پٹھا، عصب):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ پٹھا خواب میں حال اور اس کے کام کو جمع کرنے والا ہے۔ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ پٹھا اس کے جسم پر خشک ہو گیا ہے یا ٹوٹ گیا ہے تو دلیل ہے کہ دوست اس کے کام کا وکیل اس سے جدا ہو گا یا دنیا سے رحلت کرے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے جسم کے پٹھے خشک ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ دوستوں سے جدا ہو گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جسم کے پٹھے اپنوں اور اہل بیت کی دلیل ہے۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے جسم کے پٹھے سخت اور قوی ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے خویش و اقارب اور اہل بیت بدحال اور ضعیف ہوں گے۔

بیابان (جنگل):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ بیابان خواب میں اپنی فراخی اور کشادگی کے مطابق قسمت اور روزی ہے اور اگر خواب میں دیکھے کہ بیابان میں تنہا ہے تو دلیل ہے کہ اپنی کمائی سے بہت سا مال جمع کرے گا۔

اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ ایک جماعت کے ساتھ جنگل میں پھرتا ہے تو دلیل ہے کہ سفر سے مال اور نعمت بہت سی حاصل کرے گا اور روزی اس پر کشادہ ہو گی۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ جنگل سے باہر آیا ہے تو دلیل ہے کہ غم و اندوہ سے نجات پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بیابان میں گیا ہے تو دلیل ہے کہ غمگین اور محتاج ہو گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بیابان دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: روزی اور قسمت۔ دوم: حیرت اور پریشانی۔ سوم: دشمنی اور رنج۔ چہارم: خوف اور ہلاکت کا خطرہ۔ لیکن اس سے بہت جلد نکلے گا۔

پیاز:

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پیاز دیکھنا مال حرام، بدی اور ناخوش بات ہے۔ اگر خواب کا دیکھنے والا نیک اور پارسا ہے اور کوشش سے اپنے آپ کو پیاز سے کھانے سے روکتا ہے تو خیر ہے۔ اگر پارسا نہیں ہے تو مال حرام جمع کرے گا اور اس میں ہمیشہ بری باتیں سنے گا۔ خاص کر اگر پیاز سرخ دیکھا ہے اور اگر پکا ہوا پیاز کھایا ہے تو دلیل ہے کہ آخر کار حرام کھانے سے توبہ کرے گا۔ اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پیاز کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: مال حرام۔

www.waseemziyai.com

دوم: غیبت، چغلی اور بری بات۔ سوم: کاموں میں خرابی اور پشیمانی (ندامت ہوگی)۔

پیالہ:

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ پیالہ خواب میں کنیز ہے کہ اس کے ساتھ عیش اور خوشی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پیالے سے پانی یا گلاب پیتا ہے تو دلیل ہے کہ کنیز کے ساتھ خوشحال ہوگا اور اس سے نیک فرزند حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ وہ پانی یا گلاس پیالے سے گرادیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند مرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ پیالہ خواب میں دو وجہ پر ہے۔ اول: کنیز۔ دوم: خادم۔

پیراہن (کرتہ):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں سفید پیراہن (کرتہ) دیکھنا مرد ہے۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ پیراہن کا دیکھنا اس کے حال اور کام اور کسب و معیشت کی دلیل ہے۔

اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ نیا اور فراخ پیراہن پہنے ہوئے ہے تو صلاح کار اور نیک احوال کی دلیل ہے۔ اور اگر پیراہن کا ایک ٹکڑا پھٹا ہوا دیکھے تو اس کی تاویل نیک اور بد کے درمیان ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا پیراہن پرانا اور میلا ہے تو دلیل ہے کہ درویشی اور بے چارگی اور رنج و غم اس کو پہنچے گا اور جس قدر پیراہن زیادہ پرانا اور میلا اور زیادہ پھٹا ہوا ہوگا بلا اور مصیبت اور خوف زیادہ ہوگا کہ صاحب خواب ہلاک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اس کا اپنا پیراہن پہنایا اور دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس سے بادشاہی لے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے نیا پیراہن پہنا ہے تو دلیل ہے کہ ظاہر میں نیک اور باطن میں بد ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا پیراہن اور شلوار سب میلے ہیں اور پرانے ہیں تو دلیل ہے کہ اگر تونگر ہے تو درویش ہو جائے گا اور غم واندوہ میں گرفتار ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے نیا کھلا پیراہن پہنا ہوا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس پر عیش فراخ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ پیراہن تنگ ہے تو دلیل ہے کہ اس پر عیش تنگ ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کا پیراہن پھٹا ہوا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کا راز ظاہر ہوگا۔

اور اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کا پیراہن بغیر گریبان کے ہے اور اس میں ایک درز ہے اور بے آستین پہنا ہوا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کی موت نزدیک آئی ہوئی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا پیراہن دراز ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام اچھا ہوگا اور اس کی مراد پوری ہوگی۔

اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کا گریبان پیچھے سے پھٹا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس پر جھوٹی تہمت لگے گی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: وان کان قمصه قدمن دبر فکذبت۔ (اور اگر اس کا کرتہ پیچھے سے پھٹا ہوا ہے تو وہ جھوٹی ہے)۔

www.waseemziyai.com

اور اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے پیراہن کسی کو دیا ہے اور اس نے وہ پیراہن اپنے اوپر ملا ہے تو دلیل ہے کہ بے غم ہوگا اور کسی جگہ سے اس کو بشارت آئے گی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: اذھبوا بقمیصی ھذا فالقوہ علی وجہ ابی یات بصیرا۔ (اس میری قمیض کو لے جاؤ اور میرے باپ کے چہرے پر ڈالو۔ وہ بینا ہو جائے گا)۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں پیراہن خون آلودہ ہے۔ تو دلیل ہے کہ مدت تک غم اور اندوہ میں رہے گا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے پھٹا ہوا پیراہن پہنا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام پراگندہ ہوگا اور اس کا راز ظاہر ہو جائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پیراہن نیا اور فراخ دیکھنے کی تعبیر چھ وجہ پر ہے۔ اول: لوگوں کا دیدار۔ دوم: ستر۔ سوم: عیش خوش۔ چہارم: ریاست۔ پنجم: آرام اور خوشی۔ ششم: بشارت۔

بیت المعمور:

بیت المعمور خانہ کعبہ کے اوپر چوتھے آسمان پر ایک مکان ہے اور وہاں فرشتے حج کرتے ہیں۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ بیت العمور میں گیا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کے درمیان علم اور امانت کے ساتھ ظاہر ہوگا اور بیت اللہ شریف کا حج کرے گا اور دشمنوں سے محفوظ رہے گا۔

اور اگر بیت المعمور کو زمین پر دیکھے تو دلیل ہے کہ عالم اور عادل بادشاہ کا مصاحب ہوگا اور اگر دیکھے کہ بیت المعمور میں گھر بنایا ہے یا اس میں سویا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی موت قریب آگئی ہے۔

اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ بیت المعمور کے اردگرد طواف کرتا ہے تو بھی یہی تاویل ہے کہ وہ دنیا سے رحلت کرے گا۔ اور اگر کسی نے بیت المعمور کو مسجد کی طرح دیکھا اور اس میں نماز پڑھی تو دلیل ہے کہ اس کی تمام مرادیں پوری ہوں گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ زمین سے بیت المعمور تک راہ کھلا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس سال بہت سے لوگ حج اور عمرہ کریں گے۔ اور اگر دیکھے کہ بیت المعمور آراستہ ہے اور فرشتے اس کا طواف کرتے ہیں تو دلیل ہے کہ علماء اور اہل دین انتظام سے ہوں گے اور عزت اور مرتبہ پائیں گے۔

پیروزہ (فیروزہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں فیروزہ دیکھنا فتح اور قوت اور مراد حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ اور اگر کوئی شخص دیکھے کہ اس سے فیروزہ ضائع ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری نہ ہوگی۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے فیروزے ہیں تو اس سے دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا اور شرف اور بزرگی پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پیروزے کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: ظفر اور نصرت۔ دوم: حاجت روائی۔ سوم: قوت۔ چہارم: ملک وولایت۔

پیر شدن (بوڑھا ہونا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اگر کوئی شخص دیکھے کہ بوڑھا ہو گیا ہے اور اس کے بال سفید ہو گئے تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبہ پائے گا۔ اور اگر نامعلوم بوڑھے کو دیکھے کہ خوش وخرم ہے تو دلیل ہے کہ کسی دوست سے اس کی مرادیں پوری ہوں گی اور غم سے نجات پائے گا۔

اور اگر کسی معلوم بوڑھے کو خواب میں دیکھے کہ خرم اور شاد ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اس سے کوئی چیز ملے گی۔ اور اگر اس کو ترش رو اور غمگین دیکھے تو اس کی تاویل پہلے کے خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ بوڑھا جوان ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عزت و مرتبے میں نقصان ہو گا اور دنیا میں مغرور ہو گا اور اگر جوان یا بچہ دیکھے کہ وہ بوڑھا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبہ پائے گا اور آخرت کے کام میں مشغول ہو گا۔

پیسی (برص کی بیماری، ابلق):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ برص خواب میں مال اور تونگری ہے اور اگر دیکھے کہ اس کے جسم پر برص ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور نعمت حاصل کرے گا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ برص خواب میں وراثت ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ برص خواب میں چار وجہ پر ہے۔ اول: مال۔ دوم: میراث۔ سوم: منفعت۔ چہارم: شغل کا کام ظاہر ہونا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کی صحبت مبروص آدمی کے ساتھ ہوئی ہے۔ اگر وہ پارسا اور مصلح ہے تو دلیل ہے کہ اس کو آخرت کا نفع حاصل ہو گا اور اگر مفسد اور بخیل ہے تو دلیل ہے کہ اس کو حرام سے نفع پہنچے گا۔

پیشانی (ماتھا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پیشانی آدمی کی عزت اور مرتبہ ہے۔ کیونکہ خدا تعالیٰ کے لیے سجدے کی جگہ ہے۔

اور بعض کہتے ہیں کہ پیشانی کا دیکھنا فرزند پر دلیل ہے کہ اس کے اہل بیت میں سے تونگر ہو گا۔

www.waseemziyai.com

اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کی پیشانی پر نشان ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب دینداری اور پرہیز گاری میں مشہور ہوگا۔

اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ کسی نے اس کی پیشانی پر مارا ہے اور خون جاری ہوگیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عزت اور مرتبہ زیادہ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی پیشانی چھوٹی اور تنگ ہوگئی ہے تو اس کی تاویل پہلے کے خلاف ہے۔

اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کی پیشانی اپنے حال سے پھر گئی ہے۔ تو اس سے دلیل ہے کہ اس کو نقصان پہنچے گا۔

اور اگر کوئی دیکھے کہ اس کی پیشانی پر بال اُگے ہیں۔ تو اس سے دلیل ہے کہ وہ قرض دار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ وہ بال سرخ یا سفید ہیں تو دلیل ہے کہ وہ قرض عیال کے باعث ہوگا۔

اور اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کی پیشانی پر ورم ہے تو یہ مال زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔

اور اگر کوئی دیکھے کہ اس کی پیشانی میں سے سانپ یا بچھو یا کوئی چیز نکلی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر رنج اور دکھ دشمنوں سے پہنچے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی تجھے دیکھے کہ اس کی پیشانی پر آنکھ ہے تو دلیل ہے کہ اپنی خانہ آبادی کے کام میں غور رکھتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ پیشانی پر بہت سی آنکھیں ہیں۔ تو یہی دلیل ہے کہ اپنی مصلحت کے کاموں میں خوب غور کرتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی پیشانی پر سبز خط لکھا ہوا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں عالم اور پرہیز گار لڑکا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی پیشانی پر آیت رحمت لکھی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عاقبت محمود ہوگی اور اس کی موت شہادت پر ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی پیشانی پر آیت عذاب لکھی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عاقبت محمود نہ ہوگی۔ اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ پیشانی کا خواب میں دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: مرتبہ و عزت۔ دوم: عظمت و بزرگی۔ سوم: فرزند تو نگر۔ چہارم: معیشت۔ پنجم: ریاست۔ ششم: جود و بخشش۔

پیشی گرفتن (آگے بڑھنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ کسی کام میں یا دین کے کاموں میں جیسے عبادت حج، جہاد۔ وغیرہ میں آگے بڑھا ہے تو دلیل ہے کہ آخرت میں نجات پائے گا اور اس کو خدا تعالیٰ کے نزدیک ثواب ہوگا۔ اور اگر کوئی کسی دنیا کے کام میں پیش دستی کرے تو دلیل ہے کہ عزت اور اقبال پائے گا۔

پیشہ (ہنر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اپنا پیشہ چھوڑ کر دوسرے پیشہ میں مشغول ہونا جو اس

www.waseemziyai.com

سے بہتر ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا کام اور حال بہتر ہوگا اور کام اور کسب میں ترقی ہوگی۔

اور اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ طرح طرح کے کسب کرتا ہے۔ اگر یہ کسب اچھے ہیں تو خیر اور نیکی کی دلیل ہے۔ اور اگر بُرے ہیں تو شر اور بُرائی کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بعض پیشے بد کر رہا ہے اور بعض اچھے ہیں تو جو طاقتور ہیں ان کے مطابق تاویل ہوگی۔

بیشہ (جنگل):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں درخت کا جنگل جنگلی عورت ہے۔ اگر دیکھے جنگل میں گیا ہے اور وہ میوہ دار درختوں سے سرسبز ہے اور فصل پر دیکھا اور میوے کھائے تو دلیل ہے کہ جنگلی اصل کی عورت کرے گا یا کنیز کو خریدے گا کہ جس کی پرورش جنگل میں ہوئی ہوگی اور اس کی عورت سے اس کو خیر اور منفعت حاصل ہوگی۔ اور اگر جنگل کو ان چیزوں سے خالی دیکھا تو شر اور نقصان پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس جنگل میں بجائے درختوں کے کانٹے ہیں اور ان کانٹوں سے اس کو تکلیف پہنچی ہے تو اس سے دلیل ہے کہ اس کو عورتوں کی طرف سے غم اور اندوہ پہنچے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جنگل دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: جنگلی عورت۔ دوم: کنیز۔ سوم: منفعت۔ چہارم: غم واندوہ۔

بیع (خرید وفروخت):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں قرآن شریف بیچنا اس امر کی دلیل ہے کہ اس کا دین اس کے نزدیک ذلیل وخوار ہے۔

اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے اپنا غلام فروخت کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام اس پر تنگ ہوگا اور وہ ظالم ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اپنی عورت کو بیچا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی حرمت اور بزرگی زائل ہوگی اور وہ بدنام ہوگا۔ لیکن اگر اس عورت کے سوائے جو بیچی ہے اس کی اور عورت ہووے تو دلیل ہے کہ اس کی پھر بہتری ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جو چیز دین میں پیاری ہے۔ اس کا خواب میں بیچنا بُرا ہے اور اس کا خریدنا اچھا ہے۔

پیکان (تیر کی بھال):

پیکان خواب میں دیکھنا بزرگ مرد اور بہت خطرناک ہے۔ اگر دیکھے کہ بہت تیز پیکان پکایا ہے۔ یا اس کو کسی نے بخشا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام درستی کے ساتھ ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پیکان کا دیکھنا بات میں طاقت ہے جو مخالف کو

www.waseemziyai.com

کہے گا۔ خاص کر اگر پیکان فولاد کا ہے اور روشن ہے۔ اور اگر شکستہ یا زنگار زدہ ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

پیغمبر:

سولہویں فصل میں تعبیر ہو چکی ہے اس جگہ کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

پیکر (تصویر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ پیکر خواب میں عورت ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس تصویر ہے تو دلیل ہے کہ عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی سے تصویر خریدی ہے تو دلیل ہے کہ کنیز خریدے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس سے تصویر ضائع ہو گئی ہے یا ہاتھ سے گر کر شکستہ ہو گئی ہے تو عورت کو طلاق دے گا۔ یا اس کی عورت دنیا سے رحلت کرے گی۔ اور اگر اپنی تصویر کا چہرہ دوسری صورت پر دیکھے تو دلیل ہے کہ جس عورت کو دیکھا ہے اسی کے مطابق اس کے احوال پھر جائیں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر اپنی پیکر کو بری صورت سے بدلا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا حال متغیر ہو گا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے حال اور صورت پر ہو گئی ہے تو دلیل ہے کہ اپنے حال پر اور خدا تعالیٰ کی طرف رجوع کرے گا اور اگر اپنی پیکر (تصویر) باشکوہ دیکھے تو دلیل ہے کہ سب لوگ اس سے منہ موڑیں گے اور اس پر ظلم کریں گے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ آدمی کی تصویر حیوان کی تصویر سے بدل گئی ہے۔ تو دلیل ہے کہ وہ شخص بدمذہب اور جھوٹا ہو گا۔ یا خدا تعالیٰ کی صفات میں ناجائز بات کہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی کی تصویر دوسری طرح کی کہ اس کی جنس سے نہیں ہے، ہو گئی ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کو کوئی مشکل کام پیش آئے گا۔ اور اس میں حیران ہو گا۔ اور خواب میں تصویر بنانے والا ایسا شخص ہے کہ خدائے تعالیٰ پر بہتان باندھتا ہے۔

پیل (ہاتھی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اہل تعبیر کہتے ہیں کہ رات اور دن میں خواب کے اندر سوائے ہاتھی کے کچھ فرق نہیں ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ ہاتھی پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ نابکار عورت کرے گا۔ اور اگر یہ خواب دن کو دیکھے تو دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا یا کنیز کو فروخت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ہاتھی کو جان سے مارا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاتھ سے کوئی بادشاہ مارا جائے گا یا کسی مضبوط قلعہ کو فتح کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ ہاتھی نے اپنا پاؤں اس کے سر پر رکھا ہے اور اس کو مار ڈالا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی موت قریب ہے۔ اور اس کا حال بد ہو گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی کے ہاتھی کے سر پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے

www.waseemziyai.com

دشاہ کی خدمت سے کسی اور بادشاہ کی خدمت میں جائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ ہاتھی پر بیٹھا ہے اور ہاتھی س کے کہنے میں ہے اور مطیع ہے تو دلیل ہے کہ عجم کا بادشاہ ہوگا۔

اور اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ ہاتھی کا گوشت کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ کسی قدر عجم کے بادشاہ سے مال و نعمت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ہاتھی کی ہڈی یا اس کا کچھ چمڑا اس کے پاس ہے تو بھی یہی دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے دولت و مال ملے گا۔

اور اگر دیکھے کہ لڑائی کے وقت اس پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ بڑے دشمن کو مغلوب کرے گا اور اس قول پر اصحاب فیل کے قصے کو دلیل میں لائے ہیں۔

اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ پشت پیل سے گرا ہے تو دلیل ہے کہ سخت بلا میں گرفتار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ لڑائی میں ہاتھی سے گرا اور مر گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک کا بادشاہ مرے گا

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ تماشے کے لئے ہاتھی بیٹھا ہے اور وہ ہاتھی اس پر قادر ہے تو دلیل ہے کہ عجمی عورت سے نکاح کرے گا اور اس کے بس میں ہوگا۔ اور اگر اس کے خلاف ہاتھی کو دیکھے تو وہ خود عورت پر قادر ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ ہاتھی پر ہتھیار لگے ہیں اور اس کو شہر بہ شہر لیے پھرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک کی سلطنت پر کسی اور سلطنت کا بادشاہ گرے گا۔ یہاں تک کہ اس کو ہلاک کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ہاتھی کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: عجم کا بادشاہ۔ دوم: مرد غلام۔ سوم: مرد مکار۔ چہارم: مرد با قوت اور بارعب۔ پنجم: حاسد مرد۔ ششم: ظالم خون خوار۔

پیل گوش (رسوت کا پودہ):

پیل گوش ایک قسم کی گھاس ہے کہ جس کے پتے بڑے اور چوڑے ہوتے ہیں اور اس کا شگوفہ اور پھول زرد ہوتا ہے۔ اس کا خواب میں دیکھنا بے اصل کمینی خادمہ عورت ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس پوس رسوت کا پودا ہے یا اس کو کسی نے دیا تو دلیل ہے کہ اس کی ایسی عورت سے صحبت ہوگی جس سے منفعت دیکھے گا۔

پیلہ ور (دوافروش ریشم کے کیڑے پالنے والا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پیلہ ور مانند طبیب اور فقیہ کے ہے۔ کیونکہ طبیب بیماروں کا علاج کرتا ہے اور فقیہ لوگوں کو دین کی راہ دکھاتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ پیلہ ور دوائیں بیچتا ہے اور لوگوں کو خیر و راحت پہنچاتا ہے تو خیر و سعادت کی دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ پیلہ وری کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس سے خیر و منفعت کو پہنچے گی اور اس کا نیک نام ملک میں روشن ہوگا۔

بیل (کدال، پھاوڑا):

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کدال خواب میں ایک ایسا خادم ہے کہ جو نفاق سے کام کرتا ہے۔
اور بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ کدال خواب میں ایسا کام ہے کہ جس سے رنج اور تکلیف ہوتی ہے۔
اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس کدال ہے اور اس سے کوئی کام کرتا ہے تو اس سے دلیل ہے کہ وہ کام تمام ہوگا اور اگر اس سے کوئی کام نہیں کرتا تو دلیل ہے کہ اس کا کام ناتمام رہے گا۔

بیماری:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ بیمار ہے تو دلیل ہے کہ اس کے دین میں فساد ہے اور لوگوں سے نفاق کی بات کرے گا۔
اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اسی سال میں مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بیماری سے تندرست ہوا ہے اور گھر میں نہیں ہے اور کسی سے بات نہیں کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی بیماری دراز ہوگی اور اسی کے خطرے سے مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ لوگوں میں بیٹھا اور باتیں کرتا ہے تو دلیل ہے کہ جلدی بیماری سے صحت اور تندرستی حاصل کرے گا۔
حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دیکھے کہ وہ بیماری کے باعث برہنہ ہے تو دلیل ہے کہ وہ جلدی مرے گا۔
اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں بیماری فسق و فجور کی دلیل ہے اور اس کو غم واندوہ سلطان کی طرف سے یا عیال کی طرف سے پہنچے گا۔
حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں طرح طرح کی بیماریاں، دلیل ہیں کہ اس کے فرائض اور سنتیں بے قاعدہ ہیں۔
حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ بیمار ہے اور بیماری کے باعث روتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ غم سے امن ہوگا۔ اور اگر بیماری پر صابر اور راضی اور شاکر ہے تو اس کی تاویل نیک اور صحت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بیمار اور برہنہ ہے تو دلیل ہے کہ اس کی موت قریب آ گئی ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: لقد جئتمو نافرادی کما خلقنا کم۔ (تم ہمارے پاس ایک ایک ہو کر آؤ گے۔ جیسے ہم نے تم کو پہلی بار پیدا کیا تھا)۔

www.waseemziyai.com

پیمانہ (ناپ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ پیمانہ خواب میں ایلچی ہے۔ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس پیمانہ ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ راستی اور انصاف کرے گا۔

اور اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ پیمانہ ٹوٹ گیا ہے یا جل گیا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کو موت کا خوف ہوگا۔

اور اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ پیمانہ سے کچھ ناپتا ہے تو اگر اہل علم ہے تو قاضی ہونے کی دلیل ہے۔ اور اگر اہل علم سے نہیں ہے تو دلیل ہے کہ انصاف کے لئے قاضی کا محتاج ہوگا۔ اور دوسرے قول کے مطابق خواب میں پیمانہ راست گو اور منصف مرد ہے، جو لوگوں کو انصاف کرتا ہے۔

بینی (ناک):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں ناک کا دیکھنا عزت اور مرتبے کی دلیل ہے اور جس قدر اس میں وہ زیادتی اور نقصان دیکھے گا۔ دیکھنے والے کی قدر اور مرتبے پر دلیل ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کا ناک چھوٹا ہوا گیا ہے تو اس کے قد اور مرتبے کی کمی کی دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی ناگ گری ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ قدر اور مرتبے سے گرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی ناک کا سوراخ فراخ (کھلا) ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس پر معیشت فراخ ہوگی اور اگر سوراخ تنگ ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی معیشت تنگ ہوگی۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ اس کی ناک سے مغز نکلا ہے تو دلیل ہے کہ سردار سے نفع پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی ناک سے کیڑا یا مکھی وغیرہ کوئی جانور نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی ناک میں سوراخ ہے اور اس میں مہار پڑی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کی تواضع کرے گا۔ یا کسی بزرگ عورت سے ملاپ ہوگا اور اس سے مال و نعمت پائے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کی ناک کا سرا بندھا ہوا ہے۔ چنانچہ وہ دم نہیں لے سکتا۔ تو دلیل ہے کہ اس کا کام رک جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بات ناک میں کہتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی دولت زائل ہوگی اور اگر دیکھے کہ اس کی ناک کی کونپل کا چمڑا کھڑا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو نقصان حاصل ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کی ناک سے خون نکلا ہے اور تعبیر دینے والے کو بتائے کہ میری ناک سے خون نکلا ہے تو دلیل ہے کہ بہت مال پائے گا۔

اور اگر دیکھے اور بتائے کہ خون میری ناک کے اندر جاتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مال جائے گا۔ بیان

www.waseemziyai.com

کرنے والے کو چاہئے کہ سائل کے لفظ پر تعبیر بیان کرے اور اس کی بات کو فال میں نگاہ میں رکھے۔

اور اگر کوئی شخص دیکھے کہ اس کی ناک کے دونوں دو زاخ ایک ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ عقلمند عورت سے ملاپ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی ناک کی کونپل کاٹی گئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے فرزند کے ختنے ہوں گے۔ اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس کی عزت اور مرتبے میں نقصان ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ کوئی چیز زبردستی اس کی ناک میں گھس گئی ہے تو غصے اور نیکی کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ خون ناک سے نکلا ہے اور اس کا سارا جسم خون سے آلودہ ہو گیا تو دلیل ہے کہ اس کو مال حرام ملے گا۔

اور اگر دیکھے تھوڑا اور سبز خون اس کی ناک سے نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت کا حمل ساقط ہوگا۔ اور بعض اہل تعبیر نے فرمایا ہے کہ وہ شخص درویش ہو جائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ خون اس کی ناک سے نکلا ہے اور وہ خود خون آلود نہیں ہوا ہے تو دلیل ہے کہ فرزند یا عورت کو گھر سے نکالے گا یا ان کو تکلیف دے گا اور اگر دیکھے کہ اس کی ناک زمین پر گری ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکی پیدا ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ وہ اپنی ناک کو دھوتا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی شخص اس کی عورت کو فریب دے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی ناک سے مرغ نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا چوپایہ بچہ جنے گا اور بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ ناک سے خون کا آنا مال ہے۔ جو اس کو اس ملک کے بادشاہ سے حاصل ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس کی ناک ہاتھی کی سونڈ جتنی یا اس سے کچھ کم بڑھی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر عزت اور مرتبہ بڑھے گا اور اس کے رشتہ دار بھی عزت پائیں گے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی ناک میں خوشبو گئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند صالح پیدا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی ناک میں بدبو گئی ہے تو اس کی تاویل اس کے خلاف ہے۔

حضرت جاحظ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ اس کی ناک نہیں ہے تو دلیل ہے کہ کوئی اس کے عزیزوں میں سے مرے گا۔ اور اگر اپنی ناک دو ناک دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے اور اس کے عیال کے دوران اختلاف پڑے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو خوشبو سنگھائی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اس سے نفع حاصل ہوگا اور اگر یہ خواب دیکھنے والی عورت ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند صالح پیدا ہوگا اور اگر دیکھے کہ کسی نے بدبو اس کی ناک کے نیچے رکھی ہے کہ اس کو اس شخص پر غصہ آئے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ناک کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: عزت۔ دوم: مال۔ سوم: بزرگی۔ چہارم: فرزند۔ پنجم: عیش و عشرت۔

www.waseemziyai.com

پیہ خوردن (چربی کھانا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ چربی کھاتا ہے تو اس سے دلیل ہے کہ خیر ونعمت اور فراخی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بکری کی چربی ہے اور اسے کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حلال پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چربی کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: نعمت اور فراخی۔ دوم: مال اور منفعت۔ سوم: رکے ہوئے کاموں کی کشائش اور فراخی۔

بے ہوشی:

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ بے ہوش ہو گیا ہے اور اس کی عقل زائل ہو گئی ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کو ایسا کام درپیش آئے گا کہ اس میں وہ حیران و پریشان ہو گا لیکن آخر کار اس کا نتیجہ بہتر ہو گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بے ہوشی دو وجہ پر ہے۔ اول: کاموں میں دشواری۔ دوم: حیرانی اور پریشانی، عاجزی اور لاچاری۔

www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حرف التاء

تاب دادن (بٹنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ رسی یا رسے کو بٹتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ سفر کو جائے گا۔ اور سفر کی کمی بیشی رسے اور رسی کی ردازی اور کمی کے مطابق ہوگی۔ اگر دراز ہے تو سفر بھی دراز ہوگا اور اگر کوتاہ ہے تو سفر بھی کوتاہ ہوگا۔

اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ کوئی چیز سینے کے لئے دھاگہ بٹتا ہے تو دلیل ہے کہ کسی مصلحت کے لئے کام کرے گا۔ یا راحت کے لئے کوئی ریاضت کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ دھاگے اور رسی کو بٹ دینا تین وجہ پر ہے۔ اول: سفر اور واپسی۔ دوم: ریاضت نفس۔ سوم: بستہ کاموں کی کشائش اور فراخی۔

تابستان (موسم گرما):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ گرمی کا خواب میں دیکھنا بادشاہ سخت ہے۔ اگر خواب میں موسم گرما کو دیکھے کہ لوگوں کو اس سے نقصان پہنچ رہا ہے تو دلیل ہے کہ ملک والوں کو بادشاہ سے خیر وصلاح ہوگی۔ موسم گرما کو وقت پر دیکھنا نہایت عمدہ ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں تابستان کو وقت پر اس طرح دیکھے کہ جہان خوش ہے اور درخت میووں سے لدے ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کی عزت اور دولت زیادہ ہوگی اور اس کا کام مراد کو پہنچے گا اور عام آدمی کا خواب میں بادشاہ کو دیکھنا بادشاہ سے قوت اور مدد پانا ہے اور اگر موسم گرما کو کوئی شخص بے وقت دیکھے تو پھر اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

تاج:

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بادشاہوں کے لئے خواب میں تاج دیکھنا ملک اور ولایت ہے اور عورتوں کے لئے شوہر ہے اور عام لوگوں کے لئے نیک حال ہے۔

اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے سر پر سنہری اور جڑاؤ تاج ہے۔ تو دلیل ہے کہ بڑی عظمت اور بلند مرتبہ پائے گا۔ لیکن دین اور راہ شریعت میں کمزور ہوگا۔ اور اگر یہی خواب کوئی عورت دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا شوہر

www.waseemziyai.com

دنیا کے کاموں میں صاحب حشمت و جاہ ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ بادشاہ نے کسی کے سر پر تاج رکھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے بزرگی اور مراد حاصل ہوگی اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو تاج دیا ہے اور اس نے سر پر رکھا ہے تو دلیل ہے کہ مالدار خوب صورت عورت کرے گا اور اس سے دلی مراد اور انصاف پائے گا۔

اور اگر کوئی شخص دیکھے کہ تاج اس کے سر سے گرا اور ٹوٹ گیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اپنی عورت کو طلاق دے دے گا۔

اور اگر کوئی شخص خواب دیکھے کہ تاج اس کے سر سے اٹھایا گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت اس سے جدا ہوگی اور اگر دیکھے کہ تاج اس کے سر سے گر کر شکستہ ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت مرے گی یا اس کے اہل خانہ میں سے کوئی مرے گا اور دنیا سے رحلت کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر بے شوہر عورت دیکھے کہ اس کے سر پر تاج ہے تو دلیل ہے کہ شوہر کرے گی۔ اور اگر شوہر والی دیکھے تو دلیل ہے کہ عورتوں پر سردار ہوگی۔ اور اگر عورت دیکھے کہ اس کے سر سے تاج اتار لیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا شوہر عورت کرے گا یا اس کو طلاق دے گا۔

اور اگر کوئی دیکھے کہ بادشاہ کے سر پر موتیوں سے جڑا ہوا تاج ہے تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبہ حاصل کرے گا اور حرمت بڑھے گی۔

تاراج (لوٹ، لوٹنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ کسی کے مال اور نعمت کو لوٹتا ہے تو دلیل ہے کہ اس آدمی کو غم واندوہ اور نقصان پہنچے گا جس قدر کہ لوٹا گیا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ لوٹنے کی دلیل چار وجہ پر ہے۔ اول: شور، دوم: نقصان، سوم: غم واندوہ، چہارم: ارزانی نرخ شاید کہ غنیمت سے ہو۔

تاریکی (اندھیرا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تاریکی راہ دین میں گمراہی ہے۔ اگر دیکھے کہ تاریکی خود لی ہے یا اس کو کسی نے دی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر ضلالت اور گمراہی پائے گا۔

اگر کوئی دیکھے کہ تاریکی میں تھا اور پھر وہ تاریکی روشنی سے بدل گئی ہے تو اس سے دلیل ہے کہ وہ توبہ کرے گا اور دین کا راستہ اس پر کھلے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ پہلے وہ تاریکی میں تھا اور پھر اس پر روشنی ہو گئی ہے اور پھر تاریکی میں گیا ہے تو دلیل ہے کہ یہ شخص منافق ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: واذا اظلم علیھم

www.waseemziyai.com

قاموا ولوشآء اللّٰہ لذھب بسمعھم و ابصارھم۔ (اور جب اندھیرا ہوتا ہے تو وہ ٹھہر جاتے ہیں اور اگر اللہ چاہتا تو ان کے کان اور آنکھیں لے جاتا)۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تاریکی غم واندوہ ہے اور اگر دیکھے کہ وہ سخت تاریک ہوگئی ہے تو دلیل ہے کہ اہل ملک کو غم واندوہ پہنچے گا اور ان کے کاروبار میں تباہی آئے گی۔ اور اگر دیکھے کہ ہوا روشن تھی اور اچانک ابر کی تاریکی آگئی تو دلیل ہے کہ اس ملک میں ناگہاں موت ظاہر ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تاریکی پانچ وجہ پر ہے۔ اول کفر۔ دوم حیرانی و پریشانی۔ سوم کام کی رکاوٹ۔ چہارم بدعت۔ پنجم گمراہی اور ضلالت میں پڑنا۔

حضرت ابراہیم اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اندھیرے سے روشنی میں آیا ہے تو دلیل ہے کہ غریبی سے امیری میں آئے گا اور غم سے نجات پائے گا اور کام اس پر کشادہ ہوگا اور گمراہی سے دور رہے گا۔

تازیانہ (کوڑا):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں چھیلا ہوا کوڑا دیکھنا دلیل ہے کہ اس کا کام مراد اور انتظام سے ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا کوڑا چھیلا ہوا نہیں ہے تو اس کوڑے کے اندازے پر شرف اور بزرگی کی دلیل ہے۔ اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ خواب میں کوڑے کا دیکھنا تھوڑے مال کی دلیل ہے۔ جس قدر کہ صاحب خواب کا قدر ہے اور اگر دیکھے کہ اس کے کوڑے کا چمڑا ٹوٹ گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس سے کوئی بزرگ اور مال جدا ہوگا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ اس نے خواب میں کسی کو کوڑا مارا ہے تو دلیل ہے کہ کسی کام میں مشغول ہوگا اور اس کو اس سے فائدہ پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کوڑا ہاتھ سے گرا ہے تو دلیل ہے کہ جو کام کرتا ہے اس کو نہ کرے گا اور اگر دیکھے کہ جب اس کے کوڑا مارا ہے اس کے جسم سے خون جاری ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ رنج کی باتیں سنے گا اور اگر دیکھے کہ اس سے خون نہیں نکلا ہے تو دلیل ہے کہ ہر ایک کوڑے کی ضرب پر ایک ایک درہم پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کو کوڑے لگے ہیں تو دلیل ہے کہ مارنے والے سے مال حرام پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کوڑے کے زخم سے خون جاری نہ کیا ہے تو دلیل ہے کہ مال پائے گا اور اگر دیکھے کہ کوڑے کا زخم اس کے جسم پر رہا ہے تو دلیل ہے کہ رنج کی باتیں سنے گا اور اگر دیکھے کہ اس کے کوڑے لگے ہیں اور مارنے والا کا پتہ نہیں ہے تو دلیل ہے کہ اچانک مال پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں بہت اچھا کوڑا ہے اس کی رسی ریشم کی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کوڑا لکڑی کا ہے تو یہ اس

www.waseemziyai.com

کے قوی حال ہونے کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا کوڑا چمڑے کا ہے یا تسمہ چمڑے کا رکھتا ہے تو دلیل ہے کہ خیر و منفعت پائے گا۔ اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ کوڑا اس کے ہاتھ میں ٹوٹ گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند مرے گا یا اپنے کام سے معزول ہوگا اور اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ گھوڑے پر بیٹھا ہے اور اس کو کوڑا مارتا ہے تو دلیل ہے کہ کسی کی جگہ کام کرے گا اور اس کا اس پر احسان دھرے گا۔

اور اگر کوئی دیکھے کہ کسی کی پشت پر کوڑے مارتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ آدمی مال حرام پائے گا۔ یا مارنے والا اس کو تہمت گناہ لگائے گا۔ اور اگر اپنی پشت پر تازیانہ کا زخم دیکھا ہے اور مارنے والا کا پتہ نہیں ہے تو دلیل ہے کہ اس کا دین اور دنیا کا شغل تمام ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ کسی پر کوڑے مارے ہیں اور کوڑا پارہ پارہ ہوگیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے اہل خانہ متفرق ہوں گے اور اگر کسی کو بے اندازہ کوڑے مارے تو دلیل ہے کہ اس کو غم واندوہ پہنچے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اپنے گھر میں خواب دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں چھوٹا کوڑا تھا اور پھر وہ لمبا ہوگیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کی زبان دشمن پر دراز ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ کوڑا دراز تھا اور پھر کوتاہ ہوگیا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن اس پر غلبہ کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کوڑے کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول شور و خروش۔ دوم جھگڑا۔ سوم مشکل کام کا آسان ہونا۔ چہارم سفر اور جدائی۔ پنجم بزرگی اور مال۔

تابہ (توا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں توا گھر کا خدمت گار ہے۔ جو گھر کا منتظم ہوتا ہے۔ اپنے عیال اور دوسروں پر خرچ کرتا ہے اگر دیکھے کہ اس کے پاس نیا توا ہے تو دلیل ہے کہ خدمت گار صالح اس کو حاصل ہوگا یا اس سے جدا ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ توے پر کوئی چیز پکاتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی خدمت گار کا کام درست ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ توے پر سے کوئی چیز کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ کھانے کے مطابق اس کو اس خدمت گار سے فائدہ حاصل ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ وہ کھانے کی چیز بری اور بے مزہ تھی تو یہ غم اور اندوہ پر دلیل ہے۔

تب (تپ، بخار):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کو ہمیشہ تپ تھا کہ ایک پل بھی جدا نہیں ہوتا تھا۔ تو دلیل ہے کہ ہمیشہ فساد اور گناہ میں مبتلا رہے گا۔ توبہ کرنی چاہئے تا کہ عذاب سے نجات پائے۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کا تپ دراز ہے تو دلیل ہے کہ اس کا جسم درست اور عمر دراز ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا تپ تھوڑا تھا تو اس کی تاویل اول کے خلاف اور برعکس ہے۔

تبر (کلہاڑی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تبر ایسا خدمت گار ہے کہ کہنے سے کام کرے گا اور اگر اس کو کوئی کام کہا جائے تو وہ چاہتا ہے کہ اس کو توڑ پھوڑ دے تاکہ دوسری بار اس کو کام نہ کہا جائے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ تبر خواب میں ڈرانے والا آدمی ہے۔ اگر مدد کرے تو منافق ہے اور لوگوں میں جنگ اور جدائی ڈالتا ہے اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس کلہاڑی ہے یا کسی نے اس کو دی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی اسی قسم کے آدمی کے ساتھ دوستی ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا تبر ٹوٹ گیا ہے یا ضائع ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ مرے گا۔

تبیرہ (طبلہ):

طبلہ کا خواب میں دیکھنا بُرا ہے۔ اور جھوٹی بات اور کام ظاہر اور روشن ہے اور یہ سب اس کے بجانے والے پر دلیل ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ طبلے کے ساتھ ناچتا اور رقص کرتا ہے تو یہ غم و اندوہ اور مصیبت پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ صرف بجاتا ہے تو دلیل ہے کہ کار باطل (بے ہودہ کام) اور بے ہودہ بات کہے گا کہ جس کے باعث مشہور ہو جائے گا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں طبلہ اچھی آواز اور بے ہودہ ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ طبلہ بجاتا ہے تو دلیل ہے کہ بے ہودہ کام کرے گا کہ جس کی کچھ اصل نہ ہوگی اور لوگوں کے ساتھ جھوٹا وعدہ کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں طبلہ بجانا ایسا کام ہے کہ جو نادانی کے ساتھ کیا جاتا ہے اور آخر کار اس کا ظاہر ہوتا ہے کہ باطل ہے اور خواب میں طبلہ بجانے والا شیریں اور آراستہ جھوٹ کہتا ہے اور باطن میں عیب کرنے والا اور بری بات کہنے والا ہے۔

تتماج (ہر ایک چیز کی آش):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ تتماج (یعنی شوربا) کو مکری یا بھیڑ یا میٹھے دہی کے ساتھ کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر سپاہی آدمی سے فائدہ حاصل ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ گوشت گائے یا گوشت خرگوش پتلی چیز اور ترش دہی کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ تھوڑا فائدہ کسی کمینے آدمی سے پہنچے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ تمام گوشت خرگوش یا ترش چیز کے ساتھ دلیل غم ہے۔

تخت:

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ تخت پر بیٹھا ہے اور اس پر کوئی چیز بچھائی ہوئی نہیں ہے تو دلیل ہے کہ سفر کرے گا اور اگر دیکھے کہ تخت پر سویا ہے اور اس پر کچھ بچھایا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ بزرگی پائے گا اور تخت کی قدر و قیمت کے مطابق دشمنوں کو مغلوب کرے گا لیکن اس سے غافل ہوگا۔ اگر یہ شخص اہل فساد میں سے ہے تو دلیل ہے کہ اس کو سولی پر چڑھائیں گے۔ خاص کر اگر اپنے آپ کو تخت پر سویا ہوا دیکھے۔ اور اگر دیکھے کہ تخت ٹوٹا اور وہ اس پر سے گر پڑا ہے تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبے سے گرے گا اور اس کا حال بد ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تخت دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ اول عزت و مرتبہ۔ دوم سفر۔ سوم مرتبہ۔ چہارم بلندی۔ پنجم ولایت۔ ششم قدر و جاہ۔ ہفتم کاروبار کا ترقی پر ہونا۔

تخم کاشتن (بیج بونا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے بیج بوئے اور پھر جمع کئے ہیں تو دلیل ہے کہ مرتبہ اور بزرگی پائے گا اور اگر دیکھے کہ جہاں بوئے ہیں وہاں سے کھاتا ہے۔ اس کی تاویل اول سے بہتر ہے۔

اور اگر دیکھے کہ بوئے سے کچھ حاصل نہیں ہوا ہے یا نہ جانا کہ اس کا پھل کیا ہے اور نہ اس کے تھوڑے اور بہت کو جانا، تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ گندم بوئی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو خیر و نیکی پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ جو بوئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا مال جمع ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ باجرہ بویا ہے تو تھوڑے مال پر دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ مسور اور باقلا اور لوبیا اور مانند اس کے بویا ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ اپنی زمین میں تخم بوتا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کرے گا اور اس کا کام بنے گا اور اگر اپنی بوئی ہوئی زمین میں کاشت کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو مال اور نعمت حاصل ہوگی اور اگر دیکھے کہ جو یا گیہوں یا درخت اپنی زمین میں کاشت کئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کی عزت اور مرتبہ زیادہ ہوگا جس قدر کہ اس نے بویا ہے اس کے مطابق پھلے پھولے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تخم بونا چار وجہ پر ہے۔ اول مرتبہ اور بزرگی۔ دوم فساد۔ سوم مال حرام۔ چہارم تجارت میں نفع۔

www.waseemziyai.com

تخمہ (ہیضہ کی ابتدائی حالت):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کو تخمہ (ہیضہ) ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ بیاج (سود) کا مال کھائے گا اور اس کو خرابی ہوگی۔ چاہئے کہ وہ توبہ کرے تا کہ عذاب الٰہی عزوجل سے نجات پائے۔ اور اہل تعبیر کا اتفاق ہے کہ خواب میں بدہضمی کا دیکھنا بھلائی کی دلیل نہیں ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تخمہ چار وجہ پر ہے۔ اول سودی مال۔ دوم فساد۔ سوم مال حرام۔ چہارم خواہش نفس کی تابعداری۔

تخمہار (کئی طرح کے بیج):

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تخم دیکھے جو ترش اور تلخ اور بے مزہ ہیں سب غم و اندیشہ کی دلیل ہیں۔ خاص کر کہ وہ بیج کہ جن کا کھانا نہایت مشکل ہے۔ لیکن جو تخم کھانے میں شیریں اور مزیدار ہیں ان کا خواب میں کھانا تھوڑے فائدہ کی دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بیجوں کا دیکھنا اور کھانا اچھا ہے۔ لیکن بوسیدہ اور کرم خوردہ (جس کو کیڑے کھا جاتے ہیں) کا کھانا یا دیکھنا اچھا نہیں ہے۔

تذرو (چکور):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تذرو یعنی کبک (چکور) بے وفا مرد اور فریب دینے والی عورت ہے۔

اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ چکور خواب میں مال حرام ہے۔ جس کو حیلہ سے حاصل کرے گا۔ اور اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ چکور کے ساتھ لڑتا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بے وفا کے ساتھ اس کا جھگڑا ہوگا۔

اور اگر کوئی دیکھے کہ مادۂ چکور اس کو حاصل ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ ایسی عورت کرے گا جس میں کسی طرح کی بھلائی نہ ہوگی۔

اور اگر کوئی شخص خواب میں چکور کا گھونسلا دیکھے تو دلیل ہے کہ اس گھونسلے کی خوبصورتی کے مطابق خوبصورت عورت سے نکاح کرے گا یا کنیز خریدے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے گھر میں چکور تھی اور وہ مر گئی ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کی عورت ہلاک ہوگی یا عورتوں کی وجہ سے اس پر مصیبت پڑے گی۔ اور اگر کوئی دیکھے کہ چکور اس کے گھر سے اڑ گئی ہے تو اس سے یہ دلیل ہے کہ وہ اپنی عورت کو طلاق دے دے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ چکور خواب میں پارسا یا جمال اور دولت مند عورت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے چکور پائی ہے یا پکڑی ہے تو دلیل ہے کہ اس صفت کی عورت کرے گا جس کا ہم نے اوپر بیان

www.waseemziyai.com

کیا ہے۔

اور اگر کوئی دیکھے کہ چکور اس کی گود میں گری ہے اور سوگنی ہے تو دلیل ہے کہ کوئی اس کے عیال سے سروکار کرے گا اور فریب دے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چکور کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: مال حرام۔ سوم: معیشت۔ چہارم: دل کی مراد تلاش کرنا۔

ترازو:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ترازو خواب میں قاضی ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ اس کے پاس نیا ترازو ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس جگہ میں قاضی اور پاک دین فقیہ ہے اور ترازو کا پلڑا قاضی کی قوت سماعت ہے اور جو درہم اس میں ہیں مقدمہ ہے جو قاضی کرتا ہے۔ اور ترازو کے باٹ عدل وانصاف ہے جو فریقین قاضی کے حکم کے مطابق سنتے ہیں۔

اور اگر دیکھے کہ ترازو کے دونوں پلڑے بالکل برابر ہیں۔ تو دلیل ہے کہ قاضی عادل ہے اور اگر دیکھے کہ ترازو درست نہیں ہے تو دلیل ہے کہ قاضی راست اور منصف (سچا اور انصاف کرنے والا) نہیں ہے۔ حکومت میں ایک طرف کو مائل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ ترازو کی ڈنڈی ٹوٹ گئی ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک کا قاضی مرے گا۔ اور اگر کوئی دیکھے کہ ترازو میں بہت سا نقصان ہے تو دلیل ہے کہ قاضی کے عدل و انصاف میں بہت نقصان ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ترازو کا خواب میں پلڑے پر پلڑا رکھنا قاضی کی عذاب دوزخ سے نجات اور رستگاری (خلاصی نہیں) ہے۔

ترازوگر (ترازو بنانے والا):

ترازو بنانے والا خواب میں بادشاہ ہے۔ اور ترازو راست (صحیح) سچا حاکم قاضی ہے یا وزیر عادل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ میزان قیامت کا خواب میں دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: قاضی۔ دوم: بادشاہ۔ سوم: فقیہ۔ چہارم: ایچی۔ پنجم: سچا حاکم۔ ششم: ناراست حکم (جھوٹ)۔

اور اگر دیکھے کہ قیامت کے روز میزان میں اس کے نیک عمل بُرے عملوں سے زیادہ ہیں تو دلیل ہے کہ جنت میں جائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے فمن ثقلت موازینه فاولئك هم المفلحون۔ (جن کے نیک اعمال بھاری ہیں، وہ نجات پانے والے ہیں)۔

اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ عذاب دوزخ کے لائق ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے ومن

www.waseemziyai.com

خفت موازینه فاولئك الذین خسرو انفسهم فی جهنم خالدون ۔ (اور جن کے اعمال بد زیادہ ہیں، وہی لوگ ہیں کہ جن کی جانیں خسارے میں ہیں، وہ دوزخ میں ہمیشہ رہیں گی)۔

ترب (مولی):

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مولی کا دیکھنا اور خاص کر اس کا کھانا غم واندوہ کی دلیل ہے۔

اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ مولی کھائی ہے تو دلیل ہے کہ جس قدر کھائی ہے اسی قدر غم واندوہ اٹھائے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ کسی نے اس کو مولی دی ہے تو دلیل ہے کہ اس سے اس کے دل کو غم واندوہ پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو مولی دی ہے یا گھر سے باہر پھینکی ہے اور اس کو ذرا بھی نہیں کھایا ہے تو دلیل ہے کہ غم واندوہ سے نجات پائے گا۔

تربد (کٹکی):

تربد یعنی کٹکی سفید وسیاہ ایک (دست آور) دوا ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کٹکی کا دیکھنا غم اور اندیشے کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ کھائی ہے تو جس قدر کھائی ہے نقصان مال کی دلیل ہے۔

ترخون (ایک قسم کا پودینہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ترخون خواب میں بدگوہر اور بدکردار آدمی ہے۔ کیونکہ ترخون کی اصلیت سپند ہے۔ سپند کو جب سرکہ میں بھگوتے ہیں اور مدت کے بعد اس سے نکالتے ہیں یہاں تک کہ اس کی طبیعت اور مزہ اپنے حال سے بدل جاتا ہے۔ پھر اس کو بوتے ہیں۔ جب وہ پیدا ہوتا ہے تو اس کو ترخون کہتے ہیں۔

اور اگر دیکھے کہ اپنے پاس ترخون ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اس مرد سے ضرر اور نقصان پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ترخون دیا ہے یا گھر سے باہر پھینکا ہے تو دلیل ہے کہ ایسے آدمی کی صحبت سے جدائی تلاش کرے گا اور اس سے دور رہے گا۔

ترسائی (عیسائی):

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی مسلمان دیکھے کہ وہ آتش پرست ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ گمراہی اور بدعت کے رستے پر چلے گا اور دین اسلام پر اعتقاد نہ رکھے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کسی ترسائی کو دیکھے تو اس پر فتح پائے گا۔ کیونکہ ترس نصرانی ہے اور نصرانی نصرت سے مشتق ہے اور اگر عیسائی دیکھے کہ مسلمان ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ مسلمان ہو گا یا

www.waseemziyai.com

مرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس کی صحبت عیسائیوں کے ساتھ ہے تو دلیل ہے کہ ان کا دوست اور ہوا خواہ ہوگا اور دین اسلام پر اس کا اعتقاد ضعیف اور سست ہوگا۔

ترسیدن (ڈرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ڈرنا امن ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ کسی سے ڈرتا ہے اور ڈرانے والا کا پتہ نہیں ہے تو دلیل ہے کہ اس کو ڈرانے والے سے کوئی مکروہ بات پہنچے گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ڈرنا فتح ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: النصرة بالرعب۔ (فتح دہشت کے ساتھ ہے)۔ اور اگر دیکھے کہ چور یا جانور سے ڈرا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اپنے لواحقین سے ضرر اور نقصان اٹھائے گا۔

ترشیہا (کٹھائیاں):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ترشی کا کھانا، خاص کر ترش میووں کا کھانا اندیشہ غم ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو ترش چیز دی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے باعث دوسرے کو غم واندوہ پہنچے گا۔ حاصل یہ ہے کہ ترش چیزوں کے کھانے میں بھلائی نہیں ہے۔

ترف (باقلا مصری):

ترف یعنی باقلا مصری جو ترش ہوتا ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ترف خواب میں دیکھنا غم واندوہ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ ترف کھایا ہے تو دلیل ہے کہ قرض دار ہوگا اور اس کی وجہ سے غمگین ہوگا کیونکہ ترف کا مزہ ترش اور رنگ میلا ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ترف کا خواب میں دیکھنا تھوڑا مال ہے اور اس کا کھانا غم واندوہ ہے۔

ترنج (لیموں، نیبو):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ لیموں اگرچہ کسی قدر زرد ہوتا ہے۔ لیکن خوشبودار اور خوش ذائقہ اور دیکھنے میں اچھا ہوتا ہے۔ اور کہتے ہیں کہ جنت کے میووں میں سے ہے اور اس کو خواب میں دیکھنا نیک ہے۔ اگر کوئی ایک ترنج یا دو تین خواب میں دیکھے تو اس کی تاویل فرزند ہے۔ اور اگر بہت دیکھے تو مال اور نعمت حلال پائے گا۔ اور خواب میں سبز ترنج کا دیکھنا زرد سے بہتر ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ترنج خواب میں لوگوں کے نزدیک دولت مند اور خوبصورت مرد ہے۔ جس کو سب پسند کرتے ہیں۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس ترنج ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی ایسے مرد سے صحبت ہوگی۔ اور اگر ترنج اپنی گود میں دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں خوبصورت

www.waseemziyai.com

لڑکا پیدا ہوگا۔

اور اگر کوئی دیکھے کہ اس نے ترنج کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اپنے مال سے یا کسی بزرگ کے مال سے کامیابی ہوگی اور اگر دیکھے کہ ترنج کو چھپایا اور لپیٹا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند ہلاک ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر میں بہت سے ترنج ہیں اور کسی کو بخشے ہیں تو دلیل ہے کہ کسی کے حق میں نیکی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ترنج اس کی آستین میں ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند کنیز سے پیدا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ ترنج آستین سے گرا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو فرزند حاصل ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ترنج کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: عورت خوبصورت۔ دوم: کنیز پاک دین۔ سوم: دوست توانگر۔ چہارم: فرزند شریف اور صالح۔

ترنگبین (ترنجبین):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ترنجبین مال حلال بے منت ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: وانزلنا علیکم المن والسلوی کلوا من طیبات مارزقنکم۔ (اور ہم نے تم پر من اور سلوے کو اتارا ہے۔ ہماری دی ہوئی صاف ستھری چیزیں کھاؤ)۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سی ترنجبین ہے۔ یا کسی نے اس کو دی ہے تو دلیل ہے کہ بے امید جگہ سے بہت سی روزی پائے گا اور اس کے کاروبار نہایت انتظام سے ہوں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں ترنجبین دیکھے یا کھائے تو دلیل ہے کہ تین وجہ پر ہے۔ اول: مال اور روزی بغیر کسی احسان کے۔ دوم: معیشت اور کاموں میں کشائش۔ سوم: دل کی مراد پانا۔

تره دوغ (لسی میں بہاجی):

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تره دوغ کا کھانا غم اور اندوہ پر دلیل ہے۔

تره فروشی (سبزی کا بیچنا):

اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ سبزی بیچتا ہے تو اس کی تاویل نیک ہے۔ کیونکہ اس کے ہاتھ سے ایسا کام ہوتا ہے کہ جس کی سب کو ضرورت ہے۔ اور خواب میں سبزی کو کھانا بیماری اور مفلسی اور غم واندوہ ہے۔

تره (سبزی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جو سبزیاں بے مزہ اور تلخ ہیں ضرر و نقصان کی دلیل ہیں۔

www.waseemziyai.com

تریاک (تریاق):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بیماری کی وجہ سے تریاک کا کھانا دلیل ہے کہ رنج سے رہائی پائے گا اور سب کام اس پر کشادہ ہوں گے اور اگر اس کے خلاف ہے تو غم واندوہ اور نقصان اور اندیشہ اور مختلف قسم کے تفکرات کی دلیل ہے۔

تزویج (نکاح کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ عورت کی ہے۔ شادی شدہ ہے تو شرف اور بزرگی کی دلیل ہے۔ اور اگر کنوارہ ہے تو مالدار عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ عورت کو طلاق دی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی بزرگی اور شرافت زائل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ مردہ عورت سے نکاح کیا ہے اور اس کے ساتھ جماع بھی کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس عورت کی ملک اور مال سے اس کو کچھ حاصل ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے ساتھ جماع نہیں کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اس کے مال میں سے کچھ تھوڑی چیز حاصل ہوگی۔

اور اگر کوئی عورت دیکھے کہ اس نے کسی مرد سے نکاح کیا ہے اور عورت کے گھر میں وہ مرد اس کے ساتھ جمع ہوا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کے مال کا نقصان ہوگا یا اس کا حال متغیر ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ عورت کی ہے لیکن عورت کو نہ دیکھا اور اس کا حال نہ جانا۔ تو دلیل ہے کہ اس کی موت قریب ہے اور اگر عورت کو دیکھے اور نامعلوم جگہ ہے اور وہ مکان کسی مردے کی ملک ہے اور وہ مردہ اس عورت کے ساتھ جمع ہوا ہے۔ تو دلیل ہے کہ وہ عورت مرے گی۔ اور اگر وہ مکان معلوم ہے تو عورت کے نقصان کی دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر شوہر دار عورت خواب میں دیکھے کہ اس کا دوسرا شوہر ہے اور شادی کو نہیں دیکھا ہے تو شرف اور عزت اور زیادتی مال کی دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی شادی ہونے والی ہے اور اس نے شادی کو نہیں دیکھا ہے اور نہ پہچانا ہے۔ تو اس کے لئے موت کا خوف ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ کوئی آدمی اس کے ہاتھ سے ہلاک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ بیمار ہے اور نامعلوم عورت کا وہ خواستگار ہوا ہے۔ اور یا کوئی دیکھے کہ اس کی عورت شوہر کرتی ہے اور اس شوہر کو وہ گھر میں لے گئی ہے تو دلیل ہے کہ اس سبیل (اس طریق) سے شوہر کو بہت سا مال ملے گا۔

اور اگر کوئی دیکھے کہ نابکار عورت اس کے نکاح میں آئی ہے اور اس کے ساتھ جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ مشکل کام اس پر آسان ہوگا اور اگر جماع نہیں کیا ہے تو جو کچھ ہم نے کہا ہے کم تر ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے کنواری لڑکی سے شادی کی ہے اور اس کا کنوارہ پن زائل کیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس سال میں اس کی عورت یا کنیز حاصل ہوگی اور بادشاہ

www.waseemziyai.com

سے خیر و نیکی دیکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ حرام کے ساتھ کنواری لڑکی کو لے گیا ہے تو اس سے دلیل ہے کہ مال حرام حاصل کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عورت کرنا چار وجہ پر ہے۔ اول: بزرگی۔ دوم: زیادتی مال۔ سوم: آرام۔ چہارم: شادی اور خوشی۔

تسبیح کردن (تسبیح کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تسبیح کرنا اللہ تعالیٰ کے فرمان کی تابعداری ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ تسبیح کرتا ہے تو دلیل ہے کہ فرمان حق کا مطیع ہوگا اور غم واندوہ سے نجات پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ خواب میں اپنے ساتھ تسبیح رکھتا ہے تو اس کو غم واندوہ پہنچے گا۔ لیکن اس کو اس کا اجر اور ثواب ملے گا۔ اور اگر دیکھے کہ تسبیح کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہے تو دلیل ہے کہ دین میں قوی ہوگا اور مال پائے گا۔ اور اگر یہ خواب کوئی والی ملک دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا ملک آباد ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **لئن شکر تم لا زیدنکم**۔ (اگر تم شکر گزار ہو گے تو ہم تمہیں اور زیادہ دیں گے)۔

طشت (تھال):

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ طشت خواب میں خادمہ عورت ہے۔

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ طشت خواب میں ایسی کنیز ہے کہ جس کے سپرد گھر کی ضروریات ہوتی ہیں۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس طشت ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے یا اس نے خریدا ہے تو دلیل ہے کہ گھر میں خادمہ عورت لائے گا۔ یا کنیز خریدے گا۔ اور اگر دیکھے کہ طشت ٹوٹا ہے یا ضائع ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی کنیز بھاگے گی یا دنیا سے رحلت کرے گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے طشت خریدا ہے تو دلیل ہے کہ خادم عورت کو یا کنیز کو اپنی عورت بنائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں طشت کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: زن (عورت) خادمہ۔ دوم: کنیز۔ سوم: عورتوں سے نفع حاصل کرنا۔

تشنگی (پیاس):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سیرابی پیاس سے بہتر ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بہت پیاسا ہے اور پانی نہیں ملا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو دین کے لئے یا دنیا کے لئے رنج اور زحمت پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ پیاسا تھا یا پانی نہ ملا۔ یا کسی نے اس کو دیا اور اس نے پیا۔ تو دلیل ہے کہ رنج اور بلا سے نجات پائے گا اور آخر کار مراد کو پہنچے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پیاس دین کا فساد ہے۔ اور اگر دیکھے کہ پیاس میں پانی پایا اور پیا تو دلیل ہے کہ گناہ کرے گا اور آخر کار توبہ کرے گا اور مصلح پارسا ہوگا۔

تعویذ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس اسمائے الٰہی کا تعویذ ہے تو دلیل ہے کہ سختی اور غم سے چھوٹے گا۔ اور اگر قرض دار ہے تو قرض سے سرخرو ہوگا۔ بیمار ہے تو شفاء پائے گا۔ قیدی ہے تو رہا ہوگا۔ سفر میں ہے تو سلامتی سے واپس آئے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ تعویذ لکھ کر لوگوں کو دیتا ہے تو دلیل ہے کہ اس سے لوگوں کو منفعت (فائدہ) پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ تعویذ لکھ کر اور قیمت لے کر لوگوں کو دیتا ہے تو دلیل ہے کہ فکر مند اور غمناک ہوگا۔

تغار (بڑا تھال، تغاری):

خواب میں تغار کا دیکھنا غمگسار اور صالح عورت ہے جو گھر کو درست رکھتی ہے اور لوگوں کو بہتری کی راہ سکھاتی ہے اور شر اور فساد سے توبہ کرتی ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کا تغار ٹوٹ گیا ہے یا ضائع ہو گیا تو دلیل ہے کہ وہ عورت اس سے جدا ہو گی یا دنیا سے رحلت کرے گی۔ اور بعض اہل تعبیر کے نزدیک تغار کنیز اور خادمہ ہے۔

تفشلہ (پختہ مسور):

تفشلہ یعنی پکے ہوئے مسور کو خواب میں دیکھنا غم واندوہ کی دلیل ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ پکے ہوئے مسور کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ غم واندوہ کھائے گا یا اس کا کسی کے ساتھ جھگڑا ہوگا۔ اس باعث سے رنجور (بیمار) ہوگا۔ حاصل یہ ہے کہ مسور کھانے میں خیر ومنفعت (فائدہ) نہیں ہے۔

تکبیر کردن (تکبیر کہنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ تکبیر کہتا ہے تو دلیل ہے کہ دشمنوں کی شرارت سے امن میں رہے گا اور خیرات کے دروازے اس پر کشادہ ہوں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تکبیر کہنا چار وجہ پر ہے۔ اول: دشمن سے امن۔ دوم: بلا اور فتنہ سے خلاصی۔ سوم: خیر و برکت۔ چہارم: بستہ کاموں کی کشائش۔

www.waseemziyai.com

تگرگ (ژالہ، اولہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اولہ خواب میں دیکھنا اگر وقت پر اور تھوڑا نہ ہو تو عذاب اور دنیا کی تنگی ہے۔ اور اگر وقت پر ہے تو موضع والوں کو فراخی اور نعمت ملے گی۔ لیکن بے وقت اولوں کا دیکھنا اس موضع کے اہل پر غم اور اندوہ اور پریشانی کی دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اولوں کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: بلا۔ دوم: جھگڑا۔ سوم: لشکر۔ چہارم: قحط۔ پنجم: بیماری۔

تل (پشتہ):

تل فارسی میں پشتہ کو کہتے ہیں۔ اس کی شرح اور تعبیر حرف باء میں بیان ہو چکی ہے۔

تمام شدن کار (کاموں کا پورا ہونا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے دنیاوی کام نظام سے ہیں اور بامراد ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے احوال میں تغیر ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: حتی اذا اخذت الارض زخرفها و ازینت۔ (یہاں تک کہ زمین جب اپنا سنگار کرتی ہے اور سنور جاتی ہے)۔

تن مردم (آدمی کا جسم):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ آدمی کا جسم خواب میں دیکھنا غم اور اندوہ کی دلیل ہے کہ لوگوں کی معیشت ہے۔ اور جس قدر جسم کمی اور زیادتی دیکھے گا۔ عیش اور معیشت پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا جسم لاغر اور نحیف ہے تو درویشی اور بستہ کاموں پر دلیل ہے۔ اور اگر جسم فربہ دیکھے تو انگری اور کشائش کار پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے جسم سے دھاگہ نکلا ہے اور لمبا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ عیش اور فراخی سے زندگی گزارے گا اور اس کا مال زیادہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا جسم لوہے یا تانبے کا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی اور روزی و نعمت اس پر فراخ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا جسم کانچ کا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی موت قریب ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس کا جسم درست اور قوی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام نظام سے ہوگا اور اس کا رز اپوشیدہ رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا جسم ضعیف ہے تو دلیل ہے کہ درویش ہوگا۔ اور اس کا راز ظاہر ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی اپنے جسم پر زیادتی دیکھے تو قوت اور تونگری اور دشمن پر فتح پانے کی دلیل ہے۔ اور اگر اپنے جسم پر نقصان دیکھے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے تمام جسم پر ورم ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔

www.waseemziyai.com

تندر (کڑک):

تندر یعنی کڑک کو خواب میں دیکھنا حاکم اور عام لوگوں سے خوف اور دہشت ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص کڑک کو بارش کے ساتھ دیکھے تو دلیل ہے کہ لوگوں کو خوف اور دہشت کم ہوگی اور نعمت اور خیر زیادہ حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ بارش سخت برستی ہے اور کڑک بھی سخت ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب ماں باپ کی دعا سے خوف کھائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ تھوڑی رعد کا کڑکڑانا اور تھوڑی بارش زاہد اور صالح لوگوں کی دعا سے دہشت ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کڑک کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: عذاب۔ دوم: حکومت۔ سوم: زحمت۔ چہارم: دبدبہ۔ پنجم: بادشاہ کا غصہ۔

اگر کوئی شخص خواب میں کڑک کی آواز برسنے کے وقت سنے تو دلیل ہے کہ اس ملک میں خیر و برکت ظاہر ہوگی۔ اور اگر دیکھے کی بارش اور کڑک اور بجلی ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک کے لوگوں کو بادشاہ سے خوف اور دہشت ہوگی۔

اور اگر کوئی دیکھے کہ بارش میں اولے بھی پڑتے ہیں تو دلیل ہے کہ اس ملک میں فتنہ اور عذاب اور ہلاکت برپا ہوگی۔ اور گر کوئی دیکھے کہ بجلی سخت کڑکڑائی ہے تو دلیل ہے کہ آواز اور ہیبت بادشاہ کی اس ملک میں چھا جائے گی۔ اور اگر دیکھے کہ کڑک اور بجلی اور ہوا تاریک ہے تو دلیل ہے کہ ظالم بادشاہ ظاہر ہوگا۔

تندیسہا (تصویریں):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اگر تصویروں کا سایہ زمین پر پڑتا ہوا دیکھے۔ خاص کر اگر سیاہ ہے تو غم واندوہ کی دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تصویریں تین وجہ پر ہیں۔ اول: غم واندوہ۔ دوم: نقصان قدر اور مرتبہ۔ سوم: کاموں میں خیانت۔

تنگی:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ تنگی سے فراخی میں آیا ہے اور امن کی جگہ میں ہے تو دلیل ہے کہ اس کے کام انتظام سے ہوں گے اور رنج سے راحت اور آسانی میں ہوگا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو تاویل نیک نہیں ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ تنگ جگہ میں گرفتار ہوا ہے تو دلیل ہے کہ مشکل کام میں پڑے گا اور خلاصی نہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس جگہ خوراک تنگ ہے تو دلیل ہے کہ اس پر روزی

www.waseemziyai.com

تنگ ہوگی اور تمام چیزوں کی تنگی خواب میں نیک ہے۔

تنور:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ تنور خواب میں بزرگ اور گھر کا سردار ہے۔ اور بعض اہل تعبیر بیان کرتے ہیں کہ تنور خواب میں گھر کی مالکہ ہے۔ اگر دیکھے کہ تنور اس کے پاس ہے تو دلیل ہے کہ امور خانہ داری میں انتظام ہوگا اور تندرستی ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ تنور گرا اور خراب ہوگیا ہے تو رنج اور آفت اور بیماری اور خانہ داری کی بربادی پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ روٹی تنور میں لگتی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر حلال کی روزی پائے گا اور اس کا کام نیک ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ تنور میں بہت سی آگ لگی ہے اور بغیر روشنی کے ہے اور تنور پر آگ کی لپیٹ بغیر دھوئیں کے ہے تو دلیل ہے کہ سفر بیت المقدس یا حج کو جائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: من شاطی الوادی الایمن فی البقعة المبارکة۔ (وادیٔ ایمن کے کنارے سے مبارک جگہ میں)۔ اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ صاحب خواب کو خیر و منفعت حاصل ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تنور کا دیکھنا دو وجہ پر ہے۔ اول: خیر و منفعت، خاص کر اگر نیا ہے۔ دوم: مرد با ہیبت سخت ہے۔

توبرہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ توبرہ (جانور کو دانہ کھلانے کا تھیلا) خواب میں خاص کر اگر نیا ہے تو خیر و برکت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس توبرہ ہے۔ یا کسی نے اس کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ کسی سے خیر و منفعت پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے توبرہ ضائع ہوگئے ہیں تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

توتیا (سرمہ):

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سرمہ دیکھنا مال ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے سرمہ ڈالا ہے اور اس سے، مقصود آنکھ کی روشنی ہے تو دلیل ہے کہ دین کی اصلاح ڈھونڈے گا۔ اور اگر اس کا مقصود اس کے خلاف ہے تو دلیل ہے کہ اپنی دینداری لوگوں پر منافقانہ طور پر ظاہر کرے گا تاکہ لوگ اس کو اچھا جانیں۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس کو کسی نے سرمہ دیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر مال حاصل ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ سرمہ کھایا ہے تو دلیل ہے کہ محتاج اور غمناک ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ بغل کے نیچے بدبو کے دور کرنے کے لئے سرمہ رکھتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس کے باعث اس کی مدح و ثنا اور نیکی بیان کی جائے گی۔

www.waseemziyai.com

توت (شہتوت):

خواب میں شیریں توت کھانا روزی ہے اور شہتوت کا کھانا غم واندوہ ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ شیریں توت موسم میں کھانا دلیل ہے کہ اسی قدر اپنے کسب سے روزی پائے گا۔ اگر یہ خواب قوت کے موسم پر دیکھے تو بے موسم سے نہایت اعلیٰ ہے۔ اور اگر موسم پر نہیں ہے تو غم واندوہ کی دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ توت شیریں کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ جوان آدمی سے مزدوری اور صلہ اور عطا پائے گا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ شہتوت کھائے ہیں تو دلیل ہے کہ غمگین اور فکرمند ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں توت تین وجہ پر ہے۔ اول: مال۔ دوم: کسب سے منفعت۔ سوم: عورت کے لئے جھگڑا۔

تورات:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ تورات (حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل کردہ آسمانی کتاب) کو پڑھتا ہے تو بظاہر دلیل ہے کہ اس کو کسی باحشمت (صاحب مرتبہ) شخص سے قوت حاصل ہوگی اور کسی سے جھگڑا کرے گا اور اس پر فتح پائے گا اور اس کی مراد حاصل ہوگی۔ اور اگر کوئی دیکھے کہ کسی کو تورات کی تعلیم دیتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اس سے خیر پہنچے گی۔

تیر:

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں تیر کا دیکھنا راست گو (سچ بولنے والا) مرد ہے کہ اس سے لوگوں کو خیر پہنچتی ہے۔ اور بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ غیبت کرتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کی طرف تیر ڈالا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کو پیغام پہنچے گا۔ خاص کر اگر دیکھے کہ اس نے چبھونے کے لئے ڈالا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے تیر مارا ہے اور اس کی نیت نشانہ ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اس کا خط آئے گا۔

www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حروف جیم

چادر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ چادر خواب میں دیکھنا عورت کا ستر پوش ہے۔ اور اگر دیکھے کہ عورتوں کی طرح چادر پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ اس کام میں خیر وشر ہے۔ لیکن اس کام کو اس سے برا جانیں گے اور اگر کوئی دیکھے کہ چادر پھٹ گئی ہے یا جل گئی ہے تو دلیل ہے کہ اس وقت اس کی پردہ داری کی جائے گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ چادر شب خواب میں دیکھنا عورت ہے اگر کوئی دیکھے کہ اس کے پاس چادر شب ہے یا اس کو کسی نے دی ہے تو دلیل ہے کہ نئی عورت کرے گا۔

اور اگر کوئی دیکھے کہ نئی چادر خریدی ہے تو دلیل ہے کہ کنیز خریدے گا۔ اور اس کو فرزند پیدا ہوگا۔ اور اگر یہ خواب عورت دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ شوہر کرے گی۔ اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی چادر شب جل گئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا شوہر مرے گا یا اس کو طلاق دے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چادر دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: قدر و جاہ۔ دوم: مرد کو عورت اور عورت کو مرد کا حصول۔ سوم: گھر کی حکومت اور سرداری

جادو کردن (جادو کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جادو کرنا کار باطل (بے ہودہ کام) ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ وہ جادو کرتا ہے تو دلیل ہے کہ بے ہودہ اور باطل کام کرے گا۔ اور بعض اہل تعبیر کے نزدیک جس کے لئے جادو کیا جائے اس کو فتنہ ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جادو کرنا جھوٹ کا عہد ہے کہ جس سے لوگوں کو فریب دے گا اور خواب میں جادو فریب دینے والا دشمن ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جادو کرنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: فتنہ۔ دوم: فریب۔ سوم: مکر۔ چہارم: اندیشہ۔ پنجم: باطل اور جھوٹ۔ ششم: بے اصل کام۔

چہار پایہ (چوپایہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس چوپایہ (جانور) ہے

www.waseemziyai.com

اوراس کا مطیع وفرماں بردار ہے تو دلیل ہے کہ اس کی قیمت کے مطابق جنگلی آدمی سے فائدہ اٹھائے گا۔

اوراگر کوئی دیکھے کہ جنگلی چوپاؤں کا ریوڑ اس کے پاس آیا اوراس کا مطیع ہوگیا ہے تو دلیل ہے کہ جن لوگوں کا مسکن جنگل میں ہے اس کے تابع ہوں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ جنگلی چوپایوں کو پوجتا ہے تو دلیل ہے کہ دانا لوگوں سے جھگڑے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ چوپایہ ہوگیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عقل زائل ہوگی اوراگر دیکھے کہ اس چوپایہ اس سے باتیں کرتا ہے تو دلیل ہے کہ بزرگی پائے گا۔اوراگر دیکھے کہ چوپائے کا گوشت کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال پائے گا۔

جاروب (جھاڑو):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جھاڑو خواب میں دیکھنا خادم اور خدمت گار ہے اور رات میں جھاڑو خادم ہے۔ جو کئی چیزوں کا تقاضا کرتا ہے۔اوراگر دیکھے کہ گھر میں جھاڑو دیتا ہے کہ اس کا مال ضائع ہو گا۔اوراگر دیکھے کہ کسی کے گھر میں جھاڑو دیتا ہے۔تو دلیل ہے کہ کسی کا مال اس کو پہنچے گا۔خاص کر اگر دیکھے کہ گھر میں جھاڑو دے کر خاک کو اپنے گھر میں لے آیا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جھاڑو کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔اول: خادم۔ دوم: منفعت۔سوم: لوگوں کی چیزوں کا تقاضا کہ اس کو پہنچیں۔

جام (پیالہ):

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ پیالہ پانی سے یا گلاب سے پر پکڑا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے اوراس نے پیا ہے۔تو دلیل ہے کہ عورت کرے گا یا کنیز خریدے گا کہ اس کو پارسا لڑکا پیدا ہوگا اوراس سے راحت دیکھے گا۔

اوراگر دیکھے کہ پانی پیالہ سے گرا اور پیالہ رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند مرے گا اور عورت بچے گی۔ اوراگر پیالہ ٹوٹا اور پانی گرا تو عورت اور فرزند دونوں کی موت کی دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ پیالے اس کے گھر کی دیوار پر لگائے ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ ان پیالوں کے شمار پر اس کی عورت اور کنیزیں ہوں گی اوراگر پیالہ سفید یا سبز دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی عورتیں صالح اور پارسا ہوں گی۔

اوراگر کوئی سرخ پیالے دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی عورتیں عیش پسند اور مفسد ہوں گی اوراگر زرد پیالے دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی عورتیں بیمار اور زرد ہوں گی۔اوراگر سیاہ پیالہ دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی عورتیں غم

www.waseemziyai.com

ناک اور مصیبت زدہ ہوں گی۔

جامہ (کپڑا، لباس):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کپڑا کسب اور مرد کا نام ہے۔ اگر اپنے کپڑے اچھے دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کسب اور کام بد ہوگا۔

اور اگر بادشاہ خواب میں اپنے کپڑے سیاہ دیکھے تو اس کی نیک حال کی دلیل ہے۔ اور اگر رعیت اپنے کپڑے سیاہ دیکھے تو غم واندوہ کی دلیل ہے۔ اور زرد کپڑا خواب میں بیماری ہے اور سرخ کپڑا خواب میں خوشی ہے اور توفیق طاعت ہے۔ دلیل یہ ہے کہ سبز کپڑا اہل جنت کا ہے۔ وہ بھی اچھا ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **عالیھم ثیاب سندس خضر واستبرق**۔ (ان کے اوپر سبز ریشم کے جامے ہیں)۔

اور سفید کپڑا خواب میں دھویا ہوا دیکھنا آدمی کے کام بننے کی دلیل ہے۔ اور نیلا کپڑا نقصان کی دلیل ہے اور جلا ہوا کپڑا عورتوں کی دلیل ہے۔ جو بادشاہ کے باعث سے ہے اور پھٹا ہوا کپڑا راز کے ظاہر ہونے کی دلیل ہے۔ اور پشمینے اور نمدے اور ٹاٹ کا کپڑا مال اور مراد کے حاصل ہونے پر دلیل ہے اور چیتھڑے لگا ہوا کپڑا درویشی اور تنگدستی کی دلیل ہے۔ اور میلا کپڑا خواہ کسی قسم کا ہو، اندوہ اور غم کی دلیل ہے اور کاغذی کپڑا ملامت اور بدی کی دلیل ہے اور چوپاؤں کے پوست کا جامہ خیر اور منفعت کی دلیل ہے۔ اور بغیر سلائی کے کپڑا کفن کی شکل پر دلیل ہے کہ اس کے دین کے کام پورے ہو گئے ہیں لیکن اس کی عمر بھی آخر کو پہنچ گئی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ گدھے کا چمڑا پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبہ پائے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ سرداری کے کپڑے پہنے ہوئے ہیں۔ اگر اس کپڑے کا اہل ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام قوی ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ وزارت کا لباس پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ مال بہت پائے گا۔ لیکن لوگوں سے ملامت دیکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دربانی کا لباس پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ بزرگوں کی عطاء سے محروم رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شاہی مددگار کا لباس پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ کوئی اس کو عطا پہنچانے میں مددگار ہوگا۔ اور اگر جلاد کی پوشاک پہنے ہوئے دیکھے تو دلیل ہے کہ نفع پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نمبردار کی پوشاک پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ با امانت اور زبان آور ہوگا اور لوگوں کے ضروری کاموں میں مشغول ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ صوفیوں کا لباس پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ اس کا دین زیادہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ زاہدوں کا لباس پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ با امانت ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ سوداگروں کا لباس پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ اس کا دنیا کا کاروبار نیک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اہل صلاح کا لباس پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ اسکا دین صلاح پر ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اہل فساد کا لباس پہنے ہوئے ہے تو اندوہ اور غم کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ مزدور کارکن کا لباس پہنا ہے تو دلیل ہے کہ فکرمند اور پریشان ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ طبیب کا لباس پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام نیک ہوگا اور لوگوں میں مشہور ہوگا۔

www.waseemziyai.com

اور اگر کوئی شخص دیکھے کہ یہودیوں کا لباس پہنا ہے تو دلیل ہے کہ کسی مکر وحیلہ سے ہلاک کرے گا اور اس کا سرانجام بد ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ عیسائیوں کا لباس پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس کے باعث دوست سے امن میں نہ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ پادریوں کا لباس پہنے ہوئے ہے تو اس سے دلیل ہے کہ وہ بدعتی ہوگا اور اس کی رغبت کفر اور گمراہی کی طرف ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس آتش پرستوں کا لباس ہے تو دلیل ہے کہ اس کی رغبت بد دینوں اور جاہلوں کی طرف ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ سپاہیوں کا لباس پہنے ہوئے ہے تو اس سے دلیل ہے کہ اس کی کسی کے ساتھ عداوت ہوگی۔

اور اگر کوئی شخص دیکھے کہ اس کے پاس کسی مرتد کا لباس ہے تو دلیل ہے کہ اس کو کوئی شخص چیز دے کر پھر واپس لے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بت پرست کا لباس ہے تو دلیل ہے کہ کسی بادشاہ یا امیر کی خدمت میں مشغول ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ عورت کا لباس پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ اپنے بزرگ سے دور ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ جیل والوں کے کپڑے پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ کسی کام کے لئے غمگین اور حاجت مند ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ قلی کا لباس پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ امانت دار ہوگا اور انگشت نما ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ گورکن کا لباس پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ کسی کمینے اور کم ہمت کی خدمت میں مشغول ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ ناخدا کا لباس پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ اس کو کسی مصلحت سے حلال کی روزی پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ قصابی کا لباس اس کے پاس ہے تو دلیل ہے کہ اس کو نقصان اور اندوہ پہنچے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے باشکوہ لباس پہنا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کے ساتھ راستی سے صحبت نہ رکھے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس کے پاس نیا کپڑا ہے اور دھوبی کا دھلا ہوا نہیں ہے تو نیکی کی دلیل ہے اور تنگ اور کمینہ کپڑا دیکھنا اور کورا کپڑا دھوبی کے دھلے سے بہتر ہے اور زربفت کا جامہ عقلمند عورت اور دانا کنیز ہے۔

اور چادر کا کپڑا دھاری دار خیر و منفعت ہے۔ اور نامعلوم رسی کا کپڑا کوڑے کا زخم یا سخت غم ہے جو اس کو پہنچے گا اور مقرر کپڑا طلب کیا ہوا مال ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جامہ دیکھنے کی تاویل دو طرح ہے۔ ایک کا تعلق دین سے ہے اور دوسرے کا تعلق دنیا سے ہے۔ اور سفید کپڑا دین ہے اور کپڑا نیا دستار کا دنیا ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ اس کے پاس نیا سفید پاکیزہ کپڑا ہے تو یہ دنیا اور دین دونوں کے لئے بد ہے۔ اور اگر کپڑے کو میلا اور پھٹا ہوا دیکھے۔ تو

www.waseemziyai.com

یہ بھی فساد دین اور فساد دنیا کی دلیل ہے۔ اور سرخ کپڑا عورتوں کی دنیا کے لئے نیک ہے اور مردوں کے لئے بھی نیک ہے اور پیراہن اور ازار اور ریشمی چادر اور قبا اور دستار یہ سب چیزیں مردوں کے لئے غم واندوہ ہے یا جنگ اور خصومت اور جھگڑا ہے اور زرد کپڑا مردوں کے لئے بیماری ہے۔

اور بعض اہل تعبیر کے فرمان کے مطابق اگر عورت دیکھے کہ اس نے زرد لباس پہنا ہے تو دلیل ہے کہ وہ شوہر کرے گی اور اگر شوہر دار ہے تو بیمار ہوگی اور جامہ سبز عورتوں اور مردوں کے لئے دین ہے اور زندہ پر دیکھے تو دین کی صلاح ہے اور اگر مردے پر دیکھے تو آخرت کی نجات کی دلیل ہے۔ اور سیاہ کپڑا اس کے لئے جو ہمیشہ سیاہ پہنتا ہے نیک ہے۔ لیکن سفید پہننے والے کے لئے سیاہ لباس نیک ہے۔ ورنہ دین میں اور نہ دنیا میں اچھا ہے۔

اور بعض اہل تعبیر کے نزدیک سیاہ کپڑا خطیب اور قاضی اور بادشاہ کے لئے اچھا ہے اور رعایا کے لئے غم و اندوہ ہے۔ اور نیلا کپڑا بہتان، غم اور مصیبت ہے۔

اگر کوئی دیکھے کہ اس کے پاس رنگ دار کپڑا ہے۔ سبز اور سرخ اور زرد ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے یا اس ولایت کے حاکم سے ایسی بات سنے گا جو اسے بھلی نہ معلوم ہوگی۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس کپڑا دونوں طرف سے دورنگا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اہل دنیا اور اہل دین کے ساتھ ذلت سے زندگی بسر کرے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اپنا کپڑا کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے مال میں سے بہت کچھ خرچ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پھٹا ہوا کپڑا پہنا ہے تو دلیل ہے کہ سفر میں رہے گا۔ یا کسی کام کے لئے اس کو قید خانہ میں لے جائیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا جامہ ضائع ہوا یا اس سے کسی نے لیا اور وہ خود برہنہ رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عزت اور مرتبہ کم ہوگا اور ذلیل وخوار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنا کپڑا پھاڑا ہے تو دلیل ہے کہ وہ غم ناک ہوگا اور اپنی عورت سے جھگڑا کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا کپڑا پھٹا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ عورت سے جدا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے کپڑے کو یا اپنے اہل خانہ کے کپڑے کو موی کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا اپنے عزیز سے جھگڑا ہوگا یا دوست سے لڑے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا کپڑا کسی نے چھینا ہے اور وہ ننگا رہ گیا ہے تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبے سے گرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ تہ لگے ہوئے کپڑے کو کھولا ہے تو دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کھلے کپڑے کو لپیٹا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا غائب شخص سفر سے واپس آئے گا۔

اگر دیکھے کہ عورتوں کا لباس پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مال زیادہ ہوگا۔ لیکن اس کو بہت خوف لاحق ہوگا۔ اور ایک قول کے مطابق اس کو غم واندوہ اور بے حرمت ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ مردوں کا لباس رکھتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو خیر ونعمت حاصل ہوگی۔ اور خواب میں لباس کا پانا سفر کی دلیل ہے اور جامہ کے طول و

www.waseemziyai.com

عرض کے مطابق سفر کی مدت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ جامے کو تمام کر دیا ہے تو دلیل ہے کہ غم سے نجات پائے گا۔

حضرت اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سب جاموں سے بہتر سوتی جامہ ہے۔ جس میں ریشم اور ابریشم نہ ہو۔ اور سوتی عنابی لباس یا ریشم کا لباس دونوں مال حرام اور فساد دین کی دلیل ہے۔

اور جامہ دیبائے حریر اور ابریشم کا مردوں کے لئے برابر ہے اور عورتوں کے لئے اچھا ہے اور پرانا کپڑا بادشاہ کی طرف سے غم واندوہ ہے۔ اور اگر کوئی خواب میں پرانا کپڑا بیچے تو نیک ہے اور اگر پرانا کپڑے خریدے تو بد ہے اور پرانا لباس پہننا بُرا ہے اور پرانا کپڑا جسم پر سے اتارنا اچھا ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دھلا ہوا کپڑا پہنے تو بخار کی دلیل ہے اور اگر میلا کپڑا دیکھے تو درویش ہوگا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے رنگین کپڑا پہنا ہے تو عورت اور سپاہی کے لئے نیک تاویل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ عجیب رنگ کا لباس رکھتا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی مکروہ بات اس کے آگے آئے گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ نیا کپڑا خواب میں دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: بادشاہ۔ سوم: مال۔ چہارم: خیر ومنفعت۔ اور یہ بھی فرمایا ہے کہ اگر خواب میں کوئی شخص دیکھے کہ وہ اپنا کپڑا مقراض (قینچی) سے کترا تا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو کوئی چیز پہنچے گی اور اگر دیکھے کہ چوروں نے اس کے کپڑے نکالے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کی عورتوں کے درمیان فساد برپا ہوگا۔

جامۂ خواب (رات کا لباس):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جامۂ خواب دیکھنے کی تاویل عورت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ جامۂ خواب پاکیزہ اور سفید ہے تو دلیل ہے کہ اس کے عیال پارسا اور دیندار ہوں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا جامۂ خواب سیاہ ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اپنے عیال سے غم واندوہ پہنچے گا۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں جامۂ سیاہ بادشاہ کے لئے اچھا ہے اور رعیت کے لئے برا ہے۔ اور اگر جامۂ خواب کو نیلا دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو عیال کے باعث غم واندوہ اور مصیبت پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے خواب کا کپڑا گندہ اور پھٹا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت گندی اور میلی اور پلید اور ناموافق ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا جامۂ خواب ضائع ہو گیا ہے یا چوری ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا۔ یا اس سے مفارقت کرے گا اور اگر دیکھے کہ اس کا جامۂ خواب جل گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا عیال مرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ شب خوابی کا لباس دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: عورت نیک۔ دوم: راحت اور آسانی۔ سوم: رنج اور اندوہ وغم ومصیبت۔

www.waseemziyai.com

جان (روح):

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جان کا دیکھنا فرزند یا مال یا عیال موافق ہے۔ اور اگر دیکھے کہ جان اس کے جسم سے نکل گئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند یا عورت مرے گی اور اس کا مال ضائع ہوگا۔ اور یا خود ہلاک ہوگا۔ اور اگر اپنی روح کسی نیک مرد کی صورت پر دیکھے۔ تو دلیل ہے کہ اس کے یہاں نیک فرزند ہوگا اور اس کا حال نیک ہوگا اور یا خوش طبع اور جوان مرد بادشاہ کی خدمت حاصل کرے گا اور اس کا حال نیک ہوگا۔ اور اگر اپنی روح کو کسی برے مرد بدخو کی صورت پر دیکھے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حکایت:

حدیث شریف میں وارد ہے کہ ایک شخص حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کی یارسول اللہ! صلی اللہ علیہ وسلم میں نے خواب میں ایسا دیکھا کہ روح میرے جسم سے باہر نکلی ہے اور مجھ کو گود میں لیا ہے اور پھر آسمان پر گئی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا! کہ وصیت کر کہ تیری روح اپنی جگہ پر پہنچی ہے۔ پھر اسی دن اس شخص نے دنیا سے سفر کیا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی جان خواب کے اندر اپنی ہتھیلی میں دیکھے تو دلیل ہے کہ کسی خطرناک کام میں مشغول ہوگا اور اس کو خوف جان ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ روح اس کی ہتھیلی سے آسمان پر گئی ہے تو دلیل ہے کہ جلدی مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی روح کا رنگ زرد ہے تو دلیل ہے کہ سخت بیماری میں مرے گا۔ اور اگر روح کو سرخ یا سفید دیکھے تو اس کا انجام اچھا ہوگا اور غم سے نجات پائے گا۔ اور اگر روح کا رنگ سیاہ دیکھے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کے عذاب کا مستوجب ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ مردے کی جان نکلتی ہے اور اس کے قریبی اس پر گریہ اور زاری کرتے ہیں۔ تو دلیل ہے کہ مردے کے اہل بیت کو غم واندوہ پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے قریبی آہستہ آہستہ روتے ہیں تو دلیل ہے کہ مردے کی جان عذاب میں ہے۔

چاہ (کنواں):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کنوئیں کی اصل تاویل میں عورت ہے۔ اور اگر کوئی دیکھے کہ کسی جگہ کنواں کھودتا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کنواں کھودنے میں کوئی اس کی مدد کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس میں اور اس عورت میں کوئی وکیل ہے اور چاہتا ہے کہ مکر وحیلہ سے اس عورت کی شادی کرائے۔ کیونکہ کہاوتوں میں کنواں کھودنا مکر وحیلہ ہے کہ فلاں، فلاں کے لئے کنواں کھودتا ہے۔ یعنی اس کے ساتھ بدی اور مکر کرے گا۔ اور خواب میں کنوئیں کا پانی عورت کا مال ہے۔ اور اگر کوئی دیکھے کہ اس نے کنوئیں

www.waseemziyai.com

کا پانی پیا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کا مال کھائے گا۔ اور اگر کنوئیں سے پانی پیا کہ جو پختہ اینٹ سے نکلا تھا یہ عورت کے مال پر دلیل ہے۔ اور اگر کوئی دیکھے کہ کنواں کھودنے سے پانی نہیں نکلا ہے تو دلیل ہے کہ مفلس عورت سے شادی کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ کنوئیں کا پانی پینے میں خوش ذائقہ ہے تو دلیل ہے کہ عورت کا مال نفرت سے لے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کنوئیں کا گرم پانی پیا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کے مال کے لئے تکلیف اٹھائے گا۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ وہ بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کنوئیں کا پانی عمدہ اور ٹھنڈا ہے تو دلیل ہے کہ عورت سے خیر و منفعت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کنوئیں میں بہت پانی ہے تو دلیل ہے کہ عورت جواں مرد اور سخی ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ کنوئیں میں تھوڑا پانی ہے تو دلیل ہے کہ گھٹیا اور کمینی عورت ہے۔

اور اگر دیکھے کہ کنواں کھودا اور جلدی پانی نکل آیا۔ تو دلیل ہے کہ عورت بیمار ہوگی۔ اور اپنا مال بیماری میں کھائے گی اور اگر کنوئیں سے سیاہ پانی یا نیلا پانی نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو غم واندوہ پہنچے گا۔ اور اگر کنوئیں سے سفید پانی نکلے تو دلیل ہے کہ وراثت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کنوئیں کا پانی گہرائی میں گیا اور کچھ نہ رہا تو دلیل ہے کہ عورت ہلاک ہوگی اور اس کا مال ضائع ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کنواں زمین کے نیچے چلا گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت ہلاک ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ کنوئیں میں ڈول ڈالا ہے تا کہ پانی نکالے اور رسی ٹوٹ گئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں ادھورا فرزند پیدا ہوگا۔

حکایت:

حدیث شریف میں ہے کہ ایک مرد نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میں نے کنوئیں میں پانی نکالنے کے لئے ڈول ڈالا ہے اور رسی کے دو ٹکڑے ہو گئے۔ ایک کنوئیں کے اندر رہا اور دوسرا باہر نکال لیا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس خواب کی تاویل میں فرمایا کہ تم اپنے عیال سے غائب تھے اور تمہارے ششماہہ (چھ ماہ) لڑکا پیدا ہوا اور اس کو دفن کر دیا۔ اس مرد نے کہا کہ مجھے ان کی بات سے نہایت تعجب آیا۔ یعنی پوری تاویل بیان فرمائی۔

حضرت دانیال رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر کوئی دیکھے کہ کسی معلوم جگہ میں کنواں کھودتا ہے تو دلیل ہے کہ اپنوں کے ساتھ مکر و فریب کرے گا۔ اور بعض اہل تعبیر کے قول کے مطابق کنواں کھودنا اور پانی نکالنا نکاح کا حکم رکھتا ہے اور اگر دیکھے کہ کسی دوسرے کے لئے کنواں کھودتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی وساطت سے کسی کا نکاح ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ کنوئیں سے پانی نکالتا ہے تو دلیل

www.waseemziyai.com

ہے کہ مکروفریب سے مال جمع کرے گا۔ خاص کر اگر خود کنواں کھودا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ ڈول سے پانی نکال کر مٹکے میں ڈالتا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے مال کی حفاظت کرے گا۔

اور اگر پانی نکال کر زمین پر گراتا ہے تو دلیل ہے کہ مال کو بہتری میں خرچ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کنوئیں میں گرا ہے تو دلیل ہے کہ مکروحیلہ میں پڑے گا۔ اور اگر دیکھے کہ باغ کو پانی دیتا ہے تو دلیل ہے کہ جو مال کمایا ہے اس سے عورت کرے گا یا کنیز خریدے گا اور اگر دیکھے کہ اس باغ میں پھل ہیں تو یہ فرزند کے پیدا ہونے کی دلیل ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ اگر دیکھے کہ باغ کو پانی دیتا ہے تو دلیل ہے کہ اپنی عورت سے نکاح کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پانی کنوئیں کے سر پر آیا اور جاری ہوا ہے تو دلیل ہے کہ مالدار عورت سے شادی کرے گا اور اس عورت سے اس کو مال اور نعمت حاصل ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کنوئیں کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: کنیز۔ سوم: عالم۔ چہارم: تونگری۔ پنجم: مکر۔ ششم: فریب وحیلہ۔ اور خواب میں کنوئیں کا کھودنا مکروحیلہ ہے۔

جبہ (چوغہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ چوغہ خواب میں عورت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس فراخ (کھلا) اور پاکیزہ چوغہ ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کی عورت نیک رائے اور نیک سیرت ہے۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو اس کی عورت بدخواہ اور ناموافق ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا چوغہ پھٹ گیا یا جل گیا ہے تو دلیل ہے کہ مرد اور عورت میں جدائی پڑے گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سردی کے موسم میں اپنے جسم پر چوغہ دیکھنا نیک ہے اور چار وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: قوت۔ سوم: شادی۔ چہارم: منفعت۔ اور پرانا اور میلا چوغہ غم و اندوہ ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس چوغہ ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے اور اس کا رنگ سبز ہے تو دلیل ہے کہ پاک دین عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس سفید اور نیا چوغہ ہے تو دلیل ہے کہ پارسا اور باامانت عورت کرے گا۔ اور اگر زرد دیکھے تو بیمار عورت کرے گا۔ اور اگر نیلا دیکھے تو فکرمند اور غمناک عورت کرے گا۔ اور اگر سرخ چوغہ دیکھے تو عورت عیش پسند ہوگی اور اس سے موافقت نہ کرے گی۔

چتر (چھتری):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے سر پر چھتر لگاتے ہیں تو

www.waseemziyai.com

دلیل ہے کہ اگر شاہی کے اہل میں سے ہے تو بادشاہی پائے گا۔ ورنہ بزرگی کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ کا چھتر اس کے ہاتھ میں ہے۔ تو دلیل ہے کہ بادشاہ کے حضور میں مقرب ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چھتر کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ اول: سلطنت۔ دوم: عزت۔ سوم: مرتبہ۔ چہارم: ریاست۔ پنجم: رفعت۔ ششم: ولایت۔ ہفتم: بڑوں کی صحبت۔

چراغ:

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چراغ گھر کا خادم ہے اور دوسرے اہل تعبیر نے فرمایا ہے کہ گھر کی مالکہ ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے گھر میں پاکیزہ چراغ روشن ہے تو دلیل ہے کہ گھر کی مالکہ باصلاح اور نیک خصلت عورت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ چراغ جلتا ہے تو یہ گھر کی مالکہ یا عورت یا خادمہ کے رنج پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ چراغ گل ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ گھر گرے گا اور گھر کی مالکہ مرے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ چراغ دان میں چراغ روشن ہے تو دلیل ہے کہ اگر شادی شدہ ہے تو لڑکا ہوگا ورنہ عورت کرے گا یا کنیز خریدے گا۔ اور اگر کوئی اس کا سفر میں گیا ہے تو واپس آئے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شہر میں بہت سے چراغ ہیں تو دلیل ہے کہ ملک کا بادشاہ عادل اور قاضی منصف ہے اور شہر کے لوگوں کو خوشی اور نشاط بہت ہوگی۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں بہت سے چراغ ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہوگا جو عزت و دولت پائے گا۔ اور اگر خواب میں دیکھنے والا بدکار ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے گا اور توبہ کرے گا اور اگر مشرک ہے تو ہدایت پائے گا اور اگر مسلمان ہے تو عبادت کی توفیق پائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **و سراجاً منیراً وبشر المؤمنین بان لھم من اللہ فضلا کبیرا**۔ (چراغ روشن اور ایمان والوں کو بشارت دو کہ ان پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے بڑا فضل ہے)۔

اور اگر دیکھے کہ چراغ گل ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند ہلاک ہوگا یا اس کی عزت و دولت میں نقصان ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے سامنے چراغ روشن ہے تو دلیل ہے کہ دنیا اور دین کی مراد پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں دو بتی والا چراغ روشن ہے تو دلیل ہے کہ اس کے دو فرزند ایک شکم سے پیدا ہوں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چراغ کا دیکھنا چودہ وجہ پر ہے۔ اول: بادشاہ۔ دوم: قاضی۔ سوم: فرزند۔ چہارم: عروسی۔ پنجم: ولایت۔ ششم: سرائے۔ ہفتم: سردار۔ ہشتم: شادی۔ نہم: علم۔ دہم: توانگری۔ یازدہم: عیش و عشرت۔ دوازدہم: کنیز۔ سیزدہم: منفعت۔ چہاردہم: جیسا دیکھا اسی طرح ہوگا۔

چراغ پایہ (چوکھٹ جس پر چراغ رکھتے ہیں):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چوکھٹ گھر کا خدمت گار ہے۔

www.waseemziyai.com

اگر دیکھے کہ اس کے پاس چوکھٹ ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی خادمہ خوش طبع اور مہربان ہوگی۔ اور اگر چوکھٹ کو زنگ لگا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ خادمہ عورت متکبر اور مغرور ہوگی اور اس کا دین کمزور ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ چوکھٹ لکڑی کا ہے تو دلیل ہے کہ خادمہ عورت گھٹیا اور کمینہ ہوگی۔ اس کی بات پر اعتبار نہ کرنا چاہئے۔

چراغ دان:

چراغ دان خواب میں عورت ہے۔ اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ گھر اور قبیلے کا خدمت گار ہے اور چراغ دان حکومت ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ چراغدان لوہے کا ہے تو دلیل ہے کہ اس خدمت گار کی اصل گبر ہے۔ اور مٹی کا دیکھے تو اس خدمت گار کی اصل مسلمان ہے اور دیندار باامانت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ چراغدان اس کے ہاتھ سے گرا اور ٹوٹ گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت یا خدمت گار مرے گا۔

چرغ (شکاری جانور):

چرغ ایک شکاری جانور ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چرغ بادشاہ ہے اگر خواب میں وحشی چرغ کو دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند بلوغ اور مردانگی تک پہنچے گا۔

اور اگر دیکھے کہ چرغ کو پکڑا ہے اور اس کا شکار کیا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ اس پر ظلم وستم کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو چرغ دیا ہے اور وہ اس کا شکار کرتا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے عزت اور حرمت پائے گا اور دوسروں پر ظلم کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چرغ شکار کرتا ہے اور اس کو پکڑا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا نافرمان فرزند ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کے گوشت سے چرغ نے کچھ کھایا ہے تو دلیل ہے کہ فرزند سے رنج اور بدی دیکھے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چرغ دیکھنے کی تاویل بزرگ باہیبت وقوت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ چرغ نے اس کے گھر میں ایک بار یا دو بار آواز کی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو نقصان پہنچے گا۔ اور اگر تین بار بولا ہے تو کچھ نقصان نہ ہوگا۔

اور بعض اہل تعبیر نے فرمایا ہے کہ خواب میں چرغ چور آدمی ہے جو راتوں کو کئی طرح کے کام کرتا ہے۔

چرک (میل کچیل):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جو کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کا کپڑا میلا ہے تو دلیل ہے کہ کام خراب ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا کپڑا میل سے یا کسی اور چیز سے آلودہ ہے۔ تو یہ اس کے دین اور دنیا کی تباہی کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے کپڑوں کی میل مردوں کی وجہ سے ہے تو یہ دین کے فساد اور صلاح

www.waseemziyai.com

دنیا کی دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جسم اور سر پر میل دیکھنا غم واندوہ ہے اور خواب میں جسم پر میل دیکھنا کسی طرح کی خیر ومنفعت کی دلیل نہیں ہے۔

جزع (کوڑی):

جزع یعنی کوڑی خواب میں مختلف حال اور پراگندہ اور غلام زادی عورت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس کوڑی ہے تو دلیل ہے کہ صفات بالا کی عورت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس کوڑی ضائع ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت مرے گی یا طلاق دے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کوڑی سفید روشن کا دیکھنا دلیل ہے کہ پارسا باامانت اور خوبصورت عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کوئی سیاہ اور تیرہ ہے تو اس کی تاویل پہلے خواب کے برعکس ہے۔

جستن (کودنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ کسی جگہ سے کودا ہے تو دلیل ہے کہ حال میں تبدیلی ہوگی۔ اور اگر دور کودا ہے تو دور کا سفر کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں لکڑی یا نیزہ ہے اور اس کے ساتھ ایک جگہ سے دوسری جگہ کودتا ہے تو دلیل ہے کہ مدد کے لئے کسی قوی مرد پر اعتماد کرے گا تا کہ وہ کام اس کے منشاء کے مطابق ہو جائے اور اگر دیکھے کہ دیوار سے کودا ہے اور چوپائے پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ ہلاک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ چوبارے پر کودا ہے اور گھر دب گیا ہے اور وہ مر گیا ہے تو دلیل ہے کہ عورت اس سے جدا ہوگی اور پھر اس کے پاس آئے گی۔

اور اگر دیکھے کہ زمین سے ہوا پر کودا ہے اور قبلہ کی طرف رُخ کیا اور پھر اپنے آپ کو کعبہ یا مکہ یا مدینہ شریف میں دیکھا ہے یہ سب حج کی دلیلیں ہیں۔ اور اگر دیکھے کہ نامعلوم مقام سے نامعلوم مقام کی طرف کودا ہے تو دلیل ہے کہ ہلاک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ شگون کے ساتھ کودا ہے اور ادھر لٹکا ہے تو دلیل ہے کہ اس پر عیش تباہ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ ہوا میں کودا ہے اور پرندے کو پکڑا ہے تو دلیل ہے کہ اپنی عورت چھوڑے گا اور دوسری عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چوب یا عصا کے ساتھ ایک جگہ سے دوسری جگہ پر کودتا ہے تو دلیل ہے کہ رنج واندیشہ سے رہائی پائے گا اور اس کا کام انتظام سے ہوگا۔

چشم (آنکھ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آنکھ کا دیکھنا ایک بینا مرد کو دیکھنا ہے کہ جس سے راہِ ہدایت پائے گا۔ گربہ چشم بدعت ہے۔ اور گلابی آنکھ فرزند ہے۔ اور اگر دیکھے کہ خود نابینا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ راہِ ہدایت سے گم ہوگا یا اس کا فرزند مرے گا۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ اس کی ایک آنکھ اندھی ہوگئی ہے تو اس سے دلیل ہے کہ اس کا نصف دین ضائع ہوگیا ہے یا اس نے بہت بڑا گناہ کیا ہے۔ یا اس کے ایک ہاتھ یا ایک پاؤں یا جسم کے ایک حصے پر مصیبت آئے گی یا اس کے کام کا نصف خراب ہوگا۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ آنکھ میں سرمہ لگایا ہے تو دلیل ہے کہ دین کی اصلاح تلاش کرتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ سرمے سے اس کا مقصد زینت اور آرائش ہے تو دلیل ہے کہ اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے باامانت اور دین دار ظاہر کرتا ہے تاکہ ان میں عزت پائے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے سرمہ دیا ہے تاکہ آنکھ میں ڈالے تو دلیل ہے کہ وہ ظاہر اور باطن میں دورویہ منافق ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے جسم پر بہت سی آنکھیں ہیں اور سب چیزوں کو کامل طور پر دیکھتا ہے تو یہ صلاح دین کی دلیل ہے اور شریعت کے فرائض اور سنتیں اچھی طرح سے بجالاتا ہے۔

اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کی آنکھ نکال دی ہے تو دلیل ہے کہ جس چیز سے اس کی آنکھ روشن تھی۔ جیسے عورت، فرزند، مکان، باغ اس کی نظر سے غائب ہو جائے گا، ایسا کہ پھر نہ دیکھے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر لوہے کی آنکھ دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا پردہ پھٹے گا اور اگر دیکھے کہ اس کی دونوں آنکھوں پر ورم ہے کہ آنکھ کھل نہیں سکتی ہے تو دلیل ہے کہ مخالف آدمی کی صحبت میں بیٹھے گا، اور اگر آنکھ کے نور میں ضعف دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو اطاعت کرنے میں نقصان پہنچے گا۔ اور اگر اپنی دونوں آنکھیں نکلی ہوئی دیکھے تو دلیل ہے کہ دین شریعت سے بے بہرہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے چہرے کے درمیان ایک آنکھ ہے تو دلیل ہے کہ دین کے بارے میں اپنی زبان سے نالائق باتیں کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی آنکھیں روشن ہیں اور لوگ معلوم کرتے ہیں کہ اندھی ہیں یا اندھراتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے دین کا باطن ظاہر سے بہتر ہے۔ اور اگر کوئی دیکھے کہ اس کی سیاہ چشم کی ہوگئی ہے۔ تو یہ بدی اور حال کے بدلنے کی دلیل ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **ونحشر المجرمین یومئذ زرقا**۔ (اور ہم گنہگاروں کو قیامت کے دن گربہ چشم کرکے اٹھائیں گے)۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی دونوں آنکھیں سفید ہوکر پھر سیاہ ہوگئی ہیں تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا یا کسی سے جھگڑا کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ آنکھ سیاہ ہوگئی ہے اور سفیدی نہیں رہی ہے تو دلیل ہے کہ متکبر ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی ایک آنکھ پر آفت پہنچی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے بیٹوں کو کوئی آفت پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے ایک اپنا ہاتھ بڑھا کر اس کی ایک آنکھ نکالی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے فرزند کو راہ سے لے جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو آنکھ باندھی یا ہاتھ میں لی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے فرزند یا مال کو نقصان ہوگا یا گناہ کرے گا اور اگر دیکھے کہ اس کی آنکھ سے خون جاری ہے تو دلیل ہے کہ اس کو فرزند کی طرف سے غم ہوگا یا اس کے مال کا نقصان ہوگا۔

www.waseemziyai.com

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس کی آنکھ کان ہوگئی ہے اور کان آنکھ ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ لڑکی والی عورت کرے گا اور دونوں سے جماع کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی آنکھ ہاتھ کی ہتھیلی پر ہے تو دلیل ہے کہ مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی آنکھ میں سفیدی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو غم و اندوہ پہنچے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: وابیضت عیناہ من الحزن۔ (غم کے مارے اس کی دونوں آنکھیں سفید ہوگئیں ہیں)۔

حکایت:

بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص حضرت دانیال علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میری دائیں آنکھ بائیں آنکھ کو بوسے دے رہی ہے۔ آپ نے تاویل میں فرمایا کہ اے مرد! خدا سے ڈر اور توبہ کر اور آئندہ اپنے ہمسایہ کی عورت سے خیانت نہ کر۔ تاکہ تو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے امن میں رہے۔ صاحب خواب نے عرض کیا میں نے توبہ کی ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آنکھ کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ اول: روشنائی۔ دوم: ہدایت دین۔ سوم: اسلام۔ چہارم: فرزند۔ پنجم: مال۔ ششم: علم۔ ہفتم: مال اور دین کی زیادتی۔

چشمہ (پانی کا چشمہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پانی کا چشمہ سرداری اور بخشش کرنے والا جوان مرد، خوش مزہ اور خوشبو دار پانی جیسا ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: فیھا عین جاریۃ۔ (اس میں چشمہ جاری ہے)۔ اور اگر چشمے کا پانی سیاہ اور گندہ اور بدصورت ہے تو دلیل ہے کہ غموں سے نجات پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چشمہ کا پانی زیادہ ہوگیا ہے تو دلیل ہے کہ عزت و مرتبہ اور اس ملک میں سخاوت زیادہ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ چشمہ کا پانی میں نقصان ہوگیا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ چشمے کا پانی خشک ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی سخی سردار اس ملک سے رحلت کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کے گھر میں یا اس کی دکان میں پانی کا چشمہ ظاہر ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس چشمہ کی قدرت و قیمت پر اس کو غم و اندوہ ہوگا۔ اور اگر پانی کو تیرہ اور ناخوش دیکھے تو اور زیادہ غم و اندوہ سخت ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس چشمہ میں ہاتھ منہ دھویا ہے تو دلیل ہے کہ اگر غلام ہے تو آزاد ہوگا۔ اور اگر غم ناک ہے تو غم سے نجات پائے گا۔ اور اگر بیمار ہے تو شفاء پائے گا۔ قرض دار ہے تو قرض سے سرخرو ہوگا۔ اور اگر گناہ گار ہے تو توبہ کرے گا۔ اور اگر حج نہیں کیا ہے تو حج کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چشمہ کا پانی صاحب خواب کی عمر پر دلیل ہے خاص کر اگر پانی میں ہاتھ مارا ہے تو چشمہ کے مطابق عمر ہوگی اور کھڑا پانی جاری پانی سے تاویل میں کمزور ہے۔

www.waseemziyai.com

اور بعض اہل تعبیر نے فرمایا ہے کہ اگر چشمہ کا پانی کھڑا ہے تو تاویل میں دین کی خیر اور صلاح کی دلیل ہے اور اگر جاری ہے تو غم واندوہ کی دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چشمہ کا پانی دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: سرداری اور سخاوت۔ دوم: غم واندوہ۔ سوم: مصیبت۔ چہارم: بیماری۔ پنجم: عمر اور زندگی پانا۔

چغانہ (بجانے کا ساز):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ساز بے ہودہ بات اور جھوٹ ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ باجہ بجاتا ہے تو دلیل ہے کہ بے ہودہ بات اور اور جھوٹ بولے گا یا اس کو غم واندوہ پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو باجا دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے غم واندوہ پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ساز کو توڑ کر گرا دیا ہے تو دلیل ہے کہ جھوٹ اور باطل سے توبہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ باجا بجاتا ہے اور پہلے باجا بجانا نہیں جانتا تھا تو دلیل ہے کہ اگر صاحب علم ہے تو لوگوں کو تعلیم دے گا اور اپنے علم سے فائدہ پہنچائے گا۔ اور لوگوں کو علم حدیث وفقہ اور علم تفسیر بتائے گا۔

اور اگر صاحب خواب جاہل ہے تو ایسا شغل اختیار کرے گا کہ جس پر لوگ اس کو ملامت کریں گے اور اگر دیکھے کہ ساز کے ساتھ تالیاں بجاتا اور ناچتا ہے تو غم واندوہ اور مصیبت پر دلیل ہے۔

چغد (چھوٹا الّو):

الو خواب میں نابکار اور حرامی آدمی ہے۔ اگر دیکھے کہ کوئی آدمی الو پکڑتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو ایسے آدمی سے جھگڑا پڑے گا۔ اور کسی حال میں بھی الو کا دیکھنا مبارک نہیں ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ الو کی آواز سنتا ہے تو دلیل ہے کہ اس جگہ الو کی آواز کے مطابق رونا پیٹنا ہوگا۔ اور اگر خواب میں الو کا بچہ دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند منحوس اور ناخلف ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ الو کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر چور اور نابکار آدمی کے مال کو کھائے گا۔

چغندر (چقندر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چقندر غم واندوہ کی دلیل ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ اس نے چقندر کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر غم واندوہ کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چقندر کو گھر کے باہر کیا ہے تو دلیل ہے کہ غم سے نجات پائے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چقندر عورتوں کے لئے تھوڑی منفعت ہے اور پکا ہوا چقندر کھانا بھی عورتوں کے لئے تھوڑی منفعت ہے۔

www.waseemziyai.com

چک (قبالہ):

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں مہر کیا ہوا چک پائے یا اس کو کسی نے دیا ہو۔ تو دلیل ہے کہ مال ومنفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس چک یا قبالے یا خط پر کچھ لکھا ہے تو دلیل ہے کہ پچھنے لگوائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ چک مہر کیا ہوا ہے یا اس کے پاس ہے اور اس پر سے مہر اتاری ہے تو دلیل ہے کہ اس کے مال میں نقصان ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ چک اس کے پاس سے ضائع ہوا ہے یا جلا ہے تو دلیل ہے کہ وہ ضائع ہوگا۔

چکاوک (سرخاب):

سرخاب ایک پرندہ ہے۔ خواب میں اس کی تاویل فرزند یا غلام ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے نر قبرہ (سرخاب) پکڑا ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے غلام یا فرزند آئے گا۔ اگر نر ہے تو غلام کا بیٹا ہوگا۔ اگر مادہ ہے تو غلام کی لڑکی ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ قبرہ خواب میں ایک مرد شیریں سخن، غریب، کم آزار اور چرب زبان ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے قبرہ پکڑا ہے یا کسی نے اس کو بخشا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی ایسے آدمی سے صحبت ہوگی۔

جگر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جگر چھپا ہوا مال ہے۔ اگر آدمی کا جگر دیکھے تو چھپا ہوا مال پائے گا اور خرچ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بہت یا پکا ہوا یا بریاں کیا ہوا یا خام جگر اس کو ملا ہے تو دلیل ہے کہ خزانہ پائے گا۔ گائے اور بکری کا جگر بھی مال ونعمت کی دلیل ہے۔ اور بعض اہل تعبیر نے فرمایا ہے کہ جگر خواب میں دیکھنا فرزندوں پر دلیل ہے۔ چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: اولادنا اکبارنا۔ (ہماری اولاد ہمارے جگر ہیں)۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جگر کا نکلنا یا ظاہر ہونا پوشیدہ مال پر دلیل ہے جو ظاہر ہوگا اور بہت سا جگر پختہ یا خام یا خام خزانہ پانے اور علم غیب پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ جگر کا خواب میں دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: فرزند اور مال دوم: دوست جو بجائے فرزند ہوگا۔ سوم: علم۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر سے جگر باہر کو نکلا ہے۔ یا آگ جگروں کو جلاتی ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ اس کا مال خزانہ لے گا۔ اور اگر یہی خواب کوئی عالم دیکھے تو دلیل ہے کہ تمام علموں کو بھول جائے گا۔

www.waseemziyai.com

جماع کرنا:

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جماع خواب میں حاجت کا پورا ہونا ہے۔ خاص کر اگر دیکھے کہ منی اس سے جدا ہوگئی ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ کسی سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس سے نیکی پائے گا اور اس کی مراد پوری ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا خاندان مالدار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس سے جماع کیا ہے اس طرح کہ مرد نیچے ہے اور عورت اوپر ہے تو دلیل ہے کہ دوسری عورت کرے گا اور اس سے خیر و منفعت دیکھے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اپنی عورت سے یا کسی اور عورت سے دوسرے راستے سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ مرد کوئی نالائق حرکت کرے گا اور اس کام میں اس کے لئے نفع نہ ہوگا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو نگاہ نہ رکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ماں سے یا بہن سے یا کسی اور سے جو اس پر حرام ہے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ قرابت کی محبت اس سے جدا ہوگی۔ اگر وہ زندہ ہے خواہ مردہ ہے۔ بہر حال غم و اندوہ کی دلیل ہے۔

اور بعض اہل تعبیر نے فرمایا ہے کہ اگر زندہ ہے تو اس سے خیر اور نیکی دیکھے گا اور ممکن ہے کہ حج اسلام کرے اور اگر کسی مری ہوئی عورت سے جماع کرے تو دلیل ہے کہ غمناک اور محتاج ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ مردہ بیگانہ عورت سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ جس کام سے ناامید ہے اس کو کرے گا اور پورا نہ کر سکے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نامعلوم جوان سے جماع کیا ہے اور آپس میں جھگڑا تھا تو دلیل ہے کہ انجام محبت پر ہوگا اور اس سے خیر و نیکی دیکھے گا اور اگر وہ مرا ہوا جوان معلوم ہے تو اس پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بوڑھے آدمی سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے نصیب سے خیر اور نیکی دیکھے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اسے دوشیزہ لڑکی ملی ہے تو دلیل ہے کہ اس سال شادی کرے گا یا کنیز خریدے گا اور اگر دیکھے کہ شاہی حرم میں گیا اور جماع کیا تو دلیل ہے کہ دشمنوں پر فتح پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے ساتھ جماع کیا گیا ہے تو بھی یہی دلیل ہے کہ اس کا کام بامراد ہوگا۔

اور بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ بادشاہ کی طرف سے خوف اور دہشت حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ مرغ سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی طرف جو شخص منسوب ہے اس پر فتح پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ عیسائی یا یہودی یا پارسی سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے دینوی کام انتظام سے ہوں گے۔ اور اگر بوڑھا آدمی کہ جس کی شہوت بالکل ضائع ہو چکی ہے۔ خواب میں دیکھے کہ اس کی شہوت غالب ہے جیسا کہ جوانی میں تھی تو دلیل ہے کہ دین کے کام میں اچھی طرح رغبت کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے نابکار عورت سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ طالب دنیا مال حرام ہوگا اور اگر یہی خواب کوئی عورت دیکھے تو بھی اس کی یہی تاویل ہے۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اونٹ سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ سختی سے رہائی پائے گا اور دشمن پر فتح اور اس کا مال زیادہ اور بلند ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ بادشاہ سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا محرم راز اور مقرب ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ کی عورت سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس سے نفع پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے حیض والی عورت سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام برا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مردہ عورت سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام برا ہوگا۔ یا اس کے عزیزوں سے پیوند اور ملاپ کرے گا اور اگر وہ عورت زندہ ہے تو اس کے عزیزوں سے جدائی کرے گا۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ حائضہ عورت سے خواب میں جماع کرنا دنیا کے کاموں کے لئے آسائش ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس کی عورت کے ساتھ جو کنیز تھی جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے خیر و منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے معلوم جوان شخص سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس سے اس کو خیر پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ نامعلوم جوان شخص سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مطلب بادشاہ سے پورا ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ مردہ مرد سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے لئے دعا یا خیرات کرے گا۔ اور اگر عورت دیکھے کہ اس نے دوسری عورت سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی نیکی دیکھے گی اور اس کی مراد پوری ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جماع کرنا جس پر غسل واجب ہو جائے۔ اس کی تاویل نہیں ہے۔

جلاب (گلاب):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ گلاب کا پینا مال حلال اور پاک دین ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے گلاب دیا ہے اور اس نے پیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر مال حاصل ہوگا اور نیز اس کے اعتقاد پاک اور درستی دین کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے گلاب دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس سے خیر و منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ گلاب پیا نہیں ہے۔ بلکہ زمین پہ گرایا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

جنازہ:

اگر کوئی خواب میں جنازہ لے جاتوں کو دیکھے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب اتنے لوگوں پر حکومت کرے

www.waseemziyai.com

گا۔اور اگر دیکھے کہ وہ خود مرا ہے اور اس کا جنازہ لے گئے ہیں اور لوگ جنازے کے پیچھے چلتے ہیں تو دلیل ہے کہ شرف و بزرگی پائے گا۔لیکن اس کا دین خراب ہوگا۔اور اس قوم پر حکومت کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ خود مردے کا جنازہ اٹھا کر لے جا رہا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کی خدمت کرے گا۔اور اس سے خیر اور نیکی دیکھے گا۔اور اگر دیکھے کہ لوگ اس کے جنازہ کے پیچھے چلتے ہیں اور ہوا میں ہیں تو دلیل ہے کہ اس شہر کا کوئی بڑا آدمی سفر میں مرے گا۔

اور اگر اپنا جنازہ دیکھے کہ زمین پر جا رہا ہے تو دلیل ہے کہ سفر کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ زندے کا جنازہ لے جا رہے ہیں اور اس کے پیچھے کوئی نہیں ہے تو اس کی عزت اور مرتبے اور کام کے نقصان کی دلیل ہے۔اور اگر دیکھے کہ لوگ اس کے جنازہ کے پیچھے تھے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔اور اگر دیکھے کہ اس کا جنازہ جاری تھا تو دلیل ہے کہ لوگوں پر ظلم کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ جنازہ ہلکا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں پر رحم کرے گا اور اس کا حال نیک ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ جنازے سے گرا ہے یا لے جانے والوں نے اس کو گرا دیا ہے تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبے سے گرے گا اور اس کا کام رُک جائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ جنازہ خواب میں تین وجہ پر ہے۔اول: بزرگی۔دوم: ولایت۔سوم: عزت و مرتبہ اور رفعت۔

جنب بودن (ناپاک ہونا):

اگر کوئی خواب میں اپنے آپ کو جنبی دیکھے تو دلیل ہے کہ حرام میں حیران اور پریشان ہوگا۔اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ سفر کرے گا اور دنیا کی مراد پائے گا اور اس کا کام تباہ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ غسل جنابت کیا ہے اور لباس پہنا ہے تو دلیل ہے کہ آخر کار کام سے نجات پائے گا۔اور اس کا کام تباہ ہوگا۔اور اگر تمام ہو کر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام تمام نہ ہوگا یعنی پورا نہ ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں اپنے آپ کو جنبی اور برہنہ دیکھے تو دلیل ہے کہ اپنے کام میں حیران اور عاجز ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ حمام میں غسل کیا ہے اور نکل کر پاکیزہ لباس پہنا ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے گا اور توبہ کرے گا۔

چنگال (پنجہ):

اگر کوئی خواب میں اپنے آپ کو مرغوں کی طرح پنجہ دار دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو کسب و معیشت میں قوت ہوگی اور دشمنوں کو مغلوب کرے گا۔اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں مرغوں کا پنجہ ہے تو دلیل ہے کہ اس

www.waseemziyai.com

مرغ کی قدر و قیمت کے مطابق خیر و منفعت حاصل کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پنجے کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: کاموں میں قوت و توانائی۔ دوم: معیشت۔ سوم: کسب کرنا۔

چنگالہ (کانٹا):

کانٹا خواب میں بدکردار اور دکھ دینے والا مرد ہے اور چنگالہ کو فارسی میں معلاق کہتے ہیں۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس کانٹا ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ ایسی صفت کے آدمی سے اس کی صحبت اور دوستی ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ کانٹے نے اس کے جسم کو زخمی کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو کسی بدکردار آدمی سے عذر اور نقصان پہنچے گا اور اگر دیکھے کہ کانٹا اس سے ضائع ہوا یا اس نے کسی کو بخشا ہے تو دلیل ہے کہ بدکردار آدمی کی صحبت سے جدا ہوگا۔

چنگ زدن (ساز بجانا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ساز بجانا جھوٹی بات ہے۔ اگر دیکھے کہ ساز بجاتا ہے تو باطل اور جھوٹی بات پر دلیل ہے۔ اور اس کو اس سے غم واندوہ اور نقصان پہنچے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو بادشاہ نے ساز دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے عطا اور بزرگی حاصل ہوگی۔ اور اگر اس کے اہل سے نہیں تو غم واندوہ سے نجات پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ ساز کو توڑایا گرایا ہے تو دلیل ہے کہ جھوٹ اور باطل سے توبہ کرے گا۔ اور اگر کوئی ساز بجاتا ہے اور وہ سنتا ہے تو دلیل ہے کہ جھوٹ اور باطل کو سنے گا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں ساز بجانا درازیٔ عمر کی دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ ساز بجاتا ہے تو دلیل ہے کہ سرداروں میں سے کسی عورت کے ساتھ پیوستہ ہوگا۔ عزت اور مال پائے گا۔ آخر کار اس عورت سے نکاح کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ساز کے ساتھ ناچ و رنگ بھی ہے۔ یہ سب دلیل غم و مصیبت ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی بیماری میں دیکھے کہ ساز بجاتا ہے تو یہ اس کی وفات کی دلیل ہے۔

جنگ کردن (لڑنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ وہ لوگوں کے ساتھ لڑتا ہے یا حیوانوں کے ساتھ جنگ میں ہے اور وہ غائب ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔

www.waseemziyai.com

جہود شدن (یہودی ہونا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ وہ یہودی ہوگیا ہے تو دلیل ہے کہ بدعت کی راہ پر چلے گا اور یہودیوں کی مدد کرے گا اور ان کی بات پر یقین کرے گا۔

اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ وہ یہودی یا عیسائی یا مشرک یا بت پرست ہوا ہے تو یہ اس کی گمراہی اور ضلالت کی دلیل ہے اور اللہ تعالیٰ پر بہتان اور جھوٹ کہے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس مذہب سے پھر کر مسلمان ہوگیا ہے تو دلیل ہے کہ اس نے کوئی بڑا گناہ کیا ہے اور پھر اس سے توبہ کرے گا اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ وہ اپنے آپ کو دین سے بے علم جانتا ہے اور اس کو پتہ نہیں ہے کہ کس قبلے کی طرف نماز پڑھے۔ تو دلیل ہے کہ سرگشتہ اور حیران اور عاجز ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ یہودی ہوگیا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کو مشکل کام پڑے گا اور شرعی سنت کی مخالفت کرے گا۔

اور اگر خواب میں آتش پرست کو دیکھے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب دنیا پر فریفتہ ہوگا اور آخرت کے کام سے غفلت کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر یہودی خواب میں دیکھے کہ مسلمان ہوگیا ہے تو دلیل ہے کہ جلدی مرے گا یا مسلمان ہوگا۔

جو:

جو ایک غلہ ہے۔ حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ جو تر یا خشک یا پکے ہوئے کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو کچھ تھوڑی چیز ملے گی۔ اور اگر کوئی دیکھے کہ اس کے پاس جو ہیں یا کسی نے اس کو دیئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر خیر اور نیکی پہنچے گی اور تندرست رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ جو زمین میں بوئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے پاس مال جمع ہوگا اور خوشنودیٔ حق کا کام کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ جو خواب میں مال ہے جو آسانی سے ملے گا اور جو فروش ایسا آدمی ہے کہ دنیا کو دین پر اختیار کرتا ہے۔

جوال دوز (بوری سینے کا سوا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جوال دوز ایسا مرد ہے جو لوگوں کے کام کرتا ہے اور خاص کر زیادہ چھوٹے چھوٹے کام کرتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس سوا ہے۔ یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی اس صفت کے آدمی سے صحبت ہوگی۔ اور اگر سوا اٹوٹا یا ضائع ہوا ہے تو یہ اس مرد کی ہلاکت

www.waseemziyai.com

کی دلیل ہے۔

جوان شدن (جوان ہونا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ جوان ہوا ہے اور سفید بال ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ کمینہ ہوگا۔ اور اگر نامعلوم جوان کو دیکھے تو دلیل ہے کہ دشمن سے ذلت دیکھے گا اور اس کی مراد پوری نہ ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ جوان بوڑھا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی حرمت زیادہ ہوگی۔ عورتیں بھی اس خواب میں مردوں کے برابر ہیں۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے جوان سے بوڑھا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ علم اور ادب سیکھے گا اور اس کی شرح حرف میم میں آئے گی۔

چوب (لکڑی):

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لکڑی کا دیکھنا نفاق ہے۔ اگر کوئی بیگانہ اس کو دے تو اس سے نفاق کرے گا۔

اور ٹیڑھی لکڑی کا خواب میں دیکھنا اس کی تاویل سیدھی لکڑی کے مطابق ہے اور اگر ٹیڑھی لکڑی جلانے کے قابل دیکھے تو یہ مرد منافق اور جھوٹ بولنے والا ہے۔

جوراب (جراب):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جوراب ایک خادم عورتوں کے شمار میں سے ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ نئی جوراب ریشم کی یا دھاگوں کی پہنی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا خادم اصیل ہوگا اور اس سے فائدہ اٹھائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی جراب پشمینہ کی یا نقش دار ہے تو دلیل ہے کہ خوب صورت کنیز خریدے گا یا صاحب جمال عورت کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس زرد رنگ کی جوراب ہے تو دلیل ہے کہ اس کا خادم بیمار سا ظاہر ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی جراب سرخ ہے تو دلیل ہے کہ اس کا خادم بے شرم اور شوخ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی جوراب سیاہ ہے۔ اگر صاحب خواب مصلح ہے تو تاویل نیک ہے اور اگر مفسد ہے تو تاویل بد ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی جوراب پرانی اور میلی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے خادم پر تہمت لگے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی جوراب ضائع ہوگئی ہے یا جل گئی ہے تو یہ خادم کی موت پر دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں جوراب مال اور مراد ہے۔ اور اگر جوراب بو دیتی ہے تو دلیل ہے کہ مال کی زکوٰۃ دے گا۔ اور اگر جوراب کی بو ناخوش ہے تو دلیل ہے کہ مال کی زکوٰۃ نہ دے گا اور لوگوں کی زبان اس پر دراز ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کی جوراب چمڑے کی ہے۔ اگر اونٹ کے چمڑے کی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا خادم باہمت اور اصل کا بزرگ ہے۔ اور اگر بکری کے چمڑے کی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا خادم عام لوگوں میں سے ہے۔ اور اگر گھوڑے کے چمڑے کی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا خادم بزرگ اور سپاہیوں کی نسل سے ہے۔ اور اگر اس کی جوراب جنگلی جانور کے چمڑے کی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا خادم جنگلی شخص ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کے پاؤں میں جوراب ہے تو دلیل ہے کہ مال کو نگاہ رکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاؤں میں سفید اور پاکیزہ جوراب ہے تو دلیل ہے کہ اس اپنے مال کی زکوٰۃ دی ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ پامال جوراب مرد ہے اور مال زکوٰۃ کا نگہدار ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی جوراب سے خوشبو آتی ہے تو دلیل ہے کہ موت اور زندگی میں نیک نام ہوگا۔ اور اگر بدبو آتی ہے تو لوگ اس کو ملامت اور نفرت کریں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی جوراب ضائع ہوگئی ہے تو دلیل ہے کہ زکوٰۃ نہ دے گا اور اس کا مال ضائع ہوگا۔

جوشن (لوہے کا کرتہ):

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جوشن کا پہننا بقدر اس کی روشنی اور پاکیزگی کے پشت و پناہ ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس جوشن ہے تو دلیل ہے کہ وہ اور اس کے اہل بیت دشمنوں کے شر سے امن میں رہیں گے۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے جوشن پہنا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے جسم کا قلعہ دشمنوں کے شر سے امن میں رہے گا اور وہ اس پر ظفریاب نہ ہوں گے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس جوشن کے ساتھ ہتھیار بھی ہیں تو دلیل ہے کہ منافق کے مکر اور عام لوگوں کی شرارت سے امن میں رہے گا۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں جوشن دیکھنے والے کے دین کی زیادتی ہے۔ جو شخص خواب میں جوشن دیکھے دلیل ہے کہ پوشیدہ طور پر اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جوشن کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: بزرگی۔ دوم: پناہ۔ سوم: قوت۔ چہارم: مال۔ پنجم: زندگانی۔ ششم: دین کی زیادتی۔ خواب میں جوشن مونس و غمخوار ہے۔

www.waseemziyai.com

چوگان زدن (گیند بلا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چوگان بازی دلیل ہے کہ جس چیز کی جستجو ہے اس کو پائے گا اور عزت و مرتبہ پائے گا۔ لیکن دین اور عبادت میں سست ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں چوگان بادشاہ کے ہاتھ میں دیکھے تو دلیل ہے کہ دشمنوں پر فتح پائے گا۔ اور اگر چوگان کسی عام آدمی کے ہاتھ میں دیکھے تو دلیل ہے کہ کسی سے لڑائی جھگڑا کرے گا۔ اور عورتوں کی طرف سے بری بات سنے گا۔ اور اہل تعبیر گیند کو منہ سے اور چوگان کو زبان سے تشبیہ دیتے ہیں۔

جولاہا:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جولاہا مرد یا مسافر یا قاصد ہے جو جہان میں گھومتا ہے۔ اگر دیکھے کہ جولاہا کپڑا بنتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کسی کے ساتھ دنگ فساد ہوگا۔ کیونکہ کپڑا کی تاویل لڑائی جھگڑا ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ (کپڑوں کا بننا اور چیزوں کے بٹنے کا بیان حرف باء میں ہو چکا ہے) اگر خواب میں دیکھے کہ کپڑا سارا بن لیا ہے تو دلیل ہے کہ غم ناک ہوگا۔

جوہر (موتی):

(جوہر، گوہر) حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ موتی اور مروارید بیچتا ہے اور وہ اس کی ملکیت ہیں تو دلیل ہے کہ صاحب علم و دین ہوگا اور ہر ایک کے ساتھ نیکی اور احسان کرے گا۔ اور اگر صاحب دین نہ ہوگا تو غلاموں کا مالک ہوگا اور اب جواہرات کی قدر و قیمت کے مطابق اس کو مال حاصل ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر مصلح اور پارسا ہے اور دیکھے کہ جواہرات بیچتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو علم اور دین حاصل ہوگا۔

جوئے آب (پانی کی نہر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پانی کی نہر دیکھنا خوش مزہ اور پاکیزہ پانی جیسا ہے دلیل ہے کہ اس کی زندگانی اچھی گزرے گی۔ اور اگر دیکھے کہ نامعلوم نہر سے صاف پانی پیا ہے اور یہ شخص سفر میں ہے یا بیگانی جگہ میں ہے تو دلیل ہے کہ نامعلوم کام میں مشغول ہوگا اور اپنی عمر گزارے گا اور اس نہر سے پانی کے پینے کے مطابق منفعت پائے گا۔ اور اگر نہر کا پانی تلخ اور بے مزہ ہے تو تلخی عیش اور خراب زندگانی کی دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نہر کا دیکھنا اس کی اصل وکیل ہے جو مقرب ہوگا۔ اگر کوئی نہر کا پانی صاف اور جاری دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا کام جاری رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نہر کا پانی گدلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام تباہ اور بے انتظام ہوگا۔ اور جس جگہ کہ نہر کا پانی دیکھے، اس کی تاویل ساحل کی تاویل ہے اور جس قدر کمی زیادتی نہر میں دیکھے گا وکیل پر واقع ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ تخت پر بیٹھا ہے اور اس کے نیچے پانی جاری ہے تو دلیل ہے کہ دولت و اقبال اس کی طرف رخ کرے گا۔ اور اس کے دونوں جہان کے احوال نیک ہوں گے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: تجری من تحتها الانهار لهم فيها يشآؤن ۔ (اس کے نیچے نہریں جاری ہیں، اور ان کے لئے من مانی مرادیں ہیں)۔

اور اگر دیکھے کہ نہر کے صاف پانی میں بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ غم سے نجات پائے گا۔ اگر بیمار ہے تو شفاء پائے گا۔ قرض دار ہے تو قرض ادا کرے گا۔ سفر میں ہے تو وطن کو آئے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ نہر تاویل میں باحشمت اور بامنفعت مرد ہے۔ اور اگر دیکھے کہ نہر کا پانی اٹھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر کسی مالدار آدمی سے مال حاصل کرے گا اور جھوٹی نہر زندگانی ہے اور اللہ تعالیٰ تمام امور کی حقیقتوں کو خوب جانتا ہے۔



www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حرف الحاء

حبر (سیاہی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سیاہی کا طلب کرنا عیش اور مال پانا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ سیاہی خریدی یا اس کو کسی نے دی ہے تو دلیل ہے کہ عیش اس پر فراخ ہوگی اور مراد حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے سیاہی گرائی ہے یا اس سے ضائع ہوئی ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ سیاہی اس کے کپڑے پر گری ہے۔ اگر منشی ہے تو اس کے لئے نقصان دہ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ سیاہی سے کچھ لکھتا ہے۔ اگر لکھی ہوئی چیز قرآن مجید یا اسمائے الٰہی ہیں تو خیر وصلاح کی دلیل ہے اور اگر اس کے خلاف ہے تو شر وفساد کی دلیل ہے۔

حَب خوردن (گولی کھانا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں گولی دوائی کھانا کسی بیماری کے لئے دیکھے کہ اس کے کھانے سے شفاء اور نفع پایا ہے تو بہتری اور کاموں میں نفع کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ دوا کسی نفع کے لئے نہیں کھائی ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حج گزاردن (حج کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے حج کیا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے نصیب میں حج کرے گا۔ اگر بیمار یہ خواب دیکھے تو شفاء پائے گا۔ اگر قرض دار ہو تو قرضے سے فارغ ہوگا اگر مسافر دیکھے تو وطن کو سلامتی سے واپس آئے گا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ حج کو گیا ہے اور حج نہیں کر سکا تو دلیل ہے کہ عمر دراز ہوگی اور کام باانتظام سے ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ حج کو گیا ہے اور حرم شریف میں لبیک کہتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو خوف اور ڈر ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ حج اس پر واجب ہوا ہے تو دلیل ہے کہ کسی سے صلح کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ خانہ کعبہ میں نماز پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ بزرگوں سے نفع پائے گا اور اس کا کام بہتر ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں حج کرنا سات وجہ پر ہے۔ اول: نکاح کرنا۔

www.waseemziyai.com

دوم: کنیز خریدنا۔ سوم: عادل بادشاہ کی زیارت کرنا۔ چہارم: نیکی۔ پنجم: نیک کام کی کوشش کرنا۔ ششم: ثواب کی اجرت پانا۔ ہفتم: اہل علم کی صحبت میں جانا۔

حجر اسود:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ حجر اسود پر ہاتھ ملتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اہل حجاز سے اس کو نفع پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ حجر اسود کو اکھیڑا ہے۔ تو دلیل ہے کہ بد مذہب اور بد اعتقاد اور ناپاک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ حجر اسود کو پھر اس کی جگہ پر رکھ دیا ہے تو دلیل ہے کہ پھر راہ راست پر آجائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ آب زمزم پیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی کھوئی ہوئی چیز پھر اس کو ملے گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ حجر اسود کو بوسے دیتا ہے اور اس پر منہ کو ملتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے دین کی خیر وصلاح زیادہ ہوگی اور اہل علم سے ملے گا۔

حجامت کردن (سینگی لگانا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کو پچھنے کسی بیگانے نے کسی بیگانی جگہ میں لگائے ہیں تو دلیل ہے کہ امانت اپنی اپنی گردن پر لے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پچھنے کسی دوست نے لگائے ہیں۔ تو دلیل ہے کہ امانت اس کو واپس کرے گا اور دشمن کی شرارت سے امن میں رہے گا اور غم سے نجات پائے گا۔ اگر جوان یہ خواب دیکھے تو یہی تاویل ہے اور اگر بوڑھا دیکھے تو بزرگی پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کسی بوڑھے کو اس نے پچھنے لگائے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا کام عمدہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ کو سینگی لگائی ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کا مقرب ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ سینگی لگانے سے خون نکلا ہے تو دلیل ہے کہ مقصدی یا بادشاہ کا منشی ہوگا۔ اور اگر جاہل ہے تو قرض میں غرق ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پچھنے لگانا سات وجہ پر ہے۔ اول: امانت ادا کرنا۔ دوم: شرط کرنا۔ سوم: ولایت پانا۔ چہارم: عزت و بزرگی۔ پنجم: مرتبہ۔ ششم: سنت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم۔ ہفتم: اگر حاکم ہے تو کام سے معزول ہوگا۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اگر سینگی لگانے والا جوان ہے تو دلیل ہے کہ خرچ کا محاسب ہوگا۔ یا چیزوں کا اندازہ کرنے والا اور لوگوں کے کام اس کے ہاتھ پر کشادہ ہوں گے۔

حد زدن (سزا دینا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں حد لگانا عورتوں کے کام پورا کرنے کی دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے حد لگائی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر عورتوں کے کام کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے حد لگائی ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں حد لگانا کسی گناہ پر حد لگائی ہے۔ اگر خواب میں دیکھنے والا مصلح ہے تو دنیا کے شغل میں مشغول ہوگا۔ اور اگر خواب دیکھنے والا مفسد ہے تو غم واندوہ کی دلیل ہے۔

حربہ (نیزہ چھوٹا، بھالا):

اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس نیزہ ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہوگا۔ اور اگر شادی شدہ نہیں ہے تو مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نیزے کے ساتھ اور ہتھیار بھی ہیں تو دلیل ہے کہ عزت ومرتبہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو بادشاہ نے نیزہ دیا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے نفع پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ خود نیزہ دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس سے اس کو کچھ ملے گا اور اگر دیکھے کہ نیزہ اس کے ہاتھ سے ٹوٹ گیا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ نیزہ خواب میں دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: غرور۔ دوم: ولایت۔ سوم: عمر دراز۔ چہارم: فتح۔ پنجم: ریاست۔ ششم: منفعت۔

حرم (کعبہ):

حرم امن کی جگہ ہے۔ اگر دیکھے کہ حرم کعبہ میں ہے تو دلیل ہے کہ دنیا کی آفات سے امن میں رہے گا۔ اور حج اس کو نصیب ہوگا۔ حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ بادشاہ یا کسی سردار کے حرم میں گیا ہے تو دلیل ہے کہ تمام شہروں میں اس کے لئے امن ہے اور اس کو بادشاہ سے کچھ ملے گا۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کو اس حرم کے اہل سے کام پڑے گا اور اگر دیکھے کہ اس کو بادشاہ نے اپنے حرم میں خود بلایا ہے اور اسی جگہ مقیم ہوا ہے۔ تو دلیل ہے کہ بادشاہ کا کام کرے گا اور اس کو اس کام سے بدنامی ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ کسی ظالم بادشاہ کے حرم میں گیا ہے اس کی بھی یہی تاویل ہے۔

حریر (ریشم):

حریر، خز، دیبا۔ ان کا بیان حرف دال میں ہے۔

حساب کرنا:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ حساب کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ محنت اور عذاب میں پڑے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے اللہ تعالیٰ نے اس پر قیامت میں حساب کو آسان کر دیا ہے اُمید ہے کہ نجات پائے گا۔ اور اگر خلاف دیکھے تو زحمت میں پڑنے کی دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں قیامت کا حساب دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول:

www.waseemziyai.com

بادشاہ کا عذاب۔ دوم: مشغولی۔ سوم: سختی اور رنج۔ چہارم: بدحالی۔ پنجم: اندوہ اور غم۔ ششم: تھوڑی عمر۔

حصار (قلعہ، گھیرا):

اگر دیکھے کہ حصار میں ہوا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن کے شر سے امن میں ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ حصار سے نکلا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ مضبوط حصار میں ہے اور وہ اس کی ملک ہے تو دلیل ہے کہ شر اور دشمن سے امن میں رہے گا اور اگر دیکھے کہ حصار سے نکلا ہے تو پہلے کے خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر اپنے آپ کو حصار میں دیکھے تو دلیل ہے کہ نعمت اور روزی اس پر فراخ ہوگی۔ اگر اس کے خلاف دیکھے تو احوال کی تباہی اور کاروبار کے بند ہونے کی دلیل ہے۔

حصیر (چٹائی):

حصیر۔ بوریا چٹائی۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس چٹائی ہے یا اس کو کسی نے دی ہے تو دلیل ہے کہ اس چٹائی کے قدر پر نفع پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چٹائی بن رہا ہے تو دلیل ہے کہ کسی عورت پر عاشق ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ چٹائی تھوڑی قیمت کی ہے اور وہ اس کو بن رہا ہے تو دلیل ہے کہ عورت بے اصل اور درویش ہوگی۔ اور دیکھے کہ چٹائی قیمتی اور پاکیزہ ہے تو دلیل ہے کہ اصیل دولت مند عورت کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ چٹائیاں بنتا ہے اور بیچتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو غم لاحق ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چٹائی کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: منفعت۔ سوم: خواستگاری کہ جس سے اس کو نعمت حاصل ہوگی۔

حقنہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ حقنہ خواب میں غصے کے ساتھ ایک جگہ سے دوسری جگہ پر جانا ہے۔ اس طرح کہ اس سختی سے بے ہوش ہو جائے گا اور بعض اہلِ تعبیر نے بیان کیا ہے کہ حقنہ خواب میں ایسا کام ہے کہ دیکھنے والے پر واپس آتا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے اس کو حقنہ کیا گیا ہے اور اس نے اس سے رنج دیکھا ہے تو یہ اس کی بدحالی کی دلیل ہے۔ اگر اس کے خلاف دیکھے تو خیر و منفعت پائے گا۔

www.waseemziyai.com

حقہ (جواہرات کا ڈبہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ڈبیہ خواب میں عورت یا کنیز ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس نئی ڈبیہ ہے۔ یا اس نے خریدی ہے یا کسی نے اس کو دی ہے تو دلیل ہے کہ عورت کرے گا یا کنیز خریدے گا۔ اگر دیکھے کہ ڈبیہ ٹوٹی یا ضائع ہوگئی ہے تو دلیل ہے کہ اس سے عورت جدا ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کے پاس بڑا ڈبہ نقش دار ہے دلیل ہے کہ مالدار عورت کرے گا اور اس سے نفع پائے گا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ بدصورت اور درویش عورت سے شادی کرے گا۔

حکمت:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ علم حکمت پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ قرآن شریف پڑھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے حکمت کی کتاب جلائی ہے تو یہ اس کے دین کی تباہی کی دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ حکمت کی کتاب کے ورقے کھاتا ہے۔ دلیل ہے کہ علم حکمت بہت پڑھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ورقوں کو پھاڑتا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب نماز نہیں پڑھتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کوئی حکمت کی کتاب پڑھتا ہے اور وہ سنتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ علم پڑھے گا۔

حلاج (دھنیا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دھنیا قوی مرد ہے کہ جس کے ہاتھ سے لوگوں کے کام ہوتے ہیں۔ اور اگر دیکھے کہ دھنئے کا کام کرتا ہے تو دلیل ہے کہ ایسے آدمی سے جس کا اوپر ذکر ہوا ہے اس کی صحبت ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دھنیا گری دو وجہ پر ہے۔ اول: نفع۔ دوم: کشائش۔

حلتیت (ہینگ):

حلتیت۔ انگوزہ۔ ہینگ۔ اس کا خواب میں دیکھنا ہر ایک حال میں غم واندوہ ہے۔

حلوا:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں حلوہ ایسا مال ہے جو بادشاہ کے ہاتھ پر گزر کر حرام ہو چکا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں حلوہ بہت سا مال اور دین خالص ہے۔ اور

www.waseemziyai.com

حلوے کا ایک لقمہ خواب میں فرزند کو بوسہ دینا ہے۔ اور میوہ جات والے حلوے کا ایک نوالہ اچھا ہے اور جس حلوے میں کہ مغز بادام یا مغز اخروٹ ہے اس کی تاویل منفعت ہے جو اس کو بخیل سے پہنچے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے خواب میں حلوہ پانا دلیل ہے کہ اسی قدر مال حلال اور حلال روزی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس میں زعفران ہے یہ بھی بہتری کی دلیل ہے اور خواب میں حلوا فروش آدمی شیریں سخن مرد ہے۔

حمال (قلی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں قلی صاحب مرتبہ اور خطرناک شخص ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی پشت پر ہلکا بوجھ ہے اور وہ بوجھ اس کی ملک ہے تو دلیل ہے کہ اس بوجھ کے مطابق اس کو راحت اور خیر و منفعت پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ وہ بوجھ اس قدر ہے کہ اس سے اس کی پشت کو تکلیف پہنچ رہی ہے۔ دلیل ہے کہ گناہ گار اور نافرمان ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **لیحملوا اوزارھم کاملة یوم القیامة۔** (تا کہ وہ پورے طور پر اپنے بوجھ قیامت کے دن اُٹھائیں)۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ دوسروں کا بوجھ بغیر اجرت کے اٹھاتا ہے تو دلیل ہے کہ مخلوقِ خدا سے خیر اور احسان کے ساتھ پیش آتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اجرت لے کر بوجھ اٹھاتا ہے تو اس کی تاویل غم واندوہ ہے۔

حنا (مہندی):

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ اور پاؤں پر مہندی لگی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اپنے آپ کو آراستہ کرے گا۔ لیکن اس کے دین میں کراہت ہوگی۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے عزیزوں کا حال اس سے پوشیدہ نہ رہے گا۔ اور اگر یہ خواب ایسا آدمی دیکھے کہ جس کے حسب حال مہندی لگانا نہیں ہے تو دلیل ہے کہ اس کو غم لاحق ہوگا اور وہ جلدی نجات پائیگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مہندی لگانا تین وجہ پر ہے۔ اول: اپنوں کی آرائش۔ دوم: اہل بیت کا ستر۔ سوم: غم واندوہ۔

حنوط (میت کی خوشبو):

حنوط خوشبو ہے جو مردے کو ملتے ہیں۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ حنوط اس کو ملا ہے تو دلیل ہے کہ توبہ کرے گا اور خدا تعالیٰ کی پناہ میں ہوگا۔ اور اگر یہ خواب کوئی مصلح شخص دیکھے تو غم واندوہ سے نجات پائے گا اور خوف سے امن میں ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ حنوط سونگھنا لوگوں کی بڑی تعریف ہے۔ کیونکہ بعض اہل تعبیر

www.waseemziyai.com

نے فرمایا ہے کہ حنوط کے انداز ے پر اہل میت کی نیک نامی ہے۔

حوض:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں حوض کی اصل علم و دانش ہے اگر دیکھے کہ حوض سے پاک وصاف پانی پیا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر علم سے حصہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے آپ کو حوض کے پانی سے دھویا ہے تو دلیل ہے کہ طاعت کی توفیق پائے گا اور نافرمانی سے باز رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ حوض کا سارا پانی پیا ہے دلیل ہے کہ عمر کو سلامتی سے گزارے گا اور اس کا مال زیادہ ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے اپنے کپڑے حوض پر دھوئے ہیں دلیل ہے کہ اس کے اہل بیت توبہ کریں گے اور دین کے راستہ پر آئیں گے۔

اور اگر دیکھے کہ حوض میں کپڑا دھویا ہے اور پانی کے نیچے بلندی ظاہر ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ علم پر کام نہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ حوض کے کنارے سبزہ جما ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے علم سے نفع اٹھائے گا اور لوگ اس کے علم سے نفع پائیں گے۔ خاص کر اگر حوض اس کی ملک ہے۔ اور اگر دیکھے کہ حوض کا پانی زیادہ ہوا ہے، بغیر اس کے کہ کسی جگہ سے حوض میں پانی آئے تو دلیل ہے کہ اس کا مال اور علم اسی قدر زیادہ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ حوض کا پانی گدلا اور تلخ ہے تو غم اور اندوہ کی دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے حوض کا پانی پیتا ہے تو دلیل ہے کہ کسی دولت مند آدمی سے مال پائے گا اور اس کی عاقبت محمود ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں حوض کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: با منفعت مرد۔ دوم: مالدار شخص۔ سوم: مال جمع کرنا۔ چہارم: عالم کہ جس کے علم سے لوگ نفع پائیں۔

حوض کوثر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ قیامت قائم ہے اور لوگوں کو حوض کوثر بلاتے ہیں تو دلیل ہے کہ ایسا بادشاہ ظاہر ہوگا جو لوگوں میں عدل وانصاف کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ حوض کوثر سے ایک پیالہ پیا ہے دلیل ہے کہ اس کی موت اسلام پر ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ حوض کوثر کے آس پاس پھر کر پانی مانگا ہے اور اس کو نہیں ملا ہے تو دلیل ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دوستوں کا دشمن ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو حوض کوثر کا پانی دیا ہے اور اس نے پیا ہے تو دلیل ہے کہ ساقیٔ کوثر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نام حوض کوثر پر لکھا ہوا ہے اور اس نے پیالہ اٹھا کر پانی پیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی کسی عالم سے صحبت ہوگی اور دونوں جہانوں کی مراد پائے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس نے حوض کوثر سے پانی پیا ہے اور پانی گدلا ہے تو دلیل ہے کہ خواب دیکھنے والا منافق ہے اور اس کو قرآن وحدیث سے علم نصیب نہ ہوگا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ حوض کوثر اسی طرح کا ہے کہ جس طرح حدیث شریف میں آیا ہے اور اس نے آب کوثر پیا ہے تو دلیل ہے کہ اس شخص کا اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑا مقام اور مرتبہ ہے اور وہ بزرگانِ دین میں سے ہوگا۔

حیض:

بے نمازی۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مردوں کے لئے معیشت میں بقاء ہے اور عورتوں کے لئے مال کی زیادتی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ حیض آیا ہے تو فساد اور حرام کی دلیل ہے۔

اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ حیض آیا ہے تو اندوہ وسختی کی دلیل ہے۔ اور اگر عورت دیکھے کہ اس کو حیض آیا ہے تو دلیل ہے کہ خون کے اندازے پر مال حرام حاصل کرے گی۔ اور اگر مرد دیکھے کہ اس کی عورت کو حیض آیا ہے دلیل ہے کہ اس پر دنیا کا کام بند ہو جائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ صاحب خواب مستور ہے دلیل ہے کہ دین میں حیران ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی عورت پاک ہوئی اور اس نے حیض کے بعد غسل کیا۔ تو دلیل ہے کہ اس پر دنیا کے کام کشادہ ہوں گے اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے۔

www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حرف الخاء

خاج (صلیب، چلیپا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے صلیب خریدی ہے یا کسی نے اس کو دی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے دین میں خلل ہے اور اس کی رغبت کافروں کی طرف ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ صلیب اس کی گردن میں ہے تو دلیل ہے کہ اس کا اعتقاد خراب ہے۔ اور اگر دیکھے کہ صلیب پرستی کرتا ہے تو دلیل ہے کہ ذات حق کا شریک ٹھہرائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے صلیب دی ہے اور اس نے توڑ ڈالی ہے یا گھر سے باہر گرائی ہے تو دلیل ہے کہ دین اسلام اس کے دل میں محکم اور مضبوط ہوگا اور کافروں کا دشمن ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ صلیب کو بوسہ دیا ہے اور اس کو عزیز رکھتا ہے۔ تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

خار (کانٹا):

خار، کانٹا۔ خواب میں قرض ہے۔ اگر دیکھے کہ کانٹا اس کے جسم میں ہے یا کسی نے اس کو چبھویا ہے دلیل ہے کہ کسی سے قرض لے گا۔ اور خار کے قدر کے رنج کے مطابق اس سے تلخ بات سنے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کے جسم میں کانٹا مارا ہے دلیل ہے کہ کہ وہ کسی کو قرض دے گا اور اس سے ناگوار باتیں سنے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے بہت سے کانٹے ہیں اور ان سے اس کے پاؤں کو تکلیف پہنچی ہے دلیل ہے کہ قرض دار ہوگا اور آخر کار رہائی پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ کانٹا خواب میں تین وجہ پر ہے۔ اول: قرض۔ دوم: گالی۔ سوم: کاموں میں مشکل۔

خار پشت (سیہہ):

خار پشت سیہہ یا سیہی۔ حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب خار پشت دشمن بدصورت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ خار پشت کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن مغلوب ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ خار پشت کا گوشت کھایا ہے دلیل ہے کہ اسی قدر دشمن کا مال کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ خار پشت نے اس کو کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو دشمن سے نقصان پہنچے گا۔ خاص کر اگر دیکھے کہ زخم سے بھی خون نکلا ہے۔

www.waseemziyai.com

خارش تن (کھجلی):

خارش تن۔جسم کی خارش۔حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے جسم پر خارش ظاہر ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اپنوں کی طلب کرے گا اور ان کے لئے غم واندوہ کھائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جسم کی کھجلی عزیزوں اور اہل بیت کے احوال کی جستجو اور ان کے لئے رنج وغم اٹھانا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر جسم کی خارش تکلیف دے تو اس کو اپنوں سے زحمت ہوگی۔

خاشاک (کوڑا کرکٹ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کوڑا کرکٹ دیکھنا عام لوگوں کے لئے مال ونعمت ہے۔اگر دیکھے کہ گھر میں کوڑا کرکٹ بہت ہے اور وہ اس میں مقیم ہے دلیل ہے کہ اسی قدر مال ونعمت حاصل کرے گا۔اور اگر دیکھے کہ اس کے خاشاک کو ہوا لے گئی ہے یا جل گئی ہے دلیل ہے کہ بادشاہ اس کا مال لے گا اور اگر دیکھے کہ خاشاک کو دیگ کے نیچے یا تنور میں جلاتا ہے دلیل ہے کہ اپنے مال کو عیال پر خرچ کرے گا اور جمع کرے گا۔اور اگر دیکھے کہ خاشاک کو جنگل سے لاکر گھر میں جمع کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر سفر سے مال حاصل کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ شہر میں یا کوچے میں ہوا خاشاک لاتی ہے تو دلیل ہے کہ اس شہر کے لوگوں کو بھی اسی قدر خیر ومنفعت حاصل ہوگی۔

خاک:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خاک تھوڑی ہو یا بہت درہم ہیں۔

اگر دیکھے کہ گھر میں خاک ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر درہم پائے گا اور اس کو بغیر رنج کے ملیں گے۔

اور اگر دیکھے کہ خاک پر چلتا ہے، یا کھاتا ہے یا اٹھاتا ہے یہ سب مال کی دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ خاک گھر سے نکالتا ہے اور باہر گراتا ہے تو دلیل ہے کہ اپنا مال ضائع کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ خاک کو ہاتھ سے بکھیرتا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر اس کا مال ضائع ہوگا۔اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ مال سے تہی دست ہو جائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خاک پانچ وجہ پر ہے۔اول: مال۔دوم: منفعت۔سوم: شغل۔چہارم: بادشاہ کی طرف سے فائدہ۔پنجم: رئیس کی طرف سے منفعت۔

www.waseemziyai.com

خاکستر (راکھ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں راکھ مال باطل ہے جو بادشاہ کی طرف سے ہوتا ہے اور کسی کے پاس نہیں رہتا ہے۔ اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ ایسا علم حاصل کرے گا کہ جس میں خیر و منفعت نہ ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خاکستر نو وجہ پر ہے۔ اول: نامقبول علم۔ دوم: مال حرام۔ سوم: بے ہودہ کام۔ چہارم: جھگڑا۔ پنجم: بدکاری۔ ششم: مکر و حیلہ۔ ہفتم: حسرت و افسوس۔ ہشتم: پشیمانی۔ نہم: ایسا کام کہ جس میں بہتری نہ ہوگی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **مثل الذین کفرو ابربھم اعما لھم کرما داشدت بہ الریح فی یوم عاصف**۔ (جو لوگ اپنے رب کے ساتھ کفر کرتے ہیں ان کا حال راکھ کے مشابہ ہے جس جھکڑ کے دن میں آندھی اڑائے لئے پھرتی ہے)۔

خامہ (قلم):

اگر دیکھے کہ قلم لیا ہے۔ یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ علم حاصل کرے گا اور اس کا کام درست ہوگا اور مراد پوری ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ قلم سے کچھ لکھتا ہے۔ اگر وہ لکھا ہوا نیک ہے تو نیکی پر دلیل ہے اور اگر بُرا ہے تو بدی پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ دو قلموں سے لکھتا ہے دلیل ہے کہ اس کا سفر میں گیا ہوا شخص جلدی واپس آئے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی اپنے ہاتھ میں لکھنے کا قلم دیکھے۔ اگر اہل علم سے ہے تو دلیل ہے کہ علماء اور صلحاء سے صحبت رکھے گا۔

اور اگر دیکھے کہ قلم سے کچھ لکھتا ہے اور پڑھتا ہے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے۔ **اقراء کتابك کفی بنفسك الیوم علیك حسیباً**۔ (اپنی کتاب پڑھ، تیری جان پر آج کے دن حساب کے لئے کافی ہے)۔ اور اگر جو کچھ لکھا ہے اہل سنت و جماعت کی کتابوں کے موافق ہے تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبہ پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ قلم اس کے ہاتھ میں ٹوٹ گیا ہے۔ اگر عالم ہے تو اس کی حرمت کم ہوگی اور اس کا کام بے رونق ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ ٹوٹا ہوا قلم لکھ رہا ہے اور اس نے جو کچھ لکھا ہے چوپایوں کے شمار سے یا پرندوں کے شمار سے ہے اس کی تاویل اس کی ذات اور صورت اور خاصیت کے مطابق ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں قلم سات وجہ پر ہے۔ اول: حکمت۔ دوم: فرمان۔ سوم: علم۔ چہارم: دانائی۔ پنجم: ولایت۔ ششم: چیزوں کا درست ہونا۔ ہفتم: کام اور مراد۔

خانہ (گھر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گھر مرد کے لئے عورت ہے۔ اگر خواب میں دیکھے

www.waseemziyai.com

کہ گھر کو ستونوں سمیت جگہ سے اٹھالیا ہے تو دلیل ہے کہ بامروت اور مہربان عورت سے شادی کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ گھر کا دروازہ نیا بنا ہے دلیل ہے کہ مالدار عورت کرے گا اور مالدار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ تنہا گھر کا چونا لگا ہوا ہے اور یہ معلوم نہیں ہے کہ گھر کس کی ملک ہے تو دلیل ہے کہ گھر والا دنیا سے جائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ گھر کا دروازہ بوسیدہ ہے اور وہ گھر میں بند ہے اور وہ گھر دوسرے گھروں سے ملا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ رنج اور سختی سے نجات پائے گا اور بیمار ہے تو شفاء پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے گھر کا دروازہ خود توڑا ہے دلیل ہے کہ مال جمع کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا گھر بہت بڑا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس پر مال ونعمت فرخ ہوگی اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ مال ونعمت کی اس پر تنگی ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کے گھر کی دیوار یا گھر گر گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بہت سا مال پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا گھر بے درجہ خراب ہو گیا ہے دلیل ہے کہ اس کو مال اور درہم ملیں گے اور اگر دیکھے کہ لوہے کا گھر ہے دلیل ہے کہ تونگر ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر کا دروازہ چاندی کا ہے دلیل ہے کہ اس کو توبہ کرنی چاہئے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **لمن یکفر بالرحمن لبیو تھم سقفا من فضۃ۔** (جو لوگ رحمٰن کے ساتھ کفر کرتے ہیں ان کے گھروں کی چھت چاندی کی ہے)۔

اور اگر مالدار ہے تو نعمت اور زیادہ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر کے آس پاس کوئی گھر نہیں ہے تو دلیل ہے کہ اس کا حال تباہ ہوگا۔

خرابی (ویرانی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ویرانی غم واندوہ ہے کیونکہ خرابی اوپر سے نیچے ہونا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ خرابی میں گیا ہے تو دلیل ہے کہ غمگین ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ ویرانے میں غسل کیا ہے دلیل ہے کہ غموں سے نجات پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر سرائے میں یا گھر میں بہت سے مکانات ظاہر ہوں تو دلیل ہے کہ اس جگہ غم واندوہ اور مصیبت ہوگی۔

خائیسک (ہتھوڑا):

خائیسک، مطرقہ۔ ہتھوڑا۔ خواب میں دیکھنا سرداری ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے ہتھوڑے ہیں یا کسی نے اس کو دیئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کی صحبت قوم کے سردار سے ہوگی اور اس سے نفع پائے گا۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ کسی کو ہتھوڑے سے مارا ہے تو دلیل ہے کہ سردار کو مغلوب کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا ہتھوڑا ضائع ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ سردار سے جدا ہو گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی لوہار کا کام نہیں جانتا ہے اور دیکھے کہ ہتھوڑا ہرن پر مارتا ہے تو دلیل ہے کہ دو سرداروں میں نکتہ چینی کرے گا اور دشمنی ڈالے گا۔

خایۂ مرغ (انڈا):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ خواب میں انڈا کنیز پر دلیل ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ مرغی نے اس کے سامنے انڈا دیا ہے اور اس کو معلوم نہیں ہے کہ کیا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کرے گا اور مدت تک اس عورت کے ساتھ رہے گا۔

اور اگر دیکھے کہ پکا ہوا انڈا کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ رنج اور مشقت سے مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نیم پختہ انڈا کھایا ہے تو دلیل ہے کہ مال حرام کھائے گا اور اس کو رنج و غم پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چھلکے سمیت انڈا کھایا ہے تو دلیل ہے کہ مردوں کے کفن چرائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ خود انڈا دیتا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کو بہت چاہے گا اور جماع پر حریص ہو گا۔

اور اگر دیکھے کہ انڈوں پر پرندوں کی طرح بیٹھتا ہے تو دلیل ہے کہ عورتوں کے پاس بیٹھے گا اور فائدہ پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ انڈا مرغی کے نیچے رکھا ہے اور مرغی نے اس کو باہر ڈال دیا ہے دلیل ہے کہ اس کا مرا ہوا کام زندہ ہو گا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کے یہاں باایمان لڑکا ہو گا۔ اور اگر دیکھے کہ انڈا ٹوٹ گیا ہے دلیل ہے کہ لڑکی جوان ہو گی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے انڈے ہیں دلیل ہے کہ اس کے بہت لڑکے ہوں گے۔ اور بطخ کا انڈا تاویل میں درویش اور بے چارہ فرزند ہے اور چڑیا کا انڈا خوشی پر دلیل ہے۔

خایۂ آدمی (عضو تناسل):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کا عضو تناسل بڑا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ قوت اور فرزند اور اس کا مال زیادہ ہو گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے دونوں خصیے چھوٹے ہو گئے ہیں تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا عضو تناسل کٹا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن اس پر فتح پائیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اپنا عضو کسی کو دیا ہے یا بخشا ہے دلیل ہے کہ اس کا فرزند حرام زادہ ہو گا کہ اس کی نسب کسی دوسرے سے ہو گی۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ اس کے خصیے سوجے ہوئے ہیں یا ان میں ہوا بھری ہوئی ہے دلیل ہے کہ مال بہت پائے گا لیکن اس کو دشمن سے خوف ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے خصیے دراز ہو گئے ہیں کہ زمین پر گھسٹ رہے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو مال بہت حاصل ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی کے خصیے کھینچتا ہے تو دلیل ہے کہ دونوں ایک دوسرے کی عورت سے فساد کرتے ہیں۔

اور اگر دیکھے کہ اپنے عضو تناسل کا چمڑا اتارا ہے دلیل ہے کہ کوئی اس کے فرزند پر ظلم کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کا خایۂ سخت پکڑا ہے دلیل ہے کہ فرزند کی خبر موت سنے گا اور اگر اس کا فرزند نہ ہوگا تو دلیل ہے کہ اس کی عزت و حرمت کم ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ خایۂ جڑ سے کٹا ہے دلیل ہے کہ اس کی قوت کٹ جائے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے خایۂ رسی یا اور کسی چیز سے باندھے ہیں تو دلیل ہے کہ اس شخص پر سب کام بند ہو جائیں گے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آدمی کا خایۂ دشمن کی سختی کو اس سے روکنے کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے خایۂ میں نقصان ہے تو دلیل ہے کہ دشمن اس پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا بایاں خایہ نکلا ہے تو دلیل ہے کہ ہلاک ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خایہ کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ اول: فرزند۔ دوم: مال۔ سوم: اہل بیت (گھر والے)۔ چہارم: عزت۔ پنجم: بزرگی۔ ششم: طالب حاجت۔ ہفتم: مراد پانا۔

خایۂ مرغابی (مرغابی کا انڈا):

مرغابی کا انڈا خواب میں دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: مراد کا پانا۔ دوم: عورت کرنا۔ سوم: کنیز خریدنا۔ چہارم: فرزندوں کا پیدا ہونا۔

خیمہ کردن (خیمہ لگانا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ خیمہ لگایا ہے تو دلیل ہے کہ غمگین ہوگا اور ایک علم میں معزول (بیکار) ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کے لئے خیمہ لگایا ہے تو بھی غم واندوہ کی دلیل ہے اور بعض اہل تعبیر نے کہا ہے کہ عیش (روزی) تنگ ہوگی۔

ختنہ کردن (ختنہ کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے ختنہ کیا ہے دلیل ہے کہ ایسی سنت بجالائے گا جو اس کو گناہوں سے پاک کرے گی۔

اور اگر دیکھے کہ ختنہ کے وقت اس سے خون جاری ہوا ہے دلیل ہے کہ اس سنت میں ثابت قدم ہوگا اور

www.waseemziyai.com

گناہوں سے توبہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ختنہ کرنے کے وقت ختنہ پر نظر رکھی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو غم و اندوہ بہت پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کا ختنہ کیا ہے دلیل ہے کہ گناہوں سے پاک ہوگا۔ اور اگر ختنہ نہیں کیا ہے دلیل ہے کہ اسلام اور سنت کے رسے کو پس پشت ڈالے گا لیکن اس کا مال زیادہ ہو گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ختنہ کرنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: سنت بجالانا۔ دوم: فرزند۔ سوم: نیکی۔ چہارم: آرام۔ پنجم: عورت اور فرزند کی جدائی۔

خربزہ (خربوزہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خربوزہ خواب میں بیماری ہے اور سبز و شیریں اگر موسم پر ہے تو صحت اور منفعت ہے اور چھوٹا خربوزہ بڑے سے اچھا ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خربوزہ موسم پر دیکھنا بہت سی منفعت کے ساتھ عورت ہے اور نہایت خوشی اور عیش کی دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خربوزہ پانچ وجہ پر ہے۔ اول: بیماری۔ دوم: عورت۔ سوم: غلام۔ چہارم: منفعت۔ پنجم: خوش عیش خاص کر اگر موسم پر ہے۔

خرچنگ (کیکڑا):

خرچنگ۔ خواب میں کم ہمت آدمی پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کیکڑا پکڑا ہے کہ کسی کم ہمت کا مصاحب ہوگا اور اس سے تھوڑا نفع پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کیکڑے کو مارا یا دور ڈالا ہے دلیل ہے کہ بدخو اور کم ہمت آدمی سے جدا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کیکڑے کا گوشت کھایا ہے دلیل ہے کہ اسی قدر مال اسے ملے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کے پاس کیکڑا ہے دلیل ہے کہ خوش طبع آدمی سے دوستی کرے گا جو خوش خو ہوگا اور اس سے نیکی دیکھے گا۔

خر (گدھا):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ گدھا خواب میں نصیب اور بزرگی ہے۔ اور گدھے کی نیکی اور بدی صاحب خواب پر رجوع کرتی ہے۔ اگر دیکھے کہ گدھا اس کی ملک ہوا ہے یا اس کے قبضہ میں آیا ہے اور اس نے گدھے کو پکڑ کر باندھ لیا ہے دلیل ہے کہ خیر کا دروازہ اس پر کھلے گا اور غم سے نجات پائے گا۔ اور اگر بہت سے گدھے دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی نعمت اور مال زیادہ ہوگا۔ اور بہترین گدھے کی خواب کا یہ ہے کہ گدھا اس کا

www.waseemziyai.com

تابعدار ہو۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ سیاہ گدھے پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ بزرگی اور سرداری پائے گا اور عزت اور مرتبے کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ سبز گدھے پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ عابد اور زاہد ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ سرخ گدھے پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ عیش اور عشرت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ زرد گدھے پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ اور اگر حاملہ گدھی پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ خیر اور خوشی ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ گدھے کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ تجارت سے مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ گدھے کو ذبح کیا ہے اور اس کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اپنا مال جمع کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے بیٹھنے سے گدھا مر گیا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب جلدی مرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اپنے گدھے سے گرا ہے دلیل ہے کہ درویش اور تنگ عیش (روزی) ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ گدھے سے جو اس کی ملک نہ تھا گرا ہے دلیل ہے کہ کسی سے ضرر اور نقصان پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ وہ گدھے سے نیچے اترا ہے اور دوسرا شخص بیٹھا ہے دلیل ہے کہ اپنا مال خرچ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی کام کے لئے گدھے سے نیچے اترا ہے دلیل ہے کہ جس کام اور حاجت کا طالب ہے وہ جلدی پوری ہو جائے گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ گدھے کو شیر کھاتا ہے دلیل ہے کہ بیمار ہوگا اور جلدی شفاء پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ گدھا خریدا ہے اور اس کی قیمت نہیں دی ہے تو دلیل ہے کہ سختی کے باعث جو کسی بزرگ کو کہی ہوگی راحت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ گدھے کی ایک آنکھ ہے دلیل ہے کہ مشکل سے معیشت طلب کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کہ پاس گدھا ہے اور اس کی دونوں آنکھیں نہیں ہیں تو دلیل ہے کہ جو مال اس کے پاس ہے ضائع ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ گدھے کے دست و پا بہت ہیں اور گدھا دراز ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے بہت لوگ تابعدار ہوں گے۔

اور اگر دیکھے کہ گدھا مر گیا ہے اور وہ دوسرے گدھے پر بیٹھ گیا ہے یا پاس کا گدھا بیچا ہے اور دوسرا خریدا ہے دلیل ہے کہ اس کی معیشت ایک حال سے دوسرے حال کی طرف پھرے گی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا گدھا استر (خچر) ہو گیا ہے دلیل ہے کہ اس کی معیشت بادشاہ سے ہوگی لیکن ظلم سے ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ گدھا بکری ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ مال حلال پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا گدھا پرندہ ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا روزگار ایسے کام سے ہوگا کہ جو اس پرندے کی طرف منسوب ہوگا۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ اس کا گدھا چور لے گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عورت فساد کی شہرت پائے گی اور اس کا نتیجہ اس سے جدائی ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا گدھا قوی اور زور والا ہے۔ دلیل ہے کہ دنیا کی کار اور کمائی اس پر آسان ہوگی۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے دلیل ہے کہ دنیا کا کاروبار اس پر تنگ ہوگا اور تکلیف سے ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ گدھے پر بوجھ لادا ہوا ہے اور وہ اس کے اوپر بیٹھا ہے دلیل ہے کہ تونگر ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ گدھے سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ اپنی مرادیں پائے گا۔ اور اگر دیکھے کو گدھے کو پشت پر سے پکڑا ہے اور پانی میں سے نکالا ہے تو یہ قوت حال اور بزرگی بخت اور اقبال کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ گدھا ہنگا ہے دلیل ہے کہ یہ نیک نہیں ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: ان انکر الا صوات لصوت الحمیر۔ (تمام آوازوں سے کرخت آواز گدھے کی ہے)۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ گدھے پر بیٹھا ہے اور اس گدھے نے اس کے نیچے سے آواز کی ہے دلیل ہے کہ اس کا عیال بدخو ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اپنا گدھا دوسرے گدھے سے بدلا ہے اور اس سے بُرا ہے دلیل ہے کہ اس کا حال برا ہو جائے گا۔ اور اگر پہلے گدھے سے بہتر ہے تو دلیل ہے کہ اس کا حال نیک ہوگا اور مال بڑھے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اپنا گدھا گھوڑے یا استر (خچر) سے بدلا ہے دلیل ہے کہ بادشاہ سے مال اور منفعت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ درندے کے ساتھ بدلا ہے دلیل ہے کہ ظالم بادشاہ سے اس کو کچھ ملے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنا گدھا پرندے سے بدل لیا ہے دلیل ہے کہ پرندے کی قدر و قیمت کے مطابق اس کو کچھ ملے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گدھے کو دیکھنا دس وجہ پر ہے۔: اول: نصیب۔ دوم: دولت۔ سوم: حکومت۔ چہارم: ریاست۔ پنجم: مال۔ ششم: عورت یا کنیز۔ ہفتم: شادی۔ ہشتم: اقبال۔ نہم: سرداری۔ دہم: مرتبہ۔

اور خواب میں گدھے کے رکھوالے کو دیکھنا صاحب ولایت اور تدبیر ہے اور کاموں کو سنوارنے والا اور معیشت کو تیار رکھنے والا ہے۔

خرگور (جنگلی گدھا):

گورخر (جنگلی گدھا)۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کے پاس گورخر ہے دلیل ہے کہ اس کو غنیمت ملے گی۔ اور اگر دیکھے گورخر بیٹھا ہوا ہے اور اس کا تابعدار ہے تو دلیل ہے کہ نافرمان اور گنہگار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ گورخر اس کے ساتھ جنگ کرتا ہے۔ تو یہ کام کی سختی اور رنج کی دلیل ہے کہ اس کو پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ گورخر کا شکار کیا ہے تو خیر و منفعت پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ دو گورخر آپس میں لڑتے

www.waseemziyai.com

ہیں تو دلیل ہے کہ دو نابکار آدمی اس کے لئے جنگ کریں گے۔ اور اگر دیکھے کہ گورخر کو گھر میں لایا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بدکار آدمی کو گھر میں لائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ خواب میں گورخر کا دیکھنا مرد جاہل احمق کا دیکھنا ہے کہ جس کو علم وعقل نہیں ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: اولئك كالا نعام بل هم اضل۔ (وہ لوگ چوپاؤں جیسے ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ گمراہ ہیں)۔

اور اگر دیکھے کہ گورخر کا گوشت کھایا ہے دلیل ہے کہ مال بہت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ گورخر پر بیٹھا اور گر پڑا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی کام طلب کرے گا اور نہ پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اندھے گورخر پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ بے انداز مال پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گورخر کا چمڑا اور گوشت دیکھنا مال غنیمت اور عزت اور مرتبہ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ گورخر کا مغز پایا ہے تو دلیل ہے کہ ہزار درہم پائے گا یا اس کی صحبت کسی سردار سے ہو گی جس سے خیر اور منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ گورخر کی سری کھائی ہے تو دلیل ہے کہ بہت عبادت کرے گا اور دین کا رستہ قبول کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ گورخر اس کے پاس سے بھاگ گیا ہے دلیل ہے کہ مسلمانوں سے جدائی تلاش کرے گا۔

خردل (رائی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں رائی اندوہ اور اندیشے پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ رائی کھائی ہے دلیل ہے کہ مال کا نقصان ہوگا یا رنج اور بیماری میں گرفتار ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں رائی کا کھانا مصیبت اور جھگڑے اور بیماری پر دلیل ہے۔

خرس (ریچھ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ریچھ کمینا اور احمق دشمن ہے۔ اور اگر دیکھے کہ ریچھ پر بیٹھا ہے دلیل ہے کہ بادشاہ سے ذلت اٹھائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ ریچھ کو مار ڈالا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ریچھ کا گوشت کھایا ہے اور چمڑا اپنے پاس رکھا ہے دلیل ہے کہ اس کو خوف پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ نر ریچھ خواب میں بد بخت اور دیوانہ آدمی ہے اور ریچھ کی مادہ اسی شکل اور خصلت کی عورت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ مادہ ریچھ پکڑی ہے دلیل ہے کہ اسی صفت کی عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ریچھ اس کے گھر میں آیا ہے اگر نر ہے تو اس صفت کا آدمی اس کے گھر میں آئے گا اور ہر حال میں ریچھ کا دیکھنا بُرا ہے۔

www.waseemziyai.com

خرگاہ (تنبو):

خرگاہ۔ عالی شان خیمہ (بڑا خیمہ)۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خرگاہ دیکھنا نیک ہے۔ اور اگر دیکھے کہ خرگاہ میں بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ دنیا کے سامان سے کچھ پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ خرگاہ اس کی ملکیت ہے دلیل ہے کہ عورت کرے گا اور اگر خرگاہ سبز یا سفید ہے تو خیر اور نیکی کی دلیل ہے۔

اور اگر خرگاہ معلوم اور سبز ہے اور اس میں بیٹھا ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ دین دار ہوگا۔ اور اگر خرگاہ نامعلوم ہے تو دلیل ہے کہ شہید ہوگا۔ اور سفید خرگاہ مال اور نعمت پر دلیل ہے۔

اور اگر خرگاہ سرخ ہے تو کھیل کود اور عیش میں مشغول ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ خرگاہ کا رنگ نیلا ہے تو غم و اندوہ اور مصیبت پر دلیل ہے۔ اور سیاہ خرگاہ تھوڑی منفعت ہے۔

اور اگر خرگاہ اس کی ملکیت ہے تو اس کی تاویل صاحب خواب کی طرف اچھا اور برا ہونے میں رجوع کرتی ہے۔

خرگوش:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ خرگوش پکڑا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ بُری عورت کرے گا یا نابکار کنیز خریدے گا۔ اور اگر دیکھے کہ خرگوش کا چمڑا پہنا ہے یا اس کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کی طرف سے اس کو کوئی چیز ملے گی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس خرگوش کا بچہ ہے تو دلیل ہے کہ اس کو مال حاصل ہوگا اور اس میں خیر نہ ہو گی۔ اور بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ اس کو فرزند کی طرف سے رنج اور بیماری اور اندوہ ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خرگوش خواب میں پارسا اور خاموش عورت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا خرگوش مرا ہے یا اس نے مار ڈالا ہے دلیل ہے کہ اس کی عورت ہلاک ہوگی یا اس کو عیال کی طرف سے زحمت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ خرگوش کی گردن پیچھے کو مُڑی ہے اور اس کو پچھاڑا ہے دلیل ہے کہ اپنی عورت کے ساتھ دوسری طرف سے جماع کرے گا۔

خرما (کھجور):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خرما خواب میں مال اور مراد ہے اور اگر دیکھے کہ خرما کھایا ہے اگر اہل علم سے ہے تو دلیل ہے کہ اس کا علم زیادہ ہوگا اور اگر سوداگر ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مال زیادہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ خرما کھایا ہے اور اس کی گٹھلی باہر ڈالی ہے تو دلیل ہے کہ شریعت کے احکام بجالائے گا۔ اور بعض اہلِ تعبیر نے بیان کیا ہے اگر دیکھے اس نے خرما کھایا ہے تو دلیل ہے وراثت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کچا خرما

www.waseemziyai.com

کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے فرزندوں کی میراث کھائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر میں کھجور کا درخت ہے اور بہت پھل لگا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی کو ملے گا اور اس سے نفع پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ وہ خرما کا درخت جڑ سے خشک ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ ان کے درمیان جدائی پڑے گی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر میں کھجور خشک تھی اور وہ سبز ہو گئی ہے اگر بیمار ہے تو شفاء پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کھجور کی جڑ کٹ گئی ہے تو دلیل ہے کہ کوئی اس کے کنبے سے بیمار ہو گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کے پاس تازہ کھجور ہے تو دلیل ہے کہ سختی سے مال حاصل کرے گا۔ اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خرما خواب میں منفعت ہے جو اس کو کسی امیر سے حاصل ہو گی اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر اور مکان میں بہت سی کھجوریں ہیں دلیل ہے کہ خرما کے اندازے پر مال اور متاع حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ خرما تازہ یا خشک کھایا ہے تو دلیل ہے کہ ایمان کی لذت پائے گا اور اس کا کام انتظام سے ہو گا۔ اور اگر دیکھے کہ کھجور کی جڑ کاٹی ہے تو دلیل ہے کہ جو کام ہاتھ میں رکھتا ہے وہ نہ ہو گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس خرما ہے تو دلیل ہے کہ مال دار عورت کرے گا اور دوسرے قول کے مطابق مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کھجور کو بہت سے انگور لگے ہیں اور اس نے لئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کی سیاہ کنیز فرزند جنے گی۔ اور اگر دیکھے کہ خشک کھجور سے تازہ کھجوریں لی ہیں دلیل ہے کہ پاکیزہ بات منافق آدمی سے سنے گا۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ جاہل آدمی سے فائدے کی بات سنے گا۔ اور اگر صاحب خواب غمناک ہے تو غم سے نجات پائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **بجذع النخلة تساقط عليك رطبًا جنيًّا۔** (کھجور کی شاخ تجھ پر تازہ کھجور گرائے گی)۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خرما کا دیکھنا سخی رئیس کی طرف سے مال حلال ہے۔ اور خواب میں خشک خرما دین پاک اور مال حلال کی دلیل ہے اور تازہ خرما آنکھ کی روشنی اور مال حلال اور نیک فرزند کی دلیل ہے۔

حکایت:

ایک شخص حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور عرض کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میں نے بادشاہ کے محل کے دروازے پر چالیس خرما پائے ہیں۔ آپ نے تاویل میں فرمایا کہ کل کو تجھے اسی جگہ پر چالیس بید لگیں گے اور اسی طرح ہوا۔ پھر اگلے سال وہی شخص حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور عرض کیا کہ میں نے شاہی محل کے دروازے پر چالیس خرما پائے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ تو چالیس ہزار درہم پائے گا۔ اس نے عرض کیا کہ گزشتہ سال اس خواب کی تعبیر دوسری طرح کی تھی اور اس سال

www.waseemziyai.com

کیسی ہے؟ آپ نے فرمایا کہ گذشتہ سال درخت خرما پر خرمانہ تھے۔ لہٰذا اس کی تاویل یہی ہے۔ پھر ایک ہفتہ کے بعد اس شخص نے چالیس ہزار درہم پائے۔

خرمن گرفتن (ڈھیر لگانا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں غلے کا ڈھیر ایسا مرد ہے کہ جو رنج اور مشقت سے مال حاصل کرتا ہے اور اس مال کو فضول جمع کرتا ہے۔ اور اگر دیکھے بویا اور کاٹا اور ڈھیر لگایا ہے دلیل ہے کہ رنج سے مال حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ غلے کا ڈھیر خریدا ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کرے گا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کی ایسے مرد سے صحبت ہوگی کہ جو مال کو سختی اور رنج سے حاصل کرتا ہے۔

خرنوط (ایک غلہ ہے):

خرنوط۔ ایک قسم کے دانے ہیں۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے خواب میں خرنوط ایسا شخص ہے کو جو مال کو سختی اور رنج سے حاصل کرتا ہے۔

اگر دیکھے کہ اس نے خرنوط کھایا ہے دلیل ہے کہ اپنا مال اس نے رنج سے حاصل کیا ہے اور کھالیا ہے۔ اور اگر دیکھے، کہ خرنوط ہاتھ میں جمع کیا ہے تو دلیل ہے کہ بخیل آدمی سے اسی قدر مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ خرنوط آگ میں جلایا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے مال اور ملک لے گا۔

خروس (مرغا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کے پاس مرغا ہے اور جانتا ہے کہ اس کی ملک ہے دلیل ہے، کہ غلام زادے پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مرغے کے ساتھ لڑتا ہے تو دلیل ہے کہ عجمی آدمی کے ساتھ جھگڑا کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو مرغے سے تکلیف پہنچی ہے دلیل ہے کہ اس کو عجمی شخص سے ضرر (نقصان) پہنچے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے مرغ کا بچہ پایا ہے تو دلیل ہے کہ چھوٹا غلام یا اس کی کنیز سے لڑکا حاصل ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ لڑکے نے مرغ کی آواز نے سنی ہے تو دلیل ہے کہ نیکی اور خیرات پسند کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ مرغا اس پر اچھلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو کسی سے اندوہ پہنچے گا۔ اور خواب میں مرغ کا انڈا غلام ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو مرغ کا بچہ دیا ہے دلیل ہے کہ اس کو وہ شخص غلام بخشے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس مرغا ہے دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا یا اس کی مرد مؤذن کے ساتھ صحبت ہوگی۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: الدیك

www.waseemziyai.com

محبی وھوید عوا الی الصلوٰۃ۔(مرغا میرا دوست ہے جو نماز کی طرف بلاتا ہے)۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ مرغے پر قابو پایا ہے تو دلیل ہے کہ سردار زادے پر قابو پائے گا اور اس کو مغلوب کرے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے مرغے کا انڈا پایا ہے اور توڑا ہے تو دلیل ہے کہ کسی چھوٹے بڑے پر قابو پائے گا۔

خرید وفروخت (لین دین):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خرید وفروخت اچھی چیز ہے کیونکہ درہم ودینار سے کرتے ہیں۔ اور اگر سامان کا سامان سے تبادلہ کرے تو دلیل ہے کہ اس کے اندازے کے مطابق وہ شخص خیر و منفعت پائے گا۔

خز (ریشم):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ریشم کا چوغہ اور پگڑی اور ٹوپی اور جو اس کے مشابہ ہے، مردوں کے لئے پسندیدہ ہے اور ان کا رنگ اگر ایک صورت پر ہے نیک ہے اور اگر ایک سا رنگ نہیں ہے تو غم واندوہ ہے اور کپڑوں پر سبز رنگ اچھا ہوتا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ ریشم کا خواب میں دیکھنا، جو کوئی کہ ریشم کو خریدتا ہے، پانچ وجہ پر ہے۔ اول: مال ومنفعت۔ دوم: خیر و برکت۔ سوم: عزت ومرتبہ۔ چہارم: مرتبہ باندازۂ قیمت۔ پنجم: ریاست اور بزرگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ریشم کا کپڑا پہننا مال حرام پر دلیل ہے۔ اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ مردوں کے لئے ریشم خواب میں دیکھنا برا ہے اور عورتوں کے لئے اچھا ہے۔ اور ریشم فروش مرد خواب میں ایسا ہے کہ دین کے بدلے دنیا اختیار کرتا ہے۔

خستہ کردن (زخمی کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کے جسم کو کسی نے زخمی کیا ہے اور اس سے خون نکلا ہے تو دلیل ہے کہ زخمی کرنے والا اس کو سچی بات کہے گا۔ چنانچہ وہ اس کو جواب نہ دے سکے گا اور اگر دیکھے کہ اس زخم سے خون نہیں نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو وہ شخص جھوٹی بات کہے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی دیکھے کہ تلوار لے گیا ہے اور اس کے دو ٹکڑے کئے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کے سامنے بات کہے گا اور اس پر لوگ طعنہ ماریں گے۔ اور اگر کوئی خواب میں اپنے جسم پر بہت سے زخم دیکھے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے منفعت پائے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جسم پر بہت سا زخم دیکھنا مال کا نقصان ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زخم تین وجہ پر ہے۔ اول: مال و دولت۔ دوم: خیر و منفعت۔ سوم: ناخوشی کی بات۔

خشت (اینٹ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اینٹ مال جمع اور اکٹھا کیا ہوا ہے۔ چنانچہ ہر ایک اینٹ کے عوض ہزار درہم مقرر کرتے ہیں۔ اگر دیکھے کہ اس نے بہت سی اینٹیں جمع کی ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا بہت سا مال جمع ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس نے دیوار میں سے اینٹ تراشی ہے تو دلیل ہے کہ دیوار کے مالک کا مال لے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اینٹ کو پارہ پارہ کر کے پراگندہ کر دیا ہے دلیل ہے کہ اپنے مال کو پراگندہ اور تلف کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ پختہ اینٹ خواب میں بری ہے کیونکہ اس کو آگ پہنچی ہوئی ہے اس وجہ سے غم واندوہ پر دلیل ہے۔

خشم گرفتن (غصہ کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ کسی پر غصہ دنیا کے لئے کیا ہے تو دلیل ہے کہ دین کے کام کو خوار اور ذلیل جانے گا اور دنیا پر مغرور ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس پر ماں اور باپ نے غصہ کیا ہے تو دلیل ہے کہ اونچی جگہ سے گرے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **ومن یحلل علیه غضبی فقد هوٰی**۔ (اور جس پر میرا غصہ نازل ہوتا ہے وہ گرتا ہے)۔

خصومت (جھگڑا):

خصومت۔ لڑائی جھگڑا کرنا۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ کسی کے ساتھ جھگڑا کیا ہے اور اس پر غالب آیا ہے دلیل ہے کہ غالب آئے گا اور دشمن پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دشمن اس پر غالب آیا ہے اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس ملک کے حاکم سے جھگڑا کیا ہے اور اس پر غالب آیا ہے دلیل ہے کہ حاکم سے اس کو خیر و منفعت پہنچے گی۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو حاکم سے رنج دیکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ کے سامنے جھگڑے کے ساتھ گیا ہے دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری ہو جائے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ کسی کے ساتھ بے وجہ جھگڑا کیا ہے دلیل ہے کہ لوگ

www.waseemziyai.com

اس سے اندوہ گین (پریشان) ہوں گے کیونکہ لوگوں کو ستانا چاہتا ہے۔

خصی کردن (خصی کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اپنے آپ کو خصی کیا ہے دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری ہوگی۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کا فرزند مرے گا ورنہ خدا تعالیٰ کی عبادت میں رغبت کرے گا اور تونگر ہوگا۔ اور اگر کسی نامعلوم آدمی کو خصی دیکھے دلیل ہے کہ وہ آدمی پسندیدہ اور صالح ہوگا۔ اور یہ بھی کہتے ہیں کہ فرشتہ ہوگا جو اس کو خیر وصلاح کی طرف بلاتا ہے اور خیرات کی خوشخبری سناتا ہے کیونکہ فرشتوں کو خواہش شہوت نہیں ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی بات میں علم وحکمت نہیں ہے تو وہ شخص فرشتہ نہ ہوگا۔ اور اگر جس کو دیکھا ہے وہ خصی اور معلوم شخص ہے تو جو کچھ نیک اور بد دیکھا ہے اس کی تاویل صاحب خواب پر رجوع کرے گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کا خایہ کٹا ہوا ہے، وہ گر گیا ہے۔ دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں خایہ کا کٹنا دلیل ہے کہ آئندہ اس کے لڑکیاں پیدا نہ ہوں گی کیونکہ خائے لڑکیاں ہوتی ہیں۔ اور اگر دیکھے کہ اپنا خایہ نکال کر کسی کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ کسی کو لڑکیاں دے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ بے وجہ خصی ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو ذلت اور نقصان پہنچے گا۔ اور اگر اس کا عضو تناسل جسم سے کٹ جائے تو بھی یہی تاویل ہے اور اس کا نام لوگوں سے گم ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خصی دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: زاہد آدمی کا دیکھنا۔ دوم: فرشتہ۔ سوم: عبادت۔

خضاب کردن (خضاب کرنا):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ریش (داڑھی) پر خضاب کرنا کاموں کو چھپانا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ ریش کے ساتھ سر کا بھی خضاب کیا ہے اور رنگ نہیں چڑھا ہے تو دلیل ہے کہ اپنا ظاہر لوگوں کو دکھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ خضاب کیا ہے دلیل ہے کہ اس کا کام نیک ہوگا لیکن اس کے کام پوشیدہ رہیں گے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ ایسی چیزوں سے خضاب کرتا ہے کہ جن سے لوگ خضاب کیا کرتے ہیں دلیل ہے کہ اپنے آپ کو محال اور ناپسندیدہ باتوں میں لگائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اپنے ہاتھ اور پاؤں کو مہندی لگائی ہے دلیل ہے کہ اس کا ضائع شدہ مال واپس آئے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنے دونوں ہاتھوں کو مہندی لگائی ہے تو دلیل ہے کہ اپنے فرزندوں کو کسی آرائش سے آراستہ کرے گا جو خلاف شرع ہوگی۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اپنے ہاتھ کو نقش کیا ہے اور مہندی بھی لگائی ہے یل ہے کہ اپنے کام اور کسب میں مکر وحیلہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ تمام جسم پر نقش ہے دلیل ہے کہ اس کا کوئی زیز مرے گا اور یا وہ خود ہلاک ہوگا۔ اور اگر ان خوابوں کو کوئی عورت دیکھے تو شادی اور خوشی کی دلیل ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اپنے ہاتھ پاؤں کو خضاب لگایا ہے دلیل ہے کہ یسا کام کرے گا جس کے باعث لوگ اس پر افسوس کریں گے۔ اور دیکھے کہ سر اور انگلیوں کا خضاب کیا ہے تو لیل ہے کہ تسبیح کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خضاب کرنا چار وجہ پر ہے۔ اول: شائستہ کام۔ دوم: دنیا کے حال کی آرائش۔ سوم: طلب عزت و مرتبہ۔ چہارم: جھوٹ سے مشہور ہونا۔

خطبہ خواندن (خطبہ پڑھنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ منبر پر خطبہ پڑھتا ہے اور وہ اس کے اہل میں سے ہے۔ دلیل ہے کہ صاحب خواب عزت اور بزرگی پائے گا۔ اور اگر اس بات کا اہل نہیں ہے دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا اور بہت دیر کرے گا اور اس کو خوف و خطرہ ہوگا اور کہتے ہیں کہ اگر تونگر (مالدار) ہے تو درویش ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کوئی بے دین شخص خطبہ پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ مسلمان ہوگا یا مرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ بادشاہ منبر پر خطبہ پڑھتا ہے اگر بادشاہ مصلح ہے تو عدل کرے گا اور اگر مفسد (فساد کرنے والا) ہے تو غائب ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ عورت منبر پر خطبہ پڑھتی ہے اور لوگوں کو نصیحت کرتی ہے دلیل ہے کہ اس کا شوہر رسوا اور ذلیل ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ خطبہ کے درمیان ترویح پڑھتا ہے دلیل ہے کہ ہر ایک کے ساتھ نیکی کرے گا اور خیر و صلاح اور منفعت پائے گا۔

خطمی:

خطمی ایک دوا ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خطمی موسم پر دیکھنا منفعت ہے اور بے موسم دیکھنا غم واندوہ ہے اور اس کا کھانا ضرر و نقصان ہے اور اس کو گوندھنا توبہ اور دین پاک کی دلیل ہے۔

خفتن (سونا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اپنے آپ کو سوتے ہوئے دیکھنا راحت اور نجات ہے۔ اور اگر دیکھے کہ تخت پر سویا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ بزرگی پائے گا اور راہ دین اور پرہیز گاری سے بے خبر ہو گا۔ کیونکہ سونا راہ دین میں غفلت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی جگہ میں بستر پر سویا ہوا ہے تو حقارت اور ذلت کی دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ نیند ڈرنے والے کے لئے امن ہے اور مردے کے لئے بخشش اور بیمار کے لئے شفاء اور قیدی کے لئے خلاصی ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ مردوں کے درمیان سویا ہوا ہے اور لوگ اس کو دیکھتے ہیں دلیل ہے کہ لوگوں میں شہرت پائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **وتحسبهم ايقا ظا وهم رقود۔** (تم گمان کرتے ہو کہ وہ جاگتے ہیں۔ حالانکہ وہ سوئے ہوئے ہیں)۔

خلال کردن (دانتوں کا خلال کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خلال کرتا اچھا نہیں ہے۔ کیونکہ دانت خواب میں اہل بیت ہیں اور خلال جھاڑو کی مانند ہے۔ جو اہل بیت کے مال کو جھاڑتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ خلال کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ جو کچھ دانتوں سے نکلتا ہے۔ اہل بیت کا نقصان ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ جو کچھ خلال کے ساتھ دانتوں سے نکالا ہے وہ کسی کو دیا ہے دلیل ہے کہ اپنے اہل بیت سے ناحق مال لے کر کسی کو دے گا۔

خلعت (لباس، سروپا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خلعت لباس خواب میں پاکیزہ اور خوب ہے تو عزت پانے اور مرتبہ اور ریاست اور سلطنت کی دلیل ہے اور عورت اور کنیز ہے۔ اور خلعت دینے والے کی قدر و قیمت کے مطابق تاویل کا حکم ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو خلعت دیا ہے دلیل ہے کہ اس بادشاہ سے اس خلعت کے مطابق مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی عالم نے اس کو خلعت دیا ہے تو دلیل ہے کہ اسی عالم سے علم و دانش حاصل کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کو سفید یا سبز خلعت ملی ہے دلیل ہے کہ دین کا مرتبہ اور عزت پائے گا۔ اور اگر دیبا یا ریشمی کپڑا ہے تو دلیل ہے کہ دین اور دنیا کی عزت پائے گا۔

خرقہ (پرانا کپڑا):

خرقہ۔ پرانا کپڑا۔ اس کا پہننا خواب میں غم واندوہ ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے پھٹا ہوا کپڑا اپنے جسم سے اتارا ہے دلیل ہے کہ اس کا غم واندوہ دور ہوگا۔ اور تمام چیزیں نئی خواب میں دیکھنی بہتر ہیں لیکن موزہ پرانا دیکھنا نئے سے بہتر ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی خواب میں پرانے کپڑے بیچے تو بہت برا ہے اور اگر اپنے نئے کپڑے فروخت کرے تو اچھا ہے۔ اور گودڑی فروش خواب میں ایسا شخص ہے جو بدی کو اپنے سے دور

www.waseemziyai.com

کرتا ہے۔

خلم (سینڈھ):

خلم۔مخاط سینڈھ جو ناک سے نکلتا ہے۔اگر دیکھے کہ اس کے ناک سے سینڈھ نکلتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا قرض اتر جائے گا اور غم واندوہ سے نجات پائے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سینڈھ فرزند پر دلیل ہے۔اگر دیکھے کہ اس کے کپڑے پر سینڈھ پڑا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکا ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ سینڈھ اس کی ناک سے زمین پر گرا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکی ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے زمین پر سینڈھ گرایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت حاملہ ہوگی اور اس کے شکم سے فرزند کا اسقاط ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ عورت نے اس پر سینڈھ گرایا ہے تو دلیل ہے کہ ہمسایہ کی عورت سے فساد کرے گا۔اور اگر دیکھے کہ سینڈھ کھایا ہے تو دلیل ہے کہ قید خانہ کا مال نیک وجہ پر کھائیگا۔

خلیفہ (بادشاہ اسلام):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں خلیفہ کو روکشادہ (خوش باش) دیکھے دلیل ہے کہ دین اور دنیا کی خیر اس کو پہنچے گی۔اور اگر دیکھے کہ خلیفہ نے اس کو خاص کاموں میں سے کسی کام کا حکم دیا ہے دلیل ہے کہ عزت اور بزرگی اور مرتبہ پائے گا۔اور اگر دیکھے کہ خلیفہ نے اس کو کوئی ولایت دی ہے دلیل ہے کہ مسلمان ہے تو شرف اور بزرگی پائے گا۔اور اگر دیکھے کہ خلیفہ کے محل میں گیا ہے دلیل ہے کہ اس کے مقربوں میں سے ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ خلیفہ نے اس کو دنیا کے اسباب میں سے کچھ دیا ہے تو دلیل ہے کہ مرتبہ پائے گا اور امیروں میں بڑا نام پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ خلیفہ نے اس کے ساتھ کسی شرعی کام میں جھگڑا کیا ہے دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری ہوگی اور دشمن پر فتح پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بستر پر بجائے خلیفہ کے خود سویا ہوا ہے دلیل ہے کہ اس کو خلیفہ عورت یا کنیز یا مال دے گا۔اور اگر دیکھے کہ خلیفہ کے پیچھے گھوڑے پر بیٹھا ہے دلیل ہے کہ خلافت میں اس کے ساتھ شریک ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ خلیفہ آگے یا اس کے پہلو میں چل رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے کاموں میں مختار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ خلیفہ اس کے ساتھ ترش رو ہے دلیل ہے کہ اس کے دین میں خلل ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ خلیفہ ہو گیا ہے حالانکہ خلافت کا اہل نہیں ہے دلیل ہے کہ خلیفہ اس کو کسی کام پر بھیجے گا۔اور اگر دیکھے کہ خلیفہ نے اس کو کسی کام پر بھیجا ہے دلیل ہے کہ وہ خیر و

www.waseemziyai.com

منفعت پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خلیفہ مردہ یا زندہ کو دیکھے اور خوش ہے اور اس کے ساتھ باتیں کی ہیں دلیل ہے کہ اس کو مراد حاصل ہوگی اور عزت و دولت پائے گا۔ اور اگر خلیفہ کو غمناک دیکھے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

خم (مٹکا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مٹکا ایسی عورت ہے کہ جس کی طرف سے مٹکے کی بڑائی کے مطابق گھر میں فائدہ پہنچتا ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سہ آتشہ شراب خزانہ ہے اور پانی کا مٹکا عورت ہے۔ لیکن عورت مالدار ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر میں پانی کا مٹکا ہے اور اس میں پانی پیتا ہے دلیل ہے کہ مال بہت پائے گا اور راہ خیر میں خرچ کرے گا۔

اور خواب میں سرکہ کا مٹکا پرہیز گار آدمی ہے۔ اور روغن اور مکھن کا مٹکا مال حلال کی زیادتی پر دلیل ہے۔ اور آب ترش کا مٹکا مرد بیمار پر دلیل ہے اور روغن نفت کا مٹکا مرد کمینہ اور جوان ہے۔ اور خواب میں مٹکا بادشاہ اور بادشاہ کے ارکان سلطنت پر دلیل ہے۔

خمیر کردن (آٹا گوندھنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ آٹا گوندھنے کی تاویل دین کی درستی ہے۔ اور گیہوں کا آٹا گوندھنا ایسے مال کی دلیل ہے جو تجارت سے حاصل کیا ہوگا۔ اور اگر خمیر اٹھا ہوا ہے تو فساد کی دلیل ہے۔ اور خواب میں باجرے کا آٹا گوندھنا تھوڑے نفع کی دلیل ہے جو اس کو حاصل ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس نے خمیر کیا ہے یا خریدا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے۔ اگر جو کا خمیر ہے تو دین کی صلاحیت کی دوستی ہوگی۔ اور اگر خمیر گندم ہے تو مال حلال تجارت سے حاصل کرے گا اور اگر باجرے کا خمیر ہے تو تھوڑا نفع پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خمیر دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: دین کی زیادتی۔ دوم: منفعت۔ سوم: مال حلال۔

خنبرہ (چھوٹا مٹکا):

اس میں تین قول ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ خادمہ ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ شہروں میں پیغام لے جائے گا اور لائے گا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ عورت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کانچ کا خنبرہ اس کے گھر میں ہے دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کے پاس خنجرہ ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ عورت خادمہ یا کنیز اس کو خنجرے کے اندازے پر حاصل ہوگی۔ یا اس کی خادمہ عورت سے صحبت ہوگی۔ جس سے فائدہ اُٹھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس سے خنجرہ ضائع ہوا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

خنجر (چھوٹی تلوار):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں خنجر ہے دلیل ہے کہ اس کی کسی سے عداوت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا خنجر ٹوٹ گیا ہے یا ضائع ہوا ہے دلیل ہے کہ ان کے درمیان سے جھگڑا اور عداوت اٹھ کر صلح کا انجام ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں خنجر ہے دلیل ہے کہ جو کام چاہتا ہے اس کو اس میں کسی سے مدد حاصل ہوگی۔ اور اگر خنجر کے ساتھ بہت سے ہتھیار اس کے پاس ہیں دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا اور اس کا کام احسن انتظام سے ہوگا۔

خندہ (ہنسی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ہنسی غم واندوہ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کھلکھلا کر ہنسا ہے دلیل ہے کہ غم زیادہ لاحق ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے:

فلیضحکوا قلیلا ولیبکوا کثیرا ۔ (چاہئے کی ہنسیں کم اور روئیں زیادہ)۔ اور اگر دیکھے کہ آہستہ ہنسا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا اندوہ کم ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آہستہ ہنسنا مراد اور بشارت پانے کی دلیل ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: فتبسم ضاحکا من قولها۔ (اس کے قول سے آہستگی کے ساتھ ہنسا)۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آہستہ ہنسی فرزند پر دلیل ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: فضحکت فبشر نها باسحٰق۔ (وہ ہنسی تو ہم نے اسحٰق کی بشارت دی)۔

اور قہقہ کی ہنسی غم واندوہ پر دلیل ہے اور خدا تعالیٰ کے کاموں سے تعجب کرنا ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: افمن هٰذا الحدیث تعجبون ۔ (کیا تم اس بات سے تعجب کرتے ہو)۔

خوان (خوانچہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس خوان ہے اور اس میں کھانا ہے اور اس میں سے کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر غنیمت پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خوان آراستہ نیک ہے۔ اگر بغیر کھائے کے اٹھائیں تو غم واندوہ ہے۔ اور کھانا بہت کھانا درازئ عمر کی دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ خوان میں تین طرح کا کھانا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی روزی فراخ ہوگی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: ربنا انزل علینا مائدۃً من السماء۔ (اے ہمارے رب! ہم پر آسمان سے کھانا اتار)۔ اور بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ عزت اور مرتبہ اور خوشی ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خوان کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: غنیمت حاضرہ۔ دوم: مرد شریف۔ سوم: قوت۔ چہارم: کاموں میں انتظام۔ پنجم: عزت اور مرتبہ اور خوشی۔

خود (لوہے کی ٹوپی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کے سر پر فولاد کا خود (لوہے کی ٹوپی) ہے دلیل ہے کہ مرتبہ اور فرزند ہوگا اور خود کی چمک کے مطابق اس کی قوت زیادہ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے سر پر خود ہے۔ دلیل ہے کہ سردار سے قوت حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنا خود کسی کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس آدمی کو طاقت اور حشمت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اپنا خود توڑا ہے یا ضائع ہوا ہے دلیل ہے کہ اس کی عمر کم ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خود کو دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: قوت۔ دوم: مال۔ سوم: فرزند۔ چہارم: بقاء اور نیکی۔ پنجم: اپنے آپ کو قربت سے بچانا۔

خوردن (کھانا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جس خوراک کی خوشبو اچھی ہے اس کا کھانا خیر اور خوشی ہے۔ اور اگر خوشبو اچھی نہیں ہے تو درویشی اور بیچارگی کی دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خوراک مزے میں شیریں ہے تو خوشی اور شادی ہے۔ اور اگر ترش اور تلخ ہے تو غم واندوہ کی دلیل ہے۔ اور خواب میں کھانے کی چیز فروخت کرنے والا، بات کرنے والا آدمی ہے۔

خوشہ (بال، گچھا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خوشہ دیکھنا، اگر تازہ ہے تو فرزند اور برکت اور مال کی زیادتی ہے۔ اور اگر خشک ہے تو لمبی عمر والے فرزند پر دلیل ہے۔ لیکن اس سال تنگی اور قحط ہوگا اور انگور اور خرما کا خوشہ بہتر ہے خاص کر اگر اس کے موسم میں دیکھے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ سبز خوشہ کھایا ہے دلیل ہے کہ اس کو اس میں عیش اور فراخی ہوگی اور اگر خوشے خشک اور زرد دیکھے تو دلیل ہے کہ اس سال قحط اور تنگی ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سبز خوشہ دیکھنا فرزندوں اور برکت پر دلیل ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: سبع سنابل فی کل سنبلۃٍ۔ (سات بالیں ہیں، ایک بال میں آخر تک) اور

www.waseemziyai.com

خشک خوشہ قحط ہے۔

خوک (سؤر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سؤر تو نگر مرد ہے، قوت والا۔ لیکن بے خیر ہے۔ اور اگر دیکھے کہ سؤروں کو ایک جگہ میں نگاہ میں رکھا ہوا ہے اور رہا نہیں کرتا ہے تا کہ پراگندہ ہو جائیں دلیل ہے کہ بہت مال جمع کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سؤر کی حفاظت دنیا داری کے لئے نیک ہے اور دین کے لئے بد ہے۔ اور سؤر کا بچہ خواب میں غم واندوہ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ وہ سؤر کھاتا ہے تو دلیل ہے وہ بیاج (سود) کھاتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ سؤروں کو جگہ بجگہ لئے پھرتا ہے دلیل ہے کہ اس کے دنیا کے احوال اچھے ہوں گے اور اس کی آخرت کے احوال برے ہوں گے۔ اور اگر دیکھے کہ سؤروں کے درمیان پھرتا ہے دلیل ہے کہ وہ حرام کا مال جمع کرتا ہے خوش ہوگا۔

اور کہتے ہیں کہ خواب میں مادہ سؤر کا دودھ پینا غم واندوہ اور مصیبت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ سؤروں کے درمیان بیٹھا ہے دلیل ہے کہ دشمن پر غالب آئے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سؤر اس کے پیچھے آیا ہے اور اس کے چہرے کے سامنے سے باہر گیا ہے دلیل ہے کہ اس کی ناپاک مراد پوری ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ سؤر کا گوشت اس کے پاس ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے دلیل ہے کہ مال حرام پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سؤروں کا گڈریا ہے دلیل ہے کہ بد دین اور بد فعل گروہ پر سردار ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ سؤر کے ساتھ جنگل میں جنگ کی ہے دلیل ہے کہ ظالم اور کمینے آدمی کے ساتھ اس کا جھگڑا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس سؤر کے بال یا چمڑا یا ہڈی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حرام پائے گا۔

خون آمدن (خون آنا یا نکلنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ خون بغیر زخم کے اس کے جسم سے نکلا ہے دلیل ہے کہ اس کو نقصان پہنچے گا۔ اور اگر اپنے جسم پر زخم پائے تو نقصان مال اور غم واندوہ کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو تلوار سے مارا ہے اور خون جاری ہوا ہے دلیل ہے کہ اس کا نقصان لمبا ہوگا اور وہ اس پر ثواب پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ زخم کے خون سے اس کا کپڑا آلودہ ہو گیا ہے دلیل ہے کہ حرام کا مال حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ خون پیتا ہے دلیل ہے کہ مال حرام کھائے گا یا ناحق خون کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے جسم میں سوراخ ہے اور اس میں سے خون یا پیپ جاری ہے اور اس کے کپڑے کو آلودہ کر دیا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حرام حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے

www.waseemziyai.com

کہ اس کے عضو تناسل سے خون نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی لڑکی حمل میں ساقط ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی پاخانہ کی جگہ سے خون نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حرام حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے دانتوں کی جڑوں سے خون نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے اہل بیت (گھر والوں) سے غم واندوہ کھائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ شہر کے کوچوں میں خون بہہ رہا ہے دلیل ہے کہ بہت سی خون ریزی وقوع میں آئے گی۔

حضرت دانیال رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ اس کی ناک سے بہت سا خون نکلا ہے۔ تو حرام مال پانے کی دلیل ہے خاص کر اگر کپڑا آلودہ نہ ہوا ہو دلیل ہے کہ درویش ہوگا اور اس کے مال کا نقصان بھی ہوگا۔

خیار (کھیرا، ککڑی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خیار کو خواب میں دیکھے تو دلیل ہے کہ جس عورت کو چاہتا ہے اس سے کوئی اچھی بات سنے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے خیار میں سے کچھ کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس عورت سے اس کی مراد پوری ہوگی اور خیار پر ہی بادرنگ کا حکم ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خیار کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: کام سے پشیمانی۔ دوم: خوشی اور آرام۔ سوم: عزیزوں اور دوستوں سے فائدہ۔

خیک (مشک):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مشک کا دیکھنا شیر اور سانپ کا چہرہ ہے کہ جس کے ہاتھ پر مال حرام خرچ ہوتا ہے اور شہد کی مشک خواب میں عالم اور عقل سکھانے والا اور رہبر آدمی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس مشک ہے یا اس نے خریدی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی ایسے آدمی سے صحبت ہوگی جس سے خیر ومنفعت دیکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مشک چوری ہوگئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی ایسے مرد سے جدائی ہوگی۔

خیمہ (تنبو):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے اپنے لئے یا کسی کے لئے خیمہ لگایا ہے اور اس میں بیٹھا ہے دلیل ہے کہ اگر خیمہ سیاہ ہے تو اس کی بڑائی اور چھوٹائی کے مطابق مال پائے گا۔ اور اگر سوداگر ہے تو سفر کرے گا اور مال پائے گا۔ اور اگر کوئی بڑا آدمی اس خواب کو دیکھے گا تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر پرانا خیمہ ہے تو بہت زیادہ ضرر ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ خیمہ سے باہر گیا ہے تو شرف اور بزرگی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ خیمہ کے دروازے پر بیٹھا ہے دلیل ہے کہ اس کا کام نیک ہوگا اور دشمن پر فتح پائے گا اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو اپنے خیمے میں بلایا ہے اور اس جگہ میں بیٹھا ہے دلیل ہے کہ بادشاہ سے بزرگی

www.waseemziyai.com

پائے گا اور اس کا کام نہایت انتظام سے ہوگا۔

خیو (تھوک):

خیو۔ آب دہن، تھوک، حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس نے تھوکا ہے دلیل ہے کہ ناجائز بات بولے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مسجد میں تھوکا ہے تو دلیل ہے کہ دین کے بارے میں بات کہے گا اور اسی طرح جگہ میں تھوکا ہے دلیل ہے کہ اس جگہ والوں کی بابت بات کہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دیوار پر تھوکا ہے دلیل ہے کہ ایسی جگہ مال خرچ کرے گا جس میں کہ اللہ تعالیٰ کی ناخوشی ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ زمین پر تھوکا ہے تو اپنا نقصان دیکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ درخت پر تھوکا ہے تو دلیل ہے کہ عہد شکنی کرے گا اور جھوٹی قسم کھائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ گرم تھوک درازیٔ عمر کی دلیل ہے اور سرد تھوک موت پر دلیل ہے اور الٹ کا الٹ ہے۔ اور سیاہ تھوک غم واندوہ پر دلیل ہے اور زرد تھوک بیماری پر دلیل ہے اور اگر تھوک منہ سے نکلے اور کپڑا آلودہ نہ کرے تو دلیل ہے کہ باطل اور جھوٹے علم کی تقریر کرے گا۔ اور اگر اس کا اہل نہیں ہے، تو جھوٹ بولے گا اور اگر دیکھے کہ بلغم گلو سے نکال کر آستین میں لی ہے دلیل ہے کہ اپنا مال عیال پر خرچ کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ کسی نے خون والا تھوک اس کے چہرے پر ڈالا ہے دلیل ہے کہ اس کے اہل میں طعنہ ماریں گے۔ اور اگر دیکھے کہ خون تھوک سے ملا ہوا تھا دلیل ہے کہ حرام کھائے گا اور جھوٹ بولے گا اور وعدہ پورا نہ کرے گا۔



www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حرف دال

دارو (دوا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی دیکھے کہ اس نے بیماری کے لئے دوا کھائی ہے اور اس کے موافق ہے دلیل ہے کہ دین کی اصلاح تلاش کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دوائی کھائی ہے اور موافق نہیں ہے دلیل ہے کہ دین کی صلاح اس سے زائل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ دوا تندرستی کے لئے کھائی ہے دلیل ہے کہ جس قدر موافق ہے دنیا کی اصلاح طلب کرے گا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ لوگوں کے لئے دوا بنائی ہے۔ دلیل ہے کہ خلق خدا پر احسان کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دوا خشک ہوگئی ہے دلیل ہے کہ غم واندوہ سے خلاصی پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس نے دوا کھائی ہے اور بہت دست آئے ہیں دلیل ہے کہ اس کو ضرر پہنچے گا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو منفعت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے دوا کھائی ہے اور عقل وہوش جاتے رہے دلیل ہے کہ غم واندوہ سے نجات پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے جو دوا کہ زرد ہے، رنج اور بیماری ہے۔ اور جس کے کھانے سے نفرت ہے تو وہ بیماری پر دلیل ہے۔

دارچینی:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس نے دارچینی کھائی ہے دلیل ہے کہ اس کا غم و اندوہ اور زیادہ ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس نے دارچینی کسی بیماری کی وجہ سے کھائی ہے اور اس کا فائدہ ہوا ہے تو خیر ومنفعت پر دلیل ہے۔

داغ کردن (داغ کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں داغ کرنا مال اور خزانہ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ لوگوں نے اس کو داغ لگایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال راہ خدا میں خرچ کرے گا اور آخرت میں عذاب سے نجات پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ داغ کے نشان سے خون اور پیپ نکلی ہے دلیل ہے

www.waseemziyai.com

کہ بادشاہ کی کچہری میں مقیم ہوگا۔ اور اگر خون اور پیپ نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ سے کسی طرح کی منفعت نہ پائے گا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس نے کسی کے جسم پر داغ کیا ہے اس کی تاویل بری ہے۔ یا اس کو تہمت لگائیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی بیماری سے اس کی پشت پر داغ لگا ہے تو دین اور دنیا کی صلاح کی دلیل ہے۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ داغ لگانا بادشاہ کے کام میں بنیاد ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں داغ لگانا۔ زکوٰۃ کو روکنا اور بادشاہ کے ساتھ مشغولی ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: یوم یحمی علیھا۔ (جس دن کہ اس پر داغ لگایا جائے گا)۔

داس (درانتی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں درانتی ہے دلیل ہے کہ ایسا اوزار بنائے گا جس سے اس کو مال حاصل ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی درانتی ضائع ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے مال کا نقصان ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کے پاس سونے یا چاندی کی درانتی ہے تو دلیل ہے کہ حرام کے مال کی کوئی چیز حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی سنہری چیز کاٹی ہے تو دلیل ہے کہ مال اور نعمت حاصل کرے گا۔

دام (جال):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جال مکر اور حیلہ ہے اور اگر دیکھے کہ اس کا پاؤں پھندے میں پھنسا ہے۔ اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ جانور کو پھندے میں لایا ہے۔ تو جو شخص اس جانور سے منسوب ہے اس کو مکر و حیلہ سے قبضہ میں لائے گا۔

دانہا (دانے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دانے خواہ پختہ ہوں، خواہ خام غم واندوہ پر دلالت کرتے ہیں۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ دانے زمین پر گرے ہوئے ہیں۔ دلیل ہے کہ ان کا رُخ ارزاں ہوگا۔ اور جس طرح کے دانے دیکھے۔ اگر گھر میں لائے یا بوری میں ڈالے۔ دلیل ہے کہ وہ چیز گراں ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ مردہ لوگوں کو دانے دیتا ہے دلیل ہے کہ وہ دانے ارزاں ہوگے۔

www.waseemziyai.com

دباغی کردن (چمڑا رنگنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے خواب میں چمڑا رنگنا شغل اور فرمان کا جاری کرنا ہے۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ چمڑا رنگتا ہے تو دلیل ہے کہ دباغت کا پیشہ اختیار کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ دباغت خواب میں حاکم ہے اور چمڑا وراثت ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ دباغ خواب میں ایسا مرد ہے کہ وراثت کی اصلاح کاری اس کے ساتھ وابستہ ہوتی ہے۔

دبہ (ڈبا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں روغن کا ڈبہ امانت دار آدمی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس روغن کا ڈبہ ہے۔ یا کسی نے اس کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی صحبت امانت دار آدمی سے ہوگی۔ اور اس سے خیر و برکت و منفعت دیکھے گا۔ اور اس روغن کے ڈبے کے مطابق فائدہ اٹھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ڈبہ میلا اور پرانا ہے تو دلیل ہے کہ دیکھنے والے کو ضرر پہنچے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ڈبے کا دیکھنا نو وجہ پر ہے۔ اول: امانت دار آدمی۔ دوم: عورت۔ سوم: خادم۔ چہارم: دین کی مضبوطی۔ پنجم: جسم کی اصلاح۔ ششم: درازیٔ عمر۔ ہفتم: مال و نعمت۔ ہشتم: خیر و برکت۔ نہم: عورتوں کی طرف سے وراثت۔

دبیری (منشی گیری):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ منشی گیری کرتا ہے تو دلیل ہے کہ مردوں کا مال حیلے سے لے گا اور نہ کرنے کے کام کرے گا۔ اگر دیکھے کہ منشی کا منشی بنا ہے دلیل ہے کہ بادشاہی لوگوں سے نفع پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ عام لوگوں کا منشی بنا کرتا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کے دل اپنے آپ پر گرمائے گا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ منشی ہوا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں سے مکر و حیلے کے ساتھ روزی حاصل کرے گا۔ اور اگر منشی کا کام کرتا ہے تو دلیل ہے کہ بہت سی خیر و منفعت پائے گا۔ اور اگر صاحب خواب عمل دار ہے تو معزول ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ قرآن مجید اور حدیث شریف لکھتا ہے تو دلیل ہے کہ اس جہان کی خیر اور منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ غزل اور شعر لکھتا ہے تو دلیل ہے کہ عیش و طرب میں مشغول ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ خط لکھتا ہے اور سیاہی عمدہ ہے تو دلیل ہے کہ قبالہ لکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی تحریر خلاف شرع ہے دلیل ہے کہ اس شخص کا انجام بد ہوگا۔

www.waseemziyai.com

دبیرستان (منشی خانہ):

منشی خانہ خواب میں دیکھنا غم کی جگہ ہے۔لیکن عاقبت بخیر ہوگی اور نفع اور بزرگی کی دلیل ہے۔

دجال:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ دجال کو معلوم جگہ میں دیکھنا اس بات کی دلیل ہے کہ اس جگہ فتنہ پڑے گا اور وہاں جھوٹے لوگ جمع ہوں گے اور وہاں خیر و برکت نہ ہوگی۔

دختر (لڑکی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لڑکی کا دیکھنا شادی اور خوشی ہے۔اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاں لڑکی ہوئی ہے یا کسی نے اس کو دی ہے یا بخشی ہے تو دلیل ہے کہ لڑکی کے جمال اور خوبی کے مطابق اس کو مال اور نعمت اور خوشی حاصل ہوگی۔اور اگر دیکھے کہ لڑکی مری ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ لڑکی ناقص اور میلی ہے۔تو غم کی دلیل ہے۔اور اگر دیکھے کہ لڑکی کو گود میں لے کر گیا ہے تو خیر و منفعت پر دلیل ہے۔اور اگر دیکھے کہ اپنی لڑکی کسی کو دی ہے تو دلیل ہے کہ اس سے اس آدمی کو خوشی پہنچے گی۔

دخنہ (دھونی):

اگر دیکھے کہ اپنے نیچے عود کی دھونی کی ہے۔یا خوشبودار چیزوں میں سے کچھ رکھتا ہے تو دلیل ہے کہ کسب سیکھے گا اور اس سے نفع پائے گا۔اور لوگوں سے خوشی اور عیش کے ساتھ گزارے گا اور اگر ناخوشبو ہے تو اس کے خلاف تاویل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دھونی تین وجہ پر ہے۔اول: کسب و معیشت۔ دوم: خیر و منفعت۔سوم: اچھی بنیاد۔

دوگاں (درندے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کے پاس کے درندے سب گدھے ہو گئے ہیں۔ یا ایک گدھا اور دوسرا بیل یا بکری ہو گیا ہے دلیل ہے کہ اس کی روزی فراخ ہوگی لیکن اس کے لئے نقصان بھی ہے۔اور اگر دیکھے کہ اس کے چوپائے درندے ہو گئے ہیں تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ درندوں کا خواب میں دیکھنا چار وجہ پر ہے۔اول: دشمن۔ دوم: بادشاہ ظالم۔سوم: بے فکر عورتیں۔چہارم: ہمسایہ۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ درندوں کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کا

www.waseemziyai.com

مال حیلے کے ساتھ حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ وہ درندے کی صورت پر ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عقل زائل ہو گی۔ اور اگر دیکھے کہ درندے اس سے باتیں کرتے ہیں تو دلیل ہے کہ بادشاہی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ درندوں کو مارتا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔

درّاج (تیتر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ تیتر خواب میں خوبصورت عورت ہے، بدمہر ہے جو خاوند کے ساتھ موافقت نہیں کرتی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ تیتر پکڑا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قسم کی عورت کرے گا اور اگر دیکھے کہ تیتر کا گوشت کھایا ہے دلیل ہے کہ اسی مقدار پر عورت کا مال لے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے تیتر ہیں اور جانتا ہے کہ اس کی ملک ہیں دلیل ہے کہ اسی قدر عورتیں اور کنیزیں حاصل ہوں گی۔ اور اگر دیکھے کہ تیتر اس کے ہاتھ سے اُڑا ہے دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا۔

دراعہ (زرہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ نئی اور بڑی اور فراخ اور سبز زرہ پہنی ہوئی ہے دلیل ہے کہ اسی قدر اس کو مرتبہ اور قوت حاصل ہو گی اور بزرگی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ زرہ میلی اور تنگ پہنی ہوئی ہے اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے اس نے سفید زرہ پہنی ہے دلیل ہے کہ مال اور نعمت اور بزرگی پائے گا اور اگر سرخ زرہ پہنی ہے دلیل ہے کہ مصیبت ہو گی اور سیاہ ہے تو غم واندوہ کی دلیل ہے۔ لیکن سیاہ زرہ قاضی اور خطیب کو نقصان نہیں دیتی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ زرہ اس کے جسم سے اتاری ہے۔ دلیل ہے کہ عورت سے جدا ہو گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زرہ کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ اول: خوشی۔ دوم: قوت۔ سوم: محبت۔ چہارم: بزرگی۔ پنجم: مرتبہ اور ولایت۔ ششم: کاموں کا انتظام۔ ہفتم: عورت۔

در (دروازہ):

دروازہ خواب میں دیکھنا عورت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بند دروازے معلوم یا نامعلوم جگہ کے اس کے برابر کھلے ہیں۔ راستے کی طرف ہیں تو دلیل ہے کہ پاس کے مال کو خرچ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ گھر میں اس کے برابر دروازہ کھلا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے مال پائے گا اور عیال پر خرچ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر کا دروازہ ٹوٹا ہے دلیل ہے کہ مصیبت اور بڑا رنج ہو گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کے گھر کا دروازہ اکھیڑ کر لے گئے ہیں اور کسی کو معلوم نہیں ہے کہ کہاں لے گئے ہیں تو یہ گھر والے پر محنت اور مصیبت کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر کا دروازہ بند کر دیا ہے۔ تو یہ گھر والوں پر مصیبت کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر کا دروازہ چھوٹا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کے عیال کو آفت پہنچے گی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر کا دروازہ تمام گھروں کے دروازوں سے کشادہ ہے تو دلیل ہے کہ اس کے گھر میں نافرمان قوم۔ قوت اور مصیبت اور جھگڑے کے ساتھ آئے گی۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے مکان کے دروازے کی کنڈی ہلائی ہے۔ اگر اس کا جواب ملا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی دعا قبول ہوگی اور ممکن ہے کہ خزانہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ جب اس نے کنڈی ہلائی۔ تو گھر کا دروازہ جلدی کھل گیا ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول فرمائے گا اور دشمن پر فتح پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس نے نیا دروازہ مضبوطی سے بند کیا ہے اور اس پر قفل (تالا) لگایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت مرے گی یا اس کو طلاق دے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے بڑھئی کو نیا دروازہ بنانے کو کہا ہے تا کہ اس کے گھر پر لگائے تو دلیل ہے کہ کنواری کنیز خریدے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر کے دروازے کی زنجیر نہیں ہے دلیل ہے کہ بیوہ عورت کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کے گھر کے دروازے پر درندے کودے ہیں اور آواز کرتے ہیں تو دلیل ہے کہ جوان اس کے عیال کا قصد (ارادہ) کریں گے۔ اور اگر دیکھے کہ آسمانوں کے دروازے کھلے ہیں تو دلیل ہے کہ اس ملک کے لوگوں پر خیرات کا دروازہ کھلے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دروازے دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: گھر کا مالک۔ دوم: عورت۔ سوم: خادم۔

دروازہ

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جو کوئی شر کا دروازہ خواب میں دیکھے دلیل ہے کہ بادشاہ کا حاجب اور دربان ہوگا۔ اور خواب میں دربان کا دیکھنا بزرگ آدمی کو دیکھنا ہے۔

دربانی کردن (دربانی کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ وہ دربانی کرتا ہے دلیل ہے کہ اس کی مراد جلدی پوری ہوگی اور کسی بڑے آدمی سے عزت اور مرتبہ پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ دربانی کرتا ہے اور دروازہ نہیں ہے دلیل ہے کہ اس کی مراد جو کسی کے باعث ہے پوری ہوگی۔ لیکن مرتبہ نہ پائے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ بادشاہ کی دربانی کرتا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کا مقرب ہوگا۔

دربرگرفتن (گود میں لینا):

اس کی شرح حرف الف میں بیان ہو چکی ہے۔

درختان (بہت سارے درخت):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں ایسے درخت کا دیکھنا جو لوگوں کے نزدیک ہے۔ تو وہ شریف اور بزرگوار مرد کا دیکھنا ہے۔ اور اگر ذلیل درخت کو دیکھے۔ تو کمینے آدمی پر دلیل ہے۔ اور جو درخت میوہ دار ہے دلیل ہے کہ تونگر (مالدار) مرد ہوگا۔ اور بغیر پھل کے درخت درویش مرد پر دلیل ہے اور جو درخت کہ ملک عرب میں ہے، جنگلی آدمی پر دلیل ہے اور جو درخت ملک عجم میں ہے، مرد عجمی پر دلیل ہے۔ اور جس درخت کو باغ میں دیکھے۔ صاحب باغ پر مال کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ درخت کو جڑ سے اکھیڑا ہے تو دلیل ہے کہ کسی شخص کو مرتبے اور نعمت سے گرائے گا۔

درخت خرما:

درخت خرما۔ کھجور کا درخت۔ اگر کھجور کا درخت خواب میں دیکھے۔ تو شریف اور عالم مرد پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر میں کھجور کا درخت ہے تو دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی سے آشنا (دوست) ہوگا اور اگر کھجور کا درخت باغ میں دیکھے دلیل ہے کہ اس کی تاویل صاحب باغ کی طرف رجوع کرتی ہے۔

درخت آبنوس:

جو شخص اپنے کام میں عاجز ہے، اس پر دلیل ہے۔ اور بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ عورت یا کنیز ہے۔

درخت آلو:

درخت آلو طبیب آدمی ہے کہ جس سے ہر ایک کو فائدہ پہنچتا ہے۔

درخت بادام:

درخت بادام خوب صورت صاحب جمال عورت ہے۔

درخت انار:

درخت انار تونگر (مالدار) مرد منفعت والا ہے۔

www.waseemziyai.com

درخت پلپل:

درخت پلپل۔ مرچ کا درخت۔ شریف اور بڑا آدمی ہے۔

درخت برگد:

درخت برگد آہستہ اور اطمینان والے مرد پر ہے۔

درخت ترنج:

درخت ترنج۔ نیبو کا درخت۔ مرد مخالف اور خود رائے پر دلیل ہے۔

درخت زیتون:

درخت زیتون اصیل اور نسب والے آدمی پر دلیل ہے۔

درخت حنظل:

درخت حنظل۔ اندراین یعنی تمہ درویش اور بد دین آدمی پر دلیل ہے۔

درخت زرد آلو:

درخت زرد آلو، مبارک آدمی پر دلیل ہے۔ جو نفع پہنچاتا ہے۔

درخت سرو:

درخت سرو مرد عجمی خوش طبع پر دلالت کرتا ہے۔

درخت سنجد:

درخت سنجد کا دیکھنا نازک مزاج اور دولت مند شخص پر دلیل ہے۔

درخت سیب:

درخت سیب بیمار جیسے مرد پر دلیل ہے۔

درخت شمامہ:

درخت شمامہ تیز دولت مرد پر دلیل ہے جو جلدی ہلاک ہوگا۔

درخت شفتالو:

درخت شفتالو کا دیکھنا بزرگوار شرم والے مرد پر دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

درخت عود:

درخت عود مرد خوب صورت اور خوش زبان پر دلیل ہے۔

درخت فستق:

درخت [illegible]تی پستے کا درخت۔ تونگر اور بخیل مرد پر دلیل ہے۔

درخت گل:

درخت گل۔ پھول کا پودا۔ اس کا شاد کام مرد پر دلیل ہے۔

درخت فندق:

درخت فندق۔ غریب مرد سخت پر دلالت کرتا ہے۔ جو کھیل کو پسند کرتا ہے۔

درخت بلوط:

درخت بلوط کا خواب میں دیکھنا بے خبر اور منافق آدمی پر دلالت کرتا ہے۔

درخت مورد:

درخت مورد نا سازگار اور گراں طبع آدمی پر دلیل ہے۔

درخت لیموں:

درخت لیموں کا دیکھنا جادوگر یا نجومی آدمی پر دلیل ہے۔

درخت جوز:

درخت جوز کا خوان میں دیکھنا شریف اور جواں مرد آدمی پر دلیل ہے۔

درخت جوز ہندی:

درخت جوز ہندی۔ اخروٹ۔ عجمی آدمی پر دلیل ہے۔ جو لوگوں کے ساتھ بخل کرتا ہے اور اپنے عیال کے ساتھ سخت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ درخت کے اوپر ہے تو دلیل ہے کہ بڑے آدمی کو ملے گا اور اس سے منفعت اور بزرگی پائے گا۔

درخت نے (بانس):

درخت نے (بانس) بدخو اور سخن چیں آدمی پر دلیل ہے۔

اور جو درخت میوہ دار ہے۔ اس کے میوے کے قیاس پر اس کی تاویل ہے۔ اگر دیکھے کہ میوہ دار درخت سے میوے کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اس میوے کی قدر و قیمت پر مال اور نعمت پائے گا۔

www.waseemziyai.com

اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب کے اندر اپنے گھر میں درخت دیکھنا عورت ہے۔ اور جو درخت کہ بادشاہ کے گھر میں دیکھے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ کا خدمت گار ہوگا۔ اور اگر درختوں کو بغیر تنے کے دیکھے۔ جیسے خیار اور خربوزے کا پیڑ۔ اس کی تاویل کم ہمت لوگ ہیں۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر درخت کی رگیں قوی دیکھے دلیل ہے کہ مال کی زکوٰۃ دی ہوگی۔ ورنہ اس کے خلاف ہے۔ اور درخت کی چھال روزی پر دلیل ہے کہ درخت کے مالک کے لئے ہوگی۔ اور درخت کی شاخیں برادر اور عزیز اور فرزند ہیں۔ اور اگر درخت پر بہت سے پتے دیکھے۔ دلیل ہے کہ صاحب درخت خوش طبع ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ درخت پر تھوڑا پھل ہے۔ اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ اور درخت کا میوہ اس کے مالک پر دلیل ہے کہ پرہیز گار اور دین دار ہے۔ اور اگر دیکھے کہ درخت کاٹا اور گرا دیا ہے تو صاحب درخت کی موت پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ درخت خوشبودار ہے اور اس کا میوہ مزے دار ہے۔ تو مصلح اور پاک دین پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ درخت بے مزہ اور خاردار ہے۔ تو یہ مفسد (فساد کرنے والا) اور بد دیانت آدمی پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر میں یا دوسروں کے گھر میں چھوٹا سا درخت ہے۔ دلیل ہے کہ اس گھر میں مصیبت پڑے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے گھر میں بیج بویا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے تخم کے اندازے پر کوئی چیز اس کو پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ کسی بیگانے کی زمین میں درخت لگایا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بیگانے آدمی سے اس کی صحبت ہوگی اور شرف اور بزرگی پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اپنے گھر میں درخت لگایا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر درہم حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ درختوں سے میوہ حاصل کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی نسل اور فرزند زیادہ ہوں گے۔

اور اگر بہت سے درخت میوہ دار دیکھے اور جانے کہ اس کی ملک ہیں تو دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی اور فتح اور بزرگی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ درخت کو کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ یا کوئی اس کے عزیزوں سے مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ خزاں کے موسم میں کسی نامعلوم باگ میں ہے اور دیکھتا ہے کہ درختوں کے پتے جھڑتے ہیں تو غم واندوہ کی دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ درخت اس سے باتیں کرتے ہیں۔ دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس سے لوگ متعجب رہیں گے اور اگر دیکھے کہ درخت کو کسی جگہ سے اکھاڑا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ یا وہاں سے کہ جہاں درخت اکھاڑا ہے کوئی مرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر درخت کٹے ہوئے یا خشک دیکھے تو دلیل ہے کہ لوگ بد دین ہوں گے اور جو درخت کہ اچھا دیکھے دلیل ہے کہ اس کا دین اچھا ہے۔ اور جس قدر درخت میں نقصان دیکھے تو

www.waseemziyai.com

اس کے نقصان پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ درخت کے سائے میں بیٹھا ہے یا سویا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ ایسے مرد کے سائے میں جائے گا جو اس درخت سے منسوب ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ درخت خواب میں دیکھنا دس وجہ پر ہے۔ اول: بادشاہ۔ دوم: عورت۔ سوم: سوداگر۔ چہارم: مرد میدان۔ پنجم: عالم: ششم: ایماندار۔ ہفتم: کافر۔ ہشتم: مددگار۔ نہم: جھگڑا۔ دہم: شبہ کا مال۔

درد اندامہا (جوڑوں کا درد):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے جوڑ درد کرتے ہیں دلیل ہے کہ قبضہ سے مال جائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا سر درد ہوتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ بہت گناہ کئے ہیں۔ توبہ کرے اور صدقہ دے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **فمن كان منكم مريضاً اوبه اذى من راسه ففدية من صيامٍ اوصدقةٍ اونسك۔** (جو شخص تم میں سے بیمار ہے یا اس کے سر میں تکلیف ہے تو روزوں کا فدیہ یا صدقہ یا عبادت ہے)۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی پیشانی درد کرتی ہے تو فساد دین اور غم واندوہ کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی آنکھ درد کرتی ہے تو دلیل ہے کہ کوئی اس کو حق کا راستہ دکھائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا کندھا درد کرتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ کسی سے بری بات سنے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی ناک درد کرتی ہے اور یا اس کی زبان میں نقصان ہے تو دلیل ہے کہ ایسی بات کرے گا کہ جس کا وبال اس پر آئے گا۔ اور اگر یہ خواب سوداگر دیکھے تو دلیل ہے کہ تجارت میں جھوٹ بولے گا۔

اور اگر اپنی زبان کٹی ہوئی دیکھے تو اصلاح اور پارسائی کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا تالو درد کرتا ہے اور سوجا ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کے حق سے منکر ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا منہ درد کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ اپنے سے اندوہ پائے گا اور اگر دیکھے کہ اس کی گردن درد کرتی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ذمے امانت ہے اور وہ ادا نہیں کرتا ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا پیٹ درد کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس نے مال حرام کھایا ہے اور اگر دیکھے کہ اس کی کمر درد کرتی ہے تو دلیل ہے کہ اپنے سردار سے آزردہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا پہلو درد کرتا ہے تو دلیل ہے کہ عزیزوں کے باعث درد دیکھے گا اور بیمار ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ ناف میں درد ہے۔ دلیل ہے کہ اپنے عیال کو ستائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے عضو تناسل میں درد ہے تو دلیل ہے کہ فساد کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاخانے کی جگہ میں درد ہے۔ دلیل ہے کہ فساد اور حرام کرے گا۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ اس کے سر رین میں درد ہے۔ دلیل ہے کہ اپنوں اور دوستوں پر ظلم کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا پاؤں درد کرتا ہے تو دلیل ہے کہ عاجزوں پر مہربانی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے جسم پر داغ کیا ہے۔ دلیل ہے کہ مال پائے گا۔

درہم:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ لوگوں کی طبیعتیں مختلف ہیں۔ اور جو شخص درہم کو خواب میں دیکھے تو بیداری میں درہم حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ جو شخص خواب میں درہم دیکھے۔ دلیل ہے کہ نیک بات سنے گا یا اللہ تعالیٰ کی تسبیح کہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ درہم سفید ہے۔ تو اس کی تاویل نہایت اچھی ہے اور اگر درہم سیاہ ہے اور اسی نقش وصورت پر ہے۔ تو جنگ اور جھگڑے پر دلیل ہے۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے اگر دیکھے کہ اس نے چھوٹا درہم پایا ہے۔ تو چھوٹے فرزند پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس سے درہم ضائع ہوا ہے یا کسی نے چرایا ہے دلیل ہے کہ چھوٹے فرزند سے اس کے دل پر بوجھ آئے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چھوٹا درہم ضائع ہوا ہے اور پھر آیا ہے دلیل ہے کہ وہ رنج اس سے زائل ہوگا اور اگر پھر نہیں پایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند ہلاک ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب کے اندر درہم ہاتھ میں رکھنا نیک بات ہے۔ اور ٹوٹا ہوا درہم پراگندہ بات ہے اور بہت سے درہم مال ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے عیال میں اپنے ہاتھ سے درہم تقسیم کئے ہیں دلیل ہے کہ ان کے درمیان جھگڑا ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ بہت سے درہم گھر میں رکھتا ہے دلیل ہے کہ اسی قدر مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بہت سے درہم جمع کئے ہیں دلیل ہے کہ لوگوں کو حق و باطل سے باز رکھے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **جمع مالاً و عدده يحسب ان ماله اخلده**۔ (مال کو جمع کیا اور شمار کیا، گمان کرتا ہے کہ اس کا مال ہمیشہ رہے گا)۔

اور اگر اپنی ہتھیلی میں ایک سفید درہم دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا۔ اور دیکھے کہ وہ درہم اس سے ضائع ہوا ہے۔ تو یہ اس کے فرزند کے مرنے کی دلیل ہے۔ اور اگر خواب میں درہم و دینار کی تھیلی پائے۔ دلیل ہے کہ مال اور نعمت حلال جمع کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر سفید درہم خواب میں دیکھے تو سیاہ درہم پائے گا اور بہت لوگ خواب میں درہم دیکھتے ہیں اور بیداری میں ان کو پاتے ہیں۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ صاف درہم خواب میں دین کی صفائی ہے اور ٹوٹا ہوا درہم جھگڑا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو درہم دیا ہے تو دلیل ہے کہ غم واندوہ سے خلاصی پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں درہم گیارہ وجہ پر ہے۔ اول: درست باتیں۔

www.waseemziyai.com

دوم: مراد کا پورا ہونا۔سوم: ولایت۔ چہارم: مال جمع۔پنجم: دوست۔ ششم: فرزند۔ ہفتم: فتنہ۔ ہشتم: فراخ روزی۔ نہم: امن۔ دہم: کنیز۔ یازدہم: درہم پانا خاص کر اگر صاحب خواب پارسا ہے۔ اور اگر پارسا نہیں ہے۔تو فرزندوں کی زحمت اور غم واندوہ پر دلیل ہے۔لیکن ٹوٹا ہوا درہم خواب میں دیکھنا چار وجہ پر ہے۔اول: بری بات۔دوم: جنگ اور جھگڑا۔سوم: بند اور قید۔ چہارم: گفتگو۔

درمنہ (ایک دوا ہے):

درمنہ ایک بوٹی ہے۔حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ درمنہ خواب میں دیکھنا غم واندوہ پر دلیل ہے اور اس کا کھانا مال اور عیال کے نقصان پر دلیل ہے۔

دروغ گفتن (جھوٹ بولنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جھوٹ بولنا دین کی تباہی اور فساد پر دلیل ہے۔اور اگر دیکھے کہ اس نے جھوٹی گواہی دی ہے۔دلیل ہے کہ اس کا دین تباہ ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ بادشاہ نے جھوٹ بولا ہے۔دلیل ہے کہ لوگ اس کی بدی اور بُرائی کریں گے اور اس کی حفاظت اور آبرو جاتی رہے گی۔

درودگری کردن (لکڑی تراشنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لکڑی تراشنے والا لوگوں کا خیر خواہ ہے۔لیکن اس کی صحبت منافق لوگوں کے ساتھ اور بد مذہب ہوتا ہے اور ان کے مطلب پر چلتا ہے۔کیونکہ لکڑی والوں کو خواب میں دیکھنا نفاق پر دلیل ہے۔فرمان اللہ تعالیٰ ہے: کانھم خشب مسندہ۔(گویا کہ وہ ناتراش کندے ہیں)۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لکڑی تراشنے والا لڑکوں کا معلم ہے کہ جاہل اور نادان کو عقل اور دانش سکھاتا ہے اور لوگوں کے کاموں کی اصلاح اور تدبیر کرنے والا ہے اور فساد اور نفاق کی راہ کو ان سے دور کرتا ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بڑھئی لڑکوں کا معلم ہے۔

درویشی:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں درویشی تونگری (مالداری) سے بہتر ہے۔خاص اگر راہ دین اور اصلاح میں ہے۔اور اگر دیکھے کہ درویش ہو گیا ہے تو اصلاح پر دلیل ہے۔اور اگر دیکھے کہ تونگر (مالدار) ہو گیا ہے۔تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر اس نے درویشی مسلمان کو خیرات دی ہے دلیل ہے کہ غم اور رنج سے نجات پائے گا۔اور اگر دیکھے کہ لوگوں کے دروازوں پر روٹی مانگتے پھرتے ہیں دلیل ہے کہ اس

www.waseemziyai.com

شخص کو خیر اور منفعت پہنچے گی۔

دریا:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دریا بادشاہ یا بڑا عالم ہے اور اگر دیکھے کہ دریا کا پانی روشن اور صاف اور مزے دار ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ پارسا اور عادل اور منصف ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ دریا کا پانی میلا اور بے مزہ ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ فسادی اور ظالم ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے دریا کا پانی پیا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ سے عزت اور مرتبہ پائے گا اور یا عالم سے نفع پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دریا سے پانی لے کر مٹکے میں ڈالا ہے دلیل ہے کہ اسی قدر اس کو بادشاہ سے نفع حاصل ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ دریا میں ڈوبا ہے اور اس کا جسم کیچڑ سے بھر گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے غم و اندوہ پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے جسم کو مٹی میں دھویا ہے دلیل ہے کہ اس کا غم واندوہ زائل ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ دریا کے پانی میں تیرتا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ اس کو قید کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ دریا سے تیر کر نکلا ہے۔ دلیل ہے کہ قید سے رہائی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دریا میں غرق ہو کر مر گیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ دین کے کام میں غرق ہوگا اور اگر دیکھے کہ دور سے دریا کو دیکھا ہے اور نزدیک نہیں گیا ہے دلیل ہے اس کی امید پوری ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ دریا پر سے گزرا ہے اور اس کے پاؤں تر نہیں ہوئے۔ دلیل ہے کہ دوزخ کی آگ سے امن میں ہوگا اور دنیا کے کام اس پر آسان ہوں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ دریا میں ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ کی خدمت میں تابعدار اور فضیلت والا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ درمیان دریا کے گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا کام خطرناک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ دریا سے نکلا ہے۔ دلیل ہے کہ بے غم ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ دریا سے ٹھنڈا پانی پیا ہے اور خواب دیکھنے والا عالم ہے۔ دلیل ہے کہ پورا نصیب پائے گا۔ اور اگر خواب دیکھنے والا پورا عالم نہیں ہے۔ تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **قل لو کان البحر مداد الکلمات ربی لنفد البحر قبل ان تنفد کلمات ربی**۔ (کہہ دو کہ اگر دریا میرے رب کے کلمات کے لئے سیاہی ہو جائیں۔ تو میرے رب کے کلمات ختم ہونے سے پہلے دریا ختم ہو جائیں گے)۔

اور اگر خواب دیکھنے والا بادشاہی لوگوں سے ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ کے معتبر لوگوں میں سے ہو جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دریا کے پانی سے اپنے آپ کو دھویا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ سے امن میں رہے گا۔

اور اگر دیکھے کہ دریا کا گرم پانی پیا ہے۔ دلیل ہے کہ گناہ کرے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **وسقوا ماء فقطع امعاء هم**۔ (اور ان کو کھولتا ہوا پانی پلایا جائے گا جو ان کی آنتوں کو کاٹے گا)۔

اور اگر دیکھے کہ دریا کا پانی گندہ اور بے مزہ پیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا سامنا بڑے خوفناک دشمن سے ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **یتجرعه ولا یکاد یسیغه**۔ (اس کو گھونٹ گھونٹ کر کے پئے گا اور نگل

www.waseemziyai.com

نہ سکے گا)۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ دریا کے پانی میں گیا ہے۔ دلیل ہے کہ عبادت کی توفیق پائے گا اور امانت ادا کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دریا سے گزر گیا ہے۔ دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دریا کا پانی زیادہ ہو گیا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ کا لشکر زیادہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ دریا کا پانی خشک ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ لشکر سمیت ہلاک ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ نہروں اور دریا کا پانی ایک جگہ جمع ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس ملک کا خزانہ اور اپنا خزانہ ایک جگہ جمع کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ جہان سے موجیں اٹھی ہیں اور سارا جہان ابر سے تاریک ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک کے لوگ نافرمان اور گناہ گار ہوں گے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **من فوقه موج ومن فوقه سحاب**۔ (اس کے اوپر موج ہے اور اس کے اوپر بادل ہے)۔ اور اگر دیکھے کہ دریا سے شکار پکڑتا ہے تو دلیل ہے کہ حلال کی روزی پائے گا اور اس کے عیال پر عیش فراخ ہوگی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **احل لكم صيد الجر وطعامه' متاعالكم**۔ ''تمہارے لئے دریا کا شکار حلال ہے اور اس کا کھانا تمہارے لئے سرمایہ ہے''۔

اور اگر دیکھے کہ دریا کا پانی شور ہے۔ دلیل ہے کہ حرام کمائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دریا کا پانی گدلا ہے اور اس میں شکار پکڑتا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ ہلاک ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **واسئلهم عن القرية كانت حاضرة البحر**۔ (ان گاؤں والوں سے پوچھ جو دریا پر حاضر تھے)۔

اور اگر دیکھے کہ دریا میں سے یاقوت اور مرجان نکالے ہیں۔ دلیل ہے کہ دین کا علم سیکھنے میں مشغول ہو گا۔ اور اگر اہل علم سے ہے۔ تو اس کا علم اور زیادہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ دریا میں سے مگرمچھ کو پکڑا ہے اور مار ڈالا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ کا دشمن اس کے ہاتھ سے مارا جائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دریا کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: بادشاہ۔ دوم: حاکم۔ سوم: رئیس۔ چہارم: مال۔ پنجم: عالم۔ ششم: بڑا کام۔

وژ (قلعہ):

وژ۔ قلعہ۔ چوبارہ۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے قلعہ بنایا ہے تو یہ اس کی بہتری کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے قلعہ کو خراب کیا ہے تو یہ اس کے دین کی تباہی اور فساد پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ قلعہ خواب میں اگر گچ اور پکی اینٹ سے بنایا ہے دلیل ہے کہ دوزخی ہوگا اور اگر دیکھے کہ مٹی اور اینٹ سے بنایا ہے تو دلیل ہے کہ بہشتی ہوگا۔

اور اگر قلعہ میں مقیم ہے تو یہ اصلاح دین اور ثبات راہ کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ ہر وقت قلعہ کے اندر اور باہر جاتا ہے دلیل ہے کہ دین کے کام میں کامل نہ ہوگا۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر اپنے آپ کو قلعہ میں دیکھے۔ تو اصلاح دین پر دلیل ہے۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دین کے ضعف اور تباہی پر دلیل ہے۔

دزدی کردن (چوری کرنا):

اگر دیکھے کہ کسی کا مال چرایا ہے اور کچھ خرچ کیا ہے دلیل ہے کہ اس کو پکڑیں گے۔

اور اگر دیکھے کہ چرانے کی نیت تھی اور چرایا نہیں ہے دلیل ہے کہ کسی کو بری بات پہنچائے گا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ بیمار ہوگا اور شفاء پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر سے کچھ چرایا ہے دلیل ہے کہ اس کو کوئی آفت اور رنج پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ وہ چور کے ہاتھ میں قید ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا حال بد ہوگا اور غم واندوہ میں اسیر ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ چوروں نے اس کا راستہ بند کیا ہے دلیل ہے کہ وہ شخص غم واندوہ دیکھے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ چور لوگوں کا سامان لے گئے ہیں دلیل ہے کہ اس کا عیش تباہ ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ چوری خواب میں بیماری ہے اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ جس جگہ چوری کریں دامادی کی دلیل ہے۔ یا لڑکا پیدا ہوگا اور اگر صاحب خواب کا کوئی لڑکا غائب ہے تو سلامتی سے واپس آئے گا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں چور کا دیکھنا خیانت اور حیلہ ہے۔

دستار چہ (دستار):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ خواب میں دستار کا دیکھنا دین ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی پگڑی سفید یا سبز یا السی کی یا سوتی ہے تو اصلاح دین کی دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ دستار سفید اور پاکیزہ رکھتا ہے۔ دلیل ہے کہ دین اور دنیا کی اصلاح ہوگی۔ اور اگر ابریشم اور ریشم کی پگڑی دنیا کے کاموں کی درستی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے دستار کے ساتھ دوسری دستار پیوست ہو گئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی بزرگی اور مرتبہ زیادہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی دستار گر گئی ہے، اور ضائع ہوگئی ہے تو نقصان دین اور اس کی بے حرمتی کی دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر اپنی دستار چرائے ہوئے دیکھے۔ تو اس کے مرتبہ اور قدر کے نقصان کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ دستار کو پیچ دے کر خوب رکھتا ہے تو دلیل ہے کہ دنیا داروں اور دین داروں سے موافقت رکھے گا۔

www.waseemziyai.com

اور اگر نقش دار پگڑی رکھے تو دلیل ہے کہ سفر کے درمیان لوگوں میں مشہور ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی دستار اور لباس سب سبز ہیں۔ دلیل ہے کہ دنیا سے شہید ہو کر جائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جس قدر دستار بڑی ہوگی۔ اس کا مرتبہ اور عزت زیادہ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی دستار میلی ہے تو اس کے مرتبہ اور عزت کے نقصان کی دلیل ہے۔

اور اگر دستار سرخ دیکھے۔ دلیل ہے کہ کسی پر ظلم کرے گا۔ اور اگر زرد دیکھے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔

اور اگر دستار نیلی دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس کو مصیبت پہنچے گی۔ اور اگر سیاہ دیکھے تو اس کو نقصان اور ضرر پہنچے گا۔ لیکن خطیب، اور قاضی کو نقصان نہیں ہے۔ اور اگر سر پر ابریشم کی دستار دیکھے۔ دلیل ہے کہ منصف اور حاکم ہوگا اور لوگ اس کو عزیز جانیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ لمبی دستار لپٹی ہوئی ہے۔ دلیل ہے کہ سفر سے جلدی واپس آئے گا۔ اور ابریشم کی پگڑی دین کے فساد پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دستار کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ اول: دین۔ دوئم: ریاست۔ سوئم: عمل۔ چہارم: ولایت۔ پنجم: مرتبہ۔ ششم: توانائی۔ ہفتم: سفر۔

دستار حمائی:

انشاء اللہ تعالیٰ اس کا بیان حرف میم میں آئے گا۔

دست آس (چکی):

دست آس۔ ہاتھ کی چکی۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چکی فکر سے نجات ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس چکی ہے تو دلیل ہے کہ اسی کی قدر خیر اور منفعت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ چکی کا پتھر ٹوٹ گیا ہے دلیل ہے کہ چکی والا ہلاک ہوگا یا محنت میں پڑے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چکی کا پتھر چرایا گیا ہے، دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ چکی سے مہندی وغیرہ کو پیستا ہے تو جھگڑے کی دلیل ہے۔

دست (ہاتھ):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ دائیں ہاتھ کی تاویل بھائی ہے اور بائیں ہاتھ کی تاویل بہن ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا دایاں ہاتھ دراز ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے بھائی یا اس کے شریک کا کام نیک ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے دونوں ہاتھ پھر چھوٹے ہو گئے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کا بھائی اور بہن اس سے منہ موڑیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے دونوں ہاتھ کوتاہ ہو گئے ہیں دلیل ہے کہ اپنے بھائی اور بہن سے نفع واپس لے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے دونوں ہاتھ کٹے ہوئے اور گرے ہوئے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کا بھائی اور بہن اس کی زندگی میں جدا ہو جائیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے دونوں ہاتھ سینے پر رکھے ہوئے ہیں۔

www.waseemziyai.com

دلیل ہے کہ اپنے دوستوں کے لئے غم کھائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ لوگوں کے درمیان ہے اور تالیاں بجاتے ہیں دلیل ہے کہ اس جگہ شادی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ تنہا ہاتھ مارتا ہے اور خوش ہوتا ہے۔ تو غم واندوہ کی دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ قاضی نے یا بادشاہ نے اس کا دایاں ہاتھ کاٹا ہے تو حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق اس کا بھائی یا بہن یا فرزند مرے گا۔ اور اگر اس کے دونوں ہاتھ کاٹے ہیں۔ دلیل ہے کہ اپنے کسب اور مراد سے باز رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے ایک ہاتھ کے ساتھ دوسرے ہاتھ کا چمڑا اتارا ہے دلیل ہے کہ اپنوں پر ظلم کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اپنا ہاتھ چھری سے کاٹا ہے دلیل ہے کہ کسی سے جھگڑا کرے گا یا اس کا دل کسی میں مشغول ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **فقطعن ایدیھنّ**۔ (انہوں نے اپنے ہاتھ کاٹے)۔

اور اگر دیکھے کہ اپنی ہتھیلیاں ایک کو دوسری سے دھوتا ہے۔ دلیل ہے کہ اپنی رشتہ دار عورت سے نکاح کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا ایک ہاتھ کاٹا ہے اور اس کو پھانسی دیا ہے دلیل ہے کہ اس جگہ کے امیر معزول ہوں گے۔

اور اگر دیکھے کہ چوپاؤں کی طرح ہاتھ پاؤں سے چلتا ہے اور منہ آسمان کی طرف کیا ہے دلیل ہے کہ محال آرزو ڈھونڈے گا اور مشکل سے پوری ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا ہاتھ مادرزاد خشک ہے دلیل ہے کہ صدقہ دینے اور کار خیر سے عاجز ہوگا۔

حضرت براہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ سوئی سے نیک کئے ہوئے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کی ہمت علم اور دانش کی تعلیم پر ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا ہاتھ کٹا ہوا ہے اور نہیں جانتا ہے کہ دایاں ہاتھ کٹا ہے یا بایاں، تو دلیل ہے کہ اس کو مصیبت پہنچے گی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا ہاتھ کٹا ہوا ہے، وہ قرآن مجید پڑھتا ہے دلیل ہے کہ اس کا ہاتھ گناہ سے رُکے گا۔

اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں ہاتھ کٹا ہوا۔ دلیل ہے کہ عمر دراز ہوگی اور گناہ ترک کرنا کار خیر میں مشغول ہونا ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا دایاں ہاتھ کسی گناہ کے باعث کاٹا گیا ہے دلیل ہے کہ جھوٹی قسم کھائے گا۔ حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اپنا ہاتھ حلقہ کی طرح گردن میں ڈالا ہوا ہے۔ تو نیک کام نماز اور طاعت اور حج اور جہاد اور نیک کام بجالانے پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا دایاں ہاتھ کٹا ہے۔ دلیل ہے کہ جھوٹی قسم کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا ہاتھ بادشاہ وقت کے جسم پر بدل کر لگایا گیا ہے۔ اگر بادشاہ مصلح ہے۔ تو خیرات اور دین کی اصلاحیت پر دلیل ہے اور اگر بادشاہ مفسد (فساد کرنے والا) اور بے دین ہے تو اس کے دین کے شر اور فساد پر دلیل ہے۔ اور اگر

www.waseemziyai.com

دیکھے کہ اس کا ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ سے بہت لمبا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ قوت اور مرتبہ زیادہ ہو گا اور جو کچھ طلب کرے گا پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے دونوں ہاتھ نہیں ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کو اپنے کام پر بھروسہ نہیں ہو گا۔ اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اپنوں سے نفع پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ اور پاؤں باتیں کرتے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا عیش خوش ہو گا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے دوست کے لئے مرد ارید باندھ کر رکھا ہے۔ دلیل ہے کہ سارا قرآن ناظرہ پڑھے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کا ہاتھ بادشاہ کے ہاتھ جیسا ہو گیا ہے دلیل ہے کہ بزرگی اور بادشاہی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا دایاں ہاتھ سنہری ہو گیا ہے دلیل ہے کہ اس کی دولت زائل ہو جائے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اپنا ہاتھ صابون اور بجی سے دھویا ہے۔ دلیل ہے کہ ناامید ہو گا۔ اور اگر دیکھے کہ جس جانور کی تاویل نیک اس کے بائیں ہاتھ سے نکلا اور دائیں ہاتھ سے باہر گیا ہے۔ یا دائیں ہاتھ سے نکلا اور بائیں ہاتھ سے باہر گیا۔ دلیل ہے کہ غم سے نجات پائے گا اور اس کی عاقبت محمود ہو گی۔ اور اگر وہ جانور تاویل میں بد ہے دلیل ہے کہ کسی کمزور پر ظلم کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا ہاتھ خشک ہو گیا ہے۔ تو اس کے فساد صحت پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا ہاتھ کسی زندہ یا مردہ نے اپنے ہاتھ میں پکڑا ہے یا اس کی گردن میں ہاتھ ڈالا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہو گی۔ اور اگر دیکھے کہ کسی مشرک سے ہاتھ ملایا ہے تو دلیل ہے کہ وہ مشرک اس کے ہاتھ پر اسلام لائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ہاتھ کا دیکھنا بارہ وجہ پر ہے۔ اول: برادر۔ دوم: بہن۔ سوم: شریک۔ چہارم: دوست۔ پنجم: فرزند۔ ششم: رفیق۔ ہفتم: قوت۔ ہشتم: توانائی۔ نہم: ولایت۔ دہم: مال۔ یازدہم: محبّ۔ دوازدہم: پیشہ اور صنعت وغیرہ۔

دست اور نجن (ہاتھ کا کنگن یا کڑا):

دست اور نجن۔ کڑے جو ہاتھوں میں پہنتے ہیں۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کڑے عورتوں کے لئے شوہر ہیں اور مردوں کے لئے غم واندوہ ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس چاندی کا کڑا ہے دلیل ہے کہ اس کا اندوہ (غم) کم ہو گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کسی نے اس کو کڑا دیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا فرزند یا بھائی پیدا ہو گا۔ اور اگر یہ خواب عورت دیکھے تو شوہر کرے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے دونوں ہاتھوں میں کڑے ہیں۔ تو دلیل ہے کہ اس کو مال اور نعمت سے رنج حاصل ہوں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کڑوں کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: ریاست۔

www.waseemziyai.com

دوم: حکمت۔ سوم: مکر۔ چہارم: غم۔ پنجم: برادر یا فرزند۔

دست وروشتن (ہاتھ منہ دھونا):

دوست وروئے شتن۔ ہاتھ منہ دھونا۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے ہاتھ اور منہ پانی سے دھویا ہے تو دلیل ہے کہ غم سے نجات پائے گا۔ اگر بیمار ہے تو شفاء پائے گا۔ قرض دار ہے تو قرض سے سرخرو ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ بے ہاتھ منہ دھوئے نماز پڑھتا ہے دلیل ہے کہ اس کا دین ضعیف ہوگا اور اس کا مال ہاتھ سے جائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ دونوں ہاتھ سے منہ دھویا ہے دلیل ہے کہ اپنے دوستوں سے مدد مانگے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ہاتھ اور منہ دھوتا ہے اور اس کا وضو اسی وقت ٹوٹا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے کسب اور کمائی میں عاجز ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا وضو ٹوٹا ہے اور پھر ہاتھ منہ دھویا ہے اور نماز شروع کی لیکن تمام نہیں کی ہے دلیل ہے کہ اس کی عمر آخر ہوگئی ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ کسی نے اس کا ہاتھ اور منہ دھویا ہے اور وہ اس میں تامل کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری ہوگی۔

دستانہ، دستینہ (ہاتھ کا غلاف):

دستانہ۔ ہاتھ کا غلاف خواب میں مردوں کے لئے عورتوں سے بہتر ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں لوہے کا دستانہ ہے تو دلیل ہے کہ اس کو تونگری (مالداری) اور قوت ہوگی اور دشمن پر فتح پائے گا۔ خاص کر اگر فولاد کا دستانہ ہے۔ اس کی تاویل ہاتھ کے کڑے کے مطابق ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ دستانے کا خواب میں دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: قوت اور توانائی۔ دوم: دشمن پر فتح۔ سوم: دنیا کے کام کا انتظام۔

دشمن:

اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے دشمن پر غلبہ کیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری ہوگی اور اگر دشمن نے اس پر غلبہ کیا ہے اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

اور اگر دیکھے کہ دشمن نے اس کو کھایا ہے تو دلیل ہے کہ بلا اور مصیبت میں پڑے گا۔ توبہ کرنی چاہئے۔ تا کہ بلا دفع ہو جائے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ دشمن کا خواب میں دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: کاموں کا

www.waseemziyai.com

بند ہونا۔ دوئم: غم واندوہ۔ سوئم: مال کا خسارہ۔

دشنام (گالی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ کسی نے اس کو گالی دی ہے دلیل ہے کہ اس کا حال نیک ہوگا اور وہ گالی دینے والے پر فتح پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے گالی دی ہے تو دلیل ہے کہ وہ آدمی اس پر غالب اور کامیاب ہوگا۔

دعا کردن (دعا کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دعا کرنا نا مراد کا پورا ہونا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے لئے دعا مانگی اور بخشش چاہی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا خاتمہ اور کام خیر سے ہوگا۔ اور مراد پوری ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ کسی مصلح کے لئے دعا کی ہے۔ دلیل ہے کہ ظلم اور فساد کی طرف مائل نہ ہوگا اور امر بالمعروف بجالائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مخلوق کے لئے دعا کرتا ہے تو دلیل ہے کہ مخلوق کا خیر خواہ ہوگا اور اس کی مراد پوری ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ خاص دعا مانگی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے فرزند پیدا ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: اذ نادیٰ ربہ ندآءً خفیًّاہ۔ (جب اپنے رب کو نہایت پوشیدگی سے پکارا)۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ تاریکی میں دعا مانگی ہے، اگر مصلح اور پارسا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اس کو بخشے گا اور اس کی مراد پوری ہوگی۔ اور اگر خواب میں دیکھنے والا مفسد (فساد کرنے والا) ہے تو توبہ کرے گا اور اگر کافر ہے تو اسلام لائے گا۔

دف زدن (دف بجانا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دف بجانا امر بالمعروف کرنے کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ دف بجاتا ہے تو دلیل ہے کہ کسی کام کے ترک کی اصلاح کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کا استاد دف بجانے والا ہے تو دلیل ہے کہ بدکردار عورت کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دف کی آواز سننا خوشی ہے اور اگر کنیز یا کسی عورت سے سنے تو بہتر ہے۔ اور اگر کسی مرد سے سنے تو دولت اور بندگی پائے گا۔ اور اگر کسی جوان سے سنے تو کاموں کے ظاہر ہونے کی دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

دلالی کردن (دلالی کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دلالی کرنا چار وجہ پر ہے۔(1) لوگوں کے درمیان صلح کرنا۔(2) سیدھا رستہ۔(3) نیک کام۔(4) امر بالمعروف بجالانا۔

اور دلال ایسا مرد ہے کہ جو لوگوں کی خیر کی طرف رہبری کرتا ہے۔اور اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ دلالی کرتا ہے تو دلیل ہے کہ نیکی کا راستہ دکھائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دلالی کرنا مذکورہ بالا چار وجہ پر ہے۔

دل:

جسم کے شہر کا بادشاہ دل ہے اور جسم اس کے فرمان سے قائم ہے اور ظاہر اور باطن میں دل عقل کا خزانہ ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دل کا دیکھنا پہنچے ہوئے مال کو جمع کرنا ہے۔

اور اگر دیکھے کہ دل اس کے جسم سے باہر ہے تو اصلاح اور نیکی پر دلیل ہے۔فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **حتی اذ فزع عن قلوبھم قالو ا ماذاقال ربکم قالوا الحق** ۔(یہاں تک کہ جب ان کے دل گھبرائیں گے۔تو کہیں گے کہ تمہارے رب نے کیا فرمایا؟ وہ کہیں گے کہ حق فرمایا ہے)۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا دل تنگ ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس پر کام تنگ ہوں گے۔اور اگر دیکھے کہ دل خوش ہے تو دلیل ہے کہ اس پر کام کشادہ ہوں گے۔اور اگر دل کو بندھا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ گناہ سے توبہ کرنی چاہئے۔فرمان حق ہے: **افلا یتد برون القرآن ام علٰی قلوب اقفا لھا**۔ (وہ کیوں قرآن کو نہیں سمجھتے ہیں یا ان کے دلوں پر قفل لگے ہوئے ہیں)۔

اگر دل کو ہاتھ پر رکھا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ دل کو دونوں ہاتھوں سے پکڑا ہوا ہے۔دلیل ہے کہ اس کے کام پورے ہوں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اس کا دل درد کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مال زیادہ ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ اس کے دل کی آنکھیں کھلی ہیں۔دلیل ہے کہ دونوں جہان کے کام پر حریص اور راغب ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے دل سے خون نکلتا ہے۔دلیل ہے کہ ناکردنی (غلط) کام سے توبہ کرے گا اور خدا کی طرف رجوع کرے گا۔اور اگر دیکھے کہ اس کے دل سے صفرا نکلا ہے۔دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ اس کے دل کو زخم پہنچا ہے۔دلیل ہے کہ بے غم ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ اس کے دل سے موتی نکلا ہے اور منہ سے اس موتی کو گرایا ہے دلیل ہے کہ کافر ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ موتی کو زمین سے اٹھایا ہے اور کھایا ہے تو دلیل ہے کہ پھر مسلمان ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ

www.waseemziyai.com

دل سے موتی نکلا اور اس کے گرد مراوارید بندھا ہوا تھا اور مراوارید زمین پر گرا اور موتی کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ پانچ نمازوں کو ترک کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا اگر دیکھے کہ اس کا دل پارہ پارہ ہو گیا ہے دلیل ہے کہ اپنے دل کو محال مرصوں میں لگائے گا۔ اگر دیکھے کہ اس کا دل روشن اور منور تھا تو یہ اصلاح دین کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا دل تاریک ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دل کا دیکھنا دس وجہ پر ہے۔ اول: مال۔ دوئم: ریاست۔ سوئم: فرزند۔ چہارم: بہادری۔ پنجم: جواں مردی۔ ششم: حرص۔ ہفتم: قوت۔ ہشتم: مدد۔ نہم: شہوت۔ دہم: اپنے احوال کو پوشیدہ رکھنا۔

دنبال (دُم):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے گھوڑے یا گدھے یا بیل کی دم ہو گئی ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور نعمت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں حیوان کی دم ہے کہ جس کا گوشت حرام ہے۔ دلیل ہے کہ مال حرام پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دم کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: خرید و فروخت۔ دوم: بارش۔ سوم: مال۔ چہارم: راحت وعیش۔

دنبل (پھوڑا):

دنبل۔ ایک قسم کو پھوڑا ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے دنبل ہے۔ دلیل ہے کہ دنبل کے اندازے پر اس کا مال زیادہ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا دنبل پھٹا ہے اور خون نکلا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر اس کا مال تلف (ضائع) ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ دنبل سے خون اور پیپ نکلتی ہے اور وہ اس کو چوستا ہے دلیل ہے کہ اسی قدر مال حرام پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے دنبل پر دوا لگائی ہے اور کپڑے کو خون سے دھویا ہے۔ تو دلیل ہے کہ حرام سے توبہ کرے گا۔

دنبہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دنبہ مال کا بدرہ ہے کہ اس کی حفاظت کرتا ہے۔ یا عورت کا مال ہے اس کے بڑائی اور چھوٹائی کے اعتبار پر۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ خام دنبہ کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ مشتبہ مال کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پختہ دنبہ کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا دشمن اس کے مال میں سے کھائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا دنبہ بکری جیسا ہے دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہوگا جو صاحب دولت واقبال ہوگا اور روزی فراخ ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے خواب میں دنبہ دیکھنا سونے کا بدرہ ہے۔

دندان (دانت):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں دانت اہل خاندان ہیں۔ اوپر کے دانت نر پر دلیل ہیں اور نیچے کے دانت مادہ پر دلیل ہیں۔ اور اگلے دانت فرزندوں اور بھائیوں اور بہنوں یا باپ اور ماں پر دلیل ہیں۔ اور پہلو کے دانت چچا اور چچا زادوں پر دلیل ہیں۔ اور پچھلے دانت دور کے عزیزوں پر دلیل ہیں اور دانتوں کی سفیدی اور پاکیزگی اہل بیت کی قوت اور مرتبہ پر دلیل ہیں۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اگلے دانت جو دائیں طرف ہیں۔ اس کے باپ اور عزیزوں پر دلیل ہیں۔ اور جو بائیں طرف ہیں مادر اور مادر (والدہ) کے عزیزوں پر دلیل ہیں۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے اگلے دانت ہلتے ہیں۔ اس جماعت سے جس کا اوپر بیان ہوا ہے ایک شخص بیمار ہوگا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے اگلے دانت ہتھیلی پر یا گود میں یا زمین پر گرے ہیں اور خاک آلود نہیں ہوئے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کے فرزند یا بھائی یا بہن آئے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے دانت خاک میں گرے یا ضائع ہوئے ہیں۔ دلیل ہے کہ ان میں سے جن کا ذکر ہوا ہے کوئی ایک مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے دانت ٹوٹے یا بوسیدہ ہوئے ہیں۔ دلیل ہے کہ بیان کردہ لوگوں میں سے ایک پر آفت آئے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے اگلے دانت کوفتہ ہوئے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کی ایسوں سے دشمنی ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ دانتوں میں سے ایک کو اکھاڑا ہے تو دلیل ہے کہ وہ جماعت اس کو سخت برا کہے گی اور اس سے مفارقت تلاش کرے گی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے اگلے دانت زیادہ ہو گئے ہیں۔ دلیل ہے کہ ان رشتہ داروں میں سے ایک راحت اور خوشی میں ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے دانتوں کے پہلو میں ایک اور اگا ہے۔ اگر نیچے کا ہے تو لڑکی ہوگی اور اگر اوپر کا ہے تو لڑکا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنے اوپر کے دانت اکھاڑے ہیں۔ دلیل ہے کہ اپنا تاوان مذکورہ بالا رشتہ داروں سے لے گا۔ اور اگر دیکھے کہ تمام دانت گرے اور فوراً ظاہر ہوئے۔ یہ اہل خاندان کی ہلاکت پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے دانت ہتھیلی یا گود میں گرے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا خاندان زیادہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے تمام دانت نیچے کی طرف ہیں۔ اگر خواب میں دیکھنے والا اہل اصلاح سے ہے تو خیر اور نیکی پر

www.waseemziyai.com

دلیل ہے۔اور اگر اہل شر سے ہے تو شر اور فساد پر دلیل ہے۔اور اگر دیکھے کہ اس کے دانت چاندی کے ہیں۔یا کانچ یا ٹھیکری کے ہیں تو یہ اس کی ہلاکت پر دلیل ہے۔

اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ دانتوں کا گرنا قرض کو ادا کرنا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ لڑائی اور جھگڑے پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اوپر کے دانت جو آنکھ کے مقابل ہیں۔دلیل اولاد نر پر ہیں اور نیچے کے دانت اولاد مادہ پر ہیں۔

اور اگر دیکھے کہ تمام دانت گود میں گر پڑے ہیں اور اس نے سب ہاتھ کی ہتھیلی میں لئے ہیں۔دلیل ہے کہ اپنے عزیزوں کو جمع کرے گا اور ان کو جدا نہ ہونے دے گا۔اور اگر دیکھے کہ اس کے دانتوں سے خوشبو آتی ہے۔دلیل ہے کہ اس کے رشتہ دار اس کی تعریف کریں گے۔اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی غیبت کریں گے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے دانت درد کرتے ہیں تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔اور اگر دیکھے کہ اس کے دانت زرد ہیں تو دلیل ہے کہ جو شخص ان کی طرف منسوب ہے بیمار ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ اس کے دانت سیاہ ہو گئے ہیں۔دلیل ہے کہ اسے غم واندوہ پہنچے گا۔اور اگر دیکھے کہ اس کے دانت گرے ہیں اور پتھر کا ٹکڑا باندھا ہے۔دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی کہ اس کے سب رشتہ دار اس کے سامنے قبر میں جائیں گے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اس کے دانت درد کرتے ہیں اور ان کو اپنے ہاتھ سے اکھاڑا ہے اور دونوں ہاتھوں میں لئے ہیں۔دلیل ہے کہ بہت سا مال پائے گا۔اور اگر دیکھے کہ کسی کے منہ سے خون آلود دانت ہاتھ میں پکڑے ہیں۔دلیل ہے کہ جس کے دانت پکڑے ہیں اس کو نفع ہوگا۔لیکن اس کو مصیبت پہنچے گی۔اور اگر دیکھے کہ اس کے بعض دانت ظاہر ہیں۔دلیل ہے کہ اس کے بعض رشتہ دار سفر کو جائیں گے اور سلامتی سے واپس آئیں گے۔اور اگر دیکھے کہ اس کے تمام دانت زبان کے درمیان جمع ہوئے ہیں اور پھر سب اپنی جگہ پر جا لگے ہیں تو دلیل ہے کہ اپنے رشتہ داروں سے شکی ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دانتوں کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔اول: اہل بیت۔ دوم: مال۔سوم: منفعت۔چہارم: غم واندوہ۔پنجم: مفارت۔ششم: ضرر ونقصان۔

دہان (منہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں منہ کاموں کی کلید اور ان کا خاتمہ ہے۔اور جو کچھ منہ سے نکلتا ہے جوہر اور کلام پر دلیل ہے۔نیک ہو یا بد ہو، جو کچھ منہ میں ہو۔اگر دنیاوی ہے تو عیش میں محنت اور رنج پر دلیل ہے۔اور جو کچھ منہ میں شیریں ہے اور آسانی سے نگلا جاتا ہے تو روزگار اور راحت اور عیش پر دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا منہ سختی کے ساتھ بندھا ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ ہلاک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا منہ گندم یا جو کے آٹے سے بھرا ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی موت قریب ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا منہ فراخ ہوا ہے کہ اس میں بہت سا کھانا سما جائے۔ دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر نعمت اور روزی ملے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا منہ اچھا ہے۔ دلیل ہے کہ نیک بات سنے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے منہ کا گوشت گرا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو نقصان پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے منہ سے خون نکلا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی سے گفتگو کرے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے منہ سے کیڑا یا کوئی جانور نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے عیال میں سے ایک جدا ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے منہ سے پلیدی نکلی ہے۔ دلیل ہے کہ جو سلوک کیا ہوگا احسان جتانے سے باطل ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے منہ سے مروارید باہر نکلا ہے اور لوگوں نے اٹھایا ہے۔ دلیل ہے کہ لوگ اس کے علم سے فائدہ اٹھائیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے منہ سے پلیدی ڈالتا ہے اور لوگ اس سے بھاگتے ہیں تو دلیل ہے کہ شاعر ہوگا اور لوگوں کی برائی کہے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کے منہ پر مہر لگائی ہے اور لگانے والے کا پتہ نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ رسوا ہو گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **الیوم نختم علی افواھھم و تکلمنآ ایدیھم وتشھد ارجلھم**۔ (آج ہم ان کے مونہوں پر لگائیں گے اور ہم سے ان کے ہاتھ کلام کریں گے اور ان کے پاؤں گواہی دیں گے)۔

حضرت حافظ معبر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے منہ سے کوئی اچھی چیز نکلی ہے تو دلیل ہے کہ اچھے مطلب کی باتیں کرے گا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو تاویل اس کے خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کوئی چیز منہ میں رکھی ہے اور وہ اچھی چیز تھی تو دلیل ہے کہ حلال چیز کھائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں منہ کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ اول: منزل۔ دوم: خزانہ۔ سوم: کاموں کی کشائش۔ چہارم: مال۔ پنجم: حاجت۔ ششم: وزیر۔ ہفتم: دربان۔

دہل زدن (ڈھول بجانا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ڈھول بجانا بے ہودہ کام، بری خبر اور جھوٹ اور ظاہر کام اور روشن ہے اور ان سب کی تاویل یہ ہے کہ ڈھول بجانے والا بد ہے۔

اور اگر دیکھے کہ ڈھول کے ساتھ بانسری بجاتے ہیں اور ناچتے ہیں۔ تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ صرف ڈھول بجاتے ہیں۔ دلیل ہے کہ باطل کلام ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ڈھول بجانا مختلف اور بے فائدہ باتیں ہیں۔

www.waseemziyai.com

دہلیز:

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دہلیز خادم ہے۔ اگر دیکھے کہ دہلیز پر رونق ہے۔ تو خوب ہے۔ اور تندرستی اور گھر کے خادم کے انتظام پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ دہلیز خراب ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ گھر کی دہلیز کی دیوار اینٹ اور مٹی کی ہے۔ دلیل ہے کہ گھر کا خادم مفسد (فساد کرنے والا) اور بے دین ہوگا۔

دوال (چمڑے کا تسمہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دوال کا دیکھنا خیر و منفعت کی دلیل ہے۔ اس جانور کی قیمت کی قدر پر جس کے چمڑے کا تسمہ بنا ہوا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ دوال کو پارہ پارہ کیا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر ضرر دیکھے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے چمڑے کے تسمے ہیں۔ اور وہ تسمے حلال جانور کے چمڑے کے ہیں۔ دلیل ہے کہ مال حلال پائے گا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے۔ تو مال حرام پائے گا۔

دوختن جامہ (کپڑا سینا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اپنا کپڑا سیتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا کام مراد کو پہنچے گا اور اس کا حال درست ہوگا۔

اور اگر اپنے عیال کا کپڑا سیئے۔ تو بھی یہی تاویل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بیگانی عورت کا کپڑا سیتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو غم واندوہ پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی مرد کا کپڑا سی رہا ہے۔ دلیل ہے کہ خیر اور نیکی دیکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سوئی ہاتھ میں ہے اور تمام کپڑا سی لیا ہے۔ دلیل ہے کہ جو کام اس کے آگے ہے تمام کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر میں بہت سے کپڑے سئے ہوئے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کی عیش فراخ ہوگی اور پورا مال وراثت سے پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اپنے لئے پیراہن سیا ہے اور تمام کیا ہے۔ دلیل ہے کہ عیال سے موافقت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ شلوار سی ہے اور اس کا نیفہ پورا نہیں کیا۔ دلیل ہے کہ عورت کرے گا اور آخر اس سے جدا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ قبا جبہ سیا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی خدمت میں مشغول ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ عیال کا کپڑا سیتا ہے۔ دلیل ہے کہ عیال کی گفتگو میں عاجز ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ دھوئے ہوئے کپڑے کو سکھاتا ہے تو دلیل ہے کہ عیال کو ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے عیال کے لئے ریشم

www.waseemziyai.com

کا کپڑا سی رہا ہے تو دلیل ہے کہ غمگین ہوگا اور گناہ کی تہمت میں پریشانی پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں درزی وہ شخص ہوتا ہے جو پراگندہ سامان کو جمع کرتا ہے اور اصلاح میں لاتا ہے۔

دور (دھواں):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دھواں ظالم بادشاہ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ مشرق یا مغرب کی طرف بہت دھواں ہے۔ دلیل ہے کہ اس ملک کے لوگ ظالم بادشاہ کے ہاتھ سے ظلم وستم اٹھائیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ دھواں دنیا میں اٹھا ہوا ہے اور آگ شعلے مار رہی ہے تو دلیل ہے کہ جہان میں فتنہ پڑے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ شہر میں یا کسی ولایت میں بغیر آگ کے دھواں ظاہر ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے خوف ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ گھر سے یا اس کے منہ سے دھواں نکلتا ہے۔ دلیل ہے کہ ظالم بادشاہ اس کو ضرور ضرر دے گا۔ یا تاوان ڈالے گا اور اس کا مال زور سے لے گا۔

دوزخ (نرگ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ دوزخ میں ہے اور باہر نہیں نکلا ہے۔ دلیل ہے کہ گناہ گار اور بدعمل ہوگا۔ اس کو توبہ کرنی چاہئے۔ اور اگر دوزخ کو دیکھے اور اس کو اس سے کوئی تکلیف نہیں پہنچی ہے۔ دلیل ہے کہ رنج اور غم میں گرفتار ہوگا اور آخر کار سلامتی پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ دوزخ میں مقیم ہے اور نہیں جانتا ہے کہ کب اس میں گیا ہے۔ دلیل ہے کہ ہمیشہ دنیا میں روزی کے درپے رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اہل دوزخ کا کھانا پینا کھاتا ہے اور آگ میں جل رہا ہے۔ دلیل ہے کہ دنیا میں بُرا عمل کرے گا۔ اور آخرت میں اس پر وبال ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو فرشتہ نے پیشانی کے بالوں سے پکڑ کر دوزخ میں ڈالا ہے۔ دلیل ہے کہ صاحب خواب کے لئے بدبختی کی علامت ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر اپنے آپ کو دوزخ میں دیکھے تو دلیل ہے کہ گناہ کرنے پر دلیر ہوگا اور اگر دیکھے کہ تھوہر اور کھولتا ہوا پانی پیتا ہے تو دلیل ہے کہ علم باطل اور مجہول میں مشغول ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ تلوار کھینچی ہے اور دوزخ میں گیا ہے۔ دلیل ہے کہ فحش اور بُری بات کہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ وہ کوئی چیز کھاتا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی یتیم کا مال کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے دوزخ کے پاس آگ روشن کی ہے۔ دلیل ہے کہ کوئی مشکل کام اس کو پیش آئے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو دوزخ میں کھینچ کر لے گئے ہیں۔ دلیل ہے کہ آخر کار کافر ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **یوم یسحبون فی النار علی وجوھھم ذوقوامس**

www.waseemziyai.com

سقر ط (جس دن چہروں کے بل دوزخ میں گھسیٹ کر ڈالے جائیں گے۔ دوزخ کی گرفت کا عذاب چکھو)۔

اور اگر دیکھے کہ دوزخ میں گیا ہے اور باہر آیا ہے۔ دلیل ہے کہ جو گناہ اس نے کیا ہے۔ اس سے توبہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو دوزخ میں لے گئے ہیں اور وہ فریاد تک نہیں کر سکا ہے۔ یہ اس کے کفر کی دلیل ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: قال اخسؤا افیھا و لا تکلمون۔ (حکم ہوگا اس میں دفع ہو جاؤ اور بولو مت)۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے دوزخ کی آواز سنی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ کی ہیبت اور سیاست پہنچے گی۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے دوزخ کے پاس قرار لیا ہے۔ دلیل ہے کہ دنیا اس پر تنگ ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دوزخ کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: اللہ تعالیٰ کا غضب۔ دوم: گناہ میں مبتلا ہونا۔ سوم: بادشاہ کا ظلم۔ چہارم: دنیا کی تنگی۔ پنجم: رنج و مصیبت۔ ششم: اس کا دوزخی ہونا۔

دوشاب (رس):

دوشاب۔ انگور یا چھوہارے کا رس، جس پر دو راتیں گزر جائیں۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دوشاب تھوڑا مال اور نعمت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ دوشاب پیا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دوشاب بناتا ہے۔ دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس سے خیر و منفعت پائے گا اور اگر دیکھے کہ اس کے مند میں دوشاب ہے۔ تو دلیل ہے کہ کسی سے اچھی بات سنے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ سفید اور پاکیزہ دوشاب پیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے گھر خوبصورت فرزند پیدا ہوگا۔

دوش (کندھا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کندھا خواب میں مرد کے لئے زینت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا دایاں کندھا کمزور ہے یا ٹوٹ گیا ہے۔ تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا کندھا مضبوط اور درست ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے ذمہ امانت ہوگی۔ اور نا امید جگہ سے مال پائے گا۔

دوشیزگی (کنوارپن):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کنواری عورت سے نکاح کیا ہے۔ دلیل ہے کہ مال حرام پائے گا۔ اور اگر کنواری عورت نہیں ہے اور خواب میں دیکھے کہ کنواری ہے۔ تو یہ اس کے ستر اور پارسا ہونے پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر مرد خواب میں دیکھے کہ اس کو کنواری عورت ملی ہے۔ دلیل

www.waseemziyai.com

ہے کہ اسی سال کنواری عورت کرے گا۔ یا کنیز خریدے گا۔

دوغ (لسّی):

دوغ۔لسی۔ چھاچھ۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چھاچھ (لسّی) کا خریدنا غم و اندوہ ہے۔ اور اس کا پینا بیماری ہے۔

اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں چھاچھ کا پینا مال حرام کا حاصل کرنا ہے۔ کیونکہ اس میں سے مکھن کو نکال چکے ہیں اور اگر دیکھے کہ کسی کو چھاچھ دی ہے۔ تو دلیل ہے کہ وہ آدمی غم ناک ہوگا۔

دکان:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے دکان بنائی ہے۔ دلیل ہے کہ عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے دکان خراب کی ہے۔ تو دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دکان گری ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عورت مرے گی۔ اور اگر دیکھے کہ مالک کی اجازت کے بغیر اس کی دکان پر بیٹھ گیا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کے عیال پر تصرف کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دکان کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: عیش۔ سوم: عزت اور مرتبہ۔ چہارم: نیکی۔ پنجم: بلندی۔ ششم: اگر نئی دکان ہے تو مرتبہ پائے گا۔

دوک (تکلا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تکلا لڑکی پر دلیل ہے۔ اگر کوئی مرد دیکھے کہ اس نے تکلا لیا ہے۔ اور اس میں دو پھرکیاں ہیں۔ دلیل ہے کہ لڑکی کا نکاح کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا تکلا ٹوٹ گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی لڑکی یا ہمشیرہ دنیا سے رحلت کرے گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تکلا مسافر مرد ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس تکلا ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ مسافر آدمی کا نکاح کرے گا۔ اور اگر اس کے چرخے کے تکلے سے پھرکی گر گئی ہے تو دلیل ہے کہ اس عورت کی محبت اپنے خاوند سے منقطع ہو جائے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ وہ تکلا سیدھا کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ غمناک ہوگا۔ اور اگر یہی خواب عورت دیکھے۔ دلیل ہے کہ بے غم ہوگی۔ اور یہ بھی کہتے ہیں کہ تکلا دلالہ عورت ہے۔

دولاب (رہٹ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں رہٹ خزانہ ہے اور آباد گھر اور نعمت سے بھرا ہوا ہے۔ اگر دیکھے کہ رہٹ بناتا ہے۔ اگر اس کام کے اہل میں سے ہے۔ دلیل ہے کہ اپنا خزانہ بناتا ہے۔ اور اگر اہل سے نہیں ہے تو دوسرے کے لئے خزانہ بناتا ہے اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے یا کسی بڑے آدمی نے اس

www.waseemziyai.com

کو رہٹ دیا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کا اپنا خزانہ یا اس کے گھر کا خزانہ اس کے سپرد ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ رہٹ سے پانی پیتا ہے یا جمع کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو خزانچی سے نفع پہنچے گا۔

دلو (ڈول):

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ڈول ایسا شخص ہے کہ ناپ چھانے ہوئے مال کو نکالتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ ڈول کو پانی سے بھرا ہے یا ڈول سے پانی نکالتا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور رنج اور سختی کے ساتھ حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس صاف پانی کا بھرا ہوا ڈول ہے۔ یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو آسانی سے مال ملے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ڈول کے ساتھ زمین پر پانی گراتا ہے۔ دلیل ہے کہ مال کو نیکی میں خرچ کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس بڑا ڈول ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ مالدار آدمی سے دوستی کرے گا اور اس سے نفع پائے گا۔

دوات:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس دوات ہے یا کسی نے اس کو دی ہے تو دلیل ہے کہ اپنے رشتہ داروں میں سے کسی کے ساتھ جھگڑا کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دوات کے ساتھ لکھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس سے بدی کفایت کو پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ دوات ٹوٹی ہے یا چوری ہوئی ہے یا ضائع ہوئی ہے دلیل ہے کہ بیوہ عورت نفرت سے کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ قلم کے ساتھ دوات میں سیاہی ڈالتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ سنہری دوات ہے۔ دلیل ہے کہ فکرمند ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ چاندی کی دوات ہے۔ دلیل ہے کہ عورت کرے گا یا کنیز خریدے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی دوات بھرت کی ہے تو دلیل ہے کہ نفع پائے گا۔ اور اگر لوہے کی دوات دیکھے تو دلیل ہے کہ کاروبار میں طاقت پائے گا۔ اور اگر تانبے کی دوات دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو کچھ تھوڑی چیز ملے گی۔

دویدن (دوڑنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ خود دوڑتا ہے یا چوپائے کو دوڑاتا ہے۔ دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا۔ اور جس قدر دوڑ زیادہ ہوگی۔ اسی قدر سفر لمبا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ پالان والے گھوڑے پر سوار ہے اور اس کو دوڑاتا ہے تو دلیل ہے کہ عیال کے ساتھ سفر کو جائے گا اور مال حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ دوڑ میں کسی سے آگے بڑھنا چاہتا ہے۔ دلیل ہے کہ مال کی حرص میں اس سے آگے بڑھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دوڑنے میں عاجز ہو گیا ہے اور آرام لیا ہے۔

www.waseemziyai.com

دلیل ہے کہ دنیا کو ترک کر کے صابر ہوگا۔

دیبا (ریشم):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ریشم اس جہان کی خیر و اصلاح ہے۔ اور اگر عورت ریشم کو دیکھے تو بہتر ہے۔ اگر مرد دیکھے کہ اس نے دیبا اور ریشم کی قبا پہنی ہے اور جہاد کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ دین اور دنیا میں عزت اور مرتبہ پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر عورت دیکھے کہ اس نے چوغہ اور پیرہن اطلس سبز کا پہنا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ عورت دیندار اور بادیانت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ سفید اطلس پہنا ہے۔ تو اس کی پارسائی کی دلیل ہے۔ اور اگر اطلس نیلا ہے۔ دلیل ہے کہ اس پر مصیبت آئے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اطلس سیاہ ہے تو دلیل ہے کہ غمناک ہوگا۔ اور خواب میں ریشم بننے والا آدمی مسافر ہے۔ جو دنیا کی اصلاح اور دین کی خرابی کرتا ہے۔ اور پرنیان کی تاویل دیبا کی تاویل کے مساوی ہے۔

دیگ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نئی دیگ عورت ہے۔

اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ دیگ گھر کا مالک ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس دیگ ہے یا کسی نے اس کو دی ہے اور اس نے آگ پر رکھی ہے اور کوئی کھانے کی چیز پکائی ہے۔ دلیل ہے کہ کسی باعث اس کو بادشاہ سے مال اور منفعت پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس تانبے یا پتھر کی دیگ ہے۔ دلیل ہے کہ دیگ کی قدر و قیمت کی مطابق فائدہ پائے گا۔ اور اگر دیگ مٹی کی ہے تو دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس کے باعث اس کو گھر کے سرادر سے فائدہ پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دیگ آگ پر رکھی ہے اور اس میں کھانا نہیں ہے۔ تو دلیل ہے کہ کسی کو ایسا کام بتائے گا کہ جس سے اس کو نفرت ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ دیگ خواب میں گھر کی مالکہ یا مالک ہے۔ اور اگر دیکھے کہ دیگ میں گوشت یا کوئی کھانے کی چیز ہے تو دلیل ہے کہ اس کو چاول کھانے کو ملیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی دیگ ٹوٹی ہے تو دلیل ہے کہ گھر کی بیگم اور مالک دونوں مریں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دیگ کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: گھر کا مالک۔ دوئم: گھر کی بیگم۔ سوئم: رئیس۔ چہارم: خادم۔ پنجم: کاموں کا ذمہ دار۔

دیگدان (چولہا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دیگدان دو وجہ پر ہے۔ ایک گھر کا مالک۔ دوسرے گھر کی بیگم۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس دیگدان (چولہا) ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ

www.waseemziyai.com

بیگم کو گھر میں لائے گا۔ اور اگر عورت دیکھے کہ دیگدان ٹوٹ گیا ہے۔ دلیل ہے کہ گھر کا مالک مرے گا۔
حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ دیگدان گھر کا مالک قوی مرد ہے۔ جو کسی سے نہیں ڈرتا ہے۔

دینار:

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں چار سے زیادہ دینار ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو کوئی بری چیز پہنچے گی اور یا کوئی بات سنے گا جو اس کو بری معلوم ہوگی۔
حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں اس کے پاس ایک دینار یا ہزار دینار ہے۔ دلیل ہے کہ ایسا علم حاصل کرے گا۔ جس سے اس کو دینار ملیں گے۔ لیکن ان کا شمار جفت ہونا چاہئے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو دینار دیا ہے یا ضائع ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ فرزند کی طرف سے اس کو مصیبت پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے دینار ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو رنج پہنچے گا۔
اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں دینار ادا کرنے کی امانتیں ہیں۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **ومنهم من ان تامنه بدينار لا يوده اليك**۔ (اور ان میں سے بعض لوگ ایسے ہیں۔ اگر تو ان کے پاس ایک دینار امانت رکھے تو وہ ادا نہ کریں گے)۔
اور اگر اپنے ہاتھ کی ہتھیلی پر پانچ دینار دیکھے۔ دلیل ہے کہ پانچ وقت کی نماز ادا کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے دینار ہیں اور کسی محفوظ جگہ پر رکھے ہیں۔ دلیل ہے کہ مسلمانوں کی امانت میں نگاہ رکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دینار تقسیم کر رہا ہے۔ دلیل ہے کہ لوگوں میں امر بالمعروف کرے گا اور امانت گزارے گا۔
حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے ایک دینار پایا ہے۔ دلیل ہے کہ امانت سپرد کرنے کے لئے اس سے قبالہ لکھائیں گے۔ اور بسا اوقات خواب میں دینار دیکھا جاتا ہے اور بیداری میں وہی ملتا ہے۔
حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ دینار خواب میں دیکھنا دین اور راہ راست ہے۔ جب تک کہ دینار پر تصویر نہ ہو۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس دینار ہے۔ اگر صاحب خواب مسلمان ہے تو مرتد ہوگا اور اگر کافر ہے تو مسلمان ہو جائے گا۔
حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دینار پانچ نمازیں ہیں۔ اور اگر دینار جفت دیکھے تو دین پاک اور علم با منفعت کی دلیل ہے۔ اور اگر شمار میں طاق دیکھے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔
حضرت حافظ معبر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دینار پانچ نمازیں ہیں اور کنیز ہے اور بہت سے دینار بہت سامال ہے جو رنج اور جھگڑے سے حاصل ہوتا ہے۔

www.waseemziyai.com

دیہہ (گاؤں، دیہات):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ کسی نامعلوم گاؤں میں ہے۔ تو خیر اور نیکی کی دلیل ہے۔ اور اگر اس گاؤں کا نام معلوم ہے تو بدی پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ گاؤں سے باہر نکلا ہے تو نیکی پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی گاؤں میں گیا ہے۔ تو بدی پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ شہر سے جا کر گاؤں میں آباد ہوا ہے کہ جس میں نعمت ہے تو خیر و برکت اور عزت و اقبال پر دلیل ہے۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو بدی اور بدبختی پر دلیل ہے۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ کسی گمشدہ گاؤں میں ہے تو خیر پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو کسی نے نامعلوم گاؤں دیا ہے یا خریدا ہے یا بنایا ہے۔ تو دلیل ہے کہ گاؤں کے قدر عمارت پر خیر و منفعت پائے گا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو نقصان پر دلیل ہے۔

دیوار:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ دیوار خواب میں دیکھنے والے کا حال ہے۔ اگر دیکھے کہ عمدہ اور مضبوط دیوار ہے تو دنیا میں حال کی نیکی کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ دیوار پرانی ہے اور اس کو گراتا ہے۔ دلیل ہے کہ مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نئی دیوار ہے اور خراب کرتا ہے۔ تو دیوار کی خرابی کے مطابق غم واندوہ کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ دیوار کمزور اور تنگ ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا حال دنیا میں کمزور ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ دیوار قائم ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا حال مستقیم ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ دیوار لٹکی ہوئی ہے۔ تو اس کے پراگندگی احوال اور زوال عیش کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ دیوار گر گئی ہے تو دلیل ہے کہ معیشت اور صنعت سے گرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مٹی اور گارے کے ساتھ اپنے ہاتھ سے دیوار بنائی ہے۔ تو اس کے دین کے پاک ہونے پر دلیل ہے۔ اور اگر اینٹ چونے کی بنائی ہے۔ تو دین میں اس کے تباہ حال ہونے کی دلیل ہے۔ اور اگر دیوار چونے اور پتھر سے ہے۔ دلیل ہے کہ دنیا پر فریفتہ ہوگا اور آخرت کا طالب نہ ہوگا۔

دیو (شیطان):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ دیو (شیطان) خواب میں بڑا دشمن اور مکار اور فریبی شخص ہے۔ اور اگر دیکھے کہ دیو اس کو وسوسے ڈالتا ہے۔ دلیل ہے کہ نالائق باتوں سے توبہ کرے گا۔ تاکہ دشمن اس پر کامیاب نہ ہو سکے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **ان الذین اتقوا اذا مسھم طآئف من الشیطان تذکروا فاذا ھم مبصرون**۔ (تحقیق جو لوگ پرہیزگار ہیں، جب ان کو شیطانی گروہ چھیڑ چھاڑ کرتا ہے۔ تو وہ نصیحت

www.waseemziyai.com

قبول کرتے ہیں اور وہ بصارت پر ہوتے ہیں)۔

اور اگر دیکھے کہ شیطان کے ساتھ لڑا ہے اور مغلوب کر لیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا دین درست ہوگا۔ اور اگر اس کے خلاف ہے تو ضعف دین کی دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر شیطان کو خواب میں خوش دیکھے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب حرص اور شہوت میں مشغول ہوگا۔ اور اگر شیطان کو غمناک دیکھے تو دلیل ہے کہ عبادت اور دین میں مشغول ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ شیطان نے اس کے جسم سے کپڑا اتارا ہے۔ اگر صاحب خواب حاکم ہے تو حکومت سے معزول ہوگا اور اگر یہ خواب کوئی دیہاتی دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو نقصان پہنچے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ دیو اس کے پیچھے چڑھا ہے۔ دلیل ہے کہ دیو اس پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ وہ دیو کے ہاتھ میں قید ہوا ہے اور اس کو لے گیا ہے۔ دلیل ہے کہ رسوائی میں مشہور ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ شیطان کے ساتھ صحبت کی ہے دلیل ہے کہ بہت بڑا گناہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دیو کے ساتھ بات چیت کی ہے۔ دلیل ہے کہ دشمن سے ہم صلاح ہوگا اور اللہ تعالیٰ ان کی مراد پوری کرے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **انما النجوی من الشیطان لیحزن امنو اولیس بضار هم شیئاً الا باذن الله**۔ (کہ سرگوشی شیطان سے ہے۔ تاکہ اہل ایمان کو غمناک کرے اور اللہ کے اذن کے سوا ان کو ضرر نہیں دے سکتا ہے)۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے شیطان کے ساتھ کھانا کھایا اور پانی پیا ہے۔ دلیل ہے کہ بدکاری اور فساد کے راستے پر آئے گا اور شیطان کی تابعداری کرے گا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے دلیل ہے کہ خیر و اصلاح کے کام پر ہوگا اور دین کی راہ پر قناعت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے شیطان کو پکڑا ہے یا اس کے پیٹ میں چلا گیا ہے۔ دلیل ہے کہ راہ فساد سے دور ہوگا اور توبہ کر کے عبادت میں مشغول ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شیطان کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: دشمن کو دیکھنا۔ دوم: فساد۔ سوم: شہوت اور مصیبت اور خواہش نفس۔ چہارم: طاعت سے دور ہونا۔ پنجم: اہل خیر اور صلاح سے دوری تلاش کرنی۔ ششم: حرام چیزیں۔

دیوانگی (پاگل):

دیوانگی۔ جنون۔ پاگل ہونا۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دیوانگی صاحب خواب کے لئے دیوانگی کے اندازے پر مال حرام کا حاصل ہونا ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ دیوانہ ہے۔ دلیل ہے کہ حرام میں پڑے گا اور ربا (سود) کھائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **الذین یاکلون الربوا لایقومون الا کما یقوم**

www.waseemziyai.com

الذی یتخبطه الشیطان من المس۔(جولوگ سودخور ہیں وہ اس طرح قائم ہیں جیسے کے وہ لوگ کہ جن کو شیطان نے چھیڑا چھاڑا ہے)۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ دیوانے کے ساتھ ہم صحبت ہے دلیل ہے کہ سودخور فسادی آدمی کا مصاحب ہوگا اور اس کو ملامت اور بدنامی حاصل ہوگی۔



www.waseemziyai.com
مرکز العلوم الاسلامیہ (رجسٹرڈ)

کتاب کامل التعبیر سے حرف ذال

ذکر (عضوتناسل):

ذکر۔عضوتناسل۔حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں عضوتناسل دیکھنا مبارک اور نام آور فرزند ہے۔اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے دو عضوتناسل ہیں۔دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہوگا اور لوگوں میں بزرگی پائے گا۔اور اگر دیکھے کہ اس کا عضوتناسل کٹ گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنا عضو خود کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند نہ ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ اس کا عضوتناسل سست ہوگیا ہے۔دلیل ہے کہ اس کا فرزند بیمار ہوگا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عضوتناسل کی بڑائی بہت سے فرزندوں اور نام آوری پر دلیل ہے اور چھوٹائی اس کے خلاف ہے۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے عضوتناسل کو شاخوں کی طرح اور لگے ہوئے ہیں۔تو بہت سے بیٹوں اور پوتوں پر دلیل ہے۔اور اگر دیکھے کہ اس کے عضوتناسل سے چاند نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے لڑکی اس عورت سے پیدا ہوگی جو دریائے مشرق کے کنارے سے لائی گئی ہے۔اور اگر دیکھے کہ اس کے عضوتناسل سے بلی نکلی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں چور اور ڈاکو لڑکا پیدا ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ اس کے عضوتناسل سے پرندہ نکلا ہے۔اس کی تاویل اس پرندے کے مطابق ہے۔اور اگر دیکھے کہ اس کے عضوتناسل سے چوہا نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے نابکار لڑکی پیدا ہوگی۔جس میں کسی طرح کی خیر نہ ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے عضوتناسل سے سانپ نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہوگا جو اسی کا دشمن ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ عضوتناسل سے بچھو نکلا ہے۔اس کی بھی یہی تاویل ہے۔اور اگر دیکھے کہ اس کے عضوتناسل سے چیونٹا نکلا ہے تو دلیل ہے کہ کم ہمت اور کمینہ اور کمزور اعضاء کا لڑکا پیدا ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے عضوتناسل سے روٹی نکلی ہے۔دلیل ہے کہ اس کا فرزند اور عیال بھوکے اور تنگدست ہوں گے۔اور اگر دیکھے کہ اس کے عضوتناسل سے تل نکلے ہیں۔دلیل ہے کہ کوئی پوشیدہ طور پر اس کے عیال کو چاہتا ہے۔اور اگر دیکھے کہ اس کے عضوتناسل سے پیپ نکلی ہے۔اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔اور اگر دیکھے کہ اس کے عضوتناسل سے منی نکلی ہے۔دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر مال حسب مراد ملے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے عضوتناسل سے خون نکلا ہے تو دلیل ہے کہ حیض والی عورت سے جماع کرے گا۔اور

www.waseemziyai.com

اگر دیکھے کہ اس کے عضو تناسل سے آگ نکلی ہے اور آدھی مشرق کو اور آدھی مغرب کو گئی ہے دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا جو مشرق اور مغرب کا بادشاہ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ عضو تناسل سے گوبر نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا میلان طبع اغلام کی طرف ہوگا، اور اگر دیکھے کہ اس کا عضو اٹھا ہوا ہے اور سخت ہو گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا نصیب اور اقبال قوی ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا عضو تناسل سخت اور دراز ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں بہت لڑکے پیدا ہوں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے عضو تناسل کے ارد گرد پراگے ہوئے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کا نام ملک میں مشہور ہوگا اور عزت اور مرتبہ زیادہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے ہاتھ سے عضو تناسل کو اکھاڑا ہے اور پھر اپنی جگہ پر رکھا ہے۔ دلیل ہے کہ پہلا فرزند مرے گا اور دوسرا پیدا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنا عضو تناسل کسی کے منہ میں رکھا ہے اور وہ چوستا ہے۔ دلیل ہے کہ اس سے اس کو نفع پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے عضو تناسل پر بال اگے ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ فرزند کی طرف سے خوش ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ عضو تناسل اس سے جدا ہو گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا فرزند مرے گا یا اس کا مال تلف (ضائع) ہوگا۔ اور خواب میں عضو تناسل کی حرکت دیکھنا قوت اور فراخی نعمت پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا عضو تناسل چر گیا ہے اور اس سے خون جاری ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ مال کا نقصان ہوگا۔ اور اس کا فرزند مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا عضو تناسل سوج گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا مال زیادہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ لوگ اس کے عضو تناسل کو مارتے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کا عیش تباہ ہو گا۔ اور اگر دیکھے کہ عضو تناسل درمیان سے بندھا ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا گواہ اس کی گواہی نہ دے گا۔ اور اگر عورت دیکھے کہ اس کا عضو تناسل ہے۔ اگر حاملہ ہے تو لڑکا جنے گی۔ لیکن لڑکا مر جائے گا۔ اور اگر حاملہ نہیں ہے تو حمل ہو جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا عضو تناسل باریک ہے تو بھی یہی تاویل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا عضو تناسل کچھ کٹا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند مرے گا اور مال اور مرتبہ کم ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے عضو تناسل کے سوراخ سے مروارید یا جواہرات نکلے ہیں۔ تو دلیل ہے کہ اس کے پارسا عالم لڑکا پیدا ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عضو تناسل کا دیکھنا سات وجہ پر ہے: اول: فرزند۔ دوم: اہل خانہ۔ سوم: مال۔ چہارم: عمر۔ پنجم: بزرگی۔ ششم: طلب حاجت۔ ہفتم: عزت اور حرمت اور بہتری۔

www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حرف الرّاء

رازیانج (سونف):

رازیانج۔ بادیاں۔ سونف۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سونف کا دیکھنا موسم پر یا بے موسم غم واندوہ ہے۔ اور اس کا کھانا نقصان دہ ہے۔ اور اگر زمین میں جو اس کی ملکیت ہے، بہت سی سونف دیکھے دلیل ہے کہ غم واندوہ میں گرفتار ہوگا۔

راسو (نیولا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نیولا چور ہے۔ اور اگر دیکھے کہ نیولے کو پکڑا یا مارا ہے۔ دلیل ہے کہ چور کو پکڑے گا اور اس پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے نیولے کا گوشت کھایا ہے یا اس کے جسم سے اس کے ہاتھ میں کوئی چیز ہے تو دلیل ہے کہ چور سے چوری مال لے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو نیولے نے پکڑا ہے یا کاٹا ہے۔ دلیل ہے کہ بیمار ہوگا اور آخر کار شفاء پائے گا اور اگر دیکھے کہ نیولے کے ساتھ لڑا ہے اور اس پر غالب آیا ہے۔ دلیل ہے کہ دشمن پر غالب آئے گا اور اس کو قابو میں کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نیولے کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: چور۔ دوئم: غم واندوہ۔ سوئم: بیماری۔

ران:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ران اپنے رشتہ داروں کی قوت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی ران ٹوٹ گئی ہے یا گر پڑی ہے۔ تو دلیل ہے کہ وہ اپنوں سے جدا ہوگا اور دُبلا ہو جائے گا اور سفر میں مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی کی ران چیری ہے تو اس کی بھی یہی تاویل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ دائیں ران باپ کے رشتہ داروں پر دلیل ہے اور بائیں ران ماں کے رشتہ داروں پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی ران باریک ہوگئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے رشتہ داروں کا کام کمزور ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی ران کاٹی گئی ہے تو دلیل ہے کہ اپنوں سے جدائی تلاش کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی ران ٹوٹی ہے تو دلیل ہے کہ کسی سردار سے اس کو ذلت اور خواری پہنچے گی۔ اور اگر

www.waseemziyai.com

دیکھے کہ اس کی رانوں کا گوشت گرا ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے رشتہ داروں کا مال ضائع ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی رانیں رسی سے بندھی ہوئی ہیں دلیل ہے کہ اپنوں سے جدا نہ ہوگا اور نکاح کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنی ران کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر اپنوں کا مال کھائے گا۔

حکایت:

بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور سوال کیا کہ میں نے ایک خواب دیکھا ہے کہ میری ران میں سوراخ ہو گیا ہے اور اس پر بال اُگے ہیں۔ میں نے کسی کو کہا کہ یہ میرے بال تراش دو۔ آپ نے تاویل میں فرمایا کہ تو قرض دار ہے اور تیرا کوئی قریبی تیرے قرض کو اتارے گا۔ پھر اسی ماہ میں اس کے اقرباء میں سے ایک شخص آیا اور اس نے اس کو قرض کے دو سو دینار ادا کر دیئے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ران کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: اہل بیت۔ دوم: دوست کہ جن پر بھروسہ ہو۔ سوم: مال۔ چہارم: غصہ۔

راہ (راستہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں راستہ دیکھنا استقامت اور دینداری کی دلیل ہے۔ اور راہ دین میں راستی کا تلاش ہے۔ اگر دیکھے کہ سڑک پر چلا جاتا ہے۔ دلیل ہے کہ دین کے راستے پر ہے۔ اور اگر دیکھے کہ ایک جماعت کی رہبری راہ راست پر کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی قوم کو راہ راست اور اصلاح دین پر لگائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ راستے میں حیران اور پریشان ہے۔ دلیل ہے کہ دین کی راہ یا دنیا کے کام میں حیران اور پریشان ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ چور اس کے سامان کو راستے سے لے گئے ہیں۔ دلیل ہے کہ جس قدر لے گئے ہیں۔ اسی قدر کسی کا تاوان ادا کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ راستہ چلتا ہے تھکتا نہیں ہے تو دلیل ہے کہ اپنا حق کسی سے مشکل کے ساتھ لے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کوئی اس کو راہ راست سے ٹیڑھے راستے پر لے گیا ہے۔ دلیل ہے کہ گناہ میں مشغول ہوگا اور ثواب کے راستے سے دور ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اندھیری رات میں چلتا ہے اور راستہ اس پر مشکل ہے اور اس کو گمان ہے کہ راہ راست پر ہے۔ دلیل ہے کہ استقامت اور راہ راست پائے گا۔ اور اگر بہت سے راستے دیکھے اور معلوم نہیں کہ کس راستے جانا ہے۔ دلیل ہے کہ اپنے دین میں حیران ہوگا اور بد دین لوگوں سے صحبت رکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس پر راستہ مشکل ہے اور نہیں جانتا ہے کہ کہاں جانا ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق دائیں ہاتھ کی طرف چلا تو دلیل ہے کہ راہ حق اس پر پوشیدہ ہوگا۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ جان بوجھ کر راہ راست سے ایک طرف کو چلا گیا ہے۔ دلیل ہے کہ دشمن سے مکر اور حیلہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ راہ راست پر چلتا ہے اور کسی کی عزت کی وجہ سے لوٹا ہے۔ دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس سے دین کو نقصان ہوگا اور اپنی عیش کے لئے محال (مشکل) باتوں میں مشغول ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ راستے پر چلتا ہے اور کوئی عورت سامنے آئی ہے اور اس کی وجہ سے راستہ چھوڑ کر دوسری طرف چلا گیا ہے۔ دلیل ہے کہ دین میں خلل پڑے گا اور دنیا پر فریفتہ ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے راستہ میں سبزی اور اچھے اچھے پودے ہیں۔ تو یہ اس کی نیکی اور دین کے پاک ہونے کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی پوشیدہ راستے پر گمان کے ساتھ چلتا ہے دلیل ہے کہ دین میں بدعت کرے گا۔ یا اپنے کام میں حیران ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: ان **هذا صراطی مستقیماً فاتبعوه** ۔ (یہ میرا سیدھا راستہ ہے۔ اس کی پیروی کرو)۔

اور اگر دیکھے کہ کسی کو راستے پر سے لے گیا ہے۔ تو یہ اس کے دین کی فساد کی دلیل ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **وقد خاب من دسها**۔ (جس نے اس کو پامال کیا وہ خسارے میں پڑا)۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سیدھا راستہ اسلام ہے اور ٹیڑھا راستہ اس کے خلاف ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں راستہ دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: دنیا۔ دوئم: آرام۔ سوئم: نیک کام۔ چہارم: خیر و برکت۔ پنجم: آسانی اور رحمت۔

راہزن (لٹیرا، ڈاکو):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ڈاکو خواب میں لوگوں کے ساتھ لڑا کا آدمی ہے۔

اگر دیکھے کہ ڈاکو اس کا مال لے گیا ہے۔ دلیل ہے کہ ایسے آدمی سے ملے گا جو اس کو عزیز اور گرامی کرے گا۔ اور جس قدر ڈاکو نے مال لیا ہے وہ اس سے اسی قدر فائدہ اٹھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس پر ڈاکو جمع ہوئے ہیں اور اس سے کوئی چیز نہیں چھین سکے ہیں۔ دلیل ہے کہ اگر بیمار ہے تو شفاء پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ ڈاکوؤں نے اس سے کچھ لیا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ ڈاکو اس سے جھوٹ بولے گا۔ اور اگر دیکھے کہ راہزن اس کی ٹوپی لے گئے ہیں تو دلیل ہے کہ مصیبت میں گرفتار ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے راہزنی کی ہے اور اس کا سامان چھینا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ آدمی اس سے غصے ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ خود ڈاکہ مارا ہے اور کسی کا سامان لیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ شخص بیمار ہو کر شفاء پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں راہزنی تین وجہ پر ہے۔ اول: جنگ۔ دوم:

www.waseemziyai.com

ہمیشہ کا جھگڑا اور جھوٹ بولنا۔ سوم: عیش کی تباہی اور بیماری۔

ریہا (شیرے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خوشبودار اور خوش مزہ شیرے دیکھنا خیر و برکت پر دلیل ہے اور اس کے خلاف ضرر اور رنج اور غم پر دلیل ہے۔

اور شیریں رب کا خواب میں پکانا کار خیر اور منفعت پر دلیل ہے۔ اور اگر ترش ہے تو اس کی تاویل اس کے خلاف ہے۔

رباب (ایک ساز ہے):

رباب ایک مشہور ساز کا نام ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں رباب کا دیکھنا بے ہودہ بات اور کھیل اور جھوٹ بولنے پر دلیل ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ باجا بجاتا ہے۔ دلیل ہے کہ جھوٹ بولے گا اور کسی کی جھوٹی مدح کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے سامنے رباب بجاتے ہیں تو دلیل ہے کہ بے ہودہ بات سے راضی ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ رباب کے ساتھ چنگ چغانہ اور بانسری بھی ہے۔ تو یہ سب غم و مصیبت پر دلیل ہیں۔ اور اگر دیکھے کہ رباب ٹوٹا ہے یا ضائع ہوگیا ہے۔ دلیل ہے کہ جھوٹ سے توبہ کرے گا۔ اور اگر بیمار دیکھے کہ وہ رباب بجاتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ مرے گا یا اس پر بیماری سخت ہوگی۔

رخسار (گال):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں رخسار روشنائی اور آدمی کے لئے بزرگی ہے۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کا رخسار پاکیزہ اور سرخ ہے۔ دلیل ہے کہ لوگوں میں روشناس ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا رخسار سیاہ یا زرد ہے۔ اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ رخسار خواب میں لوگوں کی آرائش اور گھر کا مالک ہے۔ اور اگر جھلسا ہوا رخسار دیکھے تو صاحب خانہ کے لئے بہتری اور نیکی دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں رخسار دیکھنا حال کی بہتری اور آدمی کی خوشی کی دلیل ہے۔ اور برابر خسارہ غم واندوہ اور بیماری کی دلیل ہے۔

رز (انگور کی بیل):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں انگور کی بیل نیکوکار اور سخی عورت پر دلیل ہے۔ اور اگر انگور کے پاکیزہ اور سبز درخت دیکھے اور موسم میں دیکھے۔ دلیل ہے کہ نیکوکار عورت کرے گا اور اس سے خیر و منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ انگور کی بیلکے پتے زرد ہوگئے ہیں۔ تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا اور اگر اس کی ملک

www.waseemziyai.com

نہیں ہے تو اس کی تاویل اس کے ملک کی طرف رجوع کرے گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں انگور کی بیل تین وجہ پر ہے۔ اول: سخی اور نیکوکار عورت۔ دوم: منفعت۔ سوم: رنج وغم۔

اور اگر انگور کی بیل کو خراب دیکھے تو انگور کی بیل کے مالک کی حالت کی خرابی پر دلیل ہے۔

رستخیز (قیامت):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ قیامت یقین اور صداقت کے ساتھ قائم ہے۔ دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس ملک والوں پر رحم کرے گا۔ اور اگر اس ملک کا بادشاہ ظالم ہے۔ دلیل ہے کہ ان پر بلا اور آفت آئے گی۔ اور اگر مظلوم ہیں تو ان کو ظالموں پر فتح ہوگی۔ اور دیکھے کہ اہل ملک اللہ تعالیٰ کے آگے کھڑے ہیں۔ دلیل ہے کہ ان پر اللہ تعالیٰ کا قہر وغصہ ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ قیامت قائم ہے۔ دلیل ہے کہ مظلوم ظالم پر قابو پائے گا۔ اور اگر غم ومحنت اور اندوہ میں ہے۔ دلیل ہے کہ خلاصی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کوئی علامت قیامت کی علامتوں میں سے ظاہر ہوئی ہے۔ جیسا کہ آفتاب مغرب سے نکلا ہے۔ یا دجال ملعون یا یاجوج ظاہر ہوئے ہیں۔ اس کی تاویل یہ ہے کہ توبہ کرے اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے۔ اور اگر دیکھے کہ شمار کی جگہ ہے تو غفلت کا نشان ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **اقترب للناس حسابهم و هم فی غفلةٍ معرضون۔** (لوگوں کا حساب نزدیک آ گیا ہے اور وہ غفلت میں منہ پھیر رہے ہیں)۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا حساب ہو رہا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو نقصان پہنچے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **فحاسبناه حساباً شديداً و عذبناه عذاباً نكراً۔** (ہم اس کا سخت حساب لیں گے اور اس کو بُرا عذاب دیں گے)۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے اعمال وزن کرتے ہیں اور اس کی نیکیاں زیادہ ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کا انجام نیک ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **فمن ثقلت موازينه فاولئك هم المفلحون۔** (جن کا نیکیوں کا پلڑا بھاری ہے وہی لوگ نجات پانے والے ہیں)۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی بدی نیکی سے زیادہ ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی جگہ دوزخ ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **فاولئك الذين خسروا انفسهم بما كانوا يعملون۔** (وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے عملوں سے اپنی جانوں کو خسارے میں رکھا)۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو نامۂ اعمال ملا ہے اور دائیں ہاتھ میں ہے۔ دلیل ہے کہ دائیں ہاتھ جائے گا۔ اور امید ہے کہ اس کا راہ دین راست ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **وانزلنا معهم الكتاب والميزان۔** (اور ہم نے ان کے ساتھ کتاب اور میزان کو اتارا)۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ اس کو نامۂ اعمال دیا ہے اور پڑھنے کو کہا ہے۔ اگر اہل اصلاح سے ہے تو اس کا کام نیک ہے اور اگر اہل فساد سے ہے تو اس کا کام خطرے میں ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: اقراء کتابك کفٰی بنفسك الیوم علیك حسیباً ۔(اپنی کتاب پڑھ آج تیری جان کے حساب کے لئے کافی ہے)۔

اور اگر اپنے آپ کو پل صراط پر دیکھے۔ دلیل ہے کہ راہ راست پر ہے۔ اور اگر دیکھے کہ پل صراط سے گزر نہیں سکتا ہے تو دلیل ہے کہ راہ خطا پر ہے۔ توبہ کرنی چاہئے تا کہ رضائے خدا ہو۔

رسن (رسّی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں رسی عہد و پیمان ہے۔ اگر دیکھے کہ ہاتھ میں رسی ہے اور ہوا میں لٹک رہا ہے دلیل ہے کہ رسی کی بلندی کے مطابق مرتبہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ رسی ہاتھ میں رہی اور گر پڑا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب عزت اور مرتبہ پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ رسی آسمان سے لٹکی ہے اور اس نے اس کو تھاما ہوا ہے دلیل ہے کہ اس میں اور اللہ تعالیٰ میں کوئی عہد و پیمان ہے۔ مثلاً اگر بیماری کی حالت میں کہے۔ اگر خداوند کریم مجھ کو شفاء دے تو میں توبہ کروں گا۔ اور اگر دیکھے کہ رسی پاؤں میں اور وہ کھڑا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس نے دین کو پکڑا ہوا ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: واعتصموا بحبل اللہ جمیعاً۔ (سب مل کر اللہ تعالیٰ کی رسی کو تھام لو)۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں رسی کا دیکھنا اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور مخلوق کے ساتھ عہد و پیمان ہوتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ رسی اس کی گردن میں کسی نے ڈالی ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس نے کسی سے اقرار کیا ہے اور اس کے پورا کرنے میں دیر کرتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ شعبدہ بازی کرتا ہے دلیل ہے کہ اس کے اعتقاد میں خلل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے آپ کو رسی کے ساتھ چوبارے یا کسی اونچی جگہ سے لٹکایا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ مقصود اور حاجت کو ڈر سے ترک کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ منواب میں رسی کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: عہد و پیمان۔ دوم: دین۔ سوم: امانت۔ چہارم: مراد کا پورا ہونا۔

رضوان (جنت کا دربان):

رضوان۔ جنت کا دربان فرشتہ ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر رضوان کو خواب میں دیکھے تو دلیل ہے کہ عذاب سے امن میں رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ رضوان جنت میں کھڑا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب دنیا سے رخصت کرے گا۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں رضوان بادشاہ کے خزانچی پر دلیل ہے کہ اس کی صحبت

www.waseemziyai.com

میں رہے گا کیونکہ رضوان جنت کا خزانچی ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو رضوان نے یاقوت اور گوہر اور مروارید دیا ہے دلیل ہے کہ اس کا فرزند دانا اور عالم پیدا ہوگا۔ چنانچہ اس کا نام علم سے مشہور ہوگا۔

رفتن (جانا، چلنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اپنے شہر سے گیا ہے اور معلوم نہیں کہ کہاں گیا ہے؟ دلیل ہے کہ بے چارہ اور حیران ہوگا۔ اور اگر اس کے ساتھ عورت اور فرزند بھی ہیں۔ دلیل ہے کہ سب حیران اور پریشان ہوں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اونٹ کی طرح چلتا ہے۔ دلیل ہے کہ دنیا میں سعادت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ درندے کی طرح چلتا ہے تو اس کی تاویل بد ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بچھو کی طرح چلتا ہے تو بھی یہی تاویل ہے۔ اور اگر شکاری پرندوں کی طرح چلے تو خیر اور نیکی پر دلیل ہے۔ اور اگر ایسا چلے کہ تاریکی سے روشنی کی طرف گیا ہے دلیل ہے کہ راہ باطل سے راہ حق پر آئے گا۔ اور اگر اجاڑ سے آبادی کی طرف جائے تو دلیل ہے کہ تنگی سے فراخی آئے گی۔ اور اگر آبادی سے ویرانے کی طرف جائے تو دلیل اول کے خلاف ہے۔ اور اگر بُری جگہ جائے تو تاویل بد ہے۔ اور اگر نیک جگہ جائے تو خیر اور نیکی پر دلیل ہے۔

رفو کردن (رفو کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کپڑے وغیرہ کو رفو کرنا جنگ اور جھگڑے پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے کپڑے یا نقاب کو رفو کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا اپنے رشتہ داروں سے جھگڑا ہوگا یا دوست سے جس میں خیر نہ ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اپنے کپڑے کو رفو نہیں کر سکتا ہے۔ دلیل ہے کہ اپنے عیال کے لئے غم و اندیشہ کرے گا۔ اور خواب میں رفو گر صاحب جنگ اور خصومت ہے اور کوشش سے اپنے کام کو درست کرتا ہے اور جھگڑے سے بھاگتا ہے۔

رقص کردن (ناچنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ناچنا غم واندوہ اور مصیبت پر دلیل ہے۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ بیماری ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ مردوں کا جیل خانہ سے رہائی ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ناچنا عورتوں کے لئے رسوائی ہے اور مردوں کے لئے مصیبت ہے۔ لیکن صوفیوں اور ناچنے والوں کے لئے غم واندوہ نہیں ہے۔ اور خواب میں ناچنے والا ایسا مرد ہے جو اپنی اور دوسروں کی مصیبت میں ہمیشہ رہتا ہے۔ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ناچنا غم و مصیبت ہے۔

www.waseemziyai.com

رگ کشادن (فصد کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی فصد کی ہے۔ تو دلیل ہے کہ دوست سے کوئی بات سنے گا یا اس کا مال تلف ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ رگ پھولی ہے اور اس میں سے خون نکلا ہے دلیل ہے کہ بادشاہ سے اس کو زحمت پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ خون تھوڑا ہے تو دلیل ہے کہ تھوڑا رنج دیکھے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی عالم نے اس کی فصد کھولی ہے اور بہت خون نکلا ہے اور کسی جگہ ڈالا ہے۔ دلیل ہے کہ بیمار ہوگا اور اپنا مال بیماری پر خرچ کرے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ دائیں ہاتھ کی رگ کھولی ہے۔ تو مال اور مراد کی زیادتی پر دلیل ہے۔ اور اگر بائیں ہاتھ کی کھولی ہے تو دلیل ہے کہ مال اور دولت زیادہ ہوں گے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی معلوم آدمی نے اس کی رگ کھولی ہے۔ اگر اس کی عورت حاملہ نہیں ہے تو حاملہ ہوگی اور اگر حاملہ ہوگی تو لڑکی جنے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر فصد کھولی ہے اور خون اس کے جسم سے نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو لوگ حق بات کہیں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں رگ کھولنے کی تاویل چار وجہ پر ہے۔ اول: کام کی کشادگی۔ دوم: سفر۔ سوم: جھگڑا۔ چہارم: مال کے لئے شریک کرنا۔

اور اگر دیکھے کہ فصد ہوئی ہے اور خون نہیں نکلا ہے۔ تو جھگڑے پر دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ خون نکلا ہے کہ جسم میں اور خون نہیں رہا ہے۔ دلیل ہے کہ جھگڑا ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ زخم سے خون آلودہ ہوگیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو کچھ ملے گا۔

اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں فصد کھولنا، اگر پارسا ہے تو شادی اور خوشی ہے اور اگر پارسا نہیں ہے تو شر اور فساد پر دلیل ہے۔

رگ ہا (رگیں):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جسم کی رگیں اہل بیت اور رشتہ داروں پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے جسم کی رگ کو کوئی آفت پہنچی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے رشتہ دار غم واندوہ کھائیں گے۔ اور ہر ایک رگ خاص شخصوں کے ساتھ تعلق رکھتی ہے۔ پیشانی کی رگیں بزرگوں پر دلیل ہیں اور پشت کی رگیں باپ کے رشتہ داروں پر دلیل ہے۔ ران اور سرین کی رگیں اہل بیت اور عورت اور دوستوں پر دلیل ہیں۔ پنڈلی کی رگیں مال اور منفعت پر دلیل ہیں۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی رگیں کھولی ہیں اور چوڑائی سے کٹ گئی ہیں یا خشک

www.waseemziyai.com

ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کے رشتہ داروں سے جو شخص اس رگ کے ساتھ تعلق رکھتا ہے۔ دنیا سے سفر کرے گا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کے رشتہ داروں کو غم واندوہ پہنچے گا اور رشتہ داروں سے جدا رہے گا اور عذاب میں پڑے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کی رگ کھولی ہے۔ دلیل ہے کہ اپنے رشتہ داروں سے سخت بات سنے گا اور بعض کہتے ہیں کہ اس کے خون کے اندازے پر اس کے کسی عزیز کا مال تلف ہوگا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ رگ صحیح کھلی ہے تو بھی یہی تاویل ہے۔

اور اگر سائل کہے کہ میری رگ سے خون نکلتا ہے۔ دلیل ہے کہ مال پائے گا اور اگر دیکھے کہ میرے ہاتھ سے خون جاتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو نقصان پہنچے گا۔

اور تعبیر بیان کرنے والے کو چاہئے کہ صاحب خواب کے الفاظ پر غور کرے اور الفاظ کے مطابق تعبیر بیان کرے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی رگ خالی اور نیلی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو غم پہنچے گا۔

رکاب:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ رکاب زین سے جدا ہے تو فرزند یا غلام پر دلیل ہے۔ اور اگر رکاب زین کے ساتھ ہے تو دلیل ہے کہ فرزند بادیانت ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی رکاب سنہری ہے۔ دلیل ہے کہ متکبر اور مغرور لڑکا اس کے ہاں پیدا ہوگا۔

اور اگر چاندی کی رکاب دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس کا فرزند دنیا پر فریفتہ ہوگا۔ اور اگر تانبے یا پیتل کی رکاب دیکھے تو کم ہمت لڑکے پر دلیل ہے۔ اور اگر رکاب لوہے کی ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کی روشنی اور صفائی کے مطابق اس کو دنیا کے کام میں طاقت ہوگی۔ اور اگر لکڑی کی رکاب ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند بدرائے اور کمینہ ہوگا۔ اور رکاب دار خواب میں نیک ہے۔ کیونکہ وہ سرداروں کے قریب ہے۔

رنگ ہا (کئی طرح کے رنگ):

رنگ ہا، کئی طرح کے رنگ۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کپڑے وغیرہ سفید رنگ دیکھنا دین کی صفائی کی دلیل ہے۔ اور سرخ رنگ مردوں کے لئے بُرا اور رنج ہے اور عورتوں کے لئے اچھا ہے۔ اور سبز رنگ عورتوں اور مردوں کے لئے دین اور دنیا میں اچھا ہے اور رنگ سیاہ مصیبت ہے لیکن جو لوگ پہنتے ہیں ان کے لئے نہیں ہے۔ اور نیلا رنگ عورتوں اور مردوں کے لئے اچھا نہیں ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ رنگ سبز اور سفید خیر و برکت اور دین کی صفائی پر دلیل ہے۔ کیونکہ اہل جنت کا لباس ہے۔

www.waseemziyai.com

روباہ (لومڑی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ لومڑی خواب میں فریبی شخص یا جھوٹ بولنے والی عورت یا کنیز ہے۔ اگر دیکھے کہ لومڑی لڑتی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کسی کے ساتھ جھگڑا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ لومڑی کودتی ہے تو دلیل ہے کہ پریوں سے ڈرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ لومڑی کے ساتھ کھیلتا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی عورت اس کو چاہتی ہے۔ لیکن اس عورت کی محبت کمزور ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ لومڑی کنگھی کرتی ہے۔ دلیل ہے کہ وہ کسی کے ساتھ حیلہ وفریب کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ لومڑی اس کے ساتھ چاپلوسی کرتی ہے۔ دلیل ہے کہ کوئی آدمی اس کے ساتھ مکر اور حیلہ کرے گا۔

اور لومڑی کا چمڑا مال ہے جو حیلہ سے حاصل ہوگا۔ اور خواب میں لومڑی کا دودھ پینا بیماری سے شفاء کی دلیل ہے۔ اور غم واندوہ سے شادی ہے اور قید خانہ سے خلاصی ہے۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ لومڑی کا دودھ پینا بیماری اور خوف پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ لومڑی خواب میں جھوٹی عورت ہے۔ اگر دیکھے کہ لومڑی اس کے گھر میں آئی ہے اور اس نے قرار پکڑا ہے۔ دلیل ہے کہ آشنا (محبوب) عورت سے شادی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے لومڑی پکڑی ہے یا کسی نے اس کو دی ہے۔ دلیل ہے کہ مکار اور جھوٹی عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ لومڑی اس سے بھاگی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا قرض دار بھاگ جائے گا۔

رود (نہر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بڑی نہر میں صاف پانی ہے۔ دلیل ہے کہ بڑے آدمی دیانت دار کو ملے گا اور اس سے خیر ومنفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نہر سے نکلا ہے تو دلیل ہے کہ غم اور بلا سے نجات پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بڑی نہر میں گیا ہے اور اس کا پانی گندلا ہے۔ تو دلیل ہے کہ بڑے ظالم شخص کو ملے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نہر میں ڈوب گیا ہے دلیل ہے کہ اس سے مر کر نجات پائے گا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ بڑی نہر وزیر ہے۔ اگر دیکھے کہ بڑی نہر خشک ہوگئی ہے۔ دلیل ہے کہ وزیر موقوف ہوگا۔ اور اگر نہر کا پانی زیادہ دیکھے۔ دلیل ہے کہ وزیر سے بخشش پائے گا۔ اور اگر تلخ پانی ہے تو دلیل ہے کہ رشوت لے گا۔

اور اگر نہر کا پانی گندا دیکھے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ اور اگر نہر کا پانی سرد اور عمدہ ہے تو دلیل ہے کہ وزیر سے انعام پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ خون اس نہر میں جاری ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک میں بہت خونریزی ہو

www.waseemziyai.com

گی۔اور اگر دیکھے کہ نہر کا پانی سفید اور اچھا ہے تو دلیل ہے کہ عام لوگ وزیر کی تعریف کریں گے۔

اور اگر دیکھے کہ نہر کا پانی زمین میں گھستا ہے۔تو عذاب پر دلیل ہے۔کہ اس ملک پر آئے گا۔فرمان اللہ تعالیٰ ہے: قل ارء یتم ان اصبح ماء کم غور افمن یا تیکم بماءٍ معین۔(ان سے کہہ دو کہ اگر تمہارا پانی زمین میں جا گھسے تو تمہیں چشمہ دار پانی کہاں سے ملے گا)۔

اور اگر دیکھے کہ نہر کے پانی سے اپنے آپ کو دھویا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ اور وزیر کی شرارت سے امن میں رہے گا۔اور اگر دیکھے کہ پانی کے نیچے غوطہ لگایا ہے تو دلیل ہے کہ وزیر کے راز سے اطلاع پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اپنا کپڑا دھویا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اور اس کے اہل بیت کو بادشاہ اور وزیر سے امن ہو گا۔اور اگر دیکھے کہ نہر میں چلتا ہے اور اس کا کپڑا آلودہ ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ سوداگری کی طرف سے غم کھائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر نہر دجلہ خواب میں دیکھے تو خلیفہ ہو گا۔اور اگر جیحوں میں دیکھے تو خراسان کا بادشاہ ہو گا۔اور اگر رودگر کو دیکھے تو ہند کا بادشاہ ہو گا اور اگر فرات دیکھے تو ملک شام کا بادشاہ ہو گا۔اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ ملک روم کا بادشاہ ہو گا۔اور اگر نہر نیل کو دیکھے تو مصر کا بادشاہ ہو گا۔اور اگر رودگر کو دیکھے تو آرمینیا کا بادشاہ ہو گا۔اور پانی پینا اور اپنے آپ کو اس سے دھونا خیر و منفعت ہے۔اور پانی اس کے اندازے پر کہ جس قدر پیا ہے اس کو بادشاہ کی طرف سے کچھ ملے گا۔اور اگر اپنے آپ کو دودھ کی نہر میں دیکھے تو دلیل ہے کہ فتنہ پڑے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نہر کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔اول: حج۔دوم: بندگی۔سوم: بادشاہی۔چہارم: تجارت۔پنجم: مال۔ششم: ریاست۔ہفتم: فتح۔

رود بار (نہروں کی وادی):

رود بار۔نہروں کی وادی۔اگر دیکھے کہ رود بار میں گیا ہے تو دلیل ہے کہ غم واندوہ میں گرفتار ہو گا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ رود بار سے نکلا ہے کہ غم واندوہ سے نکلے گا۔حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ رود بار خواب میں حج اسلام ہے۔فرمان اللہ تعالیٰ ہے: بواد غیر ذی عند بیتك المحرم ۔(غیر کاشت شدہ وادی میں تیرے عزت والے گھر کی نزدیک)۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں رود بار شعر گوئی پر دلیل ہے۔فرمان اللہ تعالیٰ ہے: والشعر اء یتبعھم الغاون الم ترانھم فی کل وادیھیون۔(گمراہ لوگ شاعروں کی پیروی کرتے ہیں۔کیا تم نہیں دیکھتے ہو کہ وہ ہر ایک وادی میں پریشان پھرتے ہیں)۔

www.waseemziyai.com

روده (انتریاں):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ آنت لی ہے اور کھائی ہے تو دلیل ہے کہ اپنے رشتہ داروں سے منفعت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے اندر سے آنتیں ظاہر ہوئی ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے رشتہ داروں میں سے کوئی لڑکا سردار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی کی آنت کھائی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر کسی کا مال کھائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آنتوں کا ظاہر ہونا رکھے ہوئے مال کا ظاہر ہونا ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کے منہ سے آنتیں نکلی ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے فرزندوں پر موت آئے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی آنت نکالی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر کسی کا چھپایا ہوا مال پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آنت کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: مال حرام۔ دوم: ناخوش باتیں۔ سوم: گالی۔ چہارم: فرزند۔ پنجم: زندگانی۔ ششم: اپنا کام کرنا۔

روزہا (دن):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ جمعہ کا دن شنبہ کا دن ہو گیا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کام کو نیک سمجھ کر شروع کرے گا حالانکہ اس میں بُرائی ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ سنیچر کا دن جمعہ ہو گیا ہے۔ تو تاویل اول کے خلاف ہے۔

اور اگر دیکھے کہ رات کا دن ہو گیا ہے۔ دلیل ہے کہ یہودیوں سے دوستی کرے گا۔ اور اگر اتوار کا دن خواب میں دیکھے تو عیسائیوں کا دوست ہوگا۔ اور اگر خواب میں شنبہ کو جمعہ معلوم کرے تو دلیل ہے کہ اہل نعمت کا دوست اور تونگر (مالدار) ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ سب دنوں سے جمعہ کا دن بہتر ہے اور جمعہ کے بعد شنبہ اور پنج شنبہ بہتر ہے۔ اور دن جس قدر زیادہ صاف اور زیادہ روشن ہوگا اسی قدر موجب خیر و برکت ہوگا۔

روزہ اشتن (روزہ رکھنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے روزہ رکھا ہے اور ''سبحان اللّٰہ'' اور ''لا الٰہ الا اللّٰہ'' اور قرآن پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ حرام اور گناہ سے توبہ کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے روزہ رکھا ہے اور لوگوں کی غیبت کرتا ہے اور فحش بکتا ہے۔ دلیل ہے کہ عبادت میں ریاکاری کرے گا اور دین کے رستے میں سچا نہیں ہے۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ روزوں کا مہینہ ہے۔ تو گرانی اور کھانے کی تنگی پر دلیل ہے۔

اور بعض کہتے ہیں کہ دین کی درستی اور غم سے خلاصی پانے پر دلیل ہے اور اس کا قرضہ ادا ہوگا۔ خاص کر اگر ماہ رمضان میں ماہ رمضان کو خواب میں دیکھا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں روزہ رکھنا دس وجہ پر ہے۔ اول: بزرگی۔ دوم: ریاست۔ سوم: تندرستی۔ چہارم: مرتبہ۔ پنجم: توبہ۔ ششم: فتح۔ ہفتم: نعمت۔ ہشتم: حج۔ نہم: جہاد۔ دہم: لڑکا۔

لیکن خواب میں بھول کر روزہ رکھنا نیک مردی اور حلال روزی پر دلیل ہے۔ اور اگر ارادے سے روزہ کھولے تو دلیل ہے کہ سفر میں بلا آئے گی یا بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ دو ماہ کے روزے رکھے ہیں۔ دلیل ہے کہ گناہ سے توبہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نفلی روزہ رکھا ہے تو دلیل ہے کہ بیماری سے امن میں رہے گا۔

اور اگر دیکھے کہ سال کے لگاتار روزے رکھے ہیں۔ دلیل ہے کہ حج کرے گا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ عاشورہ کا روزہ رکھا ہے۔ دلیل ہے کہ غم واندوہ سے خلاصی پائے گا۔

روستا (گاؤں):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر اپنا گاؤں کسی نامعلوم جگہ پر دیکھے تو خیر پر دلیل ہے اور اگر معلوم جگہ پر دیکھے تو بُرا ہے۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ گاؤں سے شہر میں آ گیا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فتنہ اور عذاب سے امن میں ہوگا اور اس کا کام انتظام سے ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ شہر سے گاؤں کو گیا ہے۔ تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ گاؤں میں اس کی ملکیت ہے یا کسی نے اس کو دی ہے تو دلیل ہے کہ اس گاؤں کی آبادی کے مطابق اس کو خیر اور نیکی پہنچے گی۔ اور اگر خواب میں گاؤں کو اجڑا ہوا دیکھے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

روشنائی (روشنی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں روشنائی دین کی ہدایت پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے روشنی لی ہے یا کسی نے اس کو دی ہے۔ تو دلیل ہے کہ کسی کو دین کا علم سکھائے گا اور سیدھا راستہ بتائے گا۔ اور خواب میں اندھیرا گمراہی اور بددینی ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **اللہ ولی الذین امنو ایخر جھم من الظلمت الی النور** ۔ (اللہ ایمان والوں کا مالک ہے کہ ان کو تاریکی سے نور کی طرف نکالتا ہے)۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے سینے میں روشنی پڑی ہے۔ دلیل ہے کہ پارسا اور دیندار ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **افمن شرح الله صدره للا سلام فهو علی نورمن ربه**۔ (کیا وہ شخص کے جس کے سینہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کے لئے کھول دیا ہے۔ وہ اپنے رب کی طرف سے نور پر ہے۔)

اور اگر خواب میں دیکھے اس ارد گرد روشنائی ہے۔ تو یہ اس کی خیر اور عافیت پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں روشنی کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: دین کی ہدایت۔ دوم: علم۔ سوم: سیدھا رستہ۔ چہارم: پاک عقیدہ۔

روغن (گھی۔ تیل):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں روغن دیکھنا مال اور نعمت ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ وراثت ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس روغن گاؤ ہے اور اس نے کھایا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور نعمت پائے گا۔ اور لوگوں میں عزیز ہوگا۔

اور روغن بکری کی بھی تاویل یہی ہے۔ لیکن روغن گاؤ روغن بنبہ سے بہتر ہے اور روغن بادام اور روغن کنجد مال اور نعمت ہے۔ اور دوسرے قیمتی روغن جیسے بنفشہ، روغن زیتون۔ دلیل ہے کہ سب دیہاتی مرد سے منفعت ہے۔ اور روغن زیتون عرب سے منفعت ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کا تمام جسم روغن سے آلودہ ہے تو دلیل ہے کہ وہ بیمار ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ سر پر روغن ملا ہے۔ تو آرائش پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ خوشبودار روغن ہے۔ جیسے بنفشہ اور چنبیلی کا روغن تو دنیا کی آرائش پر دلیل ہے۔ اور سب روغن خوشبودار ہوں تو بہتری پر دلیل ہے اور بدبو دار بدی پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں روغن زیتون مال اور نعمت ہے۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ ایک مرد دوسرے مرد کے سر پر تیل ملتا ہے تو دلیل ہے کہ اس شخص کے ساتھ وہ مکر اور حیلہ کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اپنے آپ کو روغن ملنا آرائش کی دلیل ہے۔ ساتھ ہی اندوہ اور غم بھی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ روغن سے سینے کو چکنا کرتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ جھوٹی قسم کھائے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ تمام روغن تاویل میں بُرے ہیں۔ لیکن روغن زیتون کا کھانا مال کی دلیل ہے اور ملنا غم واندوہ کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کپڑا روغن سے آلودہ ہوا ہے تو دلیل ہے کہ غم ناک ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ عمدہ روغن خواب میں پانچ وجہ پر ہے۔ اول: خوب صورت

www.waseemziyai.com

عورت۔دوم: کنیز۔سوم: نیک تعریف۔ چہارم: اچھی باتیں۔پنجم: نیک طبیعتیں۔

اور بدبودار روغن کی دلیل تین وجہ پر ہے: اول: بازاری عورت۔دوم: بدکاری۔سوم: بری باتیں۔

روناس (ایک رنگدار چیز ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں روناس دیکھنا آرائش دنیا پر دلیل ہے۔اور اس کا کھانا ضرر اور رنج پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے کپڑا روناس سے سرخ کیا ہے تو دلیل ہے کہ دنیا کی زندگی میں مشغول ہو جائے گا اور دین کی راہ چھوڑ دے گا۔

روئے (چہرہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں چہرے کو جیسا کہ تھا، اس سے زیادہ خوبصورت دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا مرتبہ اور زندگی زیادہ ہوگی۔اور اگر اپنا چہرہ بُرا اور ناخوش دیکھے تو اس کا مرتبہ کم ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر اپنے چہرے کا رنگ سرخ اور پاکیزہ دیکھے۔دلیل ہے کہ روشناس ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ اس کا چہرہ سفید ہے تو دین کی قوت پر دلیل ہے۔فرمان اللہ تعالیٰ ہے:

واما الذین ابیضت وجوھھم ففی رحمۃاللہ ھم فیھا خلدون ۔(اور جن کے چہرے سفید ہیں، وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت میں ہیں اور اس میں ہمیشہ رہیں گے)۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے چہرے کا رنگ زرد ہے۔تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔اور اگر سیاہ ہے تو مخلوق میں رسوا ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا چہرہ سیاہ ہے اور کپڑے سفید ہیں۔دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکی پیدا ہوگی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **واذ بشر احد ھم بالا نثی ظل وجھہ مسودا وھو کظیم**۔(اور جب ان میں سے جب کسی کو لڑکی کی بشارت دی جاتی ہے تو اس کا چہرہ غصے کے مارے سیاہ ہو جاتا ہے)۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا چہرہ سیاہ اور گرد آلود ہے۔دلیل ہے کہ وہ مشرک ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ اس کے چہرے سے زرد آب نکلتا ہے اور اس کے چہرے پر زخم نہیں ہے۔دلیل ہے کہ اس کے مال کا نقصان ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا چہرہ کج ہو گیا ہے تو یہ اس کے حال کی تباہی پر دلیل ہے۔اور اگر دیکھے کہ اس کے چہرے پر خال ہے تو دلیل ہے کہ قرض دار ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر اپنے چہرے کو خواب میں پانی یا شیشے میں خوب صورت دیکھے یا کوئی کہے کہ تیرا چہرہ خوبصورت ہے۔دلیل ہے کہ اس کا کام نیک ہوگا۔اور اگر بُرا دیکھے تو اس کی تاویل

www.waseemziyai.com

اول کے خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا چہرہ سرخ ہے تو دلیل ہے کہ اس کی کسی سے بحث ہوگی اور غصہ کھائے گا۔

اور اگر اپنا چہرہ سفید اور روشن دیکھے۔ تو دلیل ہے کہ توفیق پائے گا۔ اور اگر اپنا چہرہ سیاہ دیکھے تو غم واندوہ کی دلیل ہے اور کفر کا خوف ہے۔ فرمان حق تعالیٰ ہے: وما الذین اسودت وجوھھم اکفرتم بعد ایمانکم۔ (لیکن جن کے چہرے سیاہ ہیں۔ کیا تم ایمان کے بعد کافر ہوئے ہو)۔

اور اگر اپنے چہرے پر زخم دیکھے تو دلیل ہے کہ اسی قدر غم واندوہ پائے گا۔ اور اگر اپنے چہرے پر خراش دیکھے تو اس کے کام اور چودھر میں خلل پڑے گا۔ اور اگر اپنے دو چہرے دیکھے تو دلیل ہے کہ منافق ہوگا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں چہرہ دکھتا دیکھے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب بہت سے نیک کام کرے گا اور نیک کام کی توفیق پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چہرہ دیکھنا آٹھ وجہ پر ہے: اول: شرف اور بزرگی۔ دوئم: ذلت اور حقارت۔ سوئم: کاموں کا انتظام۔ چہارم: دین اور دیانت۔ پنجم: اندوہ اور رسوائی۔ ششم: قرض۔ ہفتم: نیکی۔ ہشتم: عبادت کی توفیق۔

ریحان (نیاز بو):

اگر خواب میں دیکھے کہ ریحان سبز اور خوشبودار ہے۔ تو فرزند پر دلیل ہے۔ اور ریحان کا زمین سے اکھاڑنا رونے اور غم کی دلیل ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر ریحان کو اپنی جگہ پر دیکھے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب نیک کام کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ریحان کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: کنیز۔ سوم: دوست۔ چہارم: فرزند۔ پنجم: نیک بات۔ ششم: مجلس علم۔ ہفتم: نیک کام۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے مکان یا باغ میں ریحان ہے۔ تو خیر ومنفعت پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں موسم پر ریحان بیچنے والا نہایت نیک ہے۔

ریسمان (رسی، سوت کا ڈورا):

ریسمان۔ رسی۔ سوت کا ڈورا خواب میں سفر ہے۔ اگر دیکھے کہ پشم سے یا بالوں سے رسی بٹی ہے جیسے کہ عورتیں بٹتی ہیں دلیل ہے کہ حلال کام کرے گا۔ اور اگر دھاگے جولاہے کے پاس لے گیا ہے تاکہ کپڑا بُنے۔ دلیل ہے کہ جھگڑے کے کام کی تدبیر میں ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ عورت بالوں کی طرح پشم یا بالوں سے رسی بٹتی

www.waseemziyai.com

ہے تو دلیل ہے کہ اس کا غائب سفر سے واپس آئے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بٹتے وقت رسی ٹوٹ گئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا غائب سفر میں دیر تک رہے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سی رسی ہے دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی اور اسی قدر اپنے رشتہ داروں سے خیر و منفعت پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں رسی پانچ وجہ پر ہے۔ اول: سفر۔ دوم: کام کی مزدوری۔ سوم: عمر دراز۔ چہارم: بہت سی منفعت۔ پنجم: مراد اور حلال کی کمائی۔

ریواس (ریوند):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ریواس اس کے کھانے کے مطابق غم ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے ریواس باہر گرائی ہے۔ تو دلیل ہے کہ غم واندوہ سے نجات پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ریواس شیریں ہے تو دلیل ہے کہ اس کو ضرر کم پہنچے گا۔ اور اللہ تعالیٰ ہی خوب جانتا ہے۔

ریش (داڑھی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں داڑھی مرد کے لئے آرائش ہے اور اس کی خانہ داری ہے۔ اور حدیث شریف میں وارد ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ایک فرشتہ ہے جس کی تسبیح یہ ہے۔ سبحان من زین رجالاً باللحی والنساء بالذوائب۔ (پاک ہے وہ ذات کہ جس نے مردوں کو داڑھی سے اور عورتوں کو گیسوؤں سے زینت دی ہے)۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی داڑھی لمبی ہوگئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا خانہ داری کا کام بن جائے گا لیکن اگر لمبائی میں ناف سے بڑھ جائے تو غم واندوہ کی دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی داڑھی کو ناخن سے آراستہ کیا ہے دلیل ہے کہ اپنی عورت کو بیمار دیکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنی داڑھی کو خضاب کیا ہے تو دلیل ہے کہ اپنا حال لوگوں پہ ظاہر کرے گا اور نہیں چھپائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنی داڑھی کو زمین پر گھسیٹا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی موت قریب ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی داڑھی کٹی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی بُردباری اور نرمی زیادہ ہوگی۔ لیکن غمگین ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ داڑھی دانتوں سے کاٹتا ہے دلیل ہے کہ اس کے اہل بیت کو نقصان ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی داڑھی بیماری کے باعث گر گئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو ناگہانی موت سے ڈر ہے اور اس کا مال اور آبرو بھی زائل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ داڑھی کو کنگھا کرتا ہے اور اس کو خوشبودار دھونی دیتا ہے اور پھر گلاب چھڑکتا ہے تو دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس پر لوگ اس کے شکر گزار ہوں گے۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی داڑھی دراز ہو کر ناف کے نیچے تک ہے۔ دلیل ہے کہ مال پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ داڑھی پر ہاتھ پھیرا ہے اور کچھ حصہ ہاتھ میں رہا ہے اور اس کو گرایا ہے تو دلیل ہے کہ اس مال اس کے ہاتھ سے جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ داڑھی کا کچھ حصہ کسی چیز میں ڈال کر محفوظ رکھا ہے تو دلیل ہے کہ مال کو نگاہ میں رکھے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی داڑھی چھوٹی ہے۔ اگر قرض دار ہے تو قرض سے نجات ہوگی اور اگر غمگین ہے تو بے غم ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کی داڑھی زمین پر گری ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ مرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی داڑھی اکھاڑی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عزت ایک دم ہو جائے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اپنی داڑھی سے سفید بال نکالتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف سنت ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے سر کے بال حج کے موسم میں خانہ کعبہ میں تراشے گئے ہیں۔ اگر قرض دار ہے تو قرض سے نجات پائے گا اور غم سے چھوٹے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا سر اور داڑھی ایک دم منڈھی ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کی حرمت اور آبرو زائل ہو گی۔ اور اگر دیکھے کہ بے وجہ اس کی داڑھی تھوڑی تھوڑی گرتی ہے اور کم ہو رہی ہے۔ تو دلیل ہے کہ رنج اور سختی سے نجات پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی ساری داڑھی سفید ہو گئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی حرمت میں تھوڑا نقصان ہوگا۔

اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی داڑھی ہے۔ تو دلیل ہے کہ غمگین ہوگی اور ایسا کام کرے گی کہ رسوا ہوگی۔ اور اگر مرد دیکھے کہ اس کی داڑھی نکلی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے ہر گز فرزند نہ ہوگا اور لڑکا ہوگا تو باحشمت اور قوی ہوگا۔ اور اگر نابالغ لڑکا اپنے داڑھی دیکھے تو دلیل ہے کہ غم واندوہ میں پڑے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی کی داڑھی پکڑی اور گھسیٹی ہے۔ دلیل ہے کہ وہ شخص اس کی میراث لے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں داڑھی کا دیکھنا دس وجہ پر ہے۔ اول: خرید و فروخت۔ دوم: عزت اور مرتبہ۔ سوم: بلند رتبہ۔ چہارم: ہیبت۔ پنجم: مروت۔ ششم: نیکی۔ ہفتم: آرام۔ ہشتم: مال۔ نہم: فرزند۔ دہم: بزرگی۔

فرمان اللہ تعالیٰ ہے: ولقد کرمنا بنی آدم۔ (اور ہم نے اولاد آدم کو مکرم بنایا ہے)۔ لیکن خواب میں خارجیوں اور قیدیوں کا داڑھی منڈانا نیک ہے۔

ریگ (ریت):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ریت اصلاح اور خیر کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ ریت میں ہوا ہے تو دلیل ہے کہ سب کے لئے کسی شغل میں مشغول ہوا اور ریت کی کمی بیشی کے مطابق کرے

www.waseemziyai.com

گا۔ اگر دیکھے کہ ریت کھاتا ہے یا جمع کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر لوگوں سے خیر اور منفعت دیکھے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ریت کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: مشغول کرنا۔ دوم: مال۔ سوم: منفعت۔ چہارم: مرتبہ لیکن محنت کے ساتھ۔

ریش (زخم):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے جسم پر زخم ہے اور اس میں پیپ جمع ہے۔ دلیل ہے کہ اس پیپ کے اندازے پر اس کو مال حاصل ہوگا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو اس کے مال میں کمی ہوگی۔

اگر دیکھے کہ پیپ اس کے جسم سے نکلی اور پھر اپنی جگہ واپس ہوگئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو مال کا نقصان ہوگا اور انجام نیک ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ پیپ چوستا ہے اور کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ مال حرام کھائے گا۔ حاصل یہ ہے کہ پیپ کا جسم میں جمع ہونا مال کے جمع ہونے پر دلیل ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے جسم سے پیپ نکلی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر اس کے مال کا نقصان ہوگا اور پیپ کا جسم میں جمع ہونا مال پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے تمام جسم پر زخم ہیں تو غم واندوہ کی دلیل ہے۔

ریم (پیپ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پیپ کا دیکھنا صاحب خواب کے لئے مال ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے جسم سے پیپ نکلی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے مال کا نقصان ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ پیپ جسم سے نکل کر پھر جسم میں ہی جاتی ہے تو دلیل ہے کہ مال کا نقصان ہوگا لیکن نتیجہ اچھا ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ پیپ چوستا ہے اور کھاتا ہے۔ پیپ اور چاندی اور سونا وغیرہ غم واندوہ پر دلیل ہے۔

ریوند (ایک دوا ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سا ریوند ہے۔ دلیل ہے کہ غم و اندوہ میں گرفتار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ علاج کے لئے ریوند کھائی ہے اور اس سے تندرست ہوا ہے۔ تو صحت اور تندرستی اور خیر واصلاح پر دلیل ہے۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو رنج اور بیماری پر دلیل ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہی بہتری کو خوب جانتا ہے۔

www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حرف الزاء

زن (عورت):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر عورت خواب میں دیکھے کہ اس کے ہاں لڑکی پیدا ہوئی یا اس کے پاس ہے دلیل ہے کہ اس کو کچھ ملے گا اور اپنوں سے خوش ہوگی۔

اور اگر مرد دیکھے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوا ہے۔ حالانکہ اس کی عورت حاملہ نہ تھی تو دلیل ہے اس کے ہاں لڑکی پیدا ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ لڑکی پیدا ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر بادشاہ کی عورت دیکھے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا شوہر خزانہ پائے گا۔ اور اگر بادشاہ دیکھے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوا ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ لڑکی پیدا ہوئی ہے دلیل ہے کہ غمگین ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ لڑکا پیدا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام خوب ہوگا۔ اور اگر کنواری لڑکی کو دیکھے کہ اس کے ہاں لڑکی پیدا ہوئی ہے۔ تو دلیل ہے کہ وہ عورت کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوا ہے اور اسی دن اس نے اس کے ساتھ بات کی ہے۔ یہ صاحب خواب کی موت پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ لڑکی پیدا ہوئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی نسل سے فرزند پیدا ہوگا جو قوم کا سردار ہوگا۔

زاغ (کوّا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کوّا فاسق اور بددین اور جھوٹا آدمی ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے کوا پکڑا ہے تو دلیل ہے کہ کسی ایسے آدمی سے ملے گا جس کی کوّے کی صفت ہوگی اور بے ہودہ کام میں مشغول ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ کوے کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ اس جگہ کافر اور فسادی لوگ اور چور جمع ہوں گے۔ اور اگر دیکھے کہ کوے کا شکار کیا ہے تو دلیل ہے کہ کسی جگہ سے جھوٹ کے ساتھ مال پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کوے کو خواب میں دیکھنے کی تاویل ہندوستانی کنیز ہے اور خواب میں بہت سے کوے دیکھنا لشکر ہے۔

اور اگر دیکھے کہ کوے کا چمڑا اتارا ہے تو دلیل ہے کہ مسافر عورت سے زنا کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کوے

www.waseemziyai.com

کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے اہل بیت کو نقصان پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بہت سے کوے ہوا میں آتے ہیں اور گزرتے ہیں تو دلیل ہے کہ اس ملک میں ان کوؤں کے برابر لشکر آئے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ کوا اور چکور دونوں لڑتے ہیں تو دلیل ہے کہ کنیز کے ساتھ فساد کرے گا اور اگر دیکھے کہ کوے کے ساتھ جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ چور آدمی کو بند کرے گا۔

زاکہا (پھٹکڑیاں):

زاکہا پھٹکڑی کی قسمیں۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ تمام پھٹکڑیوں سے سبز بہتر ہے۔ اس کے بعد سفید اور زرد بیماری ہے۔ اور سیاہ مصیبت ہے۔ اور پھٹکڑی کا کھانا موت پر دلیل ہے۔ اور رنگ کپڑے وغیرہ کا بھی اسی تاویل میں ہے۔ اور دین میں پھٹکڑی دیکھنے کا کچھ بھی نفع نہیں ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پھٹکڑی کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: غم و اندوہ۔ دوئم: بیماری۔ سوئم: مصیبت۔ چہارم: عورتوں کی وجہ سے جھگڑا۔

ژالہ (اولہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ شہر میں یا کسی مقام میں اولے برستے ہیں۔ دلیل ہے کہ وہاں کے لوگوں کو بادشاہ سے رنج پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بارش، بجلی اور کڑک اور اولوں کے ساتھ ہے دلیل ہے کہ اس جگہ قحط اور تنگی اور نقصان ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بارش اولوں کے ساتھ دیکھنی نعمت اور فراخی اور امن پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اولوں کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: بلا۔ دوم: جھگڑا۔ سوم: لشکر۔ چہارم: قحط۔ پنجم: بیماری۔

زلو (جونک):

زلو رجونک فارسی میں اس کا نام دیوچہ ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جونک کو دیکھنا لالچی دشمن ہے۔

اور اگر دیکھے کہ جونک اس کے جسم سے خون چوستی ہے تو دلیل ہے کہ دشمن اس پر غلبہ پائے گا اور جس قدر خون چوسا ہے اسی قدر اس کے مال سے نقصان ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ جونک اس کے گلے میں گئی ہے دلیل ہے کہ دشمن اس کے گھر کے اندر اس کے ساتھ بیٹھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ جونک اس کے گلے میں گئی ہے تو دلیل ہے کہ دشمن اس پر فتح پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جونک عیال ہے جو دوسروں کا مال کھاتا ہے۔ اور اگر دیکھے

www.waseemziyai.com

کہ بہت سی جونکیں جمع ہوئی ہیں اور اس کا خون چوستی ہیں دلیل ہے کہ اس خون کے اندازے کے مطابق اس کے مال کا نقصان ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کے جسم پر جونک ہے اور اس کا خون چوستی ہے تو دلیل ہے کہ دشمن سے اس کو نقصان پہنچے گا۔

زانو (گھٹنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گھٹنے کی اصل صاحب خواب کی عیش ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا زانو قوی اور مضبوط ہے تو دلیل ہے کہ اس کے کام میں قوت اور اس کا عیش فراخ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ گھٹنے کے بل راستہ چلتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے ہاتھ سے دولت جاتی رہے گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زانو لوگوں کا کسب اور عیش ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا زانو سخت اور قوی ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کسب اور عیش تباہ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ گھٹنا ضعیف ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے کسب اور معیشت میں ضعف ہوگا اور منقطع ہو جائیں گے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زانو رنج اور مشقت اور غم کی جگہ ہے اور جو شخص زانو میں کمی بیشی دیکھے، اس کی تاویل اوپر بیان ہو چکی ہے۔

زباد (میدہ مثل عنبر ہے):

زباد میدہ مثل عنبر خوشبودار ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ زباد اس کے پاس ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ باادب اور صاحب عقل ہوگا۔ اور دلیل ہے کہ لوگ اس کی مدح اور ثنا کریں گے۔

اور اگر دیکھے کہ زباد سے خوشبو آتی ہے تو دلیل ہے کہ لوگ اس کی تعریف کریں گے اور اگر دیکھے کہ زباد سے کسی طرح کی خوشبو نہیں آتی ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کے ساتھ نیکی کرے گا اور اس سے شکر گزاری نہ دیکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ زباد کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے فرزند باادب و دانش ہوں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زباد چار وجہ پر ہے۔ اول: ادب۔ دوم: دانش۔ سوم: نیک کام۔ چہارم: پسندیدہ عمل۔

زبان:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ زبان کٹ گئی ہے اور کسی سے جھگڑے بغیر ناقص ہو گئی ہے اور دلیل کے وقت اس کی زبان بند ہو گئی ہے اس کی تاویل اس کے خلاف ہے۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ اس کی زبان طول اور عرض میں زیادہ ہوگئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی زبان دلیل کے وقت مقابل پر جاری ہوگی اور بڑھے گی اور مخالف پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بغیر لڑائی کے زبان دراز ہوگئی ہے دلیل ہے کہ سخن دراز ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی دو زبانیں ہیں تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو علم اور دانش عطا فرمائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ زبان قصداً بند کر لی ہے اور بات نہیں کرتا ہے تو دلیل ہے کہ جھوٹ سے توبہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی زبان سے خطا جاری ہے۔ دلیل ہے کہ ایسی بات کرے گا کہ جس سے اللہ تعالیٰ راضی نہ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کے منہ میں زبان رکھی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو کسی سے بات میں قوت اور دلیل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ کسی کی زبان چوستا ہے دلیل ہے کہ اس سے علم اور دانش حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی زبان گونگی ہوگئی ہے تو یہ اس کے دین اور دنیا کے فساد کی دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ کسی درویش کی زبان بند کی ہے تو دلیل ہے کہ درویش کو کچھ دے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی کی زبان کاٹی ہے تو دلیل ہے کہ بے ستر (ننگا) کرے گا اور اس کا راز ظاہر کریگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی زبان تالو سے جا لگی ہے دلیل ہے کہ قرض دار ہوگا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی زبان قوی اور موٹی ہوئی ہے دلیل ہے کہ مخالف پر غالب آئے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی زبان زخمی ہوئی ہے دلیل ہے کہ کسی پر بہتان باندھے گا۔ یا جھوٹ بولے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی زبان پر بال اگے ہیں تو دلیل ہے کہ بات کی وجہ سے بلا میں پڑے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی زبان سوج گئی ہے تو دلیل ہے کہ بات کی وجہ سے اس کو مال ملے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی زبان کی دو شاخیں ہوگئی ہیں دلیل ہے کہ منافق ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ بغیر زبان کے ہے دلیل ہے کہ تمام کاموں میں عاجز ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی زبان کا سر نہیں ہے اور کٹا ہوا ہے کہ بات نہیں کر سکتا دلیل ہے کہ اس کا کام وکیل کے ہاتھ پر آئے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی زبان خشک ہوگئی ہے تو دلیل ہے کہ تاویل میں بد ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زبان کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: حکمت۔ دوم: ریاست۔ سوم: ترجمان۔ چہارم: حاجت۔ پنجم: وکیل۔ ششم: دوست

www.waseemziyai.com

(اور کئی زبانوں میں بات کرنے کا بیان حرف سین میں آئے گا۔)

زبرجد (قیمتی پتھر ہے):

زبرجد ایک قیمتی پتھر ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ زبرجد خواب میں دیکھنا خیر و عافیت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سا زبرجد ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور نعمت حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس سے زبرجد ضائع ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے مال میں نقصان ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زبرجد کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: خوشی۔ دوم: مال۔ سوم: منفعت۔

زبور شریف:

زبور۔ حضرت داؤد علیہ السلام کی کتاب ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زبور شریف کا پڑھنا دلیل ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف رجوع کرے گا اور نیک کام کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ زبور کو ظاہری طور سے پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ زہد و تقویٰ اور خیرات کو ریاکاری اور نفاق سے کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب دیکھے کہ زبور لکھتا ہے تو دلیل ہے کہ ایسے کام میں مشغول ہوگا کہ جس سے نفع پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ زبور پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کاروبار بہتر ہوگا۔

زجر (پرندوں کی آواز سے فال لینا):

اگر خواب میں دیکھے کہ پرندوں کی آواز سے فال لیتا ہے۔ اس کی تاویل غرور اور دنیا کا جھوٹ ہے۔ خواب اور بیداری میں تاویل کی رو سے بُرا ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ پرندوں کی آواز سے فال لیتا ہے دلیل ہے کہ دنیا کے باطل میں مشغول ہوگا اور دین کی راہ میں ضعیف ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں پرندوں کی آواز سے فال کرے۔ اگر طاق ہے تو نیکی پر دلیل ہے۔ اور اگر جفت ہے تو بیماری پر دلیل ہے۔ لیکن پھر شفاء پائے گا۔

زخم:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے جسم پر زخم ہے اور خون کا نشان ظاہر نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ زخم لگانے والے پر فتح پائے گا اور خیر و منفعت حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے زخم سے خون جاری ہے اور اس کا جسم خون آلود ہو گیا ہے۔ دلیل ہے کہ مال حرام پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا جسم آلودہ نہیں ہے تو دلیل ہے کہ زخم لگانے والا اس کو کسی گناہ یا تہمت کے ساتھ متہم کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے زخم لگا ہے اور خون آلود ہو گیا

www.waseemziyai.com

ہے۔دلیل ہے کہ اس کے مال میں نقصان واقع ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زخم کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔اول: فتح پانا۔دوم: خیر اور منفعت۔سوم: مال کا نقصان۔

زدن (کوڑے لگنا):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو کوڑے لگے ہیں۔اس طرح کہ مار کا نشان ظاہر ہے۔یا اس کو ستون سے باندھ کر اس قدر مارا ہے کہ اس سے خون نکلا ہے اس کی تاویل بد ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر کوئی خواب میں کوڑوں سے پٹے (یعنی مار کھائے) تو دلیل ہے کہ اس کو مال حرام ملے گا۔خاص کر اگر دیکھے کہ اس کے جسم سے خون نکلا ہے اور اس کا جسم بھی خون آلود ہو گیا ہے۔اور اگر اس کے جسم پر خستگی ظاہر ہو جائے تو دلیل ہے کہ اس قدر ہر ایک سے فائدہ پائے گا۔اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ نیا کپڑا پہنے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اس کی پشت پر کوڑے لگے ہیں اور خون نکلا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب مال حرام پائے گا۔اور اگر دیکھے کہ اس کی پشت پر تازیانے لگے ہیں اور مارنے والے کا پتہ نہیں ہے تو دلیل ہے کہ اس کا دین اور دنیا کا شغل نیک ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو کوڑا مارا ہے۔اس طرح کہ کوڑا پارہ پارہ ہو گیا ہے۔تو دلیل ہے کہ اس کے اہل خاندان پراگندہ ہوں گے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے بے شمار تازیانے مارے ہیں۔دلیل ہے کہ اس کو غم پہنچے گا۔اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے تازیانہ مارا۔دلیل ہے کہ کسی بد دین اور منافق آدمی سے غمگین ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ کوتوال نے اس کو تازیانہ مارا ہے۔دلیل ہے کہ بادشاہ اس کو حکومت دے گا اور اس کا کام نیک ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو ڈھیلے سے مارا ہے۔دلیل ہے کہ اس سے منفعت پائے گا۔اور اگر دیکھے کہ ڈھیلا اس کی پشت پر مارا ہے۔دلیل ہے کہ کوئی اس کو رسوا کرے گا۔اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کے منہ پر تھپڑ مارا ہے۔دلیل ہے کہ کسی سے بُری بات سنے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اس کو کسی مُردے نے مارا ہے۔دلیل ہے کہ سفر سے نفع پائے گا۔یا لوٹا ہوا مال واپس ملے گا۔اور اگر دیکھے کہ مردہ ہے اور کسی نے اس کو مارا ہے۔تو یہ دین کی قوت کی دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مار کھانا چھ وجہ پر ہے۔اول: نفع۔دوم: جھگڑا۔ سوم: مشکل کام کا روشن ہونا۔چہارم: سفر۔پنجم: شرف اور بزرگی۔ششم: مال حرام۔

www.waseemziyai.com

زر (سونا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سونا دیکھنا مردوں کے لئے اندوہ وغم کی دلیل ہے اور عورتوں کے لئے نیک اور پسندیدہ ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے سونا پایا ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر اس کا مال ضائع ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ سونا یا چاندی پگھلائے ہیں دلیل ہے کہ لوگوں کے طعنے میں پڑے گا۔

اور اگر دیکھے کہ سونا بیچتا اور خریدتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو غم واندوہ پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سونے کا ڈھیر اپنے گھر کو لے گیا ہے۔ دلیل ہے کہ مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سونا کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اس قدر مال اپنے اہل وعیال پر خرچ کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ سونے کی چیز خواب میں مردوں کے لئے بری ہے۔ اگر سونا اور چاندی ایک جگہ پائے تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبہ پائے گا۔

اور اگر چاندی کی دکان دیکھے۔ دلیل ہے کہ کسی مالدار شخص کی لڑکی سے نکاح کرے گا اور کہتے ہیں کہ سنار خواب میں جھوٹا آدمی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ سنار کے پاس بیٹھا ہے اور اس سے لین دین کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام کسی جھوٹے شخص سے پڑے گا۔

زرد آلو (خوبانی):

حضرت سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زرد آلو اس کے وقت پر اگر شیریں ہے تو جس قدر زرد آلو کھائے گا۔ اسی شمار پر اس کو دینار ملیں گے۔ اور اگر زرد آلو ترش ہے تو بیماری اور غم کی دلیل ہے۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں زرد آلو کا دیکھنا کنیز یا مال ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے اس نے زرد آلو کی گٹھلی توڑی ہے جو تلخ ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو غم پہنچے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ زرد آلو بے وقت بیماری ہے اور وقت پر اگر ترش ہے تو غم و اندوہ ہے اگر شیریں ہے تو منفعت ہے۔

زرد یہا (زرد رنگ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زرد میوے اور زرد کپڑے دیکھنے بیماری ہے۔

زرشک (ایک میوہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زرشک کا دیکھنا اور کھانا غم واندوہ ہے۔ اور اگر

www.waseemziyai.com

دیکھے کہ خواب میں زرشک کو درخت سے جمع کرتا ہے۔تو دلیل ہے کہ اس کا بخیل آدمی سے جھگڑا ہوگا۔

زرنیخ (ہڑتال):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر خواب میں دیکھے کہ ہڑتال کھاتا ہے۔تو بیماری اور ہلاکت پر دلیل ہے۔اور اگر دیکھے کہ ہڑتال بیچتا ہے یا کسی کو دیتا ہے تو دلیل ہے کہ بیماری سے امن میں ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اسے ہڑتال ملی ہے۔دلیل ہے کہ اسے بہت سا مال ملے گا اور بیماری میں کھائے گا۔اور اگر دیکھے کہ ہڑتال کسی جگہ جمع کی ہے تو دلیل ہے کہ سفر میں بیمار ہوگا۔

زرہ (لوہے کا کرتا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے زرہ پہنی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ دشمن سے امن میں رہے گا۔اور اگر دیکھے کہ زرہ ضائع ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ دشمن اس پر غالب آئے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو زرہ دی ہے اور اس نے پہنی ہے۔دلیل ہے کہ اس کے ساتھ قہر کرے گا۔ یا دشمن کو مغلوب کرنے کے لئے اس کی نصرت اور مدد کرے گا۔اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ زرہ دین کا قلعہ ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس زرہ ہے۔دلیل ہے کہ اس کو اور اس کے اہل بیت کو دشمنوں کی شرارت سے امن ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ زرہ کے ساتھ اور ہتھیار بھی لگائے ہوئے ہیں۔دلیل ہے کہ شریر اور منافق لوگوں کی شرارت سے امن میں رہے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زرہ دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔اول: دشمن سے امن۔ دوئم: دین کا قلعہ۔سوئم: قوت۔چہارم: مال۔پنجم: زندگانی۔ششم: نیکی۔

اور خواب میں زرہ بنانے والا آدمی ایسا شخص ہے جو لوگوں کو ادب سکھاتا ہے۔

زعفران (کیسر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس زعفران ہے۔دلیل ہے کہ لوگ اس کی مدح اور ثنا کریں گے۔اور اگر دیکھے کہ زعفران اس کے جسم اور کپڑے پر ہے دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے ثابت زعفران دیا ہے۔دلیل ہے کہ مالدار عورت سے شادی کرے گا۔اور دیکھے کہ اس کے پاس زعفران کا ڈھیر ہے اور اس میں سے کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو مال اور نعمت حاصل ہوگی۔

www.waseemziyai.com

زغن (چیل):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چیل اس جگہ کے بادشاہ پر دلیل ہے۔
اگر دیکھے کہ چیل اس کی تابعدار ہے۔ دلیل ہے کہ صاحب خواب بڑا آدمی ہوگا۔ اور اگر یہی خواب حاملہ عورت دیکھے تو دلیل ہے کہ لڑکا جنے گی جو بادشاہ کا مقرب ہوگا۔
حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ چیل اس کے ہاتھ سے اُڑ گئی ہے اگر حاملہ عورت ہے تو بچہ مرا ہوا پیدا ہوگا اور اگر موجود ہے تو دنیا سے سفر کرے گا۔
حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چیل کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: متواضع ہونا۔ دوم: بزرگواری۔ سوم: فرزند۔ چہارم: مال۔

زفت (ایک دوا ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زفت غم واندوہ ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس زفت ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ رنج اور غم میں گرفتار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے زفت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ عیال کے لئے اس کو غم واندیشہ ہوگا۔
اور اگر دیکھے کہ اس نے زفت بیچا ہے یا کسی کو دیا ہے۔ یا گھر سے باہر ڈالا ہے تو دلیل ہے کہ غم واندوہ سے نجات پائے گا۔
حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ زفت زخم میں رکھا ہے اور زخم اچھا ہو گیا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی سے خیر اور راحت دیکھے گا۔
اور اگر دیکھے کہ اس کا کپڑا زفت سے آلودہ ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس سے اسے بدنامی حاصل ہوگی۔ (زفت ایک دوا ہے گوند تارکول جیسی، صنوبر کے درخت سے نکالی جاتی ہے۔)

زکاۃ (خدائی ٹیکس):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مال کی زکوٰۃ دی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا مال زیادہ ہوگا۔
اور اگر دیکھے کہ فطر کا صدقہ دیا ہے۔ دلیل ہے کہ نماز روزہ اور تسبیح زیادہ کرے گا اور نجات پائے گا اور قرض سے سبکدوش ہوگا۔ بیمار ہے تو شفاء پائے گا اور اگر کوئی اس کا دشمن ہے تو اس پر فتح پائے گا۔
حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے مال کی زکوٰۃ دیتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا مال اس کے قبضہ میں آئے گا اور اس سے بلا دور ہوگی۔ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: **حصنوا موالکم بالزکات**۔ (اپنے مال کو زکوٰۃ دے کر محفوظ رکھو)۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اپنے مال کی زکاۃ دے رہا ہے تو یہ مال کے زیادہ ہونے پر دلیل ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **وما اوتیتم من زکوٰۃ تریدون وجہ اللہ فاولئک ھم المضعفون** ۔(اور جو تم خاص رضائے الٰہی کے لئے زکوٰۃ دو گے تو تم ہی اپنے مال کو دُگنا کرو گے)۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں صدقہ اور زکوٰۃ کا دینا آٹھ وجہ پر ہے۔ اول: بشارت۔ دوم: خیر و برکت۔ سوم: مشکل کام کا حل ہونا۔ چہارم: مراد کا پورا ہونا۔ پنجم: روشنائی۔ ششم: غم سے نجات پانا۔ ہفتم: زیادتی۔ ہشتم: دشمن پر فتح پانا۔

زنگار (نیلا تھوتھا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے خواب میں زنگار (نیلا تھوتھا) کا دیکھنا مال حرام کا دیکھنا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے زنگار لیا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مال حرام حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ زنگار آگ پر رکھا ہے اور آگ اچھی طرح روشن ہوگئی ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ سے معاملہ کرے گا اور اس سے فائدہ اٹھائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زنگار مال اور مراد پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے جسم اور کپڑے کو زنگار کیا ہے دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے نقصان پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے زنگار کھایا ہے تو دلیل ہے کہ مال حرام کھائے گا اور آخر کار اس کو بادشاہ سے غم واندوہ پہنچے گا۔

زکام:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو زکام کی بیماری ہے دلیل ہے کہ چند روز بیمار ہوگا اور جس قدر زکام زیادہ ہوگا، بیماری زیادہ ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو زکام ہے تو دلیل ہے کہ کسی پر غصہ کرے گا اور پھر جلدی صلح کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زکام تین وجہ پر ہے۔ اول: تھوڑی بیماری۔ دوم: غصہ کرنا۔ سوم: نفع پانا۔

زلابیہ (حلوہ):

زلابیہ ایک قسم کا حلوہ ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں حلوہ بے اندازہ کوشش اور بہت سے مال اور خوشی پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس حلوا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر اس کو مال ملے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے تھوڑا سا حلوا دیا ہے۔ یا اس کے منہ میں رکھا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی سے خوشی کی بات سنے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ حلوہ بغیر زعفران کے کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر پر مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ زعفران والا حلوہ کھایا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔

زلزلہ (بھونچال):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ زمین حرکت کرتی ہے۔ دلیل ہے کہ زمین کی حرکت کے مطابق اس ملک کے باشندوں کو بادشاہ سے رنج اور ملامت پہنچے گی۔ اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ لوگوں کو آفت پہنچے گی اور اس ملک میں بیماری پڑے گی۔ اور اگر دیکھے کہ زمین پھری اور زیر و بالا ہوئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس ملک میں بلا فتنہ پڑیں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ زمین آہستہ ہلی ہے اور آدھی غرق ہوگئی ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک میں ایسا بادشاہ آئے گا جو اس ملک کو عذاب دے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زلزلہ اور زمین کا غرق ہوتا دیکھنا بادشاہ کی طرف سے محنت اور بلائے عظیم پر دلیل ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: فخسفنا به و بدارا الارض۔ (ہم نے اس کو اور اس کے گھر کو زمین میں دھنسا دیا)۔ بہر حال خواب میں زلزلہ اس ملک والوں کے لئے عذاب اور ملامت پر دلیل ہے۔

زمرد (ایک قیمتی پتھر ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زمرد فرزند یا برادر یا مال حلال پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ زمرد اس کے پاس ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے فرزند ہوگا یا وہ بھائی سے نفع پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس سے زمرد ضائع ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند مرے گا یا اس شخص کا مال تلف (ضائع) ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ زمرد خواب میں دیکھنا مذہب اور پاک دین پر ہے اور جس قدر زیادتی اور نقصان زمرد میں ہوگا۔ اس کی تاویل اس کے پاک مذہب کی طرف رجوع کرتی ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زمرد کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: فرزند۔ دوم: بھائی۔ سوم: مال حلال۔ چہارم: کنیز۔ پنجم: نیک غلام۔

اور جس قدر زمرد اچھا ہوگا۔ اسی قدر بیان کی گئی دلیلیں بہتر ہوں گی۔

زمستان (موسم سرما):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں موسم سرما بادشاہ ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سردی

www.waseemziyai.com

ہے اور لوگوں کو ستاتی ہے دلیل ہے کہ اہل ملک کو بادشاہ سے نقصان پہنچے گا۔

اور اگر دیکھے کہ جاڑا (سردی) ہے اور ہوا سرد ہے اور کسی کو ضرر اور نقصان نہیں دیتی ہے۔ دلیل ہے کہ اس ملک کے لوگ بادشاہ سے خیر و منفعت حاصل کریں گے۔ اور خواب میں موسم سرما کو وقت پر دیکھنا نصرت اور فتح مندی پر دلیل ہے۔

زمین:

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ زمین خواب میں عورت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس فراخ اور عمدہ اور پاک وصاف زمین ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عورت صاحب ستر و اصلاح ہوگی۔ اور اقربا میں اس کو زمین کی وسعت اور فراخی کے مطابق عزت اور مرتبہ حاصل ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس زمین میں سبزہ اور نامعلوم نبات ہے اور جانتا ہے کہ اس کی ملک ہے۔ دلیل ہے کہ وہ شخص مسلمان اور دیندار ہوگا۔ اور خواب میں سبزہ اسلام ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ زمین میں سبزہ اور نبات ہے اور جگہ معلوم ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو فضیلت اور دیانت ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ زمین پر بنیاد رکھی ہے اور عمارت بنائی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو دین اور دنیا میں فضیلت ہوگی اور آخر کار راہِ آخرت کا ثواب پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی زمین جنگل میں بیابان کی طرح ہے اور اس زمین کو نہیں پہچانتا ہے تو دلیل ہے کہ دور کا سفر کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ زمین کو کھودتا ہے اور کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ مٹی کھانے کے اندازے پر مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ زمین میں دھنسا ہے۔ بغیر اس کے وہاں گڑھا یا کنواں ہے اور اس جگہ غائب ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ مرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ زمین کو کنوئیں یا تہہ خانے کی طرح کھودا ہے تو دلیل ہے کہ اندازہ اور مصیبت میں پڑے گا یا اس سے پہلے اس کا مال تلف ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ فراخ زمین میں تھا اور تنگ زمین میں چلا گیا ہے۔ دلیل ہے کہ نیک کام سے نامعلوم میں پڑے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ زمین اس سے باتیں کرتی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو خیر و اصلاح کی خوشخبری سنائی ہے۔ دلیل ہے کہ دنیا میں بہت نیکی کرے گا اور وفات کے بعد لوگ اسے نیکی سے یاد کریں گے۔

اور اگر دیکھے کہ زمین اس کے لئے فراخ اور کشادہ ہو گئی ہے تو اس کی درازیٔ عمر اور فراخی عیش پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ زمین کی پیمائش کرتا ہے تو دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ زمین کو کاشت کرتا ہے اور جوتتا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی بڑے شغل میں مشغول ہوگا اور عورت کی طرف سے نفع پائیگا۔

اور اگر دیکھے کہ اپنی زمین کو آباد کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام آباد اور نیک ہوگا۔ اور اگر زمین کو خراب دیکھے تو اس کی تاویل اس کے خلاف ہے اور اس کا کسی کے ساتھ جھگڑا ہوگا۔ اور اگر اپنے آپ کو زمین میں بویا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو کسی کے ساتھ شراکت ہوگی اور یا کسی عورت سے نکاح کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پانی آیا اور زمین کو غرق کیا اور زراعت کو تباہ کیا۔ دلیل ہے کہ بادشاہ سے رنج پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زمین کو دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: دنیا۔ سوم: مال۔ چہارم: تجارت۔

زنان (عورتیں):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جوان عورت خوشی ہے اور بوڑھی عورت دنیا ہے اور اس جہان کا شغل ہے۔ اور عورتوں کو خواب میں دیکھنا بقدر خوبی اور جمال کے فربہی اور لاغری ہے اور بہترین عورت خواب میں معلوم اور زن فربہ ہے۔ اور معلوم عورت روزی کی فراخی ہے۔ اور بدصورت اور لاغر عورت قحط اور تنگی ہے۔ اور عورتیں خوش اور آراستہ اس جہان کی مراد ہے اور بوڑھی عورت گندی، نامرادی، اور بدحالی پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر عورت دیکھے کہ اس کا عضو تناسل ہے۔ جیسا کہ مردوں کے ہوتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہوگا اور وہ فرزند قوم اور خاندان پر بزرگ اور سردار ہوگا۔

اور اگر جوان عورت دیکھے کہ وہ بوڑھی ہوگئی ہے۔ تو خیر اور دین و دنیا کی صلاح پر دلیل ہے۔ اور اگر عورت دیکھے کہ اس کا عضو تناسل ہے اور جماع کرتی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عزت اور بزرگی کم ہوگی۔

اور اگر عورت دیکھے کہ اس نے مردانہ لباس پہنا ہوا ہے۔ اگر وہ عورت پارسا ہے تو خیر و اصلاح پر دلیل ہے اور اگر فسادی ہے تو شر اور فساد کی دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عورتوں کی دوستی اہل دنیا کے لئے مال کی زیادتی ہے اور اہل اصلاح کے لئے علم ہے اور غریب عورت کی تاویل آشنا سے بہتر ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی عورت پر کوئی شخص دست درازی کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس عورت کے اہل مالدار ہوں گے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی عورت فساد کے لئے بیگانے کے پاس گئی ہے۔ دلیل ہے کہ وہ لڑکا جنے گی اور خیر اور منفعت پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عورتوں کو دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: شادی۔ دوم: دنیا۔ سوم: اس جہان کا شغل۔ چہارم: نعمت کی فراخی۔ پنجم: قحط۔ ششم: تونگری (مالداری)۔

www.waseemziyai.com

زُنار (جنیو):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں زنار ہے۔ دلیل ہے کہ دین میں ضعیف ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ زنار کمر پر باندھا ہوا ہے۔ اگر دیکھنے والا پارسا نہیں ہے تو کافر ہوگا۔ اور اگر پارسا ہے تو دشمن سے انصاف حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ زنار کاٹا اور باہر ڈالا ہے۔ دلیل ہے کہ بُرے کام سے توبہ کرے گا اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے گا اور نیک راستے کو پسند کرے گا۔

فائدہ:

زُنّار، وہ دھاگہ جو ہندو گلے اور بغل کے درمیان ڈالے رہتے ہیں، جنیو، وہ دھاگہ یا زنجیر جو عیسائی، مجوسی اور یہودی کمر میں باندھتے ہیں۔ (از محمد عبدالاحد قادری)

زنبور (بھڑ شہد کی مکھی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زنبور سفلہ اور کمینہ آدمی ہوتا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو زنبور (شہد کی مکھی) نے ڈنک مارا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کمینے آدمی سے رنج پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس پر بہت سے زنبور جمع ہیں۔ دلیل ہے کہ وہ کمینے لوگوں میں گرفتار ہوگا۔ خاص کر اگر زنبور نے اس کو ڈنک بھی مارا ہو۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو زنبور نے ڈنک مارا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو کمینی عورتوں اور سخن چینوں سے کام پڑے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے زنبور کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ دشمنوں پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ہوا سے بہت سے زنبور اس کے گرد جمع ہوئے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس ملک میں بے قیاس لشکر آئے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زنبور دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: شور۔ دوم: کمینہ شخص۔ سوم: لشکر۔ چہارم: ٹڈی۔ پنجم: دشمن۔ ششم: لڑکے۔

زنبیل (جھولی، ٹوکری):

زنبیل۔ ٹوکرا۔ جھولی۔ بھیک کا کاسہ۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زنبیل عورت یا کنیز ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس زنبیل ہے تو دلیل ہے کہ اس کو خادم ملے گا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ زنبیل خواب میں مال اور نعمت ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زنبیل کا دیکھنا آٹھ وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: خادم۔ سوم: کنیز۔ چہارم: دین کی مضبوطی۔ پنجم: جسم کی دوستی۔ ششم: درازیٔ عمر۔ ہفتم: مال و نعمت۔ ہشتم: خیر و برکت۔

www.waseemziyai.com

زنجبیل (سونٹھ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سونٹھ غم واندوہ پر دلیل ہے اور اس کا کھانا ضرر اور نقصان دہ ہے۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں سونٹھ حکمت اور گفتگو پر دلیل ہے۔ اور خواب میں سونٹھ کا کھانا اور دیکھنا فائدے کے نہ ہونے پر دلیل ہے۔

زنجیر (کنڈی، کڑی، سنگلی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زنجیر مصیبت اور گناہ پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ زنجیر ٹوٹی اور اس نے گرادی ہے تو دلیل ہے کہ گناہ سے توبہ کرے گا اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی گردن میں زنجیر ہے۔ دلیل ہے کہ لوگوں کے مال میں دست درازی کرے گا اور حرام سے نہ بچے گا۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاؤں میں زنجیر ہے۔ دلیل ہے کہ لوگوں کے گھروں میں گناہ کرے گا اور خواب میں زنجیر کا دیکھنا مرد عاصی اور گنہگار ہے۔

زنخ (ٹھوڑی):

زنخ۔ ٹھوڑی۔ خواب میں گھر کا سردار اور بہت عقلمند ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی ٹھوڑی بڑی ہوگئی ہے تو دلیل ہے کہ گھر والوں کے لئے ذلیل ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ کوئی شخص اس کی ٹھوڑی پر ٹھوڑی مارتا ہے۔ دلیل ہے کہ خاندان کا سردار اس سے بات کرے گا اور اس سے رنجیدہ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی ٹھوڑی سے خون نکلا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر خاندان کے بزرگوں سے نقصان پہنچے گا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کے کسب اور کام میں نقصان پڑے گا۔

زندان (قید خانہ، جیل):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ قید خانے میں ہے اور قیدیوں کو نہیں دیکھتا ہے تو یہ اس کی ہلاکت پر دلیل ہے۔ اور اگر قید خانہ معلوم ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ قید خانے میں پاؤں ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام دیر تک رہے گا اور غم وفکر میں ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھنے والا پارسا نہیں ہے تو اس کو دین کے شغلوں سے غم اندوہ حاصل ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کوئی مرد بیڑی لگے ہوئے جا رہا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا رکا ہوا کام پورا ہو جائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ایسا قید خانہ دیکھنا کہ جس کا علم ہے۔ مراد پانے

www.waseemziyai.com

پر دلیل ہے اور عاقبت نیک ہے۔

فرمان اللہ تعالیٰ ہے: قال رب السجن احب الی مما یدعوننی الیه۔ (عرض کی کہ اے میرے رب! جس چیز کی طرف وہ مجھے بلاتی ہیں اس سے قید خانہ میرے لئے زیادہ پسندیدہ ہے)۔

اور اگر قید خانہ نامعلوم ہے۔ اندھا ہوگا اور غم واندوہ میں رہے گا۔ جیسا کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا ہے: السجن قبر الاحیاء و منزل البلوی و تجدبته الاصدقاء و شماتته الاعداء ۔ (کہ خواب میں قید خانہ زندوں کی قبر ہے اور بلا کی منزل ہے اور دوستوں کی آزمائش اور دشمنوں کی خوشی ہے)۔

اور اگر دیکھے کہ قید خانہ میں گیا ہے اور جلدی نکلا ہے۔ دلیل ہے کہ پوری مراد پائیگا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں قید خانہ قبر ہے۔

زنگلہ (جھانجھ۔ گھنگھرو):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گھنگرو لڑائی اور جھگڑا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس جھانجھ ہے تو دلیل ہے کہ کسی سے لڑائی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی دوست نے اس کو سونے یا چاندی کا گھنگرو دیا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی مالدار سے جنگ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ گھنگرو چاندی یا پیتل کا ہے دلیل ہے کہ اس کا جھگڑا کسی عام آدمی سے ہوگا۔

زہار (ناف کے نیچے بالوں کی جگہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کے موئے زیر ناف نہیں ہیں، دلیل ہے کہ اس کا کام رُک جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی ناف کے نیچے بیماری یا درد ہے تو دلیل ہے کہ رنج کے مطابق صاحب خواب کو زحمت ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ زیر ناف کا خواب میں دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوئم: مال۔ اور جو کمی بیشی زیر ناف ہوگی۔ اس کی تاویل عورت اور اس کے مال پر رجوع کرتی ہے۔

زہر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زہر کھانا مال حرام یا خون باطل اور ناحق ہے۔ اور اگر دیکھے کہ زہر کھانے سے اس کا جسم سوج گیا ہے دلیل ہے کہ مال حرام حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا جسم زہر آلود ہے۔ دلیل ہے کہ جس کام میں ہوگا سخت حریص ہوگا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ بات کہے گا اور آگے بڑھے گا۔

اگر دیکھے کہ اس کے جسم کو زہر سے تکلیف ہوئی ہے یا سوج گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے مطابق اس کو غم واندوہ پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ زہر کھائی ہے دلیل ہے کہ کسی پر غصہ کھائے گا۔

www.waseemziyai.com

زہرہ (پتا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ وہ لوگوں کا پتہ کھاتا ہے۔ دلیل ہے کہ غصہ کھائے گا اور اگر دیکھے کہ چوپائے کا پتہ کھایا ہے تو دلیل ہے کہ بدخواہ اور غصے دار ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا جسم لوگوں کے پتوں سے آلودہ ہوگیا ہے۔ دلیل ہے کہ لوگوں کو تکلیف دے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا جسم لوگوں کے پتوں سے آلودہ ہوگیا ہے۔ دلیل ہے کہ حرام کا لباس پہنے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا جسم پتا دینے سے آلودہ ہوگیا ہے۔ دلیل ہے کہ بدخواہ اور نالائق شخص سے صحبت کرے گا۔

زوبین (نیزہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں نیزہ ہے اور کوئی چیز نیزے کے سوا نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ نیزے کے ساتھ ہتھیار بھی ہیں۔ دلیل ہے کہ بادشاہ سے خیر اور منفعت دیکھے گا اور دشمن پر فتح پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے نیزہ ڈالا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کو بری بات کہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی کو نیزے سے زخمی کیا ہے دلیل ہے کہ کسی کو جھوٹی تہمت لگائے گا۔

زیتون کا روغن:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زیتون غم واندوہ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس زیتون ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے اور اس نے کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس قدر غم واندوہ کھائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زیتون کا روغن خیر و برکت پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ روغن زیتون صاف کرتا ہے اور کھاتا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر غم واندوہ کھائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ زیتون تلخ (کڑوا) نہیں ہے اور روٹی کے ساتھ کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو محنت کے ساتھ نفع حاصل ہوگا۔

زیرہ باج (مصالحہ دار چٹنی):

زیرہ باج۔ زیرے والی چٹنی۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زیرہ باج اگر ترش نہیں ہے اور مٹھاس کی طرف مائل ہے۔ تو خیر و منفعت پر دلیل ہے۔

اور اگر ترشی کی طرف مائل ہے۔ تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر اس میں زعفران ہے تو بیماری پر دلیل ہے۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں زیرہ باج کا کھانا غم اور مصیبت پر دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

زیلو (قالین):

زیلو ایک قسم کا قالین ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بچھا ہوا قالین دیکھنا درازی عمر اور کام کے پورا ہونے پر دلیل ہے۔ اور جس قدر قالین دراز ہوگا، بہتر ہوگا۔ اور اگر قالین لپٹا ہوا ہے۔ تو عمر کے نقصان پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ چھوٹے قالین پر بیٹھا ہے اور وہ اس کے نیچے فراخ ہوگیا ہے تو دلیل ہے کہ عیش اور روزی فراخ ہوگی۔ اور اگر قالین اپنے ہاتھ سے لپیٹ کر گھر کے گوشے میں رکھ دیا ہے تو دلیل ہے کہ اپنی عزت اور دولت کو تباہ کرے گا۔ اگر اس نے قالین پشت (پیٹھ) پر رکھا ہے۔ دلیل ہے کہ لوگوں کی امانت اس کے ذمے ہوگی اور اگر دیکھے کہ قالین لپیٹ کر کسی کو دیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عمر ختم ہوگئی ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس سبز اور پاکیزہ قالین ہے۔ دلیل ہے کہ اس پر نعمت فراخ ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ پرانا اور پھٹا ہوا قالین ہے۔ دلیل ہے کہ اس پر عیش کی تنگی ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ نامعلوم قالین ڈالا ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ جو کچھ اس کے پاس ہے جاتا رہے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو نیا قالین ملا ہے اور اس نے گھر میں بچھایا ہے تو دلیل ہے کہ دولت اور اقبال پائے گا اور اس کی عمر دراز ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں قالین کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: کام کا بننا۔ دوئم: درازیٔ عمر۔ سوئم: فراخ روزی۔ چہارم: عزت و دولت۔ پنجم: عیش کی دشواری۔ ششم: گناہ۔

زیرہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اگر بہت سا زیرہ دیکھے تو دین اور دنیا کی منفعت پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اگر تھوڑا زیرہ دیکھے تو تھوڑی منفعت پر دلیل ہے۔

زین:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زین اگر چوپائے کی پشت پر نہیں ہے تو عورت ہے۔ اور اگر چوپائے کی پشت پر دیکھے۔ تو اس کے اچھا اور بُرا ہونے کا حکم سوار پر ہے۔

اگر دیکھے کہ زین خریدی یا کسی نے اس کو دی ہے۔ دلیل ہے کہ کنیز خریدے گا یا عورت کرے گا اور بہت مالدار ہوگا۔ اور ممکن ہے کہ کسی کی وراثت پائے۔ اور اگر دیکھے کہ زین ٹوٹ گئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عورت مرے گی۔ یا بیمار ہوگی۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ اس کی زین سونے اور چاندی سے آراستہ ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت مغرور اور متکبر ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی زین سیاہ ہے اور اس میں کوئی آرائش نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عورت پارسا اور دیندار ہوگی۔ اور خواب میں زین بنانے والا دلالہ عورت ہے۔ جس کا پیشہ دلالی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہی بہتر اور خوب جانتا ہے۔



www.waseemziyai.com
مرکز العلوم الاسلامیہ (رجسٹرڈ)

کتاب کامل التعبیر سے حرف السین

سار (ایک پرندہ ہے):

سار۔ایک خوش آواز پرندہ ہے۔اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس سار ہے۔تو حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کے مطابق مکار آدمی پر دلیل ہے کہ بہت سفر کرتا ہے۔

اگر دیکھے کہ اس نے سار پکڑا ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے۔دلیل ہے کہ مسافر آدمی کے ساتھ اس کی صحبت ہوگی۔اور اگر دیکھے کہ اس نے سار کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ جس قدر اس نے کھایا ہے اس کو اسی قدر خیر و منفعت پہنچے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سار کا دیکھنا کافر مرد کا دیکھنا ہے جو بہت جھوٹ بولتا ہے۔اور اگر دیکھے کہ بہت سے سار اس پر جمع ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ کافروں میں گرفتار ہوگا۔

ساطور (چھری):

ساطور۔چھری۔حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چھری بہادر اور دلیر مرد ہے۔

اگر دیکھے کہ اس کے پاس چھری ہے تو دلیل ہے کہ ایسے مرد سے صحبت ہوگی۔اور اس سے خیر و منفعت پائے گا۔اور اگر دیکھے کہ چھری ٹوٹی ہے یا ضائع ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی ایسے آدمی سے جدائی ہو جائے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چھری ایسا مرد ہے کہ مشکل کام اس کی وجہ سے آسان ہوتے ہیں۔خاص کر اگر بڑا چھرا ہے۔

ساعد (کلائی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ہاتھ کی کلائی خواب میں دوست اور معتبر شریک ہے۔اگر دیکھے کہ اس کی کلائی قوی ہے۔دلیل ہے کہ اس کو دوستوں اور شریکوں سے خیر و منفعت پہنچے گی۔اور اگر دیکھے کہ اس کی کلائی ٹوٹی ہے تو دلیل ہے کہ دوست اور شریک اس سے جدا ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ کی کلائی پر بہت سے بال ہیں۔دلیل ہے کہ دوست اس سے جدا ہوں گے اور وہ غمگین ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنی کلائی سے بال مونڈے ہیں۔دلیل ہے کہ قرض سے سرخرو ہوگا۔

www.waseemziyai.com

ساق (پنڈلی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پنڈلی مال اور معیشت ہے کہ جس پر لوگوں کو بھروسہ ہے۔ اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ پنڈلی لوگوں کے لئے عزت اور مرتبہ ہے۔

اگر دیکھے کہ پنڈلی اس کی قوی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا کام اچھا ہوگا۔ اور اگر اس کی پنڈلی کمزور ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا حال اور کام ضعیف اور بے انتظام ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی پنڈلی لوہے یا ہشت دھات (آٹھ دھات) کی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی اور اس کا مال پائدار رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی پنڈلی ٹوٹی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے جسم پر بدی ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پنڈلی کا دیکھنا مردوں کے لئے عورت اور عورتوں کے لئے خاوند ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی پنڈلیاں ایک دوسری پر لپٹی ہیں تو خوف ہلاکت کی دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی پنڈلی پر بہت سے بال ہیں تو دلیل ہے کہ قرض دار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے پنڈلی سے بال مونڈے ہیں تو دلیل ہے کہ وہ قرض سے فارغ ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پنڈلی کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: مال۔ دوئم: معیشت۔ سوئم: درازیٔ عمر۔ چہارم: مردوں کے لئے عورت اور عورتوں کے لئے خاوند۔

سایہ (چھاؤں):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سایہ بزرگی اور ہیبت ہے اور بادشاہ کا سایہ بھی تاویل میں بادشاہی ہے اور دیوار کا سایہ بزرگ آدمی ہے اور بے ثمر درخت کا سایہ فساد پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی جگہ سایہ کے نیچے بیٹھا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی موت قریب ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **الم تر الی ربك كيف مد الظل ولو شاء لجعله** ساکنا۔ (تو اپنے رب کی قدرت کی طرف نہیں دیکھتا ہے؟ کہ اس نے سایہ کو کس طرح دراز کیا ہے۔ اور اگر چاہتا تو اس کو ٹھہرا دیتا)۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سائے کے نیچے بیٹھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: بزرگی۔ دوم: ہیبت۔ سوم: پناہ۔ چہارم: منفعت۔ پنجم: موت۔

سائبان:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سائبان کمینہ بادشاہ ہے۔ اگر دیکھے کہ سائبان کے نیچے بیٹھا ہے، تو دلیل ہے کہ ایسے بادشاہ کی خدمت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سائبان اس پر گرا ہے اور اس پر

www.waseemziyai.com

کچھ تکلیف نہیں پہنچی ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ اس پر غصہ کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ سایہ بان پشم یا سُوت کا ہے اور اس کا رنگ سفید یا سبز ہے۔ دلیل ہے کہ ظالم بادشاہ کی خدمت کرے گا۔

سپر (ڈھال):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ڈھال کو ہاتھ میں رکھنا دلیل ہے کہ بادشاہ کے لوگوں سے اس کو پناہ ہوگی۔ اور اگر ڈھال کے ساتھ اور ہتھیار بھی دیکھے۔ تو ایسے مرد پر دلیل ہے۔ جو دوستوں اور بھائیوں کو برائی سے حفاظت میں رکھتا ہے۔

اور اگر دیکھے کہ ڈھال زمین پر رکھی ہے تو دلیل ہے کہ اس کسی فاضل شخص سے صحبت ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ڈھال کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: بھائی۔ دوئم: دوست۔ سوئم: قوت۔ چہارم: فرزند۔ پنجم: امن۔ ششم: ڈھال کی بزرگی کے مطابق پشت و پناہ۔

سپرز (تلی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تلی کو دیکھنا مال اور شادی ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس بیل کی تلی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو اس سال میں کچھ حاصل ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس جنگلی چوپاؤں (جانوروں) کی تلیاں ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو مسافر آدمی سے مال ملے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سی تلیاں ہیں تو دلیل ہے کہ گراہوا مال پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سب طرح کی تلیوں کو دیکھنا مال ہے۔ اور جس جانور کا گوشت حلال ہے اس کی تلی کا دیکھنا مال حلال کا پانا ہے۔ اور جس جانور کا گوشت حرام ہے اس کی تلی کا دیکھنا مال حرام ہے۔

سبزہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سبزہ دین ہے۔ خاص کر اگر وقت میں ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس زمین ہے اور اس میں بہت سبزہ ہے تو اصلاح پاک دینی پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس زمین میں نامعلوم گھاس ہے اور وہ اس کو پہچانتا نہیں ہے اور اس کو تعجب سے دیکھتا ہے اور جانتا ہے کہ وہ زمین اس کی ملکیت ہے۔ یہ سب کچھ صاحب خواب کے دین اور دیانت پر دلالت کرتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس زمین میں نامعلوم گھاس ہے تو اس کے مال اور فراخی نعمت پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سبزہ اگر وقت پر ہے تو اس کے زہد اور پرہیز گاری پر دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سبزہ زار اچھا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ سبزہ زار میں مقیم ہے۔ دلیل ہے کہ راہ دین پر قائم ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ مردہ سبزہ زار میں مقیم ہے۔ تو اس کی عاقبت اور ثواب آخرت پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر سبزہ زار پاکیزہ اور لہلہاتا دیکھے اور جانے کہ میری ہی مِلک ہے۔ تو پاک دین اور پرہیز گاری اور اس کی دیانت پر دلیل ہے۔ اور اگر سبزہ زار زرد اور مرجھایا ہوا دیکھے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

اور اگر دیکھے کہ سبزہ زار میں ہے جو دوسروں کی ملک ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی صحبت پارسا اور دیانت دار لوگوں کے ساتھ ہوگی۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی صحبت بُرے لوگوں سے ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سبزے کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: سلامتی کا رستہ۔ دوم: دین۔ سوم: پاک اعتقاد۔ چہارم: پرہیز گاری۔

سبل (آنکھوں کی بیماری):

سبل ایک بیماری چشم ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی آنکھوں میں سبل ہے جس کے باعث دیکھ نہیں سکتا ہے۔ دلیل ہے کہ تاریکی کے مطابق اس کے دین میں نقصان ہوگا۔ اور اگر آنکھیں نیلگوں ہیں اور ان میں سبل ہے۔ دلیل ہے کہ بدعت کے راستے پر ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ سرخ آنکھوں میں سبل ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا فرزند بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی آنکھ سے سبل نکالا ہے دلیل ہے کہ توبہ کرے گا۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کا فرزند بیماری سے شفاء پائے گا۔ اور اگر سفر میں ہے تو سلامتی کے ساتھ واپس آئے گا۔

سلبو (مٹکا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مٹکا دیکھنا منافق آدمی ہے کہ جس کے ہاتھ پر مال ضائع ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مٹکا کنیز یا خادم ہے۔ اگر دیکھے کہ نیا مٹکا لیا ہے یا خریدہ ہے۔ دلیل ہے کہ کنیز خریدے گا یا غلام حاصل کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ مٹکا ضائع ہوا یا ٹوٹا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی کنیز یا خادم مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے مٹکے میں سوراخ ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ کنیز یا خادم بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ مٹکا صاف پانی سے بھرا ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ کنیز یا خادم سے منفعت حاصل کریگا۔

www.waseemziyai.com

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مٹکا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: منافق مزدور۔ دوم: عورت۔ سوم: خادم: چہارم: کنیز۔ پنجم: دین کی مضبوطی۔

سلبوس (بھسی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بھسی محتاجی پر دلیل ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ کوئی مرد بھسی کی روٹی کھاتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس ملک میں قحط اور تنگی پڑے گی۔ اور اگر دیکھے کہ بھسی کو گھر سے باہر ڈالا ہے۔ تو نعمت اور فراخی پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بھسی تین وجہ پر ہے۔ اول: محتاجی۔ دوم: قحط۔ سوم: عیش کی تنگی (یعنی رزق کی کمی)۔

سپید آب (سفید پانی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سپید آب (سفید پانی) دیکھنا غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس سپید آب ہے۔ یا کسی نے اس کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ کسی سے گفتگو کرے گا اور ہمیشہ غمگین رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے چہرے پر سفید آب ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر دنیا کا سامان حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ سپید رو خدمت گار ہے۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ گھر کا مالک ہے اور اس کا نیک وبد ہے۔ صاحب خانہ کی طرف رجوع کرتا ہے۔

سپید مہرہ (کوڑی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں کوڑی دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا پوشیدہ راز ظاہر ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ کوڑیوں سے کھیل نہیں سکتا ہے تو دلیل ہے کہ نہ جانا ہوا کام کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سپید مہرہ دیکھنا مردوں کے لئے رنج اور سختی ہے۔ اور عورتوں کے لئے رسوائی اور راز کا ظاہر ہونا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سپید مہرہ کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: بری چیز۔ دوم: جھوٹی بات۔ سوم: راز کا ظاہر ہونا۔ چہارم: رنج اور سختی۔

ستارگاں (ستارے):

حضرت دانیال رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ستارے بزرگوں اور امیروں پر اور آفتاب بادشاہ پر اور چاند وزیر پر دلیل ہے۔ اگر خواب میں زحل ستارے کو دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا کام دیہاتی لوگوں سے ہوگا اور

www.waseemziyai.com

اس کوان سے مال اور نعمت حاصل ہوں گے۔

اور اگر مشتری ستارے کو خواب میں دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا کام سردار مصلح اور پارسا اور خیر خواہ سے پڑے گا۔

اور اگر خواب میں مریخ ستارے کو دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا کام خوب صورت اور بارعب عورتوں سے اور خادموں سے پڑے گا اور ان سے خیر اور آرام پائے گا۔

اور اگر خواب میں عطارد ستارے کو دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی صحبت مردانا اور بات کرنے والے سے ہوگی۔ اور اس سے فائدہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بعض ستارے اس سے باتیں کرتے ہیں تو دلیل ہے کہ بزرگی اور مرتبہ پائے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ تین ستاروں تک جیسے عیوق، عقیق، سہیل کلیل کہ جن کی مشرک لوگ پرستش کرتے ہیں، ایک کو خواب میں دیکھے تو دلیل ہے کہ مشرکوں کے ساتھ اس کی صحبت ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ روشن ستارہ زمین پر گرا ہے اور گم ہو گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس ملک میں سے کوئی عالم دنیا سے رحلت کرے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: وبالنجم هم يهتدون۔ (اور وہ لوگ ستارے سے ہدایت راہ پاتے ہیں)۔ اور اگر دیکھے کہ ستارے پھرتے ہیں تو دلیل ہے کہ بزرگوں میں فتنہ اور آشوب پڑے گا۔

اور اگر دیکھے کہ ستارہ ہاتھ میں پکڑا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا اور وہ بادشاہ کا مقرب ہو گا۔ اور اگر اپنے گھر میں ستارہ دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے بہت سے فرزند ہوں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ ستارے آسمان سے متفرق ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ بادشاہ کے کاروبار میں تفرقہ پڑے گا۔

اور اگر دیکھے کہ سعد ستارے ایک جگہ جمع ہوئے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کا حال نیک ہوگا۔ اور دیکھے کہ ستارے اس کے گھر سے نکلے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے فرزند بادشاہ کے مقرب ہوں گے۔ اور اگر دیکھے کہ ستارے اس کے تابعدار ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ بادشاہی پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ ستارے باتیں کرتے ہیں۔ دلیل ہے کہ وقت کا بادشاہ منصف ہوگا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ بادشاہ جابر اور ظالم ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ ستارے آپس میں جنگ کرتے ہیں تو دلیل ہے کہ اس ملک میں لڑائی اور جنگ برپا ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنی بغل میں ستارے رکھے ہیں تو دلیل ہے کہ بہت سا مال حاصل کریگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ ستاروں میں سے ایک ستارے نے اس کے برابر حرکت کی ہے اور اس کی گود میں گرا ہے۔ دلیل ہے کہ فرزند عزیز اور صاحب مرتبہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ ستارہ جو اس کا صاحب طالع ہے۔ اپنی منزل میں ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی نسل زیادہ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ ستارے

www.waseemziyai.com

کی پرستش کرتا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بزرگ عالم کی خدمت کرے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ان ستاروں کا دیکھنا جن سے لوگ جنگل میں راستہ معلوم کرتے ہیں۔ خیر ومنفعت پر دلیل ہے۔ اور جن کا دیکھنا برائی اور نقصان پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ستاروں کا دیکھنا نو وجہ پر ہے۔ اول: فقہاء۔ دوم: علماء۔ سوم: قصاب۔ چہارم: خلفاء۔ پنجم: وزراء۔ ششم: وزیر۔ ہفتم: خزانہ۔ ہشتم: لڑاکے لوگ۔ نہم: شاگر لوگ۔

حکایت:

بیان کرتے ہیں کہ بغداد شریف میں ایک شخص نے خواب میں دیکھا کہ ایک روشن ستارہ زمین پر گرا ہے۔ اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ کوئی عالم دنیا سے رحلت کرے گا۔ اور پھر اسی ہفتہ میں حضرت سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اس جہان فانی سے آخرت کی طرف کوچ فرما گئے۔

ستون:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ستون صاحب خواب کے لئے صاحب دولت اور با اقبال شخص ہے۔

اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس قوی ستون ہے تو دلیل ہے کہ کسی اقبال والے مرد سے مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر کا ستون گرا ہے یا ٹوٹا ہے تو یہ اس کی ہلاکت پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ستون اسلام ہے۔ اور اگر دیکھے کہ گھر کا ستون گرا یا ٹوٹا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خانہ ہلاک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اُس کے گھر کا ستون باریک ہے۔ تو یہ اس کے دین کے ضعف پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ستون دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: صاحب دولت۔ دوم: موت۔ سوم: باحشمت (دبدبے والا) مرد۔ چہارم: کاموں میں قوت۔ پنجم: ولایت۔

سجادہ (جانماز):

سجادہ مصلےٰ۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جانماز دیکھنا بہتری ہے۔ اور اگر دیکھے کہ مسجد میں مصلے پر بیٹھا ہے۔ دلیل ہے کہ ملک حجاز (مکہ اور مدینہ شریف) کے سفر کو جائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: واتخذوا من مقام ابراھیم مصلی۔ (اور مقام ابراہیم پر جائے نماز بناؤ)۔ خاص کر اگر دیکھے کہ مسجد میں اعتکاف بھی کیا ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ جائے نماز پشم یا سوت کا ہے۔ دلیل ہے کہ طاعت

www.waseemziyai.com

اور عبادت میں مشغول ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا جانماز جل گیا ہے۔ اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا جانماز پشمینہ کا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عبادت ریاکاری کی ہوگی۔

سجدہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اللہ تعالیٰ کو سجدہ کیا ہے۔ دلیل ہے کہ بزرگ مرد اور فتح مند ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ غیر حق کو سجدہ کیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے دل کی مراد پوری نہ ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی سردار کو سجدہ کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے دکھ پہنچے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **افتعبدون من دون اللہ مالا ینفعکم ولا یضرکم**۔ (کیا تم غیر اللہ کی عبادت کرتے ہو، جو نہ تو تمہیں نفع دیتا ہے اور نقصان دیتا ہے)۔

سختن (تولنا):

سختن۔ وزن کرنا۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں ترازو ہے۔ اور کچھ تولتا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں میں انصاف کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ درست تولتا ہے۔ دلیل ہے کہ سچائی پر حکم کرے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **وزنو بالقسطاس المستقیم** ۔ (اور صحیح ترازو کے ساتھ وزن کرو)۔

اگر دیکھے کہ درست تولتا ہے۔ اگر اہل علم سے ہے تو قاضی ہوگا۔ اور اگر عالم نہیں ہے تو دلیل ہے کہ قاضی کا محتاج ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب صحیح تولنا چار وجہ پر ہے۔ اول: صحیح حکم۔ دوم: نیکی۔ سوم: انصاف کی محتاجی۔ چہارم: حکام بننا۔ اور اگر وہ صحیح نہ تولے تو تاویل اول کے خلاف ہے۔

سخن (بات کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بات کرنا اور سننا زبانوں کی تاویل پر مختلف ہے۔ اگر دیکھے کہ عربی زبان میں گفتگو کرتا ہے تو دلیل ہے کہ بزرگوں سے عزت اور مرتبہ پائے گا اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث شریف سنے گا۔

اور اگر فارسی زبان میں بات کی ہے یا سنی ہے تو دلیل ہے کہ بزرگوں کی صحبت میں رہے گا۔ اور ان سے نیکی پائے گا۔

اور اگر عبرانی زبان میں بات کی ہے یا سنی ہے تو دلیل ہے کہ مال اور وراثت حاصل کرے گا۔ اور اگر ہندی زبان میں بات کرے یا سنے تو دلیل ہے کہ بے اصل اور کمینے آدمی سے اس کو کام پڑے گا۔ اور اگر ترکی

www.waseemziyai.com

زبان میں بات کرے یا سنے تو دلیل ہے کہ دیہاتیوں کی صحبت میں رہے گا۔ اور اگر خوارزمی زبان میں بات کرے یا سنے تو دلیل ہے کہ بری بات سنے گا۔ اور اگر سقلابی زبان میں بات کرے یا سنے تو دلیل ہے کہ اس کا کام بے انصاف آدمی سے پڑے گا۔ اور اگر یونانی زبان میں بات کرے یا سنے تو دلیل ہے کہ عقلی مشاغل میں مشغول ہوگا۔ اور اگر رومی زبان میں بات کرے یا سنے تو دلیل ہے کہ اس کو کسی نادان کی صحبت سے غم واندوہ پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ تمام زبانوں میں بات کرتا ہے اور سنتا ہے تو دلیل ہے کہ جس کام کو شروع کرے گا اس سے نفع پائے گا۔ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے ہر ایک زبان میں بات کرتا اور سنتا ہے۔ اگر خواب خیر اور اصلاح کا ہے۔ تو اس کی تاویل خیر اور اصلاح ہے۔ اور اگر شرارت اور فساد کی باتیں کرتا ہے تو اس کی تاویل شر اور فساد ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اپنے اعضاء میں سے کسی سے بات کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ اپنے آپ پر سچی گواہی دے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **یوم تشهد علیهم السنتهم وایدیهم وارجلهم بما کانو یعملون**۔ (اور جس دن ان کی زبانیں اور ہاتھ اور پاؤں ان کے عملوں کی گواہی دیں گے)۔

اور جس عضو کے ساتھ بات کرے گا۔ دلیل ہے کہ بے انصافی اور ظلم پر ہوگا۔

سراب (ریت جو دور سے پانی نظر آتی ہے):

سراب۔ جو دور سے پانی معلوم ہوتی ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سراب جھگڑا اور خصومت (لڑائی) ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس سراب ہے۔ یا کسی نے اس کو دی ہے دلیل ہے کہ کسی سے جھگڑا کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سراب کھائی ہے۔ تو بھی یہی دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ سراب زرد ہوگئی ہے اور کھاتا ہے۔ دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ سراب کسی کو دی ہے۔ یا گھر سے باہر ڈالی ہے۔ دلیل ہے کہ لڑائی جھگڑے سے خلاصی پائے گا۔ اور سراب کو خواب میں دیکھنا غیر مفید ہے۔

سر (سری):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں سر کا دیکھنا قوم کا سردار ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کٹا ہوا سر لیا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی سردار کو دوست رکھے گا اور اس سے خیر ومنفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بغیر زخم تلوار کے اس کا سر جسم سے جدا کیا ہے۔ اگر قرضدار ہے تو قرض سے سرخرو ہوگا اور غم سے خوشی پائے گا۔ اور اگر یہ خواب غلام دیکھے تو دلیل ہے کہ آزاد ہو جائے گا۔ اور اگر بیمار دیکھے تو شفاء پائے گا اور اگر سردار دیکھے تو ملک پائے گا۔ اور اگر آزاد اور مالدار یہی خواب دیکھے تو عورت کرے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی بہت سے کٹے ہوئے سر دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس جگہ بہت سے سردار لوگ جمع ہوں گے۔ اور اگر دیکھے کہ ان سروں سے بال یا چمڑا یا بھجیا نکالا ہے تو دلیل ہے کہ ان سرداروں سے مال حاصل کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ سروں کا چمڑا کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ بزرگوں اور سرداروں سے مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ لوگوں کے سروں کا چمڑا کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی رئیس اس پر عتاب کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کسی معلوم آدمی کا سر کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اپنا سرمایہ کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ جنگلی چوپائے کا سر کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نامعلوم آدمی کا سر کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ کسی کا سرمایہ کھائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ مرغ کا سر کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر بادشاہ کا مال کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کوئی شخص ایک سر یا کئی سر اس کے پاس لایا ہے۔ دلیل ہے کہ اس گروہ کا سردار ہوگا اور اس سے خیر اور نیکی پائے گا۔ اور اگر خواب میں کسی عورت کا سر دیکھے تو دلیل ہے کہ مال دار عورتوں سے راحت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بکری کی سری کھائی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی اور مال حلال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بیل کا سر کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس سال میں مال اور نعمت پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں اپنا سر بڑا دیکھے تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبہ پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے دو سر ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا کام قوی ہوگا۔ اور اگر اپنا سر ننگا دیکھے تو دلیل ہے کہ اپنے کام سے گرے گا اور غمگین ہوگا۔ اور اگر اپنے سر پر زخم دیکھے کہ اس سے خون بہتا ہے تو دلیل ہے کہ کسی سے جھگڑ پڑے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے سر سے بھجیا نکلا ہے اور زمین پر گرا ہے دلیل ہے کہ اس کے ہاتھ سے سرمایہ جاتا رہے گا اور اگر دیکھے کہ پھر بھیجے کہ اس کو جگہ پر رکھا ہے تو دلیل ہے کہ پھر مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا سر چکنا ہے۔ دلیل ہے کہ نیک کام کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں کٹا ہوا سر ہے تو دلیل ہے کہ مال بہت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا سر نیک بات کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ نیکوکار ہوگا اور کاموں میں انصاف کرے گا۔ اور اگر بری بات کہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ اور اگر اپنے سر کے دو ٹکڑے دیکھے۔ اس طرح کہ آدھا دائیں ہاتھ میں ہے اور آدھا بائیں ہاتھ میں ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ماں باپ مریں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا سر اس کے ہاتھ میں ہے تو دلیل ہے کہ سردار سے خیر و منفعت پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا سر ہاتھی کے سر جیسا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ

www.waseemziyai.com

ملک پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا سر اونٹ کے سر جیسا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ فساد اور حرام کی طرف مائل ہو گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا سر گھوڑے کے سر جیسا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا سر گدھے کے سر جیسا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے بخت سے نصیب پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا سر بیل کے سر جیسا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ خلقت (مخلوق) کے نزدیک خوار ہو گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا سر بکری جیسا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس پر جہالت غالب آئے گی۔

اور اگر اپنا سر شیر کے سر جیسا دیکھے تو دلیل ہے کہ حکومت پائے گا اور دشمن کو مغلوب کرے گا۔ اور اگر اپنا سر کتے کے سر جیسا دیکھے تو دلیل ہے کہ ذلت اور خواری پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا سر خنزیر جیسا ہو گیا ہے۔ خدا کی قسم پناہ! اس کا میلان کفر کی طرف ہو گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا سر بلور کا ہو گیا ہے تو یہ اس کی ہلاکت پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا سر سونے یا چاندی کا ہو گیا ہے۔ دلیل ہے کہ مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا سر لوہے یا پتھر کا ہو گیا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کمینے سردار کی خدمت کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا سر لکڑی کا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی موت قریب ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا سر ٹھیکری کا ہو گیا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی گپی آدمی کی خدمت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا سر مرغوں کے سر جیسا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا سر کٹا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو پھانسی پر لٹکائیں گے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا سر جسم سے جدا ہوا ہے اور پھر اس کی جگہ میں رکھ دیا ہے اور درست ہو گیا ہے دلیل ہے کہ آخر کار شہیدوں کا مرتبہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس سر ہے اور اس کی عورت حاملہ ہے۔ دلیل ہے کہ لڑکا پیدا ہو گا۔

اور اگر عورت اپنا سر منڈا ہوا دیکھے۔ تو دلیل ہے کہ اس کا شوہر مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بھنا ہوا گوشت سر کا کھایا ہے تو دلیل ہے کہ مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے بھنا ہوا سر خریدا ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے اور اس کو کھایا ہے تو دلیل ہے کہ کسی رئیس سے فائدہ اٹھائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ بھنا ہوا سر تاویل میں رئیس یا سردار ہے۔ اور دیکھے کہ کچی سری کھائی ہے۔ دلیل ہے کہ وہ کسی سردار کی غیبت کرے گا۔ اور بھنی ہوئی سری کچی سری سے خواب میں دیکھنا بہتر ہے۔

حضرت حافظ معبر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آدمی کا سر باپ ہے یا سردار ہے یا بیٹا ہے اور اگر اپنے سر کو کٹا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ ماں اور باپ سے جدا ہو گا۔ اور اگر اپنا سر اپنے ہاتھ میں دیکھے تو دلیل ہے کہ ان

www.waseemziyai.com

سے ملے گا۔ اور اگر اپنے سر کو پھر گردن پر لگایا ہے تو دلیل ہے کہ کسی سے سرمایہ لے گا یا قرض دے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کٹے ہوئے سر اس کے پاس ہیں اور رقص کرتے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس ولایت کے سرداروں کو مصیبت اور غم واندوہ پہنچے گا۔ اور اگر اپنے کندھے پر بادشاہ کا سر دیکھے۔ دلیل ہے کہ دس ہزار درہم پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آدمی کا سر دیکھنا بارہ وجہ پر ہے۔ (1) رئیس۔ (2) مہتر۔ (3) باپ۔ (4) ماں۔ (5) امام۔ (6) مؤذن۔ (7) عالم۔ (8) دس ہزار درہم پانا۔ (9) لڑکا۔ (10) غلام۔ (11) عورت۔ (12) مالدار شخص۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کا سر بڑا ہے۔ اور نئے کپڑے پہنے ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کی سرداروں سے صحبت ہوگی۔ اور گندا کپڑا پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ کسی سردار سے غم واندوہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے تنور میں سریاں رکھی ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کا سرداروں کے نوکروں سے کام پڑے گا۔

سراب کی زمین:

سراب کی زمین۔ اس کی تاویل بے ہودہ علم اور بات ہے کہ جس میں نفع نہیں ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ سراب والی زمین میں مقیم ہے۔ دلیل ہے کہ باطل علم اور بے ہودہ بات میں مشغول ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ سراب والی زمین سے کھاتا ہے۔ دلیل ہے کہ باطل علم سے روٹی جمع کرے گا۔

سراپردہ (قنات):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر اپنے آپ کو سراپا پردے (اونچی قنات) میں دیکھے اور جانے کہ اس کی ملک ہے۔ دلیل ہے کہ بزرگی اور مرتبہ پائے گا اور ممکن ہے کہ سردار ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ بادشاہ کے سراپردے میں مقیم ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ سے عزت اور مرتبہ پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بادشاہ کا سراپردہ گر گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی سلطنت کا زوال ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ بادشاہ کا سراپردہ جل گیا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ مرے گا اور اگر دیکھے کہ اس کو بادشاہ سراپردہ سے جل گیا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہی پائے گا اور ملک حاصل کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سراپردہ دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: سلطنت۔ دوم: ریاست۔ سوم: ولایت۔ چہارم: دولت۔ پنجم: سپاہی بننا۔ (سراپردہ یعنی اونچی قنات جو ڈیرے کے آس پاس لگاتے ہیں اور جو دیوار کی طرح پردے کا کام دیتی ہے)

سرا (سرائے):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ بیگانی سرا میں ہے اور کسی کو نہیں پہچانتا ہے۔ اور وہاں پر مردے ہیں۔ دلیل ہے کہ وہ سرائے آخرت ہے اور صاحب خواب کی موت قریب ہے۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ وہاں جا کر واپس آیا ہے۔ دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ لیکن شفاء پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ معلوم سرا میں گیا ہے اور اس کی بنیاد مٹی کی ہے دلیل ہے کہ حلال روزی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی بنیاد چونے اور پختہ اینٹ کی ہے دلیل ہے کہ مال حرام پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ وہ سرائے بڑی اور فراخ ہے دلیل ہے کہ اس پر فراخ روزی ہوگی۔ اور اگر چھوٹی سرائے دیکھے۔ تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اپنی سرائے اکھاڑتا ہے۔ دلیل ہے کہ درست راستہ اپنے اوپر بند کرے گا اور عبادت نہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پرانی سرائے اکھاڑی ہے تو دلیل ہے کہ اس پر خیرات کا دروازہ کھلے گا، اور اگر دیکھے کہ نئی اور پاکیزہ سرائے ہے۔ تو تندرستی اور ماں باپ کی درازیٔ عمر کی دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ پاکیزہ اور نئی سرائے کے اندر ہے اور جانتا ہے کہ اس کی ملک ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی روزی فراخ ہوگی اور عزت اور مرتبہ پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ سرائے کا خواب میں دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ اول: مرد کے لئے عورت اور عورت کے لئے خاوند۔ دوم: دولت۔ سوم: امن۔ چہارم: عیش۔ پنجم: مال۔ ششم: ولایت۔ ہفتم: امانت اور عزت۔

سرب (سیسہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس سیسہ ہے۔ دلیل ہے کہ دنیا کا خسیس مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سیسہ پگھلاتا ہے۔ دلیل ہے کہ بدی کے ساتھ لوگوں کی زبان پر پڑے گا۔

سرخی جامہ (سرخ کپڑا):

سرخی جامہ۔ کپڑے کی سرخی۔ مردوں کے لئے سرخ کپڑا برا اور رنج واندیشہ ہے اور عورتوں کے لئے خیر اور خوشی ہے۔

اور اگر مرد دیکھے کہ اس کا تمام لباس سرخ ہے۔ دلیل ہے کہ فتنہ اور خونریزی اس کے ہاتھ پر ہوگی اور سرخی کے مطابق لوگوں پر ظلم کرے گا۔

سرخچہ (سرخ دانے):

سرخچہ۔ سرخ دانے۔ خواب میں دیکھنا زیادتی مال پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے جسم پر سرخ دانے نکلے ہیں۔ دلیل ہے کہ مال کو رنج اور سختی سے حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سرخچہ اس کے جسم سے گم ہو

www.waseemziyai.com

گیا ہے۔تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

سرفہ (کھانسی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کھانسی پانچ وجہ پر ہے۔اول: تر کھانسی۔دوم: خشک کھانسی۔سوم: بلغمی۔چہارم: جس میں خون نکلے۔پنجم: جس میں صفرا نکلے۔

اگر خواب میں دیکھے کہ کھانستے وقت بلغم نکلی ہے تو دلیل ہے کہ کسی کے آگے موجودہ مصیبت کی شکایت کرے گا۔یا مال کی شکایات جو ضائع ہو گیا ہے۔اور اگر دیکھے کہ اس کو خشک کھانسی ہے۔دلیل ہے کہ اس کی شکایت محال اور بے ہودہ سے ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو تر کھانسی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اپنوں سے شکایت ہوگی۔اور اگر دیکھے کہ کھانسی خون کی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو فرزندوں سے شکایت ہوگی۔

اور اگر اس کو صفرا سے کھانسی ہے تو دلیل ہے کہ وہ ہر ایک کی شکایت کرے گا۔اور اگر دیکھے کہ کوئی سردار کھانستا ہے دلیل ہے کہ دین کا غم خوار ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کو کھانسی آئی ہے تو ناتوانی دلیل ہے۔اور اگر دیکھے کہ کھانسی اس کے گلے میں رہ گئی ہے۔دلیل ہے کہ اس کی موت کا وقت قریب ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو بڑھوں کی کھانسی ہے کہ بلغم گراتا ہے۔دلیل ہے کہ غم اور محنت سے نجات پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔اگر خواب میں دیکھے کہ کھانستا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ کی طرف سے آفت پہنچے گی۔

سرکہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ سرکہ خواب میں مال حلال ہے۔بابرکت ہے اور اس کے کھانے کی تاویل نیک ہے۔چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: خیر الادام خل۔(بہترین سالن سرکہ ہے)۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں ترش سرکہ غم واندوہ ہے۔اور خواب میں سرکہ فروش آدمی جھگڑالو مرد ہے۔

سرگین (لید):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گاؤ گھوڑے کی لید مال اور نعمت ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے بہت سی لید جمع کی ہے۔تو دلیل مال اور نعمت کی ہے۔اور اگر آدمی کی سرگین دیکھے۔تو مال حرام پر دلیل ہے۔اور اگر دیکھے کہ اس نے آب خانے میں سرگین ڈالا ہے۔دلیل ہے کہ اس کو بری بات پہنچے گی اور اس کے مال کا نقصان ہوگا۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ اس نے بستر میں پلیدی کی ہے۔ دلیل ہے کہ اپنے مال کا کچھ حصہ اپنے عیال کو دے گا۔ اور گر دیکھے کہ سرگین ڈالی اور اس کو زمین میں دفن کیا ہے۔ دلیل ہے کہ مال زمین میں چھپائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ آدمی سرگین (لید) کھاتا ہے۔ دلیل ہے کہ مال حرام کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نامعلوم جگہ پر سرگین ڈالی ہے۔ دلیل ہے کہ اپنا مال کسی جگہ خرچ کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اپنا جسم سرگین سے آلودہ کیا ہے تو دلیل ہے کہ گناہ میں پڑے گا۔ اور اگر دیکھے کہ خواب میں دست لگے ہیں۔ دلیل ہے کہ اپنا مال اسراف سے خرچ کرے گا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ آدمی کی سرگین مال حرام ہے۔ اور چوپاؤں کی سرگین مال حلال ہے اور درندوں کی سرگین مال ہے جو ظلم سے حاصل ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ جو پلیدی آدمی سے جدا ہوتی ہے۔ نقصان کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ پلیدی میں گیا ہے اور غرق ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے غم واندوہ پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پاؤں پلیدی پر رکھا اور گر پڑا اور اس کا کپڑا اور جسم آلودہ ہو گیا ہے۔ دلیل ہے کہ حاکم سے نقصان پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سرگین کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: مال حرام۔ دوم: کشائش رزق۔ سوم: عیال پر خرچ کرنا۔ چہارم: غم کا دور ہونا۔

سرگین گرداں (جعل کیڑا):

سرگین گرداں۔ گندگی کو پھرانے والا کیڑا ہے۔ جعل مال جمع کرنے والا مرد ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے جعل کو پکڑا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی حرام خور مرد سے صحبت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ جعل کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ حرام خور آدمی کو مارے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کھایا ہے تو دلیل ہے کہ حرام خور کا مال کھائے گا۔

سرما (جاڑا، سردی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سرما رنج اور نقصان ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے سرما پایا ہے۔ دلیل ہے کہ سرما کے مطابق اس کو درویشی اور تنگدستی ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو سرما نے نقصان پہنچایا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو اپنوں سے نقصان پہنچے گا۔

سرمہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سرمہ مال ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے آنکھ میں سرمہ لگایا ہے دلیل ہے اصلاح دین کا متلاشی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو سرمہ دیا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر صاحب خواب مال پائے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سرمہ مردوں اور عورتوں کے لیے عزت اور مرتبہ ہے۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں سرمہ پانا راہ حق اور ثواب ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سرمہ فروش ایسا شخص ہے جو اصلاح دین کی جستجو کرتا ہے۔ کیونکہ آنکھ دین ہے اور سرمہ روشنائی ہے۔

سرمہ دانی:

سرمہ دان یا سرمہ دانی۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سرمہ دانی عورت ہے۔ جو ہر وقت اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرتی ہے۔ اور لوگوں کو دین کی راہ کی طرف بلاتی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی سرمہ دانی ٹوٹ گئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت مرے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سرمہ دانی دین دار عورت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی سرمہ دانی کھو گئی ہے تو دلیل ہے کہ عورت کی صحبت سے جدا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ سرمہ دانی خریدی ہے تو دلیل ہے کہ دیندار کنیز خریدے گا۔

سرنج (ایک دوا ہے):

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سرنج غم واندوہ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ سرنج اس کے پاس ہے یا کسی نے اس کو دی ہے۔ تو دلیل ہے کہ غمگین اور فکر مند ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ سرنج کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے سرنج کسی کو دیا ہے یا بھیجا ہے۔ دلیل ہے کہ غم سے آزاد ہوگا۔

سرود (گانا بجانا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سرود گانا بجانا بے ہودہ بات اور مصیبت پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ سرود دوسرے سازوں کے ساتھ جیسے کہ باجہ اور بانسری کے ساتھ گاتے ہیں۔ دلیل ہے کہ اندوہ اور مصیبت زیادہ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ سرود (گانا) سنتا ہے۔ دلیل ہے کہ بے ہودہ بات سنے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ گاتا ہے۔ اگر بازار میں ہے۔ دلیل ہے کہ مالدار لوگ رسوا ہوں گے اور درویشوں کو غم ہوگا۔ اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں گانا یا سننا چھ وجہ پر ہے۔ اول: بے ہودہ کلام۔ دوم: غم واندوہ۔ سوم: مصیبت۔ چہارم: رسوائی۔ پنجم: جنگ۔ ششم: علم وحکمت۔

سرونہا (سینگ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سب طرح کے سینگ نیک ہیں۔ اور صاحب خواب کسی بزرگ سے خیر ومنفعت دیکھے گا۔ اور اگر مادہ گاؤ کے سینگ دیکھے تو دلیل ہے کہ اس سال اس کو بہت

www.waseemziyai.com

نفع ہوگا۔ اگر بہت بڑے ہیں تو بہت زیادہ نفع ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ سینگ ہوا میں لٹکے ہوئے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس ملک والوں کو خیر و منفعت حاصل ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے سر پر دو سینگ ہیں تو دلیل ہے کہ کسی بزرگ سے قوت پائے گا۔ اور اگر صاحب خواب اپنے سر پر بہت سے سینگ دیکھے تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ ایک سینگ رکھتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام پھر درست ہوگا۔ اور خوشی میں عمر گزارے گا۔ اور اگر دیکھے کہ لوگوں کو اس سینگ سے مارتا ہے۔ دلیل ہے کہ لوگوں کو بدی پہنچائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جنگلی چوپاؤں کے سینگ خیر اور منفعت پر دلیل ہیں اور شہری چوپاؤں کے سینگ اس کے خلاف ہیں۔

سریش (جوڑنے کے لیے گوند):

سریش ایک لیس دار چیز ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سریش (جوڑنے کے لیے گوند) غم واندوہ پر دلیل ہے اور اس کا کھانا ضرر اور نقصان کا موجب ہے۔ اور اگر دیکھے کہ سریش سے کوئی چیز چسپاں کی ہے۔ دلیل ہے کہ کوئی کام کرے گا کہ اس کو پھر درستی پر لائے گا۔

سریشم:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس سریشم ہے یا اس کو کسی نے دی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر آرام پہنچے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے سریشم کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ عیال کے باعث کوئی کام کرے گا۔ جو محکم اور مضبوط ہوگا۔

سرین (چوتڑ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ سیرین خواب میں دیکھنا اپنوں میں سے ایک کا دیکھنا ہے۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ دایاں سرین فرزند پر دلیل ہے اور بایاں سرین لڑکی پر دلیل ہے۔ اور اگر سرین کمزور اور چھوٹا دیکھے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا سیرین ٹوٹا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند مرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سیرین کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: فرزند۔ دوم: قوت۔ سوم: باغ۔ چہارم: رشتہ داروں میں سے کوئی شخص۔

www.waseemziyai.com

سطل (تسلا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سطل (تسلا) خدمت گار پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ نیا سطل خریدا ہے۔ دلیل ہے کہ کنیز خریدے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے سطل میں سوراخ ہے۔ دلیل ہے کہ کنیز پر عیب ظاہر ہوگا۔

سعتر:

سعتر ایک قسم کی گھاس ہے۔ جس کو معشوقوں کی زُلف سے تشبیہ دیتے ہیں۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سعتر غم واندوہ ہے۔ اور اس کا کھانا جھگڑا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ اس کا کھانا نقصان مال ہے اور خواب میں سعتر کا دیکھنا اچھا نہیں ہے۔

سفر کردن (سفر کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے سفر کیا ہے اور وہ مقام پہلے سے بہتر ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا حال نیک ہوگا۔ ورنہ اس کے خلاف تاویل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ سفر کیا ہے اور نہیں جانتا ہے کہ کہاں گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اپنے عیال سے جدا ہوگا۔ یا وہاں سے نقل مکانی کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کسی جماعت کو وداع کرنے گیا ہے۔ یا کوئی گروہ اس کو وداع کرنے آیا ہے۔ دلیل ہے کہ ایک مدت تک اس کا حال اور کام متغیر ہوگا اور پھر اپنے حال پر آئیگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس نیا اور پاکیزہ دسترخوان ہے یا اس نے خریدا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی کنیز بدصورت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ دسترخوان پر نان ونعمت ہے تو دلیل ہے کہ کنیز سے نفع پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دسترخوان نہایت منفعت والا ہے۔ اور اگر دسترخوان چھوٹا اور خالی ہے تو دلیل ہے کہ تھوڑی منفعت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا دسترخوان جلا ہے یا ضائع ہوگیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کی کنیز مرے گی یا اس کا مال ضائع ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دسترخوان چار وجہ پر ہے۔ اول: کنیز۔ دوم: خدمت گار۔ سوم: سفر۔ چہارم: کسب اور معیشت۔

سفوف (پھنکی):

سفوف۔ پھنکی۔ اس کا خواب میں کھانا غم واندوہ ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر

www.waseemziyai.com

دیکھے سفوف کھایا اور اس سے خیر و منفعت پائی۔ تو بہتری پر دلیل ہے۔

سقا (ماشکی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ سقا (ماشکی) ایسا شخص ہے کہ جس کے ہاتھ پر خیرات ہوتی ہے۔ خاص کر اگر دیکھے کہ لوگوں کو پانی بغیر طمع اور لالچ کے دیتا ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ بغیر کسی لالچ کے سقائی کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ آخرت کی طرف راغب ہے۔

اگر دیکھے کہ مشک پانی سے بھری ہے اور کسی کو پانی نہیں دیا ہے۔ دلیل ہے کہ مال جمع کرے گا اور اس سے آرام نہ پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ لوگوں کے گھروں میں پانی لے جاتا ہے۔ دلیل ہے کہ لوگوں کے لئے مال جمع کرے گا اور اس سے اس کو فائدہ نہ ہوگا۔

سقنقور (ایک مچھلی ہے ریگ ماہی):

سقنقور ایک مچھلی ہے۔ جو ریت میں رہتی ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس سقنقور (ریگ ماہی) ہے تو دلیل ہے کہ اس کو نیک کام حاصل ہوں گے اور دل کی مراد کو پہنچے گا۔ لیکن اس کا دین ضعیف ہوگا۔ اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ سقنقور مچھلی خواب میں مکروہ ہے۔

سقمونیا (ایک دوا ہے):

سقمونیا۔ ایک مسہل دوا ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سقمونیا غم واندوہ اور نقصان مال پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی بیماری کے لیے کھائی ہے اور اس سے شفا پائی تو خیر و منفعت پر دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ سقمونیا کھانے سے نقصان پایا ہے۔ تو مال کے نقصان پر دلیل ہے۔

سگ (کتا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کتا کمینہ اور مہربان دشمن ہے اور سیاہ کتا عرب میں سے دشمن ہے۔ اور سفید کتا عجم میں سے دشمن ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کتے نے اس کو کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن سے تکلیف اٹھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا کپڑا پھاڑتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے مال میں نقصان ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے کتے کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن کو دفع کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کتے کو روٹی دی ہے تو دلیل ہے کہ اس پر روزی فراخ ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ کتا اس کے نزدیک ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ دشمن اس میں لالچ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کتے نے اس پر تکبیر کی ہے تو دلیل ہے کہ کمینے دشمن پر بھروسہ کرے گا۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ کتیا کا دودھ پیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو خوف اور دہشت (ڈر) پہنچے گا اور اگر دیکھے کہ کتا اس سے بھاگا ہے تو دلیل ہے کہ محتاط دشمن ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کتیا اس کے گھر میں آئی ہے۔ دلیل ہے کہ کم ہمت اور کمینی عورت سے شادی کرے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ شکاری کتا ظاہر دشمن ہے۔ اور اگر دیکھے کہ شکاری کتے کے ذریعہ شکار کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو دشمن سے جو دانشمندی کا دعویٰ کرتا ہے خیر پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ شکاری کتے کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ وراثت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شکاری کتا اس سے دور ہو گیا ہے دلیل ہے کہ با منفعت دشمن سے جدا ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کتا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: دشمن۔ دوم: لالچی بادشاہ۔ سوم: دانش مند۔ چہارم: چغل خور آدمی۔

سکبا (کھانے کی قسم ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر سکبا بکری کے گوشت اور اچھی چیزوں کے ساتھ پکا ہوا ہے تو عیش و خوشی اور عزت اور مرتبے پر دلیل ہے۔ اور اگر گائے کے گوشت کے ساتھ پکا ہوا دیکھے تو مال اور مراد کے پانے پر دلیل ہے اور گوشت مرغ کے ساتھ پکا ہوا دیکھے تو عیش اور خوشی اور بزرگی اور حکومت پر دلیل ہے۔

سکورہ (آب خورہ):

سکورہ۔ کچا آنجور مٹی کا۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو کسی نے نیا سکورہ دیا ہے۔ دلیل ہے کہ پاکیزہ بات سنے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سکورہ ٹوٹا ہے یا ضائع ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ جھوٹی بات سنے گا۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں سکورہ کنیز ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے نیا آب خورہ خریدا ہے دلیل ہے کہ نئی کنیز خریدے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سکورہ ٹوٹ گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی کنیز ہلاک ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آنجورہ نو وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: خادم۔ سوم: کنیز۔ چہارم: دین کی پائیداری۔ پنجم: جسم کی درستی۔ ششم: درازیٔ عمر۔ ہفتم: مال۔ ہشتم: پاکیزہ بات، نہم: عورتوں کی طرف سے وراثت پانا۔

www.waseemziyai.com

سکنجبین (سکنجی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سکنجبین اگر شیریں ہے تو مال حلال روزی پر دلیل ہے جو آسانی سے حاصل ہوگی۔ اور اگر ترش ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔

سلاح (ہتھیار):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ ہتھیار پہن کر بیگانہ لوگوں میں گیا ہے۔ دلیل ہے کہ عام لوگ اس پر زبان درازی کریں گے۔ لیکن اس کو کوئی بات نہ پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ آشنا جماعت میں ہے تو دلیل ہے کہ دشمنوں پر فتح پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی اپنے آپ کو خواب میں تیر وکمان کے ساتھ دیکھے تو دلیل ہے کہ بزرگی پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ ان اوزاروں سے کہ جن کے ساتھ جنگ کرتے ہیں۔ کوئی چیز ٹوٹ گئی ہے یا ضائع ہوگئی ہے۔ تو کسی بڑے نقصان پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی کے ساتھ جنگ اور لڑائی کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ جنگ اور جھگڑے میں پڑے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کوئی اس کو لے گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس شخص کو نقصان پہنچائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو زخمی کیا ہے۔ اور اس شخص کا پتہ نہیں ہے کہ کون ہے؟ دلیل ہے کہ اس کو نقصان پہنچائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس زخم میں پیپ جمع ہوگئی ہے دلیل ہے کہ اسی قدر مال جمع کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس زخم سے گوشت اور ہڈی ٹوٹ گئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس آدمی سے مال اور نعمت حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ لڑائی میں کسی کا ہاتھ کاٹ دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو سخت بات کہے گا اور ان کے درمیان جدائی پڑے گی۔ اور اگر دیکھے کہ کسی کا سر کاٹا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا مال ملے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لڑائی کا اوزار کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: قوت۔ دوم: بزرگی۔ سوم: دولت۔ چہارم: ولایت۔ پنجم: ریاست۔ ششم: قلعہ۔

سلام کردن (سلام کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ کسی دوست نے اس کو سلام کیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ دوست سے خوشی دیکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی دشمن نے اس کو سلام کیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ دشمن اس کا دوست ہو جائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کسی نامعلوم شخص نے اس کو سلام کیا ہے کہ جس کو نہ دیکھا تھا دلیل ہے کہ کوئی مسافر اس کا

www.waseemziyai.com

دوست اور آشنا بنے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کسی بوڑھے نے اس کو سلام کیا ہے کہ جس کو پہلے نہ دیکھا تھا۔ دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کے عذاب سے امن میں ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی آشنا بوڑھے نے سلام کیا ہے تو دلیل ہے کہ خوبصورت عورت کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو کسی دوست نے سلام کیا ہے اور اس سلام کا جواب نہیں دیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ ان ہر دو کے درمیان جدائی پڑے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو جوان عورت نے سلام کیا ہے۔ دلیل ہے کہ دنیا کا اقبال پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ نماز میں ہے اور اس نے بائیں طرف سلام کیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا کام پریشان ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سلام چار وجہ پر ہے۔ اول: امن۔ دوم: شادی۔ سوم: اقبال۔ چہارم: مال کی منفعت۔

سلطان (بادشاہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ بادشاہ سرائے یا مسجد یا کسی شہر یا کسی گاؤں کو گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس جگہ رنج اور مصیبت پہنچے گی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **ان الملوك اذا دخلوا قرية افسدوها**۔ (کہ بادشاہ جب کسی بستی میں داخل ہوتے ہیں تو اس کو خراب کر دیتے ہیں)۔

اور اگر دیکھے کہ لڑائی میں بادشاہ پر غالب آیا ہے تو دلیل ہے کہ مراد پوری ہوگی اور مطلب کو پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اس کا دایاں ہاتھ کاٹا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو قسم دیں گے۔

اور اگر دیکھے کہ بادشاہ تخت سے گرا ہے۔ یا تخت ٹوٹا ہے۔ یا گھوڑے نے اس کو دولتی ماری ہے یا اس کی تلوار ٹوٹی ہے۔ یا بیل نے اس کو سینگ مارا ہے اور اس کو زخمی کر دیا ہے یہ سب سلطنت کے زوال کے نشان ہیں۔

اور اگر عادل بادشاہ کو دیکھے تو عدل کے مطابق اس کے شرف اور بزرگی پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے بہت بڑا بساط (قالین) بچھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو دنیا کا ملک ہوگا اور اس کی عمر دراز ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر بادشاہ اپنے عزم میں نیک ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عمر و مرتبہ زیادہ ہوگا۔ اور اگر مرے ہوئے بادشاہ کو کشادہ رو اور خوش دیکھے اور اس سے باتیں کرے تو دلیل ہے کہ اس کا کام نیک ہوگا اور اس کے مردہ شغل (کام) زندہ ہوں گے۔

www.waseemziyai.com

سماروغ (ایک گھاس ہے):

سماروغ ایک گھاس ہے جس کو کماغ بھی کہتے ہیں اس کا خواب میں دیکھنا عورت کا دیکھنا ہے کہ جس میں بھلا نہیں ہے۔ اور اگر بہت سا دیکھے تو مال و نعمت پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بڑے سماروغ کا دیکھنا فرزند پر دلیل ہے اور چھوٹے سماروغ کا دیکھنا لڑکی پر دلیل ہے۔

سماق (ایک دوا ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سماق کا دیکھنا جنگ اور جھگڑے پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے سماق کھایا ہے تو دلیل ہے کہ کسی سے گفتگو کرے گا اور سماق کھانے میں بھلائی نہیں ہے۔

سمانہ (بٹیر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بٹیر غلام کا لڑکا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ بٹیر پکڑا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کے غلام کے ہاں فرزند پیدا ہوگا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ بٹیر اس کے ہاتھ سے اُڑا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے غلام کا فرزند مرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بٹیر مال اور حلال کی روزی ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: وانزلنا علیکم المن والسلویٰ ۔ (اور ہم نے تم من اور سلوی اتارا تھا)۔

اور اگر دیکھے کہ بٹیر کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ حلال کی روزی پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بٹیر کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: غلام کا فرزند۔ دوئم: حلال کی روزی۔ سوئم: منفعت۔ چہارم: خیر و مال۔

سمور (لومڑی جیسا جانور ہے):

سمور۔ لومڑی جیسا جانور ہے۔ جس کی کھال سے پوستین بناتے ہیں۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سمور کافر اور ظالم اور ڈاکو آدمی ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سمور کے ساتھ لڑائی کی ہے تو دلیل ہے کہ اس صفت کے آدمی سے جھگڑا کرے گا اور جو غالب رہے گا وہی قوی ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ سمور کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ ظالم کا مال کھائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سمور مرد مسافر اور مالدار ہے۔ اور خواب میں اس کا گوشت پوست مال اور مراد ہے۔ اور اگر دیکھے کہ سمور کو مارا اور اس کا گوشت زمین پر گرا۔ دلیل ہے کہ مسافر آدمی کا مال ضائع کرے گا۔

www.waseemziyai.com

سنان (نیزہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ دشمن کے جسم پر نیزہ مارا اور اس کو گرا دیا۔ دلیل ہے کہ دشمن پر غالب آئے گا اور اس کو دلیل سے قائل کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا نیزہ ٹوٹ گیا ہے یا ضائع ہو گیا ہے۔ اس کی تاویل پہلے خواب کے برخلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس کے پاس فولادی نیزہ چمک دار ہے دلیل ہے کہ ولایت پائے گا اور اگر اہلِ ولایت ہے ورنہ بزرگی اور منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے نیزے کو زنگ لگا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو تھوڑا نفع ہو گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نیزے کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: دلیل۔ دوم: ولایت۔ سوم: درازیٔ عمر۔ چہارم: فتح۔ پنجم: ریاست۔ ششم: قیمت نیزہ کے مطابق نفع۔

سنب (سُنبہ):

سُنب۔ سوراخ کرنے کا اوزار ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سنب فرزند ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس سنبہ ہے۔ یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند غائب ہو گا یا مرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چھوٹا سنبہ مال ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس سنبے ہیں یا کسی نے اس کو دیئے ہیں تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاؤں پر سنب ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کی عمر خوشی اور آرام سے گزرے گی۔ اور اگر دیکھے کہ سنب گرا ہے۔ تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

سُنبل (ایک گھاس ہے):

سُنبل ایک بالوں جیسی گھاس ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس سُنبل ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور نعمت حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس خشک سنبل ہے۔ تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ تازہ سنبل کھاتا ہے۔ دلیل ہے کہ مال حلال حاصل کرے گا۔ یا اس کے ہاں فرزند ہو گا جو اس ملک میں مشہور ہو گا۔ اور اگر دیکھے کہ سنبل کو آگ پر جلایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے مال کا نقصان ہو گا۔

سنجاب (چوہے سے بڑا جانور ہے):

سنجاب ایک جانور ہے جو چوہے سے بڑا ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں

www.waseemziyai.com

سنجاب مرد مسافر مالدار اور نامعلوم شخص ہے۔ اور اس کا پوست اور پیم اور ہڈی مانگا ہوا مال ہے۔ اور اس کا گوشت مسافر آدمی کا مال ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے سنجاب کو مارا ہے اور اس کا گوشت کھایا ہے اور ڈالا ہے اس کا پوست پارہ پارہ کیا ہے۔ دلیل ہے کہ مسافر آدمی کا مال تباہ کرے گا یا زور سے لے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے سنجاب کا گلا گھونٹا ہے اور اس کی گردن سے خون جاری ہوا ہے دلیل ہے کہ کنواری لڑکی سے جماع کرے گا۔

سنجد:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سنجد مال صالح ہے جو محنت سے حاصل ہوگا۔ اگر دیکھے کہ اس نے سنجد خریدا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے۔ دلیل ہے کہ بہت سا مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے سنجد کھایا ہے تو دلیل ہے کہ مال کو عیال پر خرچ کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سنجد تین وجہ پر ہے۔ اول: مال جو محنت سے ملے گا۔ دوم: مال جو بغیر محنت سے حاصل ہوگا۔ سوم: بدخو آدمی سے فائدہ اور نفع۔

سندان (اہرن):

اہرن، سندان، یعنی وہ مربع آہنی بٹا جس پر لوہے کو کوٹتے ہیں۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اہرن کا دیکھنا رئیس اور بزرگ مرد کا دیکھنا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس اہرن ہے۔ یا کسی نے اس کو دی ہے اور جانتا ہے کہ اس کی ملک ہے۔ دلیل ہے کہ رئیس سے خیر اور منفعت حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اہرن دلیل ہے کہ کسی سردار کی صحبت میں رہے گا اور اس سے راحت پائے گا۔

اگر دیکھے کہ اس نے اہرن کسی کو دی ہے یا کھو گئی ہے۔ دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی کی صحبت سے جدا ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اہرن کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: رئیس۔ دوم: منفعت۔ سوم: قوت۔ چہارم: ولایت۔ پنجم: کاموں میں اقبال۔

سنگہا (کئی طرح کے پتھر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پتھروں کا دیکھنا دو وجہ پر ہے۔ اول: مال۔ دوم: رئیس۔ اور نرم پتھر کی منفعت بہت زیادہ ہے۔

اگر دیکھے کہ اس نے سفید پتھر لیا ہے تو دلیل ہے کہ خوش خلق رئیس سے اس کی صحبت ہوگی اور اس سے نفع پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے سیاہ پتھر لیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عرب کے رئیس سے صحبت ہوگی۔ اور اگر

www.waseemziyai.com

دیکھے کہ اس نے سرخ پتھر لیا ہے تو دلیل ہے کہ مفسد (فساد کرنے والا) سردار سے اس کو آرام پہنچے گا۔

اور اگر دیکھے کہ پہاڑ پر گیا ہے۔ اور دامن کوہ سے بہت سے پتھر لایا ہے اور دیکھے ہیں۔ اگر پتھر سفید یا سادہ ہیں تو نفاق کی دلیل ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پتھروں کا دیکھنا سختی ہے۔ اگر دیکھے کہ پانی کے نیچے سے پتھر جمع کیے ہیں تو دلیل ہے کہ مکر اور حیلے سے مال جمع کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پتھر پہاڑ سے تراشا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بزرگ سے مال جمع کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی پر پتھر ڈالا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کسی پر پتھر ڈالا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اس پر تہمت لگائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پتھر کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: مال۔ دوم: سرداری۔ سوم: کاموں میں سختی۔ چہارم: محنت کی کمائی۔

سنگ خوارہ (ایک جانور ہے):

سنگ خوارہ ایک پرندہ ہے۔ جو پتھر کھاتا ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے سنگ خوارہ پکڑا ہے۔ دلیل ہے کہ کام میں سختی دیکھے گا اور اس میں بھلائی نہ ہوگی۔ یا اس کو بے وقوف مرد سے کام پڑے گا۔

اور اگر دیکھے کہ سنگ خوارہ اس کے ہاتھ سے اُڑا ہے۔ یا اس کے ہاتھ میں مر گیا ہے تو دلیل ہے کہ مشکل کام سے جلدی خلاصی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے سنگ خوارہ کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ کمائی سے کوئی چیز مشکل کے ساتھ حاصل کرے گا۔

سواری کردن (سوار ہونا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے سواری کی ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ سے گھوڑا اور ہتھیار اور نعمت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سواروں کے ساتھ پھرتا ہے اور سوار اس کے تابعدار تھے۔ دلیل ہے کہ ایک جماعت پر حکومت کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ نامعلوم سواروں نے اس کو دنیا کے سامان میں سے کچھ دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو کسی مسافر سے فائدہ پہنچے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو معلوم سواروں نے کچھ دیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو آشنا یا دوست سے کچھ فائدہ پہنچے گا اور اگر سواروں کو نیلے لباس اور گندوں (گھٹیا) اور دبلوں (کمزور) گھوڑوں پر دیکھے تو اس کی تاویل اول

www.waseemziyai.com

کے خلاف ہے۔

سورہ ہائے قرآنی (قرآن مجید کی سورتیں خواب میں پڑھنا)

سورۃ الفاتحہ:

سورۃ الفاتحہ۔ الحمد شریف۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے سورہ الحمد شریف پڑھی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی اور اس کے کام کا خاتمہ ایمان پر ہوگا۔

سورۃ البقرہ:

اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ البقرہ پڑھی ہے۔ تو بھی یہی تاویل ہے۔ جو سورۃ الفاتحہ کی ہے۔ اور دشمنوں کی شرارت سے امن میں رہے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خلقت (مخلوق) کے اندر راست گو ہوگا۔ اور اگر درویش ہے تو مالدار ہوگا۔ اور اگر بیمار ہے تو شفاء پائے گا۔ غمگین ہے تو خوش ہوگا۔ غلام ہے تو آزاد ہوگا۔

سورۂ آل عمران:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے سورۂ آل عمران پڑھی ہے۔ دلیل ہے کہ تمام برائیوں سے امن میں رہے گا اور پاک ہوگا اور اس کی عاقبت بالخیر ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ آیت شھد اللہ پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کی قضاء پر راضی ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر قرض دار ہے تو قرض سے سرخرو ہوگا اور لوگ اس کو عزیز رکھیں گے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ آیت "قل اللھم مالك الملك" پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ بزرگی اور عزت اور مرتبہ پائے گا اور اس کی مرادیں پوری ہوں گی۔

سورۃ النساء:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ سورۃ النساء پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ وراثت پائے گا۔ اور اس کے رشتہ دار اور اہل بیت زیادہ ہوں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس کا مال اور نعمت بہت زیادہ ہوں گے۔

سورۃ المائدہ:

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ سورۃ المائدہ پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ شرف اور

www.waseemziyai.com

بزرگی پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ سورۃ المائدہ کا پڑھنا مال اور نعمت کی زیادتی پر دلیل ہے۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں سورۃ المائدہ کا پڑھنا صحت وسلامتی پر دلیل ہے۔

سورۃ الانعام:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ سورۃ الانعام پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ دنیا اور آخرت کی سعادت حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بہت سے چوپائے حاصل کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ احسان اور سخاوت کی توفیق پائے گا۔

سورۃ الاعراف:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الاعراف پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ مومن اور دیندار ہوگا۔ اور اس کی عاقبت محمود ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سورۃ اعراف پڑھنا دلیل ہے کہ صاحب خواب کوہ طور کی زیارت سے مشرف ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سورۃ الاعراف کا پڑھنا دلیل ہے کہ سب لوگ اس سے خوش ہوں گے اور امانت کی حفاظت کرے گا۔

سورۃ الانفال:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الانفال پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ خیر اور اصلاح پائے گا۔

سورۃ التوبہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر سورۃ التوبہ پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ گناہ سے توبہ کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر سورۃ التوبہ پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کے کام کا انجام خیر سے ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ دین کی راہ میں یگانۂ روزگار ہوگا۔

سورۂ یونس:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ یونس پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ اس

www.waseemziyai.com

کی روزی فراخ ہوگی اور اس کا کام مراد کو پہنچے گا۔ حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کافروں کا مکر اور جادوگروں کا فریب اس سے دور ہوگا اور دشمنوں پر فتح حاصل کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس کے الفاظ اور عبادت سب درست ہوں گے۔

سورۂ ہود:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ ہود پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی روزی کاشت کاری اور زراعت سے ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس کا کام نیک ہوگا۔ اور تمام کاموں میں با اقبال ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ دین کے کاموں میں یگانۂ روزگار ہوگا۔

سورۂ یوسف:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ یوسف پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ بہت سفر کرے گا اور مال پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ رنج اور محنت کے بعد عزت اور بزرگی پائے گا۔ اور اس کا بول بالا ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ بات کا سچا اور راست گو با امانت ہوگا۔

سورۃ الرعد:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الرعد پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ ہمیشہ عبادت اور قرآن پڑھنے میں مشغول ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ سورۃ الرعد خواب میں پڑھنے والا کار خیر اور اطاعت میں راغب ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس کی عمر کوتاہ ہوگی۔

سورۂ ابراہیم:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ ابراہیم پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ ہمیشہ طاعت اور نیک کاموں میں مشغول ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک عزیز اور گرامی ہوگا۔ اور اس کی عاقبت محمود ہوگی۔

www.waseemziyai.com

سورۃ الحجر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الحجر پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس کی ہر ایک اُمید پوری ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو علم عنایت کرے گا اور اس کی حاجت بڑھائے گا۔

سورۃ النحل:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ النحل پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ حلال کی روزی پائے گا اور اہل دین کا دوست دار ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ محنت اور آفت سے امن میں رہے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو علم عنایت کرے گا۔

سورۂ بنی اسرائیل:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ بنی اسرائیل پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک قرب پائے گا اور دنیا میں عزت و مرتبہ حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ دشمن پر فتح پائیگا اور دل کی مراد کو پہنچے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس کا دین اور اعتقاد پاک ہوگا۔

سورۃ الکہف:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الکہف پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ تمام بلاؤں سے امن میں رہے گا اور دین کی راہ میں یگانۂ روزگار اور با اخلاص ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی اور سعادت پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس قدر عمر پائے گا کہ مراد کو پہنچے گا۔

سورۂ مریم:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ مریم پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ قیامت کے دن عذاب سے خدا تعالیٰ کی پناہ میں ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خیرات کے راستہ پر ہوگا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت بجالائے گا۔

www.waseemziyai.com

سورۂ طٰہٰ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ طٰہٰ پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ دشمن کو کوئی بات کہے گا اور اس کو مغلوب کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ملک میں اس کا نام روشن ہوگا اور نیکی کے ساتھ مشہور ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ دین کی راہ میں یگانۂ روزگار اور نامدار ہوگا۔

سورۃ الانبیاء:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ سورۃ الانبیاء پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ اس کو انبیاء علیہم السلام کی خصلت عطا فرمائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ دونوں جہان کا اقبال پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ عالم اور دانا ہوگا اور مشقت سے آسانی پائے گا۔

سورۃ الحج:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الحج پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ اپنا مال اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ نیک اور پسندیدہ کام اختیار کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ زہد میں یگانہ اور راہ دین میں کوشش کرے گا۔

سورۃ المومنون:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ المومنون پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ اہل ایمان کے ساتھ جنت میں جائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس کے دین کے درجے قوی ہوں گے اور اس کی خصلت پسندیدہ ہوگی۔

سورۃ الفرقان:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں سورۃ الفرقان پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ حق کی راستی کے ساتھ باطل سے جدا ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خلقت (مخلوق) کے درمیان منصف اور عادل ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ باطل راہ سے راہ حق کی طرف آئے گا۔

www.waseemziyai.com

سورۃ النور:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ النور پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا دل علم اور حکمت سے منور ہوگا۔

سورۃ الشعراء:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ خواب میں سورۃ الشعراء پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی پناہ میں ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ گناہ سے پاک ہوگا اور راہ دین میں کوشش کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو گناہوں سے بچائے گا۔

سورۃ النمل:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ سورۃ النمل پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ بزرگی پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ دولت اور نصیب اس کی موافقت کریگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس کا مال اور نعمت زیادہ ہوں گے۔

سورۃ القصص:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ سورۃ القصص پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ مال اور نعمت پائے گا اور ذکر حق میں مشغول ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ہمیشہ راہ دین اور اصلاح میں کوشش کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ رحمت کے دروازے اس پر کشادہ ہو جائیں گے۔

سورۃ العنکبوت:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ العنکبوت پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ موت کے وقت تک خدا تعالیٰ کی پناہ میں ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ رنج اور بلا سے امن میں رہے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خلقت (مخلوق) کو اس کی صلاحیت اور نعمت نصیب ہوگی۔

سورۃ الروم:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ سورۃ الروم پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے

www.waseemziyai.com

ہاتھ پر کوئی روم کا شہر فتح ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ دین کی راہ میں جہاد اور غزا اور کوشش کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ لوگوں کو اس کے دین سے اصلاح نصیب ہوگی۔

سورۃ السجدہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ السجدہ پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ سجدہ کرتا ہوا دنیا سے رحلت کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو بہت سجدے کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس کے کام کی عاقبت محمود (نیک) ہوگی۔

سورۃ الاحزاب:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الاحزاب پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ مال پائے گا اور دشمن کو دے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ احزاب پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ سو دینار پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی اتباع کرے گا۔

سورۃ السباء:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ سورۃ السباء پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ زاہد اور عابد ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی عبادت میں لگا رہے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ نیک لوگوں کی خصلت اختیار کرے گا۔

سورۃ الفاطر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الفاطر پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عاقبت محمود ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ہمیشہ اطاعت الٰہی میں مشغول ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ نعمت کا دروازہ اس پر کھلے گا۔

سورۃ یٰسین:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ یٰسین پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ اس

www.waseemziyai.com

کی عاقبت بالخیر ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی اور اللہ تعالیٰ کی رحمت پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اس کی دل میں مضبوط ہوگی۔

سورۂ الصافات:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ الصافات پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ سے ہدایت دین کی توفیق پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اصلاح اور خیر کے راستے پر چلے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو فرزند صالح عطا فرمائے گا۔

سورۂ ص:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ ص کی تلاوت کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مال زیادہ ہوگا اور بزرگ ہوگا۔

سورۂ الزمر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ الزمر پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس کے کام کا خاتمہ خیر پر ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس کا دین قوی ہوگا۔

سورۂ مومن:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ مومن پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ ایماندار اور مخلص ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ شریعت کی حفاظت کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ رحمت اور بخشش وعطا پائے گا۔

سورۂ حٰمٓ السجدۃ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ حٰمٓ السجدۃ پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی مقربوں میں سے ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ہمیشہ دین کی اصلاح میں لگا رہے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف داعی ہوگا اور اس کو قبول کرے گا۔

سورۂ حم عسق (سورۃ الشوریٰ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ حم عسق (شوریٰ) پڑھی ہے۔ دلیل ہے کہ آخرت میں عذاب سے نجات پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ قیامت کے دن عذاب سے خلاصی حاصل کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی۔

سورۂ الزخرف:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ الزخرف پڑھتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ نماز اور عبادت بہت کرے گا۔ اور ہمیشہ روزہ دار رہے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ قول کا صادق اور نیک کردار ہوگا۔

سورۃ الدخان:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ الدخان پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ رات عبادت میں گزارے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ سچائی کی کوشش کیا کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ مالدار ہوگا۔

سورۃ الجاثیہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الجاثیہ پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ توبہ کرے گا اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر گناہ گار ہے تو توبہ کرے گا۔

سورۃ الاحقاف:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الاحقاف پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ ماں باپ کا فرمان بجالائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ماں باپ سے نیکی کرے گا اور بہت سے عجائبات دیکھے گا۔

سورۂ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ

www.waseemziyai.com

دشمنوں پر فتح پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ہر ایک بلا اور آفت سے امن میں رہے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ دنیا میں توفیق خیر پائے گا۔

سورۃ الفتح:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ الفتح پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ سب دروازوں سے اس کی فتح اور نصرت ہوگی۔

سورۃ الحجرات:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الحجرات پڑھتا۔ دلیل ہے کہ لوگوں کو القاب سے بلائے گا اور غیبت نہ کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کسی کو دکھ دینا چاہے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ لوگوں سے میل ملاقات کرے گا۔

سورۂ الذاریات:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ سورۂ الذاریات پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ طاعت اور عبادت میں مشغول ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مخلوقِ خدا کے ساتھ بخشش اور احسان کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ روزی اس پر فراخ ہوگی۔

سورۂ قاف:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ قاف پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو خیر اور اصلاح کے کاموں کی توفیق بخشے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مشکل کام اس پر آسان ہوں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اپنے کسب سے نصیب پائے گا۔

سورۃ الطّور:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الطّور پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی مدد کرے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ بیت اللہ شریف میں مجاور ہوگا۔

سورۃ النجم:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ النجم پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس پر اپنی رحمت کا دروازہ کھولے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو فرزند صالح عطا فرمائے گا۔

سورۃ القمر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ القمر پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح و نصرت پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مشکل کام اس پر آسان ہوں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس پر جادو کارگر نہ ہوگا۔

سورۃ الرحمٰن:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الرحمٰن پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ جھوٹ اور حرام سے پرہیز کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ نیک خصلت اور دین کی راہ اختیار کریگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس جہان میں مال اور آخرت میں نعمت پائے گا۔

سورۃ الواقعہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الواقعہ پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ گناہوں سے توبہ کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اطاعت اور عبادت کی توفیق پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اطاعت الٰہی میں پیش قدمی کرے گا۔

سورۃ الحدید:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الحدید پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ رنج اور سختی سے روزی حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ راہ آخرت پسند کرے گا اور رضائے حق ڈھونڈے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ روزہ دین میں قابل تعریف ہوگا۔

سورۃ المجادلہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ المجادلہ پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا عورتوں کے ساتھ جھگڑا ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ راہ دین میں لوگوں سے جھگڑا کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اپنے اہل کے ساتھ نزاع کرے گا۔

سورۃ الحشر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الحشر پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا حشر اخلاص والوں کے ساتھ ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس کی صحبت دینداروں اور اہل اصلاح کے ساتھ ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اپنے دشمن پر فتح پائے گا۔

سورۃ الممتحنہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الممتحنہ پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ کام کی آزمائش راستی سے کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس کی صحبت اہل اصلاح سے ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے ایسی محنت میں گرفتار ہوگا کہ اس میں مرے گا۔

سورۃ الصّف:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ سورۃ الصّف پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ راہ حق میں جہاد کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی رضا میں رہے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ آخر عمر میں درجۂ شہادت پائے گا۔

سورۃ الجمعہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الجمعہ پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو توبہ کرنا نصیب کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خیر کی توفیق پائے گا۔

www.waseemziyai.com

سورۃ المنافقون:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ المنافقون پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ منافق ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اس کو چاہئے کہ نفاق سے توبہ کرے۔

سورۃ التغابن:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ التغابن پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ بہت سے صدقات دے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ضعیفوں کی مدد کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ بات کا سچا اور دوست حالات والا ہوگا۔

سورۃ الطلاق:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الطلاق پڑھتا ہے دلیل ہے کہ عورتوں سے گفتگو کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ حق کی خصلت نگاہ میں رکھے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ دین کے کام کے لئے گفتگو کرے گا۔

سورۃ التحریم:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ التحریم پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اپنے گھر میں نفاق کی بات کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ حرام سے توبہ کرے گا اور دور رہے گا۔

سورۃ الملک:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الملک پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو عذاب قبر نہ ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس کو عذاب قبر نہ ہوگا۔ اور اس کی عاقبت اچھی ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ شرف اور بزرگی پائے گا۔

سورۃ القلم:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ القلم پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ

www.waseemziyai.com

خیرات اور صدقہ دینے کو پسند کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ تمام لوگوں کے ساتھ احسان کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی بردباری عطا کرے گا۔

سورۃ الحاقہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الحاقہ پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فرائض اچھی طرح پورے کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ حق کی خصلت اختیار کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ شرع شریف کے طریق (راستے) پر ہوگا۔

سورۃ المعارج:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ المعارج پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ خیر اور نیکی کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خیرات اور نیکیوں کی طرف مائل ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ دہشت (ڈر، خوف) سے امن میں رہے گا۔

سورۂ نوح:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ نوح پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عاقبت محمود ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس کی تاویل نجات آخرت ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ نیک کاموں کو امر کرے گا۔

سورۃ الجن:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الجن پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ توبہ کرے گا اور جنات کی آفت سے محفوظ رہے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ دیو اور پری اس کو نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

سورۂ مزمل:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ مزمل پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ نماز تہجد کو پسند کرے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ عبادت کی توفیق پائے گا۔

سورۃ مدثر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ مدثر پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ نیک عمل کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ پاک خصلت اور راہ راست (صحیح راستہ) پائے گا۔

سورۃ القیامتہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ القیامتہ پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ دنیا سے شہادت کے ساتھ رحلت کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ توبہ کرے گا اور حق کی طرف رجوع کرے گا۔

سورۃ الانس (الدھر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الانس پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ درویشوں کو کھانا دے گا اور اللہ تعالیٰ کی رضا ڈھونڈے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ سخاوت اور نعمت پر شکر کی توفیق پائے گا۔

سورۃ المرسلات:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ المرسلات پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ جھوٹ بولنے سے توبہ کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ راہ راست کی تلاش کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس کی روزی فراخ اور کشادہ ہوگی۔

سورۃ النبا:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ سورۃ النبا کی تلاوت کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ خدا خوف اور متوکل ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ نیکی کا کام کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس کا بہت بڑا کام ہوگا۔

سورۃ النازعات:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ النازعات پڑھتا ہے تو دلیل ہے

www.waseemziyai.com

کہ وہ جان کنی کے وقت موت سے نہ ڈرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ توبہ کرے گا اور عذاب سے امن میں رہے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس کا دل مکر اور حیلے اور خیانت سے پاک ہوگا۔

سورۃ عبس:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ عبس پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں پر ترش روئی کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بہت سے روزے رکھے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ راہ حق میں خیرات کرے گا۔

سورۃ التکویر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ التکویر پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ درد چشم سے بے خوف ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مشرق کی طرف بہت سے سفر کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ ڈروالی چیزوں سے امن میں رہے گا۔

سورۂ الانفطار:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ الانفطار پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ خوف خدا رکھے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اسکی رغبت دنیا کے مال کی طرف ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ بادشاہوں کے نزدیک معزز اور محترم ہوگا۔

سورۃ المطففین:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے سورۃ المطففین پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ ناپ اور پیمانہ درست رکھے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ راستی اور سچائی کی تلاش کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ سب کے ساتھ منصف ہوگا۔

سورۃ الانشقاق:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ الانشقاق پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ

www.waseemziyai.com

قیامت کے دن اس کا نامۂ اعمال داہنے ہاتھ میں دیں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ قیامت میں شمار اور حساب ایمان اور تصدق کے ساتھ اس پر نہایت آسان ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ سب طرح کے غموں سے نجات پائے گا۔

سورۃ البروج:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ البروج پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ دنیا میں اندوہگین (رنجیدہ، معموم) ہوگا اور اس کی عاقبت محمود ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ آخرت میں بلند درجات حاصل کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ سب طرح کے غموں سے نجات پائے گا۔

سورۃ الطارق:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الطارق پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند صالح پیدا ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس کے ہاں خوبصورت فرزند پیدا ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ فرزند کے باعث با اقبال اور خوش ہوگا۔

سورۃ الاعلیٰ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ الاعلیٰ پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ **"سبحان اللہ"** اور **"لا الہ الا اللہ"** بہت پڑھے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر اس کی زبان پر جاری رہے گا۔ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس کا مشکل کام اس پر آسان ہوگا۔

سورۃ الغاشیہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الغاشیہ پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ قیامت کے خوف سے ڈرے گا اور توبہ کرے گا اور اس کی دہشت (خوف، ڈر) سے امن وامان میں رہے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا میں ثابت قدم ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس کی عزت اور مرتبہ بلند ہوگا۔

www.waseemziyai.com

سورۃ الفجر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ الفجر پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ نیک کام میں مشغول ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ حج اسلام ادا کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس کی ہیبت اور شکوہ کم ہوگا۔

سورۃ البلد:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ البلد پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ صدقہ دینا اس پر واجب ہوگا اور پسند کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ہر ایک شخص کے ساتھ احسان کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ آفات اور بلاؤں سے امن میں رہے گا۔

سورۃ الشمس:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ الشمس پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے ہاتھ سے کوئی فاسد کام ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ بلاؤں سے امن میں رہے گا۔

سورۃ اللیل:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ اللیل پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ مال کی زکوٰۃ دے گا اور سائلوں کو نہ جھڑکے گا۔

سورۃ الضحیٰ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الضحیٰ پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ سائلوں کو پھیرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ غریبوں سے پیار کرے گا۔

سورۃ الم نشرح:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ الم نشرح پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی مشکل آسان ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بند دروازے اس پر کھل جائیں گے۔

www.waseemziyai.com

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ دونوں جہان کی نعمت پائے گا۔

سورۃ التین:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ التین پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ نیک خصلت، نیک کردار اور خوبصورت ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خیر و منفعت پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ سختی سے نجات پائے گا۔

سورۃ العلق:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ العلق پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو علم اور قرآن خوانی عطا کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ عالم اور فصیح ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ متواضع اور نیک خصلت ہوگا۔

سورۃ القدر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ القدر پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ دنیا سے شب قدر کا ثواب پا کر رحلت کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی اور مراد پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس کی عزت اور مرتبہ عالی ہوگا۔

سورۃ البینہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ البینہ پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ دنیا سے توبہ کر کے رحلت کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ لوگوں کو خیر و اصلاح کے راستہ پر چلائے گا

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس کی تاویل خیر و اصلاح پر ہدایت کرتا ہے۔

سورۃ الزلزال:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الزلزالہ پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا کسی سے کام پڑے گا اور عدل و انصاف کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ کافروں کی ایک قوم کو ہلاک کرے گا۔

www.waseemziyai.com

سورۃ العادیات:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ العادیات پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے اہل بیت (گھر والے) اس کی محبت رکھیں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ راہ خدا میں جہاد کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ جہاد کرے گا اور فتح پائے گا۔

سورۃ القارعہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ القارعہ پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ قیامت کے دن اس کے نیک اعمال سے ترازو بھاری ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ نیک کام میں کوشش کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ لوگوں کی عزت اور توقیر کرے گا۔

سورۃ التکاثر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ سورۃ التکاثر کی تلاوت کرتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ تمام نیک لوگوں کی زیارت کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس کی صحبت جھوٹے لوگوں کے ساتھ ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ دنیا سے دستبردار ہوگا۔

سورۃ العصر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ العصر پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ سب کاموں میں صابر اور قانع ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس کے مال کو نقصان اور ضرر پہنچے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس کو تجارت سے فائدہ ہوگا۔

سورۃ الہمزہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الہمزہ پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ باتیں بہت کرے گا اور لوگوں کے سامنے روشناس ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مال پر حریص ہوگا اور انجام کا اندیشہ کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ راہ خدا میں مال خرچ کرے گا۔

www.waseemziyai.com

سورۃ العادیات:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ العادیات پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے اہل بیت (گھر والے) اس کی محبت رکھیں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ راہ خدا میں جہاد کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ جہاد کرے گا اور فتح پائے گا۔

سورۃ القارعہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ القارعہ پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ قیامت کے دن اس کے نیک اعمال سے ترازو بھاری ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ نیک کام میں کوشش کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ لوگوں کی عزت اور توقیر کرے گا۔

سورۃ التکاثر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ سورۃ التکاثر کی تلاوت کرتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ تمام نیک لوگوں کی زیارت کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس کی صحبت جھوٹے لوگوں کے ساتھ ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ دنیا سے دستبردار ہوگا۔

سورۃ العصر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ العصر پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ سب کاموں میں صابر اور قانع ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس کے مال کو نقصان اور ضرر پہنچے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس کو تجارت سے فائدہ ہوگا۔

سورۃ الہمزہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الہمزہ پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ باتیں بہت کرے گا اور لوگوں کے سامنے روشناس ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مال پر حریص ہوگا اور انجام کا اندیشہ کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ راہ خدا میں مال خرچ کرے گا۔

www.waseemziyai.com

سورۃ الفیل:

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الفیل پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا اور اس کی مراد پوری ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس کے ہاتھ سے فتح ہوگی اور دشمن پر قابو پائے گا۔

سورۃ القریش:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ القریش پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ خوف اور دہشت (ڈر) سے امن میں ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ ایسے شخص سے صحبت رکھے گا جو اس کو راہِ دین میں رسوا کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خلقت (مخلوق) کے ساتھ احسان کرے گا۔

سورۃ الماعون:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الماعون پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ نماز پڑھا کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس کو بد دین کی صحبت سے بچنا چاہئے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔

سورۃ الکوثر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورت الکوثر پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ مال اور نعمت پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بزرگوں سے بخشش (انعامات) پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ بہت سی خیرات کرے گا۔

سورۃ الکافرون:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الکافرون پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ بدعت کی راہ پر چلے گا اور دنیا پر مغرور ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر غم میں ہے تو خوشی پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس کی موت قریب ہے۔ کیونکہ جب یہ سورۃ نازل ہوئی تو

www.waseemziyai.com

حضور اکرم ﷺ حیات ظاہری کے آخری ایام تھے۔

سورۃ النصر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ النصر پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ حق کی راہ میں متوکل ہوگا۔

سورۂ اللہب:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ تبت پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ مکار اور فریبی ہوگا اور خدائی عذابوں کے خطرات میں ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس کی عورت بدکار ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ ایک جماعت اس کی بدی میں کوشش کرے گی۔

سورۃ الاخلاص:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الاخلاص پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ راہ دین میں مخلص اور یگانہ ہوگا اور توفیق زُہد و عبادت پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ پاک دین اور نیک اعتقاد ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ صاحب خواب دونوں جہان کی مراد پائے گا اور اس کی زندگی خوش ہوگی۔

سورۃ الفلق:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۃ الفلق پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس پر جادو کارگر نہ ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بدی کرنے والوں کی شرارت سے امن میں ہوگا۔

سورۃ الناس:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ الناس پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو نظر بد سے محفوظ رکھے گا اور اس پر روزی فراخ ہوگی۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ "لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔" (نہ بچنا گناہوں سے اور نہ طاقت نیکی کی مگر ساتھ توفیق اللہ بلند اور بزرگ کے ہے) پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ مال اور مراد پائے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ قرآن مجید کی کوئی آیت پڑھتا ہے تو اس کی دلیل حرف قاف کے بیان میں

www.waseemziyai.com

انشاءاللہ تعالیٰ بیان کریں گے۔

سوزن (سوئی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس سوئی ہے اور اس سے کوئی چیز سیتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے پراگندہ کام جمع ہوں گے اور اس کی مراد پوری ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ کپڑے سیتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے احوال نیک ہوں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی سوئی کھو گئی ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کے احوال بد ہوں گے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کو کسی نے سوئی بخشی ہے۔ دلیل ہے کہ وہ شخص اس کے حالات پر مہربان ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سی سوئیاں ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کام کی خیر و اصلاح ہے۔

سوسمار (گوہ):

سُوسمار، ایک جانور ہے جس کو گوہ کہتے ہیں۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو سوسمار نے کاٹا ہے۔ دلیل ہے کہ نقصان پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سوسمار کو مارا ہے۔ دلیل ہے کہ دشمن کو مغلوب کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سوسمار کا گوشت کھانا دلیل ہے کہ اس کو نفع پہنچے گا اور اگر دیکھے کہ سوسمار نے اس کے گھر میں آواز دی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے گھر سے سوگ کی آواز نکلے گی۔

سوسن (چنبیلی):

سوسن۔ چنبیلی۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سوسن اپنے وقت پر دیکھنا دلیل ہے کہ اس کو کچھ ملے گا اور اس کے لڑکا ہوگا۔ اور چنبیلی کا بے وقت دیکھنا غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اگر عورت دیکھے کہ اس نے چنبیلی کا درخت اکھاڑ کر غلام کو دیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا غلام بھاگے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے چنبیلی کا دستہ دیا ہے تو دلیل ہے کہ ان کے درمیان گفتگو ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چنبیلی کا پودا کنیز ہے۔

سوگند (قسم کھانا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے قسم کھائی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے ہاتھ سے کوئی نیک کام ہوگا۔ یا امانت ادا کرے گا یا خیرات دے گا اور جس چیز سے ڈرتا ہے، اس سے امن میں رہے گا۔

اور اگر دیکھے کہ جھوٹی قسم کھائی ہے۔ دلیل ہے کہ اس پر خدا تعالیٰ کا غضب ہوگا اور دکھ میں پڑے گا۔ یا

www.waseemziyai.com

دریا میں ڈوبے گا یا بادشاہ سے نقصان دیکھے گا۔ اس کو توبہ کرنی چاہئے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے سچی قسم کھائی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو گناہ اور خطا سے توبہ کرنی چاہئے۔ تاکہ نجات پائے۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے جھوٹی قسم کھائی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا دین تباہ ہوگا اور اعتقاد میں خلل پڑے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: ویحلفون علی اللہ الکذب وھم یعلمون۔ (اور جان بوجھ کر اللہ تعالیٰ پر جھوٹی قسم کھاتے ہو)۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے سچی قسم کھائی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو اندوہ اور غم پہنچے گا۔

سوراخ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سوراخ ہے اور اس سوراخ کے اندر گیا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ کے راز سے آگاہ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے جسم میں سوراخ ہے اور اس سے خون جاری ہے۔ یہ نقصان پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے جسم میں سوراخ ہے۔ دلیل ہے کہ اپنے اہل سے امن میں نہ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ پتھر میں سوراخ کیا ہے۔ دلیل ہے کہ اسلام میں پائدار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ درخت میں سوراخ کیا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ سوراخ کے مطابق صاحب خواب کا نقصان ہوگا۔

حکایت:

روایت ہے کہ ایک شخص حضرت امیر المؤمنین ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور اس نے سوال کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ ایک چھوٹے سوراخ سے بڑا بیل نکلا ہے اور اس نے ہر چند چاہا کہ پھر اس سوراخ میں جائے۔ وہ جا نہ سکا۔ آپ نے تاویل میں فرمایا کہ وہ بیل بات ہے۔ جب منہ سے نکلتی ہے تو پھر اپنی جگہ پر نہیں جاتی ہے۔

سوہان (ریتی):

سوہان۔ ریتی۔ اس کا بیان حرف میم میں کیا جائے گا۔

سیب:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سبز سیب کا دیکھنا فرزند پر دلیل ہے اور اگر سرخ ہے

www.waseemziyai.com

تو بادشاہ سے نفع کی دلیل ہے اور اگر سفید ہے تو سوداگروں سے نفع ہے۔ اور اگر زرد اور ترش ہے تو بیماری پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ سفید سیب کے دو ٹکڑے کئے ہیں۔ دلیل ہے کہ جس کے ہاتھ شراکت ہے اس سے جدا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ سرخ سیب درخت سے اتارا ہے اور کھایا ہے تو لڑکی پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سیب خیر پر دلیل ہے۔ اور اگر سیب ترش ہے تو بُری خبر پر دلیل ہے۔ اور اگر سیب شیریں ہے تو خوشخبری پر دلیل ہے۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس سیب ہے اور اس نے کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ نفع پائے گا اور سیب صاحب خواب میں شغل اور صفت میں ہمت ہے۔ اور اگر خواب میں سیب کو بادشاہ دیکھے تو دلیل ہے کہ سلطنت پائے گا۔ اور اگر سوداگر دیکھے تو تجارت خوب ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سیب کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ اول: فرزند۔ دوم: منفعت۔ سوم: بیماری۔ چہارم: کنیز۔ پنجم: مال۔ ششم: حکومت۔ ہفتم: صاحب خواب کی ہمت اور غائب اور حاضر کی خبر ہے۔

سیر (لہسن):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لہسن کا کھانا مال حرام کا کھانا ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لہسن کھانا بری چیز ہے جس کو لوگ پیچھے سے کہتے ہیں۔ اور اگر دیکھے کہ پکا ہوا لہسن کھایا ہے دلیل ہے کہ بری بات سے توبہ کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ لہسن خواب میں دیکھنا رنج اور رونا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لہسن کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: مال حرام۔ دوم: بری بات۔ سوم: غم واندوہ۔ چہارم: رونا۔ پنجم: سختی کا دیکھنا۔

سیری (پیٹ بھرا ہوا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی شخص خواب میں اپنا پیٹ بھرا ہوا دیکھے۔ دلیل ہے کہ بے نیاز ہوگا۔ لیکن راہ میں ضعیف ہوگا اور اگر اپنے آپ کو بھوکا دیکھے تو دلیل ہے کہ گناہ کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بہترین خواب وہ ہے کہ اپنے آپ کو نہ پیٹ بھرا ہوا دیکھے اور نہ بھوکا دیکھے۔ کیونکہ دونوں خلاف طبع ہیں۔ اور جو چیز خلاف طبع ہوتی ہے اس سے مزاج کو رنج پہنچتا ہے۔

سبزہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس سبزہ ہے۔ دلیل ہے کہ

www.waseemziyai.com

اس کا نام خیر اور خوبی کے ساتھ مشہور ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی زمین میں موسمی سبزہ ہے تو خیر اور منفعت پر دلیل ہے۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو نقصان پر دلیل ہے۔

سیکی (تاڑی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ تاڑی (نشہ آور رس) مال حرام ہے۔ اگر دیکھے کہ تاڑی کے درمیان گیا ہے تو دلیل ہے کہ فتنہ میں پڑے گا۔ اور اگر دیکھے کہ تاڑی کو پیتا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حرام پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ تاڑی پکاتا ہے اور پیتا ہے۔ دلیل ہے کہ مال حرام رنج اور محنت سے حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر میں بہت سی تاڑی ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر کسان سے نفع پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ تاڑی ملاتا ہے اور پیتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ مال حرام اور مال حلال ملا جلا پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ تاڑی فروخت کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ حرام چیز فروخت کرے گا اور بیاج (سود) دے گا۔ اور تاڑی پینے میں خیر نہیں ہے۔ اور حاکم کے لئے معزولی کی دلیل ہے۔ اور کھجور کی تاڑی غم واندوہ ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تاڑی تین وجہ پر ہے۔ اول: مال حرام۔ دوم: نکاح کرنا۔ سوم: اس جہان کی نعمت۔

اور خواب میں تاڑی فروخت کرنے والا ایسا آدمی ہے جو جنگ اور فتنہ کا طالب ہے۔

سیل (رو):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سیل بڑا دشمن ہے۔ یا بادشاہ ظالم ہے۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ سیل کو اپنے آپ سے دور کیا ہے اور وہ دوسری جگہ جا پڑا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔ اس کو غم واندوہ کم ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ سیل سے بھاگا ہے تو دشمن سے بھاگے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ سیل خواب میں سرد سیر دریا سے غم واندوہ ہے اور گرم سیر دریا سے منفعت پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر جہان کو سیل سے پڑا دیکھے اور یہ نہ جانے کہ کہاں سے آیا ہے؟ دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس ملک میں عذاب بھیجے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **فارسلنا علیھم الطوفان**۔ (اور ہم نے ان پر طوفان کو بھیجا)۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سیل جگہ کو خراب کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس جگہ کے لوگوں کو بادشاہ سے تاوان کا خوف ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سیل کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: بڑا دشمن۔

www.waseemziyai.com

دوم: ظالم بادشاہ۔ سوم: غائب لشکر۔ چہارم: بلا اور فتنہ اور سختی۔

سیماب (پارہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ پارے کی دکان کے اندر گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عورت برے کام میں پڑے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے پارہ بیچا ہے یا کسی کو دیا ہے۔ دلیل ہے کہ عورت کے مکر اور حیلہ سے امن میں رہے گا۔

اور اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ پارے کے چشمے میں وہ غرق ہوا ہے۔ تو دلیل ہے کہ عورتیں اس پر جادو کریں گی۔

فائدہ:

تاڑ۔ کھجور کی ایک قسم کا درخت ہے جس سے 'تاڑی' یعنی نشہ آور رس نکالتے ہیں۔

سیم (چاندی):

حضرت ابنِ سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بہت سے لوگ خواب میں چاندی دیکھتے ہیں اور بیداری میں پاتے ہیں۔ اور بہت سے لوگ ہیں کہ خواب میں چاندی دیکھتے ہیں اور بیداری میں اختلاف طبائع کے باعث غم واندوہ پاتے ہیں۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں درست چاندی سچی خبر ہے۔ اور کھوٹی چاندی جھوٹی خبر ہے۔ اور اگر چاندی تھیلی میں ہے تو دلیل ہے کہ کوئی اس کے پاس امانت رکھے گا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر پیالہ یا بدھنا یا تھال چاندی کا دیکھے کہ بہت سی چیزیں چاندی کی پائی ہیں۔ دلیل ہے کہ اسی قدر خزانہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے چاندی کی کان کا کچھ حصہ پایا ہے۔ دلیل ہے کہ اس ملک سے عورت کرے گا۔ اور خواب میں چاندی کا ٹکڑا ایسا شخص ہوتا ہے۔ جو اس کے حق میں بری بات کہتا ہے۔

سیمرغ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں نر سیمرغ کو دیکھے۔ دلیل ہے کہ خوش طبع اور بزرگ آدمی سے دوستی کرے گا۔ اور اگر مادہ سیمرغ کو دیکھے۔ دلیل ہے کہ عورت باجمال اور خوبصورت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ سیمرغ اس سے بات کرتا ہے تو دلیل ہے کہ آدمی سے جھگڑا کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سیمرغ کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر کسی بڑے آدمی سے مال پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مادہ سیمرغ کو مارا ہے۔ دلیل ہے کہ کنواری عورت سے شادی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سیمرغ اس کے ہاتھ سے اڑا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کو

www.waseemziyai.com

طلاق دے گا۔اور اگر دیکھے کہ سیمرغ کا بچہ پکڑا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں بے وقوف لڑکا پیدا ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کہ خواب میں سیمرغ بادشاہ ہے۔اگر دیکھے کہ سیمرغ کو چہ میں اترا ہے اور اہل کو چہ نے اس کو مار ڈالا ہے۔دلیل ہے کہ اس ملک کا بادشاہ ہلاک ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ سیمرغ سے ڈرا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے انعام پائے گا۔

فائدہ:

سیمرغ، ایک بڑا خیالی پرندہ جس کا وطن کوہ قاف بتایا جاتا ہے اور جس کا ذکر پرانے افسانوں میں آتا ہے۔(از محمد عبدالاحد قادری)

سینہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ سینہ خواب میں شریعت ہے۔فرمان اللہ تعالیٰ ہے: افمن شرح الله صدره للاسلام۔(کیا جس کا سینہ اللہ نے اسلام کے لئے کھول دیا ہے۔

اگر خواب میں دیکھے کہ سینہ فراخ ہو گیا ہے۔دلیل ہے کہ اس کے سب کام سنور جائیں گے۔اور اگر دیکھے کہ اس کا سینہ تنگ ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے دین میں خلل ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ اس کے سینہ پر سبز خط لکھا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو کرامت عطا فرمائے گا۔اور اگر دیکھے کہ اس کے سینے پر نیلا خط لکھا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے دین میں خلل پڑے گا اور بغیر شہادت کے مرے گا۔اور اگر دیکھے کہ اس کے سینے سے بال منڈے ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا قرض ادا کر دیا جائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اس کے سینہ میں دم گھٹا ہوا ہے کہ سانس نہیں لے سکتا ہے۔دلیل ہے کہ دین اور دنیا پر کشادہ ہو جائیں گے۔اور اگر دیکھے کہ اس کا سینہ گرم ہے اور باقی جسم سرد ہے۔دلیل ہے کہ اس کا دل کسی سے لگا ہوا ہوگا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اس کا سینہ تنگ ہے۔دلیل ہے کہ تنگ دل ہوگا۔اور اگر سینہ فراخ دیکھے تو دلیل ہے کہ شاد اور خوش ہوگا۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اگر کافر اپنے سینہ کو فراخ دیکھے تو مسلمان ہوگا۔فرمان اللہ تعالیٰ ہے: فمن یرد الله ان یهدیه یشرح صدره للاسلام ۔(اللہ تعالیٰ جس کو ہدایت چاہتا ہے۔اس کا سینہ اسلام کے واسطے کھول دیتا ہے)۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سینہ دیکھنا سات وجہ پر ہے۔اول: علم وحکمت۔ دوم: سخاوت۔سوم: ایمان۔چہارم: کفر۔پنجم: اعتقاد۔ششم: مرگ۔ہفتم: بخل۔



www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حرف الشین

شادی (خوشی دیکھنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں خوشی دیکھے تو غم واندوہ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کوئی خوش ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس سے غم واندوہ پہنچے گا۔ اور اگر مردے کو خواب میں خوش وخرم دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس کا حال نیک ہوگا اور اس کا خاتمہ نیکی سے ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ بے وجہ خوش ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی موت قریب ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **حتی اذا فرحوا بما اوتوا اخذنٰھم بغتة۔** (یہاں تک کہ جس وقت وہ دیتے ہوئے پر خوش ہوتے ہیں۔ تو وہ ان کو اچانک پکڑ لیتا ہے)۔

شادروان (توشک بچھونا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ توشک (بچھونا یا روئی کا گدا) فراخ بچھائی ہے اور جانتا ہے کہ اس کی ملک ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی فراخی کے مطابق عیش اور عمر دراز پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ دوستوں کے ساتھ اپنے شہر میں یا اوپری جگہ میں توشک پر بیٹھا ہے۔ تو مال ونعمت اور روزی اور درازیٔ عمر پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بیگانی جگہ میں اس کے لئے توشک بچھائی ہے اور یہ معلوم نہیں ہے کہ کس کی ملک ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے احوال متغیر ہوں گے اور سفر میں مرے گا۔

اور اگر چھوٹی توشک خواب میں دیکھے تو تھوڑی روزی اور چھوٹی عمر پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ توشک لپیٹ کر اپنے اوپر اٹھائی ہے۔ دلیل ہے کہ اپنی جگہ سے بیگانی جگہ پر جائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ توشک پر کسی مرد کی تصویر نقش کی ہوئی ہے اور اس مرد کو پہچانتا ہے اور اس سے باتیں کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی جھوٹی تعریف کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ توشک بیچی ہے یا کسی کو دی ہے تو اس کی تاویل بد ہے۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ توشک بچھائی ہوئی ہے۔ تو اس کے کام سنورنے اور درازیٔ عمر پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ توشک چھوٹی تھی اور اس کے نیچے بڑی ہوگئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس پر روزی فراخ ہوگی۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی روزی تنگ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ فراخ توشک بچھی ہوئی ہے اور اس نے اپنے ہاتھ سے لپیٹ کر گھر کے گوشے میں رکھی ہے۔ دلیل ہے کہ اپنی دولت

www.waseemziyai.com

اور اقبال کو برباد کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ تو شک پرانی اور پھٹی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ دنیا کی عیش میں مشغول ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ تو شک سیاہ یا نیلی ہے۔ تو غم واندوہ کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ تو شک زرد ہے۔ تو بیماری پر دلیل ہے۔ اور اگر تو شک سفید دیکھے تو نعمت اور حلال روزی کی فراخی پر دلیل ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ نامعلوم تو شک نامعلوم جگہ میں ڈالی ہوئی ہے دلیل ہے کہ جو کچھ اس کے پاس ہے اس سے جاتا رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ معلوم تو شک کسی کے گھر میں بچھائی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خانہ کو نعمت اور روزی حاصل ہوگی۔

اور اگر دیکھے تو شک نامعلوم گھر میں ڈالی ہوئی ہے اور وہ اس پر بیٹھا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ سفر کو جائے گا۔ اور اس میں مال اور نعمت حاصل کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تو شک کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: روزی حلال۔ دوم: درازیٔ عمر۔ سوم: منفعت۔ چہارم: معیشت۔

شاخ (ٹہنی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شاخوں کا دیکھنا صاحب خواب کے بھائیوں اور فرزندوں اور رشتہ داروں پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ درختوں کی شاخیں بہت اور گھنی ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کے رشتہ دار اور اہل بیت (گھر والے) بہت ہوں گے۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو تاویل بھی خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے درخت سے شاخ کاٹی ہے۔ دلیل ہے کہ اپنے اہل بیت سے کسی کو جدا کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے درخت کی شاخ خشک ہوگئی ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کے رشتہ داروں سے کوئی ہلاک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ درخت دوسروں کی ملک ہے تو تاویل دوسروں کی طرف رجوع کرے گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے درخت خرما کی شاخ پائی ہے یا کسی نے اس کو دی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے شاخ پر سے کچھ کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر فرزند کا مال کھائے گا۔

شانہ (کنگھی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شانہ ایسا شخص ہے کہ جس کی حسب اور نسب نہیں ہے۔ اور اس کے دین میں نفاق ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سر اور داڑھی کو شانہ (کنگھی) کرتا ہے۔ دلیل

www.waseemziyai.com

ہے کہ غموں سے نجات پائے گا اور قرض سے سرخرو ہوگا اور مراد کو پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ داڑھی کو کنگھی کرتا ہے اور کوئی بال باہر نکلتا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے مال کی زکوٰۃ نکالے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ شانہ خواب میں موافق دوست کار خیر میں ہیں اور بالوں کو شانہ کرنا مراد کو پانا ہے۔ اور شانہ بنانے والا ایسا شخص ہے جو اس کے دل سے غم واندوہ کو دور کرتا ہے اور قرض اتارتا ہے۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خوب صورت لوگ ہیں جن کے دیدار سے آنکھیں روشن ہوتی ہیں۔

شانۂ آدمی (آدمی کا کندھا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں آدمی کا کندھا دیکھنا عورت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا شانہ قوی اور بڑا ہے۔ دلیل ہے کہ عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے بیل یا بکری کا شانہ پایا ہے۔ یہ بھی عورت حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا کندھا ٹوٹ گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت مرے گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ شانے کا گوشت کھلا ہے اور رگیں ظاہر ہیں۔ دلیل ہے کہ اس سال بہت رنج اٹھائے گا اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو تاویل خلاف ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے کندھے میں سیاہی ہے۔ دلیل ہے کہ اس سال آفت اور بلا ہوگی۔ اور اگر شانے میں سرخی یا سیاہی دیکھے تو دلیل ہے کہ اس سال میں نرخوں کے اندر ارزانی (زیادتی) ہوگی۔ اور اگر اس میں زردی دیکھے تو بیماری پر دلیل ہے۔ اور اگر اس کے کنارے پر بہت سے خط دیکھے تو دلیل ہے کہ اس سال بہت موت ہوگی۔

شاہ رود (ایک قسم کا باجہ ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ خواب میں شاہ رود دنیا کے کھیل اور مستی اور جھوٹی محال بات پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ شاہ رود بجاتے ہیں۔ دلیل ہے کہ جھوٹ سے خوش ہوگا اور اگر شاہ رود کے ساتھ چنگ و چغانہ اور بانسری کو بھی دیکھے۔ تو پھر مصیبت پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ شاہ رود توڑا یا گرا دیا ہے تو دلیل ہے کہ جھوٹی بات سے توبہ کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ شاہ رود بجاتا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی بڑی عورت سے ملے گا اور اس سے عزت اور مرتبہ حاصل کرے گا۔

www.waseemziyai.com

شاہ اسپرغم (ایک پودا ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ شاہ اسپرغم سبز و پاکیزہ اور خوشبودار ہے۔ تو بزرگی پر دلیل ہے۔ اور اگر اس کو زرد اور مرجھایا ہوا دیکھے تو بیماری پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شاہ اسپرغم چھ وجہ پر ہے۔ اول: عزت اور بزرگی۔ دوم: فرزند۔ سوم: دوست۔ چہارم: اچھی بات۔ پنجم: نام نیک اور مدح وثنا۔

شاہین (ایک شکاری جانور ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے شاہین کو پکڑا ہے۔ یا کسی نے اس کو دیا ہے اور شاہین اس کا تابعدار ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے یا کسی بڑے ظالم سردار سے مرتبہ اور منفعت حاصل ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شاہین بہت دانا مرد ہے۔

اگر دیکھے کہ اس نے شاہین کو پکڑا ہے۔ یا کسی نے اس کو دیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی دانا آدمی سے صحبت ہوگی اور اس سے خیر اور منفعت پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شاہین کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: قدر و منزلت یعنی مرتبہ اور عزت، دوم: فرزند۔ سوم: مال ونعمت۔ چہارم: حکومت۔

شب (رات):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ سیاہ اور بری رات ہے۔ اس کی تاویل غم واندوہ ہے۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ رات روشن اور چاندنی ہے۔ تو دلیل ہے کہ عیش اور خوشی ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کالی رات میں چلتا ہے اور راہ اس پر دشوار ہے اور سیدھے راستے کی نیت پر چلتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو دین کے بارے میں استقامت حاصل ہوگی۔

شب یمانی (پھٹکڑی):

شب یمانی جس کو زاک سفید کہتے ہیں، پھٹکڑی ہے اور اس کو خواب میں دیکھنا غم واندوہ ہے۔ اور اس کا کھانا ہلاکت پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر پھٹکڑی کو خواب میں آفتاب کی طرح چمکتی ہوئی دیکھے۔ تو خیر اور کاموں کی کشائش پر دلیل ہے اور اس کے خلاف کاموں کی بستگی (تنگی) پر دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

شبان (چرواہا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں بیل یا بکری یا گدھے وغیرہ کے چرواہے کو دیکھے۔ تو ہر ایک چیز کی تعبیر اس کے قدر کے مطابق ہے۔

گھوڑ ... کا چرواہا ولایت اور بزرگی پر دلیل ہے۔ اور گدھے کا چرواہا تخت پر دلیل ہے۔ اور بیل کا چرواہا سفارت اور نعمت اور فراخی پر دلیل ہے۔ اور بکری کا چرواہا روزیٔ حلال اور مال اور نعمت پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ چوپانی کرتا ہے اور بھیڑیا اس کے گلے سے ایک بکری کو لے گیا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ اس ملک کو برباد و خراب کرے گا اور رعیت کا حال تباہ ہوگا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ بکریوں کی چوپانی کرنی دلیل ہے کہ ان بکریوں کے شمار پر ایک پر سردار ہوگا۔

اور اگر دیکھے گڈریئے نے اس کو کچھ دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو کسی سردار سے فائدہ پہنچے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گڈریا ناصح مرد ہے اور لوگوں کے مال کا محافظ ہے۔ اور ہر ایک کام کی بہتری لوگوں پر ظاہر کرتا ہے۔

شب بازی کردن (رات کو کھیلنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شب بازی کرنا کھیل اور بدمستی ہے لیکن جھوٹ اور بے کار ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے شب بازی بربط اور بانسری کے ساتھ کی ہے۔ تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔

شب برگ (ایک پودا ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شب برگ گمراہ اور محروم مرد ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس شب برگ ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی صحبت کسی گمراہ کے ساتھ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے شب برگ کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس آدمی کے کام سے اس کو فائدہ ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ شب برگ اس کے درخت سے کاٹا ہے۔ یا درخت سوکھ گیا ہے۔ دلیل ہے کہ گمراہ مرد کی صحبت سے اس کی جدائی ہوگی اور اس کی بہتری اسی میں ہوگی۔

شپش (جوں۔ چھر۔ چلیھڑ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے شپش کو مارا ہے۔ دلیل ہے کہ دشمن کو مغلوب کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ نامعلوم شپش ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا دشمن ضعیف ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس پر بہت سے شپش جمع ہیں اور اس کو کاٹتے ہیں۔ دلیل ہے کہ لوگ اس کو طعنہ دیں گے یا اس کے مال کا نقصان ہوگا۔ اور اگر

www.waseemziyai.com

دیکھے کہ شپش لوگوں کا خون پیتے ہیں تو خون کی تاویل مال ہے۔

شپشہ (لیہا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ شپشہ ایک جانور ہے جو ایام گرما میں پشم کے کپڑوں اور پوستین میں پڑتا ہے اور ان کو تباہ کرتا ہے اور اس کو بزسون بھی کہتے ہیں۔ اس کا دیکھنا ہمسایہ ہے۔ اگر دیکھے کہ لیہا نے اس کے کپڑے کھائے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کے مال میں نقصان ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ لیہا نے پشم کا مال تباہ کیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے گھر سے چور کچھ لے جائے گا۔ اگر دیکھے کہ اس نے لیہا کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ چور کو پکڑے گا اور اس کا مال لے گا۔

شبہ (پود):

شبہ۔ پود۔ باریک منکے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس پود ہے۔ یا خریدا ہے اور اس میں سوراخ کئے ہوئے تھے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکی پیدا ہوگی۔ ورنہ غمناک ہوگا اور دین میں نیلا اور سیاہ پود خیر نہیں ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سفید اور سبز پود کا دیکھنا خیر اور منفعت پر دلیل ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ زرد پود بیماری کی دلیل ہے۔

شتافتن (دوڑنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی کام کے لئے دوڑتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کام سے پشیمانی (ندامت) پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس سے پشیمان ہوا اور دوڑا۔ تو دلیل ہے کہ اس کام کو جلدی کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ہر ایک کام میں دوڑنا دیر کی دلیل ہے اور دیر کرنی جلدی کرنے پر دلیل ہے۔

شتالنگ (ٹخنہ):

خواب میں ٹخنہ جنگ اور خصومت (لڑائی) ہے۔ اگر خواب میں ٹخنہ دیکھے کہ اس کے ساتھ کھیلتا ہے اور شور شرابے کی آواز آتی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا جھگڑا ہوگا اور اگر بازی کے وقت خاموش ہے تو مال حرام پائے گا۔

شراب (شربت پینا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں میٹھے شربتوں کا پینا جیسے شربت سیب۔ شربت انار۔

www.waseemziyai.com

شربت ترنج چھ وجہ پر ہے۔ اول: دین۔ دوم: منفعت۔ سوم: فائدہ مند علم۔ چہارم: عمر دراز۔ پنجم: عیش کی خوشی۔ ششم: اللہ تعالیٰ کا ذکر۔

لیکن جن شربتوں کی خوشبو ترش ہے۔ جیسے شربت ریواس۔ شربت لیموں۔ شربت نارنج وغیرہ۔ خواب میں غم واندوہ ہیں۔ لیکن کڑوے شربت جیسے شربت مورد۔ شربت زوفا کا پینا دین اور دنیا کے فائدے کی دلیل ہے۔ لیکن جو شربت کہ مزے میں متعدل اور خوشبودار ہیں۔ جیسے شربت عود۔ شربت بنفشہ۔ شربت گل کا خواب میں پینا خیر اور خوشی اور تعریف پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جن شربتوں کو خواب میں بطور دوا کے پیئے۔ وہ دین کی اصلاح پر دلیل ہیں اور جو دوا کے مطلب کے نہیں ہیں۔ تو دنیا کی خیر اور اصلاح پر دلیل ہیں۔

شرائی (ایک برتن ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے شرائی خریدی ہے۔ دلیل ہے کہ کنیز خریدے گا۔ اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں شرائی خادم ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی شرائی ٹوٹی یا ضائع ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی کنیز یا خادم مرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شرائی نو وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: خادم۔ سوم: کنیز۔ چہارم: دین کی مضبوطی۔ پنجم: دنیا کی اصلاح۔ ششم: عمر کی درازی۔ ہفتم: مال اور نعمت۔ ہشتم: خیر اور برکت۔ نہم: عورتوں کی طرف سے مال کا ملنا۔

شرم:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ شرم ایمان ہے۔ چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: **الحیاء من الایمان** ۔(حیاء ایمان سے ہے)۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ کسی کام میں شرم کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کام میں خیر اور اصلاح ہوگی اور ایمان کی زیادتی ہوگی۔ اور اگر کسی کام میں شرم رکھنا کہ جس کام میں خیر و اصلاح ہے۔ نقصان ایمان پر دلیل ہے۔

شستن (دھونا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اپنے آپ کو نہر یا کاریز۔ حوض یا دریا کے پانی سے دھونا غم واندوہ سے نجات پانے پر دلیل ہے۔ اور اگر اس کو قیدی دیکھے تو قید خانے سے نجات پائے گا۔ اور اگر قرض دار ہے تو قرض سے سرخرو ہوگا۔ اور اگر بیمار دیکھے تو شفاء پائے گا۔ اگر سارے جسم کے ساتھ پانی میں نہیں بیٹھا ہے تو کام مکمل نہ ہوگا۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اپنے مردے کو دھویا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے عزیز و اقارب غم واندوہ سے خلاصی پائیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ نمکین پانی سے اپنے آپ کو دھویا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو رنج پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پاک کپڑا گندے پانی سے دھویا ہے۔ تو اس کی کام کی تباہی اور دین کے فساد پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے آپ کو سرد یا گندے پانی سے دھوتا ہے۔ دلیل ہے کہ توبہ کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ سرد پانی سے ہاتھ منہ دھونا چار وجہ پر ہے۔ اول: توبہ۔ دوم: عافیت۔ سوم: قید سے خلاصی۔ چہارم: خوف سے مان میں رہنا۔

اور گرم پانی سے ہاتھ منہ دھونا غم واندوہ ہے اور خواب میں ہاتھ کا دھونا بقول حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ آٹھ وجہ پر ہے۔ اول: مراد کا حاصل ہونا۔ دوم: بیماری سے شفاء۔ سوم: مال کا پانا۔ چہارم: حج۔ پنجم: خوشی۔ ششم: امن۔ ہفتم: دین کی صفائی۔ ہشتم: ضرورت کا پورا ہونا۔

شش (پھیپھڑا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پھیپھڑا شادی اور خوشی ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی کو اس نے پھیپھڑا دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بھلائی پہنچائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کچا یا پکا ہوا پھیپھڑا کھایا ہے۔ ایسے جانور کا کہ جس کا گوشت حلال ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا۔

شطرنج:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شطرنج کھیلنا بہتان اور جھوٹی بات ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے شطرنج کھیلنے میں مخالف کو مغلوب کیا ہے تو دلیل ہے کہ کسی جھوٹ سے غلبہ کرے گا اور اس پر تہمت لگائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شطرنج کا کھیلنا لڑائی اور جھگڑے پر دلیل ہے۔ اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں شطرنج کھیلنا بھلائی اور خیر اور نفع نہیں ہے۔

شعر (اشعار کہنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ شعر یا غزل یا کسی کی مدح یا ہجو کہتا ہے۔ دلیل ہے کہ بے ہودہ بات کہے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **والشعراء یتبعھم الغاؤون**۔ (گمراہ لوگ شاعروں کی پیروی کرتے ہیں)۔

لیکن اگر توحید یا دانائی کی بات پڑھتا ہے تو پسندیدہ ہے اور گناہ گار نہ ہوگا۔

www.waseemziyai.com

شغال (گیدڑ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ گیدڑ کی طلب میں پھرتا ہے اور حیران ہے۔ اور پکڑ نہیں سکتا ہے۔ دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ گیدڑ اس کے ساتھ کھیلتا ہے تو دلیل ہے کہ کسی عورت پر عاشق ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ گیدڑ کا گوشت کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا اور شفاء پائے گا۔ اگر قرض دار ہے تو اس کا قرض ادا ہوگا۔ اور گیدڑ کے بال اور چمڑا اور ہڈی سب کچھ خواب میں مال ہے۔

شفتالو (آڑو):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شفتالو زرد بیماری پر دلیل ہے۔ اگر موسم پر ہے تو تھوڑا نقصان ہے۔ اور اگر شفتالو زرد نہیں ہے اور شیریں ہے تو کنیز پر دلیل ہے اور اگر اپنے وقت پر ہے تو اس کو مال ملے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شفتالو پانچ وجہ پر ہے۔ اول: کنیز۔ دوم: لڑکا۔ سوم: بیماری۔ چہارم: مال۔ پنجم: مسافر آدمی کی طرف سے منفعت۔

اور اگر دیکھے کہ شفتالو کی گٹھر توڑی ہے اور کھانے میں کڑوی ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر شیریں ہے تو دلیل ہے کہ بے اصل آدمی سے اسی قدر مال اور منفعت حاصل کرے گا۔

شکار کردن (شکار کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ پہاڑی بکری یا گائے یا گورخر وغیرہ کا شکار کرتا ہے اور گوشت کھاتا ہے۔ یہ سب بہتری پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے شکار کو گرایا ہے تو دلیل ہے کہ مال غنیمت یعنی لوٹ کا مال پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جس شکار کو جال سے پکڑیں۔ دلیل ہے کہ نقصان ہوگا اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں شکاری اپنے معاش اور روزی کی تلاش کرنے والا ہے۔

شکّر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تھوڑی سی شکر پاکیزہ بات ہے یا بوسہ ہے۔ جو اپنے فرزند یا بھائی یا دوست کو دے گا۔ اور اگر بہت سی شکر دیکھے تو مال اور حلال روزی پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بہت سی شکر مکروہ ہے۔ اور اس کا بیچنا نیک ہے۔ لیکن اس کا پانا اور خریدنا بُرا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شکر کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: پاکیزہ بات۔ دوم: بوسہ دینا۔ سوم: منفعت۔ چہارم: فرزند۔ پنجم: مال۔

www.waseemziyai.com

شکر گزاردن (شُکر کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ خدا تعالیٰ کا شکر کرتا ہے تو اس کے دین کی درستی اور قوت اور مرتبے اور مال اور دونوں جہان کی سعادت پر دلیل ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **لئن شکر تم لازید نکم**۔ (اگر تم شکر کرو گے تو میں تم کو اور زیادہ دوں گا)۔

شکستن (توڑنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ کوئی چیز توڑی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا نقصان ہوگا۔

اور اگر ٹوٹی ہوئی چیز کسی دوسرے کی ملک ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا نقصان صاحب خواب پر لوٹ آئے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے عضو میں سے کوئی عضو ٹوٹ گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے کسی عزیز کو جو اس عضو سے تعلق رکھتا ہے۔ غم اور مصیبت پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ گانے کے ساز جیسے چنگ اور رباب اور طنبور اور بانسری میں سے کسی کو توڑا ہے تو یہ فعل خوشی پر دلیل ہے۔

شکم (پیٹ):

اس کی تعبیر میں اہل تعبیر کے تین فرمان ہیں۔ حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ شکم ظاہر اور باطن میں مال ہے۔ حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ شکم خواب میں اپنے رشتہ داروں پر دلیل ہے۔

اگر دیکھے کہ اس کا پیٹ بڑا ہو گیا ہے۔ تو زیادتی مال اور فرزند اور رشتہ داروں پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا شکم چھوٹا ہے۔ اور اس کی کھال میں کچھ نقصان ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے مال اور فرزند کا نقصان ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پیٹ میں سے فرزند نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس سے ایسا لڑکا ظاہر ہوگا کہ اس کے اہل بیت (گھر والوں) کا مرتبہ اور عزت بڑھائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی اپنے پیٹ کو سوجا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو بہت مال حاصل ہوگا۔ اور اگر اپنے شکم کو چرا ہوا دیکھے تو دلیل ہے اس کو مصیبت پہنچے گی اور اگر کوئی اپنے پیٹ پر بال اگتے ہوئے دیکھے تو دلیل ہے کہ اس پر عیال کی طرف سے قرض پڑے گا۔ اور اگر کوئی اپنے پیٹ سے منڈے ہوئے بال دیکھے تو دلیل ہے کہ بے غم ہوگا اور قرض سے سرخرو ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے شکم میں سوراخ ہے تو دلیل ہے کہ اس کا عیال اس کا مال کھائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شکم چار وجہ پر ہے۔ اول: علم کی جگہ۔ دوم: خزانہ۔ سوم: عیش کا نظام۔ چہارم: فرزند۔

www.waseemziyai.com

شکنبہ (اوجھری):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں حلال گوشت والے جانور کی اوجھری مال حلال پر دلیل ہے۔

اور اگر اوجھری کو گوبر سے بھری ہوئی دیکھے تو مال حرام پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ پکی ہوئی اوجھری کھائی ہے تو خیر و منفعت پر دلیل ہے۔

شکنجہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شکنجہ ذلت اور عاجزی پر دلیل ہے۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو شکنجہ سے دکھ پہنچا ہے تو بھی پہلی تاویل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو شکنجہ سے دکھ نہیں پہنچا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو بادشاہ نے شکنجہ میں کھینچا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے دکھ پائے گا۔

شگوفۂ درختاں:

درختوں کا شگوفہ اپنے وقت پر تاویل میں بہتر ہے اور زرد شگوفہ تاویل میں سرخ اور سفید سے کم درجہ کا ہے اور خواب میں گلنار دلہن ہے۔ اور درختوں کا شگوفہ ان کے قد کے چھوٹے اور بڑے ہونے کے مطابق پاکیزہ بات پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ موسم میں درختوں کے شگوفے کھاتا ہے۔ دلیل ہے کہ ان درختوں کی نسبت والوں سے پاکیزہ بات سنے گا اور ان سے خیر و منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شگوفے کو سونگھتا ہے تو دلیل ہے کہ لوگ اس کی تعریف کریں گے۔

شل شدن (معطل ہونا، فالج پڑنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا جسم شل (فالج) ہو گیا ہے اور گھر کے گوشے میں گر پڑا ہے اور اُٹھ نہیں سکتا ہے تو دلیل ہے کہ برے کاموں سے توبہ کرے گا۔ اور اگر صاحب خواب مفسد (فساد کرنے والا) ہے۔ تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا کوئی عضو اعضاء میں سے خستہ ہو گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے رشتہ دار کو جو اس سے نسبت رکھتا ہے آفت پہنچے گی۔

شلغم:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شلغم غم واندوہ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو

www.waseemziyai.com

شلغم دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو وہ رنج پہنچائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پختہ شلغم کچے سے بہتر ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ شلغم کو اپنے آپ سے دور کیا ہے تو دلیل ہے کہ غم و اندوہ سے خلاصی پائے گا۔

شلوار (پاجامہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شلوار عجمی کنیز ہے یا عورت کمینی ہے کہ جس سے شادی کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ نئی شلوار خریدی اور پہنی ہے تو دلیل ہے کہ عجمی کنیز خریدے گا۔ اور اگر شلوار پہنے ہوئے عورت کو دیکھے تو دلیل ہے کہ عورت سے لڑے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے شلوار بخشی ہے تو دلیل ہے کہ خادم زیادہ ہوں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے نئی شلوار پائی ہے۔ دلیل ہے کہ نیا خادم پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس میلی شلوار ہے۔ دلیل ہے اللہ تعالیٰ سے عذاب پائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: سرابیلھم من قطر ان و تغشی وجوھھم النار۔ (ان کے پاجامے تارکول کے ہیں اور ان کے چہروں کو آگ سے ڈھانپ لیا ہے)۔

اگر دیکھے کہ اس نے سرخ شلوار پہنی ہے۔ دلیل ہے کہ باعزت عورت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس زرد شلوار ہے۔ دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس سبز شلوار ہے۔ دلیل ہے کہ لوگ اس کی ملامت کریں گے۔ اور عورتوں کے لئے رنگین شلوار نیک ہے۔

اگر عورت دیکھے کہ اس نے نئی شلوار خریدی ہے۔ دلیل ہے کہ شوہر کرے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی شلوار گم ہوگئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی کنیز یا خادم بھاگ جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے عورت کی شلوار پہنی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو عورت سے ذلت پہنچے گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شلوار تین وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: کنیز۔ سوم: گھر کا نوکر۔

شلوار بند (ناڑا):

شلوار بند یعنی ناڑا۔ مرد کی شرمگاہ پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا ازار بند سخت اور مضبوط ہے۔ تو عضو تناسل کی سختی اور مضبوطی پر دلیل ہے۔ اور اگر ازار بند پرانا دیکھے تو عضو تناسل کی کمزوری پر دلیل ہے۔

شمار کردن (گنتی کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی کے ساتھ شمار کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ محنت

www.waseemziyai.com

میں گرفتار ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے جس قدر شمار آسان ہوگا۔ محنت کم ہوگی۔ عددوں کی تاویل ایک سے سو اور ہزار تک حرف میں بیان کی جائے گی۔

شمشیر (تلوار):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ تلوار میان میں عورت ہے اور بغیر میان کے مال اور مراد اور حکومت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں تلوار ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا۔ اور اگر دیکھے تلوار میان سے باہر ہے۔ تو بھی یہی تاویل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ تلوار میان میں ہے اور میان ٹوٹ گیا ہے اور تلوار سلامت ہے۔ دلیل ہے کہ فرزند سلامت رہے گا اور اس کی ماں مرے گی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں شمشیر برہنہ ہے اور کسی پر اٹھائی ہے۔ دلیل ہے کہ اس نے کسی کو کہنے کے لئے کچھ بات سوچی ہے۔

اور اگر دیکھے کہ شمشیر کسی کے ماری ہے اور کارگر نہیں ہوئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس شخص کے بارے میں زبان کشادہ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کسی پر جلدی کارگر ہوئی ہے۔ دلیل ہے کہ جس شخص نے زخم کھایا ہے اس کی نسل منقطع ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ تلوار اس کی گردن میں حمائل ہے۔ دلیل ہے کہ ولایت اس کی گردن پر ہو گی۔ اور اگر تلوار کی حمائل دراز ہے تو دلیل ہے کہ ولایت کا احتمال نہیں ہے۔ اور اگر دیکھے کہ تلوار کی حمائل کوتاہ ہے۔ دلیل ہے کہ وہ ولایت اس کے سپرد کریں گے۔ اور اگر تلوار کی حمائل کوتاہ ہے اور ٹوٹ گئی ہے تو دلیل ہے کہ وہ ولایت اس کے قبضے سے نکلے گی اور اگر دیکھے کہ بغیر لڑائی کے کسی کو تلوار ماری ہے۔ دلیل ہے کہ وہ شخص مشہور ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اپنے ہاتھ میں تلوار لٹکائی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا اور اگر فرزند نہیں تو حکومت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے تلواریں دی ہیں۔ دلیل ہے کہ مالدار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ تلواز اور میان دونوں ٹوٹ گئے ہیں۔ دلیل ہے کہ فرزند اس کی ماں دونوں ہی مریں گے۔

اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو تلوار ماری ہے اور خون اس سے جاری ہوا ہے اور کپڑے آلودہ ہو گئے ہیں۔ تو دلیل ہے کہ اس کو مال حرام کی تہمت لگائیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ تلوار اس سے لے لی ہے۔ دلیل ہے کہ جس کام پر وہ ہے اس سے لے لیا جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے تلوار اپنی کمر پر باندھی ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس لوہے کی تلوار ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا کام پائدار ہوگا۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بلور کی تلوار ہے۔ دلیل ہے کہ کسی بڑی عورت سے بہتری دیکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس مروارید کی تلوار ہے۔ دلیل ہے کہ اہل دین کے عمل سے قوت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس لکڑی کی تلوار ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا کام کمزور ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس ٹھیکری کی تلوار ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ کی بیگمات سے قوت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس تلوار کا میان ٹوٹا ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے اہل بیت میں سے کوئی شخص مرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس دو دھاری تلوار ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا کام رواں ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس لاجورد کی تلوار ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا کام پائدار ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی تلوار آئینہ کی طرح چمکتی ہے۔ دلیل ہے کہ صاحب خواب کسی سردار کی مہربان اور اس سے عزت پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تلوار پانچ وجہ پر ہے۔ اول: فرزند۔ دوم: ولایت۔ سوم: دلیل۔ چہارم: منفعت۔ پنجم: دشمن پر فتح پانا۔ اور خواب میں تلوار بنانے والا شخص قوی مرد اور فصیح زبان ہے۔

شمع:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شمع دولت ہے اور عزت اور مرتبہ اور عیش و نعمت کی فراخی ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس روشن شمع ہے تو دلیل ہے کہ صاحب کی دولت اور نعمت زیادہ ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے شمع روشن کر کے دی ہے۔ دلیل ہے کہ عزت اور دولت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس شمع چاندی کے شمع دان کے ساتھ ہے۔ دلیل ہے کہ نیک اصل کی عورت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شمع دان سونے کا ہے۔ دلیل ہے کہ شاہی خاندان سے عورت کرے گا۔ اور اگر شمع دان قلعی کا دیکھے۔ تو دلیل ہے کہ متوسط درجے کے قبیلے سے عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شمع دان تانبے کا ہے۔ دلیل ہے کہ بے اصل عورت کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ شمع دان بھرت کا ہے تو دلیل ہے کہ بڑوں کی اصل سے عورت کرے گا اور اگر دیکھے کہ شمعدان لوہے کا ہے۔ دلیل ہے کہ مضبوط اصل کی عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شمع دان مٹی کا ہے۔ دلیل ہے کہ عام لوگوں میں سے کسی عورت کے ساتھ شادی کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے روشن شمع اس کے ہاتھ پر رکھی ہے اور اچانک گل ہو گئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عورت مرے گی۔

اور اگر دیکھے کہ روشن شمع اس کے ہاتھ میں ہے اور کسی نے اس کو بجھا دیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس پر کوئی شخص

www.waseemziyai.com

حسد کرے گا اور اگر دیکھے کہ شمع کی روشنی کم ہوئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عزت اور مرتبہ کم ہوگا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے روشن شمع اس کے ہاتھ میں ہے دلیل ہے کہ اگر عورت رکھتا ہے تو اس کا لڑکا پیدا ہوگا۔

اور اگر کسی شہر میں بہت شمع روشن دیکھے۔ دلیل ہے کہ وہاں کا بادشاہ عادل اور منصف ہوگا اور قاضی منصف اور زاہد اور دانشمند اور اس شہر میں بہت خوشی ہوگی۔ اور اگر مسجد میں بہت سی شمعیں دیکھے تو دلیل ہے کہ وہاں کے لوگ عبادت اور تحصیل علم میں پوری طرح سے مشغول ہوں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شمع کا دیکھنا چودہ وجہ پر ہے۔

(1) بادشاہ۔ (2) قاضی۔ (3) فرزند۔ (4) دلہن۔ (5) حکومت۔ (6) سرداری (7) سرائے۔ (8) شادی۔ (9) تونگری۔ (10) علم۔ (11) عیش۔ (12) کنیز۔ (13) عورت۔ (14) دیکھنے والے پر دلیل ہے۔

شناوری کردن (تیرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں صاف پانی میں تیرنا حیلے اور تدبیر کے ساتھ کسب کی طلب ہے۔ اور اگر دیکھے کہ صاف پانی میں تیرا ہے اور ڈوب گیا ہے۔ دلیل ہے کہ دنیا کے مال میں غرق ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ دریا میں تیرا ہے اور کنارے پر نہیں جا سکا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ اس کو عمل سے روکے گا۔ اور اگر دیکھے کہ تیرنا اس پر آسان ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا کام آسانی سے ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس پر تیرنا مشکل ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے کام میں مشکل ہوگی۔ اور اگر دریا کا کنارہ نہ دیکھے تو دلیل ہے کہ قید ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ پانی نے اس پر غلبہ کیا ہے اور وہ اس میں مر گیا ہے۔ دلیل ہے کہ دشمنوں کے ہاتھ میں ہلاک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ ڈوبنے سے نجات پائی ہے۔ دلیل ہے کہ دنیا کے کاموں سے سلامتی پائے گا اور آخرت کے کام میں مشغول ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو پانی زمین میں لے گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو غم لاحق ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ پانی کے نیچے زمین پر آیا ہے تو دلیل ہے کہ غم سے نجات پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ دریا میں سے تیر کر باہر نکلا ہے اور کپڑے پہنے ہیں۔ دلیل ہے کہ بادشاہ کے کاموں سے خلاصی و نجات پائے گا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو تاویل بھی خلاف ہے۔

اور اگر دیکھے کہ بڑی نہر سے تیر کر نکلا ہے اور کنارے پر آیا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی بڑے کام سے نجات پائے گا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ شغل میں رہے گا۔

www.waseemziyai.com

شنگرف:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ شنگرف خواب میں غم واندوہ ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس شنگرف ہے۔ دلیل ہے کہ اندوہ پائے گا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ شنگرف کھائی ہے۔ دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے شنگرف سے کوئی تصویر بنائی ہے تو دلیل ہے کہ دنیا کے کھیل میں مشغول ہوگا اور اس پر فریفتہ ہوگا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ شنگرف سے کچھ لکھا ہے۔ اگر قرآن یا دعا لکھی ہے تو نیکی پر دلیل ہے۔ اور اگر اس کے خلاف ہے تو نقصان پر دلیل ہے۔

شہادت:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ شہادت حاصل کی ہے۔ دلیل ہے کہ غموں سے نجات پائے گا اور اس کی عاقبت محمود ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر مصلح ہے اور دیکھے کہ شہادت حاصل کی ہے۔ دلیل ہے کہ موت کے وقت شہادت پائے گا۔ اور اگر صاحب خواب مفسد ہے۔ دلیل ہے کہ توبہ کرے گا اور گناہ پر پشیمان (نادم) ہوگا۔ اور اگر خواب دیکھنے والا مشرک ہے۔ دلیل ہے کہ مسلمان ہوگا اور اس کی عاقبت بخیر ہوگی۔

شاہ بلوط (ایک درخت ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس شاہ بلوط ہے اور کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ غمگین ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس شاہ بلوط ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر بخیل آدمی سے نفع پائے گا۔

شہد:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ شہد موم کے ساتھ ہے اس کی تاویل میراث یا غنیمت حلال ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس شہد ہے۔ دلیل ہے کہ صاحب خواب اسی قدر کہیں سے میراث پائے گا جو حلال ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس شہد ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر علم اور دانش حاصل کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس شہد میں سے لوگوں کو دیتا ہے اور وہ کھاتے ہیں۔ دلیل ہے کہ لوگ اس کے علم سے فائدہ حاصل کریں گے۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو نفع نہ پائے گا۔ اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ شہد

www.waseemziyai.com

تاویل میں قرآن مجید ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شہد پانچ وجہ پر ہے۔ اول: میراث۔ دوم: غنیمت۔ سوم: علم۔ چہارم: قرآن مجید۔ پنجم: فراخ روزی۔

شہرستان:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ شہرستان کے اندر گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا دین مضبوط ہوگا اور اس کی عاقبت محمود ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ شہرستان میں ساکن ہوا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کی خدمت میں ہوگا اور خیر و نفع پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ شہرستان خواب میں سات وجہ پر ہے۔ اول: بادشاہ۔ دوم: رئیس۔ سوم: عام لوگ۔ چہارم: دین کی قوت۔ پنجم: امن۔ ششم: فتح پانا۔ ہفتم: کاموں کی مضبوطی۔

شہر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی شہر میں گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا دین قوی ہو گا۔ اور دین کا کام پورا ہوگا اور اپنی مراد کو پہنچے گا۔

اور اگر دیکھے کہ شہر سے باہر آیا ہے یا اس کو کسی نے شہر سے نکالا ہے۔ اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ اگر کوئی اپنے آپ کو کنگرے یا شہر پر دیکھے تو اس کی ہلاکت پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو ایک شہر سے دوسرے شہر میں نکالا ہے۔ دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا اور اس کی عورت دوسرا شوہر کرے گی۔

اور اگر دیکھے کہ کسی شہر میں مقیم ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عورت اس سے جدا ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ مسلمانوں کے شہر میں گیا ہے۔ دلیل ہے کہ سچے دین سے جھوٹے دین کی طرف مائل ہوگا اور ممکن ہے کہ کافر عورت سے شادی کرے گا۔

اور اگر گرم ملک کے شہر میں برف اور سردی دیکھے تو قحط اور تنگی پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی شہر میں گیا ہے۔ اور اس کو پسند آیا ہے۔ دلیل ہے کہ عزت اور مرتبہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ گاؤں سے شہر میں گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو خیر و منفعت ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ شہر سے گاؤں کو گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری نہ ہوگی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: ربنا اخر جنا من هذه القرية الظالم اهلها۔ (اے خدا! ہم کو اس بستی سے نکال کہ جس کے اہل ظالم ہیں)۔

اور اگر دیکھے کہ شہر میں گم ہوگیا ہے تو اس کی تاویل نیک ہے۔ اور اگر دیکھے کہ عورتیں کسی شہر میں گئی ہیں۔ دلیل ہے کہ اس شہر میں فتنہ اور بلا پڑے گی۔ اور اگر دیکھے کہ شہر میں آراستہ عورتیں آئی ہیں۔ دلیل ہے کہ اس

www.waseemziyai.com

ملک میں نعمت اور فراخی ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ عورتیں شہر کے اندر گئی ہیں۔ دلیل ہے کہ بادشاہ کے غلام وہاں جائیں گے اور ظلم اور بے انصافی کریں گے۔ اور اگر دیکھے کہ عورتیں منہ باندھ کر شہر کے اندر گئی ہیں۔ دلیل ہے کہ اس شہر میں ناخوش باتیں جائیں گی۔ اور اگر خواب میں کسی شہر کی مشرقی جانب دیکھے۔ دلیل ہے کہ مغربی جانب سے بہتر ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں ہندوستان کا شہر دیکھے تو دلیل ہے کہ بد ہوگا۔

اور اگر اپنے آپ کو ترکستان کے شہر میں دیکھے تو دلیل ہے کہ اپنے دشمن پر فتح پائے گا۔

اور اگر اپنے آپ کو بلغار اور شقلان کے شہروں میں دیکھے تو دلیل ہے کہ اس پر خیانت ہوگی اور اس کے کام پوشیدہ ہوں گے۔

اور اگر اپنے آپ کو ماوراالنہر کے شہروں میں دیکھے تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبہ اور امن پائے گا۔

اور اگر اپنے آپ کو خوارزم میں دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا کام بند ہوگا۔ اور اگر اپنے آپ کو عراق کے شہروں میں دیکھے تو دلیل ہے کہ دولت اور مراد پائے گا۔ اور اگر اپنے آپ کو خراسان کے شہر میں دیکھے تو اس کا کام آسانی سے پورا ہوگا۔

اور اگر اپنے آپ کو شہر فارس میں دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس کی صحبت پارسا لوگوں سے ہوگی۔ اور اگر اپنے آپ کو کرمان کے شہروں میں دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا بڑا کنبہ ہوگا۔

اور اگر اپنے آپ کو حجاز (مکہ و مدینہ شریف) کے شہروں میں دیکھے تو دلیل ہے کہ حج کرے گا۔ اور اگر اپنے آپ کو یمن کے شہر میں دیکھے تو سلامتی اور امن پر دلیل ہے۔ اور اگر اپنے آپ کو مصر کے شہروں میں دیکھے تو دلیل ہے کہ شاد اور خوش ہوگا۔ اور اگر اپنے آپ کو آذربائیجان کے شہروں میں دیکھے تو دلیل ہے کہ کاموں میں رنج اور بلا اور تکلیف اٹھائے گا۔

اور اگر اپنے آپ کو ارمن کے شہروں میں دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری ہوگی۔ اور اگر اپنے آپ کو مغرب کے شہروں میں دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے کام میں نقصان پڑے گا۔ اور اگر اپنے آپ کو فرنگ کے شہروں میں دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے دنیا کے کام نیک ہوں گے۔ لیکن اس کا دین ضعیف ہوگا۔ اور اگر اپنے آپ کو شیروان کے شہروں میں دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا کام نیک ہوگا۔

شہر ہائے مقرر دیدن (ایک ایک شہر مقررہ دیکھنا):

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر اپنے آپ کو مکہ شریف میں دیکھے تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبہ اور نصرت پائے گا۔ اور اگر اپنے آپ کو مدینہ شریف میں دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی صحبت تاجروں سے ہوگی اور ان سے نفع پائے گا۔

اور اگر اپنے آپ کو شہر یمن میں دیکھے تو دلیل ہے کہ ڈر اور دہشت (خوف) سے امن میں ہوگا۔ اور اگر

www.waseemziyai.com

اپنے آپ کو طائف میں دیکھے تو دلیل ہے کہ سفر بہت کرے گا۔ اور نیک ہوگا۔ اور اگر اپنے آپ کو بصرے میں دیکھے تو دلیل ہے کہ علماء کرام سے شرف صحبت اٹھائے گا۔

اور اگر اپنے آپ کو واسط میں دیکھے۔ دلیل ہے کہ دیندار اور پارسا ہوگا۔ اور اگر اپنے آپ کو کوفے میں دیکھے تو دلیل ہے کہ عام لوگوں سے نیکی پائے گا۔ اور اگر اپنے آپ کو بغداد میں دیکھے تو دلیل ہے کہ مالدار ہوگا اور اس کو تجارت نفع دے گی۔

اور اگر اپنے آپ کو حلوان میں دیکھے تو دلیل ہے کہ خوش عیش سے گزر کرے گا۔ اور خواب میں اصفہان دیکھنا کسی سردار کی صحبت پر دلیل ہے اور موصل دیکھنا حصول مراد پر دلیل ہے۔ اور دمشق دیکھنا فراخ روزی پر دلیل ہے۔ اور حلب دیکھنا کسی سردار سے منفعت پر دلیل ہے۔ اور انطاکیہ دیکھنا بھی ایسا ہی ہے۔

اور بیت المقدس عزت اور مراد پانے پر دلیل ہے اور اخلاط کا دیکھنا کام کی پریشانی پر دلیل ہے اور قیصر یہ کا دیکھنا منفعت پر دلیل ہے۔

اور اگر اپنے آپ کو دژ میں قید دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا کام رکے گا۔ اور تفلس کا دیکھنا کام کے نقصان پر دلیل ہے اور گنجہ کا دیکھنا نعمت کی زیادتی پر دلیل ہے۔ اور خوے کا دیکھنا مال کی کمی پر دلیل ہے۔ اور مراغہ کا دیکھنا امان اور راحت پر دلیل ہے۔ اور تبریز کا دیکھنا غم سے نجات پر دلیل ہے۔ مادر رنگان کا دیکھنا غم پر دلیل ہے۔ اور ہمدان کا دیکھنا مرتبہ اور منفعت پر دلیل ہے۔ اور قزوین کا دیکھنا سردار کی صحبت پر دلیل ہے۔

اور رے کا دیکھنا قسم کھانے پر دلیل ہے۔ اور گرگان کا دیکھنا جھگڑے میں پڑنے پر دلیل ہے۔ اور دہستان کا دیکھنا فکرمندی پر دلیل ہے اور بسطام کا دیکھنا خوشی ہے۔

اور بسادہ کا دیکھنا نقصان مال پر دلیل ہے۔ اور مرو کا دیکھنا کام کے نہ پورا ہونے پر دلیل ہے۔ اور نیشاپور کا دیکھنا کسی بزرگ آدمی کی صحبت حاصل کرنے کی دلیل ہے۔

اور اگر اپنے آپ کو شہر طوس میں دیکھے تو دلیل ہے کہ خیر و منفعت پائے گا۔ اور اگر اپنے آپ کو بلخ میں دیکھے تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔

اور اگر اپنے آپ کو سمرقند میں دیکھے تو دلیل ہے کہ لوگوں میں نامدار ہوگا۔ اور اگر اپنے آپ کو غزنی میں دیکھے تو دلیل ہے کہ لوگوں میں نامدار ہوگا۔ اور اگر اپنے آپ کو کاشغر میں دیکھے تو دلیل ہے کہ غمگین ہوگا اور اگر اپنے آپ کو اسکندریہ میں دیکھے تو دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس سے پشیمان (نادم) ہوگا۔

اور اگر اپنے آپ کو اندلس میں دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے ساتھ خیانت کی جائے گی۔ اور اگر اپنے آپ کو حصار میں دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا کام بند ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شہروں کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: دین۔ دوم: ظاہر ہونا۔ سوم: عیش خوش۔ چہارم: عورت جو اس سے نکاح کرے گی۔

www.waseemziyai.com

شونیز (کلونجی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شونیز غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اور اس کا کھانا باعث ضرر اور نقصان ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سا شونیز ہے۔ دلیل ہے کہ اندوہ میں گرفتار ہوگا۔

شوربا:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شوربا اگر گوشت کے ساتھ ہے اور اس کا عمدہ مزہ باذائقہ ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کو منفعت حاصل ہوگی۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر شوربا گوشت کے ساتھ ہے اور خوب پکا ہوا ہے تو نیک ہے۔ اور اگر گوشت غلیظ کے ساتھ ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔

عرقِ شیراز:

شیراز، ایک قسم کا عرق ہوتا ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ شیراز غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اور جو ترش ہے دلیل ہے کہ اس کو اندوہ زیادہ سخت ہے اور اگر دیکھے کہ شیراز فروخت کرتا ہے یا کسی کو دیتا ہے اور اس میں سے کچھ کھایا نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ خوشی پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے شیراز خواب میں بری بات ہے جس سے رنجیدہ ہوگا۔

شیر (دودھ):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں دودھ تازہ اور خوب اور شیریں زیادتی مال پر دلیل ہے۔ اور اگر ترش ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے اور اگر دیکھے کہ تازہ دودھ پیا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مال حلال پائے گا۔ اور اگر عورت دیکھے کہ دودھ اس کے پستان میں جمع ہو گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہوگا۔ اور اگر مرد دیکھے کہ دودھ نکالتا ہے اور اس کے عوض خون آتا ہے۔ دلیل ہے کہ مال حرام پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اپنے پستان سے دودھ پیتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے کسب اور معاش میں نقصان ہوگا۔

اور اگر کوئی مرد دیکھے کہ بچہ ہو گیا ہے اور دودھ پیتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری نہ ہوگی۔

اور اگر عورت دیکھے کہ بچہ کو دودھ دیتی ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے مال پائے گی۔ اور اگر عورت دیکھے کہ بچہ کو شیر سے ہٹا کر پھر شیر دیتی ہے تو نقصان پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جنگلی چوپائے کا دودھ تھوڑا مال ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ گورخر کا شیر پیتا ہے تو خوبی اور صلاحیت پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اونٹنی کا دودھ پیتا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی سردار سے مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ہرنی کا دودھ پیتا ہے تو دلیل ہے کہ روزی اس پر فراخ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ بکری کا دودھ پیتا ہے تو دلیل ہے کہ

www.waseemziyai.com

عورت سے مال اور نعمت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ چیتے کا دودھ پیتا ہے۔ دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شیرنی کا دودھ پیتا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی سے مال حرام پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بھینس کا دودھ پیتا ہے تو دلیل ہے کہ مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ گدھی کا دودھ پیتا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا اور شفاء پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ خرگوش کا شیر پیتا ہے تو دلیل ہے کہ عورت سے نفع پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مادہ خنزیر کا شیر پیتا ہے تو دلیل ہے کہ احمق اور بے وقوف ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ لومڑیا کا شیر پیتا ہے تو دلیل ہے کہ کسی سے مکر اور حیلہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بھیڑیئے کا دودھ پیتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا عیال اس کے ساتھ خیانت کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بکری کا شیر پیتا ہے تو دلیل ہے کہ مال حلال حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ایسے جانور کا شیر نکالنا کہ جس کا گوشت حلال ہے مال حلال پر دلیل ہے۔ اور جس کا گوشت حرام ہے اس کا شیر غم واندوہ پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دودھ تین وجہ پر ہے۔ اول: روزی حلال۔ دوم: مال اور فرزند۔ سوم: غم واندوہ۔

شیرہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں انگور کا شیرہ دنیا کی خیر اور منفعت ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: فیه یغاث الناس وفیه یعصرون۔ (اس سے لوگ فائدہ اٹھاتے ہیں اور اس سے نچوڑتے ہیں)۔

اگر دیکھے کہ انگور سے شیرہ نچوڑتا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی بڑے بادشاہ کا مقرب ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ تازہ شیرہ کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر حلال روزی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شیرہ مزے میں ترش ہے تو دلیل ہے کہ رنج اور محنت سے روزی حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس شیرہ ہے تو خیر ومنفعت پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ انگور سے شیرہ نچوڑتا ہے اور تلف کیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ بہت سا مال پائے گا۔ اور شیرہ جس قدر تازہ اور شیریں ہوگا اس کی منفعت زیادہ ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شیرہ چار وجہ پر ہے۔ اول: مال حلال۔ دوم: بہت سی نعمت۔ سوم: علم وحکمت۔ چہارم: بغیر محنت کے نفع۔

www.waseemziyai.com

شیرینیہا (مٹھائیاں):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شیرینی شادی اور خوشی اور حلال کی روزی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو کس نے شیرینی دی ہے۔ دلیل ہے کہ اس سے روزی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے شیرینی کھائی ہے تو دلیل ہے کہ منفعت پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شیرینی خوب صورت کنیز ہے۔ اور اگر دیکھے کہ شیرینی سفید ہے تو دلیل ہے کہ پارسا ہوگا۔ اور اگر شیرینی سرخ ہے تو دلیل ہے کہ بدمست اور عیش پسند ہوگا۔ اور اگر زرد ہے تو بیمار صفت کنیز پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شیرینی چار وجہ پر ہے۔ اول: منفعت۔ دوم: مال حلال۔ سوم: علم وادب اور دانائی وحکمت۔ چہارم: خوب رو کنیز۔

شیر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شیر دشمن ہے۔ اگر دیکھے کہ شیر کے ساتھ جنگ کی ہے۔ تو دلیل ہے کہ دشمن کے ساتھ جھگڑا کرے گا۔ اور جس کو فتح ہوگی وہی غالب ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ شیر کے نشان پر گیا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ سے ڈرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شیر سے بھاگا ہے اور شیر اس کو تلاش کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ جس سے ڈرتا ہے اس سے امن میں ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ شیر کا گوشت کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہوں سے مال حاصل کرے گا اور دشمن پر فتح پائے گا اور شیر کا گوشت کھانا بادشاہ سے خلعت پانا ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شیر بادشاہ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ شیر کے جسم سے کوئی چیز پکائی ہے یا اس کو کسی نے دی ہے اور اس نے کھائی ہے۔ دلیل ہے کہ دشمن کے مال سے کچھ کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے شیر سے جماع کیا ہے۔ دلیل ہے کہ بری باتوں سے نجات پائے گا اور مراد کو پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے شیر کو بغل میں پکڑا ہے۔ دلیل ہے کہ دشمن سے صلح کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ نر شیر اس سے جماع کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ سے ذلت دیکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شیر اس کے پیچھے سے آکر آگے سے نکل گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے نقصان پہنچے گا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے شیر کا سر پایا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو شیر دیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو بادشاہی دے گا اور یا اپنی ملک میں سے کوئی ولایت دے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شیر کے سر پر بیٹھا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی دولت اور مرتبہ زیادہ ہوگا۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نر شیر بادشاہ ہے اور خواب میں مادہ شیر ملکہ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ شیرنی کا دودھ نکالا ہے۔ تو دلیل ہے کہ بادشاہ کا منشی ہوگا۔ اور اگر بڑھیا عورت یہی خواب دیکھے تو بادشاہ کے فرزند کی دایہ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ شیر کو پشت سے پکڑا ہوا ہے۔ تو دلیل ہے کہ دشمن اس پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شیر نے اس کو کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن سے نقصان اٹھائے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ شیر نے اس کو بغل میں پکڑا ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ کا مقرب ہوگا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو بادشاہ کے غصے پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے شیر کے ساتھ کھانا کھایا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کا معتمد ہوگا۔ لیکن خواب میں شیر کا چمڑا اور گوشت اور ہڈی وغیرہ دشمن پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ شیر کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن کو آسانی سے قابو میں لائے گا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو تاویل بھی خلاف ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شیر کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: بادشاہ۔ دوم: مرد دلیر۔ سوم: زبردست دشمن۔

شیر خشت:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شیر خشت حلال کی روزی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ خواب میں شیر خشت جمع کی ہے۔ دلیل ہے کہ سفر سے مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شیر خشت کھائی ہے۔ دلیل ہے کہ عیال پر مال خرچ کرے گا اور عوض پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس شیر خشت ہے تو دلیل ہے کہ تجارت سے نفع پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شیر خشت تین وجہ پر ہے۔ اول: مال حلال۔ دوم: فراخی عیش۔ سوم: دل کی مراد پانا۔

شیشہ (بوتل):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بوتل عورت ہے اور کہتے ہیں کہ خادم ہے جو عورتوں کی خدمت کرتا ہے۔ لیکن پائدار نہیں ہوتا۔ اگر خواب میں دیکھے کہ کسی نے خالی بوتل دی۔ دلیل ہے کہ درویش عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس بوتل میں روغن بنفشہ ہے تو دیندار عورت پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بوتل روغن کی مالدار عورت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس میں سے روغن سر پر ملا ہے۔ تو دلیل ہے کہ عورت کے مال سے اس کو کچھ ملے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بوتل میں سے شربت پیا ہے جیسے شربت سیب اور شربت انار وغیرہ۔ دلیل ہے کہ اسی

www.waseemziyai.com

قدر عورت کا مال ملے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بوتل سفید بلور کی پاکیزہ ہے تو دلیل ہے کہ پارسا اور خوبصورت عورت سے شادی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بوتل ٹوٹی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت ہلاک ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ بوتل ضائع ہوگئی ہے۔ تو دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس بوتل ہے اور اس میں گلاب یا کوئی میٹھی چیز ہے۔ تو دلیل ہے کہ خوش طبعی اور موافق عورت پائے گا۔ اور اگر گلاب ترش دیکھے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ اور اگر بوتل میں کوئی اچھی چیز دیکھے تو دلیل ہے کہ پارسا اور خوبصورت عورت کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بوتل کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: باجمال عورت۔ دوم: کنیز۔ سوم: گھر کا خادم۔

شیطرج (ایک دوا ہے):

شیطرج ایک دوا ہے۔ جس کا خواب میں کھانا باعث ضرر اور نقصان نہیں ہے۔



www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حرف الصاد

صابن:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اپنا کپڑا صابن سے دھوتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ بُرے کاموں سے رکے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ صابن کھایا ہے تو دلیل ہے کہ مال حرام کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو صابن کھانے کے لئے دیا ہے اور اس نے کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اپنا مال کسی کو کھانے کو دے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سا صابن ہے اور اس نے کپڑا دھویا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اپنا ہاتھ صابن سے دھویا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں سے الگ رہے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں صابن خریدنا فروخت کرنے سے بہتر ہے۔ اور اگر صابن سفید ہے اور آگ پر خوشبو دیتا ہے۔ تو نہایت عمدہ تاویل ہے۔ اور خواب میں صابن گر یعنی صابن بنانے والا سردار ہے۔

صرافی کردن (صرافی کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں صراف عالم ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ صرافی کرتا ہے۔ تو تعبیر بیان کرنے والے نگاہ کرے کہ سائل کی کیا مراد ہے۔ اگر خواب دیکھنے والا پارسا اور دیندار ہے۔ تو دلیل ہے کہ جو کچھ دین کے موافق ہے اس کو پسند کرے گا۔ اور اگر سائل کچھ لکھنا نہیں جانتا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب حیران ہوگا اور خرافات میں مشغول ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ صرافی کرتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ خیانت اور لوگوں کی غیبت میں مشغول ہوگا۔ اور بیان کرتے ہیں کہ خواب میں صراف خرافات بکنے والا آدمی ہے کہ سب کچھ اپنے نقصان کے لئے کرتا ہے۔

صاروج (لپائی کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے لپائی کی ہے۔ دلیل ہے کہ لوگوں سے

www.waseemziyai.com

پاکیزہ بات کرے گا اور خواب میں کھگل کرنے والا خوش طبع شخص ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کسی کے لئے صفائی کی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی مدد کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لپائی کرنا تین وجہ پر ہے اول: پاکیزہ۔ دوم: امداد کرنا۔ سوم: اس کو شخص کی رضا کو ڈھونڈنا۔

صاعقہ (بجلی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ صاعقہ آگ ہے جو بادل سے نکلتی ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ بادل سے بجلی گری ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر اللہ تعالیٰ کا عذاب اس جگہ والوں کو ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **ویرسل علیها حسبانا من السماء فتصبح صعیدا زلقا** ۔ (اور ان پر آسمان سے عذاب بھیجتا ہے تو پھسلنے بجنے والی مٹی ہو جاتی ہے)۔ اس ملک والوں کو توبہ کرنی چاہئے تاکہ ان سے عذاب دور ہو جائے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ ہوا سے آگ بارش کی طرح برستی ہے۔ دلیل ہے کہ ملک میں بادشاہ کی طرف سے بلا اور خون ریزی ہوگی۔ اگر دیکھے، کہ بجلی گری ہے اور اس کو جلا دیا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب بادشاہ کے عذاب سے ہلاک ہوگا۔

صبح:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ صبح صادق سے جہان روشن ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس ملک کے رہنے والوں کو امن حاصل ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ صبح کے بعد تاریکی ہوئی ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ پو پھوٹی ہے اور سرخ ہے کہ زمین اس کے عکس سے سرخ ہوگئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس ملک میں قتل اور خون ریزی ہوگی۔ اور اگر صبح کا رنگ زرد دیکھے تو بیماری پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے خواب میں صبح کا دیکھنا اس ملک کے لوگوں کی قوت اور دین کی اصلاحیت پر دلیل ہے۔

صبر (ایلوا):

ایلوا خواب میں ایسا عالم ہے کہ جس کی غرض علم سے مال کا کھینچنا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے ایلوا کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اس قسم کا عالم ہوگا اور اگر نہ کھائے تو اس کی تاویل اول کیخلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ایلوا کھانا غم واندوہ پر دلیل ہے جو اس کو پہنچے گا۔

www.waseemziyai.com

صحبت (ہمراہی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر مصلح اور پارسا آدمی کی خواب میں صحبت دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس کی زندگی اور دیانت اور درستی سے ہوگی۔

اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو اس کی تباہ کاری اور فساد پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی ہمراہی بادشاہ کے ساتھ ہے۔ دلیل ہے کہ علم اور عقل پائے گا۔ اور اس کا کام انتظام سے ہوگا۔ اور اگر اپنی ہمراہی مشرک آدمی کے ساتھ دیکھے تو اس کو توبہ کرنی چاہئے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی سردار کی ہمراہی میں ہے۔ تو دلیل ہے کہ دنیا پر مغرور ہوگا۔

صحرا (جنگل):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں صحرا کا دیکھنا بادشاہ کی طرف سے خوشی اور نیکی ہے۔ اسی قدر کہ جس قدر صحرا بڑا ہے۔ اور صحرا بے انداز دیکھے اور اس میں بہت سے خس و خاشاک دیکھے اور اپنے آپ کو اس میں پھرتا ہوا دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس کی صحبت ظالم بادشاہ سے ہوگی اور اس کا مقرب ہوگا۔ اور اگر صحرا کو سرسبز دیکھے۔ تو دلیل ہے کہ اس کی صحبت عالم اور فاضل شخص سے ہوگی اور اس سے فائدہ پائے گا۔

صحف (صحائف):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ صحف ابراہیم علیہ السلام پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو کوئی نیکی کا راستہ بتائے گا اور خطا سے روکے گا۔ خاص کر اگر کتاب سے بھی یہی پڑھا ہے۔ اور اگر سرسری طور پر پڑھا ہے۔ تو اس کی صحبت منافق اور ریاکار سے ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر مسلمان دیکھے کہ اس نے مصحف کھولا ہے اور صحف ابراہیم علیہ السلام پڑھا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا اعتقاد دین اسلام پر ہوگا اور گبر اور یہودیوں کو پسند نہ کرے گا اور اس کو ان کی طرف سے رغبت نہ ہوگی۔

صحیفہ (خط، کاغذ):

صحیفہ اس کے تین معنی ہیں۔ ایک نامہ دوسرے کاغذ۔ تیسرے پردہ۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ صحیفے پر کچھ لکھا ہے۔ دلیل ہے کہ وراثت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی کے صحیفے پر اپنے لئے کچھ لکھا ہے۔ دلیل ہے کہ دیندار با امانت مرد سے کچھ حاصل کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ صحیفے پر سبز خط سے کچھ لکھا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی آفت زدہ سے کچھ پائے گا اور اگر صحیفے پر کچھ نہیں لکھا ہے تو وراثت نہ پائے گا۔

www.waseemziyai.com

صدف (سیپ):

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سیپ عورت ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس سیپ ہے۔ دلیل ہے کہ عورت کرے گا یا کنیز خریدے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سیپ ضائع ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا خادم بھاگے گا۔

صدقہ دادن (صدقہ دینا):

صدقہ دینا۔ اس میں اہل تعبیر کا اختلاف ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کوئی عالم صدقہ دے رہا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے علم سے لوگوں کو نفع پہنچے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بادشاہ صدقہ دے رہا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو بہت منفعت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ کوئی پیشہ ور صدقہ دے رہا ہے۔ دلیل ہے کہ شاگردوں کو کام سکھائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں صدقہ دینا امن اور رنج وسختی سے خلاصی ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر قرض دار دیکھے کہ صدقہ دیتا ہے تو دلیل ہے کہ قرض سے سرخرو ہوگا۔ اگر غلام ہے تو آزاد ہوگا۔ اگر قیدی ہے تو خلاصی پائے گا۔ اگر ملحد دیکھے کہ صدقہ دیتا ہے تو دلیل ہے کہ مسلمان ہوگا۔ حاصل یہ ہے کہ خواب میں صدقہ دینا دونوں جہان کی سعادت ہے۔

صراط (پل صراط):

صراط۔ راستہ، پل صراط۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ راستے پر کھڑا ہے۔ دلیل ہے کہ خراب کام اس کے ہاتھ پر درست ہوں گے۔ کیونکہ صراط سیدھا راستہ ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **ویھدیك صراطا مستقیما**۔ (اور تجھ کو سیدھا راستہ دکھائے گا)۔

اور اگر دیکھے کہ پل صراط پر سے گزر گیا ہے۔ دلیل ہے کہ بڑی مصیبت اور موت سے امن میں ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ پل صراط پر سے دوزخ میں گرا ہے۔ تو دلیل ہے کہ رنج ومصیبت میں گرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ پل صراط پر سے گزرا ہے۔ تو دلیل ہے کہ راہ آخرت اور نیک عمل کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پل صراط دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: راہ راست۔ دوم: مشکل کام۔ سوم: خوف۔ چہارم: بادشاہ کی طرف سے آرام۔ پنجم: گناہ۔ ششم: نفاق۔

صفہ (چبوترہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چبوترہ ماں اور باپ ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ اس کے گھر کا چبوترہ پاکیزہ اور نیا اور بلند ہے۔ تو درازیٔ عمر اور ماں باپ کی سلامتی ذات پر دلیل ہے۔ اور اگر اس

www.waseemziyai.com

نے دیکھا ہے کہ چبوترہ گرا اور خراب ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ماں باپ ہلاک ہوں گے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ چبوترے کی دائیں طرف خلل پڑا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا باپ بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ بائیں طرف رخنہ پڑا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی ماں بیمار ہوگی۔ اور اگر اس کے ماں اور باپ نہیں ہیں تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔

صلوٰۃ وسلام (درود شریف):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف بھیجتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی مرادیں پوری ہوں گی اور اس پر روزی فراخ ہوگی اور عاقبت بخیر ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ درود شریف بہت بھیجتا ہے تو دلیل ہے کہ حج کرے گا۔ اور اگر نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھے تو دلیل ہے کہ آپ کے طریقے بجالائے گا۔ (یعنی سنت پر عمل کرے گا)

صمغ (گوند):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ درخت کا گوند بجا کھچا کھانا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس گوند ہے یا کسی نے اس کو دی ہے۔ دلیل ہے کہ اسی بچے کھچے مال سے کسی کو کچھ دے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گوند تھوڑی منفعت ہے۔ جو اس کو ایسے مرد سے حاصل ہوگی جو اس گوند کے درخت سے منسوب ہے۔ چنانچہ اگر خواب میں بادام کا گوند کھائے تو دلیل ہے کہ بخیل آدمی سے نفع پائے گا۔ اور اگر زرد آلو کا گوند کھائے تو دلیل ہے کہ کسی بیمار آدمی سے نفع پائے گا۔ اور اگر کیکر کا گوند کھائے یا پاس رکھے۔ دلیل ہے کہ بیابان کے رہنے والے سے نفع پائے گا۔

صنج (جھانجھ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جھانجھ کلام باطل اور جھوٹ ہے اور اگر دیکھے کہ اس کے سامنے جھانجھ بجاتے ہیں تو دلیل ہے کہ جھوٹ اور باطل سے خوش ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ جھانجھ کے ساتھ چنگ اور چغانہ بجاتے ہیں۔ تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔ جو اس جگہ والوں کو پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ جھانجھ ٹوٹا ہے یا اس نے گرا دیا ہے۔ دلیل ہے کہ کلام باطل اور جھوٹ سے توبہ کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جھانجھ بجانا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: بری خبر۔ دوم: بے ہودہ کلام۔ سوم: اسباب۔ چہارم: دنیا۔ پنجم: غم واندوہ۔

صندل (چندن):

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس صندل ہے یا اس کو کسی

www.waseemziyai.com

نے دیا ہے۔ دلیل ہے کہ لوگ اس کی مدح اور ثنا کریں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس صندل سفید ہے۔ دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی سے عطا پائے گا۔ اور جس قدر اس کے پاس صندل زیادہ ہوگا اسی قدر صاحب خواب زیادہ منفعت پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں صندل کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: تعریف اور شاباش۔۔ دوم: خیر و برکت۔ سوم: عزت اور مرتبہ۔ چہارم: منفعت۔

صندوق:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں صندوق عورت ہے۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ صندوق خواب میں عزت اور مرتبہ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بڑا صندوق اس نے خریدا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر عزت اور مرتبہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا صندوق ضائع ہوا ہے۔ یا ٹوٹا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مرتبہ کم ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس پاکیزہ صندوق ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عورت خوب صورت اور پاکیزہ ہوگی۔ اور اگر پرانا صندوق دیکھے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں صندوق کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: عزت اور مرتبہ۔ دوم: قدر اور مرتبہ کی بلندی۔ سوم: عورت۔

صورت (شکل):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کا چہرہ دوسری صورت میں بدل گیا ہے۔ دلیل ہے کہ حالات دیکھی ہوئی صورت پر بدلیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اپنی صورت پر واپس آیا ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے گا۔ اور اگر خواب میں اپنی صورت مختلف طرح کی دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس سے ہر ایک شخص منہ پھیرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی اور آدمی یا جانور کی صورت پر ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ بدمذہب اور جھوٹا ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تصویر دیکھنا خدا تعالیٰ پر جھوٹ باندھنے والا دیکھتا ہے۔

صوف (پشم، اون):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں صوف کا کپڑا دنیا کی خیر و منفعت ہے۔ خاص کر پارسا آدمی کے لئے۔ اور اگر دیکھے کہ صوفیوں کے بدن سے صوف کا جامہ اتارا ہے تو اس کی رغبت گناہ اور خطا

www.waseemziyai.com

کی طرف ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ صوفی ہوگیا ہے اور بھوراسی صوفیوں میں مقام کیا ہے دلیل ہے کہ یہی کچھ بیداری میں دیکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ صوفیوں نے اس کو اپنے درمیان سے نکال دیا ہے۔ اس کی تاویل اس کے خلاف ہے۔ اگر دیکھے کہ صوفی ہوگیا ہے۔ یا صوفیوں کے ساتھ بیٹھا ہے۔ دلیل ہے کہ منافقانہ عبادت کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں صوفی بننا چار وجہ پر ہے۔ اول: دنیا سے ہاتھ اٹھانا۔ دوم: خلقت سے کنارہ کشی کرنا۔ سوم: عبادت کی ہمیشگی۔ سوم: کسی سے طمع نہ کرنا۔

صیقل:

صیقل خواب میں بادشاہ ہے اور بعض کے نزدیک بادشاہ کا وزیر ہے۔ اگر دیکھے کہ صیقل کرتا ہے۔ اگر اہل اصلاح سے ہے تو بادشاہی پائے گا یا بادشاہ کا مقرب ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں صیقل گر ایسا شخص ہے جو اپنے ہاتھ سے حق کو باطل سے جدا کرتا ہے۔

صینی (چینی کا برتن):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چینی کا برتن خادمہ عورت ہے۔ اور اگر چینی کو روشن اور پاکیزہ دیکھے تو دلیل ہے کہ خوب صورت خادمہ عورت پائے گا۔ اور اگر چینی کو سیاہ دیکھے تو دلیل ہے کہ خادمہ عورت بدصورت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس چینی کے سامان ہیں یا اس نے لئے ہیں۔ دلیل ہے کہ خادمہ عورت کو گھر میں لائے گا۔ یا اس کی عورت یا کنیزہ مرے گی یا بھاگے گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چینی کا سامان تین وجہ پر ہے۔ اول: خادمہ عورت۔ دوم: کنیز۔ سوم: عورتوں سے منفعت۔

www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حرف الضاد

ضرابی (ٹکسالی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ٹکسالی ایسا شخص ہوتا ہے کہ اپنی باتوں کو آراستہ کر کے فخریہ بیان کرتا ہے۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ ٹکسال کا کام کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ چند بے اصل باتوں کو آراستہ کر کے لطیف اور شیریں بنا کر کہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ درہم بناتا ہے۔ دلیل ہے کہ سخت اور ناخوش باتیں کرے گا جن کو سن کر لوگ آرزدہ خاطر (پریشان) ہوں گے۔

ضعیف (کمزور):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ضعیفی مرتبے کا نقصان ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا سر ضعیف ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عزت اور مرتبہ کم ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی آنکھ ضعیف ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا دین کمزور اور ضعیف ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا گوشت ضعیف ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت یا خادمہ بیمار ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی ناک ضعیف ہوئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عزت اور مرتبہ کم ہوگا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کا دین کمزور ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ بے ہودہ باتیں کرے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کی گردن ضعیف ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ امانت ادا نہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے مہرے کمزور ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ لوگوں کی غیبت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا ہاتھ کمزور ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عورت بیمار ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی کلائی بیمار ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی ماں یا فرزند بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا بازو بیمار ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی تدبیر اور رائے بیکار ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا پستان ضعیف ہوا ہے تو بھی یہی تاویل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی انگلی ضعیف ہوئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی لڑکی بیمار ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا پیٹ ضعیف ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا پشت و پناہ شخص ضعیف ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا سرین ضعیف ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے رشتہ داروں سے کسی بزرگ کا حال برا ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی ران ضعیف ہوئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے مال کا نقصان ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ

www.waseemziyai.com

اس کا زانو ضعیف ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے مال کا نقصان ہوگا۔ اور گر دیکھے کہ اس کا جسم ضعیف ہوا ہے تو دلیل ہے کہ غمگین ہوگا۔

ضیاع (جاگیر، زمین):

ضیاع۔ زمیدارے کی جائداد۔ اگر دیکھے کہ اپنی زمین میں تخم بویا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے حالات نیک ہوں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی زمین میں وقت پر کچھ اگا ہے۔ دلیل ہے کہ راہ دین میں نیک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنی تمام جائداد بیچی ہے اور قیمت باندھی ہے۔ دلیل ہے کہ رنج وغم میں پڑے گا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو خیر واصلاح پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی جاگیر آباد ہے۔ دلیل ہے کہ آبادی کے مطابق مال دنیا حاصل کرے گا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے مال کا نقصان ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ سیلاب نے اس کی زمین خراب کی ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے نقصان اٹھائے گا۔



www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حرف الطاء

طاس (طشت):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں طشت نوکرانی ہے یا گھر کی خدمت کی کنیز ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا طشت ٹوٹ گیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ عورت اس سے جدا ہوگی یا مرے گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں طشت نیک عادت والی کنیز ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے پانی کا طشت دیا ہے اور اس نے پیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ طشت ٹوٹا اور پانی رہا ہے تو دلیل ہے کہ کنیز مرے گی اور فرزند رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پانی گرا اور طشت سلامت رہا ہے تو دلیل ہے کہ فرزند مرے گا اور کنیز بچے گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں طشت چار وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: کنیز۔ سوم: فرزند۔ چہارم: عورتوں سے منفعت۔

طابع (مہر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو مہر دی گئی ہے۔ تا کہ اپنے خزانے پر مہر لگائے تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبہ اور بزرگی پائے گا۔ کیونکہ تاویل مہر کی انگشتری سے بہتر اور قوی ہوتی ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ بادشاہ یا امیر نے اس کو مہر دی ہے کہ خزانے پر لگائے۔ دلیل ہے کہ اپنا مال اس کے سپرد کرے گا۔ اور اگر صاحب خواب اس قابل نہیں ہے۔ تو دلیل ہے کہ اپنے قدر کے مطابق عزت اور مرتبہ پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مہر تین وجہ پر ہے۔ اول: بزرگی اور مرتبہ۔ دوم: خزانہ۔ سوم: مال جمع کرن۔

طاعون (پلیگ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ طاعون فتنہ اور بلا پر دلیل ہے۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے جسم پر طاعون کی بیماری ہے۔ تو دلیل ہے کہ فتنہ اور بلا میں پڑے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں طاعون جنگ اور لڑائی کا میدان ہے۔

www.waseemziyai.com

طاؤس (مور):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ نر طاؤس خواب میں عجم کا بادشاہ ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس نر مور ہے۔ تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے مرتبہ اور مال حاصل کرے گا۔ اور اگر مورنی دیکھے اور جانے کہ اس کی ملک ہے۔ دلیل ہے کہ عجمی عورت خوبصورت مال دار کرے گا اور اس سے مال اور فرزند حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ مور کبوتری سے جفت ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ قرمساقی کرے گا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں مور فسادی عورت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ مور اس سے باتیں کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ ولایت پائے گا۔ اور اگر مور اور چکور کو ایک جگہ دیکھے تو دلیل ہے کہ کوئی بیگانہ اس کے عیال سے فساد کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ مور اس کے گھر سے اڑا ہے۔ دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مور کو مارا ہے۔ دلیل ہے کہ کنواری عورت سے شادی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں مور ہے۔ دلیل ہے کہ مال اور نعمت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مور کا بچہ پکڑا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے لڑکی پیدا ہو گی۔ اور اگر دیکھے کہ مور اس کے ہاتھ سے اڑا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے جدا ہو گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مور دو وجہ پر ہے۔ اول: عجم کا بادشاہ۔ دوم: مال اور خزانہ۔

طباخ (باورچی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ باورچی خواب میں حریص شخص ہے۔ اگر دیکھے کہ باورچی کا کام کرتا ہے تو دلیل ہے کہ خیر اور نیکی دیکھے گا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ نقصان پائے گا۔

طباق (رکابی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں طباق خادم ہے کہ شادی کے وقت مجلس کی خدمت کرتا ہے اور جو کوئی اس کو دیکھتا ہے خوش ہوتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت بڑا تھال ہے تو دلیل ہے کہ اسی قسم کا خادم حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ طبق ٹوٹ گیا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کا خادم مرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ طباق آگ میں پڑا ہے اور جل گیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کی کنیز یا خدمت گار بیمار ہو گی اور طاعون یا سرسام میں مبتلا ہو گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں طباق کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: گھر کا خادم اور مجلس۔ دوم: کنیز۔ سوم: فائدہ۔ چہارم: ہدیہ۔

www.waseemziyai.com

طبل (طبلہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں طبلہ چھوٹی اور بے کار بات ہے۔ اور اگر دیکھے کہ طبلے کے ساتھ بانسری اور ناچ بھی ہے۔ تو غم اور مصیبت پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اکیلا طبلہ بجاتا ہے تو دلیل ہے کہ بے ہودہ بات کرے گا۔ یا کوئی مشہور چیز اس کو ملے گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ وہ طبلہ بجاتا ہے۔ دلیل ہے کہ بے ہودہ کام کرے گا۔ اور خواب میں طبال یعنی طبلہ بجانے والا جھوٹ کو سچ کر دکھانے والا ہے۔

طبیب (حکیم، ڈاکٹر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ طبیب نے بیمار کا علاج کیا اور تندرست ہوا تو دلیل ہے کہ کسی کو فساد کے راستہ سے اصلاح پر لائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس پر اور بھی زیادہ سخت بیماری ہوگئی ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ لوگوں کو دوا دی ہے اور ان سے نفع ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ علم اور نصیحت دے گا اور لوگ اس کی نصیحت قبول کریں گے اور اس کے علم پر عمل کریں گے۔ اور اگر اس کی دوا نافع نہیں ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔ اور خواب میں حکمت کرنا پارسا آدمی کے لئے راہ دین اور آخرت کا راہ راست ہے۔ اور مفسد آدمی کے لئے جسم کی درست اور کسب و معیشت ہے۔

طعام (کھانا):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ کھانا اور شربت جو اس کو ملا ہے اس کی تاویل بد ہے۔ مگر فالودہ وغیرہ۔ کیونکہ حلوے کی اصل روغن اور شہد ہے اور ان دونوں کی تاویل مال ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے جو کھانا مشکل اور بے مزہ ہے اس کی تاویل رنج واندوہ ہے اور جو ترش ہے بیماری پر دلیل ہے اور میٹھا کھانا عیش اور خوشی پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ سونے اور چاندی سے کھانا لیا ہے۔ دلیل ہے کہ مال کا نقصان ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر میں کھانا ہے اور سب کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عمر عیش سے گزرے گی۔

اور اگر دیکھے کہ اس قدر کھانا کھایا ہے کہ اٹھنے کی طاقت نہ رہی۔ تو اس کے مرنے پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ مردہ کھانا کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ کھانا سخت ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ کسی درویش کو کھانا دیا ہے تو دلیل ہے کہ غم اور ترس اور خوف سے نجات پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی کافر کو کھانا دیا ہے تو دلیل ہے کہ دشمنوں کے کاموں میں اللہ تعالیٰ اس کی مدد کرے گا۔

www.waseemziyai.com

طعن (نیزہ مارنا):

اگر دیکھے کہ کسی نے نیزہ مارا ہے اور اس کے جسم میں گھس گیا ہے۔ دلیل ہے کہ یہ آدمی اس زخم کے مطابق اس کی دشمنی اپنے دل میں رکھتا ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نیزہ مارنا بری بات کہنا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے نیزہ مارا ہے اور اس جگہ کو زخمی کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بات سے ستائے گا اور اگر زخم نہیں لگا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

طلاق:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے عورت کو طلاق دی ہے اور اس کی ایک ہی عورت ہے۔ دلیل ہے کہ عزت اور مرتبے سے گرے گا۔ اور اگر اس کی اس عورت کے سوا اور بھی عورت ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عزت اور مرتبے میں کچھ کمی ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے عورت کو طلاق دی ہے۔ دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس سے پشیمان (نادم) ہوگا۔

اور خواب میں خلع کرنا (یعنی عورت سے مال لے کر طلاق دینا) دولت مندی ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے وان یتفر قایغن الله کلا من سعته۔ (اور اگر عورت مرد سے جدا ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ ہر ایک کو اپنی کشائش سے بے نیاز کرے گا)۔

طلع (کھجور کا پھول):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ ایک پھول کھجور کا یا دو تین لئے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ پھول کھایا ہے تو دلیل ہے کہ مال اور نعمت بہت حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس کھجور کے بہت سے پھول ہیں۔ وہ نہ خود کھائے اور نہ کسی کو دیئے۔ تو دلیل ہے کہ بادشاہ اس کا مال لے گا اور آخر کار خوش ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کھجور کا پھول چار وجہ پر ہے۔ اول: فرزند۔ دوم: رحمت۔ سوم: منفعت۔ چہارم: چھین کر مال لینا۔

طلق (ابرک):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ابرک کاموں میں تھوڑا سخت سرمایہ ہے۔ کیونکہ اس کا جوہر پتھر سے ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی جگہ سے بہت سا سرمایہ جمع کیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو سفر سے مکر اور حیلے کے ساتھ مال حاصل ہوگا۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ گھلا ہوا برک اپنے جسم پر ملا ہے اور آگ میں گیا ہے اور اس کو آگ نے نقصان نہیں پہنچایا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ کی برائی اس سے دور ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ ابرک کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ مال کو رنج اور سختی سے حاصل کرے گا اور اگر دیکھے کہ ابرک اس کے پاس سے ضائع ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مال تلف ہوگا۔

طنبور (طنبورہ ستار):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اپنے گھر میں طنبور بجاتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس جگہ غم اور مصیبت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا طنبور ٹوٹ گیا ہے۔ دلیل ہے کہ توبہ کرے گا۔ اور اگر بیمار دیکھے کہ طنبورا بجاتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی موت قریب ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے طنبورا کی آواز سنی ہے تو دلیل ہے کہ بے ہودہ باتیں سن کر خوش ہوگا۔

طوطی (طوطا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ کہ خواب میں طوطا فرزند یا غلام ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ طوطا اس کے ہاتھ سے اڑا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا فرزند یا غلام سفر کو جائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ طوطا اس کے ساتھ باتیں کرتا ہے تو دلیل ہے کہ ایسی بات یا کام کرے گا جس سے لوگ تعجب کریں گے۔ اور مادہ طوطا دوشیزہ لڑکی ہے اور زمرد کا رنگ کا طوطا دین کی پاکی پر دلیل ہے یا پارسا غلام ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے مادہ طوطے کو مارا ہے۔ دلیل ہے کہ کنواری عورت سے شادی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مادہ طوطے کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ ایسی بات یا کام کرے گا جس سے لوگ تعجب کریں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے منہ یا مقعد (سرین) سے طوطا نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہوگا جو اس کی شان میں بری باتیں کہا کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں طوطا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: فرزند اور غلام۔ دوم: کنواری لڑکی۔ سوم: پارسا شاگرد۔

طوق (گردن کا زیور):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی گردن میں سونے یا چاندی کا طوق ہے۔ دلیل ہے کہ ولایت پائے گا اور اس میں انصاف کرے گا۔ اور اگر لوہے کا طوق دیکھے تو دلیل ہے کہ بد دیانت ہوگا اور اس کے دین میں خرابی ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر اپنی گردن میں طوق دیکھے تو دلیل ہے کہ جھوٹا دعویٰ کرے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر اپنی گردن میں سنہری طوق دیکھے تو دلیل ہے کہ ولایت پائے گا اور اگر تانبے یا لوہے کا ہے تو دلیل ہے کہ کسی سے جھگڑا کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گردن میں طوق دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: حج۔ دوم: ولایت۔ سوم: خصومت (لڑائی)۔ چہارم: امانت۔ پنجم: غلام۔ ششم: کنیز۔

اور اگر خواب میں اپنے گھوڑے کی گردن میں طوق دیکھے تو دلیل ہے بادشاہ سے مال اور بزرگی پائے گا۔

طیلسان (چادر، شال):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شال قدر اور بزرگی اور مرتبہ ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس نئی اور پاکیزہ شال ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا مرتبہ بڑھے گا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی قدر کم ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ چادر پھٹی یا جلی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کوئی عزیز مرے گا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں چادر کا دیکھنا امانت اور دیانت اور دین کی قوت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ شال پاکیزہ ہے۔ دلیل ہے کہ امانت گزارے گا۔ اور شال میلی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ذمے امانت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے زرد چادر لی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو سخت غم پڑے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سفید چادر پارسا لڑکا ہے۔ اور سرخ چادر دلیل ہے کہ اس کا فرزند عیش و عشرت کو پسند کرے گا۔ اور اگر سیاہ ہے تو اس کا فرزند عالم یا قاضی یا خطیب ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چادر کا دیکھنا دس وجہ پر ہے۔ اول: عزت اور مرتبہ۔ دوم: ولایت۔ سوم: فرزند۔ چہارم: دولت۔ پنجم: بزرگی۔ ششم: مال۔ ہفتم: منفعت۔ ہشتم: علم۔ نہم: دین۔ دہم: تلوار۔

www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حرف الظاء

ظلم کردن (ظلم کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس پر ظلم ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ ظالم پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی پر ظلم کیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ شخص فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اس پر ظلم کیا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ اس کا محتاج ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے بادشاہ پر ظلم کیا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے نقصان پائے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر سردار دیکھے کہ اس نے کسی عاجز پر ظلم کیا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ عاجز اس پر نفرین کرے گا۔ اور اگر آقا دیکھے کہ اس نے غلام پر ظلم کیا ہے۔ دلیل ہے کہ آقا سے اس کو مصیبت اور رنج اور بلا پہنچے گی۔

ظلمات (اندھیرا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اندھیرے میں تھا اور روشنائی سے بدل گیا ہے۔ دلیل ہے کہ دین کا راستہ اس پر کھلے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اندھیرے میں تھا اور روشنائی میں گیا اور پھر اندھیرے میں آیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ منافق ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **واذا اظلم علیھم قامو ولوشاء اللہ لذھب بسمعھم و ابصارھم۔** (اور جب ان پر تاریکی ہوتی ہے تو کھڑے ہو جاتے ہیں اور اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو ان کے کان اور آنکھیں لے جاتا۔)

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تاریکی غم واندوہ ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی ملک میں تاریک ظاہر ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک میں نہایت سخت غم واندوہ ظاہر ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تاریکی پانچ وجہ پر ہے۔ اول: کفر۔ دوم: حیرانی۔ سوم: کاموں کا رک جانا۔ چہارم: بدعت۔ پنجم: گمراہی۔

اگر مالدار دیکھے کہ درویش ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مال زیادہ ہوگا اور اگر درویش دیکھے کہ مالدار ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام اور بھی بدتر ہوگا۔ اور اللہ ہی بہتری کو خوب جانتا ہے۔

www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حرف العین

عاج (ہاتھی دانت):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ہاتھی دانت دولت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس ہاتھی دانت ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ہاتھی دانت اس سے ضائع ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا مال اور دولت ضائع ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے صندوق میں ہاتھی دانت ہے۔ تو دلیل ہے کہ اپنے رشتہ داروں سے مالدار عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس ہاتھی دانت کی دوات ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ انعام میں کنیز دے گا اور مرتبہ پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ ہاتھی دانت ٹوٹا یا ضائع ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت یا کنیز ہلاک ہوگی اور جس قدر ہاتھی دانت زیادہ سفید اور زیادہ پاکیزہ ہوگا۔ مال زیادہ ہوگا۔

عاریت کردن (عاریت کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کوئی چیز اس کو عاریت دیتی ہے۔ اگر وہ چیز پسندیدہ ہے تو دونوں کے ثبوت محبت پر دلیل ہے۔ اور گر ایسی چیز کہ جس کو پسند نہیں کرتے ہیں۔ تو اس کی تاویل اچھی نہیں ہے۔ (عاریت کا معنی جو چیز مانگ کر واپس کرنے کے ارادہ سے لی جاتی ہے)

عاشق:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے عاشق اور حریص ہے۔ تو فساد اور بدی پر دلیل ہے۔ اگر چیز حلال اور اچھی ہے تو خیر و اصلاح پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی صورت پر عاشق ہوا ہے۔ اگر اس عشق میں حرام کی نیت ہے تو شر و فساد پر دلیل ہے۔ اور اگر بیت حلال ہے تو خیر و اصلاح پر دلیل ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ معشوق سے دل کی مراد پائی ہے۔ تو خیر اور منفعت پر دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

عالم ہونا:

اگر جاہل شخص دیکھے کہ عالم یا فقیہہ ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ لوگ اس پر طعنہ کریں گے اور اس کا مذاق اڑائیں گے۔ اور اگر عالم یا فقیہہ دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا علم اور زیادہ ہوگا۔

اگر دیکھے کہ قاضی یا حکیم یا خطیب یا عالم زندہ یا مردہ کسی خوفناک اور ترسناک جگہ سے گزر گیا ہے۔ دلیل ہے کہ وہاں کے لوگ امن میں ہوں گے اور ان کا بادشاہ عادل ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ لوگوں کو علم سکھاتا ہے، حالانکہ اہل علم نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ اس سے بھاگے گا۔ اور اگر عالم ہے تو عزت اور مرتبے پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کچھ لے کر علم پڑھاتا ہے دلیل ہے کہ رشوت لے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عالم چار وجہ پر ہے۔ اول: دولت۔ سوم: قاضی۔ سوم: حکیم۔ چہارم: خطیب۔

عبادت کرنا:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ عبادت یا مسجد یا جھونپڑی میں کرتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس جہان کی خیر پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مکروہ جگہ میں عبادت کرتا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

عجوزہ (بڑھیا):

عجوزہ۔ بڑھیا۔ اس کی تاویل انشاء اللہ تعالیٰ حرف کاف میں بیان کی جائے گی۔

عدد (شمار):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ درم یا دینار یا کپڑے وغیرہ میں سے ایک اس کو کسی نے دیا ہے۔ دلیل ہے کہ خیر اور نیکی دیکھے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **من جاء بالحسنة فله عشر امثالها** ۔ (جو شخص ایک نیکی لایا اس کے لئے دس گنا ہے)۔ اسی لئے اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ دس کی اصل ایک ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ایک عدد نیک ہے دو کا عدد غم واندوہ ہے۔ لیکن دشمن پر فتح پائے گا۔ ثانی اثنین اذ هما فی الغار ۔ (دو میں کا دوسرا جب وہ غار میں تھا)۔

اگر شمار کا عدد دیکھے تو بد ہے اور اس کام سے فائدہ نہ اٹھائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **الا تكلم الناس ثلثة ايام** ۔ (کہ لوگوں سے تین روز تک کلام نہ کرنا)۔

تین کا لفظ جدائی پر دلالت کرتا ہے۔ کیونکہ طاق عدد ہے اور چار کا عدد نیک ہے۔ جب دوسری اور چیز

www.waseemziyai.com

شامل نہ ہو۔ مایکون من نجوٰی ثلثة الا ھو رابعھم ۔(تین شخصوں کی سرگوشی میں وہ چوتھا ہوتا ہے)۔

اور اگر پانچوں نمازوں کو صاحب قائم رکھتا ہے۔تو پانچ کا عدد نیک ہے۔اور چھ کا عدد نیک ہے۔خلق السموات والارض فی ستة ایام ۔(زمین اور آسمان چھ روز میں بنائے)۔

اور سات کا عدد دیکھنا بد ہے۔ سبع سموت طباقا۔(اور سات آٹھ اور بھی بد ہیں)۔فرمان اللہ تعالیٰ ہے:سبع لیال وثمانیة ایام حسوما۔(سات راتیں اور آٹھ دن سخت)۔اور عدد نو بھی بد ہے۔فرمان اللہ تعالیٰ ہے:تسعة مائةٍ رھط یفسدون۔(نو گروہ فساد کرنے والے)۔

اگر دس کا عدد دیکھے تو نیک ہے۔دین اور دنیا کی مراد حاصل ہوگی۔فرمان اللہ تعالیٰ ہے:تلك عشرہ کاملة۔(وہ پورے دس دن)۔

اور گیارہ کا عدد دیکھے۔دلیل ہے کہ اس کے کام ظہور میں آئیں گے۔اور بارہ کا عدد دیکھنا نیک ہے۔فرمان اللہ تعالیٰ ہے:ان عدة الشھور عند اللہ اثنتا عشر شھرا۔(مہینوں کا شمار اللہ تعالیٰ کے نزدیک بارہ ہے)۔

اگر تیرہ کا عدد دیکھے تو بد ہے۔اور چودہ کا عدد نیک ہے۔اور اگر پندرہ کا عدد دیکھے تو اس کے کام پراگندہ ہوں گے۔اور اگر سولہ کا عدد دیکھے تو اس کی مراد دیر سے پوری ہوگی۔اور سترہ کا عدد دیکھنا بد ہے۔اور اگر اٹھارہ کا عدد دیکھے تو اس کی مراد پوری نہ ہوگی۔

اور اگر انیس کا عدد دیکھے تو اس کا کام لوگوں سے پڑے گا۔فرمان اللہ تعالیٰ ہے:لواحة للبشر علیھا تسعة عشر۔(اس پر انسان کو خوفزدہ کرنے والے انیس ہیں)۔اور بیس کا عدد دیکھنا نیک ہے اور دشمنوں پر فتح پائے گا۔فرمان اللہ تعالیٰ ہے: عشرون صابرون۔(بیس آدمی صبر کرنے والے)۔

اور اگر تیس کا عدد دیکھے تو اس کا تعلق کسی حاکم سے ہوگا۔وواعدنا موسٰی اربعین لیلة واتممنھا بعشر۔(اور ہم نے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے تیس رات کا وعدہ کیا اور ان کو دس سے پورا کیا)۔اگر چالیس کا عدد دیکھے تو اس کا کام بند نہ ہوگا۔

اور اگر پچاس کا عدد دیکھے تو رنج اور سختی پر دلیل ہے۔فرمان اللہ تعالیٰ ہے:الف سنة الا خمسین عاما فاخذھم الطوفان۔(پچاس کم ہزار سال کی ان کو طوفان نے پکڑا تھا)۔

اور اگر ساٹھ کا عدد دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے ذمے قسم ہوگی اور اس کو لگاتار دو ماہ روزے رکھنے چاہئیں۔یا ساٹھ درویشوں کو کھانا دینا چاہئے۔فرمان اللہ تعالیٰ ہے:شھرین متتابعین من قبل ان یتما ساذلك لتؤمنوا باللہ و رسولہ ۔(ایک دوسرے کو چھونے سے پہلے لگاتار دو ماہ۔یہ اس لئے ہے تاکہ تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھو)۔

اور اگر ستر کا عدد دیکھے تو دلیل ہے کہ دیر سے کام ہوگا۔اور اگر اسی کا عدد دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو تہمت

www.waseemziyai.com

لگائیں گے اور کوڑے ماریں گے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: ثما نین جلدہ۔ (اس کو اسی کوڑے مارو)۔

اور اگر نوے کا عدد دیکھو تو دلیل ہے کہ بڑوں میں سے چند عورتوں کے ساتھ نکاح کرے گا۔ تسع وتسعون نعجة ولي نعجة واحدة۔ (ننانویں بھیڑیں اور میری ایک بھیڑی ہے)۔

اور اگر سو کا عدد دیکھے تو نصرت اور فتح پائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: مائة یغلبوا مأتین۔ (ایک سو دو سو پر غالب آئے گا)۔

اور اگر اپنے بادشاہ کو دیکھے کہ اس کے ساتھ سو سوار ہے۔ دلیل ہے کہ دشمنوں پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے سو درہم دیئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس پر زنا کی تہمت دھریں (لگائیں) گے اور اس کو سو کوڑے ماریں گے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: فاجلدو کل واحد منهما مائة جلدة۔ (ہر ایک کو ان میں سے کوڑے مارو)۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے سودانے گیہوں کے یا جو کے کسی نے دیئے یا اور کسی طرح کے دانے دیئے۔ دلیل ہے کہ اس کو خیر و برکت ہوگی۔ نیز اس پر عیش فراخ ہوگی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: في كل سنبلة مائة حبته والله يضٰعِفُ لمن يشاء۔ (ہر ایک بال میں سودانہ اور اللہ دو گناہ کرتا ہے جس کے لئے کہ چاہتا ہے)۔

اور اگر دو سو کا عدد دیکھے۔ دلیل ہے کہ دشمنوں پر فتح پائے گا۔ اور اگر تین سو کا عدد دیکھے تو دلیل ہے کہ زمانے میں اس کی مراد پوری ہوگی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: والبثوا في كعفهم ثلث مائة سنين واز دادو اتسعا۔ (اور وہ اپنی غار میں تو اوپر تین سو سال ٹھہرے)۔

اور اگر چار سو کا عدد دیکھے تو دشمنوں پر فتح پائے گا۔ چنانچہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا ہے: خير الجيوش اربعة الف و خير المنام اربعة مائة۔ (بہترین لشکروں کا چار ہزار ہے اور بہتر خواب کا چار سو ہے)۔

اور اگر پانچ سو کا عدد دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس کا کام موقوف ہوگا اور اگر چھ سو کا عدد دیکھے تو دلیل ہے کہ خوش ہوگا اور مراد کو پہنچے گا۔ اور اگر سات سو کا عدد دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا کام سخت ہوگا اور آخر کار پورا ہوگا۔

اور اگر آٹھ سو کا عدد دیکھے۔ دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔ اور اگر نو سو کا عدد دیکھے تو بھی یہی تاویل ہے۔

اور اگر ایک ہزار کا عدد دیکھے تو دلیل ہے کہ بزرگی پائے گا اور دشمن کو مغلوب کرے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: وان يكن منكم الف يغلبوا الفين باذن الله۔ (اگر تم میں سے ایک ہزار ہے تو اللہ تعالیٰ کے حکم دو ہزار پر غالب آئے گا)۔ اور دو ہزار کا عدد دیکھنا بد ہے۔

اور اگر تین ہزار کا عدد دیکھے تو قوت اور نصرت پر دلیل ہے۔ اور اگر پانچ ہزر کا عدد دیکھے۔ دلیل ہے کہ عمدہ اور مبارک ہوگا۔ اور اگر چھ ہزار کا عدد دیکھے۔ تو بھی یہی تاویل ہے۔ اور اگر سات ہزار کا عدد دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے کام کشادہ ہوں گے۔ اور اگر آٹھ ہزار کا عدد دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا کام انتظام سے ہوگا۔ اور اگر نو ہزار کا عدد دیکھے تو دلیل ہے کہ بد ہوگا۔ اور اگر دس ہزار کا عدد دیکھے تو دلیل ہے کہ نصرت اور فتح پائے گا۔

www.waseemziyai.com

اور بیس ہزار کے عدد کی بھی یہی تاویل ہے۔

اور اگر تیس ہزار کا عدد دیکھے تو دلیل ہے کہ نصرت اور فتح دیر سے پائے گا۔ اور اگر چالیس ہزار کا عدد دیکھے تو دلیل ہے کہ نصرت اور فتح پائے گا۔ اور اگر پچاس ہزار کا عدد دیکھے تو دلیل ہے کہ رنج اور سختی میں عاجز ہو گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: مقدارہ خمسین الف سنة۔ (اس کی مقدار پچاس ہزار سال کی ہے)۔

اور اگر ساٹھ ہزار کا عدد دیکھے تو خوشی اور شادمانی پر دلیل ہے۔ اور اگر ستر ہزار کا عدد دیکھے تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔

اور اگر اسی ہزار کا عدد دیکھے تو دلیل ہے کہ اس پر کام پوشیدہ ہوں گے۔ اور اگر نوے ہزار کا عدد دیکھے تو دلیل ہے کہ دشمن پر کامیاب ہوگا۔

اور اگر ایک لاکھ کا عدد دیکھے تو دشمن پر فتح پانے کی دلیل ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: وارسلناہ الی مأته الف او یزیدون۔ (اور ہم نے اسے ایک لاکھ بلکہ زیادہ کی طرف بھیجا)۔

عدس (مسور کی دال):

عدس۔ مسور۔ اس کی تاویل میں اہل تعبیر کا اختلاف ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مسور کا کھانا اچھا ہے۔ کیونکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام مسور کو پسند کرتے تھے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مسور کا کھانا برا ہے۔ کیونکہ بنی اسرائیل جب من وسلویٰ کھا کر اکتا گئے تو انہوں نے اللہ تعالیٰ سے مسور اور لہسن اور پیاز مانگا تھا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مسور کا کھانا مال ہے۔ جو عورتوں کی طرف سے ملے گا۔ خاص کر اگر پختہ ہوں اور اگر خام دیکھے تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔

عرادہ (ڈھیر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ عرادہ کافروں کے شہر میں ڈالا ہے۔ دلیل ہے کہ کافروں کا سخت دشمن ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ عراوہ مسلمانوں کے شہر میں ڈالا ہے۔ دلیل ہے کہ اسلام کے بارے میں ناگوار باتیں کرے گا۔ اور ممکن ہے کہ اہل اسلام کے لئے بددعا کرے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے عرادہ ڈالا ہے تو دلیل ہے کہ اس جگہ والوں کی غیبت کرے گا یا ان کو گالی دے گا۔

عرش (تخت، چھت):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ عرش خواب میں امیر بزرگ یا مانگا ہوا مال ہے۔ اگر دیکھے کہ عرش آراستہ ہے تو دلیل ہے کہ اس کی بڑے آدمی سے صحبت ہوگی اور عزت اور نصرت پائے گا۔

اور اگر عرش کو حقیر دیکھے تو دلیل ہے کہ لوگوں کے آگے ذلیل ہوگا۔ اور اگر اپنے آپ کو عرش پر بیٹھا ہوا

www.waseemziyai.com

دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ کسی بڑے آدمی سے ملے گا اور اس سے عزت اور مرتبہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ عرش سے نیچے آیا ہے۔ تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عرش کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: کسی بزرگ کی صحبت۔ دوم: بلندی۔ سوم: مرتبہ۔ چہارم: عزت۔ پنجم: بزرگواری۔

عرعر (ایک درخت ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس عرعر ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی صحبت کسی اصیل آدمی سے ہوگی اور عرعر کا درخت تاویل میں ایسا شخص ہوتا ہے کہ جو بہت تھوڑی نیکی کرتا ہے۔

عرق کردن (پسینہ آنا):

اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے جسم پر پسینہ جاری ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر نقصان ہوگا۔ خاص کر اگر پسینہ کو زمین میں ٹپکتا ہوا دیکھے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کا کپڑا پسینہ سے تر ہو گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مال اپنے عیال پر خرچ کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اپنا پسینہ پیتا ہے تو دلیل ہے کہ اپنا مال کھائے گا۔ اور اگر پسینہ کو سفید اور خوشبودار دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا مال حلال ہوگا اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو اس کا مال حرام ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پسینہ آنا مراد پوری ہونے پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو پسینہ آتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری ہوگی اور اگر بیمار دیکھے کہ اس کو پسینہ آیا ہے تو دلیل ہے کہ شفاء پائے گا۔

عروسی (شادی):

عروسی۔ شادی۔ دلہن لانا۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے دلہن بیاہی ہے لیکن اس کو نہیں دیکھا ہے اور اس کا نام نہیں جانتا ہے۔ دلیل ہے کہ مرے گا یا مارا جائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ دلہن کو گھر میں لایا ہے اور اس کے ساتھ سویا ہے۔ دلیل ہے کہ بزرگی پائے گا اور جو چیز اس کی ملک نہیں ہے اس کی ملک ہو جائے گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اگر عروسی کے ساتھ چنگ و چغانہ اور بانسری ہے تو مصیبت پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر عورت خواب میں دیکھے کہ اس کی شادی ہوئی ہے اور اس کو

www.waseemziyai.com

خاوند کے پاس لے گئے ہیں۔تو دلیل ہے کہ اس کی عمر ختم ہوگئی ہے۔اور اگر دیکھے کہ شوہر لے گیا ہے اور اس سے نیک سلوک کیا ہے۔تو خیر ومنفعت پر دلیل ہے۔

عزل (کام سے معطل، معزول ہونا):

اگر خواب میں دیکھے کہ کسی بوڑھے کو معطل کیا ہے۔دلیل ہے کہ بے حرمتی دیکھے گا۔اور اگر دیکھے کہ کسی جوان کو معزول کیا ہے۔تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ کوئی سردار معزول ہوا ہے۔تو دین کی اصلاح پر دلیل ہے۔اور اگر کسی کام سے معطل کیا ہے تو دلیل ہے کہ بُرائی سے اپنا ہاتھ روکے گا اور اصلاح کا راستہ اختیار کرے گا۔

عسس (کوتوال):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ کوتوال کے ساتھ پھرتا ہے اور اس کے ساتھ نیک لوگ ہیں۔دلیل ہے کہ اس کو خیر ومنفعت حاصل ہوگی۔اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو شرارت اور نقصان پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ کوتوال نے اس کو پکڑا ہے اور نقصان پہنچایا ہے۔دلیل ہے کہ بادشاہ کے ملازموں سے رنج اٹھائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو کوتوال سے ملامت نہیں پہنچی ہے تو خیر اور نیکی پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ کوتوال نے اس کے کپڑے اتارے ہیں یا اس کو قید خانہ میں ڈالا ہے۔تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کو بادشاہ کے آدمیوں سے نقصان پہنچے گا اور بے حرمتی دیکھے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ وہ کوتوال کے پاس سے بھاگ گیا ہے اور کوئی اس کو نہیں پکڑ سکا ہے۔دلیل ہے کہ اس کو تھوڑا رنج پہنچے گا۔

عصار (نچوڑنے والا، تیلی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر خواب میں دیکھے کہ چیزوں کو نچوڑ دیا ہے۔دلیل ہے کہ با تعریف کام میں مشغول ہوگا اور اس کا نام نیکی اور بھلائی سے مشہور ہوگا۔

عصا (لاٹھی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لاٹھی بزرگوار باعزت شخص ہے۔اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں لاٹھی ہے یا کسی نے اس کو دی ہے۔دلیل ہے کہ اس کو کسی بڑے آدمی سے عزت اور مرتبہ حاصل ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی لاٹھی ضائع ہوئی ہے۔تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔اور اگر دیکھے کہ لاٹھی

www.waseemziyai.com

پر ٹیک لگائے ہوئے ہے۔ دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی کی مدد سے چیز کی تلاش میں سے حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ لاٹھی اس کے ہاتھ میں دراز ہوگئی ہے تو دلیل ہے کہ مراد کو پہنچے گا۔ اور اگر کوتاہ ہو جائے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنی لاٹھی کسی کو بخشی ہے تو دلیل ہے کہ ہلاک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ لاٹھی اس سے باتیں کرتی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے فرزند پیدا ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لاٹھی کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: بڑا سردار۔ دوم: بادشاہ۔ سوم: قوت وطاقت۔

عصیدہ (ایک قسم کا حلوہ ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ حلوا وہی بہتر ہے کہ جس میں زعفران نہ ہو اور اس کو خواب میں دیکھنا مال ہے جو محنت اور مشقت سے حاصل ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ حلوے کا ایک نوالہ منہ میں رکھا ہے تو دلیل ہے کہ اچھی بات سنے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بہت سا حلوا کھایا ہے تو دلیل ہے کہ جھگڑے سے مال حاصل کرے گا۔

عطاء (بخشش):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو کوئی چیز بخشش میں ملی ہے۔ معبر کو دریافت کرنا چاہئے کہ کس قسم کی بخشش ملی ہے؟ سونا یا چاندی یا کپڑا ہے اور بخشش دینے والا نامعلوم شخص ہے یا معلوم شخص ہے، مرد ہے یا عورت ہے۔ جب سب باتیں دریافت ہو جائیں تو تعبیر بیان کرے۔ اگر وہ پسندیدہ چیز ہے تو اس کو خیر اور نیکی حاصل ہوگی۔

اور اگر بخشش دینے والا معلوم شخص ہے۔ دلیل ہے کہ دنیا کی طرف سے اس کو ذلت ہوگی۔ اور اگر عطا خطاء کے وعدے پر ہے تو یہ سب جھوٹ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ عطا لی ہے اور پھر واپس کی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی نیکی اور بدی عطا دینے والے کی طرف رجوع کرے گی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو میوہ یا کپڑا یا کوئی شیریں چیز بخشش ملی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو حاصل ہوگی۔ اور اگر بخشش دینے والا عیسائی یا یہودی ہے اور وہ عمدہ اور اچھی بخشش ہے اور اس نے خواہش سے لے لی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا ایمان خطرے میں ہوگا۔ اور اگر یہودی یا عیسائی خواب میں دیکھے کہ اس کو کسی مسلمان نے بخشش دی ہے اور اس نے خواہش سے لی ہے تو دلیل ہے کہ مسلمان ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے بخشش دی ہے اور اس نے شکریہ ادا کیا ہے۔ دلیل ہے کہ مال کی زیادتی اور تندرستی ہوگی۔ اور اگر شکریہ ادا نہیں کیا ہے تو تاویل خلاف ہے۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ بخشش کوئی اچھی چیز ہے اور بخشش دینے والا کوئی کمینہ شخص ہے تو اس کی تاویل بری ہے۔

عطر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس خوشبو ہے اور اس کو اس کا علم ہے اور خود عالم شخص ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے علم سے لوگوں کو فائدہ حاصل ہوگا۔ اور اگر صاحب خواب مالدار ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے مال سے لوگوں کو فائدہ پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس عطر ہے۔ تو دلیل ہے کہ لوگ اس کی تعریف کریں گے اور آفرین کہیں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عطر کا دیکھنا نو وجہ پر ہے۔ اول: نیک تعریف۔ دوم: نیک بات۔ سوم: علم نافع۔ چہارم: نیک طبیعت۔ پنجم: مجلس علم۔ ششم: مردنخی۔ ہفتم: عقلمند شخص۔ ہشتم: پاک دین۔ نہم: اچھی خبر۔

عطار (عطر بیچنا):

اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ عطاری (عطر فروخت) کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ لوگ اس کا شکریہ ادا کریں گے۔ اور اگر دیکھے کہ لوگوں کے پاس خوشبو فروخت کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ وعدہ کر کے خلاف ورزی کرے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی محبت اور دوستی عطار آدمی سے ہوئی ہے۔ دلیل ہے کہ لوگ اس کی مدح اور ثناء کریں گے اور نامدار ہوگا۔

عطسہ (چھینک):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کو چھینک آئی ہے اور اس نے الحمد اللہ کہا ہے۔ اگر بیمار ہے تو اس کو طبیب کی ضرورت ہوگی۔ اور اگر تندرست ہے تو اس کی کسی سے مراد پوری ہوگی اور اس پر احسان رکھے گا۔

اور اگر دیکھے کہ تین چھینکیں آئی ہیں۔ تو خوشی اور نیکی پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بہت سی چھینکیں آئی ہیں تو دلیل ہے کہ اس کی مراد مشکل سے پوری ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ چھینک کے ساتھ ناک سے پانی نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو چھینک آئی ہے اور سینڈھ ناک سے نکل کر جاری ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ لوگ اس کے بابت بری بات کہیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ چھینک آئی ہے اور کوئی چیز کود کر باہر نکلی ہے۔ دلیل ہے کہ اس چیز کودنے والی کے جوہر کے مطابق اس کے ہاں فرزند ہوگا جو اس حیوان کے مطابق منسوب ہوگا۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں چھینک آسانی کے ساتھ آئی ہے تو دلیل ہے کہ آسانی سے مال حاصل کرے گا اور اگر مشکل سے آئی ہے تو مشکل سے مال حاصل کرے گا۔

عقل:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر اپنی عقل کو آدمی کی صورت میں دیکھے اور کہے کہ میں تیری عقل ہوں اور یہ بھی جانے کہ اس کی عقل ہے۔ اگر خواب دیکھنے والا اس کا اہل ہے تو دلیل ہے کہ اس کی بادشاہ کے لڑکے سے صحبت ہوگی اور اس سے خیر دیکھے گا اور مہربانی کی نظر سے اس کو دیکھے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی اپنی عقل کو اس صورت پر دیکھے۔ دلیل ہے کہ نصیب اس کی طرف رخ کرے گا اور عزت اور مرتبہ اور دولت پائے گا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں عقل بخت اور دولت ہے اور اگر اپنی عقل کو آدمی کی صورت پر دیکھے اور کہے کہ میں تیری عقل ہوں۔ دلیل ہے کہ بخت اور دولت اس کے تابع ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عقل اور روح ماں باپ ہیں۔ خواہ غائب ہیں خواہ زندہ ہیں۔ دلیل ہے کہ ان کا دیدار پھر کرے گا۔ اور اگر مرے ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ دعا اور صدقے اس کی طرف سے ان کو پہنچیں گے۔

حکایت

حدیث شریف میں وارد ہے کہ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میرا مال اور جان مجھ سے جدا ہو گئے ہیں اور دونوں آدمی کی صورت پر ہیں اور میرے گھر میں آئے ہیں اور ہم تینوں بیٹھ گئے ہیں اور شربت نوشی میں مشغول ہو گئے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تاویل میں فرمایا کہ عقل اس جہان کی قسمت ہے اور روح اس جہان کی قسمت ہے۔ تیرا کام بامراد ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ عقل اور جان لڑائی اور شور کرتے ہیں۔ دلیل ہے کہ صاحب خواب ملک کے بادشاہ سے جھگڑا کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عقل اور روح کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: نصیب اور دولت۔ دوم: ماں اور باپ۔ سوم: شہزادہ۔ چہارم: مال اور نعمت۔

عقیق (ایک قیمتی پتھر ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس عقیق ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی کا مصاحب ہوگا اور اس سے خیر پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ عقیق اس سے ضائع ہوا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے

www.waseemziyai.com

پاس عتیق کا ڈھیر ہے اور اس میں سے کچھ کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند آئے گا جو شرف اور بزرگی اور مرتبہ پائے گا۔

علک (کندر):

علک، کندر کو کہتے ہیں۔ اگر دیکھے کہ اس نے کندر آگ پر رکھا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر اس کے مال میں نقصان ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کندر چبایا ہے تو دلیل ہے کہ جھگڑے اور گفتگو سے مال پائے گا۔

علم (جھنڈا):

جھنڈا خواب میں دانا مرد یا امام زاہد یا ایسا شخص ہے کہ جس کی لوگ تابعداری کرتے ہیں۔ اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں جھنڈا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قسم کے آدمی سے کہ جس کی اوپر تعریف ہوئی ہے آشنا ہوگا اور اس سے راحت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ جھنڈا اس کے ہاتھ سے گرا ہے یا کھو گیا ہے۔ تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جھنڈے کا خواب میں دیکھنا سفر پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو لوگوں نے جھنڈا دیا ہے۔ یا اس کے پاس لشکر جمع ہوا ہے تو دلیل ہے کہ عزت اور بزرگی پائے گا خاص کر اگر جھنڈا سفید یا سبز ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں بڑا سفید جھنڈا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی صحبت کسی بزرگ مالدار شخص سے ہوگی اور اس سے خیر و منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس سبز جھنڈا ہے تو دلیل ہے کہ زاہد اور دیندار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس سیاہ جھنڈا ہے دلیل ہے کہ قاضی یا خطیب ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جھنڈے کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: سردار۔ دوم: سفر۔ سوم: مرتبہ۔ چہارم: اچھے حالات۔

عمارت بنانا:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے ویران جگہ میں مسجد یا مدرسے یا خانقاہ کی عمارت بنائی ہے۔ تو دین کی اصلاح اور آخرت کے ثواب پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ ویران جگہ میں گیا ہے اور وہاں اپنے لئے عمارت بنائی ہے۔ جیسے سرائے یا دکان وغیرہ دلیل ہے کہ دنیا کا فائدہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ معلوم جگہ ویران ہوگئی ہے تو دلیل ہے کہ بلا اور مصیبت میں گرفتار ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مشہور و معروف جگہ میں مقیم ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس جگہ سے اس کی آبادی اور عمارت کے مطابق خیر و اصلاح اور منفعت حاصل کرے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عمارت کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: دنیا کی درستی۔ دوم: خیر و منفعت۔ سوم: مراد کا حصول۔ چہارم: رکے ہوئے کاموں کی کشائش اور برکت۔

عماری (ہودج):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ کہ خواب میں دیکھے کہ عماری میں بیٹھا ہے اور عماری خچر یا گھوڑے پر ہے اور چل رہا ہے۔ دلیل ہے کہ عزت اور بزرگی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ عماری گری ہے یا اس سے باہر ہوا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے عماری میں بٹھایا ہے تو دلیل ہے کہ کسی سردار سے ملے گا اور اس کا کام بالا (بلند) ہوگا۔ اور عزت اور مرتبہ زیادہ ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ خواب میں عماری کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ اول: بزرگی۔ دوم: عزت۔ سوم: مرتبہ۔ چہارم: ریاست۔ پنجم: بلندی۔ ششم: ولایت۔ ہفتم: سردار سے ملاقات۔

عمود (گرز):

عمود۔ گرز جیسا جنگی اوزار ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عمود سچا اور دوست مرد ہے۔ اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ سخت باتیں ہیں۔ اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو عمود (گرز) مارا ہے تو دلیل ہے کہ کسی کو سخت بات کہے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس لوہے کا عمود ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے قوت اور مدد ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ سے کسی نے عمود لیا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عمود کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: سچا مرد۔ دوم: سخت اور بری باتیں۔ سوم: کوئی بزرگ سردار۔

عناب:

عناب ولایتی بیر سرخ رنگ کا ہوتا۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس عناب ہیں اور ان کو کھایا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو عناب دیئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس سے اس شخص کو مال پہنچے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ درخت سے عناب جمع کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال کو تکلیف اور رنج سے حاصل کرے گا۔

عنبر (ایک خوشبو ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس عنبر ہے۔ دلیل ہے کہ اسی

www.waseemziyai.com

قدر منفعت حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے بہت سا عنبر جمع کیا ہے اور پھر پایا ہے۔ دلیل ہے کہ اپنی ہمت کے مطابق مال اور ملک پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو عنبر دیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ شخص اس سے منفعت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس سے عنبر کھو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مال نقصان پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کے رخسار پہ عنبر ملا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ساتھ نیکی کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عنبر کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: منفعت۔ دوم: مراد کا حاصل ہونا۔ سوم: مطلب کا پانا۔ چہارم: نیک تعریف۔

عنقا (ایک ساز ہے):

عنقا ایک قسم کا باجہ چنگ اور بربط جیسا ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ عنقا کو بجاتا ہے تو دلیل ہے کہ جھوٹ اور بے ہودہ بات سے خوش ہوگا۔ اگر جھوٹا آدمی دیکھے کہ عنق ٹوٹا ہے یا اس نے گرا دیا ہے دلیل ہے کہ جھوٹ سے توبہ کرے گا۔ اور اگر بیمار دیکھے کہ عنقا کو بجاتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ وہ بیمار جلدی مرے گا۔

عنکبوت (مکڑی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مکڑی کو دیکھنا ضعیف اور گمراہ اور گنہگار شخص کو دیکھنا ہے۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ جولاہا ہے اور اگر دیکھے کہ مکڑی اس سے دور ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ جولاہے سے دور اور جدا ہوگا۔

عود (ایک خوشبودار لکڑی ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کسی کے نیچے عود جلایا ہے تو دلیل ہے کہ اس سے خیر و منفعت پائے گا۔ اور خواب میں عود ایک خوبصورت اور پاکیزہ طبع شخص ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس عود خام ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے خلعت پائے گا اور جس قدر عود عمدہ ہوگا۔ عطا زیادہ ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عود چار وجہ پر ہے۔ اول: خوبصورت مرد۔ دوم: اچھی بات۔ سوم: تعریف اور شاباش۔ چہارم: مال اور منفعت۔

عودسوز (عود جلانے کی انگیٹھی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عودسوز عقلمند کنیز یا عقلمند غلام ہے۔ اور اگر عود جلانے کی انگیٹھی قلعی کی ہے تو دلیل ہے کہ غلام یا کنیز اصل میں عیسائی ہوں گے۔ اور اگر تانبے کی ہے تو اصل کے

www.waseemziyai.com

یہودی ہوں گے اور اگر لوہے کی ہے تو اصل کے گبر ہوں گے۔ اگر دیکھے کہ عود کی انگیٹھی ٹوٹ گئی ہے یا کھو گئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا غلام یا کنیز ہلاک ہوں گے۔

عورت (شرمگاہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کی شرمگاہ برہنہ ہے اور سب لوگ دیکھتے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا راز لوگوں میں ظاہر ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنی شرمگاہ کو ڈھانپ لیا ہے دلیل ہے کہ اس کا راز فوراً پوشیدہ ہوگا۔ اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کی شرمگاہ کا کچھ حصہ برہنہ ہے اور اس نے ڈھانپ لیا ہے اور کسی نے نہیں دیکھا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اگر بیمار ہے تو شفاء اور تندرستی پائے گا۔ اور اگر قرضدار ہے تو قرض سے سرخرو ہوگا۔ اور اگر خوفزدہ ہے تو امن میں رہے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی شرمگاہ برہنہ ہے اور وہ شرمندہ ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ بُرے حال سے نیک حال کی طرف آئے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے جان بوجھ کر اپنی شرمگاہ کو برہنہ کیا ہے تو دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس سے سزا کا مستحق ہوگا یا اسے کوئی آفت پہنچے گی کہ جس سے لوگ عبرت حاصل کریں گے۔

عید:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ قربانی کی عید ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کسی عقلمند سے کام پڑے گا۔ اور اگر رمضان شریف کی عید دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی صحبت کسی عابد اور زاہد سے ہوگی اور اس سے دین کا نفع حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ عید ہے اور لوگ بن سنور کر نکلے ہیں تو دلیل ہے کہ اگر قیدی ہے تو خلاصی پائے گا اور اگر اہل عزت اور شرف سے ہے تو مرتبہ اور زیادہ ہوگا۔

عاشورا (یوم عاشورہ کا دن):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ عاشورہ کا دن ہے۔ تو دلیل ہے کہ مراد کو پہنچے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی۔ (آج میں نے تم پر اپنا دین کامل کر دیا ہے اور اپنی نعمت تم پر پوری کر دی ہے)۔

اور اگر خواب میں سال یا مہینہ یا دن کا شروع دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ سال یا مہینہ یا دن اس پر مبارک ہو گا اور خیر و اصلاح پر دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حرف الغین

غار (گڑھا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ غار میں گیا ہے اور اس میں مقیم ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی سخت کام میں گرفتار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ غار میں گیا ہے اور جلدی نکلا ہے تو دلیل ہے کہ سخت کام میں گرفتار ہوگا اور جلدی خلاصی پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ غار میں گیا ہے اور وہ غار روشن ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ قید ہوگا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ کسی سخت کام میں گرفتار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ غار سے باہر نکلا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا اور شفاء پائے گا۔

غارت (لوٹ مار):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کا مال اور نعمت لوگوں نے لوٹا ہے۔ دلیل ہے کہ غم اور مصیبت میں گرفتار ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ لشکر اسلام نے کفر کا ملک لیا ہے اور اس کو غارت کیا ہے تو دلیل ہے کہ کافروں پر غم اور مصیبت آئے گی۔ اور اگر دیکھے کہ کفار کے لشکر نے اہل اسلام پر لوٹ مچائی ہے تو دلیل ہے کہ مسلمان غم واندوہ میں مبتلا ہوں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں غارت کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: لڑائی۔ دوم: نقصان۔ سوم: غم واندوہ۔ چہارم: ارزانی نرخ۔

غالیہ (خوشبودار پوڈر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں غالیہ دانا اور مشہور شخص ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو غالیہ دیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ شخص اس سے ادب اور دانائی سیکھے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ غالیہ حج کا نشان ہے۔ اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ غالیہ مال ہے جو سردار سے ملے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے غالیہ پایا ہے تو دلیل ہے کہ سوداگر مرد یا عورت سے نفع پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کی آنکھ پر غالیہ ملا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کی جگہ وہ حق گزاری کرے گا اور

www.waseemziyai.com

لوگ اس کے لئے دعا کریں گے۔اور اگر دیکھے کہ اس نے اس کے کان کے نیچے غالیہ ملا ہے تو دلیل ہے کہ اس پر جھوٹ بولنے کی تہمت لگائیں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں غالیہ پانچ وجہ پر ہے۔اول: ادب اور دانائی۔ دوم: ثنا اور شاباش۔سوم: حج اسلام۔چہارم: مال اور مراد۔پنجم: خیر اور منفعت۔

غائب:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر خواب میں دیکھے کہ سفر کا غائب اس کے نزدیک آیا ہے تو دلیل ہے کہ غائب کا خط یا خبر آئے گی۔اور اگر اپنے گھر سے غائب ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے رشتہ داروں کے پاس اس کا خط یا خبر آئے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اس کا غائب سفر سے واپس آیا ہے۔دلیل ہے کہ اس کا رکا ہوا کام پورا ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ اس کا غائب ترش رو (سخت مزاج) اور فکرمند ہے۔اس کی تاویل خلاف ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا غائب سوار سفر سے واپس آیا ہے۔دلیل ہے کہ اس کا غائب جلدی سفر سے نعمت اور مال کے ساتھ واپس آئے گا۔اور اگر غائب کا عاجز اور پیادہ اور برہنہ دیکھے تو دلیل ہے کہ راستے میں غائب کو ڈاکو ماریں گے اور مفلس ہو کر واپس آئے گا۔

غبار:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ غبار اس کی ذاتی چیز پر جما ہے۔دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا۔اور اگر دیکھے کہ غبار زمین سے آسمان تک ہے تو دلیل ہے کہ اس موضع کے لوگ جو کام کرتے ہیں اس سے رک جائیں گے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اس کا چہرہ غبار سے پر ہے۔دلیل ہے کہ اس کو رنج اور عذاب پہنچے گا۔

فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **وجوہ یومئذ علیھا غبرۃ تر ھقھا قترۃ**۔(اس دن چہرے غبار آلود ہوں گے۔ان پر سیاہی جمی ہوگی)۔

غربال (چھلنی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ چھلنی خواب میں بڑا خادم ہے۔اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس چھلنی ہے۔دلیل ہے کہ اس کو خادم حاصل ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ اس کی چھلنی ٹوٹ گئی ہے۔تو دلیل ہے کہ اس کا خادم مرے گا یا بھاگے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ چھلنی سے غلے کو صاف کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا جس سے لوگوں کو فائدہ ہوگا اور اس کا نقصان ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ جو کچھ صاف کرتا ہے اپنے لئے کرتا ہے تو دلیل ہے کہ منفعت پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چھلنی تین وجہ پر ہے۔ اول: خادم۔ دوم: دوست۔ سوم: دانا شاگرد۔

غرق شدن (ڈوبنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ دریا میں ڈوبا ہے اور مرا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ اس کو ہلاک کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پانی اس کو نیچے لے گیا ہے اور پھر اوپر لایا ہے اور مرا نہیں ہے۔ تو دلیل ہے کہ دنیا کے کام سے ہاتھ اٹھائے گا اور دین کی اصلاح اور آخرت کا راستہ تلاش کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ چوپائے کسی مکان یا دکان یا باغ میں ڈوب گئے ہیں۔ دلیل ہے کہ کسی مشکل کام میں عاجز ہوگا اور آخر کار رہائی پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ راہ خدا میں۔ اول: بہت سا مال۔ دوم: اقبال۔ سوم: بدمذہب آدمی کے ساتھ صحبت۔ چہارم: منفعت۔

غزا کردن (جہاد کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ راہ خدا میں جہاد کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا اور اس کے رشتہ داروں کا کام نیک ہوگا اور سب بے نیاز ہو جائیں گے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **ومن یھا جر فی سبیل اللہ یجد فی الارض مراغما کثیرا وسعۃ**۔ (اور جو شخص راہ خدا میں ہجرت کرے گا۔ تو زمین پر بہت سا منافع اور کشائش پائے گا)۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے جہاد سے منہ موڑا ہے۔ دلیل ہے کہ اپنوں سے منہ پھیرے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **ھل عسیتم ان تولیتم ان تفسد وا فی الارض وتقطعوا ارحامکم**۔ (کیا قریب ہے تم منہ پھیر و اور زمین میں فساد کرو اور قطع رحمی کرو)۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ جہاد پر گیا ہے۔ دلیل ہے کہ دولت اور نعمت اور بزرگی پائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **وفضل اللہ المجاھدین علی القاعدین اجرا عظیما**۔ (اور اللہ نے جہاد کرنے والوں کو بیٹھنے والوں پر اجر عظیم عطا فرمایا ہے)۔

اور اگر دیکھے کہ اس ملک کے لوگ جہاد کے لئے باہر نکلے ہیں تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبہ پائے گا اور لوگوں کو مغلوب کرے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کافروں کے ساتھ تنہا جنگ کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ دشمنوں پر فتح پائے گا اور اس کو روزی حلال ملے گی اور عمر دراز ہوگی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا بل آحیاءٌ عندر بھم یرزقون فرحین بما اتھم اللہ من فضلہ۔** (اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل کئے گئے ہیں، رزق دیئے جاتے ہیں۔ جو کچھ اللہ نے ان کو اپنے فضل سے دیا ہے اس پر خوش ہیں)۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جہاد کرنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: خیر و برکت۔ دوم: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ادا کرنا۔ سوم: دشمن پر فتح پانا۔ چہارم: بیماری سے شفاء۔ ششم: غنیمت پانا۔

غسل کردن (نہانا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے دریا میں غسل کیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا غم واندوہ کم ہوگا۔ اور اگر بیمار ہے تو شفاء اور صحت پائے گا۔ اور اگر قرض دار ہے تو قرض سے سرخرو ہوگا۔ اور خوف سے امن میں رہے گا اور اگر قیدی ہے تو خلاصی پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ پانی سے تھوڑا غسل کیا ہے اور ہاتھ منہ دھویا ہے۔ تو دلیل ہے کہ خیر و منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ہاتھ کو پانی اور بجی سے دھویا ہے۔ اگر دوست رکھتا ہے تو اس کی ان سے جدا ہونے پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے غسل جنابت کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام ختم ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جنابت سے غسل کرنا دلیل ہے کہ جھوٹ سے پاک ہوگا اور جو زیادتی اور نقصان جنابت کے غسل سے ظاہر ہوگا جھوٹے دین پر دلیل ہے۔

غل (گولا):

غل یعنی لوہے زنجیر کا طوق۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں غل کفر ہے اور اس کا میلان ناحق کی طرف ہے اگر دیکھے کہ اس کی گردن میں غل ہے تو دلیل ہے کہ کافر ہو کر مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا غل کتے کی گردن سے بندھا ہوا ہے دلیل ہے کہ منافق ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی گردن میں غل ہے اور پاؤں میں بیڑی ہے۔ تو دلیل ہے کہ کافر ہوگا اور مسلمانی کا جھوٹا دعویٰ کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھوں میں غل ہیں۔ تو اس کے بخل پر دلیل ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **وقالت الیھود ید اللہ مغلو لۃ غلت ایدیھم ولعنوا بما قالوا۔** (اور یہود سے کہا کہ اللہ کا ہاتھ جکڑا ہوا ہے۔ ان ہی کے ہاتھ جکڑے جائیں گے اور ان کے کہنے پر لعنت ہے)۔ اور غل سے مقصود بخل ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اہل تعبیر کہتے ہیں کہ اگر صالح آدمی کی گردن میں غل دیکھے تو

www.waseemziyai.com

دلیل ہے کہ بُرے کام سے دست بردار ہوگا۔

غلاف (تلوار کا میان):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں غلاف عورت ہے۔ اگر دیکھے کہ تلوار کا میان ٹوٹا ہوا ہے اور تلوار سلامت ہے۔ دلیل ہے کہ فرزند سلامت پیدا ہوگا اور اس کی ماں مرے گی۔ اور چھری کا میان بھی یہی حکم رکھتا ہے۔

غلام:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ غلام ہوگیا ہے۔ دلیل ہے کہ سخت کام میں گرفتار ہوگا اور اس میں رنجور (پریشان) ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے غلام لیا ہے یا خریدا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کام میں بہتری ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں غلام شادی ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **وبشر ناہ بغلام حلیم** ۔ اور ہم نے اس کو بردبار غلام کی بشارت دی)۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے غلام یا کنیز فروخت کئے ہیں۔ تو بہتری پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ خریدے ہیں تو بد ہیں۔ غلام اور کنیز کی فروخت سے اگر سونا یا چاندی لے تو تاویل میں برا ہے اور اگر جنسیں لے تو بہتر ہے۔

غلبہ کردن (غلبہ کرنا):

غلبہ کردن۔ غالب آنا۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اپنے دشمن پر غالب آیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ دشمن غالب آئے گا۔

غم:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں غم شادی اور خوشی ہے۔ اگر دیکھے کہ غمگین ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ خوشی پائے گا اور اپنی مراد کو پہنچے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ غمگین ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ غم سے رہائی ہوئی ہے تو اسکی تاویل اول کے خلاف ہے۔

غنیمت (لوٹ کا مال):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں غنیمت پانا اگر کافروں کا مال ہے۔ دلیل ہے کہ نرخ گراں (مہنگا) ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ مسلمان کافروں کے ملک سے غنیمت لائے ہیں تو دلیل ہے کہ جس ملک

www.waseemziyai.com

میں غنیمت لائے ہیں نعمت ہوگی اور نرخ کی ارزانی ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ کافر مسلمان کے ملک سے غنیمت لائے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر غنیمت حاصل ہوگی۔

غواص (غوطہ خور):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے دریا میں غوطہ لگایا ہے اور مروارید نکالا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر علم اور دانش سیکھے گا اور بادشاہ کے مال سے راحت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ دریا میں غوطہ لگایا ہے اور کچھ نہیں نکالا ہے۔ دلیل ہے کہ علم سیکھنے میں مشغول ہوگا لیکن فائدہ نہ اٹھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دریا کی تہہ سے موتی کو نکالا ہے۔ دلیل ہے کہ عالم اور فاضل ہوگا اور صاحب خواب بادشاہ سے نفع پائے گا۔

غورہ (کیری):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ کیری کو اس کے موسم میں کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر کچھ چیز رنج اور مشقت سے حاصل کرے گا۔ لیکن اس میں پائداری نہ ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ کیری کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ غم ناک ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے کیری فروخت کی ہے یا کسی کو دی ہے اور اس میں سے کھائی نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا غم کم ہو جائے گا۔ اور اگر کیری گوشت کے ساتھ پکائی ہے تو بہتر ہے۔

غوک یعنی مینڈک اور چھپکلی کی تعبیر حرف واؤ میں مشرح طور پر بیان کی جائے گی۔

www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حرف الفاء

فاختہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں فاختہ ناقص دین اور بدمہر عورت ہے جو کسی سے موافقت نہیں کرتی ہے۔

اگر دیکھے کہ اس کے پاس فاختہ ہے تو دلیل ہے کہ اس طرح کی بد دین عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے فاختہ کا بچہ پکڑا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے فاختہ کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر عورت کا مال لے گا اور حج کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ فاختہ جھوٹ بولنے والا فرزند ہے۔ اگر دیکھے کہ فاختہ نے اس کے مکان پر ایک بار آواز کی ہے۔ دلیل ہے کہ غائب کی خبر سنے گا اور دو بار بولی ہے تو بہتر ہے اور اگر تین بار بولی ہے تو نہایت بہتر ہے۔ اور اگر دیکھے کہ فاختہ اور کوا دونوں اس کے گھر میں آئے ہیں تو دلیل ہے کہ چور اس کے گھر میں آئے گا اور سامان لے جائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں فاختہ کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: فرزند۔ سوم: خادم۔

فال گرفتن (شگون لینا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ فال لی ہے اور فال نیک اتری ہے۔ دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ فال گیری کا کام کرتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ بہت سے اخروٹ کھائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں فال لینا تین وجہ پر ہے۔ اول: دشمن پر فتح پانا۔ دوم: مراد۔ سوم: ضرورت کا پورا ہونا۔ فال خواہ نیک ہو یا بد۔ اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

فالودہ:

فالودہ اگر زعفران کے ساتھ ہے تو بیماری ہے اور فالودہ کا دیکھنا جس قدر کہ اس کو آگ پہنچی ہے اسی قدر رنج اور جھگڑا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ فالودہ اس نے منہ میں رکھا ہے تو دلیل ہے کہ پاکیزہ بات کہے گا۔ اور اگر

www.waseemziyai.com

دیکھے کہ اس نے فالودے کا نوالہ کسی کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو پاکیزہ بات کہے گا یا اس کے لئے کوئی کام کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں فالودہ چار وجہ پر ہے۔ اول: پاکیزہ بات۔ دوم: مال۔ سوم: منفعت۔ چہارم: اس کام میں لڑائی کہ جو مشکل سے ہوگا۔

فام (نقش):

فام۔ نقش اثر رنگ۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے چہرے پر نقش ہے۔ دلیل ہے کہ حج کرے گا اور اگر نماز قضا ہے تو ادا کرے گا۔ اور اگر اس کے ذمے امانت ہے تو ادا کرے گا۔ اور اگر قرض دار ہے تو قرض ادا کرنے پر دلیل ہے۔

فتنہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ فتنہ کسی کی جگہ سے زائل ہے۔ دلیل ہے کہ اس ملک کے لوگ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کریں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دس چیزوں میں سے ایک کو دیکھو تو دلیل ہے کہ اس ملک میں بلا اور فتنہ پڑے گا۔ (1) تاریکی۔ (2) آگ۔ (3) سرد ہوا۔ (4) گرم ہوا۔ (5) آفتاب اور چاند کی سیاہی۔ (6) غبار۔ (7) بارش۔ (8) درختوں کا اکھڑنا۔ (9) سرخ یا سیاہ بادل۔ (10) سرخ اور زرد کپڑا پہننا۔

فراخی (کشادگی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ تنگ جگہ سے کشادہ میں آیا ہے یا سختی سے آسانی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ غم ہوگا اور اندوہ سے نجات پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ گھر اس پر کشادہ ہوا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کے عیال پر روزی فراخ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ گھر اس پر تنگ ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس پر اور اس کے عیال پر روزی تنگ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ گھر اس پر تنگ ہو کر پھر فراخ ہوا ہے تو دلیل ہے کہ شریعت اور دین کی راہ اس پر سیدھی ہوگی۔ حاصل یہ ہے کہ تنگ چیزوں کا فراخ ہونا سب طرح کے کاموں میں کشائش اور چیزوں میں برکت پر دلیل ہے۔

فراش (فرش بچھانے والا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں فرش بچھانے والا دلالہ ہے کہ کسی کے لئے عورت

www.waseemziyai.com

تلاش کرتا ہے۔

فرج (شرمگاہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کی عورتوں جیسی شرمگاہ ہے۔ دلیل ہے کہ ذلیل اور عاجز ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے ساتھ کسی نے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس سے حاجت پوری ہوگی۔ اور اگر دو عورتیں دیکھے کہ ان کی ایک شرمگاہ ہے تو دلیل ہے کہ وہ دونوں عورتیں ایک شخص کی عورتیں ہوں گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ لوہے یا تانبے کی ہے تو دلیل ہے کہ مرادوں کے پانے سے ناامید ہوگی۔

اور اگر مرد دیکھے کہ اس کی عورت کی شرمگاہ پیچھے کی طرف ہے تو دلیل ہے کہ وہ عورت ایسی چیز کو پسند کرتی ہے کہ جس میں اللہ تعالیٰ کی رضا نہیں ہے۔

اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ کٹی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گی۔ اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے مچھلی نکلی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکی پیدا ہوگی۔ اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے بلی نکلی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں چور اور ڈاکو لڑکا پیدا ہوگا۔ اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے سانپ نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں نابکار لڑکی پیدا ہوگی۔ اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے نر سانپ نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے لڑکا ہوگا جو اس کا دشمن ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے بچھو نکلا ہے تو اس کی بھی یہی تاویل ہے۔

اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے کیڑا یا چیونٹی باہر نکلی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں کم ہمت لڑکا پیدا ہوگا۔ اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے روٹی نکلی ہے تو دلیل ہے کہ مفلس اور تنگ دست ہوگی۔

اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے تل نکلے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا شوہر اس کو بہت چاہتا ہے۔

اور اگر عورت دیکھے کہ خون اس کی شرمگاہ سے نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا شوہر اس سے حالت حیض میں جماع کرے گا۔

اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے پیپ نکلی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند صالح اور پارسا ہوگا۔

اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے سیاہ پانی نکلا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے قے نکلی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال پائے گی۔ اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے آگ نکلی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے فرزند بادشاہ ہوں گے۔ اور اگر عورت دیکھے کہ کسی نے اس کی

www.waseemziyai.com

شرمگاہ پھاڑی ہے تو دلیل ہے کہ اس سے منفعت پائے گی۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ پر بہت بال اُگے ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ اپنے فرزند کی وجہ سے اندوہگین (رنجیدہ) ہوگی اور اگر دیکھے کہ اس پر بال نہیں ہیں تو دلیل ہے کہ خوش ہوگی اور اگر دیکھے کہ اس پر سوجن ہے تو دلیل ہے کہ مال پائے گی۔

اور اگر عورت دیکھے کہ بجائے شرمگاہ کے مرد کا عضو تناسل ہے۔ اگر حاملہ عورت ہے تو لڑکا جنے گی۔ لیکن زندہ نہ رہے گا۔ اور اگر حاملہ نہیں ہے تو اس کی لڑکا مرے گا۔ اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے موتی اور مروارید نکلے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں عالم اور پارسا فرزند پیدا ہوگا۔

فرجی (ایک قسم کا لباس ہوتا ہے):

فرجی۔ پیراہن۔ لباس۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کا پیراہن پاکیزہ ہے۔ دلیل ہے کہ غم سے خوشی اور بزرگی پائے گا۔ اور اگر میلا اور پرانا دیکھے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ ریشم کا پیراہن پہنا ہے تو دلیل ہے کہ نیک ہوگا اور پارسا لوگوں کے ساتھ ہوگا۔ اگر رنگ دار لباس ہے اور پیراہن سوتی اور ریشمی، زیادتی دین پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے عورتوں کا پیراہن پہنا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو ملامت پہنچے گی اور اگر دیکھے کہ اس میں کسی کے ساتھ جماع کیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس سے کہ جس سے جماع کیا ہے اس کی مراد پوری ہوگی۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے سرخ پیراہن پہنا ہے تو دینداری اور امانت اور پارسائی پر دلیل ہے۔ اور اگر سیاہ ہے تو عامل کے لئے خیر و منفعت ہے اور جاہل کے لئے اچھی تاویل نہیں ہے۔ اور اگر زرد پہنے ہوئے ہے یا اس کی بغل میں ہے۔ تو مصیبت اور غم واندوہ پر دلیل ہے۔

فرزند (بیٹا):

فرزند۔ بیٹا۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ اس کے ہاں لڑکی پیدا ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو خیر اور راحت پہنچے گی۔ اور اپنے گھر والوں سے خوش ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ لڑکا پیدا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ لڑکی پیدا ہوگی اور اگر لڑکی دیکھے تو لڑکا پیدا ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کا لڑکا تھا اور اس کو کوئی لے گیا ہے۔ دلیل ہے کہ صاحب خواب بیمار ہوگا۔

www.waseemziyai.com

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کسی جگہ سے لڑکا پڑا ہوا پایا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے۔ دلیل ہے کہ نا امید جگہ سے اس کو کوئی چیز ملے گی۔

فرعون:

فرعون پہلے زمانہ میں شاہ مصر کا لقب تھا۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ پہلے فرعونوں میں سے یا کوئی پہلا ظالم بادشاہ شہر میں آیا ہے اور اس نے شہر میں مقام کیا ہے۔ دلیل ہے کہ فرعون ملعون کی خصلت اس ملک میں ظاہر ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ کوئی پہلا نیک بادشاہ شہر میں آیا ہے تو دلیل ہے کہ اس بادشاہ کے عدل کی خصلت اس ملک میں ظاہر ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ فرعون نے اس کو بخشش یا خلعت دی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر ظالم بادشاہ سے مال حاصل کرے گا اور یا کسی بڑے آدمی سے مال حرام پائے گا۔

فرمودن (حکم کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو کسی نے دیگ پکانے کا حکم دیا ہے۔ دلیل ہے کہ جس کام میں ہے قائم رہے گا۔

اور اگر کوئی کہے کہ دیگ کو ہلایا تا کہ نہ جلے۔ مطلب یہ ہے کہ احتیاط رکھ۔ اور اگر اس کو کہے کہ روٹی توڑ یعنی بھائیوں کو خوش رکھ۔ اور اگر کوئی گیہوں بیچنے کو کہے۔ یعنی روٹی مانگتا ہے اور اگر کہیں کہ کمر کو باندھ۔ یعنی کام سے فائدہ اٹھا۔ اور اگر توقف کرنے کو کہیں، یعنی دشمن پر فتح پائے گا۔ اور اگر کہیں کہ آگ میں نہ جاؤ۔ یعنی مال کی حفاظت کرتا کہ فقیر نہ ہو جائے۔ اور اگر چراغ روشن کرنے کو کہیں یعنی مال خرچ کر۔ اگر کہیں کہ بستر بچھا یعنی طلب کرو۔ اور اگر کہیں کہ بیج کو بویا کر خلق خدا سے نیکی کر۔ اور اگر کوئی کہے کہ غسل کر یعنی توبہ کر اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کر۔ اور اگر کہے کہ کچھ کھاؤ۔ یعنی حلال کا لقمہ کھاؤ۔

فرود آمدن (نیچے اترنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ پہاڑ سے یا کسی اور جگہ سے نیچے اترا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی شرف اور بزرگی زائل ہوگی اور اس کے مال کا نقصان ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ سیڑھی کے پائے سے نیچے آیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے دین میں نقصان ہوگا۔ خاص کر اگر سیڑھی مٹی کی ہے۔ اور اگر چونے پتھر کی ہے تو اس کے مال کے نقصان پر دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ پہاڑ سے نیچے اترا ہے۔ اگر بادشاہ کے پاس تھا۔ دلیل ہے کہ اس سے جدا ہوگا اور اس کی عزت اور مرتبے میں نقصان ہوگا۔ اور اگر ٹیلے پر سے نیچے اترا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی بلندی کے مطابق نعمت میں نقصان ہوگا۔

فروختن (بیچنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ جو چیز کہ راہ دین اور شریعت میں زیادہ عزیز ہے۔ اس کا فروخت کرنا بُرا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے قرآن مجید فروخت کیا ہے۔ دلیل ہے کہ دین اسلام کے نزدیک خوار و ذلیل ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے اپنا غلام فروخت کیا ہے۔ دلیل ہے کہ عزت اور بزرگی عورتوں کی طرف سے ہوگی اور وہ بدنام ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کوئی چیز فروخت کی ہے تو وہ چیز حقیر ہوگی۔

فزودنی (زیادتی کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خیر و اصلاح کی زیادتی دیکھے تو نیک ہے اور جن چیزوں میں شر و فساد ہے ان کی زیادتی بد ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جسم میں زیادتی دیکھنی اس بات کہ جسم کو نقصان نہیں ہے۔ نیک ہے اور جس قدر زیادتی دیکھے گا۔ اسی قدر مال و نعمت زیادہ ہوگی۔ اور اگر جسم کی زیادتی سے اس کو نقصان پہنچے تو رنج اور بیماری اور نقصان پر دلیل ہے۔

فستق (پستہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مال اور نعمت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس مغز پستہ ہے اور اس نے کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور نعمت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس مغز پستہ ہے۔ دلیل ہے کہ بخیل سے نفع پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے مغز پستہ دیا ہے۔ تو مال و نعمت پر دلیل ہے۔

فقاع خوردن (جو کی شراب پینا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں فقاع کا پینا خیر و منفعت پر دلیل ہے۔ جو اس کو خادم سے حاصل ہوگی۔ اگر کوئی دیکھے کہ اس نے فقا پی ہے۔ دلیل ہے کہ خادم سے خیر و منفعت پائے گا۔ اور اگر

www.waseemziyai.com

دیکھے کہ اس نے کسی کو فقاع دی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو فائدہ پہنچائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ فقاع کا کوزہ گرا ہے اور وہ بھی گری ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو نقصان پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں فقاع کا پینا لوگوں کی خدمت کرنا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے فقاع پی ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کمینہ آدمی کی خدمت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے فقاع پی ہے اور شیریں ہے۔ تو دلیل ہے کہ منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ترش اور بے مزہ ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کو نقصان اور ضرر پہنچے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں فقاع کا پینا چار وجہ پر ہے۔ اول: منفعت۔ دوم: بوسہ۔ سوم: خدمت کرنا۔ چہارم: کمینہ شخص۔

فقیہہ:

فقیہہ۔ علم فقہ کا عالم۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ فقیہہ اور فاضل ہوا ہے اور اس کی بات مخلوق کے نزدیک پسند و مقبول ہوئی ہے۔ دلیل ہے کہ شرافت اور بزرگی پائے گا اور اس کا نام ملک میں نیکی کے ساتھ مشہور ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر ان پڑھ آدمی اپنے آپ کو فقیہہ دیکھے تو دلیل ہے کہ اہل مدہو گا۔ اور اگر اپنے آپ کو پورا عالم دیکھے تو دلیل ہے کہ قاضی ہوگا۔

فلاخن (گوپھیا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کسی پر فلاخن ڈالا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی آدمی پر نفرین کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس پر کسی نے فلاخن سے پتھر ڈالا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ شخص اس پر نفرین کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سنگ فلاخن سے جسم خستہ ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ نفرین سے اس کو آفت پہنچے گی اور وہ نجور (پریشان) ہوگا۔

فلوس (پیسہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پیسہ جنگ اور خصومت (لڑائی) ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس پیسہ ہے تو دلیل ہے کہ کسی جھگڑا کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے پیسے ہیں تو دلیل ہے کہ سخت غم میں مبتلا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ پیسے اپنے گھر سے باہر ڈالے ہیں تو دلیل ہے کہ غم واندوہ سے نجات پائے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پیسہ دیکھنا مفلسی پر دلیل ہے۔

فندق (ایک پھل ہے):

فندق۔ ولایت کا مشہور بیر کے برابر ہوتا ہے۔ اس کا خواب میں دیکھنا مال ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس فندق ہے تو دلیل ہے کہ بخیل آدمی سے منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس فندق کا ڈھیر ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا کسی کے ساتھ جھگڑا ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مغز فندق شیریں ہے جو اس کے پاس ہے۔ دلیل ہے کہ مال حلال پائے گا۔

فنک (ایک جانور ہے):

فنک ایک تکلیف دہ جانور ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ فنک خواب میں مالدار مسافر اور مخلوق سے ملنسار آدمی ہے اور اس کا چمڑا اور بال اور ہڈی چاہا ہوا ہے اور اس کا گوشت مالدار آدمی کا مال ہے۔

اور اگر دیکھے کہ فنک اس کا تابعدار نہ تھا۔ دلیل ہے کہ فائدہ نہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ فنک کو مارا ہے اور اس کا چمڑا اتارا اور اس کا گوشت گرایا ہے تو دلیل ہے کہ مسافر آدمی کا مال ضائع کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ فنک کا گلا گھونٹا ہے اور اس کی گردن سے خون جاری ہوا ہے۔ تو دلیل ہے کہ مسافر لڑکی کا کنوار پن دور کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس پر بہت سے فنک جمع ہوئے ہیں اور ان سے تکلیف نہیں دیکھی ہے۔ دلیل ہے کہ کسی گروہ سے منفعت پائے گا اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو نقصان اٹھائے گا۔

فواق (ہچکی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کو ہچکی آئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو غصہ آئے گا اور گالی دے گا اور ناپسندیدہ اور نالائق بات کہے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو روٹی کھانے کے وقت ہچکی آئی ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ لگاتار ہچکی آئی ہے تو دلیل ہے کہ بے وجہ کسی پر غصہ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی ہچکی اس کی آواز کے ساتھ بلند ہوئی ہے۔ دلیل ہے کہ جھوٹ بولے گا۔ اور اس جھوٹ سے اس کو ملامت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ ہچکی آہستہ اور نرم تھی تو دلیل ہے کہ کسی پر غصہ کرے گا۔ لیکن جلدی ٹھنڈا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ ہچکی کی اور سب کچھ باہر نکالا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کی موت قریب ہے۔

www.waseemziyai.com

فودہ (خشک خمیر):

فودہ خشک خمیر کہ جس کی کانجی بناتے ہیں۔خواب میں اس کا دیکھنا غم واندوہ ہے۔اور اگر دیکھے کہ اس نے کھایا ہے تو دلیل ہے کہ کسی کام کی وجہ سے فکر مند ہوگا اور خواب میں خشک خمیر اپنوں کے ساتھ جنگ اور جھگڑا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خشک خمیر دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔اول: بیماری۔ دوم: غم۔سوم: جھگڑا۔چہارم: نجات۔پنجم: عیال سے ناموافقت۔

فوطہ (تولیہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ تولیہ اور اس کا کپڑا خواب میں خوشی اور آسانی ہے۔اگر دیکھے کہ تولیہ سوتی ہے تو دلیل ہے کہ دین اور دنیا میں راحت پائے گا خاص کر اگر نیا اور فراخ ہے۔اور اگر پرانا اور پھٹا ہوا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تولیہ صالح آدمی کا لباس ہے۔اور اگر دیکھے کہ تولیہ کا کپڑا پہنے ہوئے ہے۔اور صاحب خواب پارسا ہے تو اس کے ستر کی زیادتی پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر بادشاہ کے تولیہ کا کپڑا دیکھے تو دلیل ہے کہ عدل وانصاف کرے گا۔اور قاضی دیکھے کہ اس نے تولیہ کا کپڑا پہنا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ سچائی پر حکم کرے گا۔اور اگر مشرک دیکھے تو مسلمان ہوگا۔اور اگر بدکار دیکھے تو تائب ہوگا۔اور اگر چور دیکھے تو توبہ کرے گا اور راہ اصلاح پائے گا۔



www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حرف القاف

قاضی (حاکم شرع):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ قاضی ہوا ہے۔ دلیل کہ لوگوں میں حکومت کرتا ہے اور اگر اس کا اہل نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ رنج اور بلا میں گرفتار ہوگا اور اس کا مال ہاتھ سے جائے گا۔ اور اگر سفر میں ہے تو اس کو ڈاکو ماریں گے اور اس کا مال ضائع ہوگا۔ اور اگر عالم ہے اور دانا ہے تو قاضی بنے گا۔ اور اگر صاحب خواب عالم اور جوان ہے تو سفر سے سلامتی کے ساتھ واپس آئے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی کسی معلوم قاضی کو خواب میں دیکھے تو علماء اور بزرگانِ دین کے مرتبہ کو پہنچے گا۔ اور اگر نامعلوم قاضی کو دیکھے کہ بیٹھا ہے اور وہ کسی کے ساتھ تنازعہ رکھتا ہے اور اس نے ان کے درمیان حکم کیا ہے۔ جو حکم کیا ہے وہی ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **واللہ یحکم لا معقب لحکمہ۔** (اور اللہ ان کے درمیان حکم کرے گا اور اس کے حکم کو کوئی روکنے والا نہیں ہے)۔ اور دوسری جگہ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **یقضی بالحق وھو خیر الفاصلین۔** (وہ حق کا فیصلہ کرتا ہے اور وہ سب فیصلہ کرنے والوں سے بہتر ہے)۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ قاضی نے اس پر حکم کیا ہے وہی ہوگا جو اس نے دیکھا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ قاضی کے ہاتھ میں ترازو ہے۔ دلیل ہے کہ لوگوں میں سچائی کے ساتھ حکم کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ قاضی نے اس پر محبت اور شفقت سے نگاہ کی ہے اور مہربانی اور خاطر سے بات کی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو اہل علم میں حرمت اور مرتبہ نہ ہوگا۔ خوار اور ذلیل ہوگا۔

قافلہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ قافلہ کو آتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا رکا ہوا کام پورا ہوگا اور اپنے سے دور ہوگا۔

قالب (ڈھانچہ):

قالب۔ کالبد۔ ڈھانچہ۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں جوتے یا موزے کا قالب دیکھے تو عورت اور خادم پر دلیل ہے۔ جو اس کا کام سنواریں گے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس قالب ہے

www.waseemziyai.com

تو دلیل ہے کہ اس کو کوئی خادم ملے گا۔ اور اگر دیکھے کہ قالب ٹوٹا ہے یا جلا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے گھر کا خادم ہلاک ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے قالب ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کو خادموں سے خیر و منفعت حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ خود جوتی بناتا ہے یا موزے سیتا ہے۔ دلیل ہے کہ بہتر ہوگا۔

قالین:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے لئے ایک بڑا قالین بچھایا ہوا ہے اور جانتا ہے کہ اس کی ملک ہے تو درازیٔ عمر اور روزی کی فراخی پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ قالین پر بیگانی جگہ پر بیٹھا ہے اور اس جگہ کے مالک کا علم نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ دنیا اس پر متغیر ہوگی اور سفر میں مرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ چھوٹے اور تنگ قالین پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عمر کوتاہ اور روزی تنگ ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ قالین لپیٹ کر کندھے پر رکھے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ ایک جگہ سے دوسری جگہ پر جائے گا اور اس کی عمر تھوڑی رہی ہے۔ اور جس قدر قالین بڑا اور زیادہ فراخ ہوگا اس کی روزی اور معیشت زیادہ اور بہتر ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ چھوٹے قالین پر بیٹھا ہے اور اس کے نیچے فراخ ہو گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی روزی فراخ اور کشادہ ہوگی۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی عیش اور روزی دشواری سے حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ قالین بچھا ہوا ہے اور اپنے ہاتھ سے لپیٹ کر گھر کے کونے میں رکھا ہے۔ دلیل ہے کہ اپنی دولت اور اقبال تباہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ قالین کو اپنی پشت پر رکھ کر لے جا رہا ہے۔ دلیل ہے کہ گناہ بہت کرے گا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ قالین چھوٹا اور سبز ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی روزی تنگ ہوگی۔ لیکن اس کی عمر دراز ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس سبز اور پاکیزہ قالین ہے۔ دلیل ہے کہ اس پر روزی فراخ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ کسی کے گھر میں قالین ڈالا ہے۔ دلیل ہے کہ صاحب خانہ کو دولت اور فائدہ حاصل ہوگا اور اگر دیکھے کہ نامعلوم گھر میں قالین پڑا ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ سفر کرے گا اور مال و نعمت پائے گا۔

قبا (عبا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سوتی قبا پناہ اور سفر میں قوت ہے۔ اگر دیکھے کہ سوتی قبا فراخ پہنے ہوئے ہے۔ دلیل ہے کہ غموں سے نجات پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ریشم کی قباء پہنے ہوئے ہے۔ یہ خواب میں مکروہ ہے۔ اور اگر اسلحہ کے ساتھ پہنے ہوئے ہے تو کسی بڑے آدمی سے شرف اور مرتبہ پائے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ قبا پہن کر لڑائی پر گیا ہے۔ دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے سبز قبا پہنی ہے تو دلیل ہے کہ روشنائی پائے گا۔ اور اگر نیلی ہے تو مصیبت ہے اور اگر سیاہ ہے تو غم واندوہ ہے۔ اور اگر دھاری دار ہے تو اس کا کام انتظام سے ہوگا۔ اور اگر قبا پرانی اور پھٹی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی قبا عنابی ہے۔ اگر اس قبا کا اہل ہے تو غم و اندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ چمڑے کی قبا سیاہ اور پلید پہنے ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ صاحب خواب مال دار عورت سے شادی کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ لومڑی کے پوست کی قبا پہنے ہوئے ہے۔ دلیل ہے کہ پارسا عورت سے شادی کرے گا۔ اور اگر قبا سمور کے چمڑے کی ہے تو دلیل ہے کہ مالدار عورت سے شادی کرے گا۔

قبالہ (تمسک):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس قبالہ یا خط ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر دانائی حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو خط یا قبالہ دیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو ولایت کا حاکم کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو قاضی نے قبالہ دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو شریعت کا علم حاصل ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں قبالہ چھ وجہ پر ہے۔ اول: ریاست۔ دوم: حکمت و دانائی۔ سوم: منفعت۔ چہارم: ولایت۔ پنجم: دلیل۔ ششم: قوت۔

قبان (چمچہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ خواب میں چمچہ خونخوار مرد ہے اور خراب میں چمچے کی ہتھیلی شنوائی ہے اور اس کی ڈنڈی کا حکم گزارنے کے وقت زیادتی ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چمچہ قاضی ہے اور دیکھے کہ اس کے پاس چمچہ ہے دلیل ہے کہ قاضی کے وکیل کے ساتھ اس کی صحبت ہوگی اور اگر دیکھے کہ چمچے سے کوئی چیز نکالتا ہے دلیل ہے کہ اس کی صحبت قاضی سے ہوگی۔

قبلہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ قبلہ چھوڑا ہے اور مشرق کی طرف نماز پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی راہ پر رغبت نہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ قبلہ کو نہیں پہچانتا ہے تو دلیل ہے کہ دین کی راہ

www.waseemziyai.com

میں پریشان اور حیران ہوگا۔

قبہ (گنبد):

گنبد۔اس کا بیان حرف کاف میں آئے گا۔

قدح (پیالہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ پیالہ پانی کا گلاب کے ساتھ اس کے پاس ہے اور اس میں سے پیا ہے۔دلیل ہے کہ عورت کرے گا یا کنیز خریدے گا۔یا اس کا فرزند صالح اور پارسا ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ پانی گرایا اور پیالہ سلامت رہا ہے تو دلیل ہے کہ فرزند مرے گا اور عورت سلامت رہے گی، اور اگر دیکھے کہ پانی گرایا اور پیالہ ٹوٹا ہے۔دلیل ہے کہ فرزند اور عورت دونوں مریں گے۔اور اگر دیکھے کہ پیالہ ہے اور اس میں سے پانی پیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند بدکردار پیدا ہوگا۔اور اس سے اس کو پریشانی ہوگی۔اور اگر خواب میں خالی پیالہ دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند نہ ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پیالہ تین وجہ پر ہے۔اول: عورت۔دوم: کنیز۔ سوم: خادم کی جس کی ضرورتیں گھر میں مشترک ہیں۔

قدید (بھنا ہوا گوشت):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بھنا ہوا اگر بکری کا گوشت ہے تو غنیمت پر دلیل ہے۔اور اگر گھوڑے کا گوشت ہے تو دلیل ہے کہ پہاڑی لوگوں سے غنیمت حاصل کرے گا۔اور اگر جنگلی چوپاؤں کا گوشت ہے تو بیابانی آدمی سے غنیمت حاصل کرے گا۔اور بھنے ہوئے گوشت کے کھانے میں بہتری نہیں ہے۔

قرآن خواندن (قرآن مجید پڑھنا):

قرآن مجید پڑھنا خواب میں حاکم پر دلیل ہے۔اگر خواب میں آیت رحمت اور بشارت حق کی طرف سے ہے۔تو واجب ہے کہ خیرات کرے اور شکر حق بجالائے۔اور اگر دیکھے کہ آیت پڑھی ہے تو اللہ تعالیٰ کے غضب اور غصے کی دلیل ہے۔توبہ کرے اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے۔اور اگر دیکھے کہ قصص اور امثال میں سے آیت پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ گناہ کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر خواب میں دیکھے کہ آدھا قرآن مجید پڑھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی آدھی عمر گزر چکی ہے۔اور اگر دیکھے کہ حافظ قرآن ہوا ہے تو دلیل ہے کہ امانت کو نگاہ میں رکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے قرآن مجید کی آواز سنی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام راہ دین میں نیک ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ کوئی اس کا قرآن مجید پڑھتا ہے اور وہ اس میں سے کچھ نہیں سمجھا ہے۔تو دلیل ہے کہ اس

www.waseemziyai.com

کے دل کو غم واندوہ لاحق ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ پورا قرآن مجید ختم کیا ہے۔ دلیل ہے کہ مراد کو پائے گا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کی عمر آخر کو پہنچی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ قرآن مجید کو بلند آواز سے پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام بلند ہوگا اور لوگوں میں مشہور ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ جو آیت پڑھی ہے اس کو یاد ہے تو دلیل ہے کہ اس آیت کی تفسیر اس کی تعبیر ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ قرآن مجید کا 1/4 پڑھا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا کام نیک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ سورۂ اعراف سے سورۂ مریم تک پڑھا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب مخلوق کے درمیان مشہور ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ سورۂ مریم سے سورۃ الناس تک قرآن مجید پڑھا ہے۔ تو اس کی تمام مرادیں پوری ہوں گی۔ اور اگر دیکھے کہ قرآن کا پورا پارہ پڑھا ہے۔ دلیل ہے کہ سال اور ماہ اس پر مبارک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے قرآن مجید کے سات پارے پڑھے ہیں تو دلیل ہے کہ غم واندوہ سے نجات پائے گا۔

اور اگر کوئی قرآن خوان نہیں ہے اور خواب میں دیکھے کہ اس نے قرآن مجید پڑھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی موت قریب آئی ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: اقراء کتابك كفى بنفسك اليوم عليك حسيبا۔ (اپنی کتاب پڑھ آج تیری جان کے حساب کے لئے کافی ہے)۔

اور اگر دیکھے کہ برہنہ ہے اور قرآن مجید پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ خواہش مند ہوگا اور اگر پاک اور ناپاک جگہ پر پڑھتا پھرتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے اعتقاد میں خلل ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں قرآن مجید پڑھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: آفت سے سلامتی پانا۔ دوم: درویشی کے بعد دولت۔ سوم: دل کی مراد پانا۔ چہارم: بیداری اور پرہیز گاری فرمانا۔ ایسے لوگوں کو جو گناہ گار ہیں اور ان کے لئے عذاب اور سزا کی قیامت کے دن حجت قائم ہونا۔

قربان کردن (قربانی کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اونٹ یا گائے یا بکری کی قربانی کی ہے۔ دلیل ہے کہ اگر غلام ہے تو آزاد ہوگا۔ اور اگر رنج و بلا اور زحمت میں گرفتار ہے تو شفاء پائے گا اور اگر بند میں ہے تو خلاصی پائے گا۔ اگر درویش ہے تو مالدار ہوگا۔ خوف میں ہے تو امن میں ہوگا۔ قرض دار ہے تو قرض سے سرخرو ہوگا۔ اور اگر حج نہیں کیا ہے تو حج کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ لوگ جنگل میں قربانی کے لئے گئے ہیں۔ تو دلیل ہے کہ وہ لوگ جس چیز سے ڈرتے ہیں امن میں ہوں گے اور اگر قید میں ہوں گے تو خلاصی پائیں گے۔ اور اگر قحط اور تنگی ہے تو فراخی سے بدلے گی۔ خاص کر اگر یہ خواب عید قربان کے نزدیک ہے تو اس کی تاویل جلدی ظاہر ہوگی۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ قربانی کا گوشت لوگوں کو تقسیم کیا ہے۔ دلیل ہے کہ وہاں مالدار شخص مرے گا اور اس کا مال تقسیم کریں گے۔

اور اگر دیکھے کہ لوگوں نے گوشت چرایا ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بولے گا اور خواب میں قربانی بشارت ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **و بشرناہٗ باسحق نبیاً من الصلحین و بارکنا علیه و علیٰ اسحاق**۔ (اور ہم نے اس کو اسحاق نبی کی بشارت دی جو صالحین میں سے تھا اور ہم نے اس کو اور اسحاق کو برکت دی)۔ اور اگر عورت خواب دیکھے تو اس کے صالح فرزند پیدا ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں قربانی کی تاویل چھ وجہ پر ہے۔ اول: خوف۔ دوم: مراد اور حاجات کا حاصل ہونا۔ سوم: خیر و برکت۔ چہارم: چھٹے تک قحط اور تنگی کا زوال۔

قرابہ (مشک):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مشک موٹا بوڑھا ہے کہ اس کو مال سپرد کرتے ہیں۔ اگر مشک میں پانی یا گلاب یا کوئی اور پینے کی حلال چیز دیکھے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کو موٹے بوڑھے سے خیر و منفعت حاصل ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے مشک میں سے کوئی ترش چیز لی ہے۔ دلیل ہے کہ غم و اندوہ کھائے گا۔ اور خالی مشک سے کسی طرح کی بھلائی اور بُرائی نہیں ہے۔ اور اگر دیکھے کہ مشک ٹوٹی ہے تو دلیل ہے کہ اس موٹے بوڑھے سے جدا ہوگا۔

قرنفل (لونگ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لونگ نیک ثنا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے لونگ ہیں اور ہر ایک بخشا ہے دلیل ہے کہ اس ملک کے لوگ اس کی تعریف کریں گے اور اس کا نام نیکی سے مشہور ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ وہ لونگ کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو غم و اندوہ اور مصیبت پہنچے گی۔

قز (ریشم):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر ریشم اور ابریشم سفید دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس جہان کی نعمت پائے گا اور اگر زرد ہے تو بیماری پر دلیل ہے۔ اور پختہ ریشم کا دیکھنا خام سے بہتر ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا ریشم یا ابریشم جل گیا ہے یا ضائع ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو نقصان پہنچے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس ریشم یا ابریشم سفید ہے اور اس کی ملک ہے تو خیر و منفعت حاصل کرے گا۔ اور اگر سبز ہے تو بہتر ہے اور سرخ ہے تو مردوں کے لئے بہتر نہیں ہے۔ اور اگر سیاہ یا نیلا ہے تو غم و اندوہ پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس ہر ایک رنگ کا ریشم ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو ہر ایک طرح کا سامان ملے

www.waseemziyai.com

گا۔اور ریشم مردوں کے لئے دین میں مکروہ ہے اور عورتوں کے لئے دین کی بابت اچھا ہے۔

قسط (ایک دوا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اپنے نیچے قسط جلاتا ہے اور اس کا دھواں کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ لوگ اس کی مدح وثناء کریں گے اور اس کا نام ملک میں نیکی کے ساتھ مشہور ہوگا۔اور اگر دھواں گندا اور ناگوار ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ قسط کھایا ہے تو غمگین ہونے پر دلیل ہے۔

قسمت کردن (بانٹنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ کسی جماعت میں کچھ بانٹا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں میں انصاف کا لحاظ کرے گا۔اور اگر دیکھے کہ اپنا مال خیر واصلاح سے تقسیم کرتا ہے۔تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہوں گے اور اپنا مال ان پر تقسیم کرے گا۔اور اگر دیکھے کہ اپنا مال شرارت اور فساد سے تقسیم کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مال تباہ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ کسی کا مال اس کی رضامندی سے تقسیم کیا ہے۔دلیل ہے کہ اصلاح اور فساد اس کی طرف رجوع کرے گا۔

قصاب (قصائی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر قصاب نامعلوم ہے تو ملک الموت فرشتہ ہے۔

اگر دیکھے کہ قصاب گھر میں یا کوچے میں آیا ہے۔دلیل ہے کہ وہاں کوئی مرے گا۔اور اگر دیکھے کہ وہ قصاب ہے حالانکہ یہ اس کا پیشہ نہیں ہے۔تو دلیل ہے کہ کسی کو مارے گا۔اور اگر دیکھے کہ قصاب کے ہمراہ ہے۔دلیل ہے کہ اس کی صحبت کسی ظالم شخص سے ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ قصائی کرتا ہے حالانکہ وہ قصاب نہیں ہے تو دلیل ہے کہ غم واندوہ اس سے زائل ہوگا۔اور اگر قصاب دیکھے تو حق پر خون بہائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ نامعلوم قصاب اس کے گھر میں آیا ہے یا کوچے میں آیا ہے تو دلیل ہے کہ اس جگہ ناگہانی موت ظاہر ہوگی۔

قصہ گفتن (قصہ بیان کرنا):

قصہ گفتن۔کہانی بیان کرنا۔حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر خواب میں دیکھے کہ نامعلوم قصہ پڑھتا ہے۔دلیل ہے کہ ظالموں کے خوف اور دہشت (ڈر) سے امن میں ہوگا۔فرمان اللہ تعالیٰ ہے: فلما جاءَ و قص علیه القصص قال لا تخف نجوت من القوم الظالمین۔(جب وہ اس کے پاس آیا

www.waseemziyai.com

اوراس پر اپنا قصہ بیان کیا۔اس نے کہا نہ ڈر۔تو نے ظالم قوم سے نجات پائی ہے)۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ لوگوں کو قصہ سنایا ہے۔اگر نیک قصہ ہے تو خیر و صلاح پر دلیل ہے۔اوراگر برا قصہ ہے تو شر اور فساد پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ قصہ بیان کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام نیک ہوگا اوراس کی مراد پوری ہوگی۔اورخواب میں قصہ بیان کرنے والا نیک طبیعت شخص ہے۔

قضیب (درخت کی شاخ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔قضیب درخت کی شاخ ہے جو خواب میں دیکھتا ہے۔اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو کسی نے تازہ شاخ کسی درخت کی دی ہے اور دینے والا معلوم ہے۔دلیل ہے کہ اس کو اس سے اسی قدر خیر و منفعت حاصل ہوگی۔اوراگر دیکھے کہ شاخ باریک اور خشک ہے تو دلیل ہے کہ اس کو کوئی چیز ملے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ ترش میوے والے درخت کی شاخ اس کو کسی نے دی ہے۔دلیل ہے کہ اس شخص سے غم واندوہ پہنچے گا اوراگر شیریں درخت سے ہے تو دلیل ہے کہ خیر و منفعت پائے گا۔

قطائف (حلوہ):

قطائف ایک قسم کا حلوا ہوتا ہے۔حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے شکر اور بادام والا قطائف دیا ہے اوراس نے کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو مال اور نعمت آسانی سے حاصل ہوگا۔اور اگر مغز بادام تازہ دودھ کے ساتھ دیکھے تو تھوڑی منفعت حاصل کرنے پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں قطائف چار وجہ پر ہے۔اول: اچھی بات۔ دوم: مال حلال۔سوم: منفعت۔چہارم: منفعت رنج کے ساتھ۔

قطران (چیڑ کا تیل):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چیڑ کا تیل مال حرام ہے۔اگر دیکھے کہ اس کے پاس چیڑ کا تیل ہے اوراس میں سے کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حرام حاصل کرے گا۔

اوراگر دیکھے کہ اس کا جسم یا کپڑا چیڑ کے تیل سے آلودہ ہے۔دلیل ہے کہ حرام کا لباس پہنے گا۔اور بعض کہتے ہیں کہ مال کے باعث بلا اور محنت میں پڑے گا۔اوراگر دیکھے کہ چیڑ کا تیل گھر کے باہر ڈالا ہے تو دلیل ہے کہ توبہ کرے گا۔

www.waseemziyai.com

قفا خوردن (گدی پر چانٹا کھانا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں گدی پر بال دیکھے تو دلیل ہے کہ قرض دار ہو گا۔ اور اگر دیکھے کہ گدی پر سے بال منڈھے ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ قرض اتارے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی گدی پر کسی نے تھپڑ مارا ہے اور سوج گئی ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کو اور اس کے آدمیوں کو فائدہ پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی بیگانہ نے اس کی گدی پر چانٹا لگایا ہے دلیل ہے کہ اس بیگانے سے منفعت پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی نے اس کی گدی اس قدر تھپڑ مارے ہیں کہ اس سے خون جاری ہو گیا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ کسی پر دعویٰ کرے گا اور نقصان اٹھائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنی گدی چیری ہے تو دلیل ہے کہ عیال اس سے خیانت کریں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اپنی گدی پر کھینچے لگائے ہیں تو دلیل ہے کہ کوئی چیز خرید کر قبالہ لکھے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا چہرہ پیچھے کو ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ لوگوں سے نفاق برتے گا۔

قفس (پنجرہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس پنجرہ ہے۔ تو دلیل ہے کہ کسی جگہ گرفتار ہو گا۔ اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ کسی کے ساتھ قید خانہ میں جائے گا۔ اور اگر دیکھے پنجرہ ٹوٹا ہوا ہے یا ضائع ہوا ہے تو دلیل ہے کہ قید خانہ اور تنگی سے نجات حاصل کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پنجرے کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: قید خانہ۔ دوم: تنگ جگہ۔ سوم: بردہ فروشی کی سرائے۔

قفل (تالا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تالا دین اور دنیا کے کاموں کے راست (صحیح) ہونے کی دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ تالا جلدی کھل گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس پر کام کشادہ ہوں گے۔ اور ممکن ہے کہ حج اسلام کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ تالا کھول نہیں سکا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام دیر سے کشادہ ہو گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کسی جگہ مضبوط پر تالا لگایا ہے تو دلیل ہے کہ اپنا مال کسی مصلح آدمی کے سپرد کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا تالا کمزور اور ضعیف ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تالا چھ وجہ پر ہے۔ اول: کام کا بنانا۔ دوم:

www.waseemziyai.com

قوت۔سوم: دلیل۔چہارم: منفعت۔پنجم: عورت۔ششم: مصلح شخص پر بھروسہ کرنا۔

قلعہ:

قلعہ۔وژ کو کہتے ہیں۔اس کا بیان حرف دال میں ہو چکا ہے۔

قلم:

اہل تعبیر نے قلم کی تاویل میں اختلاف کیا ہے۔حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ قلم امر حق ہے اور اللہ تعالیٰ کو قلم اور لوح محفوظ کی محتاجی نہیں ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ قلم ایک فرشتہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فرمان پر کام کرتا ہے۔اگر کوئی قلم کو اسی صورت پر دیکھے کو اس کی ہے۔دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ عاقل سے کام پڑے گا۔قلم کے بارے میں فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **ن والقلم وما یسطرون**۔(ن! قسم ہے قلم کی اور جو کچھ وہ لکھتے ہیں)۔اگر دیکھے کہ قلم ہاتھ پر لی ہے۔دلیل ہے کہ اس کے ہاں فاضل لڑکا پیدا ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ جو قلم اس کے ہاتھ میں ہے اس سے کچھ لکھا ہے۔دلیل ہے کہ کچھ سیکھے گا۔فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **علم الا نسان مالم یعلم**۔(انسان کو وہ کچھ سکھایا جو وہ نہیں جانتا ہے)۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں قلم کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔اول: امر اللہ تعالیٰ۔ دوم: فرشتہ۔سوم: دولت۔چہارم: کاموں کی حقیقت۔(قلم کو خامہ کہتے ہیں۔اس کا بیان حرف خاء میں گزرا ہے۔)

قلیہ (شوربہ):

(قلیہ توے پر بھنا ہوا گوشت، سادہ گوشت گھی میں بھون کر شوربے والا) حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جو قلیہ پانی سے پکایا گیا ہے۔وہ بغیر پانی کے قلیے سے بہتر ہے اور جس قدر قلیہ مزے دار ہوگا اسی قدر منفعت بہتر ہوگی۔اور اگر قلیہ موٹی گائے کے گوشت کا ہے اور اس نے کھایا ہے۔دلیل ہے کہ اس سال میں خوف اور دہشت (ڈر) سے امن میں ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ اس نے لیلے یا بز غالہ کے گوشت کا قلیہ کھایا ہے تو دلیل ہے کہ تھوڑا مال پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اس نے گھوڑے کے گوشت کا قلیہ کھایا ہے۔تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے رنج اور سختی کے ساتھ مال حاصل کرے گا۔اور اگر اونٹ کے گوشت کا قلیہ کھایا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی سے مال حاصل کرے گا۔اور اگر مچھلی کے گوشت کا قلیہ کھایا ہے تو دلیل ہے کہ عورتوں کی وجہ سے مکر کے ساتھ مال کو حاصل کرے گا۔اور اگر صاحب خواب مفسد (فساد کرنے والا) ہے تو غم واندوہ پر

www.waseemziyai.com

دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ چوپائے کے گوشت کا قلیہ کھایا ہے۔ جس کا گوشت حرام ہے تو دلیل ہے کہ مال حرام کھائے گا۔

قمع (کھونڈی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کھونڈی غلام یا کنیز ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے چھوٹی کھونڈی خریدی ہے یا کسی نے اس کو دی ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب چھوٹا غلام یا کنیز چھوٹی خریدے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی کھونڈی ٹوٹی ہے یا ضائع ہوئی ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کو ایسے مرد کی صحبت سے جدائی ہوگی جس سے اس کو سہارا تھا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی کھونڈی چاندی کی ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کی نیک مرد اور نیک رائے سے صحبت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ کھونڈی لوہے کی ہے تو دلیل ہے کہ قوی رائے اور بہادر مرد سے اس کی صحبت ہوگی اور وہ اس سے خیر و منفعت پائے گا۔

قند (کھانڈ چینی):

قند۔ کھانڈ۔ مصری۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے قند کھایا ہے تو دلیل ہے کہ ایسے کام جلدی میں کرے گا کہ جس سے پشیمان (نادم) ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے قند کا ٹکڑا اس کے منہ میں رکھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بوسہ دے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت بڑا ڈھیر قند کا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ قند بیچتا ہے تو دلیل ہے کہ نقصان پہنچے گا۔ اور قند کا خریدنا اس کے فروخت کرنے سے بہتر ہے۔

قندیل:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں روشن قندیل عبادت کی توفیق ہے۔ خاص کر اگر روشن ہے۔ اگر خواب میں کوئی دیکھے کہ اس کے گھر میں روشن قندیل لٹک رہی ہے تو دلیل ہے کہ پارسا اور صالحہ عورت سے شادی کرے گا۔ اور اگر یہ خواب عورت دیکھے تو طاعت اور عبادت بہت کرے گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں قندیل کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: شادی کرنا۔ دوم: توفیق عبادت۔ سوم: بستہ کاموں کی کشائش۔ اور بے جلی قندیل خواب میں تھوڑی منفعت ہے۔

قنوت (ایک دعا ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ دعائے قنوت پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ لوگ اس کی مدح و ثنا کریں گے اور اس کی مراد پوری ہوگی۔

www.waseemziyai.com

اور اگر مصلح اور پارسا شخص خواب میں پڑھے تو دلیل ہے کہ سب مرادیں پوری ہوں گی اور اگر صاحب خواب مفسد (فساد کرنے والا) ہے تو دلیل ہے کہ دنیا کے کاموں میں اس کو بزرگی حاصل ہوگی۔

قنینہ (بوتل):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بوتل خادم ہے کہ جس کی سپرد گھر کی چابی ہے۔ اگر خوب میں دیکھے کہ اس کے پاس بوتل ہے اور اس میں پانی یا گلاب یا ایسی چیز ہے کہ جس کا کھانا حلال ہے اور اس نے کھائی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو خادم سے کوئی چیز حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ بوتل ٹوٹی ہے یا ضائع ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا خادم بھاگے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بوتل خادم ہے کہ جس کے ہاتھ میں گھر کی سب چیزیں ہوتی ہیں۔

قیامت:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ قیامت ہے۔ دلیل ہے کہ اس ملک میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے انصاف ہوگا۔ اور اگر اس ملک کے لوگ ظالم ہیں۔ دلیل ہے کہ آفت اور بلا میں مبتلا ہوں گے۔ اور اگر اہل ملک مظلوم ہیں تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی مدد کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس ملک کے لوگ اللہ تعالیٰ کے آگے کھڑے ہیں تو اللہ تعالیٰ کے عذاب پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ قیامت قائم ہے۔ اگر مظلوم ہے تو ظالم پر قابو پائے گا اور غم سے نجات ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ کوئی علامت ظاہر ہوئی ہے جیسے کہ آفتاب مغرب سے نکلا ہے یا دجال یا یاجوج ماجوج ظاہر ہوئے ہیں۔ چاہئے کہ توبہ کرے اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے۔

اور اگر دیکھے کہ قبریں پھٹی ہیں اور لوگ نکلے ہیں تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو برانگیختہ (مشتعل) کیا ہے۔ چاہئے کہ گناہ سے توبہ کرے اور اللہ تعالیٰ کی رضا ڈھونڈے۔ اور اگر دیکھے کہ شمار گاہ میں ہے تو غفلت پر دلیل ہے۔ فرمانِ باری تعالیٰ ہے:

اقترب للناس حسابهم وهم فی غفلة معرضون۔ (لوگوں کا حساب قریب ہو گیا ہے اور وہ غفلت میں منہ پھیر کر پھرتے ہیں)۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے ساتھ شمار و حساب ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو نقصان پہنچے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **فحاسبناه حسابا شديدا وعذبناه عذابا نكرا۔** (ہم اس کا سخت حساب لیں گے اور اس کو برا عذاب دیں گے)۔

اور اگر دیکھے کہ اعمال تلے ہیں اور اس کی نیکیاں غالب ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کا انجام نیک ہوگا۔ فرمان

www.waseemziyai.com

اللہ تعالیٰ ہے: فمن ثقلت موازینه فاولئك هم المفلحون۔ (جن کی نیکیاں بھاری ہیں۔ وہی لوگ نجات پانے والے ہیں)۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی بدی نیکی سے زیادہ ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا انجام بد ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: ومن خفت موازینه فاولئك الذین خسرو انفسهم فی جهنم خالدون۔ (جن کی نیکیاں ہلکی ہیں وہی ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کو خسارے میں ڈالا ہے وہ دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے)۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا ترازو وزنی ہے اور نامۂ اعمال اس کے دائیں ہاتھ میں ہے تو دلیل ہے کہ وہ راہ راست پر ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: وانزلنا معهم الکتب والمیزان لیقوم الناس بالقسط۔ (اور ہم نے ان کے ساتھ کتاب اور میزان کو اتارا تا کہ لوگوں کو انصاف پر قائم کریں)۔

اور اگر اپنے نامۂ اعمال کو جانتے اور پڑھنے کا حکم ہو۔ اگر اہل اصلاح سے ہے تو اس کا کام نیک ہے اور اگر اہل فساد سے ہے تو پر خطر ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: اقراء کتابك کفی بنفسك الیوم علیك حسیباه۔ (اپنی کتاب پڑھ تیری جان کے حساب کے لئے کافی ہے)۔

اگر دیکھے کہ پل صراط پر ہے۔ دلیل ہے کہ راہ راست پر جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پل صراط پر چل نہیں سکا ہے تو بھی راہ راست کے لئے کافی ہے۔

قیر (کلونس کا لک):

کلونس، کالک، سیاہ کاجل۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس کلونس ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر نعمت اور روزی پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سی کلونس ہے اور گھر میں لے گیا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر گھر میں نعمت لے جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ گھر کے باہر کلونس ڈالی ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کلونس کھائی ہے تو دلیل ہے کہ حرام چیز کھائے گا۔ اور بعض اہل تعبیر نے کہا ہے کہ اس کو غم پہنچے گا۔

قے کردن (قے کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے قے کی ہے اور آسانی سے باہر نکلی ہے۔ تو دلیل ہے کہ توبہ کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ قے نہیں کر سکا ہے یا پھر اپنی جگہ پر واپس چلی گئی ہے تو دلیل ہے کہ توبہ سے رکے گا اور انجام عذاب ہوگا۔

اور بعض کہتے ہیں کہ مصیبت اور نقصان ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ قے کرتا ہے اور کھاتا ہے۔ دلیل ہے کہ

www.waseemziyai.com

بخل کی وجہ سے اپنے عیال پر خرچ نہ کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ قے کرتا ہے اور اس کا مزہ ترش اور ناگوار ہے۔ دلیل ہے کہ توبہ کے بعد گناہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ قے کرتے وقت کوئی چیز اس کے پیٹ سے زبان پر آئی ہے۔ تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ بلغم نکلی ہے تو دلیل ہے کہ بیماری سے شفاء پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بہت سا خون نکلا ہے تو دلیل ہے کہ مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ صفرا نکلی ہے تو دلیل ہے کہ رنج سے امن میں ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ جو کچھ پیٹ میں ہے نکلا ہے تو دلیل ہے کہ وہ ہلاک ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں قے کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: توبہ۔ دوم: پشیمانی (ندامت)۔ سوم: نصرت۔ چہارم: غم سے نجات۔ پنجم: امانت واپس دینی۔ ششم: بستہ کاموں کا کشادہ ہونا۔ اگر دیکھے کہ اس نے قے کی ہے اور کھائی ہے تو دلیل ہے کہ کسی کو کچھ بخش دے گا اور پھر واپس لے گا۔



www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حرف الکاف

کا جی:

کا جی ایک قسم کا کھانا ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے روغن کنجد اور روغن بادام کے ساتھ کا جی کھائی ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر خیر و منفعت حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ روغن اور شہد کے ساتھ کھائی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر راحت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ روغن اور دہی کے ساتھ کھائی ہے تو دلیل ہے کہ کسی سے اس کو تھوڑی منفعت حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ ترش چیز کے ساتھ کھائی ہے تو غم واندوہ اور اندیشے کی دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے شیریں چیز کے ساتھ کا جی کھائی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو آسانی سے مال ملے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ترش چیز کے ساتھ کھائی ہے تو ترشی کے مطابق غم واندوہ پر دلیل ہے۔

کارد (چھری):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چھری فرزند ہے اور چھری کا غلاف عورت ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ چھری اس کے ہاتھ میں ہے اور جانتا ہے کہ اس کی ملک ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ چھری کے ساتھ اور ہتھیار بھی ہیں تو بزرگی اور مرتبے پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چھری باندھے ہوئے ہیں اور ہاتھ میں چھری ہے تو دلیل ہے کہ اس کو کسی سے پناہ اور قوت ہوگی۔ اور بعض کہتے ہیں کہ غلام چھری بنانا سیکھے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ چھری میان سے باہر نکالی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت کے ہاں لڑکا ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ چھری میان میں ٹوٹ گئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا باپ یا اس کے باپ کے رشتہ داروں میں سے کوئی مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے جسم کو چھری سے زخمی کیا ہے تو دلیل ہے کہ جسم کے زخم کے مطابق اس کو نقصان پہنچے گا۔

اگر دیکھے کہ چھری سے کوئی چیز تراشی ہے تو دلیل ہے کہ خیر و منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چھری میں رخنہ پڑا ہے۔ یا زنگ لگا ہے یا کوئی عیب ظاہر ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے مال کا نقصان ہوگا۔

www.waseemziyai.com

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چھری کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ اول: دلیل۔ دوم: فرزند۔ سوم: فتح۔ چہارم: پناہ۔ پنجم: برادر۔ ششم: توانائی۔ ہفتم: ولایت۔

کارزار کرنا (لڑائی لڑنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جنگ کرنا مرض طاعون ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ لڑائی کرتا ہے تو دلیل ہے کہ مرض طاعون کا خوف ہے۔ اور اگر لڑائی میں دشمن کو مغلوب کیا تو دلیل ہے کہ مرض سے نجات پائے گا۔ اور اگر لڑائی میں دشمن اس پر غالب آ گیا ہے تو دلیل ہے کہ مرض طاعون میں ہلاک ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ میدان میں کسی کے ساتھ تلوار سے لڑتا ہے اور ایک ان میں سے فرصت پائی ہے تو خصومت (لڑائی) پر دلیل ہے اور جس نے فرصت پائی اس کی دوسرے پر فتح کی دلیل ہے۔ اگر وہ نیزے سے لڑتا ہے تو بھی یہی تاویل ہے اور اگر تیر و کمان کے ساتھ لڑتا ہے تو دلیل ہے ان میں زبانی گفتگو ہوگی۔

گازری کردن (دھوبی کا کام کرنا)

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے دھوبی کا کام کرتا ہے حالانکہ دھوبی نہیں ہے وتو بہ پر دلیل ہے اور خیرات کی توفیق پائے گا کیونکہ کپڑے کی تاویل میں غم واندیشہ ہے۔ اور دھوبی میل کو دور کرنے والا ہے لہٰذا اللہ تعالیٰ کی طرف سے رجوع کی دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کپڑا دھوتے وقت پھٹ گیا ہے دلیل ہے کہ توبہ کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے پھٹا ہوا کپڑا سیا ہے تو دلیل ہے کہ پھر توبہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کپڑا دھونے سے سفید ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ توبہ کے ذریعے خلاصی اور نجات پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کپڑا دھویا ہے اور سفید نہیں ہوا ہے تو دلیل ہے کہ ہمیشہ گناہ میں رہے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ دھوبی خواب میں ایسا شخص ہے کہ جس کے ہاتھ سے خیرات اور حسنات دونوں گناہوں کے کنارے کے لئے ہوتی ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دھوبی ایسا شخص ہے کہ لوگوں کے دلوں سے غم اور اندوہ کو دور کرتا ہے۔ اس وجہ سے اہل تعبیر نے بیان کیا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ کپڑا دھوتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ غم واندوہ سے خلاصی پائے گا اور گناہوں سے توبہ کرے گا۔ خاص کر اگر دیکھے کہ کپڑا سفید ہو گیا ہے اور میل نہیں رہی ہے۔

www.waseemziyai.com

کار دنیا کردن (دنیا کا کام کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ دنیا کا کام کرتا ہے تو اس کے دین کے فساد اور نقصان پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ دین کا کام کرتا ہے تو دین کی اصلاح اور اس جہاں کے نیک احوال پر دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ اس کے دنیا کے کام آراستہ ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کی موت نزدیک آئی ہے۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو اس کی عمر دراز ہے۔ اور اگر دیکھے کہ ایسے کام میں مشغول ہے کہ اس کو یا کسی غیر کو اس میں منفعت نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس میں خیر و منفعت نہ ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی شخص کے ساتھ کسی کام کے لئے گیا ہے اور راستہ میں بیٹھ گیا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ مخالف دین ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے۔ **فرح المخلفون بمقعد هم خلاف رسول الله**۔ (پیچھے رہنے والے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف پر بیٹھ کر خوش ہیں)۔

کارواں (قافلہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ قافلے کے ساتھ راہ میں ہے اور اہل قافلہ مصلح اور پارساء ہیں۔ تو اس کے کام کی خیر و اصلاح پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ قافلے والے مفسد (فساد کرنے والے) اور بدخو ہیں تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

اور اگر دیکھے کہ سوار ہے اور پورا سامان رکھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو نعمت حاصل ہوگی اور اگر دیکھے کہ قافلہ میں پیادہ ہے اور اس کے پاس سامان نہیں ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ قافلہ کے ساتھ گھر میں آیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس پر کام کشادہ ہوں گے اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے کام رُک جائیں گے۔

کاریز (چھت دار نالی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی شخص خواب میں کسی معلوم جگہ پر پانی کی نالی دیکھے۔ دلیل ہے کہ اپنوں کے ساتھ مکر اور حیلہ کرے گا۔ اور یہ تاویل اس وقت ہے کہ جب کاریز کھودتے وقت پانی نہ نکلے۔ اور اگر پانی نکل آئے اور جاری ہو جائے تو مقرر کاریز (نالی) کھودنے کا حکم نگاہ میں رکھے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کاریز (نالی) سے پانی لیتا ہے تو دلیل ہے کہ مکر و حیلہ سے مال جمع کرے گا۔ خاص کر اگر کاریز کھودی ہے تو جس قدر پانی لے گا اسی قدر منفعت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کاریز (نالی) سے پانی لے کر گھڑے یا مٹکے میں ڈالتا ہے۔ تو ایسے مال پر دلیل ہے کہ جس کو خرچ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کاریز میں گرا ہے تو دلیل ہے کہ مکر و حیلہ میں پڑے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ باغ کو کاریز (نالی) سے پانی دیتا ہے۔ دلیل ہے

www.waseemziyai.com

کہ اپنی عورت سے جماع کرے گا اور خواب میں کاریز دیکھنا ایسے مرد کا دیکھا ہے جو دنیا کے کام مکر اور حیلے کے ساتھ کرتا ہے۔

کاسہ (پیالہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ لکڑی کا پیالہ جب کہ اس میں کوئی کھانے کی چیز ہے اور اس نے کھائی ہے۔ اسی قدر سفر سے حلال کی روزی پائے گا اور ٹھیکری کا پیالہ خواب میں روزی ہے۔ اور خالی پیالہ عاجزی اور فرد ماندگی ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کھانے کا پیالہ برکت اور منفعت والا خادم ہے کہ جس کے ہاتھ پر خیرات ہوتی ہے اور اصلاح کے وقت مال کی تقسیم کرتا ہے۔

اور سونے اور چاندی کا پیالہ کہ جس میں کھانے کی چیز ہے حرام کی روزی ہے۔ اور کاسہ سکہ اور قلعی کا تھوڑی روزی پر مشتبہ ہے اور بلور کا پیالہ اسی پر دلیل ہے اور خالی پیالہ مفلسی پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اپنے پیالہ میں خوش ذائقہ اور شیریں چیز رکھتا ہے تو دلیل ہے کہ نعمت اور مال پائے گا۔ اور اگر ناخوش اور ترش چیز دیکھے تو غم اور اندیشہ پر دلیل ہے۔

کاغذ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کاغذ مال اور بزرگی ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس سفید اور پاکیزہ کاغذ ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور بزرگی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا کاغذ پانی میں گلا ہے یا آگ میں جلا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر اس کی بزرگی اور مال کا نقصان ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کاغذ علم اور دانش ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے کاغذ ہیں تو دلیل ہے کہ فضل اور علم سے شہرت پائے گا۔ اور اگر صاحب خوب مفسد (فساد کرنے والا) اور جاہل ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کاغذ کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: بزرگی۔ سوم: دولت۔ چہارم: مکر اور حیلہ۔

کافور:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کافور نفس پاک اور راستی اور راہ حق پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ کافور جلاتا ہے اور اس سے بری بو آتی ہے۔ دلیل ہے کہ نیکی کرے گا اور اس پر احسان کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس تھوڑا کافور ہے تو دلیل ہے کہ خوشی کی بشارت پائے گا۔ اور اگر اس نے خواب میں بہت سا کافور پایا ہے تو دلیل ہے کہ بہت سا مال اور نفع پائے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کافور کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ اول: مرد عالم۔ دوم: عورت۔ سوم: دوست۔ چہارم: خوب صورت۔ پنجم: بہت سا مال و دولت۔ ششم: تعریف اور شاباش اور اچھی باتیں۔ ہفتم: نفس کا مطیع اور تابعدار ہونا۔

کافور سپر غم:

کافور سپر غم ایک پودا ہے کہ اس کا شگوفہ زرد ہوتا ہے اور اس سے کافور کی خوشبو آتی ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ کافور سپر غم اس کی زمین میں اگا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی مدح وثناء سب لوگوں کی زبان پر ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ کافور سپر غم اس نے ایک جگہ سے اکھاڑا ہے تو دلیل ہے کہ اس جگہ سے اس کی تعریف منقطع ہو جائے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کھائی ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اپنے وقت پر کافور سپر غم کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: ثناء اور شاباش۔ دوم: تھوڑا نفع۔ سوم: پاکیزہ بات سننا اور بیان کرنا۔

کافر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ کافر ہے تو دلیل ہے کہ اس کا ملت کفر کی طرف میلان ہے۔

اور اگر دیکھے کہ آگ اور ہوا کو پوجتا ہے۔ دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کا گناہ گار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ آگ میں نور اور شعاع ہے تو دلیل ہے کہ مال حرام تلاش کرے گا اور اپنا دین حرام مال کے عوض فروخت کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کافر دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: کفر کی طرف رغبت کرنا۔ دوم: لوگوں سے صحبت رکھنا۔ سوم: بداعتقادوں سے میل جول رکھنا۔ اس پر اللہ تعالیٰ سے رسوائی ہے۔

کام (تالو):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا حلق اس قدر دراز ہے کہ گلا اس کی درازی سے بندھا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ دنیا پر حریص ہوگا اور لوگوں کی غیبت کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا تالو نیچے کے لب تک آیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کے کام رک جائیں گے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا تالو دراز ہے اور اس کو کاٹ کر گرایا ہے تو دلیل ہے کہ حرص اور لالچ کو ترک کرے گا اور لوگوں کی غیبت نہ کرے گا۔

کامہ (ترش پانی، کانجی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سب طرح کے ترش پانی غم ومصیبت پر دلیل ہیں۔

www.waseemziyai.com

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے کانجی پی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر رنج واندوہ پہنچے گا۔ اور اگر کسی کو کانجی دی ہے اور اس نے پی ہے تو دلیل ہے کہ وہ شخص اس سے رنجیدہ ہوگا اور اس کا غم واندوہ کم تر ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کانجی پینا تین وجہ پر ہے۔ اول: غم واندوہ۔ دوم: نقصان۔ سوم: جھگڑا اور گفتگو۔

کاہ (بھوسہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بھوسا خواب میں بہت سا مال اور نعمت ہے۔ خاص کر اگر گیہوں کا بھوسہ ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سا گھاس ہے اور گھر میں لیے جاتا ہے تو دلیل ہے کہ حلال کا مال اور نعمت بہت حاصل کرے گا اور اگر دیکھے کہ جو کی بھوسی ہے تو گذشتہ مفاد کم حاصل ہوں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ گھاس کی جگہ پر چل رہا ہے اور جانتا ہے کہ اس کی ملکیت ہے دلیل ہے کہ مالدار ہوگا اور دونوں جہانوں کی مراد پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ آگ گھاس کے ڈھیر میں پڑی ہے اور گھاس جل گیا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ اس پر تاوان ڈالے گا اور مانگا ہوا مال لے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چوپائے گھاس کھاتے ہیں تو دلیل ہے کہ کوشش سے اپنا مال ضائع کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ گھاس خواب میں دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: مال حلال۔ دوم: کسب معیشت۔ سوم: دل کی مراد اور خوشی۔

کاہو (ایک قسم کا ساگ):

کاہو کا ایک قسم کا ساگ۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ شیریں کاہو اس کے موسم پر کھاتا ہے تو غم واندیشہ پر دلیل ہے۔

اور اگر کاہو تلخ ہے تو نقصان اور ضرر پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کاہو تلخ اور عمدہ نہ تھا تو دلیل ہے کہ کسی سے گفتگو کرے گا۔

گاورس (باجرہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ باجرہ کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ مال اور مراد پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سا باجرہ ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال رنج سے حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے باجرہ بیچا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو نقصان پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کے پاس باجرہ ہے تو دلیل ہے کہ تھوڑا مال

www.waseemziyai.com

اور تھوڑی خیر و منفعت پائے گا۔

گاؤ (بیل، گائے):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ بیل پر بیٹھا ہے اور بیل اس کی ملک ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے کام ملے گا اور اس سے بہت سا نفع پائے گا۔ خاص کر اگر بیل سیاہ ہے۔ اور اگر بیل زرد ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ بیل اس کے گھر سے نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ خیر اور روزی کا دروازہ کھولے گا۔ لیکن اس کا اندوہ (غم) پیچھا نہ چھوڑے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے بیل ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کے زیر دست (ماتحت) بہت سے غلام ہیں اور وہ ان کے کام میں کوشش کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بیل نے اس کے سینگ مارا ہے اور اس کو گھر کے باہر لے گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو غلاموں سے نقصان پہنچے گا اور وہ اپنے آپ کو معزول کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے بیل کے تین سر ہیں اور ایک سر پر ایک سینگ ہے تو دلیل ہے کہ ہر ایک سینگ کے عوض میں اس کا غلام ایک سال کام کرے گا۔ اور اگر اس کے جسم پر اعضاء میں سے ایک سینگ زیادہ ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کا کام بڑھے گا اور اگر نقصان دیکھے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بیل کام ہے اور اس کا چمڑا کام کرنے والے کی میراث ہے اور بیل کی دم اور خرید فروخت بھی عامل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بیل کی دم گھر میں آئی ہے تو دلیل ہے کہ بہت مال پائے گا اور اس کی روزی فراخ ہوگی۔ اور اگر اپنے کوچے میں بہت سے بیل دیکھے تو دلیل ہے کہ سردار ہوگا اور اس کے کام میں خیر و برکت ظاہر ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو بیل نے سینگ مارا ہے اور گرا دیا ہے۔ اگر صاحب خواب عامل ہے تو معزول ہو گا۔ اور اگر سوداگر ہے تو نقصان پر دلیل ہے۔ اور اگر بادشاہ ہے تو ملک سے جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بیل نے اس کو سینگ مارا ہے اور وہ گر پڑا ہے دلیل ہے کہ کوئی اس پر شرف اور بزرگی پائے گا اور اس کو معزول کرنے کی کوشش کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ ایک بیل کو بیلوں میں سے لے کر ذبح کیا ہے اور بانٹ لیا ہے اور بیل کاشت کے ہیں۔ دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی کو اس کوچے میں ماریں گے۔ اور اگر دیکھے کہ بیل کو ذبح کیا اور اس کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ بیل کے مالک کو مار کر اس کا مال لے گا۔

اگر دیکھے کہ بیگانہ بیل مارا ہے۔ دلیل ہے کہ کوئی بڑا آدمی اس موضع میں مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مختلف گائیں اور بیل دبلے ہوں اور اگر فربہ ہیں تو فراخی اور ارزانی پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بیل ہل میں چل رہے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو بے اندازہ مال حاصل ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ وہ بیل کے ساتھ جنگ کرتا ہے تو دلیل ہے کہ

www.waseemziyai.com

اس کی کسی سردار سے لڑائی ہوگی۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بیل خواب میں سال ہے۔ اور اگر گائے کو دیکھے تو دلیل ہے کہ اس سال میں فراخی اور نعمت ہوگی۔ اور اگر گائے دبلی ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے اور گائے کا گوشت اس سال میں مال اور فراخی ہے اور اس کا چمڑا ذخیرہ ہے۔

اور اگر دیکھے کہ گائے کا دودھ نکالا ہے اور پیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مال زیادہ ہوگا۔ اور اگر یہ خواب غلام دیکھے تو آزاد ہوگا۔ اور اگر درویش دیکھے تو مالدار ہوگا۔ اور اگر آزاد دیکھے تو لوگوں سے بے نیاز ہوگا۔ اور اگر ذلیل دیکھے تو عزیز ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی گائے گابھن ہے تو امیدواری پر دلیل ہے۔

حضرت حافظ معبر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ فربہ بیل کا گوشت خریدا ہے۔ دلیل ہے کہ اس سال میں مالدار عورت سے شادی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ گائے کا دودھ نکالا ہے اور پیا ہے تو دلیل ہے کہ بہت سے مال کو جمع کرے گا اور اس میں سے خود نہ کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ گائے اس سے باتیں کرتی ہے تو دلیل ہے کہ اس پر روزی فراخ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ گائے اس کے پاس آتی ہے تو دلیل ہے کہ یہ سال اس پر مبارک ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ گائے نے اس سے منہ پھیرا ہے تو دلیل ہے کہ وہ سال اس پر بُرا ہوگا اور اگر دیکھے کہ گائے پر سوار تھا اور گر پڑا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا حال متغیر ہوگا اور اگر دیکھے کہ گائے کے ساتھ جنگ کرتا ہے تو دلیل ہے کہ ملک میں کسی عورت کے ساتھ جنگ کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس زمین میں گائے جگالی کرتی ہے تو دلیل ہے کہ اس سال مال اور نعمت پائے گا اور اگر دیکھے کہ گائے نے کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا عیال اس سے خیانت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ گائے اچانک اس کے گھر میں آئی ہے تو دلیل ہے کہ اچانک مال پائے گا اور اس کے لئے غم ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گائے کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: حکومت۔ دوم: مال۔ سوم: بزرگی۔ چہارم: ریاست۔ پنجم: نیکی۔ ششم: نیک سال۔

گاؤ دشتی (جنگلی بیل):

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جنگلی بیل مرد تونگر یا بہت سا مال ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے شکار میں جنگلی بیل پکڑا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور نعمت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دو جنگلی بیل ایک دوسرے سے جنگ کر رہے ہیں تو دلیل ہے کہ دو بدکار آپس میں جنگ کریں گے۔ اور جنگلی گائے تاویل عورت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ جنگلی گائے کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ عورتوں کے سبب سے مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ جنگلی گائے کا بچہ کھڑا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ جنگلی بیل کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ قوت اور

www.waseemziyai.com

دولت پائے گا۔اور اگر دیکھے کہ جنگلی بیل کے بہت سے سینگ ہیں تو دلیل ہے کہ ہر ایک سینگ کے عوض میں اس کو دولت اور قوت حاصل ہوگی۔

گاومیش (بھینس):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بھینس عزت والا مرد ہے کہ جس سے لوگوں کو فائدہ ہوتا ہے۔خاص کر اگر اس کے مطیع ہیں۔

گاوچشم (ایک گھاس کا نام ہے):

گاوچشم ایک گھاس کا نام ہے۔اس کا خواب میں دیکھنا نیک کنیز کو دیکھنا ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر عورت دیکھے کہ اس نے گاوچشم کا شگوفہ اکھڑا کر اپنے شوہر کو دیا ہے۔دلیل ہے کہ وہ اس کو طلاق دے گا۔اور اگر دیکھے کہ غلام کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ غلام بھاگے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر گاوچشم کو موسم میں درخت پر دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہوگا۔اور بے وقت دیکھنا بُرا ہے۔اور اگر پژمردہ دیکھے اگر اس کا فرزند نہیں ہے تو وہ خود غمگین ہوگا۔

گاوزبان (ایک دوائی ہے):

گاوزبان ایک دوا ہے اور اس کے پتے کھردرے ہوتے ہیں۔حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ گاوزبان کا کھانا جنگ اور جھگڑا ہے اور اس کے کھانے اور دیکھنے میں بھلائی نہیں ہے۔

گوشت پختہ (پکا ہوا گوشت):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ پکا ہوا گوشت کباب سے بہتر ہے۔اگر دیکھے کہ بکری کے گوشت کے کباب کھائے ہیں تو دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی سے نفع پائے گا۔اور اگر دیکھے کہ جنگلی چوپائے کے گوشت کے کباب کھائے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو خیر و منفعت بزرگوں سے حاصل ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ گوشت کے کباب اور بھنا ہوا گوشت منفعت پر دلیل ہے۔

کبر (ایک پودا ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ کبر جمع کرتا ہے۔دلیل ہے کہ غمناک ہوگا۔خاص کر اگر وقت پر ہے اور اگر دیکھے کہ کبر کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا غم واندوہ زیادہ سخت ہوگا۔اور کبر کے کھانے میں کسی طرح کا نفع نہیں ہے۔

گبر شدن (آتش پرست ہونا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ آتش پرست ہوا ہے تو دلیل ہے کہ آخرت

www.waseemziyai.com

کو چھوڑ کر دنیا کا طالب ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اگر دیکھے کہ آتش پرست ہوا ہے اور آتش کدہ میں جگہ لی ہے۔ دلیل ہے کہ صاحب خواب اہل بدعت اور بد دینوں میں رہے گا اور خواہشات نفسانی اور اہل فساد کے تابع ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ آتش پرستی سے پشیمان ہو کر مسلمان ہوا۔ دلیل ہے کہ گناہ سے توبہ کرے گا اور حق کی طرف رجوع کرے گا اور کار خیر میں مشغول ہوگا۔

کبک (چکور):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چکور خوب صورت عورت یا با جمال کنیز ہے۔

اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے چکور کو پکڑا ہے۔ دلیل ہے کہ عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے چکور بخشی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو خوب صورت عورت کرائیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ چکور کا شکار کیا ہے تو دلیل ہے کہ خوبصورت کنیز حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چکور کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو نیا لباس حاصل ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے چکور کا گلا کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ کنیز کا کنوار پن توڑے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ نر چکور فرزند ہے اور مادہ چکور عورت اور نا موافق کنیز ہے۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ چکور اس کے ہاتھ سے اڑی ہے۔ تو دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا یا اس کی کنیز بھاگے گی۔

حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چکور کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: لڑکا۔ دوم: دوست۔ سوم: پرستار۔ چہارم: دل کا مطلب اور مراد۔

کبوتر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کبوتر عورت یا کنیز ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے کبوتر پکڑا ہے۔ دلیل ہے کہ عورت کرے گا اور اس کے ہاں لڑکی ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے بہت سے کبوتر پکڑے ہیں تو دلیل ہے کہ اسی قدر عورتیں کرے گا یا گولیاں خریدے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے کبوتر کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ عورتوں کے مال سے فائدہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کبوتر کے بچے پکڑے ہیں تو دلیل ہے کہ عورتوں سے نفع پائے گا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے

www.waseemziyai.com

کہ کبوتر کا بچہ غم واندوہ ہے جو اس کو عورت کی طرف سے پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے گھر میں بہت کبوتر ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے بہت سے فرزند ہوں گے۔ اور کہتے ہیں کہ اس کو عورتوں کی طرف سے بہت سا مال حاصل ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کبوتر آزاد عورتیں ہیں اور اگر دیکھے کہ کسی کا کبوتر حیلہ سے پکڑا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حیلے سے حاصل کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کبوتر ہوا سے اس کے پاس آیا ہے اور اس کا تابعدار ہوا ہے تو دلیل ہے کہ نامعلوم جگہ سے اس کو نفع ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے کبوتر کو دانا دیا ہے تو دلیل ہے کہ کسی عورت کو بات کی تلقین کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بہت سے کبوتر جمع ہوئے ہیں اور جانتا ہے کہ اس کی ملک ہیں تو سرداری اور ریاست پر دلیل ہے۔ اور خواب میں سفید کبوتر دوسروں کی نسبت بہتر ہیں۔

اور اگر عورت خواب میں سبز کبوتر دیکھے تو دلیل ہے کہ شوہر کرے گی یا اس کے ہاں لڑکی پیدا ہوگی۔ اور خواب میں کبوتر بازی بے ہودہ کام ہے اور کہتے ہیں کہ خواب میں کبوتر خانہ عورتوں کی جگہ ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کبوتر پانچ وجہ پر ہیں۔ اول: عورت۔ دوم: کنیز۔ سوم: مال۔ چہارم: غائب کا خط۔ پنجم: ریاست۔

اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ کبوتروں کا خواب میں دیکھنا ہر ایک کبوتر کے عوض بیداری میں ایک درہم پانا ہے۔

کتاب خواندن (کتاب پڑھنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ تفسیر کی کتاب پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ راہ دین اور زہد کی طرف مائل ہوگا اور اس پر بستہ کام کشادہ ہوں گے۔

اور اگر دیکھے کہ فقہ کی کتاب پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ غلط کاموں سے رکے گا۔ اور اگر دیکھے کہ تواریخ کی کتاب پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کے نزدیک صاحب رائے ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اصول کی کتاب پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ ایسے کام میں مشغول ہوگا کہ نفع رنج سے حاصل کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ توحید کی کتاب پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ علمائے دین سے مشغول ہوگا اور وہ ایسا کام فرمائیں گے کہ جس سے دین کا فائدہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ فضائل اور تسبیح اور تہلیل کی کتاب پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی زبان پر خیر وصلاح کی بات جاری ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ قصوں کی کتاب پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ اولیائے کرام اور انبیائے عظام علیہم السلام کی باتوں پر حریص ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ نجوم کی کتاب پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اس جہان کی اصلاح حاصل ہوگی۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ کتاب نحو اور آداب کی پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ دنیا کے کام میں مشغول ہوگا اور لوگ اس کی صفت وثناء کریں گے۔ اور اگر دیکھے کہ کتاب رسائل پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ شادی کی اصلاح میں مشغول ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کتاب طبائع پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ چیزوں کی طلب اور ان کی شناخت میں مشغول ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ شعر کی کتاب پڑھتا ہے۔ اگر غزل اور مدح ہے۔ دلیل ہے کہ ایسے کام میں مشغول ہوگا کہ لوگ اس کو ملامت کریں گے اور نعت اور توحید پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ نیک ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ تعبیر کی کتاب پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ کسی سردار پر کسی بڑی بات سے احسان کرے گا۔ اور اس سے کچھ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کتاب ہدایہ پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ کسی عمل میں مشغول ہوگا کہ جس سے اس کو لوگ دانا کہیں گے۔ لیکن دین کا فائدہ نہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کتاب مصاحب اور قضا پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا اور اس سے منفعت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ حساب کی کتاب پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ ہمیشہ غمناک رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ہنسی اور فساد کی کتاب پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ سب کاموں سے برا کام کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ہجو اور عیب کی کتاب پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کی عیب چینی کرے گا اور ان میں بدنام ہوگا۔

کتان (السی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں السی مال حلال ہے اور جس قدر کہ دیکھی جائے اس کی منفعت روئی سے کم ہے جیسا کہ ہم نے حرف جیم میں بیان کیا ہے۔ اور خواب میں السی کا کپڑا مبارک ہے۔ اور اگر دیکھے کہ تخم کتان کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ تمام مال حاصل کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں السی دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: مال حلال۔ دوم: منفعت۔ سوم: شرارت۔

کتف (کندھا):

کتف۔ کندھا۔ خواب میں تحمل اور مرد کا جمال ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا کندھا درست ہے تو مال اور جمال کی زیادتی پر دلیل ہے۔ اور اگر کندھا شکستہ اور کمزور دیکھے تو اس کی تاویل اس کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کندھے کو قوی اور درست دیکھے تو امانت گزارے گا ورنہ اگر اس کے خلاف دیکھے تو بددیانتی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے کندے پر بہت سے بال ہیں تو دلیل ہے کہ امانت اور لوگوں کا حق اس کے ذمے ہوگا۔ اور اگر کندھے کے بالوں کو صاف دیکھے تو دلیل ہے کہ امانت گزارے گا۔

www.waseemziyai.com

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اگر دیکھے کہ کندھے پر بال نہیں ہیں تو نامعلوم جگہ سے مال حاصل کرے گا۔

کتیرا (گوند کتیرا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دیکھے کہ کتیرا اس کے پاس ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مرد بخیل سے مال اس کو بچا کھچا ملے گا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ کتیرا کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ مال کھائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کتیرا تین وجہ پر ہے۔ اول: لوگوں کا مال بچا کھچا۔ دوم: تھوڑا مال۔ سوم: ایسا کام ہوگا کہ جس کا صاحب خواب کو تھوڑا نفع پہنچے گا۔

گچ (چونا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چونا جنگ اور خصومت (لڑائی) ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے چونا دیا ہے تو دلیل ہے کہ لڑائی اور جھگڑے میں پڑے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو چونا دیا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چونا سختی ہے اور جس بنیاد کو چونے سے درست دیکھے۔ سب بد ہے۔ کیونکہ چونا آگ سے بنایا جاتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے چونا کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے مرنے کا خوف ہے۔

کحالی (سرمہ فروش):

خواب میں سرمہ فروش کو دیکھنا گزشتہ کاموں کی اصلاح پر دلیل ہے اور بھولے ہوؤں کے کاموں میں راہنما ہے۔ اگر دیکھے کہ سرمہ بیچتا ہے اور اس کی دو آنکھوں کے لئے مفید ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کو راہ اصلاح کی طرف بلائے گا اور لوگوں کو اس سے نفع حاصل ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کحالی کرتا ہے تو دلیل ہے کہ متفرق دوستوں کو جمع کرے گا اور لوگوں میں اصلاح کی جستجو کرے گا۔ اور اگر اس کی دوا نافع نہیں ہے تو اس کی تاویل پہلے کے خلاف ہے۔

گدائی کردن (بھیک مانگنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ بھیک مانگتا ہے اور کچھ طلب کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو خیر و منفعت بہت ہوگی اور ہر ایک کے ساتھ مزے سے زندگی بسر کرے گا۔ لیکن لوگ اس کو ملامت کریں گے۔ اور اگر دیکھے کہ لوگوں کے دروازوں پر بھیک مانگتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام رک جائے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بھیک مانگنا چار وجہ پر ہے۔ اول: خیرات۔ دوم: منفعت۔ سوم: معیشت۔ چہارم: عزت اور مرتبہ۔

کدو:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ کدو کے موسم پر اس کے گھر میں کدو کا درخت ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عزت اور مرتبہ زیادہ ہوگا۔ اور اگر بیمار ہے تو شفاء پائے گا۔ اور اگر غلام ہے تو آزاد ہوگا۔ اور اگر کافر ہے تو مسلمان ہوگا۔ اور اگر مسلمان دیکھے تو سلامتی کے ساتھ اپنے وطن کو پہنچے گا اور اگر فاسق دیکھے تو توبہ کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس کدو ہے تو دلیل ہے کہ پارسا عورت سے منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کدو کی بیل جڑ سے اکھاڑی ہے تو دلیل ہے کہ کسی سردار عورت سے منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے پکا ہوا کدو کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری ہوگی اور وہ عبادت کی توفیق پائے گا۔

گر (گرمی دانے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گرمی دانے مال اور آرزو ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے جسم پر گرمی دانے ظاہر ہوئے ہیں اور تھوڑی خارش کی ہے اور ان میں پیپ ہے۔ دلیل ہے کہ مال کو رنج اور سختی سے حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ گرمی دانے اس کے جسم پر تھے اور سب گر کر نا معلوم ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا جمع کیا ہوا مال ضائع ہوگا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اگر اس کا جسم نیلا اور سیاہ ہے تو مال حرام کے جمع کرنے پر دلیل ہے۔

گربا سو (نیولا):

نیولا۔ خواب میں دیکھنا ایسا مرد ہے جو لوگوں میں فساد اور شور و شر ڈالتا ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے نیولا پکڑا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی سردار اس کو اپنے نزدیک کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس سے نیولا بھاگ گیا ہے تو دلیل ہے کہ مفسد (فساد کرنے والا) اس کے پاس سے بھاگے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نیولے کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ اس مفسد کا حال تباہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ نیولے کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس قدر مفسد آدمی سے مال حرام کھائے گا۔

گربہ (بلی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بلی فسادی چور ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ

www.waseemziyai.com

معصوم بلی اس کے گھر میں آئی ہے تو دلیل ہے کہ معروف چور اس کے گھر میں آئے گا۔ اور اگر نا معلوم بلی دیکھے تو نا معلوم چور ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ گھر سے کوئی چیز کھا گئی ہے یا لے گئی ہے تو دلیل ہے کہ چور اس کے گھر سے کوئی چیز لے جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بلی کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ چور کو مارے گا اور مغلوب کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے بلی کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر چور کا مال حاصل ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ بلی کے ساتھ جنگ کرتا ہے اور بلی نے اس کو خراش لگائی ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ اور اگر بلی کو مغلوب کیا ہے تو دلیل ہے کہ بیماری سے شفاء پائے گا۔ اور اگر بلی نے اس کو کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی بیماری دراز ہوگی۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ بلی تاویل میں خادم ہے۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو شخص بلی کو خواب میں صبح کے پہلے دیکھے گا۔ وہ چھ روز تک بیمار رہے گا۔

اور اگر غلام خواب میں دیکھے کہ اس نے بلی کا دودھ پیا ہے تو دلیل ہے کہ آزاد ہوگا اور جس گھر سے وہ آزدی پائے گا کسی عورت سے شادی کرے گا۔ اور اگر آزاد دیکھے کہ اس نے بلی کا دودھ پیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی کسی سے لڑائی ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بلی سات وجہ پر ہے۔ اول: چور۔ دوم: چغل خور۔ سوم: نوکر۔ چہارم: بیماری۔ پنجم: مہربان عورت۔ ششم: حاسد۔ ہفتم: لڑائی جھگڑا۔

کرتہ (چھوٹا کپڑا جس کو قرطق کہتے ہیں):

کرتہ۔ چھوٹا کپڑا کہ جس کو قرطق کہتے ہیں اور خواب میں اس کا پہننا سفر کی قوت ہے۔ اگر اس کا کرتہ سبز ہے تو کسی مرد سے پناہ اور قوت پائے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے سفید کرتہ پہنا ہے تو دلیل ہے کہ غم واندوہ سے خلاصی پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے زرد کرتہ پہنا ہے تو بیماری پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے نیلا کرتہ پہنا ہے تو دلیل ہے کہ اس پر مصیبت آئے گی۔

اور اگر سرخ ہے تو دنیا کی عیش وعشرت پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے ریشم کا کرتہ پہنا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی سے شرف اور بزرگی پائے گا۔ لیکن دین میں ضعیف ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کرتہ جلا ہے یا ضائع ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی پناہ اور قوت میں نقصان ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کرتہ چار وجہ پر ہے۔ اول: قوت۔ دوم: پناہ۔

www.waseemziyai.com

سوم: سفر۔ چہارم: کاموں کا بندوبست۔

گرد:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی ملک کی چیز پر گرد جمی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ زمین اور آسمان کے درمیان گرد جمع ہے تو دلیل ہے کہ اس جگہ میں کوئی پوشیدہ کام ہوگا کہ اس سے کسی طرح باہر آئے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا چہرہ گرد آلود ہے تو دلیل ہے کہ اس کو رنج اور دکھ پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ گرد اور خاک اس کی ملکیت کی زمین پر جمی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گرد تین وجہ پر ہے۔ اول: مال۔ دوم: بلا اور فتنہ۔ سوم: اللہ تعالیٰ کا عذاب۔

گردن:

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں گردن کا دیکھنا امانت اور دین کی جگہ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی گردن موٹی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو امانت ادا کرنے میں قوت اور دین کی حفاظت میں دیانت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی گردن کوتاہ اور ضعیف ہے تو دلیل ہے کہ امانت گزارنے میں عاجز ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ سانپ نے اس کی گردن میں حلقہ مارا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ مال کی زکوٰۃ نہیں دے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **سیطو قون ما بخلوا به یوم القیامة۔** (بخل کے بعث ان کی گردنوں میں قیامت کے دن طوق ڈالا کائے گا)۔

اور اگر اپنی گردن پر گرانی دیکھے۔ حالانکہ اس کی گردن پر کوئی چیز نہیں ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی گردن پر بوجھ ہے اور اس کو گرانی معلوم نہیں ہوتی ہے۔ تو درستی دین اور درازیٔ عمر پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی گردن قوی اور موٹی ہوگئی ہے۔ دلیل ہے کہ امانت اچھی طرح گزارے گا اور اس کا کام قوی ہوگا۔ اور اگر اپنی گردن دراز دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے ذمے امانت دیر تک رہے گی اور اپنی گواہی دینے سے رکے گا۔

اور اگر اپنی گردن کوتاہ (چھوٹی) دیکھے تو دلیل ہے کہ اپنے ذمے سے امانتیں جلدی دور کرے گا۔ اور اگر اپنی گردن سیاہ دیکھے تو امانت میں خیانت کرے گا۔ اور اگر اپنی گردن ٹوٹی ہوئی دیکھے تو دلیل ہے کہ اپنی مراد سے رکے گا اور اس کے دین میں خلل پڑے گا۔ کیونکہ کوئی امانت دین سے بڑی نہیں ہے۔ اور اگر اپنی گردن پر بال دیکھے تو دلیل ہے کہ امانت ادا کرنے کے باعث قرض دار ہوگا۔ اور اگر اپنی گردن سے بالوں کو مونڈے تو دلیل ہے کہ قرض اترے گا۔ اور اگر گردن سے گوشت کو کٹا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ کسی کا مال اس کے پاس ہوگا

www.waseemziyai.com

اور وہ ضائع کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اپنی گردن کا گوشت کھاتا ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی کی گردن پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گردن کا دیکھنا اپانچ وجہ پر ہے۔ اول: امانت۔ دوم: توانائی۔ سوم: خیانت۔ چہارم: قرض۔ پنجم: بیماری۔

گردن بند (گلوبند):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس سفید مروارید کا گلوبند ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو اپنا علم کلام عطا فرمائے گا اور اگر دیکھے کہ جس قدر کہ گلوبند کے موتی روشن تر ہوں گے علم و دانش زیادہ ہوں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا گلوبند سونے یا چاندی کا ہے اور بیش قیمت موتیوں سے جڑا ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر شرف اور بزرگی پائے گا۔ اور ممکن ہے کہ اس کے ذمہ امانت ہو۔ اور اگر اس کا گلوبند دراز ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ امانت ادا کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا گلوبند موتیوں سے جڑاؤ کیا ہے یا جڑاؤ گلوبند اس کی گردن میں ہے تو دلیل ہے کہ مرتبہ اور ولایت پائے گا۔ اور اگر اس کا گلوبند دراز ہے تو دلیل ہے کہ مرتبہ پائے گا اور اگر کوتاہ (چھوٹا) ہو گیا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے گلوبند ہیں تو دلیل ہے کہ علم میں بہت کامل ہو گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سنہری گلوبند کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: حج۔ دوم: ولایت۔ سوم: لڑائی اور جھگڑا۔ چہارم: امانت۔ پنجم: معالجہ۔ ششم: کنیز۔ اور سنہری گلوبند حج ہے اور چاندی کا گلوبند کنیز ہے۔

گردن زدن (گردن کاٹنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی گردن کاٹی ہے اور اس کا سر جسم سے جدا ہوا ہے۔ اگر غلام ہے تو آزاد ہو گا۔ بیمار ہے تو شفاء پائے گا۔ اور اگر قرض دار ہے تو قرض اترے گا۔ اگر دہشت (ڈر، خوف) میں ہے تو امن میں ہو گا۔ اور اگر کافر ہے تو مسلمان ہو گا۔ اور اگر گردن کٹتے وقت اس کا سر جسم سے جدا نہیں ہوا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

اور اگر گردن کاٹنے والا معلوم شخص ہے تو چیزیں اوپر بیان ہوئی ہیں۔ جو گردن کاٹنے والے سے اس کو پہنچیں گی۔ اور اگر گردن کاٹنے والا بچہ یا نابالغ ہے تو دلیل ہے کہ اگر بیمار ہے تو مرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر گردن کاٹنے والا شخص تندرست اور آزاد اور مالدار ہے تو

www.waseemziyai.com

دلیل ہے کہ نیک بختی سے بدحالی میں پڑے گا اور اس کا مال اور نعمت دور ہوگی۔ اور اگر درویش ہے تو اس کے کاموں کا انجام ہلاکت ہے۔ حاصل یہ ہے کہ درویشوں اور محنت کشوں کی خواب میں گردن کٹنی نیک ہے اور مالداروں اور صاحب نعمت کے لئے بد ہے۔

گردہ:

گردہ خواب میں پوشیدہ مال ہے جو ملے گا اور اس کو خرچ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس پکے ہوئے اور بھنے ہوئے بہت سے گردے ہیں۔ دلیل ہے کہ اسی قدر چھپا ہوا مال پائے گا۔ اور اگر اس کے پاس حلال گوشت والے جانور کا گردہ ہے تو مال حلال پانے پر دلیل ہے اور اگر حرام گوشت والے جانور کا گردہ ہے تو مال حرام پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم رمانی رحمۃ اللہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گردہ پانا چھپا ہوا مال ہے اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں گردہ فرزند ہے۔ کیونکہ فرزند کا سرمایہ منی ہے جو وہاں سے نکلی ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے گھوڑے کا گردہ پکا کر کھایا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی سے مال پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بیل کا گردہ ہے تو دلیل ہے کہ اس سال میں مال اور نعمت حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بکری کا گردہ ہے تو دلیل ہے کہ اس سال میں دشمن سے مال اور نعمت حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کچے گردے کھائے ہیں تو دلیل ہے کہ مال حرام پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس گردے ہیں اور اس نے نہیں کھائے ہیں تو پہلے کی نسبت کم مفاد ہے۔

گردوں (گاڑی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ گاڑی پر بیٹھا ہے اور گاڑی خوب چلتی ہے۔ دلیل ہے کہ شرف اور بزرگی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ گاڑی بغیر بیلوں کے کھڑی ہے اور وہ گاڑی میں ہے تو دلیل ہے کہ رنج اور سختی اور بیماری میں پڑے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو اپنی گاڑیوں میں سے ایک گاڑی دی ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب بادشاہ سے مرتبہ اور بزرگی پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گاڑی کا دیکھنا آٹھ وجہ پر ہے۔ اول: ولایت۔ دوم: عزت اور مرتبہ۔ سوم: بلندی۔ چہارم: بزرگی۔ پنجم: ہیبت۔ ششم: خوشی۔ ہفتم: رفعت۔ ہشتم: کاموں میں آسانی۔

گرسنگی (بھوک):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بھوک پیٹ بھرے سے بہتر ہے اور پانی کی سیری

www.waseemziyai.com

پیاس سے بہتر ہے۔ اگر دیکھے کہ بھوکا ہے اور کوئی چیز کھانے کے لئے اس کے پاس نہیں ہے تو دلیل ہے کہ اس کو حرص اور لالچ دنیا کے مال میں کم ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ بھوکا تھا اور کچھ کھا کر پیٹ بھرا ہے دلیل ہے کہ گناہ سے توبہ کرے گا۔

اور اگر جو کچھ آیا ہے شیریں اور مزے دار تھا تو دلیل ہے کہ توبہ پر ثابت قدم ہوگا اور اگر ترش اور ناخوش کھانا تھا تو توبہ توڑنے اور گناہ پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بھوک چار وجہ پر ہے۔ اول: نقصان۔ دوم: حرص۔ سوم: جرم اور گناہ۔ چہارم: لوگوں سے طمع کرنا۔

کرسی:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کرسی کا دیکھنا علم ہے اور عقل کی رو سے اسی طرح ضرور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اسی طرح فرمایا ہے: وسع کرسیه السموت والارض۔ (اس کے علم میں آسمانوں اور زمینوں کی سمائی ہے)۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ کرسی اللہ تعالیٰ کی قدرت اور احاطہ ہے۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ کرسی کی تاویل یہ ہے کہ کامل اور عاقل ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کرسی کی تاویل امام مطیع ہے یا زاہد پرہیز گار باکمال ہے۔ یا بادشاہ عادل پورا دانا ہے۔ جیسا کہ احادیث میں مذکور ہے۔ دلیل ہے کہ اہل دین اور علماء کے لئے نیک ہے اور صاحب خواب عادل سلطان سے خیر اور نیکی دیکھے گا اور اس کا مال زیادہ ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کرسی کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: عدل۔ دوم: انصاف۔ سوم: عزت وشرف۔ چہارم: مرتبہ۔ پنجم: ولایت۔ ششم: قدر اور جاہ مرتبہ۔

اگر کوئی دیکھے کہ آسمان پر کرسی پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام بالا ہوگا اور قدر اور مرتبہ اور عزت پائے گا اور سب مرادوں کو پہنچے گا اور لوگوں میں بزرگ اور عزیز اور مکرم ہوگا اور مخلوق میں عدل اور انصاف ظاہر کرے گا۔ اور اگر وہ کرسی کہ جس کو بڑھئی بناتا ہے خواب میں دیکھے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب عورت کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بڑی اور پاکیزہ کرسی لی ہے اور اس پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کرے گا اور اس سے [illegible] صل کرے گا۔

[illegible] دیکھے کہ کرسی پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ کنواری عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے نیچے کرسی ٹوٹ سی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت مرے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی کرسی چھوٹی اور پرانی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت ذلیل اور عاجز اور درویش ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس کرسی ہے اور اس پر بیٹھا نہیں

www.waseemziyai.com

ہے تو دلیل ہے کہ خدمت کے لئے گھر میں کوئی عورت لائے گا۔

کرفس (ایک دوا ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے کرفس کو اس کے موسم پر کھایا ہے تو دلیل ہے کہ غمگین ہوگا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس نے بری چیز کھائی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس کرفس ہے اور اس نے کھائی ہے تو اس کو نقصان کم ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کرفس تین وجہ پر ہے۔ اول: غم واندوہ۔ دوم: گفتگو میں جھگڑا۔ سوم: مکروہ چیز کا کھانا۔

کرک (پرندہ ہے):

کرک۔ کبوتر کے قد کا پرندہ ہے۔ اس کی تاویل عورت کرتے ہیں۔ اگر مسافر کرک کو خواب میں دیکھے تو دلیل ہے کہ عورت کرے گا یا کنیز خریدے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کرک اس کے ہاتھ سے اڑا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا۔ اور اگر کنیز اس کے پاس ہے تو بھاگ جائے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کرک کو مارا ہے اور گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر عورت سے میراث پائیگا۔

کرگس (گدھ):

کرگس۔ گدھ۔ مردار خور جانور ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ گدھ پرندوں کا سردار ہے۔ اور قوی تیز بیں اور پرندوں میں سے عمر دراز ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس گدھ ہے تو دلیل ہے کہ کسی بزرگ آدمی سے منفعت اور بزرگی پائے گا اور بادشاہ سے مال اور درخواست حاصل کرے گا۔ اور اگر اس کے پاس ہڈی یا گدھ کا بھنا ہوا گوشت ہے تو بھی یہی تاویل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو گدھ نے پکڑا ہے اور ہوا میں آسمان کے نزدیک لے گیا ہے تو دلیل ہے کہ دور کا سفر کرے گا اور بہت سا مال اور نعمت حاصل کرے گا۔ لیکن اس کے دین میں فساد ہوگا کیونکہ گدھ کے ساتھ آسمان پر جا کر مرا نہیں ہے۔

اور اگر دیکھے کہ گدھ نے اس کو ہوا سے گرایا ہے یا اس کے نیچے سے خود گرا ہے تو دلیل ہے کہ شرف اور بزرگی سے گرے گا اور اس کا کام خراب ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ گدھ اس کو آسمان پر لے گیا ہے اور وہ اس جگہ مقیم ہوا ہے تو دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا اور وہیں مرے گا۔ اور اگر پھر واپس زمین پر آیا ہے تو بادشاہ سے بزرگی پائے گا۔ یا بادشاہ کے اہل سے یا اپنے رشتہ داروں سے بزرگی پائے گا۔

اور بغیر پنجے کے گدھ خواب میں فرشتے کا دیکھنا ہے۔ کیونکہ فرشتے، عاملین عرش گدھ کی صورت پر ہیں۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ اس کے سر کے اوپر سے شکار کرتا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب سوداگری کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ وہ گدھ کے ساتھ جنگ کرتا ہے اور اس پر غالب آیا ہے تو دلیل ہے کہ بڑے آدمی کے ساتھ جنگ کرے گا اور اس پر غالب آئے گا اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دشمن اس کو مغلوب کرے گا۔

اور اگر خواب میں گدھ کا بچہ دیکھے۔ اگر عورت رکھتا ہے تو اس کے ہاں فرزند ہوگا۔ ورنہ دولت مند کنواری عورت سے شادی کرے گا اور اگر دیکھے کہ اس پر گدھ بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو پھانسی پر لٹکائیں گے۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کوچہ میں گدھ اترا ہے تو دلیل ہے کہ وہاں بادشاہ اترے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کوچہ میں گدھ کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک کا بادشاہ معزول یا ہلاک ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گدھ کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: بزرگی۔ دوم: حکم۔ سوم: ریاست۔ چہارم: ثناء اور تعریف۔ پنجم: مرتبہ۔ ششم: امر اور نہی کرنا۔

گرگ (بھیڑیا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بھیڑیا خواب میں جھوٹا اور ظالم بادشاہ ہے۔ اگر دیکھے کہ وہ بھیڑیئے کے ساتھ لڑائی کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا بادشاہ سے یا کسی اور سے لڑائی جھگڑا ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے بھیڑیئے کا دودھ پیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو ترس وخوف ہوگا۔ یا کسی کام کی کفایت اس سے ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے بھیڑیئے کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر ظالم بادشاہ سے مال ومنفعت پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے بھیڑیئے کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ اہل اسلام سے منہ پھیرے گا اور اس میں خیر نہ ہوگی اور بعض اہل تعبیر نے فرمایا ہے کہ دشمن کو مغلوب کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے بھیڑیئے کا سر پایا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر شرف اور بزرگی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بھیڑیئے نے اس کے گھر میں آکر نقصان کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے نقصان پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نقصان نہیں ہوا ہے تو دلیل ہے کہ مہربان بادشاہ سے نفع پائے گا۔ اور بادشاہ اس کا مہمان ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ بھیڑیا اس کے بستر میں چھپا ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ اس کے عیال کے ساتھ فساد کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بھیڑیئے کو دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: ظالم بادشاہ۔ دوم: جھوٹ بولنے والی عورت۔ سوم: اگر مادہ گرگ ہے تو کمزور دشمن ہے۔

www.waseemziyai.com

گرمابہ (حمام):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ گرمابہ (حمام) خواب میں غم واندوہ ہے اور اپنے آپ کو دھونا شادی اور خوشی ہے اور نیم گرم پانی نیک ہے اور سخت گرم پانی بد ہے اور اگر دیکھے کہ حمام میں گیا اور غسل کیا اور اپنے آپ کو خوب دھویا۔ تو دلیل ہے کہ رنج وفکر سے نجات پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ حمام میں گیا ہے اور غسل نہیں کیا ہے۔ تو عورتوں کی طرف سے اس کے دل کو غم واندوہ لاحق ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ حمام میں گیا اور اپنے آپ کو چونا مل کر خوب صاف کیا ہے تو دلیل ہے کہ خوف سے امن میں ہوگا اور غم سے خوشی کی طرف لوٹے گا اور بیماری سے شفاء پائے گا اور قرض سے سرخرو ہوگا۔ اور اگر مالدار ہے تو ان فوائد سے محروم رہے گا اور مال میں بھی نقصان ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ چونا ملا ہے اور غسل نہیں کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام پورا نہ ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ حمام میں گیا ہے اور اپنا ہاتھ منہ اور جسم دھویا ہے اور باہر نکلا ہے۔ دلیل ہے کہ غم سے نکلے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کوچہ یا گھر میں حمام ہے تو دلیل ہے کہ اس مقام میں بے حیاء عورت ظاہر ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ حمام میں گیا ہے اور غسل کا محتاج نہیں ہے تو دلیل ہے کہ غمگین اور قرض دار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ حمام میں گیا ہے اور چور اس کا کپڑا لے گیا ہے اور وہ برہنہ رہ گیا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کام کے باعث صاحب خواب غمگین اور رسوا ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں حمام کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: غم واندوہ۔ سوم: دین۔ چہارم: نابکاری۔ پنجم: دوست۔ ششم: قرض۔ اور حمام والا تاویل میں عورت ہے اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ مکان کا مالک ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ حمام والوں کا کام کرتا ہے۔ اگر مرد ہے تو دولت مند عورت کرے گا اور عورت کے کاموں میں مشغول ہوگا اور اگر عورت ہے تو اسی صفت کا شوہر کرے گی۔

کرماں (کیڑے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پیٹ میں بہت سے کیڑے ہیں اور اس کے پیٹ میں کھانا کھاتے ہیں تو دلیل ہے کہ دوسرے کے عیال اور اس کا مال چاہے گا۔

اور اگر دیکھے کہ لمبے کیڑے اس کے جسم میں پڑے ہیں اور اس کے جسم اور کپڑوں پر بھی بہت سے کیڑے ہیں تو دلیل ہے کہ مال اور عیال اور دولت بہت سی اس کو حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے جسم سے کیڑوں کو زمین پر گرایا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے عیال کو اپنے سے دور کرے گا اور ان کا علاج نہ کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے جسم کا بہت سا حصہ کیڑوں

www.waseemziyai.com

نے کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے عیال اس کا مال کھائیں گے۔

اور اگر دیکھے کہ کیڑوں نے اس کو جسم کو کچھ نقصان پہنچایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو کنبے سے نقصان اور ضرر پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی ناک یا منہ یا پاخانے کے سوراخ سے کیڑے نکلے ہیں تو دلیل ہے کہ اسی قدر اس کا مال یا عیال زیادہ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ کیڑے اس کے جسم سے نکل کر مر رہے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے عیال ہلاک ہوں گے یا اس سے جدا ہوں گے۔ اور اگر دیکھے کہ بہت سے کیڑے اس کے گھر وغیرہ کی چھت سے گرتے ہیں تو دلیل ہے کہ اسی قدر اس کو مال اور نوکر چاکر حاصل ہوں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کیڑوں کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: عیال۔ دوم: نوکر چاکر۔ سوم: چاہا ہوا مال۔

گرافگندن (گرہ پڑنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ دھاگے پر گرہ پڑی ہے۔ دلیل ہے کہ جس کام پر بھروسہ کرتا ہے اس سے دور ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ دھاگے کی گرہ پھر کھولی ہے تو دلیل ہے کہ اس کام وہ بھروسہ نہ کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ خواب میں کوئی چیز مضبوط باندھی ہے اور گرہ لگائی ہے تو دلیل ہے کہ ایک مدت تک اس چیز میں رُکا رہے گا۔ اس طرح کہ جلدی سے نہ کھول سکے گا۔ لیکن جو چیز دین سے تعلق رکھتی ہے اس کو پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گرہ باندھنا کاموں کی بستگی پر دلیل ہے اور جس قدر گرہ زیادہ سخت ہوگی۔ اسی قدر کام کی بستگی زیادہ سخت ہوگی۔ اور اگر خواب میں یہ دیکھے کہ گرہ کھول نہیں سکا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام بستہ (رُکا) رہے گا۔

گروکردن (رہن کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی جگہ رہن ہے یا اپنے جسم کو کسی چیز میں رہن رکھا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے کئے ہوئے گناہوں سے ڈرتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے فرزند اور عیال کسی کے پاس رہن رکھے ہیں تو دلیل ہے کہ اس پر ظلم اور بے انصافی ہوگی۔ اور اگر دیکھے اپنے آپ کو کسی کے پاس رہن رکھا ہے تو دلیل ہے کہ وہ مظلوم ہوگا اور ممکن ہے کہ کوئی اس پر ظلم کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اپنے آپ کو رہن کیا ہے تو فساد دین پر دلیل ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: کل نفس بما کسبت رھینتہ۔ (ہر ایک جان اپنے کسب میں رہن ہیں)۔ اور اگر دیکھے کہ کوئی چیز دنیا کے سامان میں سے کسی کے پاس رہن رکھی ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کے ساتھ سامان کے

www.waseemziyai.com

بارے میں گفتگو کرے گا اور نقصان پائے گا۔

کروبہ (ایک کڑوی چیز ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس کروبہ ہے تو دلیل ہے کہ غمگین اور فکر مند ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کروبہ کھایا ہے تو دلیل ہے کہ کسی سے جنگ اور جھگڑا کرے گا اور اس کو اندوہ پہنچے گا۔ کیونکہ اس کا مزہ تلخ اور ناخوش ہے۔ تاویل میں غم واندوہ ہے۔

گریختن (بھاگنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بھاگنا رہائی ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ دشمن سے یا کسی کاٹنے والے جانور سے بھاگا ہے تو دلیل ہے کہ شر اور خوف سے امن میں ہوگا۔ اور دشمن پر فتح پائے گا۔ کیونکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے خواب میں دیکھا تھا کہ آپ فرعون ملعون سے بھاگتے ہیں۔ پھر آپ نے فرعون کی شرارت سے نجات پائی اور آخر کار اس پر فتح ہوئی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ دشمن سے چھپ کر بھاگا ہے اور دشمن نے اس کو دیکھ لیا ہے تو دلیل ہے کہ فکر مند ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ لوگ بھاگ رہے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو کسی بڑے آدمی سے تہمت لگے گی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **یوم ترونها تذهل كل مرضعة عما ارضعت**۔ (جس دن تو اس کو دیکھے گا تو ہر ایک دودھ پلانے والی اپنے بچوں کو بھول جائے گی)۔

اور اگر دیکھے کہ مرد عورتوں سے بھاگتے ہیں۔ اگر عورتیں مصلح اور پارسا ہیں تو بدی پر دلیل ہے اور اگر مفسد (فسادی) ہیں تو نیکی پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بھاگنا شادی ہے۔ بشرطیکہ اس جگہ اگر اندوہ اور مصیبت کی آواز ہو۔

گریستن (رونا):

اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے چہرے پر رونے سے نشان پڑ گئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو نیک کام کے باعث لوگ طعنے ماریں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں رونا صاحب خواب کے لئے خوشی اور اللہ تعالیٰ کی بخشش ہے۔

اگر خواب میں دیکھے کہ گناہ پر یا کسی علم کی محفل یا قرآن مجید پڑھنے میں رویا ہے یا اور ایسے موقع پر جو اس کے مشابہ ہے تو خدا تعالیٰ کے کرم پر دلیل ہے جو اپنے فضل سے اس پر رحمت کرے گا اور اس کے گناہ بخشے گا۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ رویا ہے اور آنسو اس کی آنکھوں سے نہیں نکلے ہیں تو دلیل ہے کہ گذشتہ کام کے نہ کرنے سے افسوس کرے گا اور توبہ کرے گا۔ اور اگر کسی کئے ہوئے کام کی مصیبت پر بغیر نوحہ اور زاری کے رویا ہے تو دلیل ہے کہ شادی، خوشی اور راحت دیکھے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ رویا ہے اور پھر ہنسا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی موت قریب ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **هوا اضحك وابكى**۔ (وہ ہنساتا اور رُلاتا ہے)۔

کری (بہرہ پن):

کری۔ بہرہ پن۔ خواب میں درویشی اور بدحالی اور کاموں میں عاجزی ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بہرہ پن دین کی تباہی اور غم واندوہ ہے اور اس پر کام بستہ ہوں گے اور اس کی مراد پوری نہ ہوگی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **صم بكم عمى فهم لا يرجعون**۔ (بہرے، گونگے، اندھے ہیں اور وہ جو رجوع نہ کریں گے)۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بہرہ پن بے نوائی اور کاموں کی بستگی پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کان سنتے ہیں تو بستہ کاموں کی کشادگی پر دلیل ہے۔ اور دل کی مراد اور مقصود کو پہنچے گا اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے حصہ پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بہرہ پن چار وجہ پر ہے۔ اول: درویشی۔ دوم: دین کی تباہی۔ سوم: غم واندوہ۔ چہارم: کاموں کی بستگی اور نامرادی۔

گٹر (شہد کا چھتہ دیکھنا):

گٹر۔ شہد کا چھتہ۔ خواب میں مرد منافق اور بے خبر ہے۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں شہد کا چھتہ روزی حلال ہے جو مخلوق کو بغیر احسان کے حاصل ہوتی ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **وانزلنا عليكم المن والسلوى**۔ (اور ہم نے تم پر من وسلویٰ اتارا ہے)۔

اگر دیکھے کہ چھتے میں بہت سا شہد ہے اور کھایا ہے اور کسی کو نہیں دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو مال حلال پہنچے گا اور اس سے خیر دیکھے گا اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ مال سے اس کو خیر اور راحت پہنچے گی۔

گزاگند (ریشمی کپڑا):

گزاگند۔ کچا ریشم۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے ریشم پہنا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کرے گا اور دشمنوں پر غالب آئے گا۔ اور اگر یہ خواب عورت دیکھے تو دلیل ہے کہ شوہر کرے گی اور اس سے خیر ومنفعت حاصل ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے ریشم کا نیا کپڑا پہنا ہے تو دلیل ہے کہ مالدار

www.waseemziyai.com

اور پارسا عورت کرے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ سبز پہنا ہے تو دلیل ہے کہ مصلح اور پارسا عورت کرے گا۔ اور اگر سرخ پہنا ہے تو عیش پسند عورت سے شادی کرے گا اور اگر سیاہ ہے اور صاحب خواب قاضی یا خطیب ہے تو نیکی پر دلیل ہے۔ اور اگر نیا ہے تو وہ عورت گنہگار ہوگی اور اگر پرانا ہے تو وہ عورت پلید اور نابکار ہوگی۔

کژدم (بچھو):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بچھو ضعیف دشمن ہے کہ لوگوں کو ستاتا ہے اور اس کے نزدیک دشمن اور دوست برابر ہے۔

اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ بچھو نے اس کو کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن اس کو بُرا کہے گا اور وہ اس سے رنجیدہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے بچھو کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بچھو کو مارنے کے بعد پھر بچھو زندہ ہو گیا ہے اور اس کو تکلیف دیتا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا اور پھر دشمن اُس کا مقابلہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں بچھو ہے تو دلیل ہے کہ وہ مرد آزاد ہوگا اور لوگوں کو پیچھے سے برا کہے گا اور لوگوں کو ایک دوسرے سے پھنسا کر فتنہ ڈالے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بچھو کو پکا کر یا بھون کر کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر دشمن کا مال کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بچھو کو منہ دکھایا اور کھایا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن اس کے گھر میں ہے اور اس کے ساتھ نشست و برخاست رکھتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بچھو اس کے کپڑے میں ہے تو بھی یہی تاویل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ بچھو سے ڈرا ہے اور اس کو بچھو نے کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن سے دکھ پائے گا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ عورت سے جماع نہ کر سکے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بچھو اس کے پیراہن میں ہے تو دلیل ہے کہ دشمن سے اس کو نقصان پہنچے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ بچھو اس کی شلوار میں ہے تو دلیل ہے کہ دشمن اس کے عیال یا اس کی کنیز سے فساد کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بچھو کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: دشمن۔ دوم: حاسد۔ سوم: عیب چینی کرنے والا۔

جانور (کژدم خوارہ)

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کژدم خوارہ ایک جانور ہے کہ خوزستان میں پانی کے اندر رہتا ہے اور زمین پر دم گھسیٹتا ہے اور اس کا زخمی فوراً ہلاک ہوتا ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کژدم خوارہ عقلمند اور بردبار اور عاجز اور باآرام

www.waseemziyai.com

اور شیریں سخن دشمن ہے اور وہ دشمنی میں سخت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو کژدم خوارہ نے کاٹا ہے دلیل ہے کہ اس قسم کے دشمن سے جس کا اوپر ذکر ہوا ہے اس کو بلا اور رنج پہنچے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو کژدم خوارہ نے کاٹا نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ دشمن سے امن میں رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کوئی چیز کژدم خوارہ جیسی تھی اور اس سے ڈرا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کو دشمن سمجھ کر اندیشہ کرے گا۔ حالانکہ وہ اس کا دشمن نہ ہوگا۔

گاجر (گزر)

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گاجر غم و اندیشہ ہے۔ اور اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے گاجر لی ہے اور کھائی ہے دلیل ہے کہ اس کو بہت رنج پہنچے گا اور غم کھائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ گاجر شیریں ہے تو تھوڑے غم پر دلیل ہے اور اگر گاجر گوشت میں پکی ہوئی کھائے تو منفعت پر دلیل ہے جو رنج اور سختی سے حاصل ہوگی۔

اور بعض اہلِ تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں گاجر کھانا بیماری ہے اور بھنی ہوئی گاجر کا دیکھنا بھی اچھا نہیں ہے اور بہتر وہ ہے جو خواب میں گاجر گوشت میں پکی ہوئی ہے۔

کاٹنا (گزیدن)

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ کسی نے اس کو کاٹا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا مہر اور محبت اس کے دل میں زیادہ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو غصے اور دشمنی سے کاٹا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو اس سے اسی قدر نقصان پہنچے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو گدھے نے کاٹا ہے دلیل ہے کہ اس کا پہلے کی نسبت خطرے میں ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو اونٹ نے کاٹا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو سفر سے نقصان ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو بیل نے کاٹا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو اس سال میں نقصان پہنچے گا اور خواب میں تمام درندوں کا کاٹنا چار وجہ پر ہے۔ (1) نقصان (2) دشمن (3) جھگڑا (4) مال اور مرتبہ۔

کشتی لڑنا (کشتی گرفتن)

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ کسی سے کشتی کی ہے اور اس کو گرایا ہے اور دلیل ہے کہ اس کا حال نیک ہوگا اور اس پر غالب آئے گا۔ اور اگر دیکھے کہ خود گرا ہے تو اس کیت اویل اول کے خلاف ہے۔ اور اگر کشتی میں دونوں قائم رہے ہوں تو دونوں کا حال خیر اور شر میں مساوی ہے لیکن بظاہر

www.waseemziyai.com

ایک دوسرے سے محبت کریں گے۔

دوا کا نام، کاسنی (کاسنی)

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کاسنی کا کھانا غم واندوہ ہے اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے کاسنی دی ہے اور اس سے کھائی ہے دلیل ہے کہ غمناک ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کاسنی کا کھانا غم واندوہ ہے اور ضرر اور نقصان کا باعث ہے۔

کسان (کشت ورز)

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کسانی کا کام خواب میں خدائے تعالیٰ پر توکل اور حلال کی روزی ہے نیکی اور مرد فاضل نیک محضر ہے۔

اور اگر دیکھے کہ تخم بونے کے لیے زمین جوتی ہے۔ دلیل ہے کہ خیرات اور صدقات دے گا اور اس فن کے استادوں نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ کسان کا کام کرتا ہے تو بیماری پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ زمین جوتی ہے اور تخم ڈالا ہے اور اس کو پھر جمع کیا ہے دلیل ہے کہ بزرگی اور مرتبہ اور نعمت پائیگا اور اگر دیکھے کہ تخم بویا ہے اور بارش پڑی ہے جو کچھ ہم نے بیان کیا ہے بہتر اور زیادہ عمدہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ بوئے ہوئے سے کچھ حاصل نہیں ہوا ہے اور یہ بھی معلوم نہیں ہے کہ بارش کیسی ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ اس نے باجرہ بویا ہے تو دیل ہے کہ تھوڑا مال پائے گا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اپنی زمین میں تخم بویا ہے دلیل ہے کہ عورت کرے گا اور اس کا کام درست ہوگا۔ اور اگر سوداگر اپنی زمین ناکشتہ دیکھے۔ تو دلیل ہے کہ نقصان دیکھے گا یا کسی سے جھگڑا کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نامعلوم زمین جوتی ہے اور بیج بویا ہے دلیل ہے کہ جہاد کرنے اور خیرات وصدقات دینے پر راغب ہوگا۔ اور اگر اپنی ملک زمین کو بوئی ہوئی دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس پر نعمت فراخ ہوگی اور اگر گیہوں یا جو یا درخت اپنی زمین میں بویا ہے تو اسی قدر عزت اور مرتبے پر دلیل ہے جس قدر کہ اس نے بویا ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کاشت کاری پانچ وجہ پر ہے۔ (1) حلال کی روزی طلب کرنا (2) خیر ومنفعت حاصل کرنا (3) بیماری (4) عزت اور مرتبہ (5) معیشت۔

کشت زار (کھیت):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کاشت کاری پانچ وجہ موسم پر دیکھے تو لوگوں کے فرزندوں پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کھیت کو کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ لوگ لڑائی میں مارے جائیں گے۔

www.waseemziyai.com

حضرت دانیال رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ معلوم کھیت میں ہے۔ دلیل ہے کہ دین و دنیا کی بہتری کا عمل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کھیت بویا اور کاٹا اور غلہ کو نکالا۔ دلیل ہے کہ اس کی امید پوری ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ کھیت میں جا رہا ہے تو دلیل ہے کہ غازیوں کے ساتھ ہو کر جہاد کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کھیت کا کاٹنا لڑائی اور جھگڑے پر دلیل ہے۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے۔ اگر دیکھے کہ کھیت میں گیا ہے اور لوگوں نے سبز ہی کو کاٹا ہے۔ تو دلیل ہے کہ مصارف میں جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کھیت میں آگ لگی ہے اور سب جلا دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک میں قحط پڑے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اپنے کھیت کو پانی دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاتھ سے ایسا کام ہوگا جس سے دنیا اور آخرت میں منفعت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ آگ آئی ہے اور اس نے کھیت کو جلا دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا بادشاہ سے نقصان ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کھیت میں ایک بڑی نہر آئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس ملک میں قحط اور تنگی ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ گیہوں کے خوشوں سے زمین پر دانے گرے ہیں تو دلیل ہے کہ اسی قدر کھیت والے کو نقصان ہوگا۔ اور اگر نہ جانے کہ وہ جگہ کس کی ملک ہے تو دلیل ہے کہ اس کا نقصان صاحب خواب کو ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: نساء کم حرث لکم فاتوا حرثکم انی شئتم۔ (تمہاری عورتیں تمہارے کھیت ہیں اپنے کھیت میں جدھر سے چاہو آؤ)۔

اور اگر کھیت کو موسم میں سبز دیکھے تو دلیل ہے کہ اس ملک میں نعمت فراخ ہوگی۔ اور اگر زمین اس کی ملک ہے تو دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری ہوگی۔ اور اگر وقت پر کھیت کو کاٹے اور خوشے گھر کو لے جائے تو مصیبت پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کھیت میں دوستوں کے ساتھ گیا ہے تو دلیل ہے کہ جہاد کو جائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پکے ہوئے کھیت کا کاٹنا اس کے موسم پر بہتری اور منفعت پر دلیل ہے اور اگر کچا اور سبز ہے تو بیماری پر دلیل ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ وقت پر کھیت کو کاٹنا دلیل ہے کہ امر حق بجا لائے گا۔ اور درویشوں کے حق میں خیرات کی توفیق پر دلیل ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: و آتوا حقه یوم حصاده۔ (کاٹنے کے دن اس کا حق ادا کرو)۔

اگر یہ چیز جو دیکھی ہے اور کاٹی ہے۔ تو دلیل ہے کہ عاقبت محمود ہوگی۔

کشتن (مارنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی کو مارا ہے اور اس کا سر کاٹا نہیں ہے تو دلیل ہے کہ تونگر آدمی سے اس کو خیر اور نیکی پہنچے گی۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ مارنے والا مرے ہوئے پر ظلم کا اندیشہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے مارا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے مارا ہے۔ تو خیر و منفعت پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ ایک جماعت کو لوگوں نے ظلم سے مارا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی اور بادشاہ سے خیر و منفعت پہنچے گی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **ومن قتل مظلوما فقد جعلنا لولیه سلطانا فلا یسرف فی القتل**۔ (اور جس نے مظلوم کو قتل کیا تو ہم نے اس کے ولی کو غلبہ دیا ہے، وہ قتل میں زیادتی نہ کرے)۔

اور اگر دیکھے کہ کسی کو ظلم سے مارا ہے تو دلیل ہے کہ گناہ گار اور ظالم ہوگا۔ اور اللہ تعالیٰ اس پر کسی کو مقرر کرے گا تا کہ اس کو ستائے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **ولا تقتلوا اولادکم' الایته**۔ (اپنی اولاد کو قتل نہ کرو۔ آخر آیت تک)۔

اور بعض کہتے ہیں کہ فرزند پر ظلم کرنا ہر طرح سے دنیا کی عزت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو مارا اور اس کے جسم سے خون جاری ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مال پائے گا۔

اور اگر اس کے جسم کو خون آلودہ دیکھے تو دلیل ہے کہ اپنے مال سے اس کو کچھ دے گا۔ اور اگر دیکھے کہ خون جاری ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ مارنے والے کا دین برباد ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی چوپائے کو یا زمین کے کیڑے مکوڑے کو مارا ہے۔ دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا اور جو شخص اس حیوان کی طرف منسوب ہے اس کو مغلوب کرے گا۔ اور قاتل کو خون آلودہ دیکھنا بے وفا اور ظالم شخص کو دیکھنا ہے۔

کشتی (ناؤ):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ کشتی کو خواب میں دیکھنا غم واندوہ یا قید خانہ ہے۔ یا ایسا کام ہے کہ اس کے کرنے سے اس کو رنج اور تکلیف پہنچے گی۔ خاص کر اگر دریا سے کشتی باہر نہ نکلی ہو یا کشتی دریا میں بیٹھ گئی ہو۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ کشتی میں ہے اور وہاں سے سلامتی کے ساتھ باہر نکلا ہے تو دلیل ہے کہ رنج سے نجات پائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **فانجیناہ معه فی الفلك المشحون**۔ (ہم نے اس کو اور اس کے ساتھ والوں کو بھرے بیڑے سے نجات عطا کی)۔

اور اگر دیکھے کہ دریا میں کشتی تباہ ہوئی ہے۔ دلیل ہے کہ کسی قوم کے ہاتھ سے ہلاک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی کشتی زمین پر رہی ہے تو دلیل ہے کہ رنج اور بلا میں گرفتار ہوگا اور دیر سے نجات پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کشتی غرق ہوئی اور وہ سلامت رہا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا مال ضائع ہوگا اور خود بچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کشتی ٹوٹی اور سب کچھ غرق ہوا۔ دلیل ہے کہ اس پر بڑی مصیبت آئے گی۔

اور اگر دیکھے کہ کشتی میں اونچی جگہ پر بیٹھا ہے اور کشتی پانی میں چل رہی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ اور سرداروں کے پاس قرب اور مرتبہ حاصل ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ دریا کے درمیان کشتیاں اور بیڑے چل رہے ہیں تو دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا۔ فرمان

www.waseemziyai.com

اللہ تعالیٰ ہے: وله الجو ار المنشات فی البحر کالا علام۔ (اور اسی کے لئے دریا میں بھری کشتیاں جھنڈوں کی طرح قائم ہیں)۔

اور اگر دیکھے کہ کشتیاں کھڑی ہیں۔ دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا اور دیر تک رہے گا۔ بلکہ اس سفر میں مقیم ہو گا۔ اور اگر دیکھے کہ کشتی میں بیٹھا ہے اور عمدہ ہوا آئی ہے اور کشتی کو اچھی طرح چلا رہی ہے۔ دلیل ہے کہ غم و اندوہ سے نجات پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کشتی کھڑی ہے اور ہر طرف سے موج آ رہی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو سختی پیش آئے گی اور ہلاکت کا خوف ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: وجاء هم الموج من كل مكان۔ (اور ان پر ہر جگہ سے موج آئی)۔

اور اگر دیکھے کہ کشتی جا رہی ہے اور وہ اس تک پہنچ نہیں سکا ہے۔ دلیل ہے کہ مشکل کام میں پڑے گا اور آخر کار خلاصی پائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: فانجينا ه و اصحب السفينة۔ (ہم نے اس کو اور کشتی والوں کو نجات دی)۔

اور اگر دیکھے کہ کشتی کے پہلو میں دریا جا رہا ہے۔ دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا اور بہت سا فائدہ حاصل کرے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: يزجي لكم الفلك فی البحر لتبتغوا من فضله۔ (تمہارے لئے کشتی کو دریا میں چلاتا ہے تا کہ تم اس کا فضل حاصل کرو)۔

اور اگر دیکھے کہ کشتیوں میں کوئی چیز نہ تھی اور خالی جا رہی ہیں۔ دلیل ہے کہ بادشاہ سفیروں کو کہیں بھیجے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کشتیاں غرق ہو گئی ہیں تو دلیل ہے کہ ان سفیروں کو روک لیں گے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کشتی دریا میں غرق ہوئی ہے اور جانتا ہے کہ وہ کشتی اس کی ملک نہ تھی تو دلیل ہے کہ اس کو ہلاکت کا اندیشہ نہیں ہے۔

اور اگر دیکھے کہ کشتی میں بیٹھا ہے اور بادشاہ سے ڈرتا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ کا مقرب ہوگا اور کشتی کی بڑائی کے مطابق اس کو منفعت حاصل ہوگی۔ اور اگر کشتی میں امن سے بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے خوف ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ دریا میں کشتیاں رنگ برنگ کے کپڑوں سے آراستہ ہیں تو دلیل ہے کہ بادشاہ کا مقرب ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کشتی دریا کی تہہ میں گئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے بڑی قوت حاصل ہو گی۔ اور اگر دیکھے کہ کشتی چلتی نہیں ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ چھوٹی کشتی میں بیٹھا ہے اور وہ دریا میں چلتی نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو غم و اندوہ زیادہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کشتی پانی میں رواں ہے۔ دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا۔ اور جلدی واپس آئے گا۔ اور اگر اپنی کشتی کو خشکی میں کھڑی دیکھے تو دلیل ہے کہ کسی کام میں عاجز ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کشتی کا دیکھنا آٹھ وجہ پر ہے۔ اول: فرزند۔ دوم: باپ۔ سوم: عورت۔ چہارم: سواری۔ پنجم: خوشی۔ ششم: امن۔ ہفتم: عیش۔ ہشتم: تونگری اور دولت

www.waseemziyai.com

مندی۔

کشف (کچھوا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کشف کچھوے کو کہتے ہیں اور خواب میں کچھوا دیکھنا مراد زاہد عالم ہے جس کی صحبت سے منفعت ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس کچھوا ہے یا اس کے گھر میں آیا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کی زاہد مرد کے ساتھ صحبت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ کچھوے کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر علم حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کچھوا سرگین داں میں ڈالا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی عالم کی صحبت میں حاضر ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کچھوا مسجد میں یا کسی عزت کی جگہ میں پایا ہے۔ دلیل ہے کہ زاہد ہوگا۔ اور اس کی علماء اور زاہدوں اور بزرگوں کے نزدیک حرمت (عزت) ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کچھوے کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: زاہد۔ دوم: عالم مرد۔ سوم: وہ مرد جو کاموں میں کاریگری کرتا ہے۔

کشکاب (خیساندہ):

کشکاب۔ چیزوں کا خیساندہ۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ عناب اور بنفشہ کا کشکاب شکر کے ساتھ پیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو تھوڑا مال حاصل ہوگا اور اس کی دل سے رنج اور غم دور ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کشکاب پی نہیں سکا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

کشمش:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کشمش مال اور نعمت پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس کشمش ہے یا اس کو کسی نے دی ہے اور اس نے کھائی ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر خیر و منفعت اس شخص کو پہنچائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کشمش سے پانی جدا کیا ہے اور پیا ہے۔ اگر عالم ہے تو علم اور زیادہ ہوگا اور اگر سوداگر ہے تو مال زیادہ ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس کشمش کا ڈھیر ہے۔ اگر عالم ہے تو اس کے پاس مال زیادہ ہونے پر دلیل ہے۔ اور اگر اہل حرفہ ہے تو اس کو پورا مال کسب سے حاصل ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کشمش تین وجہ پر ہے۔ اول: منفعت۔ دوم: مال حلال۔ سوم: کسب۔

کشنیز (دھنیا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دھنیا غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے

www.waseemziyai.com

پاس دھنیا ہے اور اس نے کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر غم واندوہ ہوگا۔

کعب (ٹخنہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ٹخنے کا دیکھنا مقام پر تاویل ہے۔ اگر دیکھے کہ ٹخنہ سے کھیلتا ہے تو جنگ اور جھگڑے پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے بہت سے ٹخنے ہیں تو دلیل ہے کہ اسی قدر غم واندوہ اٹھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاؤں کا ٹخنہ ٹوٹا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند مرے گا یا اس کو غم پہنچے گا۔ اور ٹخنوں کی تاویل لڑائی جھگڑا، مکر اور حیلہ ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ٹخنوں کے ساتھ کھیلنا حقیر اور ذلیل دشمن اور جھگڑے پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ٹخنہ پانچ وجہ پر ہے۔ اول: مقام۔ دوم: عورت۔ سوم: فرزند۔ چہارم: مال۔ پنجم: گفتگو۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: وکواعب اترابا وکاسا دھاقا۔ (اور اٹھتے ہوئے جوبن والیاں ایک عمر کی اور چھلکتے ہوئے جام)۔

اور اگر حلال گوشت والے جانور کا اپنے پاس ٹخنہ دیکھے تو مال حلال پر دلیل ہے اور اگر برعکس دیکھے تو مال حرام پر دلیل ہے۔

کعبہ شریف:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کعبہ شریف کا دیکھنا خلیفہ کو دیکھنا ہے اور جس قبلہ کا کعبہ ہے جو زیادتی اور نقصان کہ کعبے میں دیکھے گا خلیفہ میں ہوگی۔ اگر دیکھے کہ اس نے کعبے کا طواف کیا ہے تو اس کی دین کی اصلاح پر دلیل ہے اور خلیفہ سے راحت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے احرام باندھا ہوا ہے اور رخ کعبے کی طرف ہے۔ اس کی صلاحیت کی زیادتی پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا مکان کعبہ ہو گیا ہے اور لوگ زیارت کو آتے ہیں تو دلیل ہے کہ امانت کی حفاظت کرے گا اور عزت اور مرتبہ پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر بادشاہ دیکھے کہ کعبہ میں گیا ہے۔ دلیل ہے کہ خلیفہ سے بزرگی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کعبہ گرا ہے، جلا ہے تو دلیل ہے کہ خلیفہ کا حال بُرا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کعبے میں سے کوئی چیز لی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو خلیفہ سے فائدہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کعبہ میں نماز پڑھی ہے۔ دلیل ہے کہ خلفاء سے اس کا کام عمدہ ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کعبے کا اصل ایمان اور مسلمانی ہے۔ اور اگر اپنے آپ کو کعبے میں دیکھے تو دلیل ہے کہ دشمن کی طرف سے شرارت سے امن میں رہے گا اور اس کی دعا قبول ہوگی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: ومن دخلہ کان امناً۔ (اور جو شخص اس میں داخل ہوگا، امن میں ہوگا)۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ حجر اسود کی طرف رخ کر کے بوسہ دیتا ہے تو دلیل ہے کہ حج کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ حضور ﷺ کی زیارت مبارک کر رہا ہے یا مقام ابراہیم علیہ السلام کو دیکھتا ہے تو دلیل ہے کہ حج کو جائے گا اور سلامتی سے واپس آئے گا۔ اور اگر اپنے آپ کو کعبہ کی چھت پر دیکھے تو بد مذہب ہونے پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کعبہ چار وجہ پر ہے۔ اول: خلیفہ۔ دوم: امام۔ سوم: ایمان اور مسلمانی۔ چہارم: خوف سے سب طرح کا امن۔

کفتار (بجو):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کفتار بری اور پلید اور بد کردار عورت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے بجو باندھا ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ بدعورت کرے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے بجو کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس پر جادو کریں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے بجو کا دودھ پیا ہے۔ یا اس کے پاس اس کی ہڈی یا چمڑا ہے تو دلیل ہے کہ اس عورت سے فائدہ حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کفتار کے ساتھ باتیں کرتا ہے تو دلیل ہے کہ عورت اس سے بدزبانی کرے گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کفتار کو دیکھنا بُرا ہے۔

کفچہ (چمچہ یا ڈوئی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ڈوئی گھر کی حکومت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس نئی اور پاکیزہ ڈوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا خادم پارسا ہوگا۔ اور اگر ڈوئی پرانی اور ٹوٹی ہوئی دیکھے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی ڈوئی ٹوٹی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا خادم مرے گا یا بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ ضائع ہوئی ہے یا جلی ہے تو بھی خادم مرے گا۔

کفچۂ آتش (آگ کا چمچہ):

حضرت نظام رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر اس کو سلاطین اور بادشاہ دیکھیں تو نائب پر دلیل ہے۔ اور اگر اور کوئی دیکھے تو اس کے اہل اور گھر کے خدمت گار پر دلیل ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس آگ کا چمچہ ہے تو دلیل ہے کہ اس کو خدمت گار حاصل ہوگا۔ اور اگر بجھا یا ہے یا ضائع ہوا ہے تو دلیل ہے کہ خدمت گار مرے گا یا جائے گا۔

www.waseemziyai.com

کفش (جوتا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جوتا عورت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے نیا جوتا پاؤں میں ڈالا ہے۔ دلیل ہے کہ عورت کرے گا یا کنیز خریدے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دوسرے کا جوتا پاؤں میں ڈالا ہے تو دلیل ہے کہ بیوہ عورت کرے گا۔ اور اگر جوتا سیاہ ہے تو دلیل ہے کہ عورت لڑاکی ہوگی۔ اور اگر سرخ ہے تو عورت خوش اور عیش پسند ہوگی۔ اور اگر زرد ہے تو عورت بیمار ہوگی اور اگر سفید ہے تو عورت خوبصورت ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر گائے کے چمڑے کی جوتی ہے تو دلیل ہے کہ اصیل عورت کرے گا اور اگر بکری کے چمڑے کی ہے تو دلیل ہے کہ عربی عورت سے شادی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ جوتی اس کے پاؤں سے گری ہے اور ضائع ہوئی ہے تو غم واندوہ اور بے حرمتی پر دلیل ہے۔ اور اگر جوتا اس کے پاؤں میں تنگ ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت تباہ کار ہوگی۔ اور خواب میں پرانے جوتے کا دیکھنا نئے سے بہتر ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جوتے کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: خادم۔ سوم: کنیز۔ چہارم: قوت۔ پنجم: معیشت۔ ششم: مال۔ ہفتم: سفر۔ اور خواب میں جوتے بنانے والا ایسا شخص ہے جو میراث کو تقسیم کرتا ہے۔

کف (ہتھیلی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی ہتھیلی میں کوئی چیز ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر اس کو کچھ ملے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ہاتھوں کی ہتھیلیاں پر ہیں تو دلیل ہے کہ وہاں عروسی اور شادی ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی ہتھیلیاں خستہ یا زخمی ہیں تو دلیل ہے کہ سفر سے رکا رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی ہتھیلیاں کشادہ ہیں تو فراخ دستی پر دلیل ہے اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو نامرادی اور تنگ دستی پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ہتھیلی کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: فراخی دست۔ دوم: مال۔ سوم: ریاست۔ چہارم: فرزند۔ پنجم: دلیری۔ ششم: عورت سے حرام کاری کرنا۔

کف دریا (سمندر جھاگ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سمندر جھاگ بادشاہ یا کسی بڑے آدمی سے منفعت کا حاصل کرنا ہے۔

کفن:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی مردے یا زندے کے لئے کفن بنایا ہے۔ اگر وہ معلوم شخص ہے تو اس سے رنج پہنچنے پر دلیل ہے۔ اور اگر کسی معلوم مردے کے لئے کفن بنایا ہے تو دلیل ہے کہ

www.waseemziyai.com

دنیا میں اس مردے کے طریقے کی تلاش کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مردے کا کفن پھاڑا ہے۔ اہل تعبیر کہتے ہیں کہ اگر صاحب خواب صالح اور پارسا اور طالب علم ہے اور باریک باتیں کہتا ہے تو دلیل ہے کہ دنیا اس کا رخ کرے گی۔ اور مال حرام جمع کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ مردوں کے کفن اتارتا ہے اور جگہ بہ جگہ لیے پھرتا ہے تو دلیل ہے کہ مال حرام اس کے ہاتھ پر روانہ ہوگا۔ اور اگر صاحب خواب مفسد (فساد کرنے والا) ہے تو دلیل ہے کہ منافق اور چغل خور ہوگا۔ اور لوگوں پر فساد اور جھوٹ کی گواہی دے گا۔

گلاب:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گلاب تندرستی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے گلاب گرایا ہے تو دلیل ہے کہ تندرست ہوگا اور لوگ اس کی صفت وثناء کریں گے۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کے لئے گلاب دیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا نام ملک میں مشہور ہوگا۔ اور اگر عالم ہے تو لوگ اس کے علم سے نفع اٹھائیں گے۔

کلازہ (ایک پرندہ ہے):

کلازہ ایک پرندہ ہے جس کو عقنق بھی کہتے ہیں۔ اس کو خواب میں دیکھنا بے وفا اور بد دین مرد پر دلیل ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے کلازہ پکڑا ہے تو دلیل ہے کہ اوپر کی صفت والے آدمی سے محبت اور دوستی کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کلازہ سے لڑائی کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس صفت کے آدمی کے ساتھ صاحب خواب جھگڑا کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کلازہ اس کے ہاتھ سے اُڑا ہے تو دلیل ہے کہ ایسے آدمی کی صحبت کو ترک کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو مار کر اس کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن کو مغلوب کرے گا اور اسی قدر اس کا مال کھائے گا۔

کلاغ (پہاڑی کوا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کوا بد عہد اور بدکار شخص ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ اس نے کوے کو پکڑا ہے۔ تو دلیل ہے کہ کسی جھوٹے حیلے کے ساتھ غنیمت حاصل کرے گا۔

اگر دیکھے کہ کوا کسی درخت کی شاخ پر بیٹھا ہوا بولتا ہے تو اس کے وبال پر دلیل ہے۔ اور اگر دو کوے دیکھے تو رنج اور مشقت پر دلیل ہے۔ اور خواب میں پہاڑی کوے کے دیکھنے میں بھلائی نہیں ہے۔

www.waseemziyai.com

کلاہ (ٹوپی):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں ٹوپی کا دیکھنا اس کی قدر اور قیمت کے مطابق عزت اور مرتبہ ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے سر پر غازیوں کی ٹوپی ہے تو دلیل ہے کہ دشمن پر غالب آئے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے سر پر ترکوں کی ٹوپی ہے تو دلیل ہے کہ سختی سے منفعت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے سر پر آتش پرستوں کی ٹوپی ہے تو دلیل ہے کہ دنیا کی عزت پائے گا۔ لیکن دین میں ضعیف ہوگا۔ اور اگر اپنے سر پر بادشاہ کا تاج دیکھے تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبہ پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے سر پر عنابی ٹوپی ہے تو خوش رہے گا اور منفعت پائے گا۔ اور اگر اس کے سر پر رومی ٹوپی ہے تو دلیل ہے کہ دین اور دنیا کی خیر حاصل کرے گا۔ اور اگر ٹوپی پر پگڑی رکھی ہوئی دیکھے تو دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس کو لوگوں سے چھپانا چاہے گا۔ اور اگر ریشم کی ٹوپی رکھی ہے تو دلیل ہے کہ منفعت پائے گا۔ اور اگر اس کے سر پر زریں ٹوپی ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں سے نفع پائے گا۔ اور اگر مروارید کی دیکھے تو دلیل ہے کہ لوگوں میں عزیز ہوگا اور مرد دیندار اور غازی سے صحبت رکھے گا۔ اور اگر ٹوپی لوہے کی ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے عزت اور مرتبہ اور قوت پائے گا۔ اور اگر ٹوپی لکڑی کی ہے تو دلیل ہے کہ اپنے آپ کو لوگوں میں خوار معلوم کرے گا اور جھوٹ اور بے ہودی بکے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ گرمی کی ٹوپی جاڑے میں سر پر رکھی ہے تو دلیل ہے کہ خیر اور منفعت پائے گا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ مراد سے رکے گا اور اگر سر پر سیاہ ٹوپی دیکھے اور بیداری میں بھی وہی پہنے تو دلیل ہے کہ خیر اور منفعت پائے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ ٹوپی اس کے سر پر سے گری ہے تو دلیل ہے کہ عمل سے معزول ہوگا یا اس کو سخت غم پہنچے گا۔

اور اگر دیکھے کہ مذکورہ ٹوپیوں میں سے اس نے کوئی ٹوپی سر پر رکھی ہے تو دلیل ہے کہ اس ٹوپی کی قدر و قیمت کے مطابق کسی سردار سے عزت اور مرتبہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے سر پر ٹوپی اتاری گئی ہے تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبے سے گرے گا۔

اور اگر عورت دیکھے کہ اس کے سر پر دوگشہ ٹوپی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت کے ہاں لڑکا ہوگا جو بادشاہ بنے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے سر پر وزیر کی ٹوپی ہے تو دلیل ہے کہ وہ شخص بد دین ہوگا۔ لیکن بادشاہوں کے لئے نیک ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کلاہ پہنی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا شرف اور

www.waseemziyai.com

مرتبہ زیادہ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ ٹوپی پھٹی ہوئی اور پرانی ہے تو دلیل ہے کہ غمگین ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کوئی اوپر اشخص اس کے سر سے ٹوپی لے گیا ہے تو دلیل ہے کہ بزرگ آدمی سے دور ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے سر پر سمور کے پوست کی یا لومڑی وغیرہ کے پوست کی ٹوپی ہے تو یہ دلیل ہے کہ ایسے شخص سے کہ جو دین میں کامل نہیں ہے شرف اور بزرگی پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے ایسی ٹوپی پہنی ہے کہ اس نے بیداری میں کبھی ایسی نہیں پہنی تھی۔ اگر سفید ہے تو نیکی پر دلیل ہے۔ اور اگر سبز ہے تو بدی پر دلیل ہے۔ اور اگر بیداری میں اس قسم کی رکھتا ہے تو بد نہیں ہے۔ اور سرخ ٹوپی کا خواب میں دیکھنا بیماری پر دلیل ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے جڑاؤ ٹوپی پہنی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی قدر اور قیمت کے مطابق شرف اور بزرگی پائے گا۔ لیکن اس کے دین میں نقصان ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی ٹوپی آگ میں گری ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ اس پر تاوان یعنی جرمانہ ڈالے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ٹوپی شرف اور بزرگی پر دلیل ہے۔ اور اس کو خواب میں دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: ولایت۔ دوم: ریاست۔ سوم: بزرگی۔ چہارم: عزت اور مرتبہ۔ پنجم: مقدار۔ ششم: کلاہ دوز کا مرتبہ خواب میں بزرگوں کی خدمت کرنے والا ہے۔

کل شدن (گنجا ہونا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کا سر گنجا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ مراد اور مال بہت پائے گا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کا غم واندوہ زائل ہوگا۔ اور اگر قرضدار ہے تو قرض اترے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی گنجے آدمی سے صحبت ہے۔ دلیل ہے کہ مال دار آدمی کا دوست اور آشنا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا سر گنجا تھا اور پھر بال آئے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کا مال تلف ہوگا اور خود قرضدار ہوگا۔

گل (پھول):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پھول کا حکم دو قسم پر ہے۔ ایک درخت پر پھول کا ہونا اور دوسرے بے درخت کے ہونا۔ اور جس پھول کے لئے پتا نہیں ہے۔ اس کا دیکھنا صاحب خواب کے غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر سرخ پھول کوئی اس کے موسم میں درخت پر دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہوگا۔ اور اگر بے وقت دیکھے تو فرزند کی وجہ سے مصیبت میں گرفتار ہوگا۔

اور خواب میں پھول کا درخت سردار اور بات کرنے والا شخص ہے۔ اور زرد پھول کا درخت، سوداگر عورت حاجت پوری کرنے والی ہے۔ اور سفید پھول کا درخت عزت اور مرتبے اور دولت پر دلیل ہے۔ اور

www.waseemziyai.com

اگر اپنے گھر میں پھول کا درخت ہے۔ دلیل ہے کہ کسی دختر کو نکاح میں لائے گا۔ اور اگر اپنے گھر میں گل صد برگ کو دیکھے۔ دلیل ہے کہ فرزند کے سبب سے خوش ہوگا۔ اور اگر کئی طرح کے پھول کھلے ہوئے دیکھے۔ دلیل ہے کہ اپنے خویشوں اور اہل بیت سے خوش ہوگا۔ اور اگر درخت گل کی جڑ زمین میں اگی ہوئی دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے گھر کے لوگ کاہل (سست) ہوں گے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پھول کم ہمت اور بدعہد شخص ہے جو کسی سے وفا نہیں کرتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی کو پھول دیا ہے یا ہاتھ سے گرایا ہے۔ دلیل ہے کہ ایسے بے وفا شخص کی صحبت سے دور ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پھول خط ہے جو غائب سے اس کو ملے گا اور یا غائب شخص آئے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ پھول کا خواب میں دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: فرزند۔ دوم: دوست۔ سوم: کم ہمت مرد۔ چہارم: کنیز۔ پنجم: غلام۔ ششم: غائب کا خط۔

گل شکر (گلقند):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گل شکر، شہد اور گل کھائے گئے کے قدر کے مطابق غنیمت اور مال حلال ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس گل شکر شہد اور گل کے ساتھ ہے اور اس کو کھایا ہے۔ اگر تونگر ہے تو مال اور زیادہ ہوگا۔ اور اگر بیمار ہے تو شفاء پائے گا اور اگر غمگین ہے تو خوش ہوگا اور اگر قرضدار ہے تو قرض سے سرخرو ہوگا۔

گل خوردن (کیچڑ کھانا):

گل خوردن۔ کیچڑ کھانا۔ مٹی کھانا۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ مٹی کھاتا ہے۔ دلیل ہے کہ مردوں کو برا کہتا ہے۔ اگر دیکھے کہ کیچڑ کو مٹی کے ساتھ کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ مال عیال پر خرچ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک پر سے خاک کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ حج کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ گھر کی لپائی سے مٹی کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ غمگین ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سفید اور سبز مٹی کا دیکھنا مال حلال ہے۔ اور زرد مٹی کا دیکھنا بیماری ہے۔ اور سرخ مٹی کا دیکھنا کھیل اور تماشہ ہے اور سیاہ مٹی کا دیکھنا غم واندوہ کا اندیشہ ہے اور سیاہ پانی میں مٹی غم واندوہ پر دلیل ہے۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ کیچڑ میں غرق ہوگیا ہے تو دلیل ہے کہ بڑی محنت میں پڑے گا اور خلاصی نہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کیچڑ سے باہر نکلا ہے اور اپنا جسم اور کپڑے خوب صاف کئے ہیں۔ دلیل ہے کہ

www.waseemziyai.com

صاحب خواب غم واندوہ سے رہائی پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ گرم علاقے میں پھول کا دیکھنا سرد کی نسبت زیادہ سخت ہے۔(نوٹ) یہ قول گُل کی نسبت ہے۔ گِل یعنی مٹی کے متعلق نہیں۔

کلبتین (زنبور):

کلبتین، لوہے پکڑنے کا اوزار یعنی زنبور۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زنبور خادم ہے کہ خوبی کے ساتھ بادشاہ کے ہاتھ سے مال نکالتا ہے اور لوگوں پر خرچ کرتا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں زنبور ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو مال اور نعمت کا حصول ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا زنبور ضائع ہوا ہے تو دلیل ہے کہ ضرر اور نقصان اس کو پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے زنبور کے ساتھ کوئی چیز آگ میں سے نکالی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر بادشاہ سے راحت پائے گا۔

کلم (ایک سبزی ہے):

کلم ایک سبزی ہے گوبھی جیسی۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس کلم ہے اور کھائی ہے۔ دلیل ہے کہ عورت سے منفعت پائے گا۔ اور اگر بغیر گوشت کے کھائے تو دلیل ہے کہ تھوڑا نفع ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ گوشت اور کلم کو اکٹھا پکا کر کھایا ہے۔ تو دلیل ہے کہ بہت منفعت پائے گا۔ اور اگر خام ہے تو کم فائدہ ہے۔ اور اگر بے وقت کھائی ہے تو غم واندیشہ پر دلیل ہے۔ اور اگر شیریں ہے تو منفعت زیادہ ہے۔

گلنار (انار کا پھول):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گلنار کا دیکھنا پاکیزہ اور عمدہ عروسی ہے۔ خاص کر اگر گلنار کو درخت پر دیکھے اور موسم بھی ہو۔ اور اگر دیکھے کہ انار پھول درخت پر سے گرا ہے۔ دلیل ہے کہ پاکیزہ اور عمدہ عروس یا کنیز کے دیدار سے جدا ہوگا۔

کلنگ (کونج):

کلنگ، راج ہنس، مرغابی۔ کونج خواب میں مسافر مرد ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کونج پکڑی ہے۔ یا اس کو کسی نے دی ہے۔ دلیل ہے کہ مسافر آدمی سے ملے گا اور اس سے نیکی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس کونج کا پر یا اس کا گوشت ہے تو دلیل ہے کہ مسافر شخص سے راحت پائے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کونجوں کو چراتا ہے تو دلیل ہے کہ مسافروں اور درویشوں کی جماعت پر سردار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کونج کی خاصیت رکھتا ہے تو درویش ہونے پر دلیل ہے۔

گلو (گلا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کا گلا سلامت ہے اور کچھ دکھ اس کو نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ امانت اور قرض ادا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ رنج اور آفت اس کے گلے میں ظاہر ہوئی ہے۔ تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

اور اگر اپنے گلے کو فراخ دیکھے تو دلیل ہے کہ اس پر روزی فراخ ہوگی۔ اور گلا تنگ دیکھنا اس کے خلاف ہے۔ اور اگر اپنا گلا درست اور قوی دیکھے تو دلیل ہے کہ امانتوں کو اچھی طرح نگاہ میں رکھے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی نے اس کا گلا کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ کاٹنے والا اس پر ظلم کرے گا۔ یا اس کے دین میں طعنہ کرے گا۔ اور جس جانور کو ذبح کرنا روا نہیں ہے۔ اگر دیکھے کہ لوگوں نے اس کا گلا کاٹا ہے۔ اس مرد پر دلیل ہے جو اس جانور سے نسبت رکھتا ہے کہ لوگ اس پر ظلم کریں گے اور اگر دیکھے کہ اس کا گلا کٹا ہے۔ دلیل ہے کہ اس پر کام مشکل ہوگا۔ اور اگر دیکھے کا جانور کا گلا ضرورت کے لئے کاٹا ہے اور اس کا گوشت کھایا ہے۔ اگر اس کا گوشت حلال ہے تو مال حلال پر دلیل ہے۔ اور اگر حرام ہے تو مال حرام پر دلیل ہے۔ کہ وہ حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی آدمی کا گلا کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ اس پر ظلم کرے گا۔ یا اس کے دین میں طعنہ لگائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی کا گلا دبا دیا ہے اور گھونٹ دیا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب شرف اور بزرگی سے معزول ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گلا آدمی کی آمدنی اور خرچ پر دلیل ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گلا گھونٹنا مغلوب شخص کی تنگی عیش پر دلیل ہے۔

کلیجہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کلیجہ عیش خوش اور نعمت و مال پر دلیل ہے جو اس کو حاصل ہوگا اور آسانی سے ملے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس کلیجے کا ڈھیر ہے۔ دلیل ہے کہ بہت سا مال اور نعمت حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کلیجہ منہ میں رکھا ہے اور نگل نہیں سکا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی نعمت اور مال دوسروں کی قسمت میں آئے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کلیجہ کا کھانا چار وجہ پر ہے۔ اول: مال حلال جو آسانی سے ملے گا۔ دوم: فراخ روزی۔ سوم: نعمت۔ چہارم: خوش عیشی۔

www.waseemziyai.com

کلید (چابی۔ کنجی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چابی کا دیکھنا خوش باش مرد ہے۔ اور اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ چابی گھما کر تالا کھولا ہے اور دروازہ کھل گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے بستہ کام کشادہ ہوں گے اور دشمن پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں بہت سی کنجیاں ہیں تو دلیل ہے کہ بزرگی اور مرتبہ پائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **له مقاليد السموت و الارض** ۔ (اسی کے پاس آسمان اور زمین کی چابیاں ہیں)۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چابی خیر کے دروازے کی کشائش اور شر کے دروازے کی بندش ہے۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے دروازہ بند کرنے کی چابی نکاح کرنا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ جنت کے دروازہ کی چابی اس کے ہاتھ میں ہے تو دلیل ہے کہ دین میں بادشاہ ہوگا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس لوہے کی چابی ہے تو قوت اور نیکی پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بھرت یا تانبے کی چابی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی بات جاری ہوگی۔ اور اگر اس کے پاس لکڑی کی چابی ہے تو تھوڑی نیکی پر دلیل ہے۔ اور اگر اس کے پاس سونے یا چاندی کی چابی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا بول بالا ہوگا اور بیان کرتے ہیں کہ اس کو خزانہ ملے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جس قدر چابیاں زیادہ ہوں گی مال زیادہ ہوگا۔ اور یہ بھی کہتے ہیں کہ چابی اللہ تعالیٰ سے دعا اور استغفار اور مراد کا مانگنا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ چابی تالے پر رکھی ہے اور دروازہ کھولا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی حاجت پوری ہوگی اور اس کا کام کشادہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ چابی قفل میں ٹوٹی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی دعا خالص نہ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ ایک چابی سے کئی تالے کھول کر دروازے کھولے ہیں تو دلیل ہے کہ خوب صورت عورت سے نکاح کرے گا۔

حضرت حافظ معبر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی اپنے ہاتھ میں چابی دیکھے تو دلیل ہے کہ نمازی ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی چابی گری ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب نماز میں کاہل اور سست ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چابی آٹھ وجہ پر ہے۔ اول: کاموں کی کشادگی۔ دوم: غم سے فراغت۔ سوم: بیماری سے شفاء۔ چہارم: مراد کا پانا۔ پنجم: دین کی قوت۔ ششم: حج گزارنا۔ ہفتم: دعا کی قبولیت۔ ہشتم: علم کا جاننا۔

کلیدان (چابی کی جگہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کلیدان بغیر زحمت کے جلدی کھلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے دین اور دنیا کے کام کشادہ ہوں گے۔ اور اگر دیکھے کہ مشکل سے کھولا ہے۔ تو اس کی تاویل اول

www.waseemziyai.com

کے خلاف ہے۔ اور اگر کوئی دیکھے کہ کلید دان کو کھول نہیں سکا ہے اور دروازہ بند رہا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے کام رک جائیں گے اور اس کا نیک حال سے بد حال ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کلید دان جلدی کھولا ہے تو دلیل ہے کہ غم سے جلد نجات پائے گا۔ اور اگر بیمار ہے تو شفاء پائے گا۔ اور اگر غلام ہے تو آزاد ہوگا۔ اور اگر کوئی ضرورت ہے تو پوری ہوگی اور دعا قبول ہوگی اور اس کے کام انتظام سے ہوں گے۔

کلیسا (گرجا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ کلیسا (گرجے) میں گیا ہے اور اس میں قبلے کی طرف نماز پڑھی ہے۔ دلیل ہے کہ گناہ سے توبہ کرے گا اور دین میں قوی ہوگا۔ کیونکہ کلیسا عبادت کی جگہ ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کلیسا میں ہے تو دلیل ہے کہ اس کی رغبت بت پرستوں کی طرف ہوگی۔ خاص کر ان کے قبلے کی طرف رخ کر کے نماز پڑھے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مندر میں گیا ہے۔ اگر صاحب خواب پارسا ہے تو دلیل ہے کہ بڑا ہو جائے گا۔ خاص کر اگر دیکھے کہ اس میں رہائش اختیار کر لی ہے۔

گلیم (گودڑی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ گلیم خواب میں رئیس اور سردار ہے۔ اگر صاحب خواب بڑا آدمی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی بزرگی اور اس کا مرتبہ اور بھی زیادہ ہوگا۔ اور بعض اہل تعبیر بیان کرتے ہیں کہ مرد صالح اور پسندیدہ ہوگا۔ اور درویشوں سے دیندار ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ گودڑی پائی ہے تو دلیل ہے کہ مالدار عورت سے شادی کرے گا۔ اور اگر یہ خواب عورت دیکھے تو دلیل ہے کہ شوہر کرے گی اور اس سے خیر و منفعت دیکھے گی۔

اور اگر دیکھے کہ چھوٹی گودڑی پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ خوبصورت اور پارسا اور موافقت والی عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سبز گلیم ہے تو دلیل ہے کہ پارسا اور لڑاکی عورت سے شادی کرے گا۔ اور اگر سرخ گلیم ہے تو معاشر اور عیش پسند عورت سے شادی کرے گا۔ اور اگر گلیم زرد ہے تو بیمار سی عورت کرے گا۔ اور اگر سیاہ گلیم ہے تو زاہد اور عابد عورت سے شادی کرے گا۔ اور اگر کئی رنگ کی گلیم ہے تو اس عورت میں مذکورہ بالا سب صفات پائے گا اور اگر گلیم اپنے سے دور ڈالی ہے اور ضائع ہوئی ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گلیم کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: مرد رئیس۔ دوم: مہتر اور پارساء۔ سوم: مالدار عورت۔ چہارم: کنیز۔ پنجم: خیر و منفعت۔

www.waseemziyai.com

کمان:

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کمان کو بغیر تیر کے کھینچتا ہے تو دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا اور فائدے کے ساتھ واپس آئے گا۔ اور اگر کمان کھینچتے وقت چلہ ٹوٹ گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا سفر تمام نہ ہو گا۔ اس کو راہ میں ضرر و نقصان پہنچے گا۔

اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کو کسی نے کمان دی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے فرزند یا بھائی پیدا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی کمان ٹوٹی ہے تو دلیل ہے کہ شرف اور بزرگی سے گرے گا یا اس کے مال سے کچھ ضائع ہو گا۔ اور اگر دیکھے کہ کمان سے تیر ڈالتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو کسی بڑے آدمی کا خط ملے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کمان سے تیر ڈالتا ہے تو دلیل ہے کہ حق اور باطل بات کہے گا، تیر کی راستی اور کج روی کے مطابق۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنے لئے کمان بنائی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو عجم کے بادشاہ سے شرف اور بزرگی حاصل ہوگی یا عجمی عورت سے شادی کرے گا اور اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کمان سے تیر اندازی نہیں کر سکتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے یا اس عورت سے فائدہ نہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کمان فروخت کی ہے یا کسی کو دی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے شرف اور بزرگی کا نقصان ہوگا۔ اور بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ کمان کی تاویل درازیٔ عمر ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس نئی اور پاکیزہ کمان ہے تو دلیل ہے کہ عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کمان تانی ہے تو دلیل ہے کہ پائیدار عورت کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کمان ضائع ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ عورت سے جدا ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کی کمان سخت تھی اور کھینچتے کے وقت نرم ہوگئی ہے۔ دلیل ہے کہ عورت سے نکاح کرے گا اور اس کا کام آسانی سے ہوگا۔ اور اگر سفر کرے گا تو مبارک ہوگا اور مراد کو پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کمان نرم تھی اور کھینچتے وقت سخت ہوگئی ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے ہاتھ سے اپنے لئے کمان بنائی ہے تو دلیل ہے کہ کامیاب ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کمان بیچی ہے اور اس کی قیمت کے درہم اور دینار لیے ہیں تو دلیل ہے کہ دنیا کو دین سے پسند کرے گا۔ اور اگر کمان کی قیمت روپے کے سوا کچھ اور لیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو کمان بخشش میں ملی ہے تو دلیل ہے کہ جلدی عورت کرے گا اور دشمن پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کمان خمیدہ کھچی ہوئی اس کو کسی نے دی ہے اور اس نے نہیں کھینچی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کماندان میں کمان کو رکھا ہے تو دلیل ہے کہ دنیا سے رحلت کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سی کمانیں ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے بہت سے دوست ہوں گے جو مصیبت کے وقت اس کی مدد کریں گے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس پاکیزہ اور عمدہ کمان ہے تو دلیل ہے کہ نیک کام اور خیرات اور حسنات

www.waseemziyai.com

کرے گا اور حج ادا کرے گا اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: فکان قاب قوسین او ادنی۔ (پس دو کمانوں کی مشت بلکہ اس سے بھی قریب ہوا)۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کمان کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: سفر۔ دوم: فرزند یا بھائی۔ سوم: عورت۔ چہارم: قوت۔ پنجم: نیک کام۔ ششم: کاموں میں درست آدمی۔

کمان حلاجی (دھنیے کی کمان):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دھنیے کی کمان طعنہ مارنے والا شخص ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں دھنیے کی کمان ہے تو دلیل ہے کہ نفاق کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس دھنیے کی کمان ہے اور علم نہیں ہے کہ اس کی ملک ہے تو دلیل ہے کہ بدی کرے گا۔

کمانئہ آسمان (قوس قزح):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں آسمان پر زرد کمان دیکھے تو دلیل ہے کہ اس ملک کے لوگ بیماری میں مبتلا ہوں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس میں سبزی سرخی سے زیادہ ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک میں نعمت فراخ ہوگی اور اگر دیکھے کہ سرخی سبزی سے زیادہ ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ آسمان پر سرخی ستون کی طرح ہے۔ دلیل ہے کہ اس ملک کے بادشاہ کو قوت اور کامیابی ہوگی۔ اور اگر سیاہ ستون دیکھے تو اس کی تاویل خواب اول کے خلاف ہے۔

کمان کروھہ:

کمان کروھہ ایک قسم کی کمان ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کمان کروھہ کا دیکھنا بادشاہ کا کام غم واندوہ کے ساتھ ہے۔ اور اگر کمان اس کے ہاتھ میں ہے اور اس سے ٹوپی گرائی ہے تو دلیل ہے کہ کسی کو بری بات کہے گا اور گالی دے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کمان سے لوگوں کی ٹوپیاں اتارتا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کو ستانے کے باعث غم ناک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی کمان کروھہ ٹوٹی ہے یا ضائع ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ کسی کو دکھ نہ دے گا۔

کمر بند:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کمر بند باندھا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی مرد اس کی پشت و پناہ ہوگا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ اس کی پشت و پناہ فرزند یا رشتہ دار ہیں۔ اور اگر دیکھے کہ کمر بند موتی اور جواہرات سے جڑاؤ ہے تو دلیل ہے کہ اس کی قیمت کے مطابق مال حاصل کرے گا اور اس سے پشت و پناہ قوی

www.waseemziyai.com

ہوگی اور ممکن ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہو جو تمام قبیلوں میں با اقبال اور دولت مند ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی کمر پر تین چار کمر بند بندھے ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا مال اور نوکر چاکر بہت ہوں گے۔ اور کہتے ہیں کہ اس کی عمر دراز ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے کمر بند دیا ہے اور اس نے کمر پر باندھا ہے تو دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کمر بند ٹوٹا ہے اور گرا ہے اور ضائع ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے مال اور بزرگی کا نقصان ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کا کمر بند جواہرات سے جڑاؤ ہے تو دلیل ہے کہ قوم کا سردار ہوگا اور اس کے اہل بیت اس کے باعث دولت مند ہوں گے۔

اور اگر دیکھے کہ کمر بند لوہے یا تانبے کی تلوار سے آراستہ ہے۔ تھوڑے چاہے ہوئے پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو کمر بند بمعہ تلوار بخشا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ کے لئے سفر کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کمر بند دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: باپ یا بھائی یا خویشوں کی طرف سے منفعت۔ دوم: فرزند۔ سوم: بزرگی اور پناہ۔ چہارم: عمر دراز۔ پنجم: انصاف اور مراد کا پانا۔ ششم: دین کی پاکیزگی۔

اور اگر کمر پر کمر بند بندھا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ دشمنوں سے انصاف حاصل کرے گا لیکن اس کی نصف عمر گزری ہوئی ہوگی۔

گم شدن (گم ہونا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ گم ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ جس جگہ وہ ہے ضائع ہوگی۔ کیونکہ اس کو نہ پہچانیں گے اور اس کا قرب نہ جانیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا عیال گم ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے باعث اندوہ گین (مغموم) ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کوئی چیز اس کی گم ہوئی ہے۔ اگر وہ چیز تاویل میں نیک ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر اس کو غم واندوہ ہوگا اور اس کا ضرر زائل ہوگا اور اس کا کام انتظام سے ہوگا۔ اور اگر وہ چیز تاویل میں بد ہے تو غم اور ضرر اس سے زائل نہ ہوگا۔ اور اس کا کام انتظام سے نہ ہوگا۔

کمند:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے کمند ڈالا ہے اور کسی مرد کو پکڑا ہے تو دلیل ہے کہ کمند کے اندازے پر کسی بزرگ سے مدد چاہے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا کمند رسی کا ہے تو دلیل ہے کہ کسی ایماندار شخص سے مدد چاہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کمند خنزیر کے بالوں کا ہے تو دلیل ہے کہ کسی کافر شخص سے مدد مانگے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کمند ڈالا ہے اور کسی

www.waseemziyai.com

مرد کی گردن میں پڑا ہے تو دلیل ہے کہ کسی کمزور شخص سے مدد چاہے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کمند اس شخص کے ہاتھ میں پڑا ہے تو دلیل ہے کہ کسی مسافر سے مدد چاہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کمند ڈالا ہے اور دشمن کو پکڑ نہیں سکا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی شخص بھی اس کی مدد نہ کرے گا۔

کنار (بیر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بیر ستھرا مال ہے اور میووں میں سے کسی میں اس کی خاصیت نہیں ہے۔ اور کہتے ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام کا میوہ جنت میں بیر تھا۔ اگر دیکھے کہ اس نے بیر کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا۔ خاص کر اگر بیر کا کھانا اس کے موسم میں ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بیر حلال مال ہے اور فراخ روزی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بیروں کا ڈھیر ہے تو دلیل ہے کہ بہت سا مال پائے گا۔

گناہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خوب میں دیکھے کہ اس نے گناہ کیا ہے اور معلوم نہیں ہے کہ کس قسم کا ہے۔ دلیل ہے کہ گناہ اور فتنے میں پڑے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے گناہ کیا ہے اس کو توبہ کرنی چاہئے تا کہ اللہ تعالیٰ کے عذاب سے امن میں رہے اور اس کا کام درست ہو جائے۔

گنبد:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گنبد عورت ہے۔ اور اگر خواب میں پاکیزہ گنبد دیکھے اور جانے کہ اس کی ملک ہے تو دلیل ہے کہ خوب صورت عورت سے شادی کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گنبد شرف اور بزرگی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ وہ بڑے گنبد میں ہے تو دلیل ہے کہ اس کو خیر اور منفعت ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گنبد کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: لونڈی۔ سوم: منفعت۔ چہارم: عزت اور مرتبہ۔

گنج (خزانہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے خزانہ پایا ہے۔ دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ یا اس کے دل کو رنج پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا خزانہ ضائع ہوا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خزانہ پانے والا کسی خراب جگہ میں بیمار یا ہلاک ہو

www.waseemziyai.com

گا۔اور اگر آبادی جگہ سے خزانہ پائے تو دلیل ہے کہ بیماری سے شفاء پائے گا۔

کنجد (تل):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تلوں کا پانا مال ہے جو ہر روز زیادہ ہوتا ہے۔اگر دیکھے کہ اس کے پاس تل ہیں اور ان کو کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر اپنے مال سے منفعت پہنچائے گا،اور اگر دیکھے کہ اس نے بے مزہ تل کھائے ہیں۔دلیل ہے کہ اسی قدر مال حرام پائے گا۔اور بعض اہل تعبیر بیان کرتے ہیں کہ غم واندوہ پہنچے گا۔

گندہ پیر (بوڑھا یا بڑھیا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بڑھیا عورت دنیا ہے اور موٹا بوڑھا مسلمان ہے جو کپڑوں سے آراستہ ہے۔دلیل ہے کہ مال حلال پائے گا۔اور اگر خوب میں دیکھے کہ موٹا بوڑھا میلے کپڑوں میں ہے اور کافر ہے۔اس کی تاویل مال حرام ہے۔اور بوڑھا خوب صورت اور اچھے کپڑوں والا تاویل میں یہ جہان اور وہ جہان ہے۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ بوڑھی عورت نے مسلمان سے شادی کی ہے اور جانتا ہے کہ اس کی ملک ہے تو دلیل ہے کہ مال حاصل کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بڑھیا عورت ہے اس کو گھر سے نکالا ہے یا طلاق دی ہے تو دلیل ہے کہ ترک دنیا کی کوشش کرے گا اور آخرت تلاش کرے گا۔اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے موٹی بڑھیا عورت سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ دنیا کی مراد پائے گا۔

کندر (ایک دوا ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے کندر کھایا ہے یا چبایا ہے تو دلیل ہے کہ چبانے کے اندازے پر کسی سے جھگڑا کرے گا یا اس کی شکایت کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اس کے پاس کندر ہے تو دلیل ہے کہ غمگین ہوگا۔کیونکہ تلخ ہے اور تاویل میں پریشانی ہے۔

کندش (نک چھکنی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سی نک چھکنی ہے۔دلیل ہے کہ بیماری دراز ہوگی اور آخر کار شفاء پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ کندش کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ رنج اور بلا میں گرفتار ہوگا۔اگر دیکھے کہ کندش ناک میں ڈالی ہے اور چھینک لی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی مراد مشکل سے پوری ہوگی۔

www.waseemziyai.com

گندم (گیہوں):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گیہوں مال حلال ہے جو لوگوں کو تکلیف سے ملتا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے گیہوں کھائی ہے تو دلیل ہے کہ صالح اور دیندار ہوگا۔ اور اگر پکا کر کھائی ہے تو غمگین ہوگا۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کا منہ پیٹ تک خشک گیہوں سے پر ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عمر ختم ہوگئی ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ گیہوں کے خوشے کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک میں قحط اور تنگی ظاہر ہوگی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **سبع سنبلات خضر و اخر یابسات**۔ (سات بالیں سبز اور دوسری خشک)۔ اور اگر دیکھے کہ گیہوں کو بوتا ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس ملک میں غلہ کا نرخ ارزاں کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گیہوں تین وجہ پر ہے۔ اول: ولایت سے معزول ہونا۔ دوم: نفرت۔ سوم: مسافری۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ بھنے ہوئے گیہوں کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ کچھ نفع پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ گیہوں اپنے وقت پر کاٹے ہیں تو دلیل ہے کہ بہت سا مال رنج سے حاصل کرے گا۔ اور خواب میں گندم فروش ایسا شخص ہے کہ دین کے عوض دنیا کو اختیار کرتا ہے۔

گندنا:

گندنا (ایک قسم کے زہریلے دانے ہیں)۔ حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں گندنا ایسا مرد ہے کہ لوگ اس کو دوستی سے یاد کرتے ہیں۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گندنا مال حرام اور بری بات ہے۔ اور اگر خواب میں دیکھنے والا مصلح اور پارسا نہیں ہے تو دلیل ہے کہ مال حرام حاصل کرے گا اور ہمیشہ بری باتیں کہے گا۔ اور گندنا کے کھانے میں کسی طرح کی بھی منفعت نہیں ہے۔

کندوا (شہد کی مکھی):

اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے شہد کی مکھی پکڑی ہے یا کسی نے اس کو دی ہے۔ دلیل ہے کہ قاصد اس کے پاس آئے گا اور اس کو خوش کرے گا اور عزت پائے گا۔ اور چار دن کے بعد عورتوں کی طرف سے مقصود اور مراد پائے گا۔ خاص کر اگر یہ خواب دن کو دیکھے۔

کنشت (مندر):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ مندر میں بیٹھا ہے اور قبلہ کی طرف نماز

www.waseemziyai.com

پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ توبہ کر کے خدا تعالیٰ کی طرف رجوع کرے گا اور دین میں قوی ہوگا۔ کیونکہ مندر عبادت کی جگہ ہے۔ اور یہودیوں کے قبلہ کی طرف نماز پڑھے تو دلیل ہے کہ یہودیوں سے محبت رکھتا ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر اپنے آپ کو مندر میں دیکھے تو دلیل ہے کہ بے دین لوگوں کی گفتار میں کام کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مندر اور گرجے کا دیکھنا مصلح آدمی کے لئے خیر اور نیکی ہے اور مفسد آدمی کے لئے شر اور فساد کی دلیل ہے۔

کنکر (ایک غلہ ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ موسم پر کنکر کھاتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ غم و اندوہ پہنچے گا اور خواب میں کنکر کھانا مفید نہیں ہے۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس کنکر ہے اور کھایا نہیں ہے تو دلیل ہے کہ غم و اندوہ کمتر ہوگا۔

گنگی (گونگا پن):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ گونگا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ درویش اور بدحال ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی اپنے آپ کو خواب میں گونگا دیکھے تو اس کی تباہی اور نقصان دین پر دلیل ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: صم بکم عمی فھم لا یرجعون۔ (وہ بہرے، گونگے، اندھے ہیں اور وہ رجوع نہیں کرتے ہیں)۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گونگا ہونا سات وجہ پر ہے۔ اول: درویشی۔ دوم: بدحالی۔ سوم: غم و اندوہ۔ چہارم: نقصان عیش۔ پنجم: مصیبت۔ ششم: نقصان مال۔ ہفتم: دین کا نقصان۔ اور اگر گونگا خواب میں دیکھے کہ اس کی زبان کشادہ ہوگئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا رکا ہوا کام کشادہ ہو جائے گا۔

کنہ (ایک جانور ہے):

کنہ۔ چیچڑی جیسا ایک جانور ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کنہ لوگوں کا عیال ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ کنہ اس کے جسم کو کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال اس کا عیال کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چوپائے پر بہت سی کنہ ہے تو دلیل ہے کہ لوگ اس کے چوپاؤں سے فائدہ دیکھیں گے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کنہ کا وجود اپنے سے دور ڈالا ہے۔ دلیل ہے کہ عیال کو اپنے سے دور کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے چوپائے سے کنہ کو پکڑ کر ڈال رہا ہے تو دلیل ہے کہ

www.waseemziyai.com

کسی کو فائدہ نہ پہنچائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کنہ کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: عیال۔ دوم: نوکر چاکر۔ سوم: مال اور بہت سے مطالب۔

اور اگر دیکھے کہ کنہ کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ گذشتہ چیزوں کے بیان کردہ میں نقصان اٹھائے گا۔

کنیز (لونڈی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کنیز خیر اور نیکی ہے جس قدر کہ اس کا جمال ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس خوب صورت فربہ کنیز ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کو پوشیدہ طور پر کوئی چیز پہنچے گی اور اس سے متفکر ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کنیز مال ہے۔ اگر دیکھے کہ کنیز اس نے خریدی ہے تو خیر و نیکی پر دلیل ہے۔ اور اگر فروخت کی ہے اور اس کے دام لئے ہیں تو دلیل ہے کہ غمگین ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ خریدی ہے تو شاد و خرم ہوگا اور مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کنیز برہنہ ہے۔ دلیل ہے کہ نقصان پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ خوب صورت کنیز بندھی ہوئی ہے اور اپنے گھر میں لایا ہے تو دلیل ہے کہ شادی اور منفعت حاصل ہوگی۔

کہربا (ایک قسم کا گوند ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کہربا بیماری ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس کہربا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا اور جلدی شفاء پائے گا۔ اور بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ اس کی بیماری طول کھینچے گی۔

گوارش (جوارش):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شیریں جوارش منفعت اور خیر اور شادی پر دلیل ہے۔ اور اگر تلخ اور بے مزہ ہے تو غم واندوہ اور رنج وفساد پر دلیل ہے۔ اور خوشبودار جوارش مدح وثناء پر دلیل ہے اور بدبودار کی تاویل اس کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ شیریں جوارش کا کھانا غم واندوہ ہے اور خوشبودار جوارش کا کھانا مدح وثنا پر دلیل ہے۔

گوال (بوری):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بوری مرد عالم پر دلیل ہے اور جو چیزیں کہ اس میں اچھی اور بری ہیں۔ اس قول پر حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے دلیل لائے ہیں۔ آپ نے فرمایا ہے: ان القلوب

www.waseemziyai.com

وعیتہ۔(کہ دل محافظ ہیں)۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر بوری نئی اور پاکیزہ اور فراخ ہے تو بہت سی منفعت پر دلیل ہے۔ورنہ تھوڑی منفعت حاصل ہوگی۔

گودا یہا(شیرے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سب رسوں سے زیادہ بہتر کھجور کا ہے۔اس کے بعد بادام کا اور پھر روٹی کا ہے اور اس کے بعد سب سے کم فائدہ خشخاص کا ہے۔

اور اگر دیکھے کہ کھجور کا گودا کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر بخیل سے مال حاصل کرے گا اور اگر شیرہ خشخاص کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا۔لیکن اس کا فائدہ کمتر ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ روٹی کا شیرہ پیا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال پارسا شخص سے حاصل کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس مذکورہ شیرے سب موجود ہیں اور ان میں سے کچھ کھایا ہے۔تو گذشتہ بیان کردہ چیزیں اس کو حاصل ہوں گی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شیریں اور خوش ذائقہ شیرے نیکی پر دلیل ہیں اور تلخ اور بے مزہ بدی پر دلیل ہیں۔

گور(قبر):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ قبر کی تاویل قید خانہ ہے۔اگر دیکھے کہ اس نے اپنے لئے قبر کھودی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے احوال تنگ ہوں گے۔اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ قبر کی جگہ پر اپنے لئے مکان بنائے گا۔اور اگر دیکھے کہ اس کو لوگوں نے قبر میں رکھا ہے۔دلیل ہے کہ اس کے احوال میں مشکلات پیش آئیں گی۔فرمان اللہ تعالیٰ ہے:**ثم اماته فاقبره اذاء شاء انشره**۔(پھر اس کو مارا اور اس قبر میں رکھا۔پھر جب چاہے گا تو اس کو زندہ کھڑا کرے گا)۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو قبر میں رکھا ہے اور مٹی اس کے سر پر ڈالی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے دین کا نقصان ہوگا اور دنیا سے بغیر توبہ کے جائے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اپنے آپ کو قبر میں رکھا ہے تو دلیل ہے کہ قید خانہ میں جائے گا۔اور اگر دیکھے کہ قبر میں مرا ہے تو دلیل ہے کہ قید خانہ میں مرے گا۔اور اگر دیکھے کہ اس کی چوبارے پر قبر کھودی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی زندگی دراز ہوگی۔اور اگر دیکھے کہ قبر پر کھڑا ہے تو دلیل ہے کہ گناہ پر قائم رہے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر اپنے آپ کو قبر میں مردہ دیکھے اور اس سے منکر ونکیر نے

www.waseemziyai.com

سوال کیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس ملک کا بادشاہ اس سے مطالبہ کرے گا۔ اور اگر منکر نکیر کو غلط جواب دیا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کے عذاب میں عاجز ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو قبر سے نکال کر پھانسی دی ہے اور پھر قبر میں رکھا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ اس پر مہربانی کرے گا اور خلعت پہنائے گا اور پھر قید خانہ میں ڈالے گا۔ اور اگر یہ خواب سوداگر نے دیکھا ہے تو اس کا شمار سوداگروں میں ہوگا۔ اور ہر ایک کا شمار اپنی جنس کے ساتھ ہے۔ اور اہل تعبیر کو چاہئے کہ چیزوں کا قیاس اچھی طرح کریں تا کہ مغالطے میں نہ پڑیں۔

گورستان (قبرستان):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گورستان کا دیکھنا جاہلوں کی صحبت ہے کہ ان کا دین اور دنیا خراب ہے اور غم و پشیمانی ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے اہل قبور کی زیارت کی ہے تو دلیل ہے کہ قیدیوں سے ملے گا اور اگر دیکھے کہ قبرستان پر بارش برسی ہے تو دلیل ہے کہ اہل قبور پر رحمت حق ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر مالدار دیکھے کہ قبروں میں گیا ہے اور ان کو سلام کیا ہے۔ دلیل ہے کہ درویش ہوگا اور لوگوں سے بھیک مانگے گا۔ کیونکہ گورستان ناداروں کی جگہ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ معلوم گورستان میں ہے اور مردے قبروں سے اُٹھے ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس جگہ کے لوگ بلا اور محنت میں گرفتار ہوں گے۔ اور اگر دیکھے کہ قبریں کھلی ہیں اور بعض مردے ہیں اور بعض زندہ ہیں تو دلیل ہے کہ اس ملک میں محنت اور تنگی ظاہر ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خوب میں قبرستان تین وجہ پر ہے۔ اول: قید خانہ۔ دوم: غم۔ سوم: محنت اور بلا۔

کوز (ایک پھل ہے):

کوز خواب میں مال ہے۔ جو بلا اور محنت اور رنج اور سختی سے حاصل ہوگا۔ اگر دیکھے کہ کوز سے کھیلتا ہے یا اس کے ہاتھ میں ہے تو جنگ اور جھگڑے پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جس کوزے کا معز تباہ ہو گیا ہے۔ کمی اور بیشی کی مطابق اس کو مال حرام ملے گا۔ اور اگر معز کوز کھانے میں مزے دار ہے تو مال حلال پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کوز کو توڑتا ہے تو دلیل ہے کہ عجمی مرد سے مال حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس کوز ہے تو دلیل ہے کہ جنگ اور جھگڑے میں پڑے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کوز بے مزہ اور تلخ ہے تو دلیل ہے کہ بخیل آدمی سے بری بات سنے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے معز کوز سے روغن نکالا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بخیل مرد سے فائدہ پہنچے گا۔

www.waseemziyai.com

کوز ہندی:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے کوز ہندی دیا ہے تو دلیل ہے کہ منجم اور رمال ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کوز ہندی کو کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی بات کو سچ جانے گا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ کوز ہندی خواب میں کمینہ مرد یا ہندی کنیز ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کوز ہندی کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اہل نجوم کی باتوں کو سچ جانے گا اور ان پر اعتقاد رکھے گا۔

کوز بویا (جوز بوا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کوز بویا دین کی اصلاح اور علم شرح کا جاننا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کوز بویا کھایا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب مصلحت دین کی راہ اختیار کرے گا اور شریعت سیکھے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس کوز بویا ہے۔ کھاتا ہے۔ اور لوگوں کو دیتا ہے۔ دلیل ہے کہ علم اور حکمت میں یگانہ ہوگا اور اس سے دوسروں کو فائدہ پہنچے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس کوز بویا ہے اور اس میں سے کسی کو نہیں دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے علم سے نہ اس کو اور نہ دوسروں کو نفع ہوگا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ کوز بویا کا کھانا علم نجوم پر دلیل ہے۔

گوئے زمین (گڑھا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زمین کا گڑھا مال ہے جس کو مکر اور حیلے سے حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ گڑھے میں چھپا ہے اور اس میں سے نکل نہیں سکتا ہے تو دلیل ہے کہ مکر اور حیلے سے کسی کام میں پڑے گا اور اس سے مشکل کے ساتھ نکلے گا اور جس قدر گڑھا گہرا ہوگا کام زیادہ سخت ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ وہ گڑھا سرد آبے جیسا ہے۔ دلیل ہے کہ چور اس سے کچھ لے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے گڑھا یا کنواں کھودا ہے تو دلیل ہے کہ کسی کے لئے مکر اور حیلہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس سے پانی نکالا ہے تو دلیل ہے کہ مکر اور حیلہ سے کچھ حاصل کرے گا اور زندگی بسر کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ گڑھے میں گرا ہے اور اس سے باہر نہیں نکل سکتا ہے تو دلیل ہے کہ کسی پوشیدہ کام میں رہے گا اور اس سے خلاصی نہ پائے گا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو رہائی پانے پر دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

کوزہ (لوٹا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تانبے یا بھرت کا لوٹا خادم ہے۔ اور اگر مٹی کا بنا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو لوٹے کی خوبی کے مطابق کنیز حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ لوٹے سے پانی پیا ہے تو دلیل ہے کہ باندی سے جماع کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ لوٹا ٹوٹا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی لونڈی مرے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لوٹا مال اور نعمت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس سونے یا چاندی کا لوٹا ہے تو حسب منشا اس کو ملے گا۔ لیکن اس میں تہمت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس سیسے یا قلعی کا لوٹا ہے تو مال اور نعمت پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لوٹا نو وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: خادم۔ سوم: کنیز۔ چہارم: دین کا قیام۔ پنجم: جسم کی درستی۔ ششم: عمر دراز۔ ہفتم: مال۔ ہشتم: خیر و برکت۔ نہم: عورتوں کی طرف سے میراث۔

اور کوزہ لٹکانے والے کو برادہ کہتے ہیں اور اس کی تاویل سردار اور امیر زادی ہے۔

گوسالہ (بچھڑا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے بچھڑا لیا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا۔ اور اگر بچھڑی ہے تو لڑکی پیدا ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ بچھڑے کو گھر میں لے گیا ہے اور اس پر ہاتھ پھیرا ہے تو دلیل ہے کہ غمناک ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ بچھڑا اس کے گھر میں آمد و رفت کرتا ہے تو غم و اندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے جنگلی بچھڑا پکڑا ہے تو فرزند پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بچھڑے کی پشت پر سوار ہے تو دلیل ہے کہ عجمی بادشاہ کو ملے گا اور اس سے مرتبہ پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا بچھڑا مر گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا فرزند مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا بچھڑا ضائع ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے فرزند اس سے جدائی تلاش کریں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بچھڑا ہے اور اس نے اس کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے فرزند کی میراث کھائے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ بچھڑا سفید ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند پارسا اور مبارک اور تونگر (مالدار) ہوگا۔ اور اگر ابلق دیکھے تو درمیانے درجے پر دلیل ہے۔ اور اگر بچھڑا قوی اور فربہ ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند تندرست اور نیک احوال ہوگا۔ اور اگر ضعیف اور دبلا ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

www.waseemziyai.com

گوسفند (بکرا۔بکری):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گوسفند غنیمت ہے۔اگر دیکھے کہ بکریاں چراتا ہے تو دلیل ہے کہ کسی جماعت پر بزرگی اور سرداری پائے گا۔اور اگر دیکھے کہ بعض بکریاں سیاہ ہیں اور بعض سفید ہیں دلیل ہے وہ جماعت عرب اور عجم سے مخلوط ہوگی۔اور اگر دیکھے کہ بہت سی بکریاں جمع ہوگئی ہیں اور جانتا ہے کہ سب اس کی ملک ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو بہت سا مال حاصل ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ اس نے بکری گردن پر اٹھائی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ کسی کی محنت اپنے ذمہ لے گا۔اور اگر دیکھے کہ بکری کا پکا ہوا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر مال غنیمت حاصل ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ گوشت بھون کر کھایا ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔اور اگر دیکھے کہ کھانے کے لئے بکری ذبح کی ہے تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا اور اس کا مال کھائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اس نے بکرا پکڑا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی صحبت کسی بڑے آدمی سے ہوگی اور اس سے بزرگی اور مال پائے گا۔اور اگر دیکھے کہ بکرے کا گلا کاٹ کر اس کو چھوڑ دیا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی پر فتح پائے گا اور اس کا مال لے گا اور خرچ کرے گا۔اور اگر دیکھے کہ بکرے پر بیٹھا ہے اور وہ اس کا فرمانبردار ہے تو دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی پر غالب آئے گا۔اور اگر دیکھے کہ بکرا اس پر غالب ہے۔تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے بکرے کا سر اور پاؤں توڑے ہیں تو دلیل ہے کہ جس شخص کی اوپر صفت بیان ہوئی ہے اس پر غالب آئے گا۔اور اگر دیکھے کہ بکرے کا سر اور پاؤں قوی اور دراز ہیں تو دلیل ہے کہ وہ شخص قوی اور توانا ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ بکرے پر پشم ندارد ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور نعمت زیادہ ہوگی۔اور اگر دیکھے کہ اس نے بکرے کی بہت سی پشم اتاری ہے اور جانتا ہے کہ اس کی ملک ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر لوگوں پر حکومت کرے گا۔اور ان کو ماتحت بنائے گا اور ان سے مال ونعمت پائے گا۔اور بعض اہل تعبیر بیان کرتے ہیں کہ اس کو ہر ایک بکرے کے عوض میں ایک ایک سال اور بزرگی اور شرف کا حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بکری خواب میں بڑی اور سخی عورت ہے۔قصہ حضرت داؤد علیہ السلام میں فرمان اللہ تعالیٰ ہے: ان هذا اخی له تسع وتسعون نعجة ولی نعجة واحدة۔(اس میرے بھائی کی ننانویں دنبیاں ہیں اور میری صرف ایک دنبی ہے)۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے بکری پکڑی ہے یا اس کو کسی نے دی ہے تو دلیل ہے کہ گذشتہ صفت کی عورت اس کی محبت اور خواستگار ہوگی اور اس سے مال حاصل کرے گی۔اور اگر دیکھے کہ بکری ضائع ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ وہ عورت اس سے جدا ہوگی۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اس نے بکری کا گلا کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ پیسا عورت پر بہتان لگائے گا۔اور اگر بکری سیاہ ہے تو دلیل ہے کہ وہ عورت عرب سے ہوگی۔اور اگر سفید

www.waseemziyai.com

ہے تو وہ عورت عجم سے ہوگی۔ اور بکری کا چمڑا غنیمت اور مال حلال ہے اور خواب میں گوسفند کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: سردار۔ دوم: سرداری۔ سوم: مال۔ چہارم: فرمان۔ پنجم: مرتبہ اور منفعت۔

گوشت ہا (کئی طرح کے گوشت):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں جس قدر کہ پختہ (پکا ہوا) گوشت کھائے جائیں مال اور منفعت پر دلیل ہے۔ جس کو آسانی سے حاصل کرے گا۔ اور خام گوشت کو کھانا دلیل ہے کہ مال کو رنج اور سختی سے حاصل کرے گا۔ اور گوشت کی خرید و فروخت غم واندوہ ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ پختہ (پکا ہوا) گوشت کا کھانا بھنے ہوئے سے بہتر ہے اور بھنے ہوئے سے خام بہتر ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے جسم کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے اہل خانہ کی عبادت کرے گا۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس سے پشیمان ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ لوگوں کا گوشت کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور نعمت زیادہ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے بکرے کی بہت سی پشم اتاری ہے اور جانتا ہے کہ اس کی ملک ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر لوگوں پر حکومت کرے گا اور ان کو ماتحت بنائے گا اور ان سے مال ونعمت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کسی شخص کو پھانسی پر لٹکایا ہے اور وہ اس کا گوشت کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ مال حرام کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ فربہ بکری کا گوشت پکا ہوا کھایا ہے تو دلیل ہے کہ مال اور نعمت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چمڑا اتاری ہوئی بکری اپنے گھر میں لایا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی سردار وہاں مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بکری کا تھوڑا جسم اپنے گھر میں لایا ہے تو دلیل ہے کہ اس گھر میں کوئی ہلاک ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ فربہ گوشت کا خواب میں دیکھنا لاغر سے بہتر ہے۔ اور اگر دیکھے کہ تازہ گوشت سے کسی کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو زبان سے رنجیدہ کرے گا یا اس کی غیبت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بھنا ہوا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر غم واندوہ سے روزی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ قصاب سے گوشت لیا ہے اور اس کی قیمت دی ہے اور اپنے گھر کو لے گیا ہے تو دلیل ہے کہ ہلاک ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے اژدھا (سانپ اینا کونڈا) کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر دشمن کا مال لے گا اور خرچ کرے گا۔ اور دشمن کو مغلوب کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے گھوڑے کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ مخلوق میں نیک نام ہوگا۔ اور اس کو بادشاہ سے کچھ ملے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اونٹ کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر دشمن سے مال لے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے اُونٹ کے بچے کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر یتیم کا مال کھائے گا اور بیمار ہوگا اور پھر شفا پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے عقاب کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو ظالم بادشاہ سے روپیہ پیسہ ملے گا۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ اس نے ہرن کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر خوبصورت عورت سے مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بکری کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو دشمن سے مال مفت حاصل ہوگا اور خرچ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے ابابیل کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ مصیبت میں گرفتار ہوگا یا بیمار ہوگا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ ابابیل کا گوشت خواب میں کھانا دشمن کا مال کھانا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بطخ کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور نعمت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے چیتے کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ لڑائی میں نام پائے گا اور شرف اور بزرگی حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چڑیا کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ کسی نازک شخص کا یا اپنے فرزند کا مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کہ بندر کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ ہاتھی کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر بادشاہ سے مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چرغ کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ ظالم بادشاہ سے نفع پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چکور کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ بے وفا شخص کا مال کھائے گا۔ اور اگر طوطے کا گوشت کھائے تو چوری کا مال کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چکاوک کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ غلام کا مال کھائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ گدھے کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ مال حرام کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ خرگوش کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کا مال کھائے گا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ وراثت کا مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مرغے کا گوشت کھاتا ہے تو عجمی مرد کا مال کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کیکڑے کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حرام کھائے گا اور اطاعت میں سستی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ تیتر کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کا مال لے گا اور خرچ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نیولے کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا یا ترس اور خوف کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کوے کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر بدکار آدمی کا مال کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سنگ خوارہ کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب بے وقوف شخص کے مال سے فائدہ اور منفعت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے گدھ کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ مسافر شخص سے خیر و منفعت پائے گا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ دنیا کی زینت اور اس کے کمال پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کتے کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔ اور سنجاب کا گوشت کھانا مسافر شخص کا گوشت کھانا ہے۔ اور سیمرغ کا گوشت کھانا دلیل ہے کہ اس کو کسی بڑے آدمی کا مال حاصل ہوگا۔ اور شاہین کا گوشت کھانا دلیل ہے کہ ظالم شخص کے مال سے نفع پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بکری کے بچہ کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ گمراہ کردہ راہ سے ملے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شیر کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ تجارت میں اپنوں کے ساتھ جھگڑا کرے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے مور کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ مال اور نعمت پائے گا۔ اور اگر

www.waseemziyai.com

طوطے کا گوشت کھائے تو بے فائدہ علم سیکھے گا۔ اور اگر فنک کا گوشت کھائے تو عورت کا مال کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے قمری کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ خوبصورت عورت سے منفعت پائے گا۔ اور اگر گائے کا گوشت کھائے تو دلیل ہے کہ بہت سا مال حاصل کرے گا اور اس کا کام انتظام سے ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ جنگلی گائے کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر اس کو عورت یا کنیز کے مال سے نفع ہوگا۔ اور اگر کبوتر کا گوشت کھائے تو عورت کے مال سے اس کو فائدہ ہوگا۔ اور اگر بلی کا گوشت کھائے تو دلیل ہے کہ نفع پائے گا۔ اور اگر بھیڑیئے کا گوشت کھائے تو دلیل ہے کہ ظالم بادشاہ سے مال حرام پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کچھوے کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ عالم سے علم حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے بجو کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ بڑھیا عورت اس پر جادو کرے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کلازہ کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ جنگلی آدمی کا گوشت کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے گورخر کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ مال اور منفعت پائے گا۔ اور مرغی کا گوشت کھانا دلیل ہے کہ اس کو کنیز یا خادم کی طرف سے مال ملے گا۔ اور مچھلی کا گوشت کھانا دلیل ہے کہ عورت کے مال سے کچھ کھائے گا اور مرغابی کا گوشت کھانا بزرگی اور ولایت پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ مردہ شخص کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی بدی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مگرمچھ کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ رنج اور بلا پہنچے گی۔ اور ہدہد کا گوشت کھانا دلیل ہے کہ دانا اور بزرگ شخص سے منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے ہما کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے راحت حاصل ہوگی اور اس کا مرتبہ بلند ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے بلبل کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو عورت یا کنیز یا فرزند یا غلام سے نفع ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے باشہ کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن کا مال کھائے گا۔ اور چیتے کا گوشت کھانا بھی دشمن کا مال کھانے پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جانوروں کا گوشت دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: مال۔ دوم: میراث۔ سوم: تونگری (مالدار)۔ چہارم: مصیبت اور اندوہ۔

گوش (کان):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کا کان گر پڑا ہے یا کٹ گیا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا یا اس کی لڑکی مرے گی یا آپس سے جدا ہوں گے۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کی موت قریب آئی ہے۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ بہرا ہوا ہے اور کچھ بھی سن نہیں سکتا ہے۔ اس کے فساد دین اور فساد دیانت پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کان کا دیکھنا آٹھ وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: خیر اور منفعت۔ سوم: دوست۔ چہارم: جانا۔ پنجم: فرزند۔ ششم: غلام۔ ہفتم: مال اور مراد۔ ہشتم: خوف اور

www.waseemziyai.com

دہشت۔

گوشوارہ (جھمکے، کان کا زیور):

گوشوارہ۔ جھمکا۔ کان کا زیور ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے دونوں کانوں میں گوشوارے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کی آرائش اور زیبائش پہلے سے زیادہ ہو گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے دونوں کانوں میں بہت بیش قیمت مروارید لٹکے ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ علم اور قرآن مجید سیکھے گا اور دانا اور عالم ہوگا۔ اگر ایک کان میں مروارید دیکھے اور دوسرے میں نہ دیکھے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب علم اور قرآن مجید سیکھے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس دو گوشوارے ہیں تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبہ پائے گا۔ اور اگر مرد دیکھے کہ اس کی عورت کانوں میں دو بالیاں رکھتی ہے ایک سونے کی ہے اور ایک چاندی کی ہے تو دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گوشوارہ دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: فرزند خوبصورت اور آرائش۔ دوم: علم اور قرآن مجید سیکھنا۔ سوم: بزرگی۔ چہارم: عورت کو طلاق دے کر غم واندوہ پانا۔

کوشک (محل):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ محل میں گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا چاہا ہوا مال حاصل ہوگا۔ خاص کر اگر محل خشت خام یا مٹی کا ہے۔ اور اگر پختہ اینٹ یا مٹی کا ہے تو مال پر دلیل ہے۔ لیکن اس کے دین میں نقصان ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو محل دیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ بادشاہ سے مال حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا محل خراب ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مال تلف (ضائع) ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے محل میں آگ لگی ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ صاحب خواب سے تاوان لے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں محل آٹھ وجہ پر ہے۔ اول: نعمت۔ دوم: ولایت۔ سوم: مرتبہ۔ چہارم: ریاست۔ پنجم: بزرگواری۔ ششم: بادشاہی۔ ہفتم: راحت۔ ہشتم: محل کی بلندی اور خوبی کے مطابق خوشی اور شادی اور مرتبہ حاصل کرے گا۔

گوگرد (گندھک):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گندھک غم واندوہ ہے۔ اور گندھک کے دیکھنے میں خیر ومنفعت نہیں ہے۔

www.waseemziyai.com

کودک (بچہ):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں بچپن غم واندوہ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بچہ بن گیا ہے اور معلم کے آگے کتاب پڑھ رہا ہے۔ تو دلیل ہے کہ غم واندوہ میں گفتار ہوگا۔ کیونکہ بچہ فساد سے اصلاح کو چاہتا ہے۔ اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے۔ اگر اپنے آپ کو بچہ دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا کام ضعیف ہوگا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ کسی نے اس کے آگے بھنا ہوا بچہ رکھا ہے اور اس نے کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ بہت خیر پائے گا اور وہ بچہ بڑے مرتبہ کو پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خوبصورت لڑکا تاویل میں فرشتہ ہے اور بدصورت لڑکا منفعت ہے۔ اور اگر مرد دیکھے کہ وہ شیر خوار ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ مقصود سے رکے گا۔ اور اگر مرد دیکھے کہ کسی بچہ کو دودھ دیتا ہے تو دلیل ہے کہ جننے کے وقت سلامت رہے گا۔

کوہ (پہاڑ):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر اپنے آپ کو بلند پہاڑ پر دیکھے اور جانے کہ اس کی ملک ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بزرگ آدمی اپنی پناہ میں لے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پہاڑ کو اس کی جگہ سے کھینچا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی کو مغلوب کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے پہاڑ پر مقام کیا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی سے عزت اور مرتبہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پہاڑ پر چڑھا ہے تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبہ پائے گا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اگر مشکل سے پہاڑ پر چڑھا ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ پہاڑ سے نیچے اترا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کی بزرگی اور مرتبے کو نقصان پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پہاڑ کی چوٹی پر مقام بنایا ہے تو دلیل ہے کہ وہ بادشاہ سے عزت پائے گا اور اس کا مقرب ہوگا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ پہاڑ پر اذان دیتا ہے اور نماز پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام خیر وخوبی سے ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پہاڑ اور محل کے اوپر جانا مراد کے پورے ہونے پر دلیل ہے۔ اور اگر اپنے آپ کو پہاڑ کے دامن میں گرا دیکھے تو دلیل ہے کہ غمناک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ پہاڑ کے دامن میں نماز پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ دین کے موافق کام کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پہاڑ پر اس کی ہمراہی میں بادشاہی لوگ ہیں۔ دلیل ہے کہ بادشاہ سے عزت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پہاڑ نے اپنی جگہ سے حرکت کی ہے اور پھر قرار پایا ہے۔ دلیل ہے کہ وہاں کوئی بڑا آدمی بیمار ہوگا اور پھر شفا پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے آسانی کے ساتھ پہاڑ کھودا ہے تو دلیل ہے کہ جلدی عطا پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مٹی کا پہاڑ ہے تو دلیل ہے کہ اس کو کنجوس سردار سے طمع ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ وہ کوہ کاف پر بیٹھا ہے تو دلیل

www.waseemziyai.com

ہے کہ اس کی موت قریب ہوئی ہے۔

اور اگر دیکھے کہ کوہ طور پر بیٹھا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ کو اس پر بھروسہ ہوگا اور اس کی مراد پوری ہوگی۔ اور اگر اپنے آپ کو کوہ عرفات پر دیکھے تو دلیل ہے کہ توبہ کرے گا اور گناہ سے پشیمان (نادم) ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ وہ کوہ لبنان پر ہے تو دلیل ہے کہ وہ علماء اور صلحاء سے صحبت رکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ تاریک (سیاہ) پہاڑ ہے تو دلیل ہے کہ اس کو ہلاکت کا خوف ہے۔

اور اگر دیکھے کہ بدراہ ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی موت قریب ہے یا قید خانے میں جائے گا۔ اور اگر اپنے آپ کو روشن پہاڑ پر دیکھے تو دلیل ہے کہ مال حاصل کرے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ ویران پہاڑ پر ہے اور پتھر بکھرے ہوئے ہیں اور وہ مشکل سے چلتا ہے اور تیر ڈالتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو ظالم بادشاہ سے خوف ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ وہ پہاڑوں میں چلتا ہے اور تیر ڈالتا ہے تو دلیل ہے کہ دو بڑے آدمیوں میں وسیلہ بنے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پہاڑ میں سوراخ ہے اور وہ اس سوراخ کے اندر گیا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کے راز سے آگاہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس سوراخ سے کوئی چیز نکالی ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے عطا پائے گا۔

حضرت حافظ معبر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ پہاڑ کے اوپر چڑھا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بزرگ آدمی کی خدمت میں مشغول ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ کسی پہاڑوں سے پتھر لیے ہیں اور ہر ایک کو پہاڑ پر ڈالتا ہے۔ دلیل ہے کہ مال کو قہر سے جمع کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ پہاڑ کو بغل میں پکڑ رہا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کسی بڑے آدمی کی خدمت کرے گا اور اس سے خیر و منفعت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ پہاڑ سے نیچے گرا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری نہ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ پہاڑ پر پختہ اینٹوں اور چونے کی سیڑھی بنی ہوئی ہے اور وہ اس پر سے پہاڑ کی چوٹی پر گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس مراد جلدی حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ سیڑھی کچی اینٹ اور گارے کی ہے۔ تو اس کی تاویل عمدہ ہے۔ اور اگر سیڑھی تانبے کی ہے تو بد ہے۔ اور اگر بھرت کی سیڑھی ہے تو اس کی مراد پوری نہ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ پہاڑ کی چوٹی پر کھڑا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کا مقرب خاص ہوگا اور بہت سا مال پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خود کو پہاڑ پر دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: بادشاہ۔ دوم: منشی کا کام۔ سوم: فتح پانا۔ چہارم: بلندی حاصل کرنا۔ پنجم: سرداری پانا۔

گوہر (موتی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں موتی کا دیکھنا خوب صورت دولت مند عورت کو

www.waseemziyai.com

دیکھنا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس موتی ہے تو دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے موتی ہیں تو دلیل ہے کہ بہت سا مال حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ موتی بیچتا ہے تو دلیل ہے کہ عورتوں کے شغل (کام) میں مشغول ہوگا اور دلالی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بعض موتیوں میں سوراخ ہیں اور بعض کی بابت علم نہیں ہے تو دلیل ہے کہ کنواری اور بیوہ عورتوں کی دلالی کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سفید موتی فرزند ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس سفید موتی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں موتی کا دیکھنا آٹھ وجہ پر ہے۔ اول: مال۔ دوم: علم۔ سوم: مشہور فرزند۔ چہارم: بیش قیمت چیز۔ پنجم: خوب صورت عورتیں۔ ششم: فائدہ مند بات۔ ہفتم: خیر و برکت۔ ششم: نیک کام کرنا۔

اور اگر صاحب خواب پارسا (نیک) نہیں ہے تو اس کے لئے پشیمانی (ندامت) پر دلیل ہے۔ اور خواب میں گوہر فروش صاحب علم و حکمت ہے۔

کوچہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ وہ آباد کوچے میں ہے تو دلیل ہے کہ اس کو خیر و منفعت پہنچے گی۔ خاص کر اگر اس میں مصلح لوگ ہیں۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو بدی اور نقصان اور ضرر پہنچے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ فراخ کوچہ میں مقیم ہے۔ تو اس کے لئے غم واندوہ پر دلیل ہے۔

کیک (پسو):

اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس پسو ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ غم ناک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے پسو کھایا ہے تو سخت تر غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو پسو دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو غم واندوہ پہنچے گا۔ اور پسو کے دیکھنے میں کسی طرح کی بھی خیر و منفعت نہیں ہے۔

www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حرف لام

لباچہ (لبادہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لبادہ دیکھنا نیکی اور دین کی پائداری ہے۔ خاص کر اگر سبز ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس سمور یا سنجاب کا لبادہ ہے تو دلیل ہے کہ دیانت دار مرد کی پناہ میں آئے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس سبز لبادہ ہے۔ دلیل ہے کہ با امانت شخص سے نفع پائے گا۔ اور اگر سرخ پہنا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ عیش پسند شخص ہے، اس لبادے کی قیمت کے مطابق اس کو منفعت ہوگی۔ اور اگر سفید ہے تو مصلح اور تونگر شخص سے نفع پائے گا۔ اور اگر زرد ہے تو بیماری پر دلیل ہے۔ اور اگر نیلے رنگ کا پہنا ہوا ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر سیاہ پہنا ہوا ہے اور صاحب خواب قاضی یا خطیب ہے تو دلیل ہے کہ خیر اور نیکی پائے گا۔ اور اگر قاضی اور خطیب نہیں ہے تو نقصان اور بے حرمتی پر دلیل ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ریشم کا لبادہ مردوں کے لئے نقصان دلیل ہے اور عورتوں کے لئے خوشی ہے۔ اور عنابی رنگ کا لبادہ مردوں اور عورتوں کے لئے نیک ہے اور سفید فراخ خیر اور نیکی پر دلیل ہے اور خواب میں تنگ لبادہ نقصان مال پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ سوتی لبادہ مردوں اور عورتوں کے لئے نیک ہے اور خواب میں لبادہ چار وجہ پر ہے۔ اول: عورتیں۔ دوم: امانت داری۔ سوم: کاموں کی درستی۔ چہارم: خیر ومنفعت۔

لباس (پوشاک):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ گرمی کا لباس جاڑے (سردی) میں پہنا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مال زیادہ ہوگا لیکن اس کو بڑا خوف اور ڈر پہنچے گا۔ لیکن اس کا انجام نیک ہوگا اور اگر عورت دیکھے کہ اس نے مردوں کا لباس پہنا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے شوہر کو کچھ ملے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی بیداری کی نسبت خواب میں برا لباس دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا کام بد ہوگا۔ اور اگر عمدہ دیکھے تو اس کا کام بہتر ہوگا۔ اور اگر لباس سرداروں جیسا دیکھے تو دلیل ہے کہ سردار ہوگا۔ اور اگر اپنے اوپر بدکاروں کا لباس دیکھے تو دلیل ہے کہ بہت گناہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا لباس بادشاہوں کا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے خیر ومنفعت پائے گا۔ اور اگر علماء کا لباس پہنا ہے تو دلیل

www.waseemziyai.com

ہے کہ علم سے حصہ پائے گا۔ اور اگر صوفیوں کا لباس رکھتا ہے تو دلیل ہے کہ دنیا سے دست بردار ہوگا۔ اور اگر دولت مندوں کا لباس رکھتا ہے تو دلیل ہے کہ مال جمع کرنے پر حریص ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ یہودیوں اور عیسائیوں کا لباس رکھتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا دل ان کی طرف مائل ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لباس کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ اول: دین پاک۔ دوم: تونگری۔ سوم: عزت اور مرتبہ۔ چہارم: منفعت۔ پنجم: خوش عیش۔ ششم: عمل نیک۔ ہفتم: عدل چاہے گا۔

لب ہا (لب، ہونٹ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لبوں کا دیکھنا مرادوں کے پورا ہونے پر دلیل ہے اور نیچے کا لب اوپر کے لب سے بہتر ہے۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ لب خواب میں رشتہ دار اور قریبی ہے۔ اگر دیکھے کہ اوپر کا لب اپنی جگہ سے زائل ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا مال زوال میں ہوگا اور نیچے کے لب کی بھی یہی تاویل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کا نیچے کا لب کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا یا عورت اس کو ہلاک کرے گی۔ اور اگر دونوں لب گرے ہوئے دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو ماں باپ کی طرف سے مصیبت پہنچے گی۔ اور یہ بھی کہتے ہیں کہ وہ چغل خور ہوگا۔ اور اگر اپنے لبوں کو دردمند دیکھے تو دلیل ہے کہ غمگین ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے لب آپس میں جڑے ہوئے ہیں اس طرح کہ کھل نہیں سکتے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کا کام رکے گا۔ اور اگر عورت اپنے لب پر سیاہ خال یعنی تل دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی عزت زیادہ ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اپنا لب دانتوں میں پکڑ کر زخمی کیا ہے، تو دلیل ہے کہ اس کا جھگڑا ہو جس سے ہلاکت کا خوف ہو۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے لب سوجے ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ مال زیادہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے لب سرخ ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ حاکم بنے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے لب سبز یا سفید ہیں تو دلیل ہے کہ دوستوں کی وجہ سے غم کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ لب کمزور اور ضعیف ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا حال بد ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اوپر کا لب لڑکوں اور نیچے کا لب لڑکیوں پر دلیل ہے۔

لحاف:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لحاف عورت ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس نیا اور پاکیزہ لحاف ہے تو دلیل ہے کہ عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے نیا لحاف خریدا ہے تو دلیل ہے کہ کنواری باندی (کنیز) خریدے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا لحاف ضائع ہوا ہے تو دلیل ہے کہ عورت

www.waseemziyai.com

کوطلاق دے گا اور اگر لحاف پھٹا ہوا اور میلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا عیال ناموافق اور لڑا کا ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس لحاف ہے۔ دلیل ہے کہ دین دار اور تونگر (مالدار) عورت کرے گا۔ اور اگر سفید لحاف ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت تونگر اور پارسا ہوگی۔ اور اگر سرخ دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت عیاش ہوگی۔ اور اگر زرد لحاف دیکھے تو بیمار جیسی عورت پر دلیل ہے اور رنگدار لحاف ؛ راور قریبی عورت پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نیا لحاف تین وجہ پر ہے۔ اول: علم والی عورت۔ دوم: کنواری لڑکی۔ سوم: کنواری باندی (کنیز)۔

لرزیدن (کانپنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی گردن کانپتی ہے۔ دلیل ہے کہ امانتداری میں ضعیف ہوگا۔ اگر دیکھے کہ اس کا سر کانپ گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو حاکم سے نقصان پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی گردن کانپتی ہے تو دلیل ہے کہ زینت اور آراستگی نہ رکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ کانپتے ہیں تو دلیل ہے کہ جس مرد سے اس کو قوت اور پناہ ہے اس کو نقصان پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا پاؤں کانپتا ہے تو دلیل ہے کہ جس مراد کے درپے ہے اس سے رنج اور سختی دیکھے گا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں جسم کا کانپنا خوف اور ڈر ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جسم کا کانپنا چار وجہ پر ہے۔ اول: ضعف حال۔ دوم: خوف۔ سوم: غم واندوہ۔ چہارم: نقصان اور بیماری کا ہونا۔

لرزیدن چیزہا (چیزوں کا کانپنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ آسمان کانپتا ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک میں فتنہ اور فساد اور ظلم بہت ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ آفتاب اور چاند کانپتے ہیں تو دلیل ہے کہ اس ملک کے بادشاہ کو رنج اور ضرر پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ستارے کانپتے ہیں تو دلیل ہے کہ بادشاہ کے مقربوں میں پریشانی ظاہر ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ زمین کانپتی ہے تو فتنہ اور آفت پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ پہاڑ کانپتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے بادشاہ کو نقصان پہنچے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ عرش کانپتا ہے تو علماء کی بددیانتی اور فساد پر دلیل ہے۔ اور اگر لوح وقلم کانپتے ہوئے دیکھے تو منشیوں اور اہل علم کی بدحالی پر دلیل ہے۔ اور اگر سات آسمانوں کو لرزے میں دیکھے تو دلیل ہے کہ اس ملک والوں کے فساد کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا عذاب اور غصہ ہوگا۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ چاند اور سورج تاروں کی جہت پر کانپتے ہیں تو اس ملک کے بادشاہ کی جنگ اور خصومت اور قتل و خونریزی پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ کا مکان یا محل کانپتا ہے تو دلیل ہے کہ اس موضع والوں پر محنت اور آفت پڑے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا جسم کانپتا ہے تو فساد اور مصیبت پر دلیل ہے۔

لشکر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ لشکر کسی جگہ پر ہے یا آیا ہے تو دلیل ہے کہ جگہ والوں کو تکلیف پہنچے گی۔ اور اگر لشکر کو آراستہ دیکھا تو جس ملک میں لشکر ہے اس کی قوت اور نصرت پر دلیل ہے۔ اور جس بادشاہ کی ملک لشکر ہے اس کی قوت پر دلیل ہے۔ اور اگر لشکر بغیر اسلحہ کے ہے تو اس بادشاہ اور اہل ملک کے ضعف اور عاجزی پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ لشکر کو خواب میں دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: ٹڈی دل۔ دوم: سیل۔ سوم: سخت ہوا۔ چہارم: جنگ و خصومت (لڑائی)۔ پنجم: بلا اور محنت۔

لعل:

لعل ایک قیمتی پتھر ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ لعل خواب میں خوبصورت اور مالدار عورت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس لعل آتشیں ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے یا اس نے خریدا ہے تو دلیل ہے کہ اس قسم کی عورت کرے گا یا پاکیزہ عقلمند کنیز خریدے گا۔ اور اگر اس کی عورت ہے تو پاکیزہ لطیف خوبصورت لڑکی جنے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے لعل ہیں تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا۔ لیکن دین میں مکروہ ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی دوست نے اس کو لعل کا ٹکڑا دیا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر اور قیمت کی مالدار عورت اپنے رشتہ داروں میں سے کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی بیگانے نے لعل کا ٹکڑا دیا ہے تو دلیل ہے کہ نامعلوم عورت اسی صفت کی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی جوان نے لعل کا ٹکڑا دیا ہے تو دلیل ہے کہ مال حاصل کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لعل کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: کنیز۔ سوم: منفعت۔ چہارم: دنیا کا مال اور لڑکیاں۔

لعوق (چٹنی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ چٹنی مزہ شیریں اور خوشبودار ہے تو خیر و منفعت پر دلیل ہے۔ اور اگر انار اور چلغوزہ اور خشخاص وغیرہ کی چٹنی دیکھے۔ اگر تلخ اور ترش اور بدبودار ہے تو بدی اور نقصان پر دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شیریں چٹنی خیر ومنفعت پر دلیل ہے اور ترش کی تاویل اس کے خلاف ہے۔

لفاح الشمامہ (دستنبویہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ دستنبویہ کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ اور اگر کسی کو دیتا ہے تو وہ بیمار ہوگا۔ اور اگر اس کی بو سونگھی ہے تو خوشی کی باتیں سنے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سی دستنبویہ ہے تو مال پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دستنبویہ چھ وجہ پر ہے۔ اول: اچھی بات۔ دوم: مال۔ سوم: فرزند۔ چہارم: دوست۔ پنجم: رفیق۔ ششم: غلاف۔

لقلق (ایک پرندہ ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لقلق باحسب ونسب آزاد اور عاقبت اندیش مرد ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے لقلق پکڑا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی مذکورہ بالا صفت کے آدمی سے صحبت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے لقلق کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ بڑا دشمن اس کے ہاتھ سے ہلاک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ لقلق اس کے ساتھ باتیں کرتا ہے تو دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس پر لوگ تعجب کریں گے اور اس کو کسی بڑے آدمی سے منفعت حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ لقلق اس کے چوبارے پر بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی سردار اس کے گھر میں آئے گا۔ اور اگر دیکھے کہ لقلق اس کے ہاتھ سے اڑا ہے تو دلیل ہے کہ دہقان (کسان) مرد کی صحبت سے جدا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے لقلق کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر کسی دہقان سے مال حاصل کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لقلق کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: مرد دہقان۔ دوم: بادشاہ ضعیف۔ سوم: پاسبان۔ چہارم: مسافر اور درویش۔

لقمہ (نوالہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی نے شیریں نوالہ اس کے منہ میں رکھا ہے تو دلیل ہے کہ وہ شخص اس کو عمدہ بات کہے گا۔ اور اگر وہ لقمہ غلیظ اور ترش ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے منہ میں لذیذ اور شیریں لقمہ کسی نے رکھا ہے اگر مصلح ہے تو مال حلال پر دلیل ہے۔ اور اگر لقمہ شیریں گرم ہے تو دلیل ہے کہ کسی بات سے بلا میں پڑے گا۔ اور اگر لقمہ اس کے حلق سے آسانی سے گیا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ منہ میں نوالہ رکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: بوسہ دینا۔ دوم:

www.waseemziyai.com

پاکیزہ بات کہنا۔سوم:لقمہ کے اندازے کے مطابق منفعت۔

لقوہ(بیماری ہے):

لقوہ ایک بیماری ہے جس میں منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ لقوہ کی بیماری سے اس کا منہ ٹیڑھا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کے نزدیک ذلیل وخوار ہو گا۔اور اگر دیکھے کہ اس کا چہرہ خوبصورت اور عمدہ ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں میں معزز اور مقبول ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لقوہ نفاق پر دلیل ہے۔کہ لوگوں میں نفاق کی باتیں کرے گا۔اور اگر دیکھے کہ لقوہ ہو گیا ہے۔بیماری کے ظاہر ہونے اور نقصان دین پر دلیل ہے۔

لگام:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ لگام ٹوٹی یا ضائع ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے مرتبہ اور بزرگی میں نقصان ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ گھوڑوں کی طرح اس کے سر پر لگام ہے۔دلیل ہے کہ روزہ رکھے گا اور گناہوں سے توبہ کرے گا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ جو شخص نابکار اور بدسگال ہے اس کے منہ میں لگام ڈالی جاتی ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لگام نیک آدمی کے سر ہوتی ہے کہ ہمیشہ مالک کے حکم میں ہوتا ہے اور آزاد سر اچھا نہیں ہے۔اور بیان کرتے ہیں کہ خواب دیکھنے والا باادب اور دانائی والا شخص ہوتا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لگام تین وجہ پر ہے۔اول: شرف اور بزرگی۔ دوم: روزہ رکھنا۔سوم: ادب اور دانائی۔

اور خواب میں لگام فروش ولایت کے کاموں کی تدبیر کرنے والا ہے۔

لکدن زدن(لات مارنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کو کسی نے لات ماری ہے تو دلیل ہے کہ اس سے یا اس کے رشتہ داروں سے اس کو نقصان پہنچے گا۔اور اگر دیکھے کہ اس کو گھوڑے نے لات ماری ہے۔تو دلیل ہے کہ اس کے مرتبے اور بزرگی میں نقصان ظاہر ہوگا۔اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ صاحب خواب فساد میں مشغول ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اس کو عورت نے لات ماری ہے تو دلیل ہے کہ عورت کی وجہ سے اندوہ گین (مغموم) ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ موٹی بڑھیا نے لات ماری ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مال تلف ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ اس کو اونٹ نے لات ماری ہے تو دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی سے اس کو نقصان پہنچے گا۔اور اگر دیکھے کہ اس کو بیل نے لات ماری ہے تو دلیل ہے کہ اس سال میں نقصان پہنچے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لات مارنا چار وجہ پر ہے۔ اول: نقصان۔ دوم: مضرت ۔ سوم: غم واندوہ۔ چہارم: عیال کا فساد۔

لک:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس لک ہے تو دلیل ہے کہ کسی کمینہ سے اس کو نفع حاصل ہوگا۔ اگر دیکھے کہ لک کو آگ پر رکھا ہے اور دھواں نکلتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام ونام نیکی کے ساتھ ملک میں مشہور ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ لک کھایا ہے تو غمناک ہونے پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ چھری اس کے ہاتھ میں ہے اور اس کو لک لگایا ہے تو دلیل ہے کہ دو دانا اور پارسا شخصوں میں صلح کرائے گا۔

لوبیا (ایک سبزی ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لوبیا اگر اپنے موسم پر دیکھے تو اچھا ہے ورنہ اگر بے موسم پختہ یا عام دیکھے تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔

لوح محفوظ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ لوح محفوظ عام تاویل میں بادیانت شخص ہے جو اپنے مال کو راہ خدا میں خرچ کرتا ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ لوح محفوظ کی تاویل علم اور حکمت اور قرآن مجید ہے۔ اگر دیکھے کہ لوح محفوظ چھوٹی اور حقیر ہے تو دلیل ہے کہ اس کا حال بد ہوگا۔ اگر دیکھے کہ لوح محفوظ پر کچھ لکھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام نیک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ لوح پر چلتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کسی بڑے بادشاہ سے کام پڑے گا اور وہ اس میں حاکم ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا نام لوح محفوظ پر لکھا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ موت قریب آئی ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لوح محفوظ دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: زیارت۔ دوم: فرزند۔ سوم: علم۔ چہارم: ہدایت۔ پنجم: حکومت۔ ششم: حکمت۔

لوزینہ (بادام والی چیز):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ لوزینہ شکر کے ساتھ منہ میں رکھا ہے تو دلیل ہے کہ کسی سے لطیف بات سنے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے بہت سا لوزینہ کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو لوزینہ دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اچھی بات کہے گا یا اس کے لئے نیک کام کرے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لوزینہ کھانا مال اور نعمت پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے لوزینہ کھایا ہے یا خریدا ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حلال اور نعمت پائے گا اور خرچ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو لوزینہ دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو مال اور نعمت دے گا۔ اور اگر دیکھے کہ لوزینہ اس سے ضائع ہوا ہے یا چوری ہوا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کے مال کا نقصان ہوگا۔

لنگ شدن (لنگڑا ہونا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کہ خواب میں لنگڑا ہونا۔ دلیل ہے کہ ایسے کام کرے گا جن میں خیر اور شر اور سستی اور ضعیفی اور توانائی نہ ہوگی۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے۔ اگر کوئی اپنے آپ کو لنگڑا اور کمزور دیکھے تو دلیل ہے کہ لوگوں میں ذلیل وخوار ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی اپنے آپ کو لنگڑا دیکھے تو دلیل ہے کہ دین اور دنیا میں شکستہ ہوگا اور اس کی مراد پوری نہ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے آپ کو جان بوجھ کر لنگڑا بنایا ہے تو دلیل ہے کہ اپنی معیشت کے کام میں کسی سے مدد مانگے گا۔ اور اگر دیکھے کہ لنگڑا ہے اور لاٹھی کے سہارے چلتا ہے تو دلیل ہے کہ کسی معتبر آدمی سے مدد چاہے گا اور اس کی مراد حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ قصداً اپنے آپ کو لنگڑا بنایا ہے تو دلیل ہے کہ ظاہری طور سے کسی پر بھروسہ کرے گا اور اصل میں اس پر اعتماد نہ ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی اپنے آپ کو دیکھے کہ دونوں پاؤں سے لنگڑاتا ہے اور دونوں ہاتھوں میں لکڑی پکڑ کر چلتا ہے تو دلیل ہے کہ شادی خانہ داری کے شغل میں عاجز اور ذلیل ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کانٹے کی وجہ سے جو اس کے پاؤں میں لگا ہے اور چل نہیں سکتا ہے تو دلیل ہے کہ اس آدمی کے شر سے امن میں ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے دونوں پاؤں میں کانٹا لگا ہے اور سوجے ہوئے ہیں اور لنگڑاتا نہیں ہے تو دلیل ہے کہ دشمن اس پر حسد کرے گا اور اس کا مال اور مرتبہ زیادہ ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر لنگڑا خواب میں دیکھے کہ اس کا پاؤں درست ہو گیا ہے اور لنگڑاتا نہیں ہے تو دلیل ہے کہ اس کے رکے ہوئے کام کشادہ ہوں گے اور جس مراد سے ناامید ہے وہ پوری ہوگی اور اس کا کام انتظام سے ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لنگڑاپن پانچ وجہ پر ہے۔ اول: کاموں میں سستی۔ دوم: نامرادی۔ سوم: درویشی۔ چہارم: غم واندوہ۔ پنجم: عیش وعشرت کا نقصان۔

لوید (تھال):

لوید۔ تانبے کا تھال خواب میں گھر کا خدمت گار ہے۔ جس کی اصل عیسائی ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں نیا اور بڑا تھال ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا خادم باامانت ہوگا۔ اور اگر پرانا اور میلا اور چھوٹا ہے تو اس کی

www.waseemziyai.com

تاویل اول کے خلاف ہے اور اگر دیکھے کہ تھال گر کر ٹوٹا ہے تو دلیل ہے کہ خادم مرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے تھال میں سوراخ ہے تو دلیل ہے کہ اس کا خادم بیمار ہوگا۔ اور اگر صاف پانی سے پُر دیکھے تو دلیل ہے کہ خدمت گار سے اس کو فائدہ ہوگا۔ اور اگر تھال کھانے کی چیزوں سے پُر دیکھے تو دلیل ہے کہ اسی قدر خیر و منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے ان چیزوں کو کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو خدمت گار سے خیر اور منفعت حاصل ہوگی۔

لیموں:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زرد لیموں کا موسم اور بے موسم دیکھنا بیماری اور درد اور رنج پر دلیل ہے۔ اور اگر سبز ہے تو غم واندوہ کمتر ہوگا اور لیموں کے دیکھنے اور کھانے میں خیر و منفعت نہیں ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہی بہتر و خوب جانتا ہے۔



www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حرف المیم

مار(سانپ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سانپ بدخواہ اور پوشیدہ دشمن ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر میں سانپ ہے تو گھریلو دشمن پر دلیل ہے۔ اور اگر جنگل میں دیکھے تو بیگانہ دشمن پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے سانپ سے لڑائی کی ہے تو دلیل ہے کہ دشمن سے جھگڑا کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سانپ اس پر غالب آیا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح نہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سانپ نے اس کو کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن سے نقصان پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے سانپ کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن کو مغلوب کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے سانپ کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر دشمن کا مال کھائے گا اور خیر اور خوشی دیکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے سانپ کے دو ٹکڑے کئے ہیں تو دلیل ہے کہ دشمن سے انصاف حاصل کرے گا۔ اور اگر دونوں ٹکڑے اٹھا لئے ہیں تو دلیل ہے کہ دشمن کا مال لے گا۔

اور اگر دیکھے کہ سانپ نے اس کے ساتھ مہربانی سے بات کی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے درپیش عجیب کام ہوگا۔ کہ اس سے شادی اور خوشی دیکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سانپ نے اس کے ساتھ تندی اور تیزی سے بات کی ہے۔ دلیل ہے کہ دشمن اس پر فتح پائے گا۔ اور اگر مرا ہوا سانپ دیکھے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے شر اور آفت کو دور کرے گا اور اس کو تکلیف نہ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ سانپ اس کا تابعدار ہے تو دلیل ہے کہ مرتبہ اور بزرگی پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ سانپ اس سے بھاگا ہے اور اس کو پکڑ نہیں سکا ہے تو دشمن کے ضعف پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ سبز سانپ ہے تو دلیل ہے کہ دشمن دیندار اور باامانت ہوگا۔ اور اگر دوسرے سانپوں کے علاوہ سیاہ سانپ کو دیکھے تو لشکر پر دلیل ہے۔ اور اگر سانپ زرد ہے تو بیمار سے دشمن پر دلیل ہے۔ اور اگر سرخ دیکھے تو معاشر اور عیش پسند دشمن پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ سانپ کے بہت سے پاؤں ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا دشمن قوی اور دلاور ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ بہت سانپ اس کے سامنے جمع ہیں اور اس کو ستاتے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے بہت سے رشتہ دار دشمن ہوں گے۔ لیکن ان سے نقصان نہ دیکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سانپوں کے جسم پر سر اور بہت سے دانت ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کا دشمن کینہ ور اور بدخصلت ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ سانپ اس کی ناک یا کان یا پستان یا پیشاب یا

www.waseemziyai.com

پاخانے کی جگہ سے نکلا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا فرزند اس کا دشمن ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ سانپ اس کے منہ سے نکلا ہے تو دلیل ہے کہ وبال جان بات کرے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ سفید سانپ کا دیکھنا دشمن کو دیکھنا ہے۔ اور سیاہ سانپ سپاہی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ سانپ سے بھاگا ہے اور اس کو سانپ نے نہیں دیکھا ہے تو دلیل ہے کہ آرام اور خوشی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سانپ نے اس کو پکڑا ہے اور دکھ نہیں دیا ہے۔ دلیل ہے کہ بزرگی پائے گا اور دشمن سے امن میں ہوگا۔

حضرت خلف اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ سبز سانپ اس کا مطیع ہوا ہے تو دلیل ہے کہ خزانہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی آستین سے سانپ نکلا ہے دلیل ہے کہ اس کا فرزند اس کا دشمن ہوگا اور اگر دیکھے اس نے سانپ کو مارا ہے اور اس کا خون اپنے جسم پر ملا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن کا مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنے بستر پر سانپ مارا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت مرے گی۔ اور اگر دیکھے کہ سانپ اس کے گریبان یا اس کے منہ سے نکل کر زمین میں گھسا ہے تو دلیل ہے کہ ہلاک ہوگا۔ اور خار مار خواب میں ضعیف اور کمزور دشمن ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سانپ کا دیکھنا دس وجہ پر ہے۔ اول: طاقت۔ دوم: زندگانی۔ سوم: سلامت۔ چہارم: بادشاہی۔ پنجم: سپہ سالاری۔ ششم: عورت۔ ہفتم: دولت۔ ہشتم: موت۔ نہم: لڑکا۔ دہم: سیلاب۔

مارچوبہ (ہلدی):

مارچوبہ ایک قسم کی جڑ ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ زمین سے مارچوبہ جمع کرتا ہے اور اس کا موسم بھی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مارچوبہ خام کھاتا ہے تو رنج اور اس کے نقصان پر دلیل ہے۔

مارقشیثا (منور):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مارقشیثا رنج و تکلیف اور بیماری پر دلیل ہے اور خواب میں اس کا دیکھنا اچھا نہیں ہے۔

مازو (سرو کا پھل):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ درخت سے مازو جمع کئے ہیں۔ دلیل ہے کہ رنج اور سختی سے مال جمع کرے گا۔ اور اگر بیمار دیکھے کہ اس کے پاس مازو کا ڈھیر لگا ہوا ہے تو مال مکروہ پر دلیل ہے۔ اور سبز اور سیاہ مازو غم واندوہ پر دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مازو چار وجہ پر ہے۔(1) مال مکروہ۔(2) غم و اندوہ۔(3) بیماری۔(4) رنج اور سختی۔

مازریون:

مازریون ایک زہریلی چیز ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مازریون موسم اور بے موسم میں غم واندوہ پر دلیل ہے اور اس کے کھانے میں نقصان مال اور ہلاکت جسم پر دلیل ہے اور اس کے دیکھنے میں بہتری نہیں ہے۔

ماست (دہی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں میٹھا دہی خیر اور منفعت پر دلیل ہے اور ترش غم و اندوہ پر دلیل ہے۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ دہی ایسا مال ہے جو سفر میں حاصل ہوتا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے دہی کھایا ہے۔ خاص کر اگر شیریں ہے تو سفر سے مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دہی سے مکھن نکالا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کو اسی قدر مال حاصل ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے میٹھا دہی کھایا ہے تو دلیل ہے کہ مال حلال حاصل کرے گا۔ اور ترش دہی غم واندوہ ہے۔

ماش (ایک غلہ ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر پختہ ماش خواب میں دیکھے تو تھوڑی خیر پر دلیل ہے۔ اور خام کا کھانا اندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر میں ماش ہیں اور لوگوں میں تقسیم کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ بے غم ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ماش خشک و تر یا خام اور پختہ دیکھنا غم اور اندوہ پر دلیل ہیں۔

ماکیاں (مرغی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مرغی خادم یا کنیز پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مرغی خریدی ہے۔ یا کسی نے اس کو دی ہے۔ دلیل ہے کہ کنیز خریدے گا یا خادم مزدوری پر لے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سی اور بے انداز مرغیاں ہیں۔ دلیل ہے کہ ریاست اور سرداری پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مرغی کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر خادموں سے مال اور نعمت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مرغی ذبح کی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند یا اس کے غلام کا فرزند یا اس کی کنیز کسی بلا میں گرفتار ہوگی۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس مرغی کا انڈا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکی پیدا ہوگی یا خادموں سے مال حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مرغی با جمال عورت ہے۔ اور سیاہ مرغی کو دیکھنا چتلی مرغی سے بہتر ہے۔ اور اگر دیکھے کہ مرغی نے اس کے گھر میں مرغے کی طرح آواز دی ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب ناخوش بات سنے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مرغی کا بچہ تین وجہ پر ہے۔ اول: خوبصورت عورت۔ دوم: کنیز۔ سوم: خادم۔

مامیرا (آنکھ کی دوا ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مامیرا ایسی بیماری پر دلیل ہے کہ جس سے صاحب خواب کو خیر اور ثواب حاصل ہوگا۔

مامیثا:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مامیثا وقت پر یا بے وقت غم واندوہ پر دلیل ہے اور خواب میں مامیثا کا دیکھنا اچھا نہیں ہے۔

ماہ (چاند):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں چاند بادشاہ کا وزیر ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے چاند پکڑا ہے یا اس کو اپنی ملک میں دیکھا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کا مقرب ہوگا یا وزیر بنے گا۔

اور اگر دیکھے کہ چاند کے ساتھ لڑائی جھگڑا کرتا ہے تو دلیل ہے کہ وزیر سے جھگڑے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چاند کی جگہ پر مقیم ہوا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کا وزیر ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے چاند کا نور لیا ہے تو دلیل ہے کہ وزارت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے آسمان کا چاند پکڑا ہے اور نور وشعاع نہیں رکھتا ہے اور تاریک وتیرہ بھی نہیں ہے تو دلیل ہے کہ غموں سے نجات پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چاند بے نور ہے اور اپنی جگہ پر نہیں ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کا وزیر کسی کام کے باعث اس کا محتاج ہوگا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ چاند خواب میں خاص کر اگر چودھویں کا ہے بادشاہ کو دیکھنا ہے۔ اگر دیکھے کہ چاند کے دو ٹکڑے ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ بادشاہ یا وزیر ہلاک ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ چاند اس کے ساتھ باتیں کرتا ہے تو دلیل ہے کہ لوگ اس پر فریاد کریں گے اور اپنا انصاف چاہیں گے اور وہ شخص ولایت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دو چاند آپس میں لڑتے ہیں تو دلیل ہے کہ دو بادشاہ آپس میں جنگ کریں گے۔ اور اگر دیکھے کہ ایک ان میں سے گر کر پارہ پارہ ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ ان

www.waseemziyai.com

دو بادشاہوں میں سے ایک گرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ چاند اس کے ہاتھ یا گود میں پکڑا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کرے گا۔ اور اگر پہلی کا چاند دیکھا ہے تو دلیل ہے کہ وہ عورت اس سے اصل اور نسب میں کم درجہ کی ہوگی۔ اور اگر چاند آدھا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کا اصل مولا زادوں کا ہوگا۔ اور اگر چودھویں کا چاند ہے تو دلیل ہے کہ وہ عورت اصل اور نسب میں اس سے بہتر ہوگی۔ اور اگر یہ خواب عورت دیکھے تو دلیل ہے کہ اس صفت کا شوہر کرے گی۔ اور اگر دیکھے کہ چاند پاکیزہ اور روشن ہے اور اس کے گھر میں آکر اترا ہے تو دلیل ہے کہ اس گھر میں عورت کرے گا اور اس سے منفعت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کسی چیز نے چاند کو ڈھانپا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ کا وزیر متغیر ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ چاند کو گرہن لگا ہے تو دلیل ہے کہ وزیر کا حال بد ہوگا اور وہ معزول ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر اپنی جگہ پر چودھویں کا چاند روشن دیکھے اور اس کا نور اس کے گھر کے مقابلہ میں چمکتا ہے تو دلیل ہے کہ اس گھر والے بادشاہ یا وزیر سے خیر و منفعت دیکھیں گے۔ اور اگر چودھویں کے چاند کو تاریک دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو رنج اور نفرت حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ پہلی کا چاند اپنے مطلع سے نکلا ہے۔ لیکن شروع ماہ میں اس کا نور زیادہ ہوا ہے یا بدر ہو گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا۔ جو بادشاہ یا وزیر ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ پہلی کا چاند اپنی جگہ سے نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہوگا یا اس کو کوئی مشکل کام پڑے گا کہ لوگوں کو اس سے غم واندوہ ہوگا۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے۔ اگر کوئی خواب میں چاند کو دیکھے تو دلیل ہے کہ اس ملک کے بادشاہ کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا۔ اور اگر چاند کا نور زیادہ دیکھے تو دلیل ہے کہ اس لڑکے کی زندگی دراز ہوگی۔ اور اگر چاند کو چودھویں کا دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی عمر درمیانے درجے کی ہوگی۔ اور اگر چاند نقصان میں دیکھے تو دلیل ہے کہ بادشاہ یا وزیر کی خدمت میں مشغول ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ چاند کو ہاتھ میں پکڑا ہے یا چاند اس کی گود میں آیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں عالم اور دانا فرزند پیدا ہوگا۔ اور اگر یہی خواب کوئی بادشاہ کا مقرب دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ بادشاہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے چاند اور سورج اور تمام ستاروں کو پکڑا ہے۔ اور سب ہی تیرہ سیاہ ہیں تو دلیل ہے کہ صاحب خواب ہلاک ہوگا۔ اور اگر پارسا ہے تو غم واندوہ میں پڑے گا یا بیمار ہوگا اور آخر کار وہ شفاء پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ چاند کو خواب میں دیکھنا سترہ وجہ پر ہے: (1) بادشاہ۔ (2) وزیر۔ (3) مصاحب۔ (4) رئیس۔ (5) شرف اور مرتبہ۔ (6) دوست۔ (7) کنیز۔ (8) غلام۔ خادم۔ (9) بے ہودہ کلام۔ (10) والی۔ (11) عالم مفسد۔ (12) بزرگ سردار۔ (13) باپ۔ (14) ماں۔

www.waseemziyai.com

(15)عورت۔(16)فرزند۔(17)بزرگواری۔

ماہی (مچھلی):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ مچھلی گرم دریا میں دیکھنا بلا اور سختی ہے اور سرد دریا میں دیکھنا فرحت اور خوشی ہے۔ اور اگر بہت سی تازہ اور بڑی مچھلی دیکھے تو مال غنیمت پر دلیل ہے۔ اور اگر چھوٹی دیکھے تو غم واندوہ پائے گا۔ اور اگر مچھلی کے پیٹ کے درمیان سے مروارید پائے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے خشک یا شور مچھلی دی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو کسی رئیس یا بادشاہ سے نقصان پہنچے گا۔ اور اگر شور مچھلی کھائے تو دلیل ہے کہ غلام اس کو نقصان پہنچائے گا۔ اور بعض نے بیان کیا ہے کہ شور مچھلی بھنی ہوئی تاویل میں سفر ہے جو طلب علم یا کسی مرد کی صحبت کے لئے ہو گا۔ اور چھوٹی مچھلی کا کھانا جھگڑا ہے۔

اور اگر دیکھے کہ کوئی چیز مچھلی کے جسم سے جیسے خون اور ہڈی یا اور کچھ جو مچھلی کے پیٹ میں ہوتا ہے پایا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور خیر و برکت ہوگی یا غلام خریدے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے دریا میں سے بڑی مچھلی کو پکڑا ہے تو دلیل ہے کہ کسی کے اہل سے عورت نہایت مالدار کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مچھلی تازہ اور بھنی ہوئی مال اور نعمت ہے کیونکہ تازہ مچھلی جنت کے کھانوں میں سے ہے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دستر خوان پر تھی جو ان کے اوپر آسمان سے اترتا تھا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: ربنا انزل علینا مآئدۃً من السمآء۔ (اے ہمارے رب! ہم پر آسمان سے خوان نازل فرما)۔

اگر دیکھے کہ مچھلی کے منہ سے نکلا ہے تو دلیل ہے کہ کسی کام میں جھوٹی بات کہے گا۔ اور اگر خواب میں مچھلی اس کے عضو تناسل سے نکلے۔ تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکی پیدا ہوگی۔ اور اگر عورت دیکھے کہ اس کے منہ سے مچھلی نکلی ہے تو دلیل ہے کہ اندوہ گین (مغموم) ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے دریا سے مچھلی پکڑی ہے تو دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی سے مال اور نعمت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے تازہ مچھلی پکڑی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مچھلیاں بیچتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اور اس کے لوگوں کو خیر و منفعت پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ حوض یا نہر میں سے مچھلی پکڑتا ہے تو دلیل ہے کہ عام لوگوں سے مکر اور حیلے کے ساتھ کوئی چیز لے گا۔ اور اگر دیکھے کہ دریا کی مچھلیاں اس کے ساتھ باتیں کرتی ہیں تو دلیل ہے کہ وہ بادشاہ کا راز ظاہر کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مچھلی کو دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: وزیر۔ دوم: لشکر۔ سوم: کنواری لڑکی۔ چہارم: غنیمت۔ پنجم: غم واندوہ۔ ششم: ہندو کنیز۔

www.waseemziyai.com

ماہی خوارہ (بگلا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بگلا عورت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے بگلے کو پکڑا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بگلا اس کے ہاتھ سے اڑا ہے یا ضائع ہوا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے بگلے کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر وہ مال خرچ کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بگلہ کی تاویل غم واندوہ ہے۔

مبرو (ساہن۔ ریتی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس سوہان ہے اور اس کا زنگار (زنگ) اتار رہا ہے تو دلیل ہے مشکل کام اس پر کشادہ ہوگا۔ خاص کر اگر لوہا اس کی ملک ہے۔ اور اگر دیکھے کہ پاکیزہ اور روشن لوہے کو کسی چیز سے رگڑتا ہے تو دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس سے ذلت اور نقصان دیکھے گا۔ اور بعض نے بیان کیا ہے کہ سوہان نرم بات ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا سوہان ٹوٹا یا ضائع ہوا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی کام کرے گا اور درست نہ ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ گھر کے تانبے کے برتن سوہان سے اجلے کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس سے کوئی چیز گھر کے خادم کو ملے گی۔ یا اس کی وجہ سے خادم کام سے خلاصی پائے گا۔

مطہرہ (لوٹا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس نیا لوٹا ہے۔ دلیل ہے کہ سفر سے خیر ومنفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس لوٹا پرانا اور شکستہ ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لوٹا تین وجہ پر ہے۔ اول: سفر۔ دوم: مال۔ سوم: زندگانی۔

مثقبہ (سُنبہ، برما، ورما):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ برمے سے کسی لکڑی یا درخت میں سوراخ کرتا ہے تو دلیل ہے کہ مکر اور حیلہ سے کوئی چیز لے گا۔ اور بعض نے کہا ہے کہ اس کا مقصود حاصل ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ برمے سے کسی کے جسم میں سوراخ کرتا ہے تو دلیل ہے کہ مکر اور حیلہ سے کسی شخص کو بلا میں گرفتار کرے گا۔

www.waseemziyai.com

مجلس علم:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مجلس علم میں بیٹھا ہے اور عالم کسی پر قرآن مجید پڑھتا ہے اور تفسیر قرآن مجید اور حدیث شریف اور توحید بیان کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس جگہ مضبوط عمارت بنائے گا جو شریعت کے خلاف ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ علم کی مجلس میں روتا ہے تو دلیل ہے کہ دنیا کے کام میں مشغول ہوگا اور اس سے خوش ہوگا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو غمگین ہونے پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس پر مجلس علم میں حال آیا ہے اور بے ہوش ہو گیا ہے کہ عقل جاتی رہی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو کوئی کام درپیش ہوگا جس میں سرگشتہ اور حیران ہوگا۔ لیکن نتیجہ بہتر ہوگا۔

مجلس شراب:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ شراب کی محفل میں ہے اور اس نے شراب نہیں پی ہے۔ دلیل ہے کہ فساد اور حرام میں مشغول نہ ہوگا لیکن خوش ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ مجلس شراب میں گویا اور چنگ و چغانہ ہے تو دلیل ہے کہ اس کو غم واندوہ اور جھگڑا ہوگا۔

مجمرہ (انگیٹھی):

مجمرہ۔ انگیٹھی جس میں عود جلاتے ہیں۔ اس کی شرح حرف عین میں بیان ہو چکی ہے۔

مجرہ (اوڑھنی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں اوڑھنی دیکھے تو دلیل ہے کہ پاک دین اور علم والی عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس اوڑھنی ہے تو دلیل ہے کہ علم والی عورت کرے گا اور اس سے خیر و منفعت پائے گا۔ اگر دیکھے کہ اوڑھنی پھٹی ہے یا ضائع ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت مرے گی۔ عورت نہیں ہے تو اس کا کوئی رشتہ دار مرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس پر کوئی چیز لکھی ہوئی ہے۔ اگر قرآن مجید یا اسمائے الٰہی لکھے ہیں تو اصلاح اور منفعت پر دلیل ہے۔ اگر خلاف ہے تو شر و فساد پر دلیل ہے۔

محراب:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ محراب میں نماز پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو صالح فرزند کی بشارت ہوگی۔ چنانچہ حضرت زکریا علیہ السلام کی بابت فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **وھو قائم یصلی فی المحراب**۔ (وہ کھڑا محراب میں نماز پڑھ رہا تھا)۔

www.waseemziyai.com

اگر دیکھے کہ نماز وقت پر پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ فرزند صالح ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ محراب میں بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ نماز میں سستی کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے محراب کی عمارت بنائی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند عالم اور دانا ہوگا۔ اور بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ اپنا مال خرچ کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں محراب کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: امام۔ دوم: بادشاہ۔ سوم: قاضی۔ چہارم: کوتوال۔ پنجم: لوگوں کا ایلچی ہے۔

مخنث (ہیجڑا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ وہ ہیجڑا ہوا ہے اور عورتوں کی زینت سے اپنے آپ کو آراستہ کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر خوف اور دہشت ہوگی اور بلا میں پڑے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے عورتوں کا کپڑا اپنے جسم سے اتارا ہے اور مردوں کا لباس پہنا ہے اور مردوں کے حال پر واپس آیا ہے تو دلیل ہے کہ خوف اور بے چارگی اور بلا اس سے دور ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی بیٹھک ہیجڑوں میں ہے۔ دلیل ہے کہ مفسدوں (فسادیوں) سے میل جول رکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ان میں مقیم ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اہل فساد کی صحبت سے جدا ہوگا۔

مداد (سیاہی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں سیاہی دیکھے تو دلیل ہے کہ روزی اس پر فراخ ہو گی۔ اور اگر دیکھے کہ سیاہی اس سے ضائع ہوئی ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ سیاہی اس کے کپڑے پر گری ہے تو دلیل ہے کہ اس کا نقصان ہوگا اور اگر صاحب خواب منشی ہے تو سرداری پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب مین سیاہی کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: سرداری۔ دوم: راحت و آرام۔ سوم: معیشت۔ چہارم: شادی اور خوشی۔

مذکر (نصیحت دینے والا):

اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ لوگوں کو نصیحت دیتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو خوشی ہوگی۔ اور اگر بیمار ہے تو شفاء پائے گا اور اپنے دشمن کو مغلوب کرے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ لوگوں کو نصیحت دیتا ہے تو دلیل ہے کہ اس میں اصلاح دین اور آخرت کی نجات ہے اور دین و دنیا کی اس میں بشارت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ لوگوں کا ناصح ہے

www.waseemziyai.com

تو دلیل ہے کہ اس کو اللہ تعالیٰ کی پناہ حاصل کرنی چاہئے اور توبہ کرے تا کہ شر اور فتنے سے پناہ میں رہے۔

مذی:

مذی۔ شہوت بازی میں منی سے پہلے پانی نکلتا ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مذی کا پانی نکلتے ہوئے دیکھنا اس قدر کے مطابق شادی اور خوشی ہے۔

مرجان (مونگا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مونگا فرزند ہے۔ اگر سرخ ہے تو فرزند خوب صورت ہوگا۔ اور اگر مرجان بہت سے جواہرات کے ساتھ دیکھے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال ونعمت حاصل کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مرجان کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: عورت یا فرزند۔ دوم: زینت۔ سوم: جمال۔ چہارم: خادم کی طرف سے مال۔

مرد معروف (معلوم شخص):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں معلوم شخص کو بیداری کی طرح دیکھے تو اس کے ہم نام یا اس جیسے کو دیکھے گا۔ اور اگر نا معلوم جوان شخص کو دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا دشمن ہوگا۔ اور اگر نا معلوم بوڑھے کو دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا نصیب ہوگا اور خیر اور بزرگی پائے گا۔

اور اگر جوان دیکھے کہ اس کے بال سیاہ سے سفید ہو گئے ہیں۔ دیانت اور اس کے دین کی آہستگی پر دلیل ہے۔ اور اگر معلوم بوڑھے کو دیکھے کہ اس کے بال سیاہ ہو گئے ہیں اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں کسی بوڑھے کو دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی دیانت اور دین کی آہستگی پر اور نیکی حاصل کرے گا۔ اور اگر جوان مرد کو دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو کسی بڑے آدمی سے زحمت (تکلیف) اور نفرت پہنچے گی۔ اور اگر کسی ضعیف شخص کو دیکھے کہ اس کے ساتھ سرد باتیں کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اسی صفت کے آدمی کے ساتھ جھگڑا کرے گا اور اس پر فتح پائے گا اور اگر وہ دیکھے کہ وہ بچہ پیدا ہو گیا ہے دلیل ہے کہ وہ جہالت کا کام کرے گا۔ اور لوگ اس کو ملامت کریں گے۔ اور اگر مرد دیکھے کہ اس کی عورت کے قضیب ہے جیسے مردوں کا ہوتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکا ہوگا جو اہل بیت (گھر والوں) کا سردار ہوگا۔ اور اگر مرد دیکھے کہ اس کی فرج ہے جیسی کہ عورتوں کی ہوتی ہے، اس کی ذلت وخواری اور بدحالی پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بوڑھے آدمی کا دیکھنا دولت اور بخت ہے۔ اور جوان شخص کو دیکھنا مکر اور حیلہ اور مکروہ چیز کو دیکھنا ہے۔

www.waseemziyai.com

مردار سنگ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مردار سنگ کو دیکھنا بیماری ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مردار سنگ کھایا ہے تو دلیل ہے کہ بیماری سے خوف ہلاکت ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مردار سنگ کسی کو بخشا ہے یا اس نے بیچا ہے تو دلیل ہے کہ رنج اور بیماری سے امن میں ہوگا۔ اور مردار سنگ زرد رنگ کا بیماری اور اندوہ ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مردار سنگ دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: رنج۔ دوم: بیماری۔ سوم: عذاب اور شکنجہ۔

مردن در خواب (خواب میں مرنا):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ وہ مرا ہے اور لوگ اس پر روتے اور زاری کرتے ہیں یا اس کو باندھ کر کفن میں لپیٹا ہے یا جنازے میں رکھ کر قبر میں ڈالا ہے یہ سب اس کے دین پر دلیل ہیں۔ اور اگر دیکھے کہ پھر اس کے تئیں قبر سے اٹھا کر نکالا ہے تو اول کے خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو قبر میں رکھ کر اس پر مٹی ڈالی ہے اور لوگ واپس آ گئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا دین کبھی اصلاح نہ پائے گا۔

اور بعض کہتے ہیں۔ اگر دیکھے کہ مرا ہے اور جلدی جنازے پر رکھا ہے اور لوگوں نے اس کو اٹھا لیا ہے اور بہت لوگ اس کے جنازے کے پیچھے جا رہے ہیں تو دلیل ہے کہ شرف اور بزرگی اور حکومت پائے گا۔ لیکن اس پر ظلم کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مردہ تھا اور زندہ ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ گناہ سے توبہ کرے گا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ اس کی عمر دراز ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو کہا ہے کہ تو کبھی نہ مرے گا تو دلیل ہے کہ جہاد میں شہید ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ وہ مرا ہے اور کسی نے اس پر گریہ وزاری نہیں کی ہے اور اس کے جنازے کے پیچھے کوئی نہیں ہے تو دلیل ہے کہ اس کا خانہ ویران ہرگز آباد نہ ہوگا۔ اور اگر خواب میں اپنے آپ کو مردوں میں دیکھے اور اس کو خیال ہے کہ وہ دیر سے مردہ ہے۔ دلیل ہے کہ جاہل لوگوں کے ساتھ سفر کرے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی چاہے کہ معلوم کرے کہ اس کا حال اہل اصلاح کے نزدیک کیسا ہے؟ اگر مردے خواب میں اس کی صلاحیت کی بشارت دیں اور اس سے کشادہ ہو کر نیک باتیں کریں تو دلیل ہے کہ اس کا حال اللہ تعالیٰ کے نزدیک نیک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ مردے اس سے ناخوش باتیں کرتے ہیں اور اس سے منہ پھیرتے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا حال اللہ تعالیٰ کے نزدیک برا ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ناگہانی موت کا دیکھنا مومن کی راحت اور کافر کے عذاب پر دلیل ہے۔ اور اگر ناگہانی موت نہیں ہے تو فساد دین پر دلیل ہے اور جس قدر جان کنی سخت دیکھے گا عذاب اور مصیبت پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ وہ مرا ہے اور اس کو کسی نے غسل دیا ہے تو دلیل ہے کہ توبہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے جنازے کے پیچھے ایک گروہ ہوا پر چل رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس شہر میں کوئی

www.waseemziyai.com

بڑا آدمی مرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مرا ہے اور لوگ اس کے جنازے کے پیچھے جا رہے ہیں تو دلیل ہے کہ اپنی قدر کے مطابق ولایت اور بزرگی پائے گا۔ اور اگر مردہ جنازے پر بھاری ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں پر قہر اور ستم کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ جنازے پر ہلکا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں سے نیکی کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ مردے کو ہاتھ پر رکھ کر لے گیا ہے تو دلیل ہے کہ مال حرام پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ زندہ مرا ہے اور اس کو تخت پر سلایا ہے اور اس تخت کو لوگوں نے ہاتھ پر رکھا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ کی خدمت میں جائے گا اور اس سے خیر و منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مر کر زندہ ہوا ہے تو دلیل ہے کہ وہ شہر خراب ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ دوسری بار مرا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے فرزندوں میں سے کوئی مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا فرزند مرا ہے تو دلیل ہے کہ تونگر (مالدار) ہوگا۔ اور کہتے ہیں کہ دشمن سے امن میں رہے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے ماں باپ مرے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا کام خراب ہوگا۔ اور اگر عورت دیکھے کہ حاملہ تھی اور مری ہے اور لوگ اس کو روتے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مردہ دوسری بار مرا ہے اور مرنے پر لوگ آہستہ روتے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے اہل بیت میں سے کسی کی شادی ہوگی اور خوش خرمی دیکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے مرنے پر عورت اور مرد شور اور نوحہ کرتے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے اہل بیت (گھر والوں) کو غم و اندوہ پہنچے گا۔

اور اگر عورت دیکھے کہ وہ مری ہے اور اس کو غسل دیا ہے اور جنازے پر رکھی ہے۔ دلیل ہے کہ نیک بات کہے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو دفن کیا ہے تو اس کی تاویل بد ہے۔

مردہ زندہ شدن (مردہ کا زندہ ہونا):

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مردہ سے زندہ ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا حال نیک ہوگا۔ خاص کر اگر مردے کو خوش اور کشادہ رو دیکھے۔ اور اگر زندہ کو مردہ دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا حال بد ہوگا۔ خاص کر اگر مردہ ترش رو ہے۔ اور اگر کوئی اپنے مردہ باپ کو زندہ دیکھے اور خوش اور پاکیزہ لباس میں دیکھے تو دلیل ہے کہ دولت اور اقبال پائے گا اور اس کا کام نیک ہوگا۔ اور اگر ماں کو زندہ دیکھے تو دلیل ہے کہ غم سے نجات پائے گا۔ اور اگر عورت دیکھے کہ اس کا فرزند زندہ ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا غائب سفر سے آئے گا۔

اور اگر بیگانے مردہ کو زندہ دیکھے تو دلیل ہے کہ اس مردے کے خویشوں (رشتہ داروں) کا حال نیک ہو گا۔ اور اگر دیکھے کہ زندہ مر گیا ہے اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مردے کو زندہ کیا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی کافر اس کے ہاتھوں مسلمان ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی اپنے ماں باپ کو ترش رو اور غمگین اور میلے لباس میں

www.waseemziyai.com

دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی دولت اور اقبال میں نقصان ہوگا۔ کیونکہ خدا تعالیٰ کے گھر میں ہے۔ جس صفت پر مردے کو خواب میں دیکھے گا۔ تو زندہ کے احوال پر دلیل ہے۔ اگر کوئی اپنے باپ کو یا ماں باپ دونوں کو کشادہ رُو اور پاکیزہ لباس میں دیکھے تو دلیل ہے کہ شرف اور بزرگی اور مرتبہ پائے گا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو اس کی تاویل بھی خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کسی نے مردے کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ تو مر گیا ہے۔ اس نے کہا نہیں میں تو زندہ ہوں۔ دلیل ہے کہ اس جہان میں مردے کی بات اچھی ہے اور اللہ تعالیٰ اس سے خوشنود (راضی) ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **ولا تحسبن الذين قتلوا في سبيل الله امواتًا بل احياءٌ عند ربهم يرزقون فرحين بما اتٰهُمُ الله من فضله۔** (اور لوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل ہوئے ہیں ان کو مردہ خیال نہ کرو۔ بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں۔ رزق دیئے جاتے ہیں اور جو کچھ ان کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے دیا ہے اس پر خوش ہیں)۔

یہ آیت اس بات پر دلیل ہے کہ مردہ جو کچھ کہتا ہے راست (صحیح) کہتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ مردہ شاد اور خوش اپنے گھر میں آکر بیٹھ گیا ہے تو دلیل ہے کہ صدقہ اور دُعا اس کو پہنچتی ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مردے نے اس کو اپنے گھر میں گود میں پکڑا ہے تو دلیل ہے کہ تندرست اور سلامت ہوگا اور اقبال و دولت پائے گا۔ اور اگر وہ مردہ اس کے رشتہ داروں سے ہے تو دعا اور صدقہ کی اس سے اُمید رکھتا ہے۔ اور اگر کوئی مردے کو اپنے اہل بیت میں سے خوش دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے اہل بیت کا حال شاد اور خوش ہوگا۔ اور اگر مردے کو ترش رُو اور غمگین دیکھے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے اہل بیت میں سے کوئی مردہ اس پر کودا ہے اور جھگڑا کرتا ہے یا اس سے منہ پھیرا ہے تو دلیل ہے کہ اس مردے نے کچھ وصیت کی ہوگی اور اس نے اسے پورا نہ کیا ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ مردہ شاد اور خنداں (خندہ پیشانی) اس کے پاس آیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو دعا اور صدقہ پہنچا ہے اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے حق میں کوتاہی ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ مردہ اس کو نیک بات کہتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا حال نیک ہوگا اور اگر اس کو بری بات کہے یا اس کی وصیت کرے تو اس کی تاویل بد ہے۔ اور اگر مردہ اس سے علم و حکمت کی بات کرے یا اس کو وعظ اور نصیحت کرے تو صاحب خواب کی دیانت اور اصلاح پر دلیل ہے۔

اور اگر مردے کو دنیاوی زندگی سے بہتر اور خوشحال اور پاکیزہ لباس میں دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا خاتمہ خیر اور سعادت سے ہوا ہے۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ مردہ عذاب حق سے امن میں ہے اور اس کی عاقبت محمود ہے۔

حضرت حافظ معبر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مردے نے اس کی گردن میں ہاتھ ڈالا ہے اور اس کو

www.waseemziyai.com

گود میں لیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ مردے نے توجہ نہیں کی ہے اور نہ کوئی بات کی ہے۔ دلیل ہے کہ صاحب خواب اس کے لئے صدقہ دے اور اس کو نیک دعا سے یاد کرے۔ اور اگر مردے کو ترش رو اور غمناک دیکھے تو دلیل ہے کہ عاصی اور گناہ گار ہوگا۔ اور اگر مردہ ہنسا اور پھر رویا ہے تو دلیل ہے کہ وہ مسلمان نہیں مرا ہے۔ اور اگر مردے کو سیاہ رو دیکھے تو دلیل ہے کہ کفر میں مرا ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **فامّا الذین اسودت وجوھھم اکفر تم بعد ایمانکم فذو قو العذب بما کنتم تکفرون** ۔(لیکن جن لوگوں کے چہرے سیاہ ہیں۔ کیا تم نے ایمان کے بعد کفر کیا تھا تو کفر کی وجہ سے عذاب کو چکھو)۔

اور اگر مردے کو عاجز اور بغیر لباس کے دیکھے تو دلیل ہے کہ مردے کا حال بد ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مردہ نماز میں ہے تو دلیل ہے کہ اس مردے نے زندگی میں بہت استغفار کی ہے۔ اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ مردے کے لئے بجائے طاعت کے ثواب ہے۔ دلیل ہے کہ صاحب اطاعت اور نماز میں سست ہے۔ اور اگر مردہ کو دیکھے کہ جس جگہ زندگی میں نماز پڑھتا تھا اسی جگہ پڑھ رہا ہے تو مردے کے پاک دین اور زندہ کی درستی عاقبت پر دلیل ہے۔

مردہ چیزے دادن (مردے کا کوئی چیز دینا):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مردہ اس کو کوئی دنیا کا سامان دیتا ہے۔ دلیل ہے کہ وہاں سے کسی چیز کے پہنچنے کی امید نہیں رکھتا ہے۔

اور اگر دیکھے کہ مردے نے اس کوئی چیز کھانے پینے کی دی ہے اور اس نے کھائی ہے تو دلیل ہے کہ حلال کی روزی پائے گا اور اگر نہ کھائے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

اور اگر دیکھے کہ مردے نے اپنے کپڑوں میں سے اس کو کچھ دیا ہے اور اس نے پہنا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو مال اور جان سے غم واندوہ پہنچے گا۔ اور اگر کپڑا نہیں پہنا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب اس دنیا سے رحلت کرے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ مردے نے اس کو دو کپڑے دیئے ہیں اور اس نے پن کر اتارے ہیں اور پھر لوگوں کو دیئے ہیں دلیل ہے کہ اس کا نقصان نہ ہوگا بلکہ اس کا مال زیادہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنا کپڑا کسی کو دیا ہے اور کہا ہے کہ کپڑا سی یا جلا، یا نگاہ میں رکھ۔ دلیل ہے کہ اس کو غم واندوہ پہنچے گا۔

اور اگر دیکھے کہ مردے نے اس کو عاریتاً کپڑا دیا ہے اور پھر اس سے طلب کیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس مردے کا بُرا کام ہوگا۔ اور اگر مردے نے اس کو پرانا کپڑا دیا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب درویش ہو جائے گا اور اگر اس کو نیا کپڑا دیا ہے تو دلیل ہے کہ عزت اور بزرگی پائے گا۔

اور اگر مردے نے اس کو قرآن مجید یا فقہ وغیرہ کی کتاب دی ہے تو دلیل ہے کہ خیرات اور عبادات کی توفیق پائے گا۔ اور اگر مردہ کپڑے بیچتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ کپڑا گراں ہوگا۔ اور اگر کچھ مردے کو بخشتا ہے اور

www.waseemziyai.com

اس نے قبول نہیں کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو ضرر اور نقصان پہنچے گا۔

مردہ نالیدن (مردے کا رونا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی مردے کو بدحال اور روتا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ جو اس نے برا کام کیا ہے۔ اس کی بابت اس سے سوال ہوا ہے۔ اور اگر مردے کو بیمار دیکھے تو دلیل ہے کہ اس سے دین اور ایمان کا سوال ہوگا۔ اور اگر مردہ درد سر سے روتا ہے تو دلیل ہے کہ اس نے دنیا میں جو تکبر کیا ہے اس کا اس سے سوال ہوگا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ جو اس نے ماں باپ کے حق میں قصور کیا ہے اس کا اس سے سوال ہوگا۔

اور اگر مردہ دانتوں کی درد سے روتا ہے تو دلیل ہے کہ اس سے غیبت کی بابت سوال ہوگا۔ اور اگر آنکھ کی درد سے روتا ہے تو دلیل ہے کہ اس نے دنیا میں لوگوں کے عیال پر نظر بد کی ہے اس کی بابت اس سے سوال ہو گا۔ اور اگر درد کان سے روتا ہے تو دلیل ہے کہ جو کچھ اس نے عورتوں یا بھائیوں کے حق میں کیا ہے اس کا اس سے سوال ہوگا۔ اور اگر مردہ درد پہلو سے روتا ہے تو دلیل ہے کہ جو کچھ اس نے عورتوں کے حق میں کیا ہے اس سے سوال ہوگا۔ اور اگر درد پشت سے روتا ہے تو دلیل ہے کہ اس سے ماں باپ کے حق کی بابت سوال ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ عضو تناسل کے درد سے روتا ہے تو دلیل ہے کہ دنیا میں جو اس نے زنا اور فساد کیا ہے اس کی بابت اس سے سوال ہوگا۔ اور اگر سرین کے درد سے روتا ہے تو دلیل ہے کہ دنیا مین جو کچھ اس نے سفر اور حضر میں خویشوں (رشتہ داروں) کے حق میں کیا ہے اس سے اس کی بابت سوال ہوگا۔ اور اگر مردہ درد پاؤں اور پنڈلی کے درد کی وجہ سے روتا ہے تو دلیل ہے کہ جو کچھ اس نے دنیا میں کیا ہے اس کی بابت اس سے سوال ہوگا۔

مجامعت کردن با مردہ (مردے سے جماع کرنا):

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اصل خواب کی یہ ہے کہ اگر مردے سے جماع کرے اور آب منی اس سے نہیں نکلا ہے تو تاویل اس کی درست اور راست آئے گی۔ اور اگر غسل واجب ہوا ہے تو بیکار ہے۔ اور اگر دیکھے کہ مردے سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ جہاں سے امید نہیں رکھتا ہے وہاں سے امید پوری ہوگی۔ اور اگر اپنی بہن یا مردہ ماں سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ کسی جگہ سے اس مردہ کو صدقہ اور ثواب پہنچے گا۔ اور اگر کسی مردہ سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس مردہ سے اس کو کچھ ملے گا۔

اور اگر مردے کو شہوت سے بوسہ دیا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کرے گا اور مردے کے لئے خیر کرے گا۔ اور اس کو دعا سے یاد کرے گا۔ اور اگر مردے سے جماع کیا ہے تو دلیل ہے کہ مردے کے مال سے اس کو کچھ ملے گا۔

از پس مردہ شدن (مردہ کے پیچھے جانا):

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مردے کے پیچھے جانا اگر مصلح اور پارسا ہے۔ تو

www.waseemziyai.com

اس کی راہ اختیار کرے گا۔ اور اگر فاسق ہے تو اس کی راہ اور عادت پکڑے گا۔ اگر نہ جانے کہ مردہ مفسد ہے یا مصلح ہے اور اس کے پیچھے گیا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا اور آخر کار شفا پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس مردے نے آواز کا جواب دیا ہے اور اس کو نہیں دیکھا ہے۔ دلیل ہے کہ دنیا سے جلدی سفر کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ وہ مردے کے پیچھے کسی نامعلوم مکان میں گیا ہے تو دلیل ہے کہ مرے گا۔ اور اگر اس نے مردے کو کہا کہ فلاں وقت میرے پاس آنا اور اس نے کہا کہ آؤں گا۔ اگر مردہ مصلح اور راست گو ہے۔ تو اسی وقت جب کہا ہے مرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ مردے نے اس کو ڈرا کر اپنے پاس بلایا ہے اور اس کو منع نہیں کر سکا ہے تو اس کی وفات پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مردے کو اپنے پاس بلایا ہے اور خود اس کے گھر نہیں گیا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہو گا اور شفا پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مردہ اس کو بازار میں لے گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کسب اور معاش نیک ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی اپنے آپ کو مردوں کے درمیان میں دیکھے تو دلیل ہے کہ نیک باتوں کا امر کرے گا اور بری باتوں سے رُکے گا۔ اور لوگ اس کی بات نہ سنیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی مردے کے ساتھ دوستی ہوگئی ہے تو دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا اور سفر میں دولت اور اقبال اور شادی اور خوشی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مردوں کے درمیان ہے چنانچہ اس کے سوا اور کوئی بھی زندوں میں سے ان میں نہ تھا تو دلیل ہے کہ فاسدین کے گروہ میں بیٹھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ وہ بھی ان کی طرح مردہ ہے تو دلیل ہے کہ اس کے دین میں بھی فساد ہے۔ اور اگر دیکھے کہ مردوں کی جماعت کھانا کھاتی ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک میں کھانا گراں ہوگا۔

حضرت حافظ معبر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ وہ مردے کے کسی حصہ کو کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ زمین سے خزانہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نامعلوم مردوں کو تلوار سے مارتا ہے۔ اگر مصلح ہے تو لوگ اس کے ہاتھ پر توبہ کریں گے اور بُرے کاموں سے رُکیں گے۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ لوگوں سے بحث اور مناظرہ کر کے سب کو دلائل سے قائل کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مردہ اس کی رہبری کرتا ہے تو دلیل ہے کہ شریعت کا راستہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مردہ اپنے آپ کو دھوتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے خویش (رشتہ دار) نجات پائیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مردے کو زمین پر گھسیٹا ہے تو دلیل ہے کہ حرام کی کمائی کرے گا اور بہت سا مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ وہ مردوں کو زندہ کرتا ہے تو دلیل ہے کہ چمڑہ رنگنے والوں کا کام کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مردے کے ساتھ ایک گھر میں سویا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی۔

مردہ اجامہ ہا (مردوں کا لباس):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مردہ نے سبز لباس پہنا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ دنیا

www.waseemziyai.com

سے شہید گیا ہے اور اگر سفید لباس میں دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا درجہ نیک ہے۔ اور اگر سیاہ لباس میں دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا حال بد ہے۔ اور اہل دوزخ کا لباس سیاہ ہے۔ اور اگر سرخ لباس میں دیکھے تو دلیل ہے کہ بد ہے۔ اور اگر زرد یا نیلے لباس میں دیکھے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب غم اور مصیبت میں مبتلا ہوگا۔ اور اگر نقش دار لباس میں دیکھے تو دلیل ہے صاحب خواب غم اوز مصیبت میں مبتلا ہوگا اور حق بجانب مردہ ہوگا اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو حق بجانب زندہ ہے۔ اور ابعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اگر زندہ شخص خواب میں مردے کو کپڑے پہنائے تو دلیل ہے کہ اس کی موت قریب ہے۔

تاویل کفن مردہ (مردے کے کفن کی تاویل):

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ معلوم مردے کو کفن کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس دنیا میں مردے کا طریقہ پکڑے گا۔ اگر عالم تھا تو علم میں اور اگر مالدار ہے تو مال میں۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے مردے کا کفن اتارا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ مروت زندے کی قبر میں ہے اور اس مردے کا حال نیک ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مردے کو کفن دیا ہے تو دلیل ہے کہ مردے کے خویشوں (رشتہ داروں) کو کپڑا دے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لباس مردہ تین وجہ پر ہے۔ اول: مال۔ دوم: مشکل کام کا ظاہر ہونا۔ سوم: دین کا فساد۔

اور اگر دیکھے کہ مردے نے نگاہ کی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی۔ لیکن اس کے گھر میں خرابی پڑے گی۔ اور اگر دیکھے کہ مردہ زندہ ہوا ہے تو دلیل ہے کہ مشکل کام اس پر ظاہر ہوگا۔ اور اگر معطل ہے تو کام پائے گا اور اگر بادشاہ ہے تو اس کا علم اور حکمت زیادہ ہوگی اور جو امید ہے پوری ہوگی اور اگر کسی شغل میں تردد (شک) ہے تو پورا ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **فاماته الله مائة عامٍ ثُم بعثه۔** (اللہ تعالیٰ نے اس کو سو سال مردہ رکھا پھر اس کو اٹھایا۔)

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کوئی بڑا آدمی یا کوئی عالم زندہ ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مذہب اور اس کی خصلت زندہ ہوگی۔ خواہ نیک ہو یا بد۔

اور گر دیکھے کہ اس کو مردے نے بغل میں لیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی اور صاحب خواب کا کام بہتر ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی چیز مردے کو دی ہے تو دلیل ہے کہ وہ چیز مہنگی ہوگی اور اس کا نرخ گراں ہو گا۔ اور یہ بھی کہتے ہیں کہ وہ مردہ بخشا ہوا اور شہید ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ مردہ اس سے کھانا مانگتا ہے تو دلیل ہے کہ مردہ اس سے صدقہ کی امید رکھتا ہے۔

www.waseemziyai.com

مرزنگوش (ایک دوا ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مرزنگوش سونگھی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں مبارک اور ایماندار صاحب علم و دانا لڑکا پیدا ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے مرزنگوش جگہ سے اکھاڑی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا بیٹا بیمار ہوگا اور اگر فرزند نہیں ہے تو خود غم واندوہ میں مبتلا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی ملک کی زمین میں بہت سے مرزنگوش اگی ہے تو دلیل ہے کہ مصلح بہت سے لوگ ہوں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خوب میں مرزنگوش کا درخت وہ ہوتا ہے جو شخص اس کے اہل بیت میں سے اس کو بہت چاہتا ہے۔ اگر دیکھے کہ مرزنگوش زرد اور پژمردہ ہے تو دلیل ہے کہ وہ شخص مفسد (فساد کرنے والا) اور بے نصیب ہوگا۔

مرغ (پرندہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے جس قدر پرندہ خواب میں زیادہ ہوگا۔ دلیل ہے کہ ہمت سے بڑے کام کو طلب کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بہت سے پرندے کسی جگہ میں آوازیں کرتے ہیں تو دلیل ہے کہ اس علاقہ والوں کو غم اور مصیبت پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس مرغ کا انڈا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مرغ اس سے باتیں کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا کام بند ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ مرغ اس کے ہاتھ میں مرا ہے تو دلیل ہے کہ غمناک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مرغ کی پشت پر بوجھ رکھا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس شخص سے جو اس کی طرف منسوب ہے اس کو نقصان پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مرغ اس کے جسم سے تازہ گوشت لے گیا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی اس کا مال زور سے لے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے جسم سے گوشت کا ٹکڑا مرغ کے آگے ڈالتا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے مال میں سے کوئی چیز کسی کو بخشے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مرغ نے گوشت کا ٹکڑا ہڈی سمیت اس کے آگے ڈالا ہے تو دلیل ہے کہ مال پائے گا۔ اور ہر ایک مرغ کی تاویل وہی شخص ہے کہ جو اس مرغ کی طرف منسوب ہے اور یہ بات پہلے بیان ہو چکی ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مرغا بردے فروش جیسا ہے جو غلام اور کنیز بیچتا ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مختلف قسم کے پرندے کسی شہر میں آئے ہیں تو دلیل ہے کہ وہاں بیگانہ لشکر آئے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مرغ نے اس کی آنکھیں نکالی ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے دین میں کسی سے تباہی پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مرغ کا خون پیا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر اس کے

www.waseemziyai.com

مال کو نقصان پہنچے گا۔

مرغابی:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مرغابی کی دوسرے مرغوں سے تاویل بہتر ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مرغابی پکڑی ہے یا اس کو کسی نے دی ہے تو دلیل ہے کہ مال و نعمت اور بزرگی پائے گا اور دلی مراد کو پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سی مرغابیاں جمع ہوئی ہیں تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا اور دشمن پر فتح پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مرغابی معیشت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ مرغابی پکڑی ہے یا اس کو کسی نے دی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور بزرگی پائے گا۔ اور اس کی ہڈی مال اور نعمت ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ لوگوں نے کسی جگہ مرغابی رکھی ہے تو دلیل ہے کہ اس جگہ مصیبت اور غم ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مرغابی کا بچہ پکڑا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ مرغابی کا خواب میں دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: مال۔ دوم: بزرگی۔ سوم: ریاست۔ چہارم: حکومت۔ کیونکہ مرغابی کبھی پانی میں اور کبھی زمین پر ہوتی ہے۔ اس وجہ سے مرغابی خواب میں دیکھنے والا ہر ایک طرح کی مراد کو جو وہ چاہتا ہے پائے گا۔

مردمان (لوگ دیکھنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ لوگوں نے بہت سے سبز کپڑے پہنے ہوئے ہیں تو یہ اس کے آرام اور پاک دین اور خوشی پر دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ لوگ سیاہ اور میلے کپڑے رکھتے ہیں۔ اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ ان کے کپڑے نیلے ہیں تو مصیبت اور اندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ نئے اور فراخ کپڑے رکھتے ہیں تو عیش اور فراخی نعمت پر دلیل ہے۔

مرغزار (سبزہ زار):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں سبزہ زار دیکھے کہ وہ پودوں کی قسموں کو پہچانتا نہیں ہے۔ تو اس کے دین اور اسلام پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ وہ اپنی ملک کے سبزہ زار میں ہے تو بقدر اس کے اس کے دین اور اعتقاد پر دلیل ہے۔ اور اگر اس نے دوسروں کی ملک کی سبزہ زار کی سیر کی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی صحبت نیک بندوں کے ساتھ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ سبزہ زار میں خوش و خرم پھرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس پر عیش فراخ ہوگا اور اس کا کام انتظام سے ہوگا اور سبزہ زار خواب میں بزرگوار مرد ہے اس کی بزرگی اور عمدگی کے مطابق۔ اور اگر سبزہ زار عمدہ اور پاکیزہ دیکھے اور جانے کہ اس کی ملک ہے تو دلیل ہے کہ کسی

www.waseemziyai.com

بڑے آدمی سے ملے گا اور اس سے خیر و منفعت حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ موسم بہار میں سبزہ زار میں پھرتا ہے اور خوش و خرم پھول اور کلیاں کھلی ہوئی ہیں اور پانی کی نہر اس میں جاری ہے تو دلیل ہے کہ اس کی شہادت کی موت ہوگی۔ اور اگر موسم بہار میں سبزہ زار دیکھے معروف ہے یا غیر معروف ہے اور اس میں گل و ریاحین سرسبز ہیں تو دلیل ہے کہ اس کی کسی بڑے آدمی سے صحبت ہوگی۔ جو اپنے نوکروں چاکروں سے بچھڑا ہوا ہے اور اگر سبزہ زار کو خوش و خرم دیکھے کہ اس میں پھول اور پودے سرسبز ہیں اور اس میں پانی جا رہا ہے اور اس نے ان کو جڑ سے اکھاڑا ہے اور ویران کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک کے بادشاہ کو ناگہانی موت آئے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ سبزہ زار کے اندر گیا ہے اور اس میں شیر دیکھے ہیں تو دلیل ہے کہ اس ملک کا بادشاہ ظالم اور جابر ہوگا۔ اور اگر اس میں بکریاں بھی دیکھی ہیں تو دلیل ہے کہ اس ملک کے بادشاہ کو بہت مال حاصل ہوگا۔ اور اگر اس میں گدھوں کو دیکھے اور بیلوں کو بھی دیکھے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کا لشکر بے وفا ہوگا اور اس پر بھروسہ نہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ سبزہ زار سے گل و ریاحین جمع کر کے گھر کو لایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے خیر و منفعت حاصل ہوگی۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سبزہ زار عورت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ لہلہاتے ہوئے سبزہ زار میں گیا ہے اور وہاں مقیم ہوا ہے تو دلیل ہے کہ وہاں سے خوبصورت اور لڑاکی عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ خوش و خرم سبزہ زار ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سبزے کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ اول: دین۔ دوم: اعتقاد۔ سوم: معیشت اور نظام کار۔ چہارم: بادشاہ۔ پنجم: مرد بزرگوار۔ ششم: خیر و منفعت۔ ہفتم: مراد پانا۔

مرہم:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے خستہ اور زخمی جسم پر مرہم رکھی ہے تو اس کے کار دین کی خیر اور اصلاح پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مرہم کھائی ہے تو دلیل ہے کہ مال حرام کھائے گا یا اس کو اندوہ اور نقصان پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو مرہم دی ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کے فرزندوں کو خیر و منفعت پہنچائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے خستہ یا زخمی جسم پر مرہم رکھی ہے اور وہ مرہم گوشت خوری ہے تو اس کے مال کے نقصان پر دلیل ہے۔

مروارید:

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں مروارید غلام یا کنیز کا فرزند ہے۔ اور حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مروارید خوب صورت کنیز یا باجمال عورت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس

www.waseemziyai.com

بہت سا مروارید ہے کہ شمار میں نہیں آیا ہے۔ دلیل ہے کہ صاحب خواب کو اسی قدر منفعت پہنچے گی۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے۔ اگر پراگندہ مروارید دیکھے تو علم اور حکمت کی بات پر دلیل ہے۔ اور بعض نے بیان

www.waseemziyai.com

ہے کہ اس کا فرزند مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مروارید اس کے عضو تناسل سے نکلا ہے اور اس مروارید میں سوراخ نہیں ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکی پیدا ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مروارید کے ہار گلے میں ڈالے ہیں تو دلیل ہے کہ سب طرح کا علم حاصل کرے گا۔ اور اگر کسی کی گردن میں باندھے ہیں تو دلیل ہے کہ اس شخص کو علم اور حکمت سکھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مروارید کا گوشوارہ اس کے دونوں کانوں میں ہے۔ دلیل ہے کہ قرآن مجید حفظ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس مروارید کا ڈھیر ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مروارید فروخت کرتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ شخص پارسا اور مصلح ہے۔ اس کو ہر ایک علم سے ایک حصہ ہے۔ اور اگر وہ شخص اہل علم سے نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو فرزند اور بہت سا مال حاصل ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مروارید کو دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: قرآن مجید۔ دوم: حکمت اور دانائی۔ سوم: مال۔ چہارم: عورت۔ پنجم: خوبصورت کنیز۔ ششم: فرزند نیک۔ اور خواب میں مروارید فروش شخص ایسا شخص ہے جو کئی فرزند اور بہت سا علم اور مال رکھتا ہے۔

مزدوران (مزدور):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مزدور اس کے گھر میں ہیں اور کام کرتے ہیں۔ تو دلیل ہے کہ اس کا بادشاہ کے خویشوں (رشتہ داروں) سے جھگڑا ہوگا اور ان سے جدائی ڈھونڈے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ لوگوں کے گھر میں مزدوری کرتا ہے تو دلیل ہے کہ سخت کام میں گرفتار ہوگا اور صاحب خانہ کو کسی سے نزاع ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ مزدور اس کے گھر میں کام کرتے ہیں تو دلیل ہے کہ وہ غمگین ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مزدور اس کے گھر میں خاک لاتے ہیں تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور نعمت حاصل ہوگی اور اس سے خلاف نقصان مال پر دلیل ہے۔

مژگان (پلکیں):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پلکیں دین کو نگاہ رکھنا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کی پلکیں ہلتی ہیں تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ آنکھ کی پلکیں گری ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا دین خراب ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ پلکیں مڑی ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر مال کا نقصان ہوگا۔ اور پلکوں کو حرکت کرتے ہوئے دیکھنا بیماری پر دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پلکوں کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: دین کی حفاظت۔ دوم: موافق دوست۔ سوم: مال اور روزی۔ چہارم: خوشی بقدر فرزند۔ حاصل یہ ہے کہ پلکوں پر ہر ایک طرح کی خیر اور شر کا دیکھنا ان چار وجہ پر دلیل ہے۔

مزورہا (شوربا بغیر گوشت کے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شوربا اگر ترش اور بے مزہ نہیں ہے اور اس میں چکناہٹ ہے تو خیر و منفعت پر دلیل ہے۔ اور اگر ترش اور بے مزہ ہے تو ضرر اور غم پر دلیل ہے۔

مس (تانبا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ تانبا یہودیوں کے لئے ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس تانبا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ تانبے کا برتن جیسے گلاس اور لوٹا اور جو اس کے مشابہ ہے۔ یہ سب شادی اور نکاح پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اس نے تانبا گلا کر کے صاف اور پاکیزہ کیا ہے تو دلیل ہے کہ مشکل کام اس کے ہاتھ پر کشادہ ہوگا۔ کہتے ہیں کہ صاحب خواب حلال کو مشقت سے حاصل کرے گا۔

مستی:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مستی حرام اور نماز میں سستی ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: یآیھا الذین امنوا لاتقربوا الصلوۃ وانتم سکاری ۔ (اے ایمان والو! حالت نشہ میں نماز کے قریب مت جاؤ)۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مستی اگر شراب سے ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر ڈر اور خوف بہت رہے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خوب میں مستی چار وجہ پر ہے۔ اول: مال۔ دوم: دولت۔ سوم: توانائی اور ضعف۔ چہارم: اسی قدر خوف اور دہشت (ڈر)۔

مسجد:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ آباد مسجد تاویل میں عالم مرد ہے جس کے پاس اصلاح کے لئے بہت لوگ آتے ہیں۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: ومساجد یذکر فیھا اسم اللہ کثیراً۔ (اور مسجدوں میں اللہ تعالیٰ کا ذکر بہت کیا جاتا ہے)۔

اگر دیکھے کہ اس نے مسجد بنائی ہے۔ دلیل ہے کہ مسلمانوں کے لئے خیر اور نیکی کرے گا اور اس سے اس

www.waseemziyai.com

کو اجر اور ثواب حاصل ہوگا۔ یا کسی قوم کو اپنے کام پر جمع کرے گا یا کسی قوم کو دین اسلام اور شریعت پر قائم رکھے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مسجد کی بنیاد رکھنا عورت کرنا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مسجد کی بنا رکھی ہے۔ اگر بنیاد مکمل کی ہے۔ دلیل ہے کہ حلال عورت کرے گا اور وہ عورت دیندار اور پارسا ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مسجد کا چراغ بجھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے فرزند مریں گے۔ اور اگر دیکھے کہ جامع مسجد میں بیٹھا ہے اور اس کے گرد سبزہ اُگا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس پر ایسی چیز کا گمان کریں گے جو اس میں نہ ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے مسجد کے دروازے سے روکا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اس پر ظلم کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مسجد میں نماز ادا کی ہے اور اس کا منہ قبلے کی طرف نہ تھا۔ تو اس کی تاویل بُری ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مسجد میں ہاتھ منہ دھویا ہے تو دلیل ہے کہ اپنا مال اس مسجد میں خرچ کرے گا اور اس کی مراد حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ مسجد ویران ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ کوئی عالم فوت ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مسجد کا بنانا خواہش ہے اور گمراہ لوگوں کا جمع کرنا ہے اور پھر ان کو اصلاح پر لانا ہے اور دشمنوں کی غیبت کرنا ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: وقال الذین غلبوا علی امرھم لنتخذن علیھم مسجدًا۔ (اور جو لوگ ان کے امر پر غالب آئے انہوں نے کہا کہ ہم ان پر مسجد بنائیں گے)۔

اور اگر دیکھے کہ کوئی جگہ اس کی ملک میں سے مسجد ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ دین میں شرف اور بزرگی پائے گا۔ اور مخلوق کو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی قوم کے ساتھ مسجد میں گیا ہے تو دلیل ہے کہ لڑا کی عورت کے ساتھ شادی کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے مسجد میں چراغ روشن کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں مصلح لڑکا پیدا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ وہ مکہ مدینہ کی مسجد (مسجد نبوی شریف) میں گیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ سب طرح کے خوف سے امن میں ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مسجد کا دیکھنا بارہ وجہ پر ہے۔ (1) بادشاہ۔ (2) قاضی۔ (3) عالم۔ (4) رئیس۔ (5) امام۔ (6) خطیب۔ (7) مؤذن۔ (8) مسجد۔ (9) امیر۔ (10) خیر و برکت۔ (11) عورت کرنا۔ (12) نیکی کرنا۔

اور اگر دیکھے کہ جمعہ کے دن مسجد کو آراستہ کیا ہے تو دلیل ہے کہ عالم لوگ اس سے خیر و برکت پائیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مسجد کو بنایا ہے تو اس کے ایمان اور دین کی درستی پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ مسجد میں گیا ہے تو دلیل ہے کہ خوف سے امن میں ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: مَنْ دخلہ کان امناً۔ (اور جو شخص

www.waseemziyai.com

اس میں داخل ہوگا امن میں رہے گا)۔

مسح:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے موزے پر مسح کیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے ہاں عالم وفاضل لڑکا پیدا ہوگا اور لوگ اس کے تابعدار ہوں گے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے موزے پر مسح کیا ہے تو دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا اور اس سفر میں بہت سا مال حاصل کرے گا۔ اور اس کا کام انتظام سے ہوگا۔

مسکہ (مکھن):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ تازہ روغن تاویل میں مال اور حلال نعمت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مسکہ لیا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے اور اس نے کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حلال پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مسکہ کھانا سچی گواہی دینا ہے۔ اگر خواب میں بکری کا مکھن کھائے تو دلیل ہے کہ اس کو مال اور نعمت حاصل ہوگی۔ اور گائے کا مکھن دلیل ہے کہ وہ سال اس پر مبارک ہوگا۔ اور اسی قدر خیر و برکت پائے گا۔ حاصل یہ ہے کہ حلال جانور کا مکھن مال حلال پر دلیل ہے اور جس کا گوشت حرام ہے، مال حرام پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مسکہ چار وجہ پر دلیل ہے۔ اول: مال حلال۔ دوم: سچی گواہی۔ سوم: علم و دانش۔ چہارم: گناہ اور معصیت۔

مسواک (دانتن):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے مسواک کی ہے تو دلیل ہے کہ مال خیرات میں کرے گا کہ اس میں کچھ ثواب نہ ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے اگلے دانتوں کو مسواک کی ہے تو دلیل ہے کہ بھائیوں اور بہنوں سے احسان کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سب دانتوں کو مسواک کی ہے تو دلیل ہے کہ اپنے تمام خویشوں (رشتہ داروں) سے نیکی کرے گا۔

مشرق و مغرب (پورب، پچھّم):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مشرق جہان کے بادشاہوں پر دلیل ہے اور آفتاب کا نکلنا حکومت پر دلیل ہے۔ اور بادشاہوں کی طرف سے فرمان ہے اور آفتاب کا غروب ہونا اس کے خلاف ہے۔ اگر دیکھے کہ اصلاح کے کام کے لئے مشرق میں ہے تو نعمت پر دلیل ہے۔ اور اگر اپنی جگہ بُری دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری نہ ہوگی۔ اور سب حال میں آفتاب نکلنے کی جگہ غروب ہونے سے بہتر ہے۔ اور

www.waseemziyai.com

آفتاب نکلنے کی جگہ اقبال اور بزرگی پر دلیل ہے اور غروب آفتاب کی جگہ بدبختی اور عاجزی پر دلیل ہے۔

مُشرک شدن (مُشرک ہونا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر مشرک دیکھے کہ مسلمان ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اسلام میں مرے گا۔ اگر دیکھے کہ مشرک قبلہ کی طرف نماز پڑھتا ہے یا اللہ تعالیٰ کا شکر کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ مسلمان ہوگا اور نعمت اس پر زیادہ ہوگی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **اللہ نور السموت والارض مثل نورہٖ کمشکوٰۃ۔** (اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔ اس کے نور کی مثال طاق کی مانند ہے)۔ اور اگر دیکھے کہ کوئی مُشرک کسی مسلمان کے گھر آیا ہے۔ تو بھی یہی تاویل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی مشرک کو خواب میں دیکھے اور صاحب خواب پارسا ہے تو دلیل ہے کہ علم کو طلب کرے گا اور دشمن پر فتح پائے گا۔ اور اگر پارسا نہیں ہے تو دلیل ہے کہ بد مذہب لوگوں کے ساتھ صحبت رکھے گا۔

مشک (خوشبو):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس مشک ہے تو دلیل ہے کہ باادب اور دانا ہوگا اور سب لوگ اس کی تقریب اور تحسین کریں گے۔

اور اگر دیکھے کہ اس سے مشک کی یا کافور کی خوشبو آتی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا اعتقاد اور یقین پاکیزہ اور صاف ہوگا اور راہ حق پر آئے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مشک کو پیستا ہے تو دلیل ہے کہ کسی سے نیکی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مشک نافہ چیرا ہے اور اس سے بُری بُو آئی ہے۔ اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مشک کو دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: دوست۔ سوم: عیش خوش۔ چہارم: کنیز۔ پنجم: بہت سا مال۔ ششم: عمدہ بات۔

مشک آب (پانی کی مشک):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مشک سفر ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس پانی کی مشک ہے اور نئی ہے تو دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا اور بہت فائدہ حاصل کرے گا۔ اور اگر مشک پرانی ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پانی کی مشک کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: سفر دوم: مال۔ سوم: زندگانی۔

www.waseemziyai.com

مصحف (قرآن مجید):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مصحف کی تاویل علم اور حکمت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مصحف خریدا ہے تو دلیل ہے کہ طالب علم اور دانش مند ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ مصحف کو آگ میں جلایا ہے تو یہ فعل دین کے فساد پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مصحف کھول کر سر اور آنکھ پر رکھا ہے تو دلیل ہے کہ سب کام اندازے کے ساتھ کرے گا اور اس شہر کا والی ہوگا۔ اگر دیکھے کہ مصحف اس کے ساتھ باتیں کرتا ہے۔ اگر نیک بات ہے تو نیکی پر دلیل ہے اور اگر بُری بات ہے تو بدی پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مصحف کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: علم و حکمت۔ دوم: میراث۔ سوم: امانت۔ چہارم: روزی حلال۔ پنجم: دین اور دیانت۔

مصطگی:

مصطگی، ایک قسم کا گوند ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مصطگی چبائی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی گفتگو ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ وہ مصطگی کو پانی کے ساتھ چباتا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر کسی کی شکایت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مصطگی کی دُھونی آگ میں سلگائی ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب بادشاہ سے رنج اٹھائے گا۔

مطبوخ (جوشاندہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے بیماری کے لئے جوشاندہ پکایا ہے اور وہ جوشاندہ اس کے مطابق ہے تو دلیل ہے کہ دین کی اصلاح ڈھونڈے گا۔ اور اگر جوشاندہ مطابق نہیں ہے تو دلیل ہے کہ اس سے دین کی اصلاح نہ ڈھونڈے گا۔ اور اگر دیکھے کہ جوشاندہ پیا ہے اور اس نے اثر کیا ہے تو اصلاح اور تندرستی اور خیر پر دلیل ہے۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو رنج اور نقصان پر دلیل ہے۔

مطرب (گویّا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کچھ گاتا ہے اور ترانے لگاتا ہے۔ دلیل ہے کہ طبلہ کے فساد کی طرح حرام کی طرف مائل ہوگا اور دین کی بابت کچھ گانا غم پر دلیل ہے۔ اور خواب میں گویئے کا کام کرنا خیر و منفعت ہے۔ معبر خواب بیان کرنے والا چاہئے اور مرد جیسے قاضی اور مفتی ہونا چاہئے۔ کیونکہ یہ تینوں قومیں صاحب گریہ اور زاری ہیں اور تعبیر میں فساد پر دلیل کرتا ہے۔

www.waseemziyai.com

معجون:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ معجون درد اور بیماری کے لئے بنائی ہے تو دلیل ہے کہ اس سے لوگوں کو خیر و منفعت پہنچے گی۔

معدہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا معدہ قوی اور بے آفت ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی زندگی دراز ہوگی اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو اس کی عمر کوتاہ (مختصر) ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں معدہ چھ وجہ پر ہے۔ اول: مال حرام۔ دوم: بُرائی۔ سوم: ناخوش باتیں۔ چہارم: فرزند۔ پنجم: زندگانی دراز۔ ششم: ایسا کام کرنا کہ جس سے فائدہ اور منفعت حاصل ہو۔

معزول شدن (معطل ہونا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی کام سے معزول ہوا ہے یا اس کو کسی نے معزول کیا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا ورنہ تجارت میں نقصان ہوگا۔

معصفر (کُسنبا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں معصفر تین وجہ پر ہے۔ اول: بیماری۔ دوم: غم و اندوہ۔ سوم: ایسے کام کہ جن کے کرنے سے اس کو رنج اور سختی پہنچے گی۔

معلم (استاد):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں معلم سردار اور دانا ہے۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ تعلیم دیتا ہے اور بچوں کو علم سکھاتا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب لوگوں کو حق بات کہے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ معلّمی کرتا ہے اور لڑکوں کو علم سکھاتا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہی کے لائق نہیں ہے۔ اور اپنی جگہ پر اس کی بات جائز ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں معلّمی کرنا چار وجہ پر ہے۔ اول: فرماں روائی۔ دوم: عزت اور مرتبہ۔ سوم: بزرگی۔ چہارم: حکم کرنا۔

مغز:

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ہڈی اور سر کا مغز خواب میں مال ہے جو بطور ذخیرہ رکھا ہوا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ سانپ اور بچھو اس کے بھیجے کو کھاتے ہیں تو دلیل ہے کہ اسی قدر لوگوں کا مال کھائے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سر کا مغز دفن کیا ہوا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے گندہ اور بے مزہ مغز کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مال حرام ہے یا اس کی زکوٰۃ نہیں دی ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ سب طرح کے مغزوں کا خواب میں دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: پوشیدہ مال۔ دوم: عقل۔ سوم: صبر۔

مبتلا شدن (مبتلا ہونا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مبتلا ہوا ہے کہ اٹھ نہیں سکتا ہے۔ دلیل ہے کہ سب کاموں میں ضعیف اور سست ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی کو مبتلا کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عیش خراب کرے گا اور نقصان دے گا۔

مقراض (قینچی):

اس کا بیان آگے حرف نون میں آئے گا۔

مقعد (پاخانہ کی جگہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مقعد دیکھنا صاحب خواب کا شغل اور کسب ہے۔ اگر اپنی مقعد کو خواب میں باہر نکلی ہوئی دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا کسب اور کام تباہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی مقعد کا سوراخ بند ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام اور کسب اس پر بند ہو جائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مقعد کو دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: کسب اور کام۔ دوم: مال کی منفعت۔ سوم: معیشت۔

مقنعہ (اوڑھنی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اوڑھنی عورتوں کے لئے شوہر اور مردوں کے لئے عورت ہے۔ اگر دیکھے کہ اوڑھنی اس کے سر سے جدا ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا شوہر طلاق دے گا۔ اور سیاہ اوڑھنی دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا شوہر بدکار ہوگا۔ اور اگر سرخ ہے تو اس کا شوہر معاشر اور طرب دوست ہوگا۔ اور اگر نیلا دیکھے تو اس کے شوہر پر مصیبت آئے گی۔ اور اگر زرد دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا شوہر بیمار ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اوڑھنی چار وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: کنیز۔ سوم: خادم۔ چہارم: عورتوں سے منفعت۔ اور اگر اوڑھنی سوتی یا پشمینے کی دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا شوہر پارسا اور مصلح اور دیندار ہوگا۔

www.waseemziyai.com

مسلمان شدن (مسلمان ہونا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر مسلمان خواب میں دیکھے کہ دوسری بار مسلمان ہوا ہے تو دلیل ہے کہ بلا اور آفتوں سے امن میں ہوگا۔ اور اگر کافر دیکھے کہ مسلمان ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی قسمت میں اسلام کرے گا۔ اگر دیکھے کہ مسلمان نے کافر کو کہا ہے کہ تو مسلمان ہو جا۔ تو دلیل ہے کہ اس کے سب کام درست ہوں گے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مسلمان کافر ہوا ہے۔ تو دلیل ہے کہ بلا میں گرفتار ہو گا اور اس کے کام کا خاتمہ خیر سے نہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کافر اس کے ہاتھ پر مسلمان ہوا ہے تو دلیل ہے کہ کسی کو بدکاری اور فساد سے باز رکھے گا۔

مسمار (میخ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں میخ کو دیکھے تو بڑے آدمی پر دلیل ہے جو اس کے کاموں میں کھڑا ہوگا اور پورے کرے گا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں میخ بادشاہ یا بڑا امیر ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس بڑی اور مضبوط میخ ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی کسی بڑے آدمی سے صحبت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی چیز میخ سے سی ہے تو دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی کی وجہ سے اس کے پراگندہ کام جمع ہوں گے اور اصلاحیت پر آئیں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی میخ ٹوٹی ہے یا ضائع ہوئی ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں میخ چار وجہ پر ہے۔ اول: بڑا آدمی۔ دوم: وہ شخص جو لوگوں سے عہد پورا کرتا ہے۔ سوم: امیر یا ولی۔ چہارم: بُرے اور نقصان دینے والے کام۔

مگس (مکھی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مکھی کمینہ اور درویش شخص ہے۔ اگر دیکھے کہ مکھیاں اس پر جمع ہوئی ہیں یا اس کی آنکھ اور منہ میں جاتی ہیں تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کسی کمینے شخص سے مال حاصل کرے گا لیکن نقصان پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ مکھی اس کے کان میں گھسی ہے تو دلیل ہے کہ کسی کمینے شخص سے بری بات سنے گا جس سے اس کا دل کوفتہ ہوگا۔ اگر دیکھے کہ وہ مکھی کی آواز سنتا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کو شور کرتا ہوا سنے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مکھی حاسد اور کمینہ شخص ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے اردگرد مکھیاں جمع ہوئی ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا کام حاسد لوگوں سے پڑے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے گھر میں بہت سی مکھیاں پھرتی ہیں تو دلیل ہے کہ لوگ اس کی باتیں

www.waseemziyai.com

کریں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو مکھیاں کاٹتی ہیں تو دلیل ہے کہ کمینے لوگ اس کے خویشوں (رشتہ داروں) پر حسد کریں گے۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے مکھی کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ حاسدوں کو مغلوب کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مکھیاں زمین کے نیچے جاتی ہیں تو دلیل ہے کہ حاسد اس کا جمع کیا ہوا مال لیں گے اور خزانہ کریں گے اور اس کو نقصان دیں گے۔

مگس انگبین (شہد کی مکھی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شہد کی مکھی فراخ روزی مرد اور کمانے والی عورت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے شہد کی مکھی پکڑی ہے یا اس کو کسی نے دی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال غنیمت حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس پر شہد کی مکھیاں جمع ہوئی ہیں اور اس کو کاٹتی ہیں تو دلیل ہے کہ رنج سے مال اور نعمت حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مکھیاں شہد کھاتی ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر نقصان اور ضرر پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مکھیوں سے شہد لیا ہے تو دلیل ہے کہ خیر و منفعت کی باتیں سنے گا۔ اور ان سے فائدہ دیکھے گا۔

مکہ مکرمہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی اپنے آپ کو مکہ مکرمہ میں دیکھے تو دلیل ہے کہ کعبہ کی زیارت کرے گا اور حج پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مکہ مکرمہ کی طرف تجارت کے لئے گیا ہے اور حج کے لئے نہیں گیا ہے تو دلیل ہے کہ مال دنیا پر حریص ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مکہ مکرمہ میں اصلاح اور زہد کے ساتھ ہے اور عبادت میں مشغول ہے تو دلیل ہے کہ دنیاوی منفعت میں ہے۔ اور اگر مکہ مکرمہ کو آباد اور بھرا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ مال اور نعمت اس پر فراخ (وسیع) ہوگی۔ اور اگر اُجڑا ہوا دیکھے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

ملخ (ٹڈی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زندہ ٹڈی لشکر ہے اور پختہ ٹڈی درہم و دینار ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی شہر یا کسی موضع (علاقہ) میں ٹڈیاں ظاہر ہوئی ہیں اور اس جگہ نقصان پہنچایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر وہاں پر لشکر جمع ہوگا اور اس ملک والوں کو بلا اور زحمت پہنچے گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس نے بہت سی ٹڈیاں جمع کی ہیں اور ایک برتن میں ڈالی ہیں تو دلیل ہے کہ مال جمع کرے گا اور عورت کے مہر میں دے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بے قیاس ٹڈی دل

www.waseemziyai.com

آیا ہے اور دریا میں جمع ہو کر وہاں کی سبزی کھائی ہے تو دلیل ہے کہ مال بے قیاس وہاں پر جمع ہوگا اور پھر لٹ جائے گا۔ تو ویران ہونے پر دلیل ہے۔

منادی (پکارنے والا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ منادی گزرا ہے اور اس کا کلام علم اور حکمت کے مطابق ہے اور اپنے آپ پر صالح اور پارسا ہے تو خیر اور بشارت پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس جہان کی اصلاح کی منادی ہے تو دلیل ہے کہ خیر اور اصلاح پائے گا۔ اور اگر دنیا کی خیر کی منادی ہے تو دلیل ہے کہ اس جہان کی مراد پائے گا۔ اور اگر شر اور فساد پر منادی ہے۔ اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

منارہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں منارہ ایسا شخص ہے جو لوگوں کو راہ دین کی طرف دعوت دیتا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس منارہ بنایا ہے تو دلیل ہے کہ نیک کام کرے گا اور اہل اسلام کی جماعت کو جمع کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے منارہ اکھاڑا ہے اور خراب کیا ہے۔ دلیل ہے کہ مسلمان متفرق ہوں گے۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس منارے کا مؤذن دنیا سے رحلت کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں منارہ بادشاہ یا کوئی بڑا آدمی ہے۔ اگر کسی کوچے میں منارہ دیکھے تو دلیل ہے کہ کوئی بڑا آدمی اس کوچے میں آئے گا۔ اور اگر منارہ چونے اور اینٹ کا دیکھے تو دلیل ہے کہ شاہی سردار ہوگا۔ اور اگر کچی اینٹ کا منارہ دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ بڑا آدمی رعایا میں سے ہے اور دیندار اور متواضع (عاجز) ہے۔ اور اگر منارہ پتھر اور چونے کا دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ بادشاہ ظالم کا سردار ہوگا۔ اور اگر لکڑی کا منارہ دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ سردار کمینہ اور کم ہمت ہوگا۔ اور اگر منارہ مسجد کے دروازے پر دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ سردار عالم اور فاضل ہوگا اور لوگوں کو شریعت کے کاموں کی طرف بلائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ مسجد کا منارہ گرا ہے تو دلیل ہے کہ دین کے بزرگوں میں سے کوئی مرے گا اور لوگوں میں تشویش اور پریشانی ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ شہر کے درمیان منارہ ہے تو بادشاہ پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ منارے کا کلس تانبے یا بھرت کا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ ظالم اور جابر ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ منارے کی چوٹی سونے یا چاندی کی ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ جھوٹا، بے وفا اور غدار ہوگا۔

اگر منارہ پکی اینٹ کا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ گردن کش اور متکبر ہوگا۔ اور اگر اپنے آپ کو منارہ کی چوٹی پر دیکھے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کا مقرب ہوگا اور اس کا کام انتظام سے ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ منارہ پر کھانا رکھا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک میں کوئی بادشاہ ظاہر ہوگا۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ منارے میں ہے اور نماز کی اذان کہی ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ مخلوق سے نیک وعدہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے جامع مسجد کے منارے پر نماز کے لئے اذان کہی ہے۔ دلیل ہے کہ حج وعمرہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ منارے نے حرکت کی ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے منارے کو گرایا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہی پائے گا اور اس بادشاہ کو مغلوب کرے گا اور اس سے ولایت لے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں منارے کو دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: بادشاہ۔ دوم: کوئی بڑا آدمی۔ سوم: امام۔ چہارم: مؤذن۔

منبر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں منبر سلطان اہل اسلام ہے جو خیر اور شر منبر میں دیکھی جائے۔ اس کی تاویل سلطان پر واقع ہوتی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ وہ منبر پر چڑھا ہے اور حکمت وعلم کا خطبہ پڑھا ہے۔ اگر اہل علم سے نہیں ہے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند یا اس کے خویشوں (رشتہ داروں) میں سے کوئی عالم ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ منبر پر شعر پڑھے ہیں یا خلاف شریعت باتیں کی ہیں تو دلیل ہے کہ اہل اسلام میں بد دینی اور بدعت کی باتوں سے رُسوا ہوگا۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کو پھانسی پر لٹکائیں گے اور اگر بادشاہ دیکھے کہ منبر پر چڑھا ہے اور منبر گرایا ٹوٹا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہی سے معزول ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ منبر پر چڑھا ہے اور پورا خطبہ پڑھ کر نیچے اترا ہے تو دلیل ہے کہ خطابت سے معزول ہوگا۔ اور اگر عورت دیکھے کہ منبر پر لوگوں کو علم اور حکمت کی باتیں سناتی ہے تو دلیل ہے کہ رسوا ہوگی۔ کیونکہ عورتوں کے لئے حکمت اور علم کا خطبہ پڑھنا لوگوں کے درمیان جائز نہیں ہے اور اگر مردوں کے لئے بھی عورتوں کے درمیان پڑھنا جائز نہیں ہے۔ اور اگر دیکھے کہ منبر پر سے گرا ہے خواہ عالم ہو یا جاہل۔ دلیل ہے کہ عزت سے گرے گا اور لوگوں میں ذلیل اور رسوا ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ منبر پر چڑھا ہے تو دلیل ہے کہ عالم اور مصلح اور دیندار ہوگا اور بزرگی اور عزت اور مرتبہ پائے گا۔ اور اگر مفسد (فساد کرنے والا) ہے تو دلیل ہے کہ اس کو چوری میں پکڑ کر پھانسی پر لٹکائیں گے۔ اور جس قدر منبر بڑا اور پاکیزہ دیکھے گا اسی قدر عزت اور مرتبہ پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں منبر کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: بادشاہ۔ دوم: قاضی۔ سوم: امام۔ چہارم: خطیب۔ پنجم: پھانسی پر لٹکاتا۔

www.waseemziyai.com

منجم (نجومی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ نجومی ہوا ہے تو دلیل ہے کہ بزرگوں اور بادشاہ کے نزدیک عزت پائے گا اور اس کا مرتبہ زیادہ ہوگا لیکن جھوٹی اور محال باتیں کہے گا۔ خاص کر اگر خواب میں بھی احکام نجوم کی بات کہی ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ علم نجوم ہیبت افلاک کی باتیں کرتا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ اور بڑے لوگ اس کی عزت کریں گے۔ اگر دیکھے کہ احکام نجوم کی باتیں کرتا ہے۔ تو اس کی تاویل بے حرمتی دیکھنا اور جھوٹ بولنا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نجومی جھوٹا ہے اور اللہ تعالیٰ کا شکر گزار بندہ ہے۔

منجنیق (گوپھیا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی شہر یا مسلمانوں کے قلعہ پر منجنیق سے پتھر گراتا ہے۔ دلیل ہے کہ پشت پیچھے مسلمانوں کی بدی کرتا ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کافروں کے شہر یا قلعہ پر منجنیق سے پتھر گرا ہے تو دلیل ہے کہ ان کو دشمن جانے گا اور ان کی ہمیشہ بدی کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ شہر کے اردگرد منجنیق لگا ہوا ہے اور شہر کی بنا کو خراب کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس شہر کو دشمن کا خطرہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ منجنیق ٹوٹے ہیں یا آگ سے جلے ہیں تو دلیل ہے کہ اس شہر کا بادشاہ دشمنوں پر فتح پائے گا اور شہر والے خوف اور دہشت (ڈر) سے امن میں رہیں گے۔

منديل (رومال):

منديل۔ بہت بڑا رومال مراد دستار ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں منديل خادم ہے اور اس کی کمی بیشی اور نقصان وغیرہ کی تاویل خادم پر رجوع کرتی ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس نیا منديل ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو خادم حاصل ہوگا۔ اور اگر منديل سفید یا سبز دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا خادم دیانت دار ہوگا۔ اور اگر سرخ منديل دیکھے تو اس خادم عیش پسند اور سرکش ہوگا۔ اور اگر منديل زرد ہے تو دلیل ہے کہ اس کا خادم بیمار ہوگا۔ بلکہ اصل میں بیمار سا ہوگا۔

اور اگر نیلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا خادم مصیبت زدہ اور اندوہناک (پریشاں) ہوگا۔ اور اگر اس کا منديل تولیہ نما ہے تو اس کا خادم زاہد ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ منديل پشم کا یا سوتی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا خادم باامانت اور دیندار ہوگا۔ اور اگر کسی کا ہے تو بھی اچھا ہوگا۔ اور اگر ریشم کا یا ابریشم کا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا خادم بے وفا اور متکبر ہوگا۔ اور اگر رومال پرانا اور میلا اور پھٹا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ اس خادم سے نیکی دیکھے گا۔ اور

www.waseemziyai.com

اگر دیکھے کہ مندیل (رومال) ضائع ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا خادم اس سے جدا ہوگا۔ اگر مندیل جلا ہے تو اس کا خادم مرے گا۔

منشور (فرمان):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مرد عالم یا زاہد یا مصلح نے اس کو فرمان دیا ہے کہ اس کام پر تیار رہے۔ دلیل ہے کہ کار دین میں اس کی اصلاح ہوگی اور دنیا اور آخرت کی نجات اور سعادت پائے گا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ نجات نہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو فرمان دیا ہے تو دلیل ہے کہ شرف اور بزرگی پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو فرمان دیا ہے اور اس شہر میں مصلح لوگ ہیں۔ دلیل ہے کہ بادشاہ سے بڑا مرتبہ پائے گا اور اس کا کام انتظام سے ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ وہ شہر خراب اور کمینی ولایت ہے۔ اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو کسی فرشتے یا پیغمبر نے لکھا ہوا فرمان دیا ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو بخشے گا اور اس سے راضی اور خوشنود ہوگا۔ اور اگر فرمان سیاہ ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

منقار (چونچ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی مرغ جیسی چونچ ہے تو دلیل ہے کہ چونچ کی بڑائی کے مطابق مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی بڑے پرندے نے جیسے عقاب اور گدھ وغیرہ نے اس کے چونچ ماری ہے اور اس کو درد ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو رنج اور سختی پہنچے گی اور اس کے مال کا نقصان ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی مرغ کی چونچ ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی قدر و قیمت کے مطابق اس کو بزرگی اور نعمت اور خیر و منفعت حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے چونچ ہے اور اس سے لوگوں کو نقصان پہنچاتا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کو اس سے تکلیف اور زحمت پہنچے گی۔

منی:

منی وہ پانی ہے کہ جس سے بچہ پیدا ہوتا ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں منی کا دیکھنا مال ہے جس سے کہ خوش ہوگا۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس آب منی کا ایک مٹکا ہے تو دلیل ہے کہ بہت مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے عضو تناسل سے بہت سی منی نکلی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر اپنی کمائی سے مال بہت سا حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے عضو تناسل سے آب منی جاری ہے تو

www.waseemziyai.com

دلیل ہے کہ اسی قدر بیگانے سے مال حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی منی نکلی ہے۔ دلیل ہے کہ مال پائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: انّا خلقنا الانسان من نطفةٍ امشاجٍ نبتلیه۔ (ہم نے انسان کو نطفہ سے پیدا کیا ہے جس کو ہم آزماتے ہیں)۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں منی چار وجہ پر ہے۔ اول: فرزند۔ دوم: زیادتی مال۔ سوم: نقصان مال۔ چہارم: بزرگی۔

اور اگر صاحب خواب دیکھے کہ اس کی منی باہر نکلی ہے۔ تو معبر کو چاہئے کہ زیادتی مال پر تعبیر بیان کرے اور اگر منی نہیں نکلی ہے تو مال کا نقصان ہوگا۔

مہد (جھولا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ جھولے میں بیٹھا ہے اور صاحب خواب اس قابل بھی ہے۔ تو راحت اور آسانی اور عیش خوش پر دلیل ہے اور خوف و دہشت (ڈر) سے امن میں رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ جھولے سے گرا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ جھولے میں بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ مہربان عورت کرے گا یا خوبصورت کنیز خریدے گا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ جھولا خواب میں آرام گاہ اور عزت اور مرتبہ ہے اسی کے لئے جو اس کے قابل ہے ورنہ قید اور حبس ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جھولا آٹھ وجہ پر ہے۔ اول: آسانی اور راحت۔ دوم: عیش۔ سوم: عزت۔ چہارم: دولت۔ پنجم: مرتبہ۔ ششم: امن۔ ہفتم: مہربان کنیز۔ ہشتم: عورت۔ اور درویشوں کے لئے جھولا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: قید خانہ۔ دوم: تنگ جگہ۔ سوم: غم واندوہ۔ چہارم: رنج اور محنت۔

مُہر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ پھول پر مہر لگائی ہے تو دلیل ہے کہ منفعت اور بزرگی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ خط پر مہر لگائی ہے تو دلیل ہے کہ ملنے والی چیز کا معائنہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی بادشاہ یا امیر نے اس کو انگوٹھی دی ہے اور کہا ہے کہ لو اور خزانے پر مہر لگاؤ۔ اگر لائق ہے تو خزانہ اس کے سپرد کیا جائے گا۔ ورنہ کوئی بڑا آدمی اپنا مال اس کے سپرد کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو بادشاہ نے مہر دی ہے اور سپرد کی ہے۔ تو دلیل ہے کہ عزت اور مرتبہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے رسم کے مطابق نامہ پر مہر لگائی ہے۔ دلیل ہے کہ ولایت پائے گا اور مراد کو پہنچے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خط اور ہتھیلی اور جو اس کے مشابہ ہے اس پر مہر لگانا سات وجہ پر ہے۔ (1) کام کا ختم ہونا۔ (2) دین کی قوت۔ (3) ریاست۔ (4) حقیقت اور دین کی خبریں۔ (5) مال۔ (6) دولت اور بزرگی۔ (7) مراد کا حصول۔ صاحب خواب کی قدر کے مطابق۔

مُہرہ (منکا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مہرہ پایا ہے یا خریدا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی قدر و قیمت کے مطابق مال حاصل کرے گا۔ یا کوئی خدمت گار ملے گا۔ اور اگر دیکھے کہ مہرہ پاکیزہ اور سفید ہے تو دلیل ہے کہ وہ خدمت گر مصلح اور پارسا ہوگا۔

اور اگر سبز مہرہ دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا خادم مبارک ہوگا۔ اور اگر زرد ہے تو دلیل ہے کہ اس کا خدمت گار بیمار سا ہوگا۔ اور اگر سیاہ ہے تو اس کا خدمت گار سخت دل اور بدخو ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مہرے کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: خدمت گار۔ سوم: کنیز۔ چہارم: مال۔ پنجم: ادب اور دانائی۔ ششم: فرزند۔ ہفتم: آزاد غلام۔

مہمان:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مہمانی کسی چیز میں جمع ہونا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کسی قوم کو مہمانی کے لئے بلایا ہے۔ دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا جو اس کو تمام شغلوں (کاموں) سے روکے گا۔

اور اگر دیکھے کہ لوگ اس کو باغ میں مہمانی کے لئے لے کر گئے ہیں اور وہ باغ پانی اور رنگا رنگ کے میووں سے پُر ہے تو دلیل ہے کہ جہاد کو جائے گا اور شہید ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **فیھا فاکھۃ کثیرۃ وّ شرابٌ**۔ (اس میں بہت سے میوے اور شربت ہیں)۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ایسی مہمانی کا دیکھنا کہ جہاں ناچ اور چنگ و چغانہ ہیں اور باجا وغیرہ ہے۔ تو غم واندوہ اور مصیبت پر دلیل ہے۔ اور اگر یہ چیزیں نہیں ہیں تو خیر و برکت پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مہمانی غائب کی واپس آنے پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ دلہن بغیر نکاح کے چاہی ہے اور مہمانی کی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو غم واندوہ پہنچے گا۔

مورچہ (چیونٹیاں):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کیڑے لوگوں کا انبوہ ہیں۔ اگر دیکھے کہ بہت سے چیونٹے اس

www.waseemziyai.com

کے گھر سے نکلے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے گھر کے لوگ دوسری جگہ تبدیل ہوں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اوپر سے چیونٹے اس کے گھر میں گئے ہیں تو دلیل ہے کہ چور اس کے گھر گھسے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے جسم پر بہت سی چیونٹیاں جمع ہوئی ہیں یا اس کے منہ سے نکلی ہیں۔ دلیل ہے کہ جلدی ہلاک ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چیونٹی کمزور دشمن ہے۔ اگر اپنے گھر میں بہت سے چیونٹیاں دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی نسل بہت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ چیونٹیاں اس کے گھر سے باہر نکلی ہیں تو دلیل ہے کہ اس کی نسل کم ہوگی۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ سرخ چیونٹی ضعیف اور سست آدمی پر دلیل ہے۔ اور سیاہ بڑے چیونٹے چوری کے مال اور اہل بیت پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ چیونٹیاں اس کے گھر سے باہر نکلی ہیں اور ہوا میں اُڑتی ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے خویش (رشتہ دار) سفر سے واپس آئیں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ چیونٹیوں کا دیکھنا تاویل میں صاحب خواب کے اہل بیت ہیں۔ اور اگر دیکھے کہ چیونٹیاں اس کے گھر سے باہر نکلی ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا حال پریشان ہوگا۔

مورو (ایک درخت ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مورو آزاد اور خوش طبع اور خوبصورت اور کامل عقل مرد ہے جو دوستی کے لائق ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس مورو ہے تو دلیل ہے کہ اس کی ایسے شخص سے صحبت ہوگی اور اس سے فائدہ پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مورو کا درخت ٹوٹا ہے یا اس نے جگہ سے اکھاڑا ہے تو دلیل ہے کہ ایسے مرد کی صحبت سے جدائی ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مورو خواب میں بہت سا مال اور نعمت ہے اور بعض نے کہا ہے کہ فرزند صالح ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مورو کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: عاقل مزدور۔ دوم: فرزند صالح۔ سوم: بہت سا مال۔ چہارم: منفعت۔

اور اگر عورت خواب میں دیکھے کہ اس نے مورو کا بندھا ہوا دستہ شوہر کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ ان کا نکاح پائیدار ہوگا۔

موز (کیلا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کیلا تونگروں کے لئے مال ہے اور دین داروں کے لئے دین ہے۔ اور کیلے کا پتہ سب درختوں کے پتوں میں سے بہترین ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کیلا لیا ہے یا اس کو کسی

www.waseemziyai.com

نے دیا ہے اور صاحب خواب مالدار ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مال اور زیادہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کیلا کھایا ہے تو دلیل ہے کہ دین اور دنیا کی منفعت حاصل کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کیلا تین وجہ پر ہے۔ اول: مال کی زیادتی۔ دوم: دین کی زیادتی۔ سوم: حلال کی روزی اور خوش گزارن (عیش وعشرت)۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے۔ اگر موسم میں دیکھے کہ اس نے کیلا کھایا ہے تو دلیل ہے کہ خوبصورت اور مالدار عورت (سے شادی) کرے گا اور اس سے فائدہ پائے گا۔

موزہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں موزہ جاڑے کے موسم میں خیر اور نیکی پر دلیل ہے اور موسم گرما میں غم واندوہ ہے۔ اور موزے کے درمیان اہل تعبیر کا اختلاف ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ موزہ پاؤں میں ہے اور ہتھیار لگائے ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ دشمن اس سے فکرمند ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ موزے کے ساتھ اسلحہ نہیں ہے تو دلیل ہے کہ غم واندوہ دیکھے گا۔ خاص کر اگر موزہ تنگ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاؤں میں چمڑے کا موزہ ہے تو دلیل ہے کہ عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاؤں میں چمڑے کا موزہ تنگ ہے تو دلیل ہے کہ اس کو غم واندوہ پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا موزہ بکری کے چمڑے کا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا موزہ نیچے سے پھٹا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت مرے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا موزہ ضائع ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے مال کا نقصان ہوگا اور سر موزہ کی بھی یہی تاویل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا موزہ پاؤں سے نکلا ہے تو دلیل ہے کہ شادی اور خوشی پائے گا اور اگر قیدی ہو گا تو خلاصی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا موزہ جلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت مرے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا موزہ گھر سے باہر گرا ہے تو دلیل ہے کہ وہ عورت کو طلاق دے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے بیگانے آدمی کو موزہ دیا ہے یا فروخت کیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عورت مرے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا موزہ لوگوں نے پھاڑا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت مرے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا موزہ چوری ہوا ہے تو دلیل ہے کہ جوان اس کے عیال کا قصد کریں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں موزہ اگر نرم ہے اور پاؤں کو دکھ نہیں دیتا ہے تو اس کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: خادم۔ سوم: کنیز۔ چہارم: قوت۔ پنجم: عیش۔ ششم: فتح پانا۔ ہفتم: خیر ومنفعت پانا۔

www.waseemziyai.com

موش (چوہا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چوہا عورت ہے جو ظاہر میں پارسا اور باطن میں بدکار ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے چوہے کو پکڑا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ مذکورہ بالا صفت کی عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے چوہے کو طبلے میں پکڑا ہے تو دلیل ہے کہ مکر وحیلہ سے عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر میں بہت سے چوہے جمع ہوئے ہیں اور سب ایک ہی طرح کے ہیں۔ دلیل ہے کہ ان چوہوں کے مطابق عورتیں اس کے گھر میں جمع ہوں گی۔ اور اگر دیکھے کہ مختلف طرح کے چوہے ہیں چنانچہ بعض سیاہ اور سفید ہیں تو دلیل ہے کہ اس کی تاویل کا خلاف رات اور دن کا ہے۔

حدیث شریف میں ہے۔ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ رات اور دن دو چوہے ہیں جو لوگوں کی عمروں کو کترتے ہیں۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے سوراخ ناک سے یا عضو تناسل سے چوہا نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں نابکار لڑکی پیدا ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ گھر میں جنگلی چوہے آئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس جگہ نابکار عورتیں جمع ہوں گی۔ اور خواب میں چوہوں کی تاویل مال اور فسادی عورتوں کا سامان ہے۔ اور گھریلو اور جنگلی چوہا خواب میں تاویل کے لحاظ سے مساوی ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس نے چوہا پکڑا ہے اور اس کی دم نہیں ہے تو دلیل ہے کہ بے اصل عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چوہا اس کے ہاتھ میں مرا ہے تو دلیل ہے کہ اس پر مصیبت آئے گی۔ اور اگر دیکھے اس نے چوہا پاؤں سے ملا ہے تو دلیل ہے کہ بدکار عورت کر کے چھوڑے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چوہے پر پتھر پھینکا ہے تو دلیل ہے کہ کسی کو تہمت لگائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بستر میں چوہا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بدکار عورت سے فساد کا ارادہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے چوہے کو کھایا ہے تو دلیل ہے کہ نابکار عورت کا مال کھائے گا۔

موم:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سفید موم مال اور نعمت ہے اور زرد موم بیماری ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے سفید موم کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حلال پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس سے موم ضائع ہوا ہے یا اس نے بیچا ہے تو مال کے نقصان پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ہر ایک رنگ کا موم مال اور نعمت ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے سفید موم کو چبایا ہے تو دوسرے موموں سے بہتر ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے موم چبایا ہے تو دلیل ہے کہ کسی کی

www.waseemziyai.com

شکایت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے آگ پر موم جلایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر بادشاہ اس سے مال لے گا۔ اور اگر دیکھے کہ موم کی شمع بنا کر لوگوں کو دیتا ہے تو دلیل ہے کہ اپنا مال خیر اور اصلاح اور صدقہ میں خرچ کرے گا اور لوگوں پر بخشش اور احسان کرے گا۔

مومیائی:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مومیائی کھائی ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مومیائی کسی کو بخشی ہے یا گھر کے باہر ڈالی ہے تو دلیل ہے کہ غم واندوہ سے خلاصی پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مومیائی جسم کی خستگی کے باعث کھائی ہے اور اس نے صحت پائی ہے۔ تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

موئے (بال):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں بال مردوں کے لئے غم واندوہ ہے اور عورتوں کے لئے زینت ہے اور چوپاؤں کے بال تھوڑا مال ہے۔

اگر صوفی دیکھے کہ اس کے سر کے بال دراز ہیں تو دلیل ہے کہ وہ زینت اور اصلاح پائے گا۔ اور اگر صوفی نہیں ہے تو بالوں کی لمبائی کے مطابق غم واندوہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے تھوڑے بال کاٹ کر گرائے ہیں تو دلیل ہے کہ غم واندوہ اس سے زائل ہوگا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے حج کے وقت سر کے بال منڈوائے ہیں تو اصلاح اور گناہوں کے کفارے پر دلیل ہے۔ اور اگر خواب میں حرمت کے مہینے یعنی رجب اور ذی الحج اور ذی قعدہ اور محرم کو دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا قرض ادا ہوگا اور غم سے نجات پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے سب بال مونڈے ہیں تو دلیل ہے کہ جو کچھ اوپر بیان ہوا ہے زیادہ ہوگا۔ اور اگر صاحب خواب امیر عورت ہے اور دیکھے کہ اس نے سر منڈوایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا شوہر مرے گا یا والی مرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر بادشاہ اپنے بال دراز دیکھے تو لشکر پر دلیل ہے اور اگر رعیت دیکھے تو غم واندوہ کی زیادتی پر دلیل ہے۔ اور جسم کے بالوں کی زیادتی غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر مرد دیکھے کہ اس کے سر کے بال پریشان و پراگندہ ہیں۔ تو یہ زیادتی دین کے نقصان پر دلیل ہے۔ اور اگر اپنے سر کے بال لٹکے ہوئے دیکھے تو ماں باپ یا کسی بزرگ کی طرف سے غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر اپنے سر کو گنجا دیکھے تو زیادتی عیش اور خوشی پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے علویوں کی طرح دو گیسو ہیں تو دلیل ہے کہ سرداری پائے گا اور نیک نام ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنے بال اکھاڑے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے

www.waseemziyai.com

اپنے اس کا مال ضائع کریں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنے بالوں کا شانہ کیا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے کاموں پر قادر ہوگا اور بہت منفعت پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے بغل کے یا زیر ناف کے بال مونڈے ہیں تو یہ اس کے اصلاح دین پر دلیل ہے۔ اور بغل کے بال مونڈنا مال اور مراد کے پانے پر دلیل ہے۔ اور بغل کے بال مونڈنا مروتی کی زیادتی پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے سینے پر بال ہیں تو دلیل ہے کہ اس پر قرض جمع ہوگا۔ جسم پر بال قرض کا مال ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنے جسم پر سے بال مونڈے ہیں تو اس کے نقصان مال پر دلیل ہے۔ اور اگر صاحب خواب درویش اور قرضدار ہے تو اس کا قرض ادا ہوگا اور غم واندوہ سے نجات پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چونا مل کر اپنے جسم پر سے بال اتارے ہیں۔ اگر مالدار ہے تو درویش ہوگا اور اگر درویش ہے تو مالدار ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے کچھ بال گرے ہیں، اگر تونگر (مالدار) ہے تو مال کے نقصان پر دلیل ہے۔ اور اگر درویش ہے تو مالدار ہوگا۔ اور اگر قرض دار ہے تو قرض ادا ہوگا۔ اور اگر بیمار ہے تو شفاء پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے دائیں کے بال مشرق کو اور بائیں کے بال مغرب کو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے دو لڑکے ہوں گے جس کا نام مشرق و مغرب میں مشہور ہوگا۔

حضرت حافظ معبر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر عالم خواب میں دیکھے کہ اس کے بال گھنگھرالے ہو گئے ہیں تو یہ بدعت اور اس کی رسوائی پر دلیل ہے۔ اور اگر جاہل یہ خواب دیکھے تو نعمت اور عزت پانے پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے بال اکھاڑے ہیں تو دلیل ہے کہ امانت ادا کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے زیر ناف کے بال دراز ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو نقصان پہنچے گا اور بالوں کی درازی عورتوں کے لئے نیک ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنے زیر ناف کے بال منڈے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے دین میں نقصان ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں منڈے جانا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: حج ادا کرنا۔ دوم: سفر کرنا۔ سوم: عزت اور مرتبہ۔ چہارم: امن۔ پنجم: دولت۔

فرمان اللہ تعالیٰ ہے: محلقین رء وسکم ومقصرین۔ (اپنے سروں کو منڈوانے والے اور کترانے والے)۔ اور اگر صاحب خواب کو بال منڈانے کی عادت ہے تو اس کے نیک اور بد کی دلیل سہل ہے۔

مے پختہ (پختہ شراب):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ شراب کی تاویل مال حرام ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ شراب پی کر مست ہوا ہے تو دلیل ہے کہ مستی کے مطابق عزت اور مرتبہ پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بغیر شراب پیے مست ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بڑا خوف اور دہشت پہنچے گی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: وتری النّاس سکاری۔ (اور تو لوگوں کو نشہ میں دیکھے گا)۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ شراب مویز سے مستی پینے کے مطابق مال اور نعمت کی کمی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس شراب ہے اور اس نے خواہش سے پی ہے تو دلیل ہے لوگوں سے جنگ اور جھگڑا کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شراب میں غرق ہوا ہے تو دلیل ہے کہ جھگڑے میں ہلاک ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے شراب پی ہے۔ تو دلیل ہے کہ مال حلال کو حرام سے بدلے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شراب پانی سے ملی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ مال حاصل کرے گا کہ اس کا کچھ حصہ حلال اور کچھ حصہ حرام ہوگا۔ اور یہ بھی کہتے ہیں کہ عورتوں سے مال لے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شراب فروخت کرتا ہے تو دلیل ہے کہ حرام چیز فروخت کرے گا۔

میخ (کھونٹی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کھونٹی بھائی ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے دیوار میں کھونٹی لگائی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا بھائی کھونٹی لگائی جگہ پر کسی مرد کو پکڑے گا۔ کیونکہ دیوار تاویل مرد ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کھونٹی کو رسی سے باندھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا بھائی کسی مرد کو ملے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے پشت پر کھونٹی ماری ہے تو دلیل ہے کہ اس کی پشت سے فرزند پیدا ہوگا جو بادشاہ بنے گا یا پورے شرف اور بزرگی کو پہنچے گا یا زاہد ہوگا کہ جس کا نام تمام عالم (دنیا) میں مشہور ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کھونٹی تمام چیزوں میں بزرگی اور دین و دنیا کا مرتبہ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کھونٹی اس کے گھر کے دروازے پر ہے تو دلیل ہے کہ شرف اور بزرگی پائے گا۔ اور اگر اپنے گھر سے کھونٹی اکھاڑ کر باہر پھینکی ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس لکڑی یا لوہے یا چاندی یا تانبے یا ہڈی کی کھونٹی ہے تو دلیل ہے کہ یہ دو قسم ہے۔ ایک یہ ہے کہ عورت کرے گا۔ دوسرے یہ ہے کہ کسی کو دوست بنائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے ستون یا لکڑی میں میخ لگائی ہے تو دلیل ہے کہ موافق شخص سے دوستی کرے گا۔ اور اگر درخت پر میخ لگائی ہے اور قرار پائی ہے اور احتیاط کیا ہے کہ کیسے درست لگی ہے۔ اس کی تاویل درخت سے درستی یا نکاح یا بخشش یا ملاقات ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر میخ بھرت کی یا تانبے کی ہے تو اس کی تاویل نیک ہے۔ اور اگر لوہے یا ہڈی کی ہے تو نیکی اور قوت پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں لوہے کی میخ ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا جو بادشاہی کے قابل ہوگا۔ اور اگر فرزند نہیں ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو علم اور دانش عطا کرے گا۔ اور اگر اہل علم سے نہیں ہے تو دلیل ہے کہ اہل علم سے پیار کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے سونے یا چاندی کی میخ زمین میں ٹھونکی ہے تو دلیل ہے کہ اپنی کمائی سے دولت مند ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں میخ کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: برادر۔ دوم: فرزند۔ سوم: دوست۔ چہارم: عورت سے نکاح کرنا۔

www.waseemziyai.com

میش (بکری۔بکرا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بکری خواب میں بڑی عورت ہے۔اس کی شرح حرف گاف میں بیان ہو چکی ہے اور یہاں بھی کچھ بیان کیا جاتا ہے۔اگر دیکھے کہ بکرے پر بیٹھا ہے اور وہ اس کا تابعدار ہے۔تو دلیل ہے کہ کوئی بڑا آدمی اس کا فرمانبردار ہوگا۔اور اگر بکری جنگ کرتی ہے اور بکرا اس پر غالب آیا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن اس پر غالب آئے گا۔اور اگر دیکھے کہ بکرے کے سینگ بڑے اور مضبوط ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ صاحب خواب تونگر (مالدار) ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ بکرے کا چمڑا اتارا ہے اور اس کا گوشت جدا کیا ہے تو دلیل ہے کہ کسی پر غالب آئے گا اور اس کا مال لے گا۔اور اگر دیکھے کہ بکرے کو ذبح ہونے سے چھڑایا ہے تو دلیل ہے کہ غم سے رہائی پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ بکری اس کے ساتھ لڑتی ہے تو دلیل ہے کہ عورت اس کے ساتھ مکر اور حیلہ کرے گی۔اور اگر دیکھے کہ بکری کا گوشت اس کے گھر سے کسی دوسرے کے گھر میں گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت کسی دوسرے شخص کے عشق میں مبتلا ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ بکرا خواب میں چھ وجہ پر ہے۔اول: امام۔دوم: خلیفہ۔سوم: امیر۔چہارم: رئیس۔پنجم: مال۔ششم: فرزند۔

میوہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے میوہ جو ترش اور شیریں ہے۔خیر و منفعت پر دلیل ہے۔اور جو میوہ کھانے میں خام اور ترش ہے، بیہودہ اور سرد باتوں پر دلیل ہے۔اور انگور سیاہ اور آلو اور زیتون غم واندوہ پر دلیل ہے۔اور اگر دیکھے کہ درخت پر سے میوہ چنتا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر کسی بزرگ شخص سے مال حاصل کرے گا۔اور اگر دیکھے کہ بیٹھ کر کسی درخت سے میوہ چنا ہے تو دلیل ہے کہ جو کچھ پائے گا حلال اور شائستہ ہو گا۔اور اگر دیکھے کہ درخت پر بغیر ہاتھ ڈالے کے میوہ گرا ہے۔دلیل ہے کہ بغیر رنج اور مشقت کے اس کو مال حلال حاصل ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ درخت سے کچھ میوہ لیا ہے۔اگر موسم پر ہے تو کچھ خوف نہیں ہے اور حلال روزی پر دلیل ہے اور اگر بے وقت ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو میوے موسم میں خواب میں دیکھے اور کھائے۔دلیل ہے کہ اُسی قدر مال حاصل کرے گا۔اور اگر میوے اپنے وقت پر نہیں ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا مال پراگندہ ہوگا اور ہر میوے کی تاویل درخت کی طرف رجوع کرتی ہے خواہ نیک ہو یا بد ہو۔اور زرد میوے سوائے ترنج اور بہی اور زرد آلو کے بیماری پر دلیل ہے کیونکہ ان تینوں کی تاویل نقصان نہیں ہے۔اور ترش میوے غم واندوہ پر دلیل ہیں اور تر میوے پکے ہوئے اور شیریں اور اپنے موسم پر روزی حلال پر دلیل ہیں۔اور خواب میں خام اور بے مزہ

www.waseemziyai.com

میوے مال حرام اور اندوہ اور مصیبت پر دلیل ہیں۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے گرما کا میوہ سرما میں کھایا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار پڑے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شیریں میوہ اگر بے وقت دیکھے تو غم واندوہ پر دلیل ہے اور اگر گلوگیر میوہ بے وقت کھائے تو کاموں کی بستگی اور تنگی عیش پر دلیل ہے۔ حاصل یہ ہے کہ جو میوہ سبز اور تر اور خوشبودار اور شیریں ہے اس کی تاویل خیر اور منفعت ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ میوہ بیچتا ہے۔ اگر کوئی لوگوں کا پسندیدہ ہے۔ تو دلیل ہے کہ کسی بڑے کام میں مشغول ہوگا۔ اور اگر میوہ ترش اور بے مزہ فروخت کرتا ہے۔ تو غم واندوہ اور رنج پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں میوہ فروش اگر عمدہ اور شیریں میوہ فروخت کرتا ہے تو بہتری اور خیر پر دلیل ہے۔ اور معبر کو چاہئے کہ نیک و بد اور جنس اور ناجنس کو جانے کہ کس کا کس طرح بیان دینا چاہئے اور ہر ایک کے خواب میں فرق کرنا چاہئے اور تب تاویل بیان کرے تا کہ اصل سے خطا نہ جائے۔ اور اللہ تعالیٰ ہی بہتری کو خوب جانتا ہے۔



www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حرف النون

نابینا (اندھا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ وہ اندھا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ دین و اسلام میں گمراہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی ایک آنکھ اندھی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا نصف دین گیا ہے۔ یا کوئی بڑا گناہ کیا ہے اور اس کے اعضاء میں کسی پر مصیبت آئے گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اندھے کا ہاتھ پکڑ کر لے گیا ہے تو دلیل ہے کہ گمراہ ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ نابینا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اچھے کام اپنے ہاتھ سے کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کی آنکھ اندھی کی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو راہ دین سے دور کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے چوپائے کو اندھا کیا ہے تو اس شخص پر دلیل ہے جو اس چوپائے کی طرف منسوب ہے کہ اس کو ضرر اور تکلیف پہنچائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بینائی سات وجہ پر ہے۔ اول: درویشی۔ دوم: بدحالی۔ سوم: غم واندوہ۔ چہارم: نقصان جسم۔ پنجم: مصیبت۔ ششم: نقصان مال۔ ہفتم: دین کی تباہی۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **صم بکم عمی فھم لا یرجعون**۔ (بہرے، گونگے، اندھے ہیں جو رجوع نہیں کرتے)۔

اگر نابینا خواب میں دیکھے کہ بینا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ دنیا کے کام اس پر کشادہ ہوں گے۔ اور ناامیدی سے امیدوار ہوگا اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے نصیب پائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **لا تقنطوا من رحمة الله ان الله یغفر الذنوب جمیعاً** ۔ (اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید نہ ہونا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ سب گناہوں کو بخشے گا)۔

ناخن:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ناخن سخاوت اور قوم اور لوگوں پر دلیل ہیں۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ ہتھیار والے کو ناخن ہتھیار ہیں۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے ناخن مقراض (قینچی) سے کاٹے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا دین قوی ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ناخن قوت اور توانائی اور دنیا کا مال حاصل کرنا

www.waseemziyai.com

ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے ناخن ٹوٹے ہیں تو دلیل ہے کہ مال حاصل نہ کر سکے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا ناخن گرا ہے اور پھر دوبارہ اُگا ہے اور زیادہ ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام اچھا ہوگا اور بہت سا مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے ناخن سیاہ اور نیلے ہوئے ہیں تو مصیبت پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے ناخن اس قدر دراز ہوئے ہیں کہ ٹوٹنے کا خوف ہے تو اس کی تاویل بُری ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے ناخن جڑ سے کٹے ہیں اور متغیر ہوئے ہیں تو اس کے کاموں کی بستگی پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے ناخن حد اعتدال پر ہیں تو دین اور دنیا کی اصلاح پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے ناخن راست (صحیح) کئے ہیں تو دلیل ہے کہ بہت مال پائے گا اور ہاتھ اور پاؤں کے ناخن کی ایک ہی تاویل ہے۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ ہاتھ کے ناخنوں کی تاویل مال حاصل کرنا ہے اور پاؤں کے ناخن کی تاویل بھی مال ہی ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ناخن کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: قوت و دانائی۔ دوم: لوگوں کا مقدر دنیا میں۔ سوم: دلیری۔ چہارم: فرزند۔ پنجم: منفعت۔ ششم: غلام زادے یا برادر زادے۔

ناخن پرا (ناخن کٹر، قینچی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مقراض خواب میں بانٹنے والا مرد ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے سر کے بال یا کپڑا مقراض سے کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ یہ سب نیک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے مقراض دی ہے یا اس نے خریدی ہے۔ اگر اس کے لڑکا ہے تو اور لڑکا آئے گا اور اگر لڑکی ہے تو اور لڑکی آئے گی۔ اور اگر مقراض کے دو ٹکڑے ہیں تو بھی یہی تاویل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے مقراض دی ہے یا اس نے خریدی ہے یا اس نے پائی ہے۔ اگر اس کے پاس گھوڑا ہے تو اور گھوڑا خریدے گا یا پائے گا۔ اور اگر اس کے پاس ملک ہے تو اور ملک پائے گا۔ علی ھذا القیاس۔ جو کچھ پاس ہے وہی کچھ اور ملے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مقراض نیک نام اور نیک اصل مرد ہے جو ان سے دوستی کرے گا اس کی دنیا اور دین میں زیادتی ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں قینچی دیکھنی تین وجہ پر ہے۔ اول: تقسیم کرنے والا۔ دوم: مرد نیک اصل۔ سوم: ناموافق دوست۔

ناریا (ایک سبزی کا نام ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ناریا کھانا اگر شیریں ہے اور بکری یا مرغ کے

www.waseemziyai.com

گوشت میں پکا ہوا ہے۔

تو خیر و منفعت پر دلیل ہے۔ اور اگر گائے یا کسی غلیظ گوشت میں پکا ہوا ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔

نارمشک (ایک چھوٹا سا پودا ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی زمین میں نارمشک اگا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا نام خیر اور خوشی اور خوبی سے اس ملک میں مشہور ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے نارمشک زمین پر سے اکھاڑے ہیں۔ تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس تازہ نارمشک کا اس کے موسم میں دستہ ہے۔ تو خیر و منفعت پر دلیل ہے۔

نارنج (نارنگی):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ نارنگی کچھ زرد ہوتی ہے۔ لیکن خوشبودار اور دیکھنے میں عمدہ اور پاکیزہ ہے اور بہشت کے میووں میں سے ہے۔ لہٰذا خواب میں عمدہ ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نارنگی ایک سے تین تک فرزند ہے۔ اگر تین سے زیادہ دیکھے تو اسی قدر مال ہے اور سبز نارنگی بہتر ہے اور زرد نارنگی بھی وقت پر بُری نہیں ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ نارنگی سبز ہے۔ تو بعض اہل تعبیر کے نزدیک بیماری اور غم واندوہ پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نارنگی کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: دوست۔ دوم: جھگڑا۔ سوم: فرزند۔ چہارم: لوگوں سے منفعت۔

ناطف (جھاگ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سی ناطف ہے اور اس میں سے کھاتا ہے تو دلیل ہے کہ مال کثیر اور نعمت حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ شہد اور ادوشاب کا ناطف بہت سے مال اور نعمت پر دلیل ہے۔ لیکن شہد کا ناطف فائدے میں بہتر ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شہد کا ناطف تین وجہ پر ہے۔ اول: کلام شیریں۔ دوم: مال حلال۔ سوم: معیشت۔

ناف:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ناف عورت اور اس کی زیردست کنیز ہے۔ اگر

www.waseemziyai.com

دیکھے کہ اس کی ناف گری ہے دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا یا اس کی کنیز مرے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی ناف کٹی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا عیال مرے گا اور اس کا کام تباہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی ناف چھوٹی ہوئی ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی ناف میں سوراخ ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے حال میں خلل ظاہر ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے ناف یا سینے پر خط جیسے بال نکلے ہیں تو دلیل ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتوں پر رغبت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی ناف جڑ سے کٹ گئی ہے تو دلیل ہے کہ اپنے ماں باپ سے جدا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ ناف سے شکم تک شگاف آیا ہے تو دلیل ہے کہ عالم اور دانا ہو گا۔ لیکن اس کا مال جاتا رہے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کسی کی ناف کاٹ کر کھائی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر اس کا مال ضائع ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ناف کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: خوبصورت عورت۔ دوم: کنیز۔ سوم: مال اور روزی۔ چہارم: ماں باپ۔

ناقوس (نرسنگا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ناقوس منافق اوت جھوٹا اور بے فائدہ شخص ہے۔ اگر دیکھے کہ ناقوس بجاتا ہے تو دلیل ہے کہ منافق آدمی کے ساتھ بیٹھے گا اور نفاق سے جھوٹ بولے گا اور خوش ہوگا۔ اور اگر ناقوس کو دیکھے کہ ٹوٹ گیا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ناقوس تین وجہ پر ہے۔ اول: جھوٹ بولنا۔ دوم: نفاق۔ سوم: دل میں کافروں کی محبت رکھنا۔

نام گردانیدن (نام بدلنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اگر بہتر ناموں میں سے نام بدلا ہے۔ محمد، احمد، سعد، سعید، صالح وغیرہ تو اصلاح پر دلیل ہے اور اگر اس کا لقب اس کے نام اور لقب سے بدتر ہے تو پھر شر اور فساد پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نیک کنیت سننا ابوالخیر اور ابوالفضل اور ابوسعید یا ابوالبرکات وغیرہ خیر و اصلاح پر دلیل ہے اور اگر اس کے خلاف دیکھے جیسے ابولہب اور عتبہ اور شیبہ وغیرہ تو شر اور نقصان پر دلیل ہے۔ جیسے بیان ہو چکا ہے۔

www.waseemziyai.com

نام (خط، چٹھی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس سربستہ نامہ (بند کیا ہوا خط) ہے۔ تو دلیل ہے کہ کوئی پوشیدہ بات سنے گا۔ اور اگر نامہ کشادہ ہے تو دلیل ہے کہ ظاہر بات سنے گا اور اگر دیکھے کہ اس کے خط پر مہر لگی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مہر نامہ خیر سے پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو چٹھی دی ہے اور اس کا سرنامہ پڑھا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو کسی سے خیر پہنچے گی۔ اور اگر اس خط کا عنوان نہیں ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا عنوان لکھا ہوا ہے اور اس پر مہر لگی ہوئی ہے اور کسی نے کھولی نہیں ہے تو دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس کا ظاہر نیک ہوگا اور باطن میں غم واندوہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ چٹھی کی مہر اتار کر پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عزت اور مرتبہ زیادہ ہوگا۔ اور اگر صاحب خواب پڑھا ہوا ہے اور خواب میں دیکھے کہ اس نے خط پڑھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مرتبہ اور عزت زیادہ ہوگی۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کی موت قریب ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: اقراء کتابك کفی بنفسك الیوم علیك حسیباہ۔ (اپنی کتاب پڑھ۔ آج کا دن تیری جان کا حساب لینے کے لئے کافی ہے)۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو کسی بادشاہ کا خط ملا ہے۔ اگر کھولا اور پڑھا نہیں ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر کھولا اور پڑھا ہے اور اس میں کوئی بشارت لکھی ہوئی ہے تو شادی اور خوشی اور منفعت پر دلیل ہے۔ اور اگر اس میں بُری باتیں لکھی ہیں تو ناخوش اور ترش عیش اور ہلاکت پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ خط مہر کے ساتھ پایا ہے اور بادشاہ کو دیا ہے تو خیر ومنفعت پر دلیل ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں آسمان سے خط آیا ہے۔ تو خیر اور اُمید اواری پر دلیل ہے اور اس کے کام پورے ہوں گے اور ہر ایک مراد پوری ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس پر ناخوش باتیں لکھی ہوئی ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے کام پورے نہ ہوں گے۔

نان ہا (روٹیاں):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں پاکیزہ روٹیوں کا دیکھنا عیش ہے۔ اور اگر روٹی پاکیزہ نہیں ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عیش ناخوش ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ روٹی خرید کر گھر کو لے گیا ہے تو خیر ومنفعت اور روزی فراخ اور مال حلال پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو روٹی دی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو راحت پہنچے گی۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے دو تین روٹیاں پائی ہیں تو دلیل ہے کہ غم و اندوہ سے رہائی پائے گا اور شادی اور راحت دیکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے نامعلوم جگہ پر آدھی روٹی پائی ہے تو

www.waseemziyai.com

دلیل ہے کہ اس کی آدھی عمر گزری ہے۔ اور اگر دیکھے کہ تھوڑی روٹی پائی ہے اور اس کو نہیں کھا سکا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی موت قریب آئی ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت روٹیاں ہیں اور کھائی نہیں ہیں تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے گرم روٹی کھائی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اندوہ پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ گرم روٹی دیکھنا عیش اور راحت پر دلیل ہے اور خشک روٹی اس کے خلاف ہے اور باسی کھانا قحط اور تنگی پر دلیل ہے۔ اور گرم پاکیزہ روٹی کھانا بادشاہ کے عدل اور انصاف پر دلیل ہے اور باجرے کی روٹی تنگی عیش اور پرہیز گاری پر دلیل ہے اور جو کی روٹی کھانی زُہد اور پرہیز گاری پر دلیل ہے اور دھان (چاول) کی روٹی سختی اور کاموں کی بستگی پر دلیل ہے اور مسر اور باقلا کی روٹی غم واندوہ پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے سوکھی روٹی کھائی ہے تو دلیل ہے کہ اس پر روزی فراخ (وسیع) ہوگی۔ اور بعض کہتے ہیں کہ خواب میں پتلی روٹی کھانا کوتاہی عمر پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ گول روٹی اس کی پیشانی پر لٹکی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ درویش ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ نان کی تاویل امیر اور بزرگ رئیس لوگ ہیں۔ اور اگر بادشاہ خواب میں ایک روٹی دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا ملک زیادہ ہوگا۔ اور اگر سوداگر دیکھے تو اس کا مال زیادہ ہوگا۔ اور ایک روٹی کی تاویل ایک درہم سے ایک ہزار درہم تک ہے۔ ہر ایک شخص کے حوصلے کے مطابق۔ اور اگر رعایا میں سے کوئی شخص دیکھے تو اس کی جائیداد اور عزت زیادہ ہوگی۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ کوئی چیز خواب میں روٹی سے بہتر نہیں ہے۔ کیونکہ روٹی خواب میں مال حلال ہے جو بغیر محنت کے حاصل ہوتا ہے۔ اور خواب میں روٹی پکانے کی تاویل طلب معیشت میں کام کرنا ہے اور روٹی میں جلدی کرنا مال کی بزرگی حاصل کرنا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں روٹی چار وجہ پر ہے۔ اول: عیش خوش، دوم: مال حلال۔ سوم: خیر و برکت کا مہینہ۔ چہارم: نان خواب میں طالب مال ہے۔

اور اگر دیکھے کہ روٹی کھلی ہے تو دلیل ہے کہ بہت سا مال لڑائی اور جھگڑے سے حاصل کرے گا۔ اور بعض اہل تعبیر کا بیان ہے کہ نانبائی تاویل میں بادشاہ عالم ہے۔

نانخواہ (اجوائن):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اجوائن غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے اجوائن کسی کو دی ہے یا گرائی ہے تو دلیل ہے کہ غم واندوہ سے نجات پائے گا۔ اور اجوائن کے دیکھنے اور کھانے میں سوائے اندوہ وغم کے کچھ بھی منفعت نہیں ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہی خوب جانتا ہے۔

www.waseemziyai.com

ناودان (پرنالہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ چھتوں پر سے پانی بغیر پرنالوں کے نیچے اتر رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس جگہ جنگ اور خصومت (لڑائی) اور خون ریزی ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ بغیر بارش کے پرنالوں سے پانی بہہ رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس موضع (علاقہ) پر بادشاہ کی طرف سے تاوان اور رنج پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بادل اور بارش ہے اور پرنالوں میں سے پانی گرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس موضع (علاقہ) پر عنایت اور رحمت کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے اپنی چھت پر پرنالہ رکھا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی سے منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر کا پرنالہ گر کر ٹوٹا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ پرنالہ لوہے کا یا تانبے کا ہے تو دلیل ہے کہ ہمیشہ اس کے کام انتظام سے ہوں گے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی کے پرنالے سے اس نے پانی لیا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر منفعت پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پرنالہ تین وجہ پر ہے۔ اول: رئیس شہر۔ دوم: سردار۔ سوم: تھوڑی خیر و منفعت۔

نائے زدن (بانسری بجانا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بانسری بجانا غم واندوہ اور مصیبت پر دلیل ہے اور بانسری کی آواز سننا غم وفکر پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ وہ بانسری کو بجاتا ہے تو دلیل ہے کہ غم واندوہ میں گرفتار ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بانسری بجانے والا وہ شخص ہوتا ہے جو لوگوں کو خیر پہنچاتا ہے اور بانسری بجانے میں خیر نہیں ہے۔

نبات (پودا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جس سبزے کو کہ اس کے موسم پر دیکھے اور اس کا تنا نہ ہو۔ تو خیر و منفعت پر دلیل ہے اور جس کا تنا اور پیشانی بغیر شاخ کے ہے تو وہ مال اور نعمت اور مرتبے کی زیادتی بقدر سبزی اور کوتاہی اور بلندی اور شاخوں کی باریکی کے ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے جسم پر سبزہ یا گھاس یا درخت اُگا ہے تو دلیل ہے کہ وہ خیر اور منفعت پائے گا۔ اور جس قدر نبات زیادہ دیکھے گا خیر اور منفعت زیادہ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے کان یا زبان یا منہ پر سبزہ اگا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مرتبہ زیادہ ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ زمین کی سبزی خواب میں عام اور خاص کے لئے نعمت اور من مانا (من پسند) مال ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی ملکیت کی زمین میں بہت سے پودے اُگے ہیں تو دلیل ہے کہ صاحب خواب دیندار اور مسلمان ہوگا۔

www.waseemziyai.com

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چھوٹے پودے چار وجہ پر ہیں۔ اول: مال۔ دوم: منفعت اور بزرگی اور مرتبہ۔ سوم: عیش خوش۔ چہارم: دولت کی زیادتی۔

نبات جلاب (گلاب کا پودا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گلاب کا پودا دیکھنا اچھی بات ہے۔ اور اگر بہت سے پودے دیکھے تو مال و نعمت پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کے منہ میں پودا رکھا ہے تو دلیل ہے کہ اس سے اچھی بات سنے گا یا اس کو بوسہ دے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس نبات کا ڈھیر ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور نعمت حاصل کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گلاب کا پودا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: عمدہ بات۔ دوم: بوسہ دینا۔ سوم: منفعت اور مال۔ چہارم: فرزندان۔ پنجم: حلال کی روزی۔

نباش (کفن چور):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ کفن چور ہوا ہے۔ اگر صاحب خواب اہل علم سے ہے تو دلیل ہے کہ باطل دنیا کی طلب میں اپنا علم بیچے گا اور اپنی عمر اس میں ضائع کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کفن چور دیکھے کہ اس نے بہت سے کفن جمع کئے ہیں تو دلیل ہے کہ مصلح ہوگا اور علم و حکمت حاصل کرے گا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ مال حرام جمع کرے گا اور لوگوں سے ملامت اور سرزنش پائے گا۔

نویسندہ (لکھنے والا):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر لکھنے والا دیکھے کہ اس نے کچھ لکھا ہے تو دلیل ہے کہ مکر اور حیلے سے کسی کا مال لے گا اور غلط کام کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے بادشاہ کے لئے کچھ لکھا ہے تو دلیل ہے کہ مال و نعمت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ عام لوگوں کے لئے کچھ لکھا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے مکر اور حیلے سے لوگوں کو پریشان کرے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اچانک منشی بنا ہے تو دلیل ہے کہ مکر اور حیلے سے روزی کمائے گا۔ اور اگر عالم شخص ہے اور دیکھے کہ لکھنے کا کام کرتا ہے تو دلیل ہے کہ خیر و منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شعر اور غزل اور افسانہ لکھتا ہے تو دلیل ہے کہ دنیا کے کام میں لگے گا اور آخرت کے کام کو بھولے گا۔ اور اگر دیکھے کہ قرآن مجید اور توحید اور دعا لکھتا ہے تو دلیل ہے کہ خیر اور نفع پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے خون کی سیاہی سے خط

www.waseemziyai.com

کولکھا ہے تو دلیل ہے کہ وہ سود کا ممسک لکھے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر منشی خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی سردار کو خط لکھا ہے۔ اگر صالح شخص ہے تو اس کے دین اور دیانت کے ضائع ہونے پر دلیل ہے اور اگر بدکار ہے تو توبہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ سرخی کے ساتھ لکھتا ہے تو دنیا کی عیش وعشرت پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ زردی سے لکھتا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ اور اگر سبزی کے ساتھ لکھتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا نام خیر اور خوشی سے ملک میں مشہور ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ سونے اور چاندی سے لکھتا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے خیر ومنفعت پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: خیر ومنفعت۔ دوم: مال اور نعمت۔ سوم: مکر اور حیلے سے کچھ حاصل کرنا۔ چہارم: معطل ہونا۔

نبیذ (شراب):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شراب مال حرام ہے۔ جولڑائی اور جھگڑے سے حاصل ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ وہ شراب میں غرق ہوا ہے تو دلیل ہے کہ بہت بڑے فتنے میں پڑے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر میں بہت سی شراب ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر اس کو منفعت حاصل ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ شراب پی کر مست ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو خوف اور دہشت پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ وہ دوسروں کے ساتھ شراب پیتا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر جنگ اور جھگڑا کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شراب نہر یا دریا میں جاری ہے اور وہ اس میں تیرتا ہے تو دلیل ہے کہ فتنے میں پڑے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شراب کا پیالہ اس کے ہاتھ میں ہے اور اس کے مصاحب نے لیا ہے تو دلیل ہے کہ دنیا وعیش کے باعث جنگ اور خصومت (لڑائی) میں پڑے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ شراب کو پانی میں ملا کر پیتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاتھ مال لگے گا کچھ حلال ہوگا اور کچھ حرام ہوگا۔ اور اگر دیکھے، کہ وہ شراب کو بیچتا ہے تو دلیل ہے کہ مال برباد کرے گا اور حاکم کا شراب پینا اس کے معزول ہونے پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شراب تین وجہ پر ہے۔ اول: پوشیدہ نکاح۔ دوم: مال حرام۔ سوم: اس جہان کی نعمت۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ شراب کے لئے انگور ملتا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بادشاہ یا رئیس کا مقرب ہوگا اور ان سے مال پائے گا۔

نخاسی (بردہ فروشی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ بردہ فروشی کرتا ہے تو دلیل ہے کہ محال بات کہے گا۔ اور جھوٹی قسم کھائے گا۔ اور خواب میں بردہ فروشی کا کچھ بھی فائدہ نہیں ہے۔

www.waseemziyai.com

شکار (نخچیر)

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ شکار اس کا مطیع ہے اور تابع ہے دلیل ہے کہ رئیس اور بزرگ ہوگا۔ اور بعض اہلِ تعبیر نے بیان کیا ہے کہ چوروں کا سردار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ شکار اس کے تابع نہیں ہے اس کی تاویل اول کے خلاف ہے اور اگر دیکھے کہ شکار کی صورت پر ہوا ہے دلیل ہے کہ بددین ہوگا اور باطل کی طرف میلان کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ شکار کو جال یا پھندے سے پکڑا ہے دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر جنگلی آدمی سے مکر اور حیلے کے ساتھ مال ملے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے شکار کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ جنگلی آدمی سے کچھ مال چھینے گا۔ اور اگر دیکھے کہ شکاروں میں مقیم ہوا ہے اور اس کو ان میں مقیم ہونے سے کوئی نقصان نہیں پہنچا ہے۔ دلیل ہے کہ جنگلی گروہ میں مقیم ہوا اور اس سے خیر اور منفعت پائے گا اور اگر اس کے خلاف دیکھے دلیل ہے کہ اس کو تکلیف پہنچے گی اور فائدہ نہ ہوگا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ شکار اس کے ساتھ بات کرتے ہیں اور اس کا مطیع ہیں اگر اہلِ علم اور فضل سے ہے تو بادشاہ کا مقرب ہوگا اور مال پائے گا اور اگر جاہل ہے تو ایسا کام کرے گا کہ لوگ اس پر تعجب کریں گے۔

چنا (نخود)

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چنا خواہ تر ہو۔ خواہ خشک ہو غم واندوہ پر دلیل ہے اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی سے لے کر چنا کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کے باعث اس کو غم واندوہ پہنچے گا اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس چنوں کا ڈھیر ہے دلیل ہے کہ غم واندوہ میں گرفتار ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس نے چنے شوربے میں یا گوشت میں پکے ہوئے کھائے ہیں دلیل ہے کہ اس کا غم واندوہ بہت کم ہوگا۔

نرد کھیلنا، شطرنج (نرد باختن)

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نرد کے ساتھ کھیلنا کار باطل اور دنیا کا فریب ہے اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ وہ نرد سے کھیلتا ہے اور مقابل پر غالب آیا ہے دلیل ہے کہ بیہودہ کام اور فریب سے کسی پر غالب آئے گا اور اگر دیکھے کہ بخلاف اس پر غالب آیا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

سیڑھی (نردبان)

حضرت ابنِ سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی دیکھے کہ سیڑھی سے اوپر گیا ہے اور وہ سیڑھی گارے اور اینٹ کی ہے تو خیر اور اصلاح پر دلیل ہے اور اس کا دین زیادہ ہوگا اور اس کی نیکی پہنچے گی اور اگر سیڑھی چونے اور پتھر کی ہے دلیل ہے کہ سنگدل اور بے رحم ہوگا اور اگر لکڑی کی ہے تو اس کا دین ضعیف ہوگا اور اگر دیکھے کہ

www.waseemziyai.com

سیڑھی پر اوپر گیا ہے اگر چونے کی ہے تو بادشاہ ہوگا ورنہ خیر اور منفعت پائے گا اور اگر دیکھے کہ سیڑھی کے ذریعے سے نیچے آیا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اگر دیکھے کہ سیڑھی سے نیچے گرا ہے دلیل ہے کہ مرتبے اور بزرگی سے گرے گا اور اس کا نقصان ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سیڑھی مصلح اور پارسا مرد ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا اور بدکار کے لیے منافقت ہے۔

نرگس (ایک پھول ہے):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں نرگس خوش طبع اور خوبصورت پاکیزہ مرد ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نرگس عمدہ بات ہے اور اگر عورت دیکھے کہ اس نے نرگس لیا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں خوبصورت فرزند پیدا ہوگا۔ اور اگر بے شوہر ہے تو خوبصورت شوہر کرے گی۔ اور گر دیکھے کہ اس نے نرگس کو زمین سے اکھاڑا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب عورت کو طلاق دے گا یا اس کا فرزند مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے نرگس کا دستہ اپنے شوہر کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا شوہر اس عورت کو طلاق دے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نرگس تین وجہ پر ہے۔ اول: خوش طبع اور خوبصورت عورت۔ دوم: فرزند۔ سوم: دوست کہ جس کی دوستی پائیدار ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے سبز نرگس لی ہے تو دلیل ہے کہ احسان اور نیکی کرے گا اور خیر میں مشہور ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس نرگس تھی اور زیادہ ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا عیال زیادہ ہوگا۔

نژم (کُہر):

اگر دیکھے کہ اس نے کہر لی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر دین میں ضلالت اور گمراہی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کہر روشنائی سے بدلی ہے تو دلیل ہے کہ توبہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کہر سے کہر میں گیا ہے تو دلیل ہے کہ منافق ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ تاریک کہر میں ہے تو غم واندوہ اور کاموں کی بندش پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ ہوا روشن تھی اور اچانک کہر ظاہر ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک میں ناگہاں موت آئے گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کہر کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: تاخیر۔ دوم: کاموں کا پوشیدہ ہونا۔ سوم: بدعت۔ چہارم: گمراہی۔

www.waseemziyai.com

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کہر سے روشنائی میں آیا ہے تو دلیل ہے کہ درویشی سے تونگری میں آئے گا اور بدعت اور گمراہی سے دور ہوگا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کہر کا دیکھنا اچھا نہیں ہے۔

نسرین (چنبیلی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چنبیلی وقت پر دلیل ہے کہ اس کو کچھ ملے گا اور یہ بھی کہتے ہیں کہ اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا اور اگر چنبیلی درخت سے دور ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو چنبیلی کا دستہ دیا ہے تو دلیل ہے کہ ان میں گفتگو پیدا ہوگی اور اگر چنبیلی کا پھول درخت پر ہے تو دلیل ہے کہ خوش ہوگا یا اس کو تھوڑی چیز ملے گی۔

نشاستہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گیہوں کا نشاستہ مال حلال ہے کہ تجارت کے ذریعہ رنج سے حاصل ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے نشاستہ کھایا ہے تو دلیل ہے کہ غمناک ہوگا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ نشاستہ حلوہ کر کے کھایا ہے تو دلیل ہے کہ مال اور نعمت حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے گیہوں سے نشاستہ نکالا ہے تو دلیل ہے کہ اپنی کمائی سے کوئی چیز رنج اور سختی کے ساتھ حاصل کرے گا۔

نشستن (بیٹھنا):

حضرت ابن سرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ زمین پر بیٹھتا ہے اور قرار لیا ہے تو دلیل ہے کہ سفر میں اس کا کام نیک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ بہت سویا ہے تو بھی یہی تاویل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ گھوڑے یا گدھے یا خچر پر بیٹھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: بخت۔ دوم: دولت۔ سوم: مرتبہ۔ چہارم: حکومت۔

اور ہوا پر بیٹھنا بادشاہی پر دلیل ہے۔ اگر ہوا اس کی مطیع ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مصلح لوگوں کے ساتھ چلتا ہے اور راستے میں بیٹھا ہے تو دلیل ہے کہ لالچی اور دین کا مخالف ہوگا۔ چنانچہ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **فرح المخلفون بمقعد هم۔** (پیچھے رہنے والے اپنے بیٹھنے پر خوش ہیں)۔

اور اگر دیکھے کہ وہ لوگ دین کے مخالف تھے اور وہ ان کو چھوڑ کر بیٹھ گیا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مصلح اور پارسا لوگوں کے گروہ کے ساتھ بیٹھا

www.waseemziyai.com

ہے تو دلیل ہے کہ خیر واصلاح میں زیادتی ہوگی۔ اور اگر بدکار لوگوں کے ساتھ بیٹھا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

نعل:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نعل فائدہ ہے خواہ کسی سبب سے اس کو پہنچے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس خچر کا نعل ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے منفعت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس گدھوں کا نعل ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر بزرگوں سے مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنے چوپاؤں کی نعل بندی کرتا ہے تو دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا۔ اور نعل بند وہ شخص ہوتا ہے جو لوگوں میں دوستی کی جستجو کرتا ہے۔

نعلین (جوتا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے جوتے کے تسمے ٹوٹے ہیں تو دلیل ہے کہ مدت تک سفر میں رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے جوتے میں سوراخ ہے تو دلیل ہے کہ کسی وجہ سے سفر سے رکے گا اور رنج اٹھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا جوتا سبز ہے تو دلیل ہے کہ اس کا سفر آخرت کے لئے ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس جوتا نہیں ہے اس لئے سفر سے رُکا ہے تو دلیل ہے کہ کنیز یعنی خادمہ پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی جوتی سیاہ ہے تو دلیل ہے کہ وہ عورت مال دار ہوگی۔ اور اگر سرخ ہے تو اس کی عورت عیاش اور خوش پسند ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا جوتا سفید ہے تو دلیل ہے کہ وہ عورت پارسا اور پاکیزہ رخ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے جوتے میں مذکورہ سب طرح کے رنگ ہیں تو اس عورت میں سب صفات ہوں گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے جوتے کے بند گائے کے چمڑے کے ہیں تو دلیل ہے کہ اس عورت کی اصل عجمی ہوگی۔ اور اگر جوتے کے بند اُونٹ کے چمڑے کے دیکھے تو دلیل ہے کہ اس عورت کی اصل عرب سے ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ چلتے وقت اس کا جوتا گرا ہے یا ضائع ہوا ہے۔ غور کرو کہ اس جوتے کے بند کس چمڑے کے ہیں۔ تو اس کی عورت بیمار ہوگی۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا جوتا پھٹا ہے تو یہی تاویل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جوتے کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: سفر۔ دوم: عورت۔ سوم: کنیز۔

نعناع (پودینہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پودینہ غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اگر کوئی خواب میں

www.waseemziyai.com

دیکھے کہ جو زمین اس کی ملک ہے اس میں پودینہ ہے تو دلیل ہے کہ غم واندوہ میں گرفتار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے پودینہ کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا غم زیادہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی زمین میں پودینہ ہے تو دلیل ہے کہ صاحب زمین کو غم واندوہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اپنی زمین سے پودینہ اکھاڑ کر پھینکا ہے تو دلیل ہے کہ غم و اندوہ سے خلاصی پائے گا۔

نفث (مٹی کا تیل):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مٹی کا تیل نابکار عورت ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اپنے آپ کو مٹی کا تیل ملتی ہے تو دلیل ہے کہ کسی نابکار عورت سے ملاقات کرے گی۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ صاحب خواب حرام چیز کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سا مٹی کا تیل ہے تو دلیل ہے کہ مال حرام جمع کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مٹی کا تیل دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: نابکار عورت۔ دوم: چغل خور مرد۔ سوم: مال حرام۔

نفرین (نفرت کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ ظالم پر نفرین کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس ظالم پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ وہ ظالم ہے اور مظلوم اس پر نفرین کرتا ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ ناحق بے گناہ پر نفرین کرتا ہے تو دلیل ہے کہ کسی پر ظلم کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی مرد پر ناحق نفرین کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام بند ہوگا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں ناحق نفرین کرنا صاحب خواب کی طرف رجوع کرتی ہے۔ اور اگر حق پر نفرین کرے تو اس کی تاویل اس شخص پر واقع ہوتی ہے کہ جس پر نفرین کی ہے اور مفسد کی نسبت مصلح شخص پر جلدی اثر کرتی ہے۔ اور مفسد (فساد کرنے والا) شخص اگر حق یا ناحق پر نفرین کرے تو مخالف پر رجوع کرتی ہے۔

نقاد (پرکھنے والا):

نقاد یعنی پرکھنے والا خواب میں عالم اور دانا اور حکیم ہے۔ کیونکہ ہر ایک بہترین چیز کو پسند کرنے والا ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کوئی دین دار نقاد ہوا ہے دلیل ہے کہ از خود قرآن مجید اور دین کے علوم حاصل کرے گا اور اگر طالب دنیا ہے دلیل ہے کہ اپنے لیے شرف اور بزرگی حاصل کرے گا اور دنیا کا مال پسند کرے گا۔

www.waseemziyai.com

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ خواب میں نقاد مرد عاقل اور باتمیز ہے جو نیک اور بد اور مصلح اور مفسد (فساد کرنے والا) میں فرق کرتا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نقاد چار وجہ پر ہے۔ اول: مرد دانا۔ دوم: حکیم۔ سوم: عقلمند۔ چہارم: کام کو معلوم کرنے والا۔

نقرہ (چاندی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ چاندی آزاد عورتوں پر دلیل ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے اپنے کام سے چاندی لی ہے تو دلیل ہے کہ اس موضع اور ولایت میں کسی عورت سے شادی کرے گا۔ کیونکہ چاندی عورتوں کی ذات ہے۔ اور اگر دیکھے کہ چاندی کی کان میں گیا ہے اور چاندی نکالی ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سی چاندی ہے تو فرزند پر دلیل ہے۔

نقصان ہونا:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے جسم میں نقصان ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر اس کے مال کا نقصان ہوگا۔ لیکن عورتوں کے جسم کے نقصان میں اصلاح ہے۔ جیسا کہ عورتوں کے بارے میں حرف زا میں بیان ہو چکا ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اس کے مال یا کسی چیز میں نقصان ہوا ہے تو دلیل ہے کہ فکر مند ہوگا اور اس کو نقصان پہنچے گا۔

نگارگری (نقاشی کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ چھت اور گھر کی دیواروں پر نقاشی کرتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ دنیا دار ہے اور دنیا کے کاموں میں فریفتہ ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نقاشی اور مصوری کار باطل اور ناحق ہے۔ چنانچہ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: ما هذه التما ثيل التى انتم لها عاكفون۔ (یہ کیا تصویریں ہیں کہ جن پر تم مرے جا رہے ہو)۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نقاشی دنیا پر فریفتہ ہونا ہے اور راہ راست چھوڑ کر راہ باطل پر چلنا ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اپنے ہاتھوں پر سیاہی کا خضاب اور نقش بنائے

www.waseemziyai.com

ہیں تو دلیل ہے کہ دنیا کے کمانے میں مکر اور حیلہ کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نقاشی چار وجہ پر ہے۔ اول: دنیا کی آرائش۔ دوم: بیہودہ کام۔ سوم: مکر وحیلہ۔ چہارم: فریب اور جھوٹ۔

نگین انگشتر (انگوٹھی کا نگینہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں انگوٹھی کا نگینہ شرف اور بزرگی اور مال ہے۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ فرزند ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی انگوٹھی کا نگینہ ضائع ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی بزرگی اور مرتبے میں نقصان ہوگا یا اس کا فرزند مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ انگوٹھی کا نگینہ ٹوٹا ہے تو بھی مذکورہ بالا تاویل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی انگوٹھی پر اچانک نگینہ ظاہر ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس نگینہ کی قدر و قیمت کے مطابق نعمت پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بادشاہوں کے لئے نگینہ تاج ولایت ہے اور عورتوں کے لئے شوہر ہے اور عام لوگوں کے لئے مرتبہ اور نیکی ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں انگوٹھی کا دیکھنا آٹھ وجہ پر ہے۔ اول: عورت۔ دوم: مال۔ سوم: ولایت۔ چہارم: عیش۔ پنجم: فرزند۔ ششم: بزرگی۔ ہفتم: مال ونعمت۔ ہشتم: عمل۔

نماز پڑھنا:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ نماز مشرق کی طرف پڑھتا ہے تو دلیل ہے کہ حج کو جائے گا۔ اور اگر حج کا محل نہیں ہے تو اس کا میلان عیسائیوں کی طرف ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ مغرب کی طرف نماز پڑھتا ہے اور اس کا دھیان قبلہ کی طرف ہے تو دلیل ہے کہ دین اسلام کو پس پشت ڈالے گا۔ اور اگر دیکھے کہ راستے میں نماز پڑھتا ہے اور اس کی پشت قبلہ کی طرف ہے تو دلیل ہے کہ اس کی موت قریب آئی ہے۔ اس کو توبہ کرنی چاہئے۔ اور اگر دیکھے کہ نماز پڑھی ہے اور قبلہ کی طرف کا پتہ نہیں ہے تو دلیل ہے کہ راہ دین میں حیران ہوگا۔ اور اگر نماز قبلہ کی طرف پڑھے تو دلیل ہے کہ راہ دین میں مستقیم (ثابت قدم) ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی قوم کی امامت کراتا ہے تو دلیل ہے کہ جس قدر مقتدی ہیں۔ اتنی جماعت پر سرداری کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نماز کا وقت گزرا ہے اور اس نے کوئی پاکیزہ جگہ نہیں پائی ہے کہ نماز پڑھے تو دلیل ہے کہ اس کا کام مشکل سے پورا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ نماز توڑی ہے یا نماز پڑھی ہے یا بے وضو پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ جس مطلب میں ہے وہ پورا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے مسجد میں یا مدرسے میں امامت کرائی ہے تو دلیل ہے کہ اس ملک کا بادشاہ اس کا تابعدار ہوگا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو اس کی تاویل بھی خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ نماز میں رکوع اور سجود پوری طرح سے بجالایا ہے تو

www.waseemziyai.com

دلیل ہے کہ اس کا دین اور دنیا کا کام نیک ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہ۔ اگر دیکھے کہ نماز پیشن وقت پر گزاری ہے اور آسمان روشن اور پاکیزہ ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے مراتب بلند ہوں گے۔ اور اگر آسمان تیرہ (تاریک) اور ابر والا ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے نماز پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی امید پوری ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے شام کے فرض پڑھے ہیں تو دلیل ہے کہ اپنے اہل وعیال سے معاملہ کرے اور ان سے شاد اور خوش ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ صبح کی نماز گزاری ہے تو دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا۔ اور اگر یہ خواب عورت دیکھے تو اس کو حیض آئے گا۔ اور اگر بے وضو نماز پڑھے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ اور اگر نماز عشاء کے فرض پڑھے تو دلیل ہے کہ امن میں ہوگا اور دشمن پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ باغ میں نماز پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ گناہ سے توبہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کشتی میں نماز پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا قرض اترے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نماز کی جگہ پر نہ تھا اور نماز پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ مفسد (فسادی) اور بدکار ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ نماز پڑھ کر جنگل کو چلا گیا ہے تو دلیل ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کی زیارت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کعبہ میں نماز پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام خلیفہ کی طرف سے انتظام کے ساتھ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ نماز کے بعد سجدہ کیا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بڑے اور دولت مند شخص پر فتح پائے گا اور اس پر قابض ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ نماز پڑھ کر جنگل کو گیا ہے دلیل ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی۔ اور اگر کعبہ شریف میں نماز پڑھی ہے تو دلیل ہے اس کا کام خلیفہ کی طرف سے انتظام کے ساتھ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ نماز کے بعد سجدہ کیا ہے دلیل ہے کہ کسی بڑے دولت مند شخص پر فتح پائے گا اور اس پر قابض ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی کو سجدہ نہیں کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی مراد حاصل ہو گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے دیوار پر سجدہ کیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بزرگوں سے رنج اور خواری پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ نماز گزاری ہے اور شہد پیا تو دلیل ہے کہ اپنے عیال سے نزدیکی کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نماز کے اندر التحیات بیٹھا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ غم سے نجات پائے گا اور اس کی مراد پوری ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے نماز کا پہلا سلام بائیں طرف پھیرا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا احوال شوریدہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے بیٹھ کر نماز گزاری ہے تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ اس کا عذر قبول کیا جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نماز میں اپنے لئے دعا کی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: اذنادیٰ ربہ ندآءً خفیاً۔ (جب اس نے اپنے رب کو آہستہ پکارا)۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے اندھیرے میں نماز پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ غموں سے خوشی پائے گا۔ اور اگر

www.waseemziyai.com

دیکھے کہ اس نے رات کی نماز پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ سب طرح کے خوف سے امن میں ہوگا۔ اور نعمت اور بزرگی اور امن پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ پہلو پر نماز پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھ کہ جمعہ کی نماز پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ سفر میں جائے گا اور حلال کی روزی حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے بیت المقدس میں نماز پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ میراث پائے گا اور اس پر روزی فراخ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کعبہ میں کعبہ کی چھت پر نماز پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ کعبہ کا رخ کرے گا اور اس کی عاقبت بخیر ہوگی۔

حضرت حافظ معبر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نماز پڑھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: فریضہ۔ دوم: سنت۔ سوم: نفل۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے فریضہ نماز پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی قسمت میں حج کرے گا اور بدکاری سے بچائے گا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: ان الصلوۃ تنھی عن الفحشآء و المنکر۔ (بے شک نماز بے حیائی اور گناہ سے بچاتی ہے)۔

اور اگر دیکھے کہ نماز سنت پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ کاموں پر صبر کرے گا اور نیک نام روشن ہوگا اور مخلوق پر شفقت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے نماز نفل پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ عیال کی قدر کرے گا اور دوستوں کے کام میں کوشش کرے گا۔ اور ہر ایک کے ساتھ مروت سے پیش آئے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چوپائے پر نماز پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا بہت بڑا فکر ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کارخانہ یا دکان میں نماز پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے کسب اور کام میں برکت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے جمعہ کی نماز پڑھی ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام تسلی اور جمعیت سے ہوگا۔

حضرت خالد اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اللہ تعالیٰ کو رکوع اور سجدہ کرنا قرب الٰہی پر دلیل ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: کلالا تطعہ واسجد و اقترب۔ (تو اس کی ہرگز اطاعت نہ کر۔ سجدہ کر اور قریب ہو)۔

اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے۔ اگر دیکھے کہ نماز میں رکوع نہیں کیا ہے تو دلیل ہے کہ مال کی زکوٰۃ نہیں دے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نماز کو بجالایا ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی عبادت قبول کرے گا اور اس کی دعا منظور ہوگی۔ اور حق تبارک وتعالیٰ اس پر نظر رحمت کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نماز پڑھنا سات وجہ پر ہے۔ اول: امن۔ دوم: شادی۔ سوم: عزت۔ چہارم: مرتبہ۔ پنجم: خلاصی۔ ششم: مراد پانا۔ ہفتم: قضا میں نقصان۔

اور خواب میں رکوع وسجود پانچ وجہ پر ہے۔ اول: مراد پانا۔ دوم: دولت۔ سوم: نصرت۔ چہارم: فتح پانا۔ پنجم: امر حق بجالانا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: ''اے ایمان والو! رکوع کرو اور سجدہ کرو اور اپنے رب کی عبادت کرو اور نیک کام کرو تاکہ تم نجات پاؤ)۔

www.waseemziyai.com

اور اگر دیکھے کہ اس نے مردے کا جنازہ پڑھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے لئے دعا اور ثناء کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے نماز پوری نہیں پڑھی ہے تو اس کی تاویل پہلے کے خلاف ہے۔

نمد (نمدہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس سفید اور پاکیزہ نمدہ ہے تو دلیل ہے کہ مال حلال پائے گا اور اگر میلا ہے تو اس کی کچھ بھی منفعت نہیں ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سا نمدہ ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر اپنے کسب سے مال حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ نمدے جلے ہیں تو دلیل ہے کہ فساد میں اپنے مال کو ضائع کرے گا۔

حضرت براہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ جسم پر اس کے سفید نمدہ ہے تو دلیل ہے کہ دولت مند عورت کرے گا یا کنواری کنیز خریدے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس اونٹ کی پشم کا نمدہ ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے منفعت پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا نمدہ ضائع ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے مال کا نقصان ہوگا اور خواب میں نمدہ سینے والا ایسا شخص ہے کہ جو حلال کی طرف مائل ہے اور حرام سے پرہیز کرتا ہے۔

نمک:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نمک نقد درہم اور نیک کام ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس سفید نمک ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر نقد روپیہ حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے نمک کھایا ہے تو دلیل ہے کہ زہد کی راہ اختیار کرے گا۔ اور میلا سیاہ نمک جنگ اور جھگڑے پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نمک پانچ وجہ پر ہے اول: نقد روپیہ۔ دوم: آبرو۔ سوم: بہت سا مال۔ چہارم: نیکی۔ پنجم: نیک خادم۔

اور بُرا نمک خواب میں چار وجہ پر ہے۔ اول: کھوٹا درہم۔ دوم: ناخوش باتیں سوم: غم واندوہ۔ چہارم: خوشی۔

نمک سود (نمک ملا ہوا):

نمک سود۔ نمک ملی ہوئی چیز۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ نمک ملا ہوا فربہ گوشت کھایا ہے تو نعمت اور روزی پر دلیل ہے اور میراث پائے گا۔ اور اگر نمک ملا ہوا لاغر گوشت ہے تو دلیل ہے کہ اس کو نقصان پہنچے گا اور جس قدر زیادہ شور ہوگا زیادہ لاغر ہوگا۔ تو زیادہ نقصان کی دلیل ہے۔ اور خواب میں بھنا ہوا گوشت کھانا غیبت پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے بھنا ہوا لاغر گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ

www.waseemziyai.com

اس کو بادشاہ کے لوگوں سے نقصان پہنچے گا۔ اور اگر دبلے اونٹ کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی سے نقصان پائے گا۔ اور اگر نمک ملا ہوا گوشت جنگلی دبلے چوپاؤں کا ہے تو دلیل ہے کہ جنگلی لوگوں سے نقصان اٹھائے گا۔ حاصل یہ ہے کہ لاغر گوشت میں منفعت نہیں ہے۔

نہنگ (مگرمچھ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مگرمچھ چور اور ظالم اور لڑاکا شخص ہے۔ اور اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ مگرمچھ اس کو پانی میں لے گیا ہے اور ڈوب گیا ہے تو دلیل ہے کہ پانی میں ہلاک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ مگرمچھ نے اس کو کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کو اسی قدر دشمن سے زحمت حاصل ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو پانی میں لے گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو مچھلیاں ہلاک کریں گی۔

اور اگر دیکھے کہ مگرمچھ اس پر غالب آیا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس مگرمچھ کا گوشت یا اس کی ہڈی یا چمڑا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب دشمن سے نقصان پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مگرمچھ اس کو پانی میں لے گیا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن کے ہاتھ سے شہید ہوگا۔

نودیدن (نئی چیز دیکھنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ جو چیز نئی اور پسندیدہ ہے۔ خیر اور خوشی پر دلیل ہے اور پرانی چیز کا ذکر حرف کاف میں ہو چکا ہے۔

نوحہ کردن (نوحہ کرنا):

نوحہ کردن۔ نوحہ کرنا۔ رونا پیٹنا۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ نوحہ کرتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ جگہ اس کو مبارک نہ ہوگی اور اس جگہ کے بڑے لوگ متفرق ہوں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس شہر کا والی مرا ہے اور لوگ اس پر نوحہ کرتے ہیں تو دلیل ہے کہ ان کو اس والی سے رنج اور ظلم پہنچے گا۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ والی کو خوشی ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ لوگ نوحہ کے ساتھ روتے ہیں تو دلیل ہے کہ ان کے ساتھ کسی ظالم سے بے انصافی اور ظلم ہوگا اور اس سے غمگین اور عاجز ہوں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ نوحہ کرتا ہے اور شور کرتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو غم واندوہ اور نقصان پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ روتا ہے اور آہستہ نوحہ کرتا ہے تو خوشی اور شادی پر دلیل ہے۔ اور اگر

www.waseemziyai.com

دیکھے کہ عورتوں کے ساتھ بہت سے مرد ہیں اور آواز سے نوحہ کرتے ہیں تو دلیل ہے کہ اس موضع (علاقہ) میں بادشاہ کے باعث غم واندوہ پہنچے گا۔

نوشادر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نوشادر غم واندوہ ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس نوشادر ہے تو دلیل ہے کہ غمگین ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے نوشادر کھایا ہے تو نہایت سخت غم و اندوہ پر دلیل ہے۔

نیرومند (طاقتور):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ بیداری کی نسبت زیادہ طاقتور ہوا ہے تو دنیا و آخرت میں اس کے احوال کی عمدگی پر دلیل ہے۔ بشرطیکہ اگر صاحب خواب مصلح یعنی نیکوکار ہے۔ اور اگر وہ اہل فساد میں سے ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

نیزہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ پاس نیزہ اور دوسرے ہتھیار بھی ہیں تو دلیل ہے کہ بزرگی اور مراد پائے گا اور اس کا حکم ولایتوں میں جاری ہوگا۔ اور اگر صرف نیزہ ہی دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند یا بھائی مرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا نیزہ کوئی لے گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کام مشکل سے ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو نیزہ مارا ہے اور زخمی کیا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کی غیبت کرے گا۔ اور خواب میں نیزہ قوت اور لوگوں پر فتح پانے کی دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں نیزے کا سر ہے تو دلیل ہے کہ اس کی صحبت مسافر نیکوکار مرد سے ہوگی اور اس سے خیر ومنفعت پائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نیزہ آٹھ وجہ پر ہے۔ اول: قوت۔ دوم: سفر۔ سوم: ولایت۔ چہارم: عورت۔ پنجم: امن۔ ششم: فرزند۔ ہفتم: توانائی۔ ہشتم: راستی بمقدار نیزہ۔ اور خواب میں نیزہ بنانے والا ایسا مرد ہے کہ جو لوگوں کی مدد کرتا ہے اور اس سے ہر ایک کو قوت اور طاقت حاصل ہوتی ہے۔

نوشتن (لکھنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ لکھتا ہے یا کسی کو لکھنا سکھاتا ہے تو دلیل ہے کہ علم اور عقل سیکھے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کوئی چیز لکھتا ہے تو اس کے شر اور فساد پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ قرآن اور احادیث اور توحید اور دعا لکھتا ہے تو خیر واصلاح پر دلیل ہے۔ اور اگر کوئی چیز شعر یا غزل سے لکھی ہے تو برائی پر دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com

نیشکر (گنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ نیشکر (گنا) چوستا ہے تو دلیل ہے کہ کسی کام میں مشغول ہوگا۔ اور بقدر گنا چوسنے کے اس میں جھگڑا اور گفتگو ہوگی۔ اور اگر اس نے کسی کو گنا دیا ہے تو دلیل ہے کہ گفتگو سے خلاصی پائے گا۔

نیکو کردن (نیکی کرنا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نیکی کرنا دین میں اسی قدر قوت اور بزرگی ہے اور عذاب آخرت سے نجات پائے گا۔ خاص کر اگر صاحب خواب ایماندار اور پارسا ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی نے اس کے ساتھ نیکی ہے اور اس نے اس کو ذلیل جانا ہے تو دلیل ہے کہ سب کاموں میں ناشکرا ہوگا۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **ولا تنسوا الفضل بینکم ان اللہ بما تعملون خبیر**۔ (آپس میں احسان کو مت بھولو۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال سے باخبر ہے)۔

اگر دیکھے کہ اہل شرک سے نیکی کی ہے تو دلیل ہے کہ اپنا مال ایسے لوگوں پر خرچ کرے گا کہ جن کو دونوں جہان کی خیر ہوگی۔

نیل:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نیل کا دیکھنا غم واندوہ ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس نیل ہے تو دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر غم واندوہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو نیل دیا ہے یا اس سے ضائع ہوا ہے تو دلیل ہے کہ غم واندوہ سے نجات پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنا کپڑا نیل سے رنگا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو غم واندوہ پہنچے گا اور اس کو رشتہ داروں اور دوستوں کی وجہ سے مصیبت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو دریا میں آفت پہنچے گی۔

نیلوفر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں نیلوفر کو اس کے موسم میں اس کے پودے پر دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو کسی سے کچھ ملے گا یا اس کے ہاں فرزند صالح پیدا ہوگا۔ اور اگر پھول پودے سے جدا دیکھے تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر عورت دیکھے کہ اس نے نیلوفر کے پودے سے نیلوفر توڑ کر غلام کو دیا ہے تو دلیل ہے کہ ان کے درمیان جدائی پڑے گی۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں نیلوفر کا پودا کنیز ہے کہ جس سے صاحب خواب کو نقصان پہنچے گا۔

www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حرف الواؤ

واشہ (ایک پرندہ ہے) باشہ:

واشہ۔ باشہ۔ ایک شکاری پرندہ ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر باشے کو اپنا مطیع اور تابعدار دیکھے کہ ہاتھ پر سے اڑتا ہے اور آواز پر آتا ہے اور اس کو اسی طرح آزمایا ہے۔ تو مال حلال اور صاحب خواب کے مرتبے پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ باشہ سفید اور پاکیزہ ہے اور اس کے ہاتھ پر بیٹھا ہوا اور تابعدار ہے تو دلیل ہے کہ بڑے آدمی سے قدر اور مرتبہ اور عزت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ باشہ اُڑا ہے اور دھاگہ اس کے ہاتھ میں رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا قدر اور مرتبہ زائل ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ باشہ خواب میں بادشاہوں کے لئے ملک اور بزرگی اور دولت مندوں کے لئے مال ہے اور درویشوں کے لئے فرزند ہے۔ اور اگر دیکھے کہ باشہ اس کے ہاتھ سے گرا ہے اور مرا ہے اگر صاحب خواب بادشاہ ہے تو دلیل ہے کہ ملک سے جدا ہوگا۔ اور اگر امیر یا سردار ہے تو دلیل ہے کہ مرتبے اور عزت سے گرے گا۔ اور اگر تونگر (مالدار) ہے تو درویش ہوگا اور اگر درویش ہے تو اس کا فرزند مرے گا۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ باشہ بے شرم مرد ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے باشے کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر دشمن کا مال کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی جگہ پر بہت سے باشے جمع ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ عیار (چالاک) لوگ اس جگہ جمع ہوں گے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں باشہ دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ اول: قدر اور مرتبہ۔ دوم: حکومت۔ سوم: مال۔ چہارم: منفعت۔

والی (حاکم):

والی۔ کاردار اور حاکم ہے۔ اگر دیکھے کہ والی تخت سے گرا ہے یا اس کا تخت ٹوٹا ہے یا کسی نے اس سے تلوار لی ہے۔ یا اس کا گھر خراب ہوا ہے یا پھندے میں گرفتار ہوا ہے اور مارا گیا ہے یا چوپایہ اس کے سر پر آیا ہے اور گرا ہے یا کسی نے اس کو گرایا ہے۔ یہ سب باتیں اس امر پر دلیل ہیں وہ شرف اور بزرگی سے گرے گا اور معزول ہوگا۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر والی دیکھے کہ اس کی دستار کسی کی دستار سے ملی ہے تو دلیل

www.waseemziyai.com

ہے کہ بزرگی اور نیک عادت اس کی پائیدار ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاؤں میں پھندا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کی شرف اور بزرگی زیادہ ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ والی ہوا ہے اور اپنے عمل میں منصف اور دیندار ہے۔ چنانچہ لوگ اس سے خوش ہیں۔ تو دلیل ہے کہ خیر و اصلاح پائے گا۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو شر اور فساد پر دلیل ہے۔ خاص کر اگر صاحب خواب مفسد (فساد کرنے والا) اور ناپارسا ہے۔

وحوش (جنگلی جانور):

وحوش۔ جنگلی جانور۔ ابن میں سے جس قدر نر ہیں مردوں پر دلیل ہے اور جس قدر مادہ ہیں عورتوں پر دلیل ہیں۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ جنگلی جانوروں کا شکار کرتا ہے یا کسی نے اس کو وحشی کا شکار دیا ہے تو مال اور نعمت اور غنیمت پر دلیل ہے۔ اور اس کے گوشت اور چمڑے کی بھی یہی تاویل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ وحشی جانور اس کے مطیع اور فرمانبردار ہیں جیسے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کیے تھے تو دلیل ہے کہ ایک گروہ جس کے اسلام میں خلل ہے اس کا تابعدار ہوگا۔ خاص کر اگر صاحب خواب پارسا نیک ہے۔

ورنج:

اس کا بیان حرف سین میں ہو چکا ہے۔ وہاں سے ملاحظہ کریں۔

وردنہ (چھاج، چھابہ):

وردنہ ایک تہوک ناں۔ چھاج۔ دونوں خواب میں شریک اور ایک دوسرے کے متفق ہیں۔ اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو شرج دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو شریک حاصل ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس چھاج ہے تو دلیل ہے کہ کسی سے صحبت کرے گا اور اس کو راہ حق بتائے گا اور باطل سے دور رہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا چھاج ٹوٹ گیا ہے تو دلیل ہے کہ ایسے شخص کی صحبت سے جدا ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چھاج تین وجہ پر ہے۔ اول: کاموں میں اتفاق کرنے والا۔ دوم: معیشت کا شریک۔ سوم: مشکل کام اس پر آسان ہوگا۔ (چھاج یعنی جس سے ہر قسم کا غلہ صاف کیا جاتا ہے)

وردہ (بردہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ دشمن کے قبضے میں غلام بن گیا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن اس پر غالب آئے گا اور وہ مغلوب ہوگا۔

www.waseemziyai.com

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ بردہ فروشی کرتا ہے۔ جیسے غلام اور کنیز کی۔ دلیل ہے کہ اس کو خیر و منفعت پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ کافروں میں سے بردہ لیا ہے یا خریدا ہے تو اس کی تاویل بُری ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر بردہ غلام خریدا ہے تو اس کی تاویل بری ہے۔ اور اگر فروخت کیا ہے تو تاویل نیک ہے۔ اور اگر فروخت کر کے پھر خریدا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا بردہ بھاگ گیا ہے۔ اگر غلام بھاگا ہے تو نیکی پر دلیل ہے۔ اور اگر کنیز بھاگی ہے تو بدی پر دلیل ہے اور اس کے مال کا نقصان ہوگا۔ اور بردہ فروش ایسا مرد ہے جو لوگوں کا اختیار تلاش کرتا ہے۔

ورسان (کبوتر):

ورسان۔ ایک جانور ہے جس کو خراسان میں کبوتر کہتے ہیں۔ اس کو خواب میں دیکھنا عورت اور کنیز کو دیکھنا ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے ورسان کبوتر پکڑا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے ورساں کبوتر خریدا ہے اور اس کے ہاتھ سے اڑا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا یا کنیز کو خریدے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے ورسان کبوتر خریدا ہے اور اس کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر عورت کا مال ظلم سے کھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے ورسان کبوتر ہیں تو دلیل ہے کہ بہت سی کنیزیں خریدے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ ورساں کبوتر کا خواب میں دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ اول: منفعت۔ دوم: معیشت۔ سوم: غم واندوہ۔

وزغ (کچھوا یا گرگٹ):

وزغ۔ کچھوا یا گرگٹ۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں وزغ نیک عابد مرد ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے کچھوا پکڑا ہے تو دلیل ہے کہ نیک پارسا مرد کا مصاحب ہوگا۔ اگر دیکھے کہ اس نے کچھوے سے لڑائی کی ہے تو دلیل ہے کہ ایسے مرد سے جھگڑے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی جگہ بہت سے کچھوے جمع ہوئے ہیں اور شور کرتے ہیں تو دلیل ہے کہ اس جگہ عذاب حق آئے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کچھوے کو مارا ہے۔ اور اس کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ زاہد شخص کو مغلوب کرے گا اور اس کا مال لے گا اور خرچ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو کچھوے نے کاٹا ہے تو دلیل ہے کہ زاہد مرد کو رنج پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کچھوے کو پکڑ کر پانی کے باہر خشکی میں ڈالا ہے تو دلیل ہے کہ زاہد شخص کو کام سے روکے گا اور اس کو نقصان پہنچائے گا۔

www.waseemziyai.com

وزیر:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ بادشاہ کے وزیر کا نیک کام ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس وزیر کا کام نیک ہوگا اور اس کی دولت زیادہ ہوگی اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو اس کی تاویل بری ہے۔ اور اگر کوئی دیکھے کہ وزیر ہوا ہے اور وہ منصف اور دادگر ہے تو دلیل ہے کہ وہ عدل اور کام کے مطابق بزرگی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ وزیر نے دسترخوان بچھایا ہے تو دلیل ہے کہ مرتبہ اور نعمت اور رزق اس پر فراخ ہوگا اور اس کی عمر دراز ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ وزیر نے اس کو خلعت اور کلاہ دی ہے تو دلیل ہے کہ لوگ اس کو اپنا والی بنائیں گے۔ اور اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ وزیر اس کے گھر میں آیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ کے باعث غم واندوہ پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے وزیر کے ساتھ کھانا کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس سے شرف اور بزرگی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ وزیر کا گھر گرا ہے یا وہ بیمار ہے یا بادشاہ نے اس کو معزول کیا ہے۔ یا گھوڑے نے اس کو گرایا ہے یا بیل نے اس کو سینگ مارا ہے تو یہ سب اس کے معزول ہونے پر دلیل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں وزارت کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ ایک یہ کہ اگر دیکھے کہ آفتاب یا مہتاب کی آنکھ ہوا ہے۔ دوسرے یہ کہ اگر دیکھے کہ وہ دجلہ یا فرات ہوا ہے۔ تیسرے یہ کہ اگر دیکھے کہ بادشاہ نے کمر پٹا اس کی کمر پر باندھا ہے۔ چوتھے یہ ہے۔ اگر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چار یاروں میں سے کسی نے اس کے سر پر تاج رکھا ہے۔ یہ سب وزارت پانے کی دلیلیں ہیں۔

وسمہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں وسمہ غم واندوہ ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کی زمین میں بہت سا وسمہ ہے۔ تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر دیکھے کہ وسمے کے پودے زمین سے اکھاڑ ڈالے ہیں تو دلیل ہے کہ غم واندوہ سے خلاصی پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے وسمہ کھایا ہے تو دلیل ہے کہ عیال کی وجہ سے صاحب خواب رنج اٹھائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی نے وسمے کا دستہ اس کو دیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ ان دونوں میں جھگڑا پڑے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے وسمے کا دستہ اپنے عیال کے ہاتھ میں دیا ہے تو دلیل ہے کہ ایک دوسرے سے جدا ہوں گے اور وسمہ دیکھنے میں خیر نہیں ہے۔

وشہ:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں وشہ غم واندوہ ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے ساتھ وشہ برادر ہے تو دلیل ہے کہ اس کا غم واندوہ زیادہ ہوگا۔ اور اگر اس نے کسی کو وشہ دیا ہے تو دلیل ہے کہ غم واندوہ

www.waseemziyai.com

سے خلاصی پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے وشہ سے کوئی چیز دوئی ہے تو دلیل ہے کہ پراگندہ کام جمع ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے وشہ چبایا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کی بہت غیبت کرے گا۔

وضوئے نماز (نماز کا وضو):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے ہاتھ اور منہ صاف پانی سے دھویا ہے تو دلیل ہے کہ کام ڈھونڈے گا اور پورا کام پائے گا اور اس کا مقصود حاصل ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے ناپاک پانی سے منہ دھویا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے اپنا ہاتھ اور منہ دھویا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے دوستوں کے لئے مدد چاہے گا اور اس کی مراد حاصل ہوگی۔

وکیل:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دیکھے کہ بادشاہ کا وکیل بنا ہے اور اپنے کام میں منصف بنا ہے تو دلیل ہے کہ دنیا کی خیر و اصلاح پائے گا۔ اور اگر قاضی کا وکیل بنے گا تو بھی یہی تاویل ہے اور اگر وکالت کے کام میں نہیں ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر وکیل دیکھے کہ اس نے اپنے مؤکل پر مہربانی کی ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی مرد کو پاکیزہ بات کہے گا۔ اور اگر مؤکل نے رد دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو اس سے منفعت حاصل ہوگی۔ اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو اس کی تاویل بد ہے۔

واری (جذام کی بیماری):

واری۔ جذام یا کوڑھ کی بیماری ہے۔ اس کو خواب میں دیکھنا مال ہے جو اس کو پہنچے گا۔ خاص کر اگر جسم پر سفید آبلے دیکھے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کے جسم میں بہت سا جذام ہے تو دلیل ہے کہ اس کو برا کام پیش آئے گا اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کو مشہور کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جذام درویش کے لئے تونگری اور نعمت ہے اور دولت مندوں کے لئے گناہ سے رُکنا ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی تمام انگلیاں گر گئی ہیں تو دلیل ہے کہ نیک کام کرے گا اور ممکن ہے کہ اس کا فرزند یا بھائی دنیا سے جائے گا۔

ویرانی:

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ گھر اور دکان وغیرہ کی ویرانی دین کی گمراہی پر دلیل ہے۔ اور

www.waseemziyai.com

اگر دیکھے کہ اس نے ویرانے کو آباد کیا ہے تو اس کی تاویل بہتر ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ آباد جگہ خراب ہوگئی ہے تو دلیل ہے کہ وہاں کے لوگ بلا اور مصیبت میں گرفتار ہوں گے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے ویرانے کو آباد کیا ہے تو صاحب خواب کے کام کی درستی پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر ویرانی خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کو نفع ہوگا۔ اور اگر ویرانی مخلوق کے فعل سے ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مسجد یا مدرسہ ویران کیا ہے تو اس کے کام کے نقصان پر دلیل ہے۔



www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حرف الہاء

ہاون دستہ (اُکھلی):

ہاون۔ دستہ۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ہاون دستہ دو شریک ہیں۔ ایک کو دوسرے کی ضرورت ہے۔ اور اگر دونوں متفق ہوں۔ تو کام نیک اور فائدہ پہنچائیں گے۔ اگر ان میں سے ایک نہ ہو۔ تو فائدہ مند ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ ہاون میں کوئی کھانے کی چیز کوٹی ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کو اس کی قدر و قیمت کے مطابق رنج اور مشقت کے ساتھ فائدہ ہوگا۔ اور اگر وہ چیز دوا ہے اور امساک کی ہے تو زیادتی مال پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر ہاون میں کوئی چیز شیریں کوٹے تو دلیل ہے کہ رنج اور سختی سے فائدہ اٹھائے گا۔ اور اگر تلخ ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔ اور اگر جواہرات کو ہاون میں پیسے اور کوٹے تو دلیل ہے کہ اسی قدر منفعت دیکھے گا اور آخر کار اس کا مال ضائع ہوگا۔

ہباء (ہوائی ذرات):

ہباء۔ گرد کے ذرات دھوپ میں ہوتے ہیں۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ذرات بے ہودہ بات اور پریشان کام ہے کہ جس میں خیر اور منفعت نہیں ہے۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے: وجعلناہ ھبآء منشورا۔ (اور ہم نے ان کو پراگندہ ذرات کر دیا)۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر ہوا کے سرخ ذرات دیکھے تو دلیل ہے کہ اس ملک میں بیماری ہوگی۔ اور اگر سیاہ ہیں تو مصیبت پر دلیل ہے۔ اور سفید ہے تو دلیل بے غمی پر ہے۔

ہُدہُد (مشہور تاج والا پرندہ):

ہدہد ایک مشہور پرندہ ہے جس کے سر پر تاج ہوتا ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ہدہد عقلمند اور دانا مرد ہے کہ لوگوں کو پوشیدہ باتوں کی خبر دیتا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے ہدہد کو پکڑا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے تو دلیل ہے کہ مذکورہ صفت کے آدمی سے اس کو صحبت ہوگی اور اس سے دانائی حاصل کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے ہدہد کو مارا ہے تو دلیل ہے کہ دانا اور بزرگ آدمی پر فتح پائے گا اور اس کو مغلوب کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر لوگوں سے مال اپنے عمل کے ساتھ

www.waseemziyai.com

حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ہدہد کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔اول: اچھی خبر سنے گا۔دوم: دشمن پر فتح پانا۔سوم: بزرگی۔چہارم: حسب فرمان حق ہر ایک کام کو دانائی سے کرے گا،

ہدیہ (تحفہ):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو ہدیہ دیا ہے۔اگر وہ چیز عمدہ اور نیک اور لائق فریقین کے ہے تو دونوں کو نفع ہوگا۔اور اگر بری چیز ہے تو دونوں کو ایک دوسرے سے نفع نہ ہوگا بلکہ شر اور فساد پر دلیل ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ کسی نے اس کو کوئی چیز ہدیہ کے طور پر دی ہے اور وہ چیز اس کو مرغوب ہے۔تو خیر و اصلاح پر دلیل ہے۔اور اگر وہ پسندیدہ چیز نہیں ہے تو شر اور فساد پر دلیل ہے۔اگر دیکھے کہ اس کو کسی بوڑھے آدمی یا بوڑھی عورت نے ہدیہ دیا ہے تو خیر و منفعت پائے گا۔اور اگر جوان مرد یا جوان عورت دے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

ہریسہ:

ہریسہ۔عرب کا مشہور مرغن کھانا ہے۔حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے ہریسہ کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اسی قدر خیر و منفعت پائے گا اور اس کی مراد پوری ہوگی۔اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا۔جس کے باعث اس کی چشم روشن ہوگی۔حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: الهريسة اطمعة الجنة۔(ہریسہ جنت کے کھانوں میں سے ہے)۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔اگر ہریسہ فربہ بکری کے گوشت کا ہے تو خیر و منفعت پر دلیل ہے۔اور اگر غلیظ گوشت کا ہے اور کھانے میں بے مزہ ہے۔تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کو اسی قدر نقصان ہوگا۔

ہزار داستان (بلبل و مینا کی قسم ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ہزار داستان خواب میں کوئی فرزند خوش آواز اور خوش سخن ہوتا ہے لیکن وہ کچھ ضعیف الاحوال سا ہو اور صاحب علم اور اہل ادب و دانش ہو اور لوگوں کے نزدیک محبوب بھی ہو۔اور اگر کوئی دیکھے کہ اس کو کوئی ہزار داستان جانور بطور عطیہ کے دیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں کوئی فرزند اس صفت کا پیدا ہوگا۔اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی ہزار داستان جانور کو باغ میں سے پکڑا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی صحبت ایسے شخصوں کے ساتھ ہو جائے جو نیک خلق اور عمدہ سخن والے ہوں۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ ہزار داستان بلبل یا مینا خواب میں کوئی عورت خوش آواز ہوا کرتی ہے۔اور اگر کوئی دیکھے کہ اس نے ہزار داستان (بلبل) کو خریدا تو دلیل ہے کہ وہ کوئی کنیز خوش آواز خوب گانے والی

www.waseemziyai.com

خریدے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ہزار داستان اس کے ہاتھ سے اُڑ گئی تو دلیل یہ ہے کہ وہ عورت کو طلاق دے گا یا اس کی کنیز مر جائے گی یا بھاگ جائے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ ہزار داستان جانور خواب میں کوئی فرزند اور غلام ہوتا ہے اور کوئی سخن شیریں اور سننا کوئی آواز خوش وعمدہ کا یہی ہوا کرتا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہزار داستان جانور کو خواب میں دیکھنا پانچ وجہوں پر ہوتا ہے۔ اول: عورت۔ دوم: فرزند۔ سوم: قاضی۔ چہارم: حکیم۔ پنجم: غلام۔

ہلیلہ (ہرڑ، مشہور چیز ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ہلیلہ کابلی خواب میں دیکھنا دلیل غم واندوہ پر ہوتا ہے۔ اور ہلیلہ زرد دلیل بیماری پر ہوتا ہے۔ اور ہلیلہ سیاہ کی دلیل مصیبت پر ہوتی ہے۔ اور اگر کوئی دیکھے کہ وہ ان میں سے ایک قسم کا ہلیلہ کھا رہا تھا تو دلیل ہے کہ غم واندوہ اس کا سخت تر ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ وہ ان ہلیلوں میں سے کوئی ہلیلہ شکر یا قند یا شہد کے ساتھ ملا کر کھا رہا تھا تو دلیل ہے کہ غم واندوہ کم تر ہوگا۔ اور ہلیلہ کے دیکھنے میں کوئی منفعت نہیں ہے۔

ہمائے (ہما، ایک جانور کا نام مشہور ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہما خواب میں کوئی دولت اور عزت اور بزرگی اور کامیاب ہوتا ہے۔ اور اگر کوئی دیکھے کہ اس کے پاس کوئی ہما جانور تھا تو دلیل یہ ہے کہ وہ بموجب قدر اس جانور کے کوئی عزت اور دولت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ ہما جانور اس کے ہاتھ سے اُڑ گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی جاہ و منزلت اور عزت وحرمت میں نقصان آئے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہما جانور خواب میں کوئی بدشاہ ہوتا ہے یا کوئی رئیس یا کوئی مرد بزرگوار۔ اور اگر کوئی دیکھے کہ اس نے کسی ہما جانور کو مار ڈالا اور اس کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی مرد بزرگوار و رئیس پر قہر وغلبہ حاصل کرے گا اور اس کا مال لے گا اور اس کو کھائے گا۔ اور اگر کوئی دیکھے کہ اس کے پاس کوئی ہما جانور تھا تو دلیل ہے کہ وہ ان لوگوں میں سے جو بیان کئے گئے ہیں کوئی خیر ومنفعت پائے گا۔ اور اگر کوئی دیکھے کہ اس نے کسی ہما جانور کو تیر سے یا کسی پتھر سے مارا ہے تو دلیل ہے کہ وہ ایسے لوگوں کی پس پشت کوئی بُری بات کہے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی ہما جانور نے اس کو کوئی خراش یا زخم پہنچایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو ان لوگوں کی طرف سے کوئی مضرت پہنچے گی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہما جانور کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ اول: بادشاہ۔ دوم: رئیس۔ سوم: کوئی مرد بزرگوار۔ چہارم: دولت۔ پنجم: بزرگی۔ ششم: فرماں روائی۔ ہفتم: عزت واقبال۔

www.waseemziyai.com

ہوا (ہوا مشہور ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ ہوا روشن اور صاف تھی تو دلیل ہے کہ اس ملک کے لوگوں کی تندرستی اور معیشت خوب اور بہتر ہووے اور ان کو راحت ملے اور وہاں کے علماء اور اہل حکمت لوگوں کو دولت اور اقبال کی زیادتی و ترقی حاصل ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ ہوا تاریک و تیرہ اور گرد و غبار والی تھی تو دلیل ہے کہ اس ملک کے لوگوں کو کوئی غم واندوہ لاحق ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ ہوا سرخ رنگ کی تھی تو دلیل ہے کہ اس ملک میں کوئی جنگ اور فتنہ برپا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ ہوا سبز تھی تو دلیل ہے کہ اس ملک میں کھیتیاں اور غلے اور نباتات و سبزیاں زمین کی بہت پیدا ہوں گی۔ اور اگر دیکھے کہ ہوا سفید اور پاکیزہ ہوگئی تو دلیل ہے کہ نقدر اس کے اس ملک کے لوگوں کو نعمت اور فراخی اور کسب اور معیشت بہت سی حاصل ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ ہوا گرد و غبار سے پاک وصاف تھی اور سخت چل رہی تھی تو دلیل ہے کہ کوئی بیگانہ بادشاہ اس ملک میں آئے گا اور ان لوگوں کو رنج اور زحمت پہنچائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کچھ تھوڑا سا حصہ ہوا کا کسی شہر یا کسی محل و مقام کے اوپر روشن اور صاف ہوگیا ہے تو دلیل ہے کہ اس سال میں اس موضع و مقام کے لوگوں کو نعمت اور فراخی اور خیر و منفعت پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ ہوا مختلف طور سے تھی تو دلیل ہے کہ اس ملک کے لوگوں کا حال پراگندہ اور پریشان ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ہوا کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ اول: بزرگی۔ دوم: منفعت۔ سوم: تندرستی۔ چہارم: ایمنی۔ پنجم: معیشت۔

ہوام (کیڑے مکوڑے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کیڑے مکوڑے جو کہ زمین پر رینگنے والے ہوں تاویل ان کی بموجب ان کی قدر و قیمت اور اصلاحیت کے ہوتی ہے۔ کیونکہ جو کوئی ان میں سے جس قدر ادنیٰ درجہ کا ہو دلیل اس کے علم تعبیر کی رو سے کسی قوی تر دشمن پر ہوتی ہے بہ نسبت ان رینگنے والے کیڑے مکوڑوں کے جو کہ زہردار ہوں۔

حضرت امام ابو جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ ہوام کہ دیکھنا یعنی حشرات الارض یا کیڑے مکوڑوں کا خواب میں کوئی تہدید ہوئی ہے کہ جس کی بازگشت کسی دشنام دہندہ اور حاسد کی طرف ہوا کرتی ہے۔

ہیزم (جلانے کی لکڑی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہیزم تر اور خشک خواب میں کوئی جنگ اور لڑائی اور خصومت اور جھگڑا اور سخن چینی ہوتا ہے۔ اور اگر کوئی دیکھے کہ وہ کوئی ہیزم یعنی جلانے کی لکڑی اپنے گھر میں لایا ہے تو دلیل ہے کہ بقدر اس ہیزم سوختی کے اس کو اس شہر اور گھر میں کوئی لڑائی اور جھگڑا پیش آئے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کسی بیگانہ شخص نے اس کو کوئی ہیزم سوختنی بخشیں تو دلیل ہے کہ اس کو کسی بیگانہ آدمی کے ساتھ کوئی لڑائی اور خصومت

www.waseemziyai.com

اور جھگڑا پڑے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی دیکھے کہ وہ کسی جنگل سے یا کسی صحرا سے ہر قسم کی لکڑیاں ہیزم سوختنی کی جمع کر رہا تھا تو دلیل ہے کہ یہ شخص بد کردار اور حاسد اور سخن چین ہوگا۔ اور جلد گرفتار ہو جائے گا۔ قول اللہ تعالیٰ ہے: **حمالة الخطب۔ فی جید ها حبل من مسده۔** (پ30) (سر پہ لیے پھرتی ایندھن کی لکڑیاں، اس کی گردن میں ہو رسی مونج کی)۔ اور اگر دیکھے کہ وہ درختوں سے لکڑیاں ہیزم سوختنی کی جمع کر رہا تھا تو دلیل ہے کہ درمیان صاحب حشمت لوگوں اور بزرگ آدمیوں کے اس کی کوئی آزمائش کریں اور باتیں بے اصل اس کو کہیں۔ اور اگر کوئی دیکھے کہ وہ درخت کہ جن سے وہ ہیزم سوختنی جمع کر رہا تھا میوہ دار تھے تو دلیل ہے کہ وہ درمیان بڑی ہمت والے بزرگ لوگوں کے ہووے اور صاحب حشم ہوگا۔ فی الجملہ دیکھنا ہیزم تر اور خشک اور اچھا نہیں ہوتا۔



www.waseemziyai.com

کتاب کامل التعبیر سے حرف ی

یارہ (کنگن):

یارہ یعنی کنگن۔ خواب میں ایک جنس اور قسم ہاتھ کے کنگن یا کڑے کی ہوتی ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی مرد دیکھے کہ اس نے کوئی کنگن ہاتھ میں پہنا ہوا تھا تو دلیل ہے کہ کوئی تکلیف و زحمت اس کو پہنچے گی۔ اور اگر وہ کنگن چاندی کا پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ غم واندوہ کم تر ہوگا۔ اور تمام پہناوے عورتوں کے مردوں کے لئے نیک اور بہتر نہیں ہوتے۔ اور اسی طرح مردوں کو پہناوے عورتوں کے لیے اچھے نہیں ہیں۔ اور طوق اور گوشوارے وغیرہ جو کہ زینت و آرائش بادشاہوں کی ہوں وہ مردوں کے لئے عورتیں ہوتی ہیں اور عورتوں کے لیے شوہر ہوتے ہیں جو کہ بموجب ان کی قدر و قیمت کے ہوں کہ جو کچھ انہوں نے دیکھا ہو۔ اور شرح و تفصیل ہر ایک پہناوے کی بذیل پیرایہ کتاب ہذا کے حصہ اول میں ہم بیان کر چکے ہیں۔

یاسمین (چنبیلی):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ کسی دوست نے اس کو چنبیلی کا کوئی گلدستہ دیا ہے تو دلیل ہے کہ ان کے درمیان کوئی گفتگو پیش آجائے اور وہ ایک دوسرے سے جدا ہوں جائیں گے۔ اور اگر کوئی عورت یہ دیکھے کہ اس نے چنبیلی کے پھول کسی درخت پر سے چنے اور وہ اپنے شوہر کو دیئے تو دلیل ہے کہ شوہر اس کو طلاق دے گا۔ اور اگر کوئی دیکھے کہ چنبیلی کے پھول اس نے اپنے غلام کو دیئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا غلام بھاگ جائے گا۔ اور چنبیلی کا درخت خواب میں کوئی عورت تو انگر و مالدار اور بدخو ہوا کرتی ہے اور وہ سفلہ اور حاسد ہوتی ہے اور اگر چنبیلی خواب میں خوشبودار ہو تو دلیل ہے کہ عورت اہل جود و احسان ہوگی۔

یافتن (پانا کسی چیز کا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس نے کوئی چیز پائی ہے تو اگر وہ صاحب خواب پارسا اور صالح آدمی ہو تو دلیل ہے کہ وہ بیداری میں کوئی چیز پائے گا۔ اور اگر وہ شخص صالح اور صاحب ستر و حیا نہ ہو تو دلیل ہے کہ اس کو کوئی غم واندوہ پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے کوئی دو چیزیں پائیں اور

www.waseemziyai.com

وہ دونوں ایک ہی جنس وقسم کی ہیں تو دلیل ہے کہ اس کی خیر ومنفعت ہوگی۔ اور وہ شخص حج وعمرہ ادا کرے گا۔ اور اگر کوئی دیکھے کہ اس نے کوئی دس چیزیں پائیں اور وہ دسوں چیزیں ایک ہی جنس وقسم کی تھیں تو دلیل ہے کہ اس کی کسی خیر ومنفعت اور روزی حلال پانے پر ہوگی۔ اور دوسری تعداد وشمار کی دلیل بھی اسی قیاس پر ہے اور اگر جو کچھ چیزیں اس نے پائی ہوں وہ ایک ہی جنس وقسم کی نہ ہوں تو اس کی تاویل بد ہوگی۔

یافتن کان ہا (پانا مختلف چیزوں کی کانوں کا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی پہاڑ کو کھودا اور اور وہاں سے ایک سونے کی کان پائی ہے تو دلیل ہے کہ وہ بموجب اپنی قدر کے کوئی ولایت وحکومت پائے گا اور اگر خواب دیکھنے والا مصلح ونیکوکار اور پارسا اور اہل دین ہو تو دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو علم اور حکمت نصیب کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی چاندی کی کان پائی ہے تو دلیل ہے کہ وہ کوئی عورت جو بزرگ ورئیس لوگوں میں سے ہو زوجیت میں لائے گا جو کہ باجمال اور مالدار بھی ہوگی۔ اور بعض معبر کہتے ہیں کہ اس کے ہاں کوئی فرزند مبارک پیدا ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی کان تانبے کی یا پیتل کی پائی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی کسی سردار ورئیس بد کردار وبے رحم کے ساتھ صحبت وملاقات ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی کان قلعی یا رانگ یا ٹین کی پائی ہے تو دلیل ہے کہ وہ کوئی عورت خوبصورت اپنی زوجیت میں لائے گا۔ اور اگر دیکھے کی اس نے کوئی لوہے کی کان پائی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی سردار ورئیس قوی کے ساتھ ملاقات وصحبت ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی بلور کی کان پائی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ کی طرف سے یا عورت کی طرف سے کوئی منفعت پہنچے گی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی کان زبرجد اور زمرد کی ے جوہرات کی پائی ہے تو دلیل ہے کہ وہ شخص صاحب مال اور صاحب جاہ ہوگا۔ اور اگر کوئی دیکھے کہ اس نے کوئی کان یاقوت کی پائی ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عزت اور مال ودولت زیادہ ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی فیروزہ کی کان پائی ہے تو دلیل ہے کہ وہ دشمن پر کامیابی پائے گا۔ اور اس کو مغلوب کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے عقیق کی کوئی کان پائی ہے تو دلیل ہے کہ وہ بادشاہ سے نفع پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی کان شبہ کی پائی (جو کہ قیمتی اور نہایت مفید پتھر ہے) تو دلیل ہے کہ وہ کسی سردار رئیس کے ساتھ کوئی گفتگو کرے گا۔ اور اگر کوئی دیکھے کہ اس نے کوئی کان لعل کی پائی ہے تو دلیل ہے کہ وہ کوئی جاہ وحشمت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی کان نوشادر کی پائی ہے تو دلیل ہے کہ وہ اندوہ وغمناک ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی نمک کی کان پائی ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی بزرگ یا رئیس سے منفعت پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے سرمہ کی کان یا زاک یعنی پھٹکڑی کی پائی ہے تو

www.waseemziyai.com

دلیل ہے کہ اس کو غم واندوہ ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی کان گل زرد یعنی زرد مٹی کی پائی تو دلیل ہے کہ وہ بیمار ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کان گل سفید یا سفید مٹی یا کھڑیا مٹی کی پائی تو دلیل ہے کہ کسی سردار رئیس کے ساتھ اس کی صحبت وملاقات ہوگی۔

یاقوت (ایک جوہر جو مشہور ہے):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس کوئی یاقوت سرخ یا سبز تھا تو دلیل ہے کہ کوئی عورت یا کنیز نیک وخوب اس کو حاصل ہوگی یا اس کے ہاں کوئی لڑکی خوبصورت پیدا ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس کوئی یاقوت عیب دار تھا تو دلیل ہے کہ وہ کنیز یا وہ عورت جو کہ وہ رکھتا ہو اس پر حرام ہو جائے گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس کے پاس کوئی یاقوت سبز تھا تو دلیل ہے کہ وہ کوئی عورت خوب اور اچھی با اصل وبا نسب زوجیت میں لائے گا۔ اور اگر وہ کوئی عورت رکھتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس کوئی یاقوت مغوش یعنی غیر خالص تھا تو دلیل ہے کہ اس کا فرزند مفسد (فساد کرنے والا) ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس کوئی یاقوت سرخ تھا تو دلیل ہے کہ وہ کوئی عورت تونگر و مالدار اور باجمال زوجیت میں لائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس کوئی یاقوت زرد تھا تو دلیل ہے کہ وہ عورت بیمار ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ یاقوت سفید تھا تو دلیل ہے کہ کوئی عورت کنواری اور زاہدہ اور صالح اور مصلح ونیکوکار ہوگی۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں یاقوت کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: مال۔ دوم: کنیزک۔ سوم: علم۔ چہارم: بیٹا۔ پنجم: مرد نیک۔ ششم: لڑکی کنواری۔

یبروج (مردم گیاہ، لکھنی بوٹی):

لکھنی بوٹی۔ ایک گھاس کی جڑیں ہیں جو کہ آپس میں گلے ملے ہوئے مرد اور عورت کی شکل میں ہوتی ہیں۔ واضح رہے کہ یبروج بوٹی کو ابروصنم بھی کہتے ہیں اور یہ آدمی کی صورت میں ہوتی ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس کے پاس یہ ابروصنم بوٹی تھی یا کسی نے اس کو دی تو دلیل یہ ہے کہ وہ کسی مرد کمینہ اور پست قد کی خدمت میں مشغول ہوگا اور اس سے زحمت وتکلیف پائے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے یبروج بوٹی کھائی تو دلیل ہے کہ وہ کسی اس صفت کے مرد کے مال میں سے کچھ کھائے گا۔ اور دیکھنا یبروج بوٹی کا خواب میں کسی منفعت کا باعث نہیں ہے۔

www.waseemziyai.com

یخ (برف جمی ہوئی):

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ یخ یعنی برف جمی ہوئی کا دیکھنا خواب میں کوئی غم واندوہ ہوا کرتا ہے۔ خاص کر جبکہ اس کو اپنے وقت پر دیکھے۔

اور اگر کوئی دیکھے کہ وہ جمی ہوئی برف کھا رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ بہت روزی پائے گا۔ مگر یہ کہ جب وہ برف بہت سی اور بے مزہ انداز دیکھے جو جبہ اپنے وقت یعنی سردیوں کے موسم میں ہو۔ اور اگر دیکھے کہ وہ کچھ برف صاف ستھری اپنے گھر کو لے جا رہا تھا تو دلیل ہے کہ بقدر اس برف کے وہ وہ کوئی مال جمع کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ گرمیوں کے موسم میں کوئی برف پاکیزہ اور صاف تھی تو دلیل ہے کہ وہ کوئی مال حلال جمع کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ برف میلی کچیلہ اور تلخ سی تھی تو دلیل ہے کہ وہ کوئی مال جمع کرے گا جو کہ حرام سے ہوگا۔ اور اگر دیکھے کہ سردیوں کے موسم میں برف پاکیزہ وصاف خواب میں دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ اپنے عیش کو خوب اچھی طرح گزارے گا اور اپنے روزگار سے منفعت دیکھے گا اور اس کے دوستوں کے دل اس سے شاد (خوش) ہوں گے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ درمیان سرد ملکوں کے موسم میں برف کو خواب میں دیکھنا دلیل خیر و منفعت اور تندرستی پر ہے۔ اور اگر گرم ملکوں میں دلیل قحط اور تنگی اور اندوہ ہے۔ اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ یخ یعنی جمی ہوئی برف اور برق یا بجلی کا خواب میں دیکھنا جو درمیان سرد ملکوں کے ہو دلیل فراخی نعمت پر ہوتا ہے اور گرم ملکوں میں دلیل قحط اور غم ہوا کرتا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ یخ یعنی برف جمی ہوئی خواب میں دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ اول: روزی فراخ۔ دوم: زندگانی۔ سوم: مال۔ چہارم: نرخ ارزاں۔ پنجم: غم واندوہ۔ ششم: قحط وتنگی۔

یشم یا یشب (سنگ یشم):

ایک قیمتی پتھر کا نام ہے جو کہ سبزی مائل ہوتا ہے۔ اس کو سنگ یشم کہتے ہیں۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ خواب میں سنگ یشب کا دیکھنا کسی عورت بے اصل پر دلیل ہے۔ اور اگر کوئی دیکھے کہ اس کے پاس کوئی انگشتری یا انگوٹھی سنگ یشب کی تھی یا کسی نے اس کو دی یا اس نے کہیں سے خریدی تھی تو دلیل ہے کہ وہ کوئی عورت بے اصل زوجیت میں لائے گا۔ اور اگر وہ عورت رکھتا ہے تو اس کے ہاں کوئی لڑکی پیدا ہوگی۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس کچھ سنگ یشب تھا تو دلیل ہے کہ وہ عورتوں کی طرف سے کچھ خیر اور منفعت پائے گا۔

www.waseemziyai.com

ـیل (پہلوان):

واضح رہے کہ یل کوئی مبارک اور مبارز یعنی کسی سے مقابلہ اور جنگ کرنے والا آدمی ہوتا ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی بادشاہ یہ دیکھے کہ وہ مبارز یعنی کسی کے مقابلے میں جنگ کرنے والا افسر یا پہلوان بنا ہوا تھا تو دلیل ہے کہ وہ اپنی بادشاہی میں قوت اور شوکت پائے گا۔ اور اگر کوئی عالم شخص یہ دیکھے کہ کوئی فاضل یگانہ بحث میں تھا تو دلیل ہے کہ وہ اپنے خصم ومخالف پر غالب آئے گا۔ اور اگر کوئی تاجر وسوداگر آدمی یہ دیکھے کہ وہ مبارز یعنی جنگ اور لڑائی کرنے والا پہلوان ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ تجارت میں بہت سا مال حاصل کرے گا۔ اور اگر کوئی سپاہی آدمی یہ دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ تونگر و مال دار ہوگا اور مال پائے گا۔

فرمان اللہ تعالیٰ ہے: **یآایھا الذین امنوا ارکعوا واسعدو اواعبدواربکم وافعلوا الخیر لعلکم تفلحون۔** (پ17) (اے ایمان والے لوگو! رکوع اور سجدے بجالاؤ اور بندگی کرتے رہو اپنے رب کی اور نیکی اور بھلائی کیا کرو تا کہ تم فلاح اور بہبودی اور کامیابی حاصل کر سکو)۔

اگر دیکھے کہ اس نے کسی کے ساتھ کوئی مبارزت یعنی جنگ کی اور اس پر غالب آیا تو دلیل ہے کہ وہ دشمن پر غالب آئے گا۔ اور اگر دیکھے کہ خصم ومخالف اس پر غالب آیا تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی عورت کے ساتھ کوئی جنگ کی اور اس پر غالب آیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا حال برا ہوگا اور خوار اور لاچار ہوگا۔

یوز (چیتا):

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ یوز یعنی چیتا خواب میں کوئی دشمن ہوتا ہے اور دشمنی اس کی اس پر ظاہر ہو جاتی ہے۔ سو اگر کوئی دیکھے کہ وہ کسی چیتے سے جنگ اور لڑائی کر رہا تھا، اگر وہ اس چیتے پر غالب ہو گیا تو دلیل ہے کہ وہ دشمن پر غلبہ پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ اس نے چیتے کو پکڑا ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی دشمن کے ساتھ صحبت و ملاقات کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چیتا اس سے بھاگ گیا ہے تو دلیل ہے کہ دشمن اس سے بھاگ جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ چیتے بہت سے اس کے مطیع تھے تو دلیل ہے کہ اس کے دشمن خراب اور ذلیل ہوں گے۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ وہ چیتے کا گوشت کھا رہا تھا تو دلیل ہے کہ بقدر اس کے وہ دشمن کا مال لے گا۔ اور بعض معبروں نے بیان کیا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس نے چیتے کو مار ڈالا ہے تو

www.waseemziyai.com

دلیل ہے کہ اس میں کوئی خیر و منفعت نہیں ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس نے چیتے کو اپنی گردن پر اٹھا کر رکھ لیا اور وہ اس کو لے جا رہا تھا تو دلیل ہے کہ وہ کوئی بار اور دشمن کا بوجھ کھینچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ کئی چیتے اس کے گھر میں یا کسی موضع (علاقہ) و مقام میں آ کر بلند آوازیں نکال رہے تھے تو دلیل ہے کہ وہ شخص اپنے دشمنوں کے سبب سے کوئی رنج و تکلیف اور مضرت پائے جو کہ بقدر ان چیتوں اور ان کی ان آوازوں کے ہو جو کہ وہ دیکھ چکا ہو۔

واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع و المآب۔

والحمد اللہ اولا واخرا والصلوۃ والسلام علی نبیہ محمدٍ وعلی الہ واصحابہ اجمعین


دعا کا طالب


محمد عبدالاحد قادری


گوگڑاں، تحصیل و ضلع لودھراں


0300-4288176


www.waseemziyai.com






















www.waseemziyai.com

کتب خانہ امام احمد رضا دربار مارکیٹ لاہور
0313-8222336
0313-6888354